منتخب اللغات

سید عبدالرشید بن عبدالغفور الحسینی المدنی التتوی

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

EDITH NESBIT THE ENCHANTED CASTLE

منتخب اللغات

مولفہ

سید عبدالرشید بن عبدالغفور الحسینی المدنی التتوی

مترجم

محمد عاصم اعظمی

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند

فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی-110025

© قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

پہلی اشاعت : 2011
تعداد : 1100
قیمت : -/280 روپے
سلسلۂ مطبوعات : 1358

Muntakhabul Lughat

Compiled by

Syed Abdur Rasheed Bin Abdul Ghafur

ISBN :978-81-7587-554-8

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی 110025
فون نمبر: 49539000، فیکس 49539099
شعبۂ فروخت: ویسٹ بلاک-8، آر. کے. پورم، نئی دہلی-110066 فون نمبر 26109746، فیکس 26108159
ای میل urducouncil@gmail.com، ویب سائٹ www.urducouncil.nic.in
طابع: سلاسار امیجنگ سسٹمس آفسیٹ پرنٹرز، C-7/5، لارنس روڈ انڈسٹریل ایریا، نئی دہلی-110035
اس کتاب کی چھپائی میں 70GSM, TNPL Maplitho کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔

پیش لفظ

مختلف علوم وفنون کی طرح ہندستانی علما نے فن لغت میں بھی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ مثلاً علامہ صغانی لاہوری کی تصنیف ''العباب الزاخر'' اور ''المحکم''، علامہ طاہر پٹنی کی ''مجمع بحارالأنوار'' اور علامہ مرتضیٰ زبیدی بلگرامی کی ''تاج العروس'' عربی کے مشہور لغات ہیں۔ اسی طرح فرہنگِ قواس، فرہنگ جہانگیری، بہارِ عجم اور فرہنگِ آنند راج فارسی کے اہم لغات ہیں۔ ان سب لغات کے مصنفین اہل ہند ہیں۔ منتخب اللغات بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

یہ فارسی میں متداول عربی الفاظ کی ایک مشہور لغت ہے جس کی تشریحی زبان فارسی ہے۔ اس کے مصنف کا نام سید عبدالرشید مدنی ٹھٹھوی ہے۔ ان کے آباواجداد کسی نامعلوم زمانے میں مدینے سے نکل کر سندھ کے شہر ٹھٹھہ میں مقیم ہو گئے۔ سید عبدالرشید کی پیدائش اور نشوونما یہیں ہوئی۔ پھر وہ آگرہ منتقل ہو گئے اور اپنی زندگی کا بہترین دور یہیں گزارا۔ یہیں انھوں نے منتخب اللغات تصنیف کی اور اسے شاہجہاں کے نام معنون کیا۔ منتخب اللغات کے دیباچے میں شاہجہاں اور اس کے چاروں بیٹوں کی نثر ونظم میں تعریف کی گئی ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انھیں شاہی سرپرستی حاصل تھی۔ سید عبدالرشید کا انتقال 1077 مطابق 67-1666 میں ہوا۔ سید عبدالرشید نے فن لغت میں تین کتابیں اور بھی لکھی ہیں: (1) رسالہ مغیرات (2) معربات رشیدی (3) فرہنگِ رشیدی (فارسی) یہ سبھی کتابیں فن لغت نگاری میں ان کی اعلیٰ دست گاہ کا ثبوت پیش کرتی ہیں۔

عربی لغات عام طور پر صَرفی ترتیب سے مرتب کیے جاتے ہیں۔ مثلاً القاموس، الصحاح اور الصُراح وغیرہ۔ لیکن ایسے لغات سے وہی لوگ مستفید ہو سکتے ہیں جو عربی علمِ صرف سے واقف ہوں۔ سید عبدالرشید نے منتخب اللغات کو صَرفی ترتیب کے بجائے الف بائی لحاظ سے مرتب کیا، تاکہ عربی صرف سے ناواقف بھی اس سے مستفید ہو سکیں۔ اس لغت کا بنیادی ماخذ القاموس ہے۔ اس کے علاوہ کسی قدر صحاح اور صُراح سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

منتخب اللغات کو بہت مقبولیت حاصل ہوئی، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نے فیصلہ کیا کہ اس معیاری لغت کا اردو میں ترجمہ کیا جائے۔ کونسل کی درخواست پر ڈاکٹر محمد عاصم اعظمی نے اس اہم کام کا بیڑا اٹھایا اور تین سال کی مسلسل محنت کے بعد اسے پایۂ تکمیل کو پہنچایا۔ اب اس عربی لغت کی تشریحی وتعبیری زبان اردو ہے۔

قومی اردو کونسل کی یہ کوشش رہی ہے کہ عوام وخواص میں یکساں طور پر مقبول اردو میں اچھی کتابیں لغت تیار کرا کر انھیں بہتر سے بہتر طریقہ پر شائع کیا جائے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے کونسل مختلف موضوعات پر طبع زاد کتابوں کے ساتھ ساتھ دوسری زبانوں کی معیاری کتابوں کے تراجم کی اشاعت پر بھی توجہ صرف کررہی ہے۔ کونسل نے اس مقصد کے تحت جو کتابیں اور اردو تراجم شائع کیے ان کی خاصی پذیرائی کی گئی ہے۔ کونسل نے ایک مرتب پروگرام کے تحت بنیادی اہمیت کی کتابیں چھاپنے کا پروگرام شروع کیا ہے۔ یہ لغت بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے جن سے ایک اہم علمی ضرورت پوری ہوگی۔

قارئین حضرات سے گزارش ہے کہ اگر لغت میں انھیں کوئی بات غلط یا نامناسب معلوم ہو تو وہ اس سے مطلع کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں اس غلطی کی اصلاح کرلی جائے۔

ڈاکٹر محمد حمیداللہ بھٹ
ڈائرکٹر

فہرست ابواب وفصول منتخب اللغات

عنوان	صفحہ
مقدمہ	10
دیباچہ	24
باب الالف	
فصل الالف مع الالف	31
فصل الالف مع الباء	39
فصل الالف مع التاء	43
فصل الالف مع الثاء	50
فصل الالف مع الجیم	51
فصل الالف مع الحاء	53
فصل الالف مع الخاء	55
فصل الالف مع الدال	55
فصل الالف مع الذال	59
فصل الالف مع الراء	60
فصل الالف مع الزاء	70
فصل الالف مع السین	73
فصل الالف مع الشین	77
فصل الالف مع الصاد	79
فصل الالف مع الضاد	81
فصل الالف مع الطاء	83
فصل الالف مع الظاء	85
فصل الالف مع العین	86
فصل الالف مع الغین	92
فصل الالف مع الفاء	92
فصل الالف مع القاف	99
فصل الالف مع الکاف	103
فصل الالف مع اللام	105
فصل الالف مع المیم	114
فصل الالف مع النون	123
فصل الالف مع الواو	129
فصل الالف مع الہاء	129
فصل الالف مع الیاء	130
باب الباء	
فصل الباء مع الالف	131
فصل الباء مع الباء	132
فصل الباء مع التاء	132
فصل الباء مع الثاء	136
فصل الباء مع الجیم	136
فصل الباء مع الحاء	137
فصل الباء مع الخاء	138
فصل الباء مع الدال	138
فصل الباء مع الذال	139
فصل الباء مع الراء	139
فصل الباء مع الزاء	143
فصل الباء مع السین	143
فصل الباء مع الشین	144
فصل الباء مع الصاد	145
فصل الباء مع الضاد	145
فصل الباء مع الطاء	145
فصل الباء مع الظاء	146
فصل الباء مع العین	146
فصل الباء مع الغین	147
فصل الباء مع القاف	147
فصل الباء مع الکاف	148
فصل الباء مع اللام	149
فصل الباء مع المیم	151
فصل الباء مع النون	152
فصل الباء مع الواو	154
فصل الباء مع الہاء	154
فصل الباء مع الیاء	154
باب التاء	
فصل التاء مع الالف	156
فصل التاء مع الباء	156
فصل التاء مع التاء	159
فصل التاء مع الثاء	162
فصل التاء مع الجیم	163
فصل التاء مع الحاء	163
فصل التاء مع الخاء	165
فصل التاء مع الدال	165
فصل التاء مع الذال	168
فصل التاء مع الراء	169
فصل التاء مع الزاء	175
فصل التاء مع السین	175

عنوان	صفحہ
فصل التاء مع الشین	177
فصل التاء مع الصاد	177
فصل التاء مع الضاد	178
فصل التاء مع الطاء	178
فصل التاء مع الظاء	179
فصل التاء مع العین	179
فصل التاء مع الغین	182
فصل التاء مع الفاء	182
فصل التاء مع القاف	184
فصل التاء مع الکاف	187
فصل التاء مع اللام	188
فصل التاء مع المیم	192
فصل التاء مع النون	196
فصل التاء مع الواو	199
فصل التاء مع الہاء	199
فصل التاء مع الیاء	200
باب الثاء	
فصل الثاء مع الالف	203
فصل الثاء مع الباء	203
فصل الثاء مع التاء	204
فصل الثاء مع الثاء	204
فصل الثاء مع الجیم	205
فصل الثاء مع الدال	205
فصل الثاء مع الراء	205
فصل الثاء مع الطاء	206
فصل الثاء مع العین	206
فصل الثاء مع الغین	206
فصل الثاء مع الفاء	206
فصل الثاء مع القاف	206
فصل الثاء مع اللام	206
فصل الثاء مع المیم	207
فصل الثاء مع النون	207
فصل الثاء مع الواو	208
فصل الثاء مع الیاء	208
باب الجیم	
فصل الجیم مع الالف	209
فصل الجیم مع الباء	210
فصل الجیم مع التاء	211
فصل الجیم مع الثاء	214
فصل الجیم مع الجیم	214
فصل الجیم مع الحاء	215
فصل الجیم مع الدال	215
فصل الجیم مع الذال	217
فصل الجیم مع الراء	217
فصل الجیم مع الزاء	219
فصل الجیم مع السین	220
فصل الجیم مع الشین	221
فصل الجیم مع الصاد	221
فصل الجیم مع الضاد	221
فصل الجیم مع الطاء	222
فصل الجیم مع الظاء	222
فصل الجیم مع العین	222
فصل الجیم مع الفاء	223
فصل الجیم مع القاف	224
فصل الجیم مع اللام	224
فصل الجیم مع المیم	226
فصل الجیم مع النون	227
فصل الجیم مع الواو	228
فصل الجیم مع الہاء	228
فصل الجیم مع الیاء	229
باب الحاء	
فصل الحاء مع الالف	230
فصل الحاء مع الباء	231
فصل الحاء مع التاء	233
فصل الحاء مع الثاء	239
فصل الحاء مع الجیم	239
فصل الحاء مع الدال	240
فصل الحاء مع الذال	241
فصل الحاء مع الراء	241
فصل الحاء مع الزاء	244
فصل الحاء مع السین	245
فصل الحاء مع الشین	246
فصل الحاء مع الصاد	247
فصل الحاء مع الضاد	247
فصل الحاء مع الطاء	248
فصل الحاء مع الظاء	248
فصل الحاء مع الفاء	248
فصل الحاء مع القاف	250

عنوان	صفحہ
فصل الحاء مع الكاف	251
فصل الحاء مع اللام	251
فصل الحاء مع الميم	253
فصل الحاء مع النون	256
فصل الحاء مع الواو	258
فصل الحاء مع الياء	259
باب الخاء	
فصل الخاء مع الالف	260
فصل الخاء مع الباء	260
فصل الخاء مع التاء	261
فصل الخاء مع الثاء	262
فصل الخاء مع الجيم	265
فصل الخاء مع الدال	266
فصل الخاء مع الذال	266
فصل الخاء مع الراء	266
فصل الخاء مع الزاء	268
فصل الخاء مع السين	269
فصل الخاء مع الشين	269
فصل الخاء مع الصاد	270
فصل الخاء مع الضاد	271
فصل الخاء مع الطاء	271
فصل الخاء مع العين	273
فصل الخاء مع الفاء	273
فصل الخاء مع القاف	275
فصل الخاء مع الكاف	276
فصل الخاء مع اللام	276
فصل الخاء مع الميم	278
فصل الخاء مع النون	279
فصل الخاء مع الواو	280
فصل الخاء مع الياء	280
باب الدال	
فصل الدال مع الالف	282
فصل الدال مع الباء	282
فصل الدال مع التاء	282
فصل الدال مع الثاء	285
فصل الدال مع الجيم	285
فصل الدال مع الحاء	285
فصل الدال مع الخاء	286
فصل الدال مع الدال	286
فصل الدال مع الراء	286
فصل الدال مع الزاء	288
فصل الدال مع السين	288
فصل الدال مع الشين	288
فصل الدال مع الصاد	289
فصل الدال مع الضاد	289
فصل الدال مع الطاء	289
فصل الدال مع العين	289
فصل الدال مع الغين	289
فصل الدال مع الفاء	290
فصل الدال مع القاف	290
فصل الدال مع الكاف	291
فصل الدال مع اللام	291
فصل الدال مع الميم	292
فصل الدال مع النون	293
فصل الدال مع الواو	294
فصل الدال مع الياء	295
باب الذال	
فصل الذال مع الالف	296
فصل الذال مع الباء	296
فصل الذال مع التاء	297
فصل الذال مع الحاء	297
فصل الذال مع الراء	298
فصل الذال مع العين	298
فصل الذال مع الفاء	299
فصل الذال مع القاف	299
فصل الذال مع اللام	299
فصل الذال مع الميم	300
فصل الذال مع النون	300
فصل الذال مع الياء	300
باب الراء	
فصل الراء مع الالف	301
فصل الراء مع الباء	302
فصل الراء مع التاء	304
فصل الراء مع الثاء	307
فصل الراء مع الجيم	308
فصل الراء مع الحاء	308
فصل الراء مع الخاء	309
فصل الراء مع الدال	310

عنوان	صفحہ
فصل الراء مع الراء	311
فصل الراء مع الزاء	311
فصل الراء مع السین	311
فصل الراء مع الشین	312
فصل الراء مع الصاد	313
فصل الراء مع الضاد	313
فصل الراء مع الطاء	314
فصل الراء مع الظاء	315
فصل الراء مع العین	315
فصل الراء مع الغین	316
فصل الراء مع الفا	316
فصل الراء مع القاف	318
فصل الراء مع الکاف	320
فصل الراء مع اللام	320
فصل الراء مع المیم	322
فصل الراء مع النون	324
فصل الراء مع الواو	325
فصل الراء مع الہاء	326
فصل الراء مع الیاء	326
باب الزاء	
فصل الزاء مع الالف	327
فصل الزاء مع الباء	327
فصل الزاء مع التاء	328
فصل الزاء مع الجیم	330
فصل الزاء مع الحاء	330
فصل الزاء مع الخاء	330
فصل الزاء مع الدال	331
فصل الزاء مع الذال	332
فصل الزاء مع الراء	332
فصل الزاء مع العین	334
فصل الزاء مع الغین	334
فصل الزاء مع الفاء	334
فصل الزاء مع القاف	335
فصل الزاء مع الکاف	336
فصل الزاء مع اللام	337
فصل الزاء مع المیم	337
فصل الزاء مع النون	338
فصل الزاء مع الواو	339
فصل الزاء مع الیاء	339
باب السین	
فصل السین مع الالف	340
فصل السین مع الباء	341
فصل السین مع التاء	343
فصل السین مع الجیم	349
فصل السین مع الحاء	349
فصل السین مع الخاء	351
فصل السین مع الدال	351
فصل السین مع الذال	353
فصل السین مع الراء	353
فصل السین مع السین	356
فصل السین مع الطاء	357
فصل السین مع العین	359
فصل السین مع الغین	360
فصل السین مع الفاء	361
فصل السین مع القاف	362
فصل السین مع الکاف	364
فصل السین مع اللام	365
فصل السین مع المیم	367
فصل السین مع النون	369
فصل السین مع الواو	371
فصل السین مع الہاء	371
فصل السین مع الیاء	372
باب الشین	
فصل الشین مع الالف	373
فصل الشین مع الباء	374
فصل الشین مع التاء	376
فصل الشین مع الثاء	379
فصل الشین مع الجیم	380
فصل الشین مع الحاء	380
فصل الشین مع الخاء	381
فصل الشین مع الدال	381
فصل الشین مع الذال	382
فصل الشین مع الراء	382
فصل الشین مع الزاء	385
فصل الشین مع السین	385
فصل الشین مع الشین	386
فصل الشین مع الصاد	386
فصل الشین مع الطاء	386

عنوان	صفحہ
فصل الشین مع الظاء	387
فصل الشین مع العین	387
فصل الشین مع الفاء	389
فصل الشین مع القاف	390
فصل الشین مع الکاف	391
فصل الشین مع اللام	392
فصل الشین مع المیم	393
فصل الشین مع النون	394
فصل الشین مع الواو	396
فصل الشین مع الہاء	396
فصل الشین مع الیاء	397
باب الصاد	
فصل الصاد مع الالف	398
فصل الصاد مع الباء	399
فصل الصاد مع التاء	400
فصل الصاد مع الجیم	404
فصل الصاد مع الحاء	404
فصل الصاد مع الخاء	406
فصل الصاد مع الدال	406
فصل الصاد مع الراء	407
فصل الصاد مع الصاد	410
فصل الصاد مع الطاء	410
فصل الصاد مع العین	410
فصل الصاد مع الغین	412
فصل الصاد مع الفاء	412
فصل الصاد مع القاف	414
فصل الصاد مع الکاف	415
فصل الصاد مع اللام	415
فصل الصاد مع المیم	417
فصل الصاد مع النون	418
فصل الصاد مع الواو	419
فصل الصاد مع الہاء	419
فصل الصاد مع الیاء	419
باب الضاد	
فصل الضاد مع الالف	421
فصل الضاد مع الباء	421
فصل الضاد مع التاء	422
فصل الضاد مع الثاء	423
فصل الضاد مع الجیم	423
فصل الضاد مع الحاء	423
فصل الضاد مع الخاء	424
فصل الضاد مع الدال	424
فصل الضاد مع الراء	424
فصل الضاد مع الزاء	426
فصل الضاد مع السین	426
فصل الضاد مع الطاء	426
فصل الضاد مع العین	427
فصل الضاد مع الفاء	428
فصل الضاد مع القاف	429
فصل الضاد مع الکاف	429
فصل الضاد مع اللام	429
فصل الضاد مع المیم	430
فصل الضاد مع النون	431
فصل الضاد مع الواو	431
باب الطاء	
فصل الطاء مع الالف	432
فصل الطاء مع الباء	432
فصل الطاء مع التاء	433
فصل الطاء مع الثاء	436
فصل الطاء مع الجیم	436
فصل الطاء مع الحاء	436
فصل الطاء مع الخاء	437
فصل الطاء مع الدال	437
فصل الطاء مع الذال	438
فصل الطاء مع الراء	438
فصل الطاء مع الزاء	439
فصل الطاء مع السین	439
فصل الطاء مع الشین	441
فصل الطاء مع الطاء	441
فصل الطاء مع العین	441
فصل الطاء مع الفاء	442
فصل الطاء مع القاف	444
فصل الطاء مع اللام	446
فصل الطاء مع المیم	448
فصل الطاء مع النون	449
فصل الطاء مع الواو	450
فصل الطاء مع الیاء	450

عنوان	صفحہ
باب الظاء	
فصل الظاء مع الالف	451
فصل الظاء مع الباء	451
فصل الظاء مع التاء	451
فصل الظاء مع الراء	452
فصل الظاء مع العین	452
فصل الظاء مع الفاء	453
فصل الظاء مع اللام	453
فصل الظاء مع المیم	453
فصل الظاء مع النون	454
فصل الظاء مع الیاء	454
باب العین	
فصل العین مع الالف	455
فصل العین مع الباء	456
فصل العین مع التاء	460
فصل العین مع الثاء	466
فصل العین مع الجیم	466
فصل العین مع الحاء	468
فصل العین مع الدال	468
فصل العین مع الذال	471
فصل العین مع الراء	471
فصل العین مع الزاء	177
فصل العین مع السین	178
فصل العین مع الشین	180
فصل العین مع الصاد	481
فصل العین مع الضاد	482
فصل العین مع الطاء	483
فصل العین مع الظاء	484
فصل العین مع الفاء	484
فصل العین مع القاف	487
فصل العین مع الکاف	491
فصل العین مع اللام	492
فصل العین مع المیم	496
فصل العین مع النون	500
فصل العین مع الواو	504
فصل العین مع الہاء	505
فصل العین مع الیاء	505
باب الغین	
فصل الغین مع الالف	506
فصل الغین مع الباء	506
فصل الغین مع التاء	508
فصل الغین مع الثاء	511
فصل الغین مع الجیم	511
فصل الغین مع الدال	511
فصل الغین مع الذال	512
فصل الغین مع الراء	512
فصل الغین مع الزاء	515
فصل الغین مع السین	515
فصل الغین مع الشین	516
فصل الغین مع الصاد	516
فصل الغین مع الضاد	517
فصل الغین مع الطاء	517
فصل الغین مع الظاء	518
فصل الغین مع الفاء	518
فصل الغین مع القاف	519
فصل الغین مع اللام	520
فصل الغین مع المیم	522
فصل الغین مع النون	523
فصل الغین مع الواو	524
فصل الغین مع الیاء	525
باب الفاء	
فصل الفاء مع الالف	526
فصل الفاء مع الباء	527
فصل الفاء مع التاء	527
فصل الفاء مع الثاء	530
فصل الفاء مع الجیم	531
فصل الفاء مع الحاء	532
فصل الفاء مع الخاء	533
فصل الفاء مع الدال	534
فصل الفاء مع الذال	536
فصل الفاء مع الراء	536
فصل الفاء مع الزاء	539
فصل الفاء مع السین	539
فصل الفاء مع الشین	541
فصل الفاء مع الصاد	542
فصل الفاء مع الضاد	542
فصل الفاء مع الطاء	543
فصل الفاء مع الظاء	544

عنوان	صفحہ
فصل الفاء مع العین	544
فصل الفاء مع الغین	545
فصل الفاء مع الفاء	546
فصل الفاء مع القاف	546
فصل الفاء مع الکاف	548
فصل الفاء مع اللام	549
فصل الفاء مع المیم	551
فصل الفاء مع النون	553
فصل الفاء مع الواو	554
فصل الفاء مع الہاء	555
فصل الفاء مع الیاء	555
باب القاف	
فصل القاف مع الالف	556
فصل القاف مع الباء	557
فصل القاف مع التاء	560
فصل القاف مع الجیم	563
فصل القاف مع الحاء	564
فصل القاف مع الخاء	565
فصل القاف مع الدال	565
فصل القاف مع الذال	567
فصل القاف مع الراء	567
فصل القاف مع الزاء	571
فصل القاف مع السین	572
فصل القاف مع الشین	574
فصل القاف مع الصاد	575
فصل القاف مع الضاد	577

عنوان	صفحہ
فصل القاف مع الطاء	577
فصل القاف مع الظاء	579
فصل القاف مع العین	579
فصل القاف مع الفاء	581
فصل القاف مع القاف	583
فصل القاف مع اللام	583
فصل القاف مع المیم	585
فصل القاف مع النون	588
فصل القاف مع الواو	590
فصل القاف مع الہاء	590
فصل القاف مع الیاء	590
باب الکاف	
فصل الکاف مع الالف	591
فصل الکاف مع الباء	591
فصل الکاف مع التاء	593
فصل الکاف مع الثاء	595
فصل الکاف مع الجیم	596
فصل الکاف مع الحاء	596
فصل الکاف مع الخاء	597
فصل الکاف مع الدال	597
فصل الکاف مع الراء	598
فصل الکاف مع الزاء	599
فصل الکاف مع السین	600
فصل الکاف مع الشین	601
فصل الکاف مع الصاد	601
فصل الکاف مع الضاد	601

عنوان	صفحہ
فصل الکاف مع الطاء	601
فصل الکاف مع الظاء	602
فصل الکاف مع العین	602
فصل الکاف مع الفاء	602
فصل الکاف مع الکاف	604
فصل الکاف مع اللام	604
فصل الکاف مع المیم	605
فصل الکاف مع النون	606
فصل الکاف مع الواو	607
فصل الکاف مع الہاء	607
فصل الکاف مع الیاء	607
باب اللام	
فصل اللام مع الالف	608
فصل اللام مع الباء	608
فصل اللام مع التاء	609
فصل اللام مع الثاء	611
فصل اللام مع الجیم	611
فصل اللام مع الحاء	612
فصل اللام مع الخاء	612
فصل اللام مع الدال	612
فصل اللام مع الذال	613
فصل اللام مع الراء	613
فصل اللام مع السین	613
فصل اللام مع الصاد	614
فصل اللام مع الضاد	614
فصل اللام مع الطاء	614

عنوان	صفحہ
فصل اللام مع الظاء	614
فصل اللام مع العین	615
فصل اللام مع الغین	615
فصل اللام مع الفاء	615
فصل اللام مع القاف	616
فصل اللام مع الکاف	616
فصل اللام مع اللام	617
فصل اللام مع المیم	617
فصل اللام مع النون	618
فصل اللام مع الواو	620
فصل اللام مع الہاء	620
فصل اللام مع الیاء	620
باب المیم	
فصل المیم مع الالف	621
فصل المیم مع الباء	623
فصل المیم مع التاء	626
فصل المیم مع التاء من غیر باب المفاعلة	636
فصل المیم مع الثاء	644
فصل المیم مع الجیم	645
فصل المیم مع الحاء	647
فصل المیم مع الخاء	649
فصل المیم مع الدال	650
فصل المیم مع الذال	654
فصل المیم مع الراء	654
فصل المیم مع الزاء	661

عنوان	صفحہ
فصل المیم مع السین	661
فصل المیم مع الشین	663
فصل المیم مع الصاد	664
فصل المیم مع الضاد	665
فصل المیم مع الطاء	666
فصل المیم مع الظاء	668
فصل المیم مع العین	668
فصل المیم مع الغین	671
فصل المیم مع الفاء	671
فصل المیم مع القاف	673
فصل المیم مع الکاف	675
فصل المیم مع اللام	676
فصل المیم مع المیم	681
فصل المیم مع النون	684
فصل المیم مع الواو	689
فصل المیم مع الہاء	689
فصل المیم مع الیاء	690
باب النون	
فصل النون مع الالف	692
فصل النون مع الباء	693
فصل النون مع التاء	694
فصل النون مع الثاء	698
فصل النون مع الجیم	698
فصل النون مع الحاء	699
فصل النون مع الخاء	700
فصل النون مع الدال	700

عنوان	صفحہ
فصل النون مع الذال	701
فصل النون مع الراء	701
فصل النون مع الزاء	704
فصل النون مع السین	704
فصل النون مع الشین	706
فصل النون مع الصاد	706
فصل النون مع الضاد	707
فصل النون مع الطاء	707
فصل النون مع الظاء	708
فصل النون مع العین	708
فصل النون مع الغین	709
فصل النون مع الفاء	710
فصل النون مع القاف	711
فصل النون مع الکاف	712
فصل النون مع اللام	712
فصل النون مع المیم	715
فصل النون مع النون	716
فصل النون مع الواو	717
فصل النون مع الہاء	717
فصل النون مع الیاء	717
باب الواو	
فصل الواو مع الالف	719
فصل الواو مع الباء	719
فصل الواو مع التاء	720
فصل الواو مع الثاء	723
فصل الواو مع الجیم	723

عنوان	صفحہ
فصل الواو مع الحاء	723
فصل الواو مع الخاء	724
فصل الواو مع الدال	724
فصل الواو مع الذال	726
فصل الواو مع الراء	726
فصل الواو مع الزاء	727
فصل الواو مع السین	727
فصل الواو مع الشین	727
فصل الواو مع الصاد	728
فصل الواو مع الضاد	728
فصل الواو مع الطاء	728
فصل الواو مع الظاء	729
فصل الواو مع العین	729
فصل الواو مع الغین	731
فصل الواو مع الفاء	731
فصل الواو مع القاف	732
فصل الواو مع الکاف	733
فصل الواو مع اللام	733
فصل الواو مع المیم	735
فصل الواو مع النون	736
فصل الواو مع الہاء	736
فصل الواو مع الیاء	737
باب الہاء	
فصل الہاء مع الالف	738
فصل الہاء مع الباء	738

عنوان	صفحہ
فصل الہاء مع التاء	739
فصل الہاء مع الثاء	741
فصل الہاء مع الجیم	742
فصل الہاء مع الدال	742
فصل الہاء مع الذال	743
فصل الہاء مع الراء	743
فصل الہاء مع الزاء	744
فصل الہاء مع السین	744
فصل الہاء مع الشین	745
فصل الہاء مع الصاد	745
فصل الہاء مع الضاد	745
فصل الہاء مع الطاء	745
فصل الہاء مع العین	746
فصل الہاء مع الغین	746
فصل الہاء مع الفاء	746
فصل الہاء مع القاف	747
فصل الہاء مع الکاف	747
فصل الہاء مع اللام	747
فصل الہاء مع المیم	748
فصل الہاء مع النون	750
فصل الہاء مع الواو	751
فصل الہاء مع الہاء	751
فصل الہاء مع الیاء	751
باب الیاء	
فصل الیاء مع الالف	752
فصل الیاء مع الباء	752

عنوان	صفحہ
فصل الیاء مع التاء	752
فصل الیاء مع الثاء	752
فصل الیاء مع الحاء	753
فصل الیاء مع الخاء	753
فصل الیاء مع الدال	753
فصل الیاء مع الراء	753
فصل الیاء مع السین	753
فصل الیاء مع الطاء	753
فصل الیاء مع العین	753
فصل الیاء مع الفاء	754
فصل الیاء مع القاف	754
فصل الیاء مع اللام	754
فصل الیاء مع المیم	754
فصل الیاء مع النون	754
فصل الیاء مع الہاء	755
فصل الیاء مع الیاء	755

مقدمہ از مترجم

عربی زبان کی فضیلت واہمیت

عربی زبان دنیا کی ایسی ترقی یافتہ زبان ہے جس کے اندر علم وادب کا بیش بہا خزانہ ہے، جس میں بڑی گہرائی اور گیرائی ہے۔اس کے نحوی، صرفی قواعد میں بڑا استحکام اور مضبوطی کے ساتھ کافی وضاحت ہے۔اس کے الفاظ بہت شیریں، پیرایۂ بیان نہایت دلکش، اس کا طریق تلفظ اور صوتی اثرات بے پناہ موثر وجاذب ہیں۔

سامی زبان کی مختلف شاخوں میں عربی زبان سب سے زیادہ مرتب ومنضبط اور قواعد وضوابط کے لحاظ سے منظم زبان ہے۔اس زبان میں جامعیت وکمال اور حقیقت معنی کا لفظ سے انکشاف جس صحت وواقعیت کے ساتھ پایا جاتا ہے اس کا سراغ غالبًا کسی دوسری زبان میں نہیں ملتا ہے۔جس کی بنا پر اس میں کچھ ایسے امتیازی خصائص پیدا ہوگئے ہیں جن سے دوسری سامی زبانوں کا دامن خالی ہے۔

ذیل میں عربی زبان کی چند اہم خصوصیات اجمالاً ذکر کی جاتی ہیں۔

(1) صوتی لحاظ سے عربی زبان کو جو انفرادی مقام حاصل ہے وہاں تک کسی اور زبان کی رسائی نہ ہوسکی، آلۂ صوت کو جس کمال وخوبی کے ساتھ عربی زبان نے استعمال کیا ہے اور جس قوت وبلاغت کے ساتھ مخارج کا احاطہ کیا ہے اس کا نمونہ کسی بھی عجمی زبان میں نہیں پایا جاتا۔ حلق، تالو، مسوڑہ، زبان، دانت اور ہونٹ یہی چھ اعضاء ہیں جن کے باہمی اتصال وانفصال سے ہوا مکیف ہوکر بشکل صوت وصدا کانوں تک پہنچتی ہے۔ جب تک ہوا مخارج میں پہنچ کر مکیف نہ ہوگی حرف یا لفظ کا آلات صوت سے پیدا ہونا ناممکن ہے۔

عربی زبان جس کے حروف تہجی کی تعداد انتیس ہے جس میں صحیح تمیز واحساس کے ساتھ سترہ مخارج متعین ہوئے مثلاً حلق ایک آلۂ صوت ہے جو عربی میں چھ حرفوں ہمزہ، ہا، عین، حا، غین، خا کا اس طرح مخرج ہے کہ بعض کا تعلق ابتداء، بعض کا وسط اور بعض کا اقصائے حلق سے ہے۔

مخارج حروف اور صفات حروف کے اقسام متعددہ نے عربی حرفوں میں یہ خاص امتیاز پیدا کردیا کہ ہر حرف کی ہیئت عارضہ ایک دوسرے سے ممتاز ہوگئی۔ یہ ایک ناقابل انکار واقعہ ہے کہ امتیاز حروف کا نمایاں اختصاص جس قدر عربی زبان میں پایا جاتا ہے کسی اور زبان میں نہ یہ امتیاز ہے نہ ان کے تلفظ میں اس طرح کا تیقن ہے کہ محض سننے سے لفظ کا ہر حرف سامع کی سمجھ میں اس طرح آجائے کہ ایک حرف کا دوسرے حرف سے التباس نہ ہونے پائے۔

حروف تہجی کی صوتی خصوصیات کے ساتھ جب دو حرفوں کو مرکب کیا جاتا ہے تو ان سے ایک نئی صفت امتزاج پیدا ہوتی ہے۔ مثلاً جیم،

یم کا اجتماع جن الفاظ میں ہوگا ان میں فراہمی اور اجتماع کے معنی پائے جائیں گے۔ مثلاً جمم بہت، جمرة تودہ ریگ، جمعد یک جا کیا ہوا پتھر، جمزہ درخت خرما کے تنے، جمار گروہ، جمدزمین بلند۔، جمع پوری قوت سے تیز دوڑنا۔ اسی طرح باوحا کے اجتماع سے تفتیش کا معنی پیدا ہوگا مثلاً بحث خالص، بحث کھودنا، بحر پھاڑنا۔

(2) الف۔ اشتقاق۔ یہ بھی عربی زبان کی امتیازی خصوصیت ہے جس کے ذریعے الفاظ ومعانی کی کثرت اور ان کا انشعاب ہوتا ہے اور اس اشتقاق کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ مادۂ لفظ کو جب دوسرے صیغے کی طرف مشتق کرتے ہیں تو اس مختصر صیغے میں جملے کی معنویت پیدا ہو جاتی ہے جیسے کتب کو باب استفعال میں لے گئے اور کہا استکبت فلاناً تو اس لفظ سے پورے جملہ کا معنی پیدا ہوا یعنی طلبت الیه ان یکون کا تبالی ۔

(ب) ابدال۔ یہ بھی اشتقاق کی ایک قسم ہے وہ ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدلنا ہے تا کہ زبان پر الفاظ گراں نہ ہوں، انھیں پوری سہولت کے ساتھ ادا کیا جا سکے جس کلمے میں دو حرفوں کے اجتماع سے تکلم میں صعوبت یا سختی پیدا ہو سکتی ہے وہاں عربوں نے اس کا التزام کیا ہے کہ کہیں ایک حرف کو اس کے مناسب حرف سے بدل دیا، کہیں حرف ساکن پر کوئی مناسب حرکت دے دی، کہیں کسی حرف کو حذف کر دیا۔ مثلاً لفظ قول کی ماضی قَوَلَ ہوتی ہے سہولت کے لیے واو کو الف سے بدل کر قَالَ کر دیا۔ اس کا مضارع یَقْوُلُ ہوتا ہے جو زبان پر ثقیل ہے یہاں واو کی حرکت ضمہ قاف پر ڈال کر یَقُوْلُ کر دیا۔ وعدہ کا اسم ظرف مِوْعَاد ہوتا ہے واو کو یا سے بدل کر میعاد کر دیا۔ بَیْع کا مضارع یَبْیِعُ تھا یا کی حرکت کسرہ با کو دے دیا یَبِیْعُ ہو گیا۔

بعض زبانوں میں دو دو تین تین ساکن الفاظ یکجا ہو جاتے ہیں جن کا ادا کرنا مشکل ہوتا ہے مگر عربی زبان میں جہاں دو حرف ساکن کے اجتماع سے ثقل پیدا ہوتا ہے وہاں کچھ نہ کچھ قلب وابدال کا عمل کر کے اس کا تلفظ آسان کر دیا جاتا ہے۔ ابدال کی وجہ سے لفظ کی ہیئت تبدیل تو ہو جاتی ہے مگر معنی ایک ہی رہتا ہے جیسے (1) التملس، التملص، التملز سب کا معنی ہے التخلص (رہائی)۔ (2) لمق، لصق، لزق چپکنے کے معنی میں۔ (3) البصاق، البزاق، البساق بمعنی تھوک۔

(ج) قلب۔ لفظ میں کسی حرف کو مقدم ومؤخر کرنا اس طرح کہ تقلیب کے باوجود اس لفظ کے معنی میں فرق نہ آئے جیسے فطس، طفس، یتسکع، یتکسع، اوباش، اوشاب۔

تقلیب حروف کے اس عمل کو ایک مادہ (ق،م،ر) میں ملاحظہ کریں۔ قمر (چاند) رقم (لکھنا) مقر (زہر قاتل) رمق (جو تھوڑی سی جان باقی رہ گئی) قرم (سردار قوم)، ان چھ الفاظ میں سے ہر لفظ بامعنی ہے اور ساتویں ہیئت اس کی کوئی ممکن نہیں، اسی کے ساتھ اگر گہری نظر سے معانی ستہ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ الفاظ ستہ کا ایک عام معنی ایسا قرار دیا جا سکتا ہے جو ہر ایک میں مشترک ہے مثلاً یا ہستی ظاہر ہونا یہ ایسا مفہوم ہے جو مذکورہ تمام الفاظ میں پایا جاتا ہے (المبین ص 148)۔

(3) عربی زبان کا خزانہ مترادفات سے معمور ہے۔ چنانچہ علمائے لغت نے صرف سال کے لیے 24 نام اور روشنی کے لیے 21، تاریکی کے لیے 52، کنویں کے لیے 88، پانی کے لیے 170، شیر کے لیے 350 اور اونٹنی کے لیے 255 نام لکھے ہیں۔

(4) عربی زبان دنیا کی زبانوں میں اس حیثیت سے منفرد زبان ہے کہ ایک ہی لفظ بسا اوقات کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ علمائے لغت نے دو سو سے زائد الفاظ ایسے جمع کیے ہیں جو تین معنوں میں استعمال ہوتے ہیں اور ایک سو سے زائد الفاظ جو چار اور پانچ معانی دیتے ہیں یہاں تک کہ بعض الفاظ اس سے زائد بھی معانی دینے والے ہیں۔ چنانچہ قال کا لفظ 27 معنوں کو ظاہر کرتا ہے اور ''عین'' کا لفظ 35 معانی میں اور ''عجوز'' کا لفظ 70 معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

(5) چونکہ عربوں کو عناصر فطرت سے براہ راست مقابلہ کرنا پڑتا تھا اس لیے اس طرز زندگی کے تجربات سے انھوں نے براہ راست نتائج اخذ کیے۔ ان نتائج کو حکمت وفلسفہ، دانشمندی، جزرسی کی آمیزش سے الفاظ کے ایسے خوبصورت قالب میں ڈھالا گیا جو صوتی اثرات کے حسن

وجمال کے علاوہ معنویت میں بھی ایک بحر بیکراں تھے۔اور یہی قالب ضرب الامثال یا کہاوتیں کہلائیں۔مثلاً:

1۔ النَّاسُ كُلُّهُمْ سَوَاءٌ كَأَسْنَانِ الْمُشْطِ ۔سب لوگ کنگھی کے دندانوں کی طرح برابر ہیں یعنی سب ایک باپ کی اولاد ہیں خاندان یا نسلی وجاہت معتبر نہیں،فضیلت اور برتری کا معیار صرف تقویٰ ہے۔

2۔ النَّاسُ كَالإِبِلِ المِائَةِ لا تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً ۔لوگ تو سو اونٹوں کے گلے کے مانند ہیں،ان میں سواری کا اونٹ تجھے نہیں ملے گا،یعنی انبوہ کثیر میں بھی کام کے آدمی کم ہی ہوتے ہیں۔

3۔اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلَىٰ وَ ابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ ۔دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور سب سے پہلے اسے دو جس کی ذمہ داری تم پر آتی ہے۔ایسے ضرب الامثال عربی زبان میں ہزاروں کی تعداد میں ہیں جو بظاہر چند لفظوں سے ترکیب پاتے ہیں مگر ان میں معنی کی وسعت،گہرائی اور گیرائی اتنی ہے کہ ان میں سے کسی ایک جملہ کی تفصیل اور وضاحت کے لیے متعدد صفحات بھی ناکافی ہوں گے،بلاشبہ یہ عربی زبان کا بے مثل اختصار ہے۔

(6)صلات۔ عربی زبان میں ایک ہی لفظ حقیقی یا مجازی طور پر متعدد معانی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے،پھر اسی لفظ کو مختلف صلات کے ذریعہ استعمال کیا جائے تو بکثرت معانی پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً ایک لفظ ضـــرب کو لے لیجیے جس کے معنی عام طور پر مارنے کے ہیں مگر صلات کے اختلاف سے کثیر معانی پیدا ہو جاتے ہیں۔

(7)عربی زبان کے قواعد اور صرف ونحو کی بنا کلام الٰہی اور کلام نبوت کے لسانی شواہد اور خالص عرب قبائل کے مستند علما و ادبا کے طریقہ استعمال پر ہے جن کو ماہرین قواعد لغت نے بڑی تحقیق وجستجو اور انتھک کاوش سے مدون ومرتب کیا ہے۔جن میں امتداد زمانہ کے باوجود تغیر وتبدل کی گنجائش نہیں۔

عربی میں لغت نگاری

متذکرہ بالا تفصیلات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ عربی زبان گرامر کی پختگی اور فصاحت و بلاغت کے بلند معیار کے ساتھ ساتھ اپنے اندر الفاظ کی بڑی وسعت رکھتی ہے۔حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جو عظیم فقیہ ومجتہد اور محدث ہونے کے ساتھ ادبیت اور لغت کے بھی امام تھے،تحریر فرماتے ہیں"عربی زبان تمام زبانوں میں وسیع تر زبان ہے۔اور جہاں تک ہمیں معلوم ہے اس زبان کے پورے لغات کا احاطہ سوائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی نہیں کر سکتا"(مقدمہ المنجد اردو ص13) خلیل ابن احمد النحوی العروضی اللغوی البصری متوفی 175ھ نے کتـــاب العین میں۔ اور ابوبکر محمد بن الحسن بن درید اللغوی البصری متوفی 321ھ نے الجمهرة فى اللغة میں جو کچھ اپنی معلومات اور یادداشتوں کی روشنی میں تحریر کیا ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ عربی زبان کے کل لغات پانچ کروڑ چھ لاکھ انسٹھ ہزار چار سو ہیں۔جن میں پانچ کروڑ چھ لاکھ بیس ہزار مستعمل اور باقی مہمل ومتروک ہیں۔

علامہ محمد بن حسن الزبیدی نے مـخـتـصـر كتاب العين میں اور حضرت امام جلال الدین سیوطی م 911ھ نے الـمـزهـر فى اللغة میں مزید تشریحات کے ساتھ الفاظ عربی کی تعداد اس طرح لکھی ہے۔دو حرفی کلمات کی تعداد سات سو پچاس اور تین حرفی کلمات کی انیس ہزار چھ سو پچاس ہے۔اور چار حرفی کلمات تین لاکھ تین ہزار چار سو ہیں۔اور پانچ حرفی کلمات چھ کروڑ تین لاکھ پچھتر ہزار چھ سو ہیں۔

اہم کتب لغات

ذیل میں چند اہم عربی کتب لغات کا اجمالی تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

کتاب العین. محققین کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ عربی زبان میں سب سے پہلا لغت کتاب العین ہے جسے مشہور نحوی، عروضی ماہر لغت وادب خلیل بن احمد بن عمرو بن تمام الفراہیدی الازدی الیحمدی (110ھ-175 ھ) نے تصنیف کیا۔ جو علم وفن کی مہارت اور ذکاوت و طبا عی میں عبقری شان رکھتا تھا۔ سیرانی تحریر کرتا ہے "قیاس کی تصحیح، مسائل کے استخراج اور ان کی تعلیل میں ان کی بات آخری ہوتی تھی، علم کے ہر شعبہ میں وہ نمایاں تھے، نحو وغیرہ لسانی علوم میں ان کو دستگاہ حاصل تھی، علوم شرعیہ اور علم ریاضی میں ید طولیٰ رکھتے تھے، علم عروض کے وہی موجد تھے" (مقدمہ القاموس الوحید ص 30) خلیل بن احمد نے کتاب الایقاع، کتاب النقط والشکل، کتاب العروض، کتاب الشواھد، کتاب الجمل، کتاب معانی الحروف، کتاب العین جیسی عظیم کتابیں تحریر کیں۔

خلیل زبان کی تحقیق کے رسیا تھے۔ انھوں نے الفاظ ومعانی کو یکجا کر کے سب سے پہلے لغت کی تدوین کا فرض انجام دیا، معانی کے شواہد قرآن وحدیث اور اشعار عرب سے پیش کیے۔

کتاب الجمھرة. یہ لغت ابوبکر محمد ابن الحسن بن درید الازدی (223ھ۔ 321ھ) نے تحریر کیا ہے جو بے مثال قوت حفظ وضبط کے مالک تھے، انھیں اعلم الشعراء اور اشعر العلماء کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا جو لغات عربیہ کے مستند عالم تھے، ابن درید نے بہت سی کتابیں تصنیف کیں جن میں سب سے مشہور الجمھرة ہے۔

الجمھرة میں ایک مجموعۂ حروف سے تقلیبات کے ذریعہ بننے والے تمام الفاظ کو ایک جگہ جمع تو کیا گیا ہے لیکن ترتیب میں مخارج کے صوتی نظام کو ملحوظ رکھنے کے بجائے حروف کے ابجدی نظام کا لحاظ کیا گیا ہے۔

ابن درید نے استشہاد میں قرآن وحدیث اور خالص عربوں کا کلام پیش کیا ہے۔ قرآن کی مختلف قرأتوں کا ذکر مختلف عرب قبائل کے لغات کی تصریح وتوضیح بھی ان کے دائرۂ اہتمام میں شامل ہے جس کے تحت وہ اس بات کی بھی وضاحت کرتے ہیں کہ کون سا لغت کس قبیلہ سے تعلق رکھتا ہے، مزید براں معرب اور دخیل کلمات کی نشان دہی بھی کی ہے۔

التھذیب. ابومنصور محمد بن احمد ازہری ہروی (282ھ تا 370ھ) مشہور لغوی ہیں جنھوں نے التھذیب تالیف کی وہ بڑے متقی، پرہیزگار تبحر عالم فقیہ اور ادب ولغت کے ماہر تھے تھذیب اللغة کے علاوہ انھوں نے دوسرے علوم وفنون میں بھی بیش بہا کتابیں تصنیف کیں مگر تھذیب اللغة کو سب سے زیادہ شہرت نصیب ہوئی۔

ازہری نے کتاب کی تالیف میں بڑی باریک بینی اور حسن انتخاب سے کام لیا ہے اس کے اندر صحیح کلام عرب کی تدوین کا اہتمام کیا ہے غیر صحیح کلام بہت کم ہے، مصنف کا مطمح نظر زبان کو غیر صحیح الفاظ سے پاک وصاف کرنا ہے، کتاب کا نام تھذیب اللغة رکھنے کی یہی وجہ ہے۔

المحکم. اس کتاب کے مصنف ابوالحسن علی بن اسمٰعیل متوفی 458ھ ہیں جو ابن سیدہ کے نام سے مشہور ہیں، وہ نابینا تھے مگر اللہ نے انھیں حفظ وضبط کی بے پناہ قوت سے نوازا تھا، وہ ادب ولغت کے امام تھے، انھوں نے کتاب شرح المشکل المتنبی، کتاب المخصص، کتاب المحکم والمحیط الاعظم تصنیف کیں۔

موخرالذکر کتاب ابن سیدہ کی شہرۂ آفاق کتاب ہے، یہ معجم عربی کی اہم معاجم میں سے ہے اور دوسری بعض معاجم کے لیے اسے اساسی مرجع کی حیثیت حاصل ہے مثلاً صاحب لسان العرب اور ابن مکتوم وغیرہ نے اس سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔

اس کتاب کے اندر نحو اور صرف کے قواعد سے متعلق کافی مباحث ہیں، قرآن کریم کی مختلف قرأتوں اور ان کی توجیہات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے، نباتات کی تفصیلات اور تشریحات کا اہتمام ہے، اس سلسلے میں سابقہ معاجم کے متعلقہ مشمولات پر اکتفا نہ کرتے ہوئے صاحب معجم نے اس موضوع سے متعلق دوسری اہم کتب سے بھی استفادہ کیا ہے (مقدمہ القاموس الوحید ص 46)

تاج اللغة وصحاح العربیة ۔ اس مشہور لغت کے مصنف ابونصر اسمٰعیل بن حماد جوہری فارابی (332ھ تا 400ھ) ہیں

ذہانت وذکاوت میں جن کا شمار عجائبات زمانہ میں ہوتا ہے، زبان وادب میں وہ امامت کے درجہ پر فائز تھے، شعر وسخن سے بھی ان کو لگاؤ تھا، انھوں نے متعدد کتابیں لکھیں (1) المقدمة فی النحو (2) عروض الورقة (3) تاج اللغة و صحاح العربية

الفاظ کی تدوین ان کی مناسب تشریح اور اس کی تائید میں قرآن وحدیث اور کلام عرب سے استشہاد کے ساتھ جوہری کا بنیادی مقصد طالبان لغت کے لیے استفادہ کو آسان بنانا تھا۔ خلیل بن احمد اگر لغت نگاری کا موجد تھا تو جوہری مجم میں آسان طریقہ اپنانے کا بانی ہے۔

کتاب کے اندر روایۃً ودرایۃً صحیح الفاظ کے اندراج کا اہتمام کیا ہے اور یہی چیز کتاب کی وجہ تسمیہ بھی ہے۔

لسان العرب. اس ضخیم لغت کے مؤلف ابوالفضل جمال الدین محمد بن مکرم الافریقی المصری الانصاری الخزرجی (630ھ تا 711ھ) ہیں، ان کی شہرت ابن منظور کے نام سے ہے۔ آپ علم نحو، لغت وادب کے امام اور تاریخ کے جید عالم ہونے کے ساتھ شعر وشاعری سے بھی شغف رکھتے تھے۔ تدریس کے ساتھ تصنیف وتالیف بھی آپ کا مشغلہ تھا۔ انھوں نے ادب کی بہت سی طویل کتابوں کی تلخیص بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ کی۔ کتابوں کی تلخیص کے علاوہ ان کی مستقل اہم کتابیں بھی ہیں جن میں نثار الازهار فی اللیل والنهار ایک بہترین ادبی مرقع ہے جس کے اندر لیل ونہار کے پُر فضا اوقات کے بارے میں لکھی گئیں نظم ونثر کا پُر لطف ذخیرہ یکجا کر دیا گیا ہے۔

دوسری اہم کتاب لسان العرب ہے جس نے ابن منظور کو بقائے دوام کی سند عطا کی۔ اس کتاب کو عربی زبان کے جامع ترین مراجع میں شمار کیا جاتا ہے۔

ابن منظور نے لسان العرب میں قدیم لغات کے متفرق، غیر منظم ذخیرۂ معلومات کو حسن ترتیب اور سلیقہ کے ساتھ اس طرح جمع کر دیا ہے کہ سابقہ مشہور کتب لغت اور جوہری مجم کی خوبی اور عمدگی لسان العرب میں یکجا ہو گئی ہے۔

الفاظ کی تشریح وتوضیح کے ضمن میں ابن منظور نے قرآن مجید کی آیات، احادیث نبوی، آثار صحابہ، خطبات، محاورات اور استعاروں سے استشہاد کیا ہے، کم وبیش سترہ سو عرب شعرا کے نام اور چالیس ہزار اشعار اس کتاب میں محفوظ کر دیے گئے ہیں۔

القاموس المحیط. اس کتاب کے مصنف مشہور امام لغت وادب، حدیث وفقہ کے متبحر عالم، مرجع انام محمد بن یعقوب بن محمد بن ابراہیم بن ابوبکر بن ادریس بن فضل اللہ علامہ ابو طاہر مجد الدین شیرازی فیروز آبادی شافعی (729ھ تا 827ھ) ہیں۔ قدرت نے انھیں بے مثال قوت حفظ سے سرفراز کیا تھا، سات سال کی عمر میں قرآن حکیم حفظ کرلیا اور پھر علوم دینیہ اور فنون ادبیہ کی تحصیل کے لیے اسلامی بلاد وامصار کے سفر کیے۔ ان کا معمول تھا کہ سونے سے پہلے دو سو سطریں حفظ کیا کرتے تھے۔ اپنے قوی حافظے، بے پناہ شوق علم اور انتھک جد وجہد سے انھوں نے تفسیر، فقہ، حدیث، شعر وادب، لغت، نحو وصرف میں ید طولیٰ حاصل کرلیا۔

ہندوستان میں عربی لغت نگاری

غوری فتوحات 588ھ مطابق 1192ء کے بعد ہی شمالی ہندوستان میں اسلامی علوم وفنون اور عربی زبان وادب کی تعلیم وتصنیف کا آغاز ہو گیا تھا۔ مسلم حکومت کی اساس جوں جوں مستحکم ہوتی گئی، علم وفن کی تحصیل وتدریس کے دائرے میں وسعت پیدا ہوتی چلی گئی اور ہندوستان، حرب وعراق، مصر وشام، ہسپانیہ کی طرح اسلامی علوم وادبیات کا اہم مرکز بن گیا، علم وفن کے ہر شعبے میں تصنیف وتالیف بڑے پیمانے پر ہونے لگی، یہاں کے ارباب علم اور ماہرین زبان وادب نے لغت نویسی کی طرف بھی توجہ کی اور مفید ومبسوط کتابیں عربی لغت میں تحریر کیں۔

سب سے پہلے مشہور محدث امام رضی الدین حسن صغانی متوفی (650ھ) نے فن لغت پر متعدد کتابیں تحریر کیں۔ (1) اسماء الفاره (2) اسماء الذئب (3) اسماء الاسد والنوادر (4) مجمع البحرين۔ موخر الذکر کتاب بارہ جلدوں پر مشتمل ہے۔

نواب صدیق حسن لکھتے ہیں: ''مجمع البحرین'' لغت میں امام حسن بن محمد صغانی متوفی 650ھ کی تصنیف ہے جو بارہ جلدوں پر مشتمل

ہے اس کا آغاز الحمد لله الشاكرين الخ سے ہے اور اس میں ذکر کیا ہے کہ انھوں نے اپنی اس کتاب کو درج ذیل کتابوں سے اخذ کیا ہے کتاب تاج اللغة، جوہری کی صحاح العربيه، کتاب التكمله اپنی کتاب الذيل اور كتاب الصلة سے، صحاح کی علامت ص بنائی ہے اور تکملہ کی ت، حاشیہ تکملہ کی ح بنائی ہے اور اس کا نام مجمع البحرين رکھا (البلغة فی اصول اللغة ص 131)۔

العباب الزاخر واللباب الفاخر . یہ رضی الدین حسن صغانی کی مہتم بالشان کتاب فن لغت میں ہے جس سے مشہور لغوی مجد الدین فیروز آبادی نے اپنی سات جلدوں پر مشتمل ضخیم کتاب لغت اللامع المعلم العجاب الجامع بين المحكم والعباب میں استفادہ کیا تھا سید حسن برنی لکھتے ہیں: ''عربی لغت کے متعلق متقدمین ائمہ لغت نے بڑے بڑے عظیم الشان کارنامے انجام دیے جو فی الواقع حیرت انگیز ہیں، امام صغانی کی یہ کتاب ان مہتم بالشان کارناموں میں بھی امتیاز خاص رکھتی ہے، قاموس کے مصنف امام مجد الدین فیروز آبادی نے جو عربی لغت کے بہت بڑے امام ہیں، عربی لغت میں ایک ضخیم کتاب ساٹھ جلدوں میں لکھی تھی جو زیادہ تر امام صغانی کی العباب اور اندلس کے نابینا علامۂ لغت امام ابن سیدہ کی کتاب المحكم پر مبنی تھی اس کتاب کا نام فیروز آبادی نے اللامع المعلم العجاب الجامع بين المحكم والعباب رکھا اور اسی کا خلاصہ دو جلدوں میں قاموس میں کر دیا (تذکرۃ المحدثین جلد 3 صفحہ 31)

اس کے بعد مشہور محدث، متبحر عالم طاہر پٹنی متوفی ۹۸۶ھ نے لغت میں کتاب مجمع البحار فی غرائب التنزيل ولطائف الاخبار چار جلدوں میں تحریر فرمائی۔ اس کتاب کے بارے میں نواب صدیق حسن خاں لکھتے ہیں ''شیخ محمد طاہر پٹنی متوفی 986ھ کی تصنیف ہے اور انھوں نے اس کا ذیل اور تکملہ بھی تحریر فرمایا جس میں نهايه لابن اثير کے طریقہ کو اختیار کیا ہے اور ہم نے اس کتاب کے بارے میں بسط و تفصیل کے ساتھ اپنی کتاب اتحاف النبلاء المتقين باحياء مآثر الفقهاء المحدثين میں لکھا ہے (البلغة فی اصول اللغة ص 130)

مجمع بحار الانوار یہ مصنف کی سب سے اہم اور مہتم بالشان کتاب ہے ان کا بیان ہے کہ اس کی بنیاد نهايه ابن اثير اور ناظر عين الغريبين پر رکھی ہے، یہ ایک جامع لغت ہے جس میں کلام مجید اور حدیث کے مشکل الفاظ کی لغوی تحقیق کی گئی ہے یہ کتاب اگرچہ مشکل اور غریب الفاظ حدیث کی توضیح کے لیے لکھی گئی ہے اور اس لحاظ سے یہ واقعۃً عدیم المثال ہے مگر مصنف نے چونکہ ان حدیثوں کو بھی نقل کر دیا ہے جن میں یہ الفاظ مذکور ہیں اس طرح یہ حل لغات کے علاوہ حدیثوں کی عمدہ شرح و تفسیر بھی ہے اسی لیے اہل فن نے اس کو صحاح ستہ کی شرح بھی کہا، شاہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں ''از آں جملہ کتاب است کہ متکفل شرح صحاح است مسمی بہ مجمع البحار۔ ان کی تصنیفات میں ایک کتاب جو صحاح ستہ کی شرح کی ضامن ہے اس کا نام ''مجمع البحار'' ہے (تذكرة المحدثين ج 3 ص 163)

عربی لغت نویسی کے ساتھ ہندوستان میں فارسی زبان کے لغت بھی تحریر کیے گئے، فارسی زبان کے جو لغت عبدالرشید حسینی سے پہلے تحریر کیے گئے ان میں سرفہرست قاضی خاں محمود دہلوی 823ھ کی کتاب آداب الفضلاء اور عبدالرحیم بن احمد بہاری کی کتاب کشف اللغات والاصطلاحات مشہور ہے۔

سید عبدالرشید حسینی اور ان کی لغت نگاری

سندھ جسے محمد بن قاسم ثقفی نے فتح کیا اور وہاں اسلامی حکومت کی داغ بیل ڈالی تقریباً دو سو سال تک عرب اس علاقے پر حکمرانی کرتے رہے پھر محمود غزنوی نے اسے اپنی قلمرو میں شامل کیا، اس کے بعد غوری فتوحات کے نتیجے میں سندھ، دہلی سلطنت کا ایک حصہ قرار پایا، سیاسی انقلابات کے باوجود یہاں کے شہر علم کا مرکز بنے رہے، حکومتیں بدلتی رہیں مگر اس کا علمی تشخص اپنی جگہ پر قائم رہا، یہاں تک کہ مغلوں کا شاندار عہد حکومت آیا تو ہندوستان کے دیگر علاقوں کے ساتھ ساتھ یہاں کی علمی روایت میں بھی قوت اور وسعت پیدا ہوئی، چنانچہ مغلیہ حکومت کے دور اقبال میں سندھ کے زیریں خطے کا دارالسلطنت ٹھٹھہ علم و فضل کا بہت بڑا مرکز تھا۔ کپتان ہملٹن خلیج فارس سے ہوتا ہوا سندھ کے شہر ٹھٹھہ 1690ء

میں پہنچا، وہ اس شہر کی علمی مرکزیت کا تذکرہ اس طرح کرتا ہے۔

''ٹھٹھہ شہر، علوم فقہ اور فلسفہ وسیاسیات کے لیے مشہور ہے، ان علوم میں لڑکوں کو تعلیم دینے کے لیے تقریباً چار سو کالج یہاں تھے'' (عہد اورنگ زیب میں ص5) عہد مغلیہ کے مشہور سندھی فضلا میں شہنشاہ اکبر کے معاصر قاضی محمود علامہ عباسی تھے، جنھوں نے متعدد کتابوں پر حواشی تحریر کیے اور ایک کتاب اولیا کے تذکرے میں لکھی۔ سید نظام الدین ٹھٹھوی اور مولانا محمد ابوالخیر نے فتاویٰ عالمگیری کی تدوین میں حصہ لیا، قاضی ابراہیم ٹھٹھوی عہد شاہ جہانی میں دارالخلافہ کے مفتی اور قاضی عسا کر تھے، ملا محمود دماغی ٹھٹھوی شاہ جہاں کے ایام شاہزادگی میں اس کے پیش امام تھے، ٹھٹھہ کے قدیمی سربرآوردہ بزرگوں میں مخدوم میاں ٹھٹھوی وفات 1443ء، مخدوم شہ ٹھٹھوی جو علم حدیث کے استاذ تھے اور ''شرح اربعین'' ''شرح گیلانی'' اور دوسرے رسائل کے مصنف تھے، وفات 1543ء، شیخ الاسلام میرک محمد سبزواری ٹھٹھوی 1555ء اور میرک محمد ٹھٹھوی مؤلف ''فتاویٰ تورانی'' 1562ء قابل ذکر ہیں۔

''منتخب اللغات شاہ جہانی'' کے مصنف سید عبدالرشید بن عبدالغفور الحسینی المدنی التوی کا مولد اور وطن بھی یہی شہر ٹھٹھہ ہے۔ جہاں ان کے جد اعلیٰ مدینہ منورہ سے آکر آباد ہو گئے تھے، عبدالرشید کی پرورش اور تعلیم وتربیت اسی قدیم معارف پرور شہر میں ہوئی جو اس زمانہ میں علم اور علما کا بڑا مرکز تھا۔ خداداد صلاحیت علمی ذوق وشوق اور جستجوئے علم وفن کی لگن نے عبدالرشید حسینی کو ایک ممتاز فاضل، ادیب اور ماہر لغت والسنہ بنادیا۔ انھوں نے اپنے علمی کمالات میں اضافہ اور اس سے عام لوگوں کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے ہندوستان کے دارالسلطنت اکبرآباد (آگرہ) کا رخ کیا، جو ملک کی راجدھانی ہونے کے ساتھ ساتھ علم وفن اور ماہرین علوم وفنون کا بہت عظیم الشان مرکز تھا۔ لالہ سیل چند، اپنی کتاب ''تفریح العمارات'' میں لکھتے ہیں۔

''شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر شاہ کے زمانہ میں آگرہ کے اندر جابجا مدرسے قائم تھے، جن میں فارس اور ایران کے ماہر اساتذہ تعلیم دیتے تھے۔ چنانچہ اس زمانے کا مدرسہ عالیہ آج تک چمنستان علم وادب کو رونق عطا کر رہا ہے اور اس کا مشاہدہ نگاہوں کو حیرت زدہ کر دیتا ہے'' (ہندوستان کی قدیم اسلامی درسگاہیں ص32)۔

شہنشاہ جہانگیر ''تزک جہانگیری'' میں لکھتا ہے ''آگرہ کی آبادی صناعوں اور طلبائے علوم سے بھری ہوئی ہے۔ ہر مذہب وملت کے علما اس شہر میں آباد ہیں'' (ایضاً ص33)۔

عبدالرشید الحسینی نے علم وفن کی راجدھانی آگرہ کو اپنا مستقر بنایا اور عربی وفارسی لغت میں اپنی متعدد اہم کتابیں تحریر کیں، ان کے علمی فضائل کا تذکرہ حکیم عبدالحی حسنی اس طرح کرتے ہیں۔

الشیخ الفاضل اللغوی الکبیر عبد الرشید بن عبد الغفور الحسینی المدنی التتوی السندی احد الرجال المعروفین بالفضل والکمال ولد و نشا بمدینة (تته) من بلاد السند و قدم اکبر آباد فسکن بهاله "منتخب اللغات" کتاب بسیط فی اللغة العربیة بلسان الفرس سهل التناول کبیر الفائدة وله "فرهنگ رشیدی" کتاب فی اللغة الفارسیة صنفه سنة اربع و ستین والف وله رسالة فی المناظرة وهو الذی استخرج التاریخ لجلوس عالمگیر بن شاه جهان علی سریر والده من قوله تعالیٰ" اطیعوا الله و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم" (نزهة الخواطر جلد 5 ص 240)۔

شیخ فاضل بڑے لغوی عبدالرشید بن عبدالغفور حسینی مدنی تتوی سندھی، ان لوگوں میں ایک ہیں، جو اپنے فضل وکمال کی بنا پر مشہور ہیں، بلاد سندھ کے شہر (ٹھٹھہ) میں آپ پیدا ہوئے اور وہیں نشو ونما پائی پھر آپ اکبرآباد آئے، جہاں سکونت اختیار کر لی، آپ نے فارسی زبان میں لغت عربی کی ایک مبسوط کتاب ''منتخب اللغات'' تحریر فرمائی، جس کا حصول آسان اور وہ عظیم فائدہ پر مشتمل ہے۔ 1064ھ میں فارسی لغت میں ''فرہنگ رشیدی'' تحریر کی اور مناظرہ میں ایک رسالہ بھی لکھا۔ آپ ہی کی وہ ذات ہے، جنھوں نے عالمگیر بن شاہ جہاں کے اپنے والد کے تخت پر

بیٹھنے کی تاریخ اللہ تعالیٰ کے قول اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم سے استخراج فرمائی۔

کشن چند اخلاص اپنے تذکرے میں سید عبدالرشید کی توصیف ان الفاظ میں کرتے ہیں "ملا عبدالرشید مؤلف "فرہنگ رشیدی" عربی و فارسی کہ خطبۂ آں فرہنگ بنام شاہ جہان بادشاہ نوشتہ، سپہر فضل و دانش بودہ وکوکب ضیاد بینش" (بحوالہ مقدمہ "معربات" ص 31)۔

میر علی شیر قانع تتوی "مقالات الشعرا" میں لکھتے ہیں۔

"میر عبدالرشید ولد عبدالغفور الحسینی المدنی التتوی علامۂ وقت بودہ، تصنیفات کثیرہ دارد، برصدق کمالش دو منتخب لغت، عربی و پارسی المشہور بہ رشیدی عربی و رشیدی پارسی دو شاہد عادل بس اند وایضاً ایں چند بیت اواز جملہ ابیات قصیدۂ طولانی برہان جامعیت علوم است۔ منہ۔

باز طغیانِ جنوں دارد دل شیدائے من
شورش زنجیر افزوں می کند سودائے من

سید عبدالرشید ماہر لسانیات، لغوی اور دیگر علوم و فنون میں مہارت کے ساتھ شعر و شاعری سے بھی شغف رکھتے تھے۔ کوئی دیوان یادگار نہیں، تاہم "منتخب اللغات" کے دیباچہ میں متفرق اشعار اور قانع کی "مقالات الشعرا" میں در مدح حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک قصیدہ نقل ہوا ہے اور ان کے بعض قطعات تاریخ بھی پائے جاتے ہیں، ان نمونوں سے شاعری میں ان کی نظم نگاری، سلاست بیانی اور قدرت کلام کا اندازہ ضرور ہوتا ہے مگر انھیں بحیثیت شاعر تذکرہ نگاروں نے اہمیت نہیں دی ہے، ہاں ان کی تاریخ نگاری کو ضرور سراہا گیا ہے۔

قطعۂ تاریخ ولادت، شاہ جہاں بادشاہ کے تین اشعار ملاحظہ ہوں۔

شاہنشہہ زمانہ دانشور یگانہ — اسکندر نخستیں صاحب قران ثانی
از چار و نہ نیاید دیگر چو او خدیوے — کامد قرین حکمش تائید آسمانی
از چار و نہ گزر کن تا عقل بر تو خواند — تاریخ مولدش را صاحب قران ثانی

1013ھ

"منتخب اللغات" کے قطعۂ تاریخ کے آخری شعر میں، عمل تخرجہ کے ذریعہ مطلوبہ سنہ برآمد کیا گیا ہے۔

از پئے تاریخ بلا قال و قیل — گفت خرد منتخب بے بدیل

منتخب کے اعداد 1092 ہیں، ان میں سے بدیل کے اعداد 46 نکال دیں تو سنہ تالیف 1046 حاصل ہوتا ہے۔

سید عبدالرشید کے تفصیلی حالات زندگی پردۂ خفا میں ہیں، ان کی تاریخ ولادت کا سراغ نہیں ملتا، ہاں تاریخ وفات مولانا آزاد بلگرامی نے "خزانۂ عامرہ" میں تحریر کیا ہے۔

در تاریخ فوت میر عبدالرشید لغوی تتوی صاحب منتخب اللغات و فرہنگ فارسی کہ در سنہ سبع و سبعین بعالم باقی شتافت ایں مصرع یافت

ع سید عبدالرشید باد بفردوس پاک۔ (مقدمہ "معربات" ص 37 سید عبدالرشید کی فرہنگ نویسی)۔
1077ھ

عبدالرشید ماہر زبان و ادب اور لغت نگار کی حیثیت سے عام شہرت رکھتے ہیں، بلاشبہ فرہنگ نویسی ان کا طرۂ امتیاز ہے، جس نے ان کو علمی دنیا میں عظمت و رفعت کا اونچا مقام عطا کیا ہے، عبدالرشید نے اپنی زندگی کے بیش قیمت اور طویل اوقات اس کام کے لیے وقف کر دیے تھے اور دو مشہور لغات 1۔ منتخب اللغات 2۔ فرہنگ رشیدی، زبان و ادب سے تعلق رکھنے والے حلقۂ علم و ادب کو عطا کیے، ان کے علاوہ معربات رشیدی بھی ان کی ذہنی و قلمی کاوشوں کا اچھا نمونہ ہے۔

ان کا ایک رسالہ "مغیرات" بھی تھا مگر افسوس اس کا کوئی نسخہ دورِ حاضر کے محققین کو اب تک دستیاب نہ ہو سکا۔ ذیل میں سید عبدالرشید کی کتابوں کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔ بلحاظ تاریخِ تالیف سب سے پہلی کتاب "منتخب اللغات" ہے مگر ہم اس کا ذکر آخر میں کریں گے۔

فرہنگ رشیدی

سید عبدالرشید کی یہ ضخیم تالیف ہے، جو فارسی لغت میں نمایاں مقام رکھتی ہے۔ یہ لغت ''منتخب اللغات شاہ جہانی'' کی تکمیل کے بیس سال بعد مکمل ہوئی۔ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی لکھتے ہیں'' منتخب اللغات شاہ جہانی'' کے قریب قریب دو عشرے بعد ہمارا مؤلف اپنا شاہ کار'' فرہنگ رشیدی'' دنیا کے سامنے پیش کرتا ہے۔ یہ فرہنگ اس نے اپنے زمانہ میں مروجہ فارسی کتب لغات کی خامیاں دور کرنے کی غرض سے تیار کی تھی، ان دنوں رائج کتب لغات فارسی میں دو کتابیں زیادہ اہم اور مقبول تھیں (1) فرہنگ جہاں گیری از میر جمال الدین حسینی انجو شیرازی۔ (2) مجمع الفرس المعروف بہ'' فرہنگ سروری'' جو محمد قاسم سروری کاشانی کی تالیف ہے''(مقدمہ'' معربات رشیدی'' ص 54) دونوں لغت کی کتابیں معتبر ہونے کے باوصف بعض خامیوں سے خالی نہیں تھیں، الحسینی نے ان خامیوں کو دور کرنے کے لیے'' فرہنگ رشیدی'' مرتب کیا۔ بلاشبہ یہ عبدالرشید کا قیمتی شاہ کار ہے مگر جس زمانہ میں یہ کتاب پایۂ تکمیل کو پہنچی، سیاسی لحاظ سے بڑا پرآشوب دور تھا اور حالات غیر یقینی صورت اختیار کر چکے تھے، اس لیے اس نے اپنے دیباچہ میں بادشاہِ وقت اور اعیان و امرا میں سے کسی کا ذکر نہیں کیا، کتاب 1064ھ میں مکمل ہوئی۔

فرہنگ رشیدی کے بارے میں بعض محققین کی آرا حسب ذیل ہیں۔

(1) شہریار نقوی۔ ''اما بیش از ہمۂ کتب لغت متقدم دریں فرہنگ، تحقیق و تفحص در مطالب بعمل آمدہ است و در بارۂ معانی کلمات تنقید بیشترے بکار بردہ شدہ است''۔

(2) آقائے محمد عباسی۔ ''درمیانِ کتب لغت مستند و معتبر فارسی کہ بر اساس تحقیق و تتبع در آثار منظوم و منثور فصحائے متقدم تصنیف شدہ، بدون ہیچ گمان ''فرہنگِ رشیدی'' مہم ترین و مفصل ترین و معتبر ترین آنہا ست''۔

''فرہنگ رشیدی'' کی اہمیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہندوستان اور ایران میں بار بار اس کی اشاعت عمل میں آئی۔

معربات رشیدی

سید عبدالرشید حسینی کا یہ اہم رسالہ ان غیر عربی زبانوں کے الفاظ کی تحقیق پر مبنی ہے، جو بعض تغیرات کے ساتھ عربی زبان میں شامل کر لیے گئے۔ دنیا کی کوئی ترقی یافتہ زبان غیر زبانوں کے ذخیرۂ الفاظ سے بے نیاز نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ عربی میں بھی غیر زبانوں کے الفاظ بعض تبدیلیوں کے ساتھ داخل ہو گئے ہیں۔

عربی زبان کے ماسبق فرہنگ نویسوں نے اپنی کتابوں میں جابجا معرب اور دخیل الفاظ کی نشان دہی کی ہے، جن کا تتبع سید عبدالرشید نے اپنی ''منتخب'' میں کیا ہے، پھر مزید تحقیق و جستجو کے بعد ان الفاظ کو ''معربات رشیدی'' میں قوافی کی رعایت کرتے ہوئے حروف ہجا کی ترتیب پر یکجا کر دیا ہے، جو ادب والسنہ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے۔ اس کتاب کا محقق نسخہ ادارۂ یادگارِ غالب کراچی سے 2003ء میں شائع ہو چکا ہے۔

رسالۂ مغیرات

یہ الحسینی کی نایاب کتاب ہے، جس کا کوئی نسخہ شاید دست بردِ زمانہ سے محفوظ نہیں رہ سکا، چنانچہ ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی لکھتے ہیں'' تاحال اس کا کوئی نسخہ دستیاب نہیں ہو سکا۔ اس کے نام کا پتہ بھی صرف رسالۂ معربات کے ایک اندراج سے ملتا ہے۔ لفظ ''لازورد'' کے بارے میں مؤلف کا کہنا ہے ''لازورد'' معرب ژورد...... امالا جورد مغیر لاژورد است نہ لغت اصلی چنانچہ در رسالۂ مغیرات مبین شدہ'' (مقدمہ'' معربات'' صفحہ 49)۔

منتخب اللغات

سید عبدالرشید الحسینی نے لغت نویسی کی روایت کو اس طور پر آگے بڑھایا کہ عربی الفاظ کو بڑی جامعیت وصحت کے ساتھ حروف تہجی کی ترتیب پر جمع کیا اور ان کے معانی غالباً ہندوستان میں پہلی بار فارسی زبان میں تحریر کیے، جو وقت کی ایک اہم ضرورت تھی جب کہ عہد مغلیہ کے دور شباب میں حکومت، عوام، خواص، علما، صوفیا، شعرا اور ادبا کی زبان فارسی ہی تھی، اگر چہ دینی و مذہبی درسیات عربی میں تھیں اور با کمال اہل علم عربی زبان اپنی مخصوص علمی مجلسوں اور اہم کتابوں کی تصنیف و تالیف میں استعمال کر رہے تھے مگر ان کی بھی تدریسی، تعلیمی اور تبلیغی زبان فارسی ہی تھی، اہل علم کے لیے تو عربی لغات سے استفادہ ممکن تھا مگر عوام اور کم خواندہ لوگوں کے لیے طویل و بسیط عربی لغات سے فائدہ اٹھانا ازبس دشوار تھا، ایسی صورت میں منتخب اللغات ایک ایسا جامع اور مبسوط لغت تالیف کیا گیا جس سے ہر فارسی داں بہ آسانی عربی کے الفاظ کے معانی اور ان کے فارسی مترادفات سے بخوبی آشنا ہو سکے۔

''منتخب اللغات شاہ جہانی'' اگر چہ عربی کی مستند اور مشہور کتب لغت: قاموس، مہذب، صحاح، کنز، اسامی، مصادر اور صراح کا صحت مند انتخاب وخلاصہ ہے مگر محض فارسی داں حضرات اور متوسط درجہ کا علم رکھنے والوں کو بڑی بڑی ضخیم اور مبسوط لغتوں سے بے نیاز کر دیتی ہے۔

شیخ عبدالرشید نے اپنی کتاب کے قطعۂ تاریخ میں ''منتخب اللغات'' کے مصادر و مراجع کی نشان دہی اس طرح کی ہے۔

نسخۂ جامع ز لغات عرب از نسخ معتبرہ منتخب
نسخۂ قاموس و مہذب صحاح کنز و اسامی و مصادر صراح

ماسبق لغت نگاروں کا طریقہ یہ تھا، کہ وہ الفاظ کے مادوں کو اپنے مخصوص نہج ترتیب پر درج کرتے اور ان کے جملہ مشتقات کو ذیل میں بیان کر دیتے، کسی مشتق یا تعلیل شدہ لفظ کے معنی دریافت کرنے کے لیے پہلے اس کے مادے کو معلوم کرنا ضروری ہوتا، پھر ان کے ماتحت اس مشتق لفظ کو تلاش کیا جاتا اور معنی معلوم کیے جاتے، کم خواندہ افراد جو علم صرف سے نا آشنا ہوتے، ان کے لیے مشکل لفظ کے مطلوب معنی تک رسائی دشوار ہوتی۔ عبدالرشید نے ان مشکلات کو آسان کر دیا، تمام ضروری اور کثیر الاستعمال الفاظ خواہ وہ مصدر ہوں یا مشتق، تعلیل شدہ ہوں یا اصل، سب کو حروف تہجی کی رعایت کرتے ہوئے متعلقہ ابواب و فصول میں جمع کر کے ان کے معانی اور مترادفات ذکر کر دیے۔ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی لکھتے ہیں۔''اس لغت میں اس نے عربی فرہنگ نویسوں کے عمومی طریق ترتیب سے انحراف کیا ہے۔ وہ یوں کہ اس کی لغت میں الفاظ کا اندراج ابجی ترتیب سے کیا گیا ہے، تا کہ ایسے فارسی خواں بھی مستفید ہو سکیں، جو عربی علم صرف سے واقف نہیں ہوتے اور ان کتب لغات سے استفادہ نہیں کر سکتے جن کی تالیف میں الفاظ کے بنیادی مادوں کی ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور ہر مادہ کے مشتقات اس کے ذیل میں ابجی کے بجائے صرفی ترتیب کے ساتھ درج کیے جاتے ہیں''۔ (مقدمہ ''معربات رشیدی'' ص 46)

سید عبدالرشید نے ''منتخب اللغات'' 1046ھ میں مکمل کی اور اسے صاحب قران ثانی شاہ جہاں بادشاہ کے نام منسوب کیا۔ دیباچۂ کتاب میں اپنے مربی شاہجہاں بادشاہ اور اس کے چاروں شہزادوں کی نثر و نظم میں مدح سرائی کی ہے۔ دیباچہ کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے، کہ اس کا نثری اسلوب واضح، آراستہ اور فصیح و بلیغ ہے۔ دیباچہ میں نظم کا حصہ بھی بہت برمحل ہے۔

صاحب ''منتخب اللغات شاہجہانی'' نے قطعۂ تاریخ میں یوں تو مصادر و مآخذ کی حیثیت سے متعدد لغات کا ذکر کیا ہے، لیکن شیخ مجدالدین فیروز آبادی کی ''القاموس المحیط'' اور جوہری کی ''الصحاح'' اور ابوالفضل محمد بن عمر بن خالد کی ''الصراح'' سے زیادہ کام لیا ہے۔ ضمناً دوسرے لغات کا بھی حوالہ بعض مقامات پر نظر آتا ہے۔

خصوصیات

ذیل میں ''منتخب اللغات'' کی چند اہم خصوصیتیں تحریر کی جاتی ہیں۔

(1) عبدالرشید الحسینی نے لغت نگاری کے مشکل طریقہ سے ہٹ کر حروف تہجی کی ترتیب پر حرف اول اور حرف آخر کی رعایت کرتے ہوئے اپنے مدنظر ادبیات وفنون میں مستعمل اکثر الفاظ کو مستقلاً ابواب وفصول میں درج کردیا ہے، جس کی وجہ سے الفاظ کی تجرید، مادے کا تتبع اور تقلیب الفاظ کی تہہ میں اتر کر الفاظ مطلوبہ کے سلسلہ میں سرگردانی سے محفوظ رہ کر براہ راست ان کے معانی ومفاہیم تک پہنچنا آسان ہوگیا ہے۔

(2) تمام لغات عربیہ کا استیعاب کر کے وہ لغات علاحدہ کر لیے گئے ہیں، جو عام طور پر عربی شعروادب اور گفتگو میں استعمال ہوئے ہیں، اس طرح غیر ضروری الفاظ کا اندراج اقل قلیل ہوگیا ہے اور لغت میں جامعیت واختصار کی صفت پیدا ہوگئی ہے۔

(3) اسم کے مفرد ہونے کی صورت میں اس کی کثیر الاستعمال جمع لکھ دی گئی ہے اور جمع ہونے کی صورت میں اس کا مفرد لکھ دیا گیا ہے۔

(4) سرلفظ (Head Word) کے حرف اول پر اعراب پھر ان کے معانی اور ان میں الفاظ سے موسوم شہروں، قصبوں، قریوں، دریاؤں، شخصیتوں، قبیلوں اور فنون کی نشان دہی کی گئی ہے۔

(5) معانی کی تائید وتوضیح میں قرآنی آیات، احادیث کے ٹکڑے، محاورات، ضرب الامثال اور شعراوادبا کے کلام سے بعض مقامات پر استشہاد کیا گیا ہے۔

(6) صاحب ''منتخب اللغات'' نے متعدد مقامات پر ماسبق لغت نگاروں کی غلطیوں کی تصحیح کی ہے اور معانی کا اندراج تحقیق کے ساتھ کیا ہے۔

(7) کتاب میں دخیل ومعرب الفاظ کی نشان دہی کی گئی ہے، ہر معرب لفظ کے غیر عربی لفظ کو بھی لکھ دیا ہے جس سے واضح ہوجاتا ہے کہ یہ عجمی لفظ اس معرب لفظ کی اصل ہے۔

(8) اہم مذہبی، دینی، تاریخی احوال وواقعات بھی اجمالاً ذکر کردیے گئے ہیں۔

(9) دینی وفقہی مسائل واحکام بھی کہیں کہیں بیان کیے گئے ہیں۔

(10) القاموس المحیط جسے عبدالرشید نے اتھاہ سمندر اور ''منتخب اللغات'' کو اس کی نہر قرار دیا ہے، بلفظ دیگر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ''منتخب اللغات'' کا بیشتر حصہ القاموس سے ماخوذ ہے، مگر اس کتاب میں لغت کا بیان ایسی عبارت میں کیا گیا ہے، جو اصل لغت (لفظ) سے زیادہ مغلق اور مشکل ہے۔ عبدالرشید نے اس کے برخلاف اصل لفظ کے معانی اور مترادفات آسان وسہل زبان میں بیان کرنے کا التزام کیا ہے۔

قاموس میں لغت کی وضاحت مشترک الفاظ سے کی گئی ہے، جس کی بنا پر صحیح معنی تک رسائی مشکل ہوتی ہے، حسینی نے معانی کے بیان میں مشترک الفاظ لانے سے احتراز کیا ہے، تاکہ قاری کو مفہوم لفظ میں اشتباہ نہ ہو۔ صاحب قاموس نے بعض مقامات پر ایسے مباحث ذکر کیے ہیں، جن کا تعلق لغت سے نہیں ہے، حسینی نے اپنی کتاب میں غیر متعلق امور کا ذکر اختصار سے کیا ہے۔ ان کی تفصیل سے اجتناب کیا ہے، تاکہ قاری دوسرے مباحث میں نہ الجھے۔

(11) نحو، معانی وبیان، عروض اور ہیئت کی بعض اصطلاحوں کا مجملاً ذکر کیا ہے۔ ساتھ ہی بحروں کے اوزان ان کے زحافات لکھ دیے ہیں۔ نیز اہم شخصیتوں کے اعلام، القاب اور قبیلوں کے اجداد کی نشان دہی کی ہے۔

ترجمۂ منتخب اللغات: طریقۂ کار

برصغیر ہند میں جب تک فارسی زبان کا رواج عام تھا، منتخب اللغات کو عوام وخواص کے اندر قدر وقیمت کی نظر سے دیکھا جاتا رہا، طباعت

کی سہولیات مہیا ہونے کے بعد اس کے بہت سے ایڈیشن شائع ہوئے مگر جب اردو زبان کو غلبہ حاصل ہوا اور عربی اردو لغات کا چلن عام ہوا تو ''منتخب اللغات'' کی مقبولیت متاثر ہوئی، تاہم علما اور خواص کے نزدیک اس کی اہمیت مسلم رہی۔ اس وقت فارسی زبان ہندوستان میں بہت محدود حلقے میں پڑھی اور سمجھی جاتی ہے، اس لیے عام اردو داں افراد کے لیے اس کتاب سے استفادہ تقریباً ناممکن ہو گیا ہے، اس صورت حال کو سامنے رکھتے ہوئے مترجم نے ''منتخب اللغات'' کا اردو ترجمہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تاکہ اردو داں عوام وخواص کے لیے استفادہ آسان ہو جائے اور سید عبدالرشید الحسینی کی علمی کاوشوں سے لوگ فائدہ حاصل کرسکیں۔

ذیل میں اردو ترجمے میں اختیار کردہ طریقۂ کار کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔

(1) سرلفظ (Head Word) کے تمام حرفوں پر اعراب لگا دیا گیا ہے، پھر لفظ کے تمام حرفوں کو الگ الگ لکھ کر ان کے اعراب کی وضاحت الفاظ میں کی گئی ہے، تاکہ قاری الفاظ کے تلفظ میں غلطی سے محفوظ رہے، جس حرف پر ضمہ (پیش) ہے، اس کو مضموم، جس حرف پر فتحہ (زبر) ہے، اس کو مفتوح اور جن حرف پر کسرہ (زیر) ہے، اسے مکسور اور آخری حرف پر وقف بالاسکان یا وقف بالسکون یا وقف بالتشدید یا وقف بالاثبات ہے اس لیے اس کو موقوف لکھا گیا ہے۔

بعض ایسے حروف جن پر دو یا تین حرکتیں آتی ہیں ان کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔

(2) منتخب اللغات کے فارسی میں بیان کردہ معانی ومفاہیم کو آسان وتحت اللفظی مگر بامحاورہ اردو میں پیش کیا گیا ہے۔

(3) بعض مقامات پر معانی ومطالب کی مزید وضاحت کے لیے مترجم نے تشریحات بھی درج کی ہیں، ان مقامات پر بطور علامت (م) لکھ دی گئی ہے۔

(4) منتخب اللغات کے مصنف نے جن مقامات پر قرآنی آیات اور احادیث کے ٹکڑے ضرب الامثال، اشعار اور اقوال کے ترجمے چھوڑ دیے تھے مترجم نے ان کے ترجمے کر دیے ہیں اور آیات کریمہ کے حوالے بھی درج کر دیے ہیں تاکہ ان عربی عبارتوں کی تفہیم قارئین کے لیے آسان ہو جائے اور کوئی دقت نہ رہے۔

(5) مصنف نے بطور سرلفظ (Head Word) ایک لفظ اور اس کے حرف اول کا اعراب بیان کر کے معانی تحریر کر دیے، پھر وہی لفظ بعض حرکتوں کی تبدیلی سے دوسرے معنوں میں مستعمل ہوا تو اسے سرلفظ کے بجائے عبارت ہی میں اختصار کو مدنظر رکھتے ہوئے ذکر کر دیا ہے۔ مترجم نے ایسے الفاظ کو علاحدہ سرلفظ میں درج کر کے ان کے معانی کا ترجمہ کر دیا ہے تاکہ لفظ اور معنی کی جستجو کرنے والوں کو دیدہ ریزی نہ کرنی پڑے۔

(6) ترجمے کے وقت مترجم کے پیش نظر ''منتخب اللغات'' مطبوعہ 1965ء ممبئی کا نسخہ ہے، مگر اس طبع شدہ میں کتابت کی جابجا غلطیاں رہ گئی ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

(الف) سرلفظ اور معانی کی عبارتوں میں بہت سے ایسے الفاظ ہیں، جن پر نقطے یا تو چھوٹ گئے ہیں یا ادھر ادھر ہو گئے ہیں، کہیں نقطوں کے شمار میں کمی یا زیادتی در آئی ہے مثلاً:

صفحہ	غلط	صحیح		صفحہ	غلط	صحیح
360	لودگی	لوذگی		360	مخری	مجزی
360	مجنوء	مخبوء		141	خرزج	خزرج
397	مسجرین	مسخرین		133	مزح	مژح
38	استجاع	استباع		29	الیتاع	التیاع
112	جخز	جخر		262	عیب	عبب

(ب) بعض الفاظ میں حروف مقدم وموخر ہو گئے ہیں اور بعض حروف غلط مندرج ہو گئے ہیں مثلاً:

صفحہ	غلط	صحیح		صفحہ	غلط	صحیح
394	معطم	مطعم		38	استشقاء	استنقاع
96	تخلیل	تخیل		46	احکاف	احکاک
23	التلذاد	التذاذ		225	صبابی	صابی
159	دمن	دہن		307	فرنج	فرخ
112	جزو	جرز				

سہو کتابت کی بنا پر الفاظ کی ہیئت کچھ سے کچھ ہوگئی ہے۔ مترجم نے دوسری کتب لغت نیز سیاق وسباق کی روشنی میں ان الفاظ کی تصحیح کردی ہے اور ان کے صحیح ترجمے لکھ دیے ہیں۔

(ج) بیانِ معنی میں بھی عبارتوں کے اندر سہو کتابت موجود ہے، غور وتحقیق کے بعد ان کی اصلاح اور صحیح معنی کا اندراج کیا گیا ہے۔ مثلاً: صفحہ 141 پر لفظ خزرج کے ذیل میں مسطور ہے ''و مادر ہر دو قبیلہ نام داشت'' جب کہ صحیح ''مادر ہر دو قبیلہ نام داشت۔ صفحہ 241 پر لفظ ضمد کے تحت ایک معنی ''دو دوست گرفتن زن'' مرقوم ہے جب کہ صحیح ''دو دوست گرفتنِ زن'' ہے۔

محمد عاصم اعظمی

بیت الحکمت کریم الدین پور گھوسی، مئو۔ یوپی

منتخب اللغات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

مالک الملک کی حمد وسپاس، جس کی بے شمار نعمتوں کا تذکرہ اس کے گزشتہ فیوض اور اس کی موجودہ عطاؤں کا شمار دائرہ حصر میں نہیں سما سکتا جنھیں باریک بین عقل میزان علم میں تول نہیں سکتی، مثال کے طور پر اگر دریاؤں کا پانی روشنائی اور درختوں کی شاخیں قلم اور پتے کاغذ بن جائیں، تمام انسان اور فرشتے ابد تک صحیفۂ روزگار اور جریدۂ لیل ونہار پر تحریر کریں تب بھی اس کتاب کا ایک حرف اور حساب کا ایک حصہ تحریر نہیں کر سکتے، اس دریا کا ایک قطرہ اور صحرا کا ایک ذرہ اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتے۔

ان صفات کمالیہ کو کس زبان وبیان سے ادا کیا جا سکتا ہے؟ اس کی کبریائے جلال کے قصر کا کنگرہ اس سے بہت بلند ہے کہ خواص کے عقل کی کمند اور عوام کا وہم وگمان اس مقام تک پہنچ سکے، اس کے میدان کمال کی فضا اس سے زیادہ وسیع ہے، کہ نفوس فلکی اور عقول ملکی کے پردار پرندے افکار کے پر اور ناہنجار اندیشوں کے بازو سے اس جگہ سامان سفر منزل تک لے جا سکیں، اس شاہراہ میں عقل کا جگر خون ہے اور خیال اس حیرت گاہ میں متحیر ہے، سبحان اللہ جس مقام پر حبیب الٰہ راز دان لی مع اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عاجزی کا اعتراف کرتے ہیں اور زبان پر کلمہ "لا احصی جاری فرماتے ہیں۔

کوئے نادانی کے ہرزہ سراؤں اور بادیۂ حیرانی کے بے سروسامان افراد کے لیے خاموشی کے سوا گنجائش نہیں، گفتگو کیا کرتے! کیا ہی محال خیال ہے، ہاں حادث کے لیے ذات قدیم کے ساتھ کیا سروکار؟ ممکن کا واجب کے ساتھ کیا شمار؟ مخلوق کو خالق سے کیا نسبت؟ مملوک کو مالک کے ساتھ کیا مناسبت؟ امکان کے عیب سے آلودہ افراد کے لیے ذات مقدس مطلق کی کیا آگاہی؟ زاویۂ عدم کے قیدی کے لیے وجود بخت کی ہمراہی کا کیا سوال؟

مثنوی

دل زکجاویں پر وبال از کجا — من کہ وتعظیم جلال از کجا
وہم سبکپائے بسی رہ نوشت — ہم زدرش دست تہی بازگشت
پائے سخن راکہ درازست دست — سنگ سرا پردۂ اوسر شکست
پرورش آموختگان ازل — مشکل ایں حرف نکر دند حل
کزازلش علم چہ دریاست ایں — تاابدش ملک چہ صحراست ایں

دور بین عقل کی کوشش کی انتہا اور ذہن ذہین کے ادراک کی نہایت اس مقام میں اثر سے موثر اور سبب سے مسبب پر استدلال اور علت سے معلول کی طرف اور محسوس سے مبدأ عقول کی طرف انتقال ہے اور جب عقل اس تنگ وتاریک راستے میں حیران وپریشان ہوئی تو اپنی صفات سے شریعت کا چراغ اس کے ہاتھوں میں دیا اور اس کو ان چیزوں سے آگاہ کیا جن کے ذریعہ اسے پہچانا جا سکتا ہے، انبیا کو جو انسانی روحوں کے طبیب ہیں، بھیج کر ان اقوال وافعال کا حکم دیا جو بارگاہ ذوالجلال کے قرب واتصال کا سبب ہیں اور ان چیزوں سے جو اس آستانے سے مایوسی (محرومی) اور عیوب امکانی کی آلودگی کا سبب ہیں روکا، سب سے پہلے آدم خاکی کو وَعَلَّمَ اٰدَمَ کے تعلیم خانہ میں مودب ومہذب بنا کر خلعت نبوت وتشریف سلطنت پہنایا اور دنیا کے اہم سلسلۂ انتظام کو ان دو باتوں سے مربوط کیا، چونکہ صورت ومعنی کا حفظ اور ظاہر وباطن کا ضبط نوع انسانی سے دشوار تھا اور ان دونوں مرتبوں کا جامع ہونا اکثر انسانوں سے متعذر تھا، اس لیے اکثر اوقات انسانوں کی ایک جماعت کو نبوت

سے اور ایک جماعت کو سلطنت سے مشرف فرمایا، سلسلۂ رسالت کے منقطع ہونے اور دور نبوت کے ختم ہونے کے بعد صاحب اقتدار بادشاہوں اور عالی قدر سلطانوں کو امر خلافت کی ترویج اور حکم سلطنت کی ترتیب کے لیے مقرر کر کے عقل وشرع کی تائید سے مؤید کیا، پھر سیف قاطع اور رائے ساطع سے مضبوط کر کے معنی وصورت کے کارخانے اور وحدت وکثرت کی بارگاہ کو آراستہ کیا، تاکہ جمہور انسان اور تمام مسلمان معاش کی نشو ونما کے مصالح اور منافع کی تحصیل کر کے امور آخرت کی تکمیل کے لیے آمادہ ہوں، فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شی و الیه تر جعون. (ترجمہ) پاک ہے وہ ذات جس کے دست قدرت میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

برگزیدۂ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر درود وسعادت ورود ہو، کہ خالق کائنات نے خود جن کی خوبی بیان کی ہے، ان کے بزرگ نام کو اپنے نام کے قریب رکھا (احد اسم الٰہی اور احمد اسم رسول) انھیں رسولوں کا خاتم اور اشرف انبیا بنایا، ان کے دین کو تمام مذہبوں اور ملتوں کا ناسخ قرار دیا اور اصحاب اخیار اہل بیت اطہار اور مہاجرین وانصار کے ذریعہ مؤید کیا، دین مبین کے غلبے اور مشرکین پر مومنین کی سربلندی کی بشارت کے ذریعہ اسلام اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کی بلندی کا جھنڈا قیام قیامت تک لہرادیا، کس شخص میں اتنی استعداد اور قوت ہے، کہ آپ کی نعت لکھ سکے، کیا خوب ولایت نبوت کے تاجدار کہ "لااله الا الله" کی صدا (اذان) ان کی صدائے پنج نوبت ہے "محمد رسول الله" کی ندا آپ کی حکومت کے نقارے کا کروفر ہے، وہ ایسے والی نہیں کہ کبھی فرمان عزل ان کے نام سے صادر ہوا اور وہ ایسے تاجدار نہیں، کہ لشکر کی کمی سے کمزور ہوں اور کثرت غوغا سے شکست کھا جائیں، وہ ایسے قہرمان (حاکم) ہیں کہ برہان فرقان کی شمشیر بُرّاں سے فصحائے عرب عربا کی سرکشی کے دعوے کے سر کو کاٹ ڈالا، قرآن کی سورتوں میں سب سے مختصر سورت کے معارضہ سے مکہ اور بطحا کے بلغا کی گردنوں میں کمند ڈال دی، آپ ایسے فصیح البیان ہیں کہ انا افصح العرب آپ کے لائق ہے، ایسے بلیغ ہیں کہ آپ کے لیے " اوتیت جوامع الکلم" کا دعویٰ درست ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے کامل کہ " کلموا الناس علی قدر عقولهم "کی قبا آپ کے قامت ناز پر زیب دیتی ہے، ان کے لیے " انا سید ولد آدم ولا فخر" کا دعویٰ بجا ہے، ایسے بلند مرتبہ رسول کہ احکام وآیات کی تنزیل مصالح اور غایات کی رعایت کے ساتھ ان کی نبوت کا خاصہ ہے، ختم رسالت اور اختتام دعوت آپ کی بعثت کی خصوصیت ہے، وہ ایسے ستودہ صفات ہیں، کہ عظیم الشان بلند پایہ آیت کریمہ "وانک لعلی خلق عظیم" (ترجمہ) بے شک آپ خلق عظیم پر فائز ہیں، آپ کی شان میں عام فضیلتوں کی جامع ہے اور قرآن مجید میں خداوند تعالیٰ کا آپ کی زندگی کی قسم یاد کرنا خوبیوں کی زبان پر مہر ہے۔

نظم

شمسۂ نُہ مسند ہفت اختراں — ختم رسل خاتم پیغمبراں
احمد مرسل کہ خرد خاک اوست — ہر دو جہاں بستۂ فتراک اوست
أی گویا بزبان فصیح — از الف آدم و میم مسیح
ہم چو الف راست بعہد وفا — اول و آخر شدہ بر انبیا
بود دریں گنبد فیروزہ خشت — تازہ ترنجے ز سرائے بہشت
رسم ترنج ست کہ در روزگار — پیش دہد میوہ پس آرد بہار

اللّٰهم صلی علی محمد و علیٰ آله الاطهار و صحبه الاخیار صلوة لا تنقضی بانقضاء الشهور والاعوام ولا تنقطع بانقطاع الدهور والایام و سلم علیه و علیهم تسلیما کثیرا کثیرا بادشاہ اسلام **خلد الله ظلاله علی مفارق الانام و ابد ملکه الی یوم القیامة** کے لیے دعا وثنا، حق تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنی اور رسول اللہ کی اطاعت کے بعد تمام مسلمانوں پر بلکہ تمام انسانوں پر اولوالامر کے حق کی اطاعت کو واجب اور ضروری قرار دیا ہے، دین محمدی اور شریعت احمدی کی سربلندی کے لیے امرا کی پیروی کو لوگوں

پر فرض اور واجب ٹھہرایا، اسی لیے زمانہ کے طبقوں میں سے ہر طبقہ اور اس کے گروہوں میں سے ہر گروہ پر لازم ہے کہ بادشاہ وقت اور زمانہ کے سلطان جس کی حمایت کے سایہ میں لوگ آفتاب حوادث کی تپش سے محفوظ ہیں، ظاہر و باطن میں ان کی پیروی اور اطاعت کریں اور ہر حال میں ان کے لیے دعائے خیر کریں۔

اللہ کا شکر اور احسان کہ یہ زمانہ سعادت فرجام ایک ایسے بادشاہ کے وجود سے زینت یاب ہوا، جو سلاطین روزگار میں منتخب اور نامور بادشاہوں میں برگزیدہ ہے، امیدوں اور آرزوؤں کا کعبہ اور اصحاب فضل و ارباب معانی کا قبلہ ہے، ایسا دین پرور بادشاہ ہے کہ شریعت غرا اور دین بیضا کی حمایت کے لیے دفع مناہی اور رفع ملاہی کے واسطے اس کی آتش رخسار غیرت روشن ہو جاتی ہے، لالہ نے شراب ارغوانی اور ساغر دوست کامی سے سیاہ داغ کے سوا کچھ نہیں دیکھا، مگر اس نے اپنے عام احسان اور خاص اکرام سے ہر خاص و عام کو بندگی کے دائرہ میں داخل کرلیا ہے، سرو وسوسن نے آزادی کی وجہ سے پھل نہیں چنا، نرگس نے اس الزام کی وجہ سے کہ وہ شوخ چشم اور بے حیا ہے، اس کی سزا کے خوف سے پلکوں کو جھکالیا ہے اور درخت بید نے اس کے دشمنوں پر حملہ آور ہونے کے ارادہ سے پتوں کی تلوار کھینچ لی ہے، اس کا حکم نافذ امور کو جاری کرنے میں اس مقام پر ہے کہ زمانہ حال و مستقبل کے احوال کو ماضی کی طرح یقینی بنادیتا ہے، بساط افلاک کو ستاروں کے موتی سے اور عرصۂ زمین کو آدمیوں کے نفوس سے شطرنج کے مہروں کی طرح اڑاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ باز اور تیہو، شیر اور ہرن اس کے حکم کی مخالفت کے ڈر سے ایک ہی آشیانے اور آرام گاہ میں رہتے ہیں، زمانہ کے اوضاع واطوار اور دنیا کے احوال اس کے انصاف کی برکت سے تندرستوں کی نبض کی طرح پر سکون ہیں، اس کے زمانۂ سلطنت میں ملک شاہ سنجر کی حکایت قصۂ ماضی ہے اور اس کے دور انصاف میں مدعی، مخاصم اپنے شاہد اور فیصل ہیں، ایسا دریا دل قاضی، کہ اس کے دست خمس انہار دریا بار نے زمانۂ آخر کی قحط سالی میں دنیا کی کشت زار کو سیراب کیا تھا، شجاعت اور سخاوت اس کے خانوادۂ فتوت اور اس کے خاندان مروت کی پیداوار ہے، دریا کی وسعت اس کی ہتھیلی ہے، سخاوت اس کی جڑواں ہے، بلکہ وہ پیکر سخاوت ہے، ایسا موتی کہ گردش کرنے والا آسمان اس کی سیپی ہے، روح مقدس کی طرح، بلکہ روح اقدس ہے، بحر محیط کی لہریں اس کے دریائے ہمت کے تلاطم کے پہلو میں جلوۂ سراب (دھوکہ) ہیں، آسمان کا نیلگوں گنبد، وسعت و بلندی کے باوجود اس کے قصر دولت کے سامنے اس کے پیالہ کا حقیر بلبلہ ہے، اگر وہ باد بہاری اور ابر آذری کو چمن آرائی کی تعلیم دے، تو شبنم کے قطرات عمانی موتی اور انار کا دانہ یاقوت رمانی بن جائے، اس کی عقل کی روشنی اگر آفتاب کو پرتو دکھائے تو کالا پتھر لعل بدخشانی اور سیاہ مٹی طلائے کانی (سونا) ہو جائے، چاند اگر اس کی رائے سے روشنی حاصل کرے، دھبہ کی تکلیف، گہن کی تاریکی اور اماوس کی سیاہی سے محفوظ ہو جائے، چمن میں جس طرف اس کے اخلاق کی خوشبو کی بات ہوتی ہے باغ شرمندگی کی وجہ سے گلاب کے عرق میں ڈوب جاتا ہے، اس کے زمانہ میں محتاج کی تنگ دستی، صاحب عقل کی معاملہ فہمی اور تجربہ کی وجہ سے سامان معاش ہے، دولت اور سعادت اس کی کیمیا اثر خدمت کے غلام ہیں۔ جو سجدۂ نماز و نیاز اس کے دربار عالی کی محراب طاق سے ہٹ کر ادا کریں وہ بتوں کے سجدہ کی طرح مردود ہے، جو مراد اس کے متعلقین بارگاہ سے نہیں طلب کی جاتی کبریت احمر اور اکسیر اعظم کی طرح مفقود و معدوم ہو جاتی ہے، مدار تدویر اگر اس کے مرکز دولت کے گرد اگر دگردش نہ کرے تو آسمان سے گر جائے، اطاعت گزار اگر اس کا حکم نہ مانتا تو بطن عدم سے وجود میں نہ آتا، قطب فلک جو اپنے ثبات ذاتی و سکون اصلی کے لیے مشہور ہے، اس کے عزم راسخ اور جزم ثابت کے سامنے ایک موہوم نقطہ ہے، سمندر کے ساتھ ایک قطرہ کی نسبت اجرام بسیط کے ابعاد کی پیائش اور آسمانوں کے لاینحل امور کے حل، جو اہل عقل و بصیرت کے لیے معرکۂ امتحان ہیں، اس کے روشن ذہن اور درست عقل کے سامنے امر معلوم ہیں، آفتاب جہاں تاب (سورج) جو عالم اجسام کو روشن کرتا ہے اور ارباب اشراق کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام اجرام سماوی کو روشنی دینے والا ہے، اس بادشاہ کے روشن ترین ضمیر کے سامنے بے نور ہے، ساری دنیا کے اختر شناسوں (ہیئت دانوں) کے بقول خط محور پر جو کہ استقامت و استوا میں مشہور ہے اس کی غیب نما رائے کے سامنے ایک کمان کی طرح کج ہے، جو جادۂ استقامت و صواب سے منحرف ہے،

انوار نیرہ وآ ثار طریقہ دوستوں کی سعادت اور دشمنوں کی شقاوت کی نشانی ہے، سکندر کی شوکت اور سلیمان کی حشمت اس کی بزم ورزم کے سامنے داستان پارینہ ہے، جب وہ جنگ کے دن آفتاب کی طرح تنہا مطلع جلال ومشرق اقبال سے حقیر دشمن پر حملہ کرنے کے ارادہ سے میدان کارزار میں نمودار ہوتا ہے تو سیاہ دل دشمن اندھیری رات کی طرح چہرۂ ادبار مغرب زوال کی طرف پھیر لیتا ہے اور اس کا منحوس لشکر ستاروں کی طرح نیر اعظم (آفتاب) کی روشنی اور شعاعوں میں معدوم وفنا ہو جاتا ہے، کیا خوب عظمت وجلال آفریں دولت واقبال۔

ع لشکری در یک قباد کشوری در یک بدن

اس کی ہندی تلوار ایک حساب داں ملازم ہے، جو مفرد اور مرکب ضرب سے دشمنوں کے اعداد کو تقسیم قطعی سے تضعیف وتنصیف کے حاصل کو تختۂ خاک پر ظاہر کرتا ہے، ایک ماہر ومدقق شارح ہے جو علم تشریح سے مخالفوں کے متن کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے، ایک ایسا مزاج شناس طبیب ہے جس کا ایک گھونٹ پانی دم آب (بھاپ) بن کر مستسقیان عناد کے سدے کو تحلیل کر دیتا ہے۔

ایسا چاند ہے کہ جب اندھیری رات میں افق نیام سے انتقام کے لیے طلوع ہوتا ہے، تو بدانجام دشمن کے لیے قیامت کی نشانی بن جاتا ہے، اگر چہ چاند کو دیکھنا دیوانوں کی دیوانگی میں اضافہ کرتا ہے، اس کے برعکس یہ چاند بے مغز دشمن کے کاسۂ سر سے کال پچنگی کو دور کر دیتا ہے، سراسر پانی سے بھرا ہوا بادل ہے لیکن آگ برساتا ہے، مکمل روشن بجلی ہے لیکن صاعقہ دار ہے، اس کی کمان جھکی ہوئی پیٹھ والا بوڑھا ہے جس کا تیر روشن دلوں کی نصیحت کی طرح انتہائی تاثیر کی وجہ سے دشمنوں کے دل میں پیوست ہونے والا ہے، بزم ورزم کا چنگ ہے کہ ہر وقت فتح ونصرت کا ترانہ دولت قاہرہ کے حامیوں پر پڑھتا ہے اور ہلال عید کی طرح ہر گوشے سے ہوش کے کان میں آواز بن کر پہنچ جاتا ہے، صد نشاط جدید کا سرمایہ ہے اور قوس وقزح کی طرح باران رحمت کی دلیل اور قوس النہار کی طرح آفتاب سعادت کا مدار، اس کا تیر ایک اژدہا ہے جو دشمن کو نگلنے کے شوق میں انتہائی رغبت کے ساتھ منہ کھولے ہوئے بلکہ اس کے وصال کے استقبال کے لیے پر اٹھائے ہوئے ہے، جس وقت شہنشاہ کواکب سپاہ آفتاب جہاں تاب کی طرح خانۂ کمان میں آتا ہے، بدخواہ دشمن کی زندگی کا دن مختصر اور اس کے غم کی رات دراز ہو جاتی ہے اگر چہ تیر کے لیے کمان میں زحمت ہے لیکن یہاں اس کے لیے صد شرف وجلال ہے، اس کا نیزہ حکومت کی نہر کا سرو اور ایوان سلطنت کا ستون ہے، وہ عصائے موسوی کی طرح ہے، جو دشمن کے اسباب غرور کو ایک پل ہی میں معدوم اور تتر بتر (منتشر) کر دیتا ہے اور فاجر کافروں کو فرعون بےعون کے جادوگروں کی طرح حلقۂ ایمان اور دائرۂ اطاعت میں لاتا ہے، سماک رامح (ایک ستارہ) جو اسی رمح سے منسوب ہونے کی وجہ سے سماک اعزل پر مقدم ہے، اس کا جھنڈا جس جگہ زبان سنان سے سورۃ الفتح پڑھتا ہے، فتح وکامرانی ظاہر ہوتی ہے، اس کا علم شیر پیکر جس جگہ نمودار ہوتا ہے، تو لومڑی صفت دشمن راہ فرار اختیار کرتا ہے۔

مثنوی

اگر رزم ست رنگین از حسامش — وگر بزم ست مشکیں از کلامش
مہ نو حلقہ در گوش رکابش — یکے از نیزہ داراں آفتابش
سنانش چوں علم ساز د سر انگشت — شود تسبیح ساز از مہرۂ پشت
بکین چرخ اگر رخ برفروزد — نگہ در چشم مہر و مہ بسوزد

کیا خوب شہنشاہ سلیمان جاہ، احمد حلم، ادریس علم، یحییٰ حیا، یوسف لقا، خضر قدم، مسیح دم، خلیل مقام، کلیم کلام، فرشتہ خصال، دریا نوال، بسملۂ مصحف جہاں طرازی، شیر بیشۂ معارک ومغازی ابوالمظفر شہاب الدین محمد صاحب قران ثانی شاہ جہاں بادشاہ غازی خلد اللہ ظلالہ و ابد جلالہ۔

مثنوی

سرور شاہاں بتوانا ترے — نامور دہر بداناترے
یکدلۂ شش طرف و ہفت خواں — مرکز نہ دائرہ شاہ جہاں
دیں فلک و دولت او اختر است — ملک صدف خاک درش گوہر ست
چغد بدورانش ھمائی کند — سر بہش دعوی پائی کند
جام سخارا کہ کفش ساقی ست — باقی باد اکہ ہمیں باقی ست

اس دولت عالیہ کا حسن اتفاق ہے کہ صاحب قران کی تاریخ ولادت باسعادت حروف آحاد کے ہٹانے سے بنتی ہے اور اسی تاریخ شریف کو جامع (راقم الحروف) نے اس طرح نظم کیا ہے۔

شاہنشہہ زمانہ دانشور یگانہ — اسکندر نختیں صاحب قران ثانی
دیں پرور معظم شاہ جہاں کہ باشد — از جبہ اش ہویدا فر جہاں ستانی
روزی کہ عالم پیر از مقدمش جواں شد — ی تافت از جبینش نور خدا یگانی
از چار و نہ نیاید دیگر چو او خدیوے — کامد قرین حکمش تائید آسمانی
از چار و نہ گزر کن تا عقل بر تو خواند — تاریخ مولدش را صاحب قران ثانی

یہ روشن دلیل اور واضح حجت ہے، اس امر پر کہ صاحب قران ثانی کا مرتبہ اس بادشاہ ظل اللہ کے طالع کے درجہ کے قریب تھا اور استحقاق ذاتی واستعداد فطری کی وجہ سے اس لقب سے ملقب ہوا اور اس کی مبارک تاریخ تخت نشینی راقم السطور کے نصیب سے ملہم ہوئی، جسے نظم کیا ہے۔

نظم

برشدہ بر تخت باقبال و بخت — شاہ جہاں ثانی صاحب قران
آں شہہ دین پرورکز فیض او — گشت جہاں غیرت باغ جنان
باغ جہاں خرم و سر سبز شد — ازکرم پادشہہ کامران
خضر لقا یوسف مصر و جود — عالم پیر از نظر او جوان
آمدہ تاریخ جلوسش زغیب — شاہ جہان باشدد شاہ ۲ جہان

یہ دلیل کامل ہے کہ ازل میں خانۂ غیب کے کپڑے سے خلعت شاہ جہانی اس بادشاہ دین پناہ کو عطا ہوئی تھی، اسی زمانہ سعادت عنوان میں جس کا جلوہ ظاہر ہوا، اس وجہ سے کہ یہ بادشاہ دین پناہ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے شعار کو غالب کرنے کا پختہ ارادہ رکھتا ہے اور دین محمدی کے دشمنوں کو ختم کرنے کا عزم مصمم کیا ہے، خداوند تعالیٰ نے اس کے صدق نیت اور حسن عقیدت کی برکت سے چار صاحبزادگان ثمر کرامت کو پیدا کیا کہ یہ چاروں لڑکے سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم کے چار یار کی طرح اس بادشاہ کامگار کے مددگار ہیں اور یہ چاروں چار عنصر کی طرح ضرور الوجود اور چار فصل کی طرح مطلوب ومقصود ہیں اور چار مرتبۂ اعداد کی طرح دنیا کے لیے ناگزیر ہیں اور دو آنکھوں اور دو کانوں کی طرح انسان کی خوشی کا سرمایہ ہیں، چاروں دائرۂ دولت کے مرکز اور آسمان بزرگی کے قطب، عظمت کی چوٹی کے ماہ تمام اور اوج سعادت کے آفتاب ہیں۔

بیت

ہر چار چہار رکن تمکیں — بل چار حدود کعبۂ دیں

نخستیں شاہ زادۂ کامگار — مظہر لطف آفرید گار

اوّل صحیفۂ دولت کا عنوان، کتاب کرامت کا دیباچہ، انسانیت اور مردم پردری کی آنکھ کی پتلی، مردانگی اور دلاوری کے دل کا نقطہ، شہنشاہی کی بزم ورزم کا مددگار، ظل الٰہی کا محرم اسرار، دین پرور دانشور سلطان داراشکوہ۔ دوم بلند مرتبہ شہزادہ، ایوان خلافت کی زیبائش، باغ جلالت کی آرائش، دانائی وعقلمندی کے شبستان کا چراغ، دولت واقبال کی آنکھ کی روشنی، مطاع سلطان شاہ شجاع۔ سوم شہزادۂ گردوں وقار، منظور الطاف الٰہی، زینت تخت شاہی، سعادت نصاب، دولت نصیب، سلطان اورنگ زیب۔ چہارم شہزادۂ گرامی قدر، حکومت کے حلقۂ چشم کی روشنی، چمنستان سلطنت کا نور، خورشید رایت، فلک رخش، سلطان مراد بخش الٰہی، صبح قیامت تک اس جواں بخت بادشاہ اوران زینت تاج شہزادوں سے باغ دنیا کا تخت خرم وشاداب رہے۔

نظم

خداوندا بہ پیران جواں بخت — کہ تاہست آسماں چتروز میں تخت

بزیرپائے تخت شاہیش باد — تبارک چتر ظل اللٰہیش باد

خراب آباد عالم باد معمور — باولاد کرامش تادم صور

اس کے بعد بندۂ افقر، ذرۂ احقر، عبدالرشید حسینی اصلاً مدنی مولداً تتوی کہتا ہے، کہ یہ کتاب بیان لغات کی تحقیق میں قاموس وصحاح و صراح کی طرح عام فہم خاص پسند فارسی زبان میں ہے، جس میں الفاظ کی تحقیق اور معنی کی تنقیح اور حروف ملفوظ مکتوب کا اعتبار، باب وفصل کے عنوان میں لفظ کے حرف اول، حرف دوم اور حرف آخر کی رعایت کے ساتھ کیا گیا ہے، چنانچہ حرف اول باب، حرف آخر فصل ہوگی، اس میں الفاظ کے ماخذ اشتقاق اور زائد حروف کے اسقاط کی رعایت ملحوظ نہیں رکھی گئی ہے، تاکہ ہر دور اور نزدیک رہنے والا، اس لغت سے بہرہ ور ہو، کتاب قاموس جمہور (اہل علم) کا مدار ومعتمد علیہ اور لوگوں کے درمیان تحقیق وتنقیح کے لیے مشہور ہے، اگرچہ وہ اتھاہ سمندر اور بحر بیکراں ہے لیکن ایسے امور پر مشتمل ہے جو زمانے کی طبیعت کے مناسب اور اس زمانہ کے لوگوں کے لیے دل پسند نہیں ہے، لیکن یہ کتاب (منتخب اللغات) اسی محیط عمان کی ایک نہر اور اسی چمن کا ایک پھول ہے، مگران امور سے خالی ہے۔ اوّل یہ کہ صاحب قاموس نے لغت کا بیان ایسی عبارت میں کیا ہے جو اصل لغت (لفظ) سے زیادہ مغلق اور مشکل تر ہے، چنانچہ علما وفضلا اس کے حل کرنے میں دوسری کتابوں کے محتاج ہوتے ہیں۔ دوم اکثر بیان لغت (وضاحت) مشترک الفاظ سے کیا گیا ہے اور معلوم نہیں ہوتا کہ کون سا معنی مراد ہے اور اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے، کہ بعض مقامات پر بیان لغت ایک لفظ سے کیا ہے، پھر دوسری جگہوں پر اس لفظ کی تفسیر اسی لغت سے کی ہے۔ سوم یہ کہ بعض مقامات پر ایسی تفصیل سے کام لیا ہے، جس کا تعلق تحقیق لغت سے نہیں ہے، مثلاً دواؤں کی خاصیتوں کا بیان جو فن طب کا وظیفہ ہے، فن لغت سے اس کو سروکار نہیں، اس تفصیل کے باوجود جس جگہ پر شرح وبسط ضروری ہے، اختصار سے کام لے کر خلل پیدا کر دیا ہے۔ چہارم یہ کہ صاحب صحاح کے دستور کے مطابق ماخذ اشتقاق کی رعایت کی ہے اور کثیر لوگ جو فن صرف میں مہارت نہیں رکھتے، لغت معلوم کرنے سے عاجز رہتے ہیں۔ پنجم یہ کہ ابتدا میں کچھ علامات واصطلاحات ذکر کی ہیں، کہ جب تک کوئی شخص انھیں اچھی طرح سمجھ نہ لے، بعض لغات کے بیان میں عاجز رہے گا۔ ششم یہ کہ ایک لفظ جو چند معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے، کبھی ان تمام معانی کو الگ الگ ذکر کرتے ہیں اور انھیں مختلف لغات کے ایراد کے درمیان ظاہر کرتے ہیں، باوجودیکہ اختصار وضبط متقاضی ہے، کہ اس لفظ کے تمام معانی کو ایک ہی جگہ بیان کر دیا جائے۔ ہفتم یہ کہ بعض جگہوں پر لغت کا ترک اور سہو ونسیان جو لازمۂ انسانیت ہے، اس لغت میں واقع ہوگیا ہے۔ ہشتم یہ کہ اول کلمہ کی حرکت کے بیان کے لیے جو قاعدہ انھوں نے

مقرر کیا ہے، بیشتر مقامات پر درست نہیں ہے، صاحب قاموس کی اس بات پر عذر خواہی قابل قبول نہیں کہ بعض مقامات پر ابتدائے کلمات میں حرکت مشہور ہے، اس لیے ان کا بیان ترک کر دیا گیا ہے، کیوں کہ شہرت اشخاص کی نسبت سے مختلف ہوتی ہے۔ تہم یہ کہ بعض کلمات کے اعراب (حرکتوں) کو دوسرے کلموں سے بیان کرتے ہیں، جب کہ ان کلمات کے اعراب ہر شخص کو معلوم نہیں، اس کتاب میں ہر جگہ اس کے اشارے پائے جائیں گے، کتاب کے اختتام و اتمام کے بعد اس کا نام ''منتخب اللغات شاہجہانی'' رکھا گیا اور مشابہ عرش بارگاہ کے حجاب کی نذر کیا، اگر چہ یہ حقیر ایسی درگاہ کے قابل نہیں، جو نامور بادشاہوں، کامگار تاجداروں کی مرجع ہے، اماثل و افاضل کا مجمع ہے اور فواضل و فضائل کا منبع ہے مگر چونکہ یہ درگاہ ناامیدی کی جگہ نہیں ہے، سوکھی گھاس کو خرمن کے ساتھ، کانٹے کو گلشن کے ساتھ، خزف کو معدن (کان) کے ساتھ اور ایک درہم کو خزانہ کے ساتھ قبول کیا جاتا ہے امید کہ میری اس حقیر نذر کو بھی قبولیت کا شرف حاصل ہوگا۔

بیت

پای ملخی نزد سلیماں بردن عیب است ولیکن ہنرست از موری

کتب تاریخ کی جستجو کرنے والوں پر یہ بات پوشیدہ نہیں ہے، کہ جب شیخ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی نے کثیر السعادۃ برگزیدۂ سبحانی، مظہر تجلیات ربانی حضرت امیر کبیر (تیمور) صاحب قرانی انار اللہ برھانہ کی خدمت میں باریابی حاصل کی، کتاب قاموس ان کی نگاہ کیمیا اثر کے سامنے پیش کی اور بہت انعام و اکرام اور کثیر الطاف و عنایات سے سرفراز ہوئے، یہ کتاب (منتخب اللغات) اگر چہ اس کتاب کی ہم پایہ نہیں اور نہ ہی مولف (عبدالرشید) اس مولف (شیخ مجد الدین فیروز آبادی) کے برابر ہے لیکن حضرت شہنشاہ ظل الٰہی اقبال افزونی جلال کی قوت اور فتح و ظفر کی تائید اور دولت و اثر کی تایید میں اس امیر کبیر صاحب قران تیمور بادشاہ کا ثانی ہے اور عنقریب خالق کائنات کی عنایتوں سے کامگار صاحب قران (شاہ جہاں) عظیم فتوحات کا مصدر اور بڑے امور کا مظہر ہوگا۔

اللّٰھم خلد ظلالہ وابد جلالہ و حصل آمالہ بحق الحق والحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین و بحول اللہ و قوتہ استعین

حواشی

1 (صاحب قران) زہرہ اور مشتری (ستارے) جب ایک برج میں جمع ہوں تو اسے قران السعدین کہتے ہیں اس زمانہ قران میں جو بچہ پیدا ہوتا ہے صاحب قران کہلاتا ہے۔ سلاطین مغلیہ میں پہلا صاحب قران امیر تیمور تھا اور دوسرا شاہ جہاں جس کا لقب صاحب قران ثانی ہے۔ عبدالرشید نے اسی لقب سے شاہ جہاں کی تاریخ ولادت ۱۰۰۰ھ نکالی ہے اور التزام یہ کیا ہے کہ لقب کے مجموعی اعداد میں آحاد یعنی اکائیوں پر مبنی عدد تفریق کر دیے ہیں، جن کا مجموعہ 4+9=13 بنتا ہے (الف=1+ح=8+ب=2+الف=1+الف=1=13)

2 آخری مصرعہ سے کل اعداد 1043 حاصل ہوتے ہیں، حالانکہ شاہ جہاں کا سنہ جلوس 1037 ہے، یہ سال حاصل کرنے کے لیے حرف واو کے عدد چھ کو مجموعی اعداد سے منہا کرنا پڑتا ہے (مقدمہ ''معربات'' صفحہ 42-43)

﴿باب الالف﴾

﴿فصل الالف مع الالف﴾

اِبْتِدَاء: (امکسور، ب ساکن، ت مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شروع کرنا۔

اِبْتِغَاء: (امکسور، ب ساکن، ت مکسور، غ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) چاہنا، خواہش کرنا۔

اِبْتِلَاء: (امکسور، ب ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) آزمانا، رنج اور تکلیف میں ڈالنا۔

اِبْتِنَاء: (امکسور، ب ساکن، ت مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) تعمیر کرنا، بنیاد رکھنا۔

اِبْدَاء: (امکسور ب ساکن د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ظاہر کرنا، پیدا کرنا۔

اِبْرَاء: (امکسور، ب ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بیزار کرنا، درست کرنا، بیماری سے چھٹکارا پانا، بیماری سے شفا پانا۔

اِبْطَاء: (امکسور، ب ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دیر کرنا۔

اِبْقَاء: (امکسور، ب ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) باقی رکھنا۔

اِبْلَاء: (امکسور، ب ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پرانا کرنا، ظاہر کرنا، کفایت کرنا، آزمانا۔

اَبَاء: (امفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ایک یا زیادہ سے انکار کرنا، اباءۃ واحد ہے۔

اُبَاء: (امضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کسی چیز کو ناپسند کرنا۔

اِبَاء: (امکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) رک جانا، کسی چیز سے باز رہنا، سرکشی کرنا۔

اَبَاء: (امفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) یہ لفظ فارسی ہے، شوربا، حریرہ، دلیہ، کے معنی میں ہے، کمال کہتا ہے۔

در مطبخ تو چوب خوردنا ابا پڑد
آتش کہ از تکبر سرمایۂ اباست

دوسری جگہ کہتا ہے

ع کہ ایں ابام بسے خوشگواری آید۔

ابا جب دوسرے کلمہ کے ساتھ مرکب ہو تو اس کا ہمزہ کبھی حذف کر دیا جاتا ہے مثلاً شوربا، سکبا اور زیرہبا۔

آبَاء: (اممدودہ، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) باپ، اَبْ کی جمع ہے یہ لفظ اصل میں آباو تھا واو کو ہمزہ کر دیا۔

اِبْنَاء: (امکسور، ب ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) تعمیر کرنا، عمارت کی بنیاد رکھنا۔

اَبْنَاء: (امفتوح، ب ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بیٹے، پوتے، یہ اصل میں ابناو تھا بَنُو کی جمع ہے جو صرفی قاعدہ کی وجہ سے ابن ہو گیا ابن کی جمع نہیں جیسا کہ ارتجالاً ذہن میں آتا ہے اور یہ لفظ تعمیر کرنے والوں کے معنی میں بھی آیا ہے بانی کی جمع ہے جیسا کہ عرب والے کہتے ہیں، ابناؤھا اجناؤھا یعنی اس گھر کو تعمیر کرنے والے گنہگار ہیں، اور صاحب صحاح کہتا ہے افعال فاعل کی جمع نہیں ہے میرا خیال یہ ہے کہ کلام عرب اس طرح ہوگا بنا تھا جنا تھا، جیسا کہ اصحاب صاحب کی جمع نہیں بلکہ صَحْبٌ کی جمع ہے صاحب قاموس اور صاحب کشاف نے انکار کیا ہے اور اس کلام کو صحیح تسلیم کیا ہے۔

اِبْوَاء: (امکسور، ب ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) جگہ دینا۔

اَبْوَاء: (امفتوح، ب ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام کا نام ہے جو حضرت امام محمد باقر کی جائے پیدائش ہے اور حضرت آمنہ والدۂ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا مدفن ہے، حضور نے اس مقام کی زیارت فرمائی ہے صاحب قاموس کہتے ہیں دار رابعہ، یا حطی اور عین مہملہ کے ساتھ ایک سرائے ہے مکہ کے اندر جو حضرت پیغمبر کی والدہ کا مدفن ہے اور ابوا حضور کے والد حضرت عبداللہ کا مدفن

ہے لیکن بعض حدیثوں کی روشنی میں معلوم ہوتا ہے کہ پہلی بات یعنی ابوا مدفن حضرت آمنہ ہے اور مدینہ منورہ حضرت عبد اللہ کا مدفن ہے۔

اَبْہیٰ: (امفتوح، ب ساکن، ہ مفتوح، االمقصورہ موقوف) بہت عمدہ۔

اِتْوَاء: (اکمسور، ت ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہلاک کرنا۔

اِتِّقَاء: (اکمسور، ت مشدد مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پرہیز کرنا۔

اِتِّکَاء: (اکمسور، ت مشدد مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ٹیک لگانا، تکیہ لگانا۔

اَتْقِیَاء: (امفتوح، ت ساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پرہیز کرنے والے، تقی کی جمع ہے۔

اِثْوَاء: (اکمسور، ث ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مقیم ہونا، مقیم کرنا۔

اِثْنَاء: (اکمسور، ث ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خوبی بیان کرنا۔

اَثْنَاء: (ا مفتوح، ث ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شکنیں، کسی چیز کا درمیانی حصہ، ثنی کی جمع ہے۔

اِجْرَاء: (اکمسور، ج ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہانکنا، چلانا۔

اِجْزَاء: (اکمسور، ج ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ٹیکس دینا، بے نیاز کرنا، بے نیاز ہونا، بدلہ دینا۔

اِجْزَاء: (اکمسور، ج ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا، بے نیاز کرنا، حق ادا کرنا، ستالی میں دستہ لگانا، بیٹی پیدا کرنا، کفایت کرنا، زیادہ ہونا۔

اَجْزَاء: (امفتوح، ج ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کسی چیز کے ٹکڑے، جُزء کی جمع ہے۔

اِجْلَاء: (اکمسور، ج ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گھر اور ساز وسامان سے دور کرنا، باہر ہونا۔

اِجْتِبَاء: (اکمسور، ج ساکن، ت مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) چننا، اکٹھا کرنا۔

اِجْتِرَاء: (اکمسور، ج ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بہادر ہونا۔

اِجْتِزَاء: (اکمسور، ج ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بس کرنا، ختم کرنا۔

اِجْتِنَاء: (اکمسور، ج ساکن، ت مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پھل چننا

اَجْلیٰ: (امفتوح، ج ساکن، ل مفتوح، االمقصورہ موقوف) بہت روشن۔

اِحْسَاء: (اکمسور، ح ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پینا، پلانا۔

اَحْشَاء: (امفتوح، ح ساکن، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہر وہ چیز جو پیٹ میں ہو، دل، جگر، تلی، حَشا کی جمع ہے۔

اِحْصَاء: (اکمسور، ح ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گننا، محفوظ کرنا۔

اَحْنَاء: (امفتوح، ح ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گرد و پیش، سمتیں، حَنْو کی جمع ہے۔

اِحْیَاء: (اکمسور، ح ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) زندہ کرنا نعمت کی فراوانی میں ہونا، بارش میں ہونا۔

اَحْیَاء: (امفتوح، ح ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خاندان، قبیلے، حَی کی جمع ہے۔

اِحْفَاء: (اکمسور، ح ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سوال میں مبالغہ کرنا، داڑھی کو درست کرنا، مونچھوں کو زیادہ کاٹنا، ننگے پاؤں ہونا۔

اِحْلَاء: (اکمسور، ح ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) میٹھا کرنا۔

اِحْتِظَاء: (اکمسور، ح ساکن، ت مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) حصہ پانا۔

اِحْتِمَاء: (اکمسور، ح ساکن، ت مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) اپنے کو کسی چیز سے بچانا۔

اِحْتِوَاء: (اکمسور، ح ساکن، ت مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گرد و پیش سے لینا، جمع کرنا۔

اَحْلیٰ: (امفتوح، ح ساکن، ل مفتوح، االمقصورہ موقوف) بہت میٹھا۔

اَحْریٰ: (ا مفتوح، ح ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بہت مناسب، زیادہ لائق۔

اَحْویٰ: (امفتوح، ح ساکن، و مفتوح، امقصورہ موقوف) کالا، سیاہی مائل گھاس، زیادہ غبار پکڑنے والا۔

اِخَاء: (امکسور، خ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کسی کے ساتھ بھائی چارگی کرنا، آخیٰ یؤاخی کا مصدر ہے اصل میں اخای تھا یا کو ہمزہ سے بدل دیا شاعر نے کہا ہے

ع دَعْوَی الاِخَاءِ عَلَیَ الرَّخَاءِ کَثِیْرَۃٌ

دوستی کا دعویٰ خوشحالی میں زیادہ ہوتا ہے، اور آخاء بالمد، اخ کی جمع بھی آیا ہے، اس تقدیر پر اس کے آخر کا ہمزہ واو سے مقلوب ہے۔

اِخْفَاء: (امکسور، خ ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) چھپانا، ظاہر کرنا۔

اِخْزاء: (امکسور، خ ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ذلیل کرنا، رسوا کرنا، ہلاک کرنا۔

اِخْتِصَاء: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خصیہ نکالنا، خصی کرنا۔

اِخْلاء: (امکسور، خ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خالی کرنا۔

اِخْطَاء: (امکسور، خ ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) غلطی کرنا، کسی کی غلطی پکڑنا۔

اِدِّعَاء: (امکسور، د مشدد مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دعویٰ کرنا، تمنا کرنا، اعتراف کرنا۔

اِدْنَاء: (امکسور، د ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) قریب لانا، قریب کرنا

اِدْفَاء: (امکسور، د ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گرم کرنا۔

اِدْلاء: (امکسور، د ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) چھوڑ دینا، قصور معاف کرنا، کسی پر کام ڈالنا، کھینچنا، لٹکا ہوا ہونا۔

اَدَاء: (امفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پہنچانا، پہنچ یہ صیغہ مصدر نہیں ہے لیکن مصدر کے معنی میں آتا ہے جیسا کہ نبات اگانے اور اگنے کے معنی میں، عطا داد و دہش کے معنی میں، کلام و بیان گفتگو کرنے کے معنی میں، بات کرنا، بیان کرنا، بیان کیا ہوا اور اَدّا (امفتوح، د مشدد مفتوح، ا موقوف) جو مصدر کے معنی میں آیا ہے بعض لوگوں نے الف کے کسرہ اور دال کی تشدید کے ساتھ پڑھا ہے، اَدّیٰ یُؤَدِّی تادِیَۃً وَاِدَّاءً کا مصدر ہے جیسے کَذَّبَ یُکَذِّبُ تکْذِیبًا وَکِذَّابًا غالبًا اس وزن پر ناقص سے کوئی مصدر نہیں آیا ہے اور اگر مصدر آیا ہوگا تو اسی باب کے ساتھ مخصوص ہے، اس وزن پر مصدر مسموع نہیں، اسم، مصدر کے معنی میں شائع ہے تو اس تکلیف کی کوئی ضرورت نہیں یعنی ادا اسم ہے جو مصدر کے معنی میں بولا جاتا ہے، ادا فقہا کی اصطلاح میں اس عبادت کو کہتے ہیں جو اپنے وقت میں واقع ہو، اس کے مقابلہ میں قضا ہے قضا ایسی عبادت کو کہتے ہیں جو وقت گزرنے کے بعد ادا کی جائے۔

اَدْنیٰ: (امفتوح، د ساکن، ن مفتوح، امقصورہ موقوف) زیادہ قریب، زیادہ برا، تقدیر اول پر دُنُو سے مشتق ہے اور تقدیر ثانی پر دناءت سے۔

اَدْہیٰ: (امفتوح، د ساکن، ہ مفتوح، امقصورہ موقوف) معاشی معاملات میں بہت چالاک، زیادہ ناپسندیدہ، بہت دشوار۔

اَذیٰ: (امفتوح، ذ مفتوح، امقصورہ موقوف) تکلیف دینا، رنجیدہ ہونا، تکلیف ایسی چیز جو رنج میں مبتلا کرے حدیث میں ہے ادناھا اماطۃ الاذیٰ عن الطریق یعنی ایمان کا ادنیٰ درجہ ہے راستے سے ایسی چیز ہٹانا جو خلق خدا کو تکلیف دے۔

اِذْرَاء: (امکسور، ذ ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) آنسو بہانا، ہوا کا کسی چیز کو اڑا لے جانا، زمین میں بیج ڈالنا، چوپائے کا کسی کو گرانا۔

اَذْکیٰ: (امفتوح، ذ ساکن، ک مفتوح، امقصورہ موقوف) زیادہ ہوشیار، بہت چالاک۔

اِرْجَاء: (امکسور، ر ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) واپس کرنا، قید میں ڈالنا۔

اَرْجَا: (امفتوح،رساکن،ج مفتوح،اموقوف) کنارے، رَجا کی جمع بمعنی کنارہ۔

اِرْخَاء: (امکسور، رساکن، خ مفتوح، اساکن، ءموقوف) چھوڑنا، گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

اِرْسَاء: (امکسور،رساکن،س مفتوح،اساکن،ءموقوف) ثابت کرنا۔

اِرْوَاء: (امکسور،رساکن،ومفتوح،اساکن،ءموقوف) سیراب کرنا۔

اِرْدَاء: (امکسور، رساکن دمفتوح اساکن،ءموقوف) تباہ کرنا، برباد کرنا،دوستی کرنا،کسی کا دوست ہونا۔

اَرْزَاء: (امفتوح، رساکن، زمفتوح، اساکن، ءموقوف) مصیبتیں، پریشانیاں۔

اِرْتِدَاء: (امکسور، رساکن، ت مکسور، دمفتوح، اساکن، ءموقوف) کندھے پر چادر رکھنا۔

اِرْتِشَاء: (امکسور،رساکن، ت مکسور،ش مفتوح،اساکن،ءموقوف) رشوت لینا،گھوس لینا۔

اِرْتِضَاء: (امکسور،رساکن،ت مکسور،ض مفتوح،اساکن،ءموقوف) پسند کرنا،خوش ہونا۔

اِرْتِقَاء: (امکسور،رساکن،ت مکسور،ق مفتوح،اساکن،ءموقوف) اوپر جانا،ترقی کرنا۔

آرَاء: (اممدودہ،رمفتوح،اساکن،ءموقوف) سوچ،رائے کی جمع ہے۔

اَرِیْحَاء: (امفتوح، رمکسور، ی ساکن، ح مفتوح، اساکن، ءموقوف) شام میں ایک شہر کا نام جسے یوشع پیغمبر علیہ السلام نے فتح کیا تھا۔

اِرْعِوَاء: (امکسور، رساکن، ع مکسور، ومفتوح، اساکن، ءموقوف) جہالت سے الگ ہونا، جہالت سے پوری طرح الگ ہو جانا۔

اِزْدِرَاء: (امکسور، زساکن، دمکسور، رمفتوح، اساکن، ءموقوف) حقیر ہونا، کمینہ ہونا۔

اِزَاء: (امکسور،زمفتوح،اساکن،ءموقوف) کسی چیز کا دوسری چیز کے ساتھ برابر ہونا، یہ مصدر ہے وَازَیٰ یُوَازِی کا اصل میں وِزَاء تھا،واو کو ہمزہ سے بدل دیا،مقابل اور برابر کے معنی میں بھی آتا ہے۔

اِزْرَاء: (امکسور،زساکن،رمفتوح،اساکن،ءموقوف) کسی کو عیب لگانا، کسی چیز کو چھپانا،کسی کام میں سستی کرنا۔

اَزْکیٰ: (امفتوح،زساکن،ک مفتوح،القصورہ موقوف) زیادہ پاک صاف۔

اَسیٰ: (امفتوح،س مفتوح،القصورہ موقوف) غم زدہ کرنا، غمگین کرنا،علاج کرنا،دوا علاج۔

اِسْمَاء: (امکسور،س ساکن،م مفتوح،اساکن،ءموقوف) نام رکھنا۔

اَسْمَاء: (امفتوح،س ساکن،م مفتوح،اساکن،ءموقوف) بہت سے نام، اَسْمَاوَات واَسَامِی یا کی تشدید اور یا کی تخفیف کے ساتھ جمع الجمع ہے، حسین عورت، ایک عورت کا نام ہے جو عرب کے اندر حسن میں مشہور تھی، اسما تقدیر اول پر اسم کی جمع ہے جو اصل میں سُمُوٌ تھا پہلا الف زائد ہے اور الف ثانی واو سے بدلا ہوا ہے دوسری اور تیسری تقدیر پر مفرد ہے جو وَسَامَت بمعنی حسن سے ماخوذ ہے، پہلا ہمزہ واو سے بدلا ہوا ہے اور آخر میں ہمزہ ممدودہ زائد ہے۔

اِسْرَاء: (امکسور،س ساکن،رمفتوح،اساکن،ءموقوف) رات میں چلنا۔

اِسْتِوَاء: (امکسور،س ساکن،ت مکسور،ومفتوح،اساکن،ءموقوف) سیدھا ہونا،ارادہ کرنا، کسی چیز پر قابو پانا، برابر ہونا،کامل جوان ہونا۔

اِسْتِیفَاء: (امکسور،س ساکن،ت مکسور،ی ساکن ،ف مفتوح،اساکن، ءموقوف) پورا کرنا،کسی شی کا کمال چاہنا۔

اِسْتِیلَاء: (امکسور،س ساکن،ت مکسور،ی ساکن،ل مفتوح،اساکن، ءموقوف) قابو پانا،غالب ہونا۔

اِسْتِفْتَاء: (امکسور،س ساکن،ت مکسور،ف ساکن،ت مفتوح،اساکن، ءموقوف) جواب طلب کرنا،فتویٰ حاصل کرنا۔

اِسْتِنْجَاء: (امکسور،س ساکن،ت مکسور،ن ساکن،ج مفتوح،اساکن، ءموقوف) اپنے آپ کو نجاست سے پاک کرنا، دوڑنا، آزادی چاہنا۔

اِسْتِرْخَاء: (اکسور، س، ساکن، ت مکسور، ر ساکن، خ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سست ہونا، ڈھیلا ہونا۔

اِسْتِھْدَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ہ ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہدیہ چاہنا، ہدایت طلب کرنا، راستہ پوچھنا۔

اِسْتِقْرَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ق ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پانی اور دوسری چیزوں کو جمع کرنا، بہت ڈھونڈنا، دیہات دیہات گھومنا۔

اِسْتِقْصَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ق ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پوری چیز پر حاوی ہونا، کسی چیز کی انتہا کو پہنچنا

اِسْتِرْضَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ر ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خوشی چاہنا، رضا طلب کرنا۔

اِسْدَاء: (اکسور، س ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) احسان کرنا، کہا جاتا ہے کہ اَسْدٰی اِلَیْهِ اَیْ اَحْسَنَ اس نے اس کے ساتھ احسان کیا۔

اِسْتِدْعَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، د ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بلانا، درخواست کرنا۔

اِسْتِحْیَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) زندگی چاہنا، شرم رکھنا۔

اِسْتِسْقَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، س ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پانی طلب کرنا، پانی مانگنا، ایک مشہور بیماری کا نام ہے۔

اِسْتِحْلَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لذت میں شیریں ہونا، میٹھا ہونا۔

اِسْتِلْقَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ل ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پیٹھ کے بل گرنا۔

اِسْتِثْنَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ث ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) باہر کرنا، نحویوں کی اصطلاح میں اِلَّا کے مابعد کو اس کے ماقبل کے حکم سے کلمۂ اِلَّا کے ذریعہ نکالنا، کلمہ اِنْ شَاءَ اللّٰه کو بھی استثنا کہتے ہیں۔

اِسْتِھْوَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ہ ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پھیر دینا، بھٹکا دینا۔

اِسْتِغْنَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، غ ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بے نیاز ہونا۔

اِسْتِبْرَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ب ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پاکی چاہنا۔

اِسْتِمْرَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، م ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گوارا ہونا۔

اِسْتِھْزَاء: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ہ ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مذاق اڑانا، تمسخر کرنا۔

اَسْنٰی: (امفتوح، س ساکن، ن مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بہت اونچا، زیادہ روشن، بتقدیر اول برسنا سے ہے ہمزہ کے بغیر، بتقدیر ثانی برسناءٌ (ہمزہ کے ساتھ) ہے۔

اِشْتِرَاء: (اکسور، ش ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خریدنا، بیچنا، لیکن پہلے معنی میں مشہور ہے، جیسا کہ شِرَاء بمعنی بیچنا۔

اِشْتِکَاء: (اکسور، ش ساکن، ت مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شکوہ کرنا، کسی سے نالہ کرنا، گریہ وزاری کرنا۔

اِشْتِھَاء: (اکسور، ش ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خواہش کرنا۔

اِشْفَاء: (اکسور، ش ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کسی چیز پر آگاہ ہونا، کسی چیز کے کنارے پہنچنا، کسی کو کوئی چیز دینا جس سے وہ شفا پائے، شفا پانا، کسی خاص چیز کو سبب شفا قرار دینا۔

اِشْفٰی: (اکسور، ش ساکن، ف مفتوح، ا مقصورہ موقوف) ستالی، چمڑے میں سوراخ کرنے کا آلہ۔

اَشْفٰی: (امفتوح، ش ساکن، ف مفتوح، ا مقصورہ موقوف) زیادہ شفا دینے والا۔

اِشْقَاء: (اکسور، ش ساکن ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بدبخت بنانا، تکلیف دینا۔

اَشْقِیَاء: (امفتوح،ش ساکن،ق مکسور،ی مفتوح،اساکن،ءموقوف) بہت سے بدبخت،شَقی کی جمع ہے۔

اَشْقٰی: (امفتوح،ش ساکن،ق مفتوح،ا مقصورہ موقوف) بہت بڑا بدنصیب۔

اَشْہٰی: (امفتوح،ش ساکن،ہ مفتوح،ا مقصورہ موقوف) زیادہ تمنا کرنے والا۔

اَشْیَاء: (امفتوح،ش ساکن،ی مفتوح،اساکن،ءموقوف) چیزیں، شَی کی جمع ہے یا جمع کے معنی میں اس کا استعمال تو ہوتا ہے مگر شے اس کا واحد نہیں ہے۔

اِصْغَاء: (امکسور،ص ساکن،غ مفتوح،اساکن،ءموقوف) کان دھرنا،کان لگانا۔

اِصْطِفَاء: (امکسور،ص ساکن،ط مکسور،ف مفتوح،اساکن،ءموقوف) منتخب کرنا۔

اَصْفٰی: (امفتوح،ص ساکن،ف مفتوح،ا مقصورہ موقوف) بہت صاف۔

اَصْفِیَاء: (امفتوح،ص ساکن،ف مکسور،ی مفتوح،ا ساکن،ءموقوف) منتخب لوگ،صَفی کی جمع ہے۔

اِصْمَاء: (امکسور،ص ساکن،م مفتوح،اساکن،ءموقوف) گھوڑے کا لگام کاٹنا،شکار کا سامنے ہلاک ہونا،سرکار کا ارشاد ہے کُلْ مَا اَصْمَیْتَ وَدَعْ مَا اَنْمَیْتَ شکار کا جانور جو تمہارے سامنے گر کر دم توڑ دے اسے کھاؤ اور جو زخمی ہو کر کہیں دور گر کر مرے اسے نہ کھاؤ۔

اِطْرَاء: (امکسور،ط ساکن،ر مفتوح،اساکن،ءموقوف) تعریف میں انتہا کرنا۔

اِطْفَاء: (امکسور،ط ساکن،ف مفتوح،اساکن،ءموقوف) آگ اور چراغ کو بجھانا۔

اِطْغَاء: (امکسور،ط ساکن،غ مفتوح،،اساکن،ءموقوف) گمراہ کرنا،حد سے باہر لانا۔

اِعْیَاء: (امکسور،،ع ساکن،ی مفتوح،اساکن،ءموقوف) تھکنا، تھکانا،کسی پر کام کا مشکل ہونا۔

اِعْمَاء: (امکسور،ع ساکن،م مفتوح،اساکن،ءموقوف) اندھا کرنا چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حُبُّکَ الشَّیْئَ یُعْمِیْ وَیُصِمُّ کسی چیز کی محبت تجھ کو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔

اِعْتِدَاء: (امکسور،ع ساکن،ت مکسور،د مفتوح،اساکن،ءموقوف) حد سے آگے بڑھنا،ظلم کرنا۔

اِعْتِنَاء: (امکسور،ع ساکن،ت مکسور،ن مفتوح،اساکن،ءموقوف) غم خواری کرنا،انتظام کرنا۔

اَعْبَاء: (امفتوح،ع ساکن،ب مفتوح،اساکن،ءموقوف) بہت سارے بوجھ،گرانباریاں۔

اِعْتِرَاء: (امکسور،ع ساکن،ت مکسور،ر مفتوح،اساکن،ءموقوف) پہنچانا،قابو پانا،غالب ہونا۔

اِعْتِزَاء: (امکسور،ع ساکن،ت مکسور،ز مفتوح،اساکن،ءموقوف) کسی کے ساتھ اپنی نسبت کرنا۔

اِعْتِلَاء: (امکسور،ع ساکن،ت مکسور،ل مفتوح،اساکن،ءموقوف) اونچا ہونا،بزرگوار ہونا،غالب ہونا،کسی چیز کے اوپر ہونا۔

اِعْلَاء: (امکسور،ع ساکن،ل مفتوح،اساکن،ءموقوف) اونچا کرنا، اونچی جگہ پر آنا،بزرگوار کرنا۔

اَعْشٰی: (امفتوح،ع ساکن،ش مفتوح،ا مقصورہ موقوف) اندھیری رات،ایک شاعر کا نام ہے،صاحب قاموس کہتے ہیں اَعْشٰی عرب کے دس قبیلوں کے دس شاعروں کے نام ہیں۔

اِعْفَاء: (امکسور،ع ساکن،ف مفتوح،اساکن،ءموقوف) گناہ سے درگزر کرنا،معاف کرنا۔

اَعْلٰی: (امفتوح،ع ساکن،ل مفتوح،ا مقصورہ موقوف) بہت اونچا۔

اِغْرَاء: (امکسور،غ ساکن،ر مفتوح،اساکن،ءموقوف) ابھارنا،ورغلانا۔

اَغْنٰی: (امفتوح،غ ساکن،ن مفتوح،ا مقصورہ موقوف) بہت زیادہ بے نیاز۔

اِغْنَاء: (امکسور،غ ساکن،ن مفتوح،اساکن،ءموقوف) کسی کو مالدار کرنا،بے نیاز کرنا،فائدہ پہنچانا۔

اِغْمَاء: (امکسور،غ ساکن،م مفتوح،اساکن،ءموقوف) بے ہوش کرنا۔

اِغْوَاء: (امکسور،غ ساکن،ومفتوح،اساکن،ءموقوف) گمراہ کرنا، بہکانا۔

اِفْتَاء: (امکسور،ف ساکن،ت مفتوح،اساکن،ءموقوف) فتویٰ دینا۔

اِفْشَاء: (امکسور،ف ساکن،ش مفتوح،اساکن،ءموقوف) ظاہر کرنا،کھولنا۔

اِفْنَاء: (امکسور،ف ساکن،ن مفتوح،اساکن،ءموقوف) ختم کرنا،فنا کرنا۔

اِفْضَاء: (امکسور،ف ساکن،ض مفتوح،اساکن،ءموقوف) پہنچانا، میدان میں جانا،اپنا راز کسی سے بیان کرنا،سجدے میں ہتھیلی کو زمین پر رکھنا،عورت کے ساتھ صحبت کرنا،عورت کے دونوں راستوں کو ایک کرنا۔

اِفْتِرَاء: (امکسور،ف ساکن،ت مکسور،رمفتوح،اساکن،ءموقوف) کسی پر جھوٹ باندھنا۔

اِقْصَاء: (امکسور،ق ساکن،ص مفتوح، اساکن، ءموقوف) دور کرنا،انتہا کو پہنچانا۔

اَقْصَاء: (امفتوح،ق ساکن،ص مفتوح،اساکن،ءموقوف) کنارے قُصویٰ بضمہ قاف کی جمع ہے کنارہ کے معنی میں۔

اِقْرَاء: (امکسور،ق ساکن،رمفتوح،اساکن،ءموقوف) حیض والی ہونا،حیض سے پاک ہونا (طہر) اور قرآن وغیرہ پڑھانا۔

اَقْرَاء: (امفتوح،ق ساکن،رمفتوح،اساکن،ءموقوف) حیض،قُرء اور قُرء کی جمع ہے جو حیض اور طہر دونوں معنوں میں آیا ہے اور ان دونوں کی جمع قُرُوء بروزن فُروج بھی آتی ہے صاحب قاموس کہتا ہے،اَقْرَا حیض کے معنی میں استعمال ہوا ہے اور قُرُوء،طہر کے معنی میں۔

اِقْسَاء: (امکسور،ق ساکن،س مفتوح،اساکن،ءموقوف) دل کو سخت کرنا۔

اِقْعَاء: (امکسور،ق ساکن،ع مفتوح،اساکن،ءموقوف) کتے کا دم پر اس طرح بیٹھنا کہ اس کے اگلے دونوں پاؤں کھڑے ہوں ،آدمی کا مقعد پر بیٹھنا اس طرح کہ اس کی دونوں پنڈلیاں کھڑی ہوں اور دونوں طرف برابر ہوں، دوسجدوں کے درمیان پیر کھڑا کر کے بیٹھنا، یہ تینوں طریقے نماز میں ممنوع ہیں باختلاف اقوال ائمہ۔

اِقْوَاء: (امکسور،ق ساکن،ومفتوح،اساکن،ءموقوف) گھر کا خالی ہونا،فقیر اور محتاج بنانا،حرکات قافیہ کو مختلف کرنا،عروض شعر سے کسی حرف کا کم کرنا،خالی گھر میں اترنا،سفر کرنا،زادسفر کا ختم ہونا،پیٹ کا کھانے سے خالی ہونا ،بہت مال والا ہونا،مال کا ختم ہونا،

اِقْتِدَاء: (امکسور،ق ساکن،ت مکسور،دمفتوح،اساکن،ءموقوف) پیروی کرنا،امام کے پیچھے نماز پڑھنا۔

اِقْتِفَاء: (امکسور،ق ساکن،ت مکسور،ف مفتوح،اساکن،ءموقوف) پیچھے لوٹنا،واپس ہونا۔

اِقْتِنَاء: (امکسور،ق ساکن،ت مکسور،ن مفتوح،اساکن،ءموقوف) مال حاصل کرنا،کمانا،کسی چیز کا لینا،کسی چیز کو تجارت یا کھانے کے لئے محفوظ رکھنا۔

اَقْنیٰ (امفتوح،ق ساکن،ن مفتوح،اقصورہ موقوف) بہت مالدار۔

اَقْصیٰ: (امفتوح،ق ساکن،ص مفتوح،اقصورہ موقوف) بہت دور، زیادہ انتہا کو پہنچنے والا۔

اَقْضیٰ: (امفتوح،ق ساکن،ض مفتوح،اقصورہ موقوف) بہت حکم کرنے والا،بہت حکم دینے والا۔

اِقْلِیْمِیَا: (امکسور،ق ساکن،ل مکسور،ی ساکن،م مکسور،ی مفتوح، اموقوف) آدم علیہ السلام کی بیٹی،سونے چاندی کا وہ میل جو پگھلانے کے وقت اوپر آتا ہے۔

اِکْتِرَاء: (امکسور،ک ساکن،ت مکسور،رمفتوح،اساکن،ءموقوف) کرایہ پر دینا۔

اِکْتِسَاء: (اکسور، ک ساکن، ت مکسور، س مفتوح، اساکن، ء موقوف) چھپانا، پہنانا۔

اِکْتِفَاء: (اکسور، ک ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، اساکن، ء موقوف) زیادہ ہونا، واپس لوٹانا، پانی کے برتن وغیرہ کو جھکانا۔

اِکْتِوَاء: (اکسور، ک ساکن، ت مکسور، و مفتوح، اساکن، ء موقوف) داغ لگانا۔

اَکْفَاء: (امفتوح، ک ساکن، ف مفتوح، اساکن، ء موقوف) ہمسر، برابر، کفو بالضم کی جمع ہے۔

اِکْفَاء: (اکسور، ک ساکن، ف مفتوح، اساکن، ء موقوف) عیوب قافیہ کی ایک قسم ہے جس میں شعروں کے بعض قافیوں کا حرف روی مختلف ہوتا ہے، مثلاً بحر، شہر، صباح، سپاہ وغیرہ، برتن کو اتنا جھکانا کہ جو کچھ اس میں ہے گر پڑے، کمان کو جھکانا۔

اَکِفَّاء: (امفتوح، ک مکسور، ف مشدد مفتوح، اساکن، ء موقوف) روکنے والے، کافّ کی جمع ہے۔

اِلْجَاء: (اکسور، ل ساکن، ج مفتوح، اساکن، ء موقوف) برائی سے بچنا، اپنا کام خدا پر چھوڑ دینا۔

اِلْغَاء: (اکسور، ل ساکن، غ مفتوح، اساکن، ء موقوف) ڈالنا، بیکار کر دینا۔

اِلْفَاء: (اکسور، ل ساکن، ف مفتوح، اساکن، ء موقوف) پانا۔

اِلْقَاء: (اکسور، ل ساکن، ق مفتوح، اساکن، ء موقوف) ڈالنا۔

اِلْہَاء: (اکسور، ل ساکن، ہ مفتوح، اساکن، ء موقوف) مصروف کرنا، چکی کے منہ میں غلہ ڈالنا۔

اِلْتِجَاء: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ء موقوف) پناہ لینا۔

اِلْتِحَاء: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، اساکن، ء موقوف) داڑھی نکل آنا۔

اِلْتِقَاء: (اکسور، ل ساکن ت مکسور، ق مفتوح، اساکن، ء موقوف) ایک دوسرے کو دیکھنا، آپس میں ملاقات کرنا۔

اِلْتِوَاء: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، و مفتوح، اساکن، ء موقوف) لپیٹنا۔

آلَاء: (آ ممدودہ، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) نعمتیں، اِلَی، اَلَی اور اِلًا، اَلًا اَلْوٌ کی جمع ہے۔

اَلَا: (امفتوح، ل مفتوح، اموقوف) حرف تنبیہ۔

اِلَّا: (اکسور، ل مشدد مفتوح، اموقوف) حرف تخصیص۔

اِمْرَاء: (اکسور، م ساکن، ر مفتوح، اساکن، ء موقوف) کھانے کا ہضم اور گوارا ہونا۔

اُمَرَاء: (اضموم، م مفتوح، ر مفتوح، اساکن، ء موقوف) امیر کی جمع ہے۔

اَمْرَأ: (امفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ء موقوف) زیادہ خوشگوار۔

اِمْرَأ: (اکسور، م ساکن، ر مفتوح، ء موقوف) مرد۔

اَمْعَاء: (امفتوح، م ساکن، ع مفتوح، اساکن، ء موقوف) پیٹ کی آنتیں، مِعًی کی جمع ہے میم کے کسرہ کے ساتھ۔

اِمْسَاء: (اکسور، م ساکن، س مفتوح، اساکن، ء موقوف) شام کرنا، ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پھرنا۔

اِمْضَاء: (اکسور، م ساکن، ض مفتوح، اساکن، ء موقوف) گزارنا، جاری کرنا۔

اِمْلَاء: (اکسور، م ساکن، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) چھوڑ دینا، مہلت دینا، یادداشت سے کسی چیز کو لکھنا، بھر دینا۔

اِمْتِلَاء: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) بھر جانا۔

اِمْتِرَاء: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، اساکن، ء موقوف) شک میں پڑنا۔

اِنْبَاء: (اکسور، ن ساکن، ب مفتوح، اساکن، ء موقوف) خبر دینا۔

اَنْبَاْ: (امفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ء موقوف) خبریں، نَبَأ کی جمع ہے۔

اِنْتِجَاء: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ء موقوف) سرگوشی کیلئے کسی کو خاص کرنا۔

اِنْجِلَاء: (امکسور، ن ساکن، ج مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) غم کا دور ہونا، ابر وغیرہ کا کھل جانا، گھر اور وطن سے باہر جانا، بے وطن ہونا۔

اِنْحِنَاء: (امکسور، ن ساکن، ح مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) جھکنا، کمر کا ٹیڑھا ہونا۔

اِنْزِوَاء: (امکسور، ن ساکن ز مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف)، گوشہ نشیں ہونا، مخلوق سے کنارہ کش ہونا، اکٹھا ہونا۔

اِنْتِفَاء: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ناپید ہونا، فنا ہونا۔

اِنْطِوَاء: (امکسور، ن ساکن، ط مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لپٹنا۔

اِنْبِغَاء: (امکسور، ن ساکن، ب مکسور، غ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لائق ہونا، آسان ہونا۔

اِنْطِفَاء: (امکسور، ن ساکن، ط مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) چراغ اور آگ کا بجھنا۔

اِنْقِضَاء: (امکسور، ن ساکن، ق مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مدت (وقت) کا پورا ہونا۔

اِنْتِمَاء: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کسی کے ساتھ نسبت پانا۔

اِنْتِہَاء: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) آخر اور انجام کو پہنچانا، کسی چیز تک پہنچنا، ٹھہر جانا، رُک جانا۔

اِنْہَاء: (امکسور، ن ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خبر دینا۔

اِنْمَاء: (امکسور، ن ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بڑھانا، شکاری کی نظر سے دور شکار کا ہلاک ہونا۔

اِنْسَاء: (امکسور، ن ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بھلا دینا، بھول جانا۔

اِنْشَاء: (امکسور، ن ساکن، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پیدا کرنا، شروع کرنا، خود سے کچھ کہنا، خود کلامی۔

اِنَاء: (امکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) برتن، آنیۃ مد کے ساتھ جمع اور اَوَانِی جمع الجمع ہے۔

اِنَا: (امکسور، ن مفتوح، ا موقوف) کسی چیز کے پکنے کا وقت معلوم کرنا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا غَیْرَ نَاظِرِیْنَ اِنَاہُ نہ یوں کہ خود اس کے پکنے کی راہ تکو۔

اُنْثٰی: (امضموم، ن ساکن، ث مفتوح، ا مقصورہ موقوف) مادہ، عورت، اناث (امکسور) جمع ہے۔

اَولٰی: (امفتوح، و ساکن، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) زیادہ درست، زیادہ مناسب، نیز وای (خرابی) کے معنی میں ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اَوْلٰی لَکَ فَاَوْلٰی تیری خرابی آگئی اب آگئی۔

اُولٰی: (امضموم، و ساکن، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) پہلی، اول کا مونث ہے۔

اِہْوَاء: (امکسور، ہ ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ارادہ کرنا، ڈالنا، اشارہ کرنا، دوست رکھنا۔

اَہْوَاء: (امفتوح، ہ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خواہش نفس، ہَوَا کی جمع ہے۔

اِہْدَاء: (امکسور، ہ ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہدیہ بھیجنا، قربانی کا جانور مکہ لے جانا۔

اِہْتِدَاء: (امکسور، ہ ساکن، ت مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سیدھا راستہ پانا۔

اِہْرَاء: (امکسور، ہ ساکن ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شدید ٹھنڈک میں پڑنا، برا کہنا، گوشت کو اچھی طرح پکانا۔

اَہْنٰی: (امفتوح، ہ ساکن، ن مفتوح، ا مقصورہ موقوف) زیادہ خوشگوار اور زیادہ خوش آئند۔

اِیذَاء: (امکسور، ی ساکن، ذ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ستانا، دکھ دینا۔

اِیرَاء: (امکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) آگ جلانا، چقماق سے آگ نکالنا۔

اِیصَاء: (امکسور، ی ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) نصیحت کرنا، وصی بنانا۔

اِیطَاء: (امکسور، ی ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شعر میں ایک ہی قافیہ کو بار بار لانا، کسی کو پامال کرنا۔

اِیْفَاء: (امکسور، ی ساکن ف مفتوح، اساکن، ءموقوف) وعدہ پورا کرنا، پورادینا، کسی چیز پر شرف والا ہونا، پورا کرنا۔

اِیْلَاء: (امکسور، ی ساکن، ل مفتوح، اساکن، ءموقوف) بخشنا، قریب کرنا، قریب ہونا، قسم کھانا، قسم کے معنی میں یاء ہمزہ سے بدلی ہے اور سابقہ معنوں میں یاء واو سے بدلی ہے، ایلاء اصطلاح شرع میں مرد کا اس بات کی قسم کھانا کہ وہ اپنی عورت سے صحبت نہیں کرے گا اور اس قسم کا حکم یہ ہے کہ اس مرد کے لیے چار مہینے کی مہلت ہے اگر اس مدت میں عورت کی طرف رجوع کرلیا یعنی صحبت کرلی اور قسم شکنی کا کفارہ ادا کردیا تو حق تعالیٰ اس کے گناہوں سے درگذر فرمائے گا اور عورت اس پر حلال ہو جائے گی، اگر اس چار مہینے کی مدت میں عورت کی جانب رجوع نہیں کیا طلاق اور جدائی کی نیت کی چار مہینے کی مدت گذرنے کے بعد بیوی کو طلاق بائن پڑ جائے گی اور نکاح ختم ہو جائے گا یہ مسئلہ احناف کے نزدیک مختار ہے، شافعیہ، مالکیہ اور حنبلیہ کہتے ہیں کہ مرد کو چار مہینے کی مہلت ہے اور عورت کو یہ حق نہیں کہ اس مدت میں مطالبہ کرے، چار ماہ گذرنے کے بعد مرد قسم کا کفارہ ادا کرکے عورت کی طرف رجوع کرے تو حق تعالیٰ اپنے کرم سے اس کا گناہ بخش دے گا اور اگر رجوع نہیں کیا تو عورت اس کو قاضی کے سامنے لے جائے تاکہ اس کا شوہر رجوع کرے یا طلاق دے دے یعنی ائمہ ثلاثہ کے نزدیک چار ماہ گذرنے کے بعد ایلاء سے طلاق نہ پڑے گی (م) حق تعالیٰ نے سورہ بقرہ میں یہ حکم بیان فرمایا لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَاءِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ فَاِنْ فَآءُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ اور وہ جو قسم کھا بیٹھے ہیں اپنی عورتوں کے پاس نہ جانے کی انھیں چار مہینے کی مہلت ہے پس اگر اس مدت میں پھر آئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر چھوڑ دینے کا ارادہ کرلیا تو اللہ سنتا جانتا ہے۔

اِیْمَاء: (امکسور، ی ساکن، م مفتوح، اساکن، ءموقوف) اشارہ کرنا۔

اِیْوَاء: (امکسور ی ساکن، و مفتوح، اساکن، ءموقوف) جگہ دینا۔

اَیْنَمَا: (امفتوح، ی ساکن، ن مفتوح، م مفتوح، اساکن، ءموقوف) جس جگہ۔

اَیَامیٰ: (امفتوح، ی مفتوح، اساکن، م مفتوح، امقصورہ موقوف) بے شوہر کی عورتیں، غیر شادی شدہ عورتیں۔

اِیْلِیَا: (امکسور، ی ساکن، ل مکسور، ی مفتوح، اموقوف) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے شہر کا نام۔

﴿فصل الالف مع الباء﴾

آبْ: (آممدودہ، ب موقوف) ایک رومی مہینہ کا نام جس میں سخت گرمی پڑتی ہے۔

اَبَابْ: (امفتوح، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) سفر کیلئے تیار ہونا۔

اَبْ: (امفتوح، ب موقوف) باپ۔

اَبّ: (امفتوح، ب مشدد موقوف) چراگاہ، جانوروں کا چارہ، زمین سے اگنے والی چیز (گھاس)، وطن کی تمنا، یمن میں ایک شہر کا نام ہے۔

اِبّ: (امکسور، ب مشدد موقوف) یمن کا ایک گاؤں۔

اِتْرَاب: (امکسور، ت ساکن، ر مفتوح، اساکن، ب موقوف) مالدار ہونا، خاک آلود ہونا، کسی چیز پر مٹی ڈالنا۔

اَتْرَاب: (امفتوح، ت ساکن، ر مفتوح، اساکن، ب موقوف) ہم عمر دوست، ترب بالکسر کی جمع ہے۔

اِتْعَاب: (امکسور، ت ساکن ع مفتوح، اساکن، ب موقوف) تھکن میں ڈالنا، تھکا دینا۔

اِجْنَاب: (امکسور، ج ساکن، ن مفتوح، اساکن، ب موقوف) ناپاک ہونا، دکھنا ہوا میں پڑنا۔

اِجْتِنَاب: (امکسور، ج ساکن، ت مفتوح، ن مفتوح، اساکن، ب موقوف) دور ہونا، جنبی ہونا۔

اَجْرَب: (امفتوح، ج ساکن، رمفتوح، ب موقوف) کھجلی والا،

اَحْبَاب: (امفتوح، ح ساکن، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) بہت سے دوست حِبّ کی جمع ہے۔

اِحْبَاب: (امکسور، ح ساکن، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) دوست رکھنا، چنا ملاونٹ کا تھک جانا، کھیت سے دانہ نکالنا۔

اِحْتِسَاب: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، س مفتوح، اساکن، ب موقوف) ان چیزوں سے روکنا جو شریعت میں ممنوع ہیں، شمار کرنا، کسی سے مزدوری کی امید رکھنا۔

اَحْزاب: (امفتوح، ح ساکن، زمفتوح، اساکن، ب موقوف) بہت سی جماعتیں، حزب کی جمع ہے۔

اَحْقَاب: (امفتوح، ح ساکن، ق مفتوح، اساکن، ب موقوف) اسی سال، پے در پے طویل زمانہ، حُقب بالضم کی جمع ہے۔

اَخْطَبْ: (امفتوح، خ ساکن، ط مفتوح، ب موقوف) وہ شخص جو عمدہ طریقے پر خطبہ پڑھے تقریر کرے، کڑوا خربوزہ جسے حنظل (ایلوا) کہتے ہیں، وہ گدھا جس کی پیٹھ پر کالی لکیر ہو یا مائل بہ سبزی ہو، ایک پرندہ جسے شقراق کہتے ہیں جس کے پروں پر رنگ برنگ کے تل ہوتے ہیں اسے اخیل بھی کہتے ہیں، وہ مرد جس کے چہرے پر تل ہوں (م)۔

اَدَبْ: (امفتوح، دمفتوح، ب موقوف) عمدہ طریقہ بلغت، عقل، مہمانی کیلئے بلانا، عجیب وغریب، ہر چیز کی حد کی حفاظت کرنا۔

آدَاب: (آ ممدودہ، دمفتوح، اساکن، ب موقوف) اَدَبْ کی جمع ہے، عربی علم کو ادب اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے ذریعہ اپنے آپ کو کلام عربی کے خلل سے ازروئے لفظ یا کتابت محفوظ رکھا جاتا ہے اور اس کی بارہ قسمیں ہیں (1) علم لغت (2) علم صرف (3) علم اشتقاق (4) علم نحو (5) علم معانی (6) علم بیان (7) علم عروض (8) علم قافیہ یہ آٹھ اصول ہیں (9) علم رسم الخط (10) علم قرض الشعر ایسا علم ہے کہ جس کے ذریعہ اشعار میں تمیز کی جائے کہ وہ عیب سے پاک ہیں یا نہیں (11) علم انشا نثر خطبے مکاتیب (12) علم محاضرات یعنی تاریخ وغیرہ کا علم اور یہ چار قسمیں فروع ہیں۔

اَدِیْب: (امفتوح، دمکسور، ی ساکن، ب موقوف) ادب والا، ادب سکھانے والا، اُدَبَاء (امضموم، دمفتوح، ب مفتوح، اساکن، ءموقوف) اَدِیْب کی جمع ہے۔

اِذْآب: (امکسور، ذساکن، آممدودہ، ب موقوف) تکلیف اور رنج میں ڈالنا۔

اِذْنَاب: (امکسور، ذساکن، ن مفتوح، اساکن، ب موقوف) گناہ کرنا۔

اَذْنَاب: (امفتوح، ذ ساکن، ن مفتوح، اساکن، ب موقوف) پونچھیں، ذَنَبْ بالتحتین کی جمع ہے۔

اِرْب: (امکسور، رساکن، ب موقوف) جسم کا ٹکڑا، ضرورت، عقل، دین، شرمگاہ، برائی۔

اَرَبْ: (امفتوح، رمفتوح، ب موقوف) ضرورت مند ہونا، چالاک ہونا، جسم کے ٹکڑوں کا گرنا، زمانہ کا سخت ہونا۔

اَرِیْب: (امفتوح، رمکسور، ی ساکن، ب موقوف)

اَرِبْ: (امفتوح، رمکسور، ب موقوف) عقلمند، ہوشیار۔

اَرْنَبْ: (امفتوح، رساکن، ن مفتوح، ب موقوف) خرگوش نر ہو یا مادہ اور اَرْنَبَۂ مادہ خرگوش ہے بعض لوگوں نے کہا ہے ارنب مادہ ہے خُزَز بروزن زُفَر مذکر ہے، زیور کی ایک ایک قسم، ایک عورت کا نام ہے، ریت کا ٹیلا، ایک گھاس کا نام ہے۔

اِرْتِیَاب: (امکسور، رساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ب موقوف) شک میں پڑنا۔

اِرْتِقَاب: (اکسور، ر ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، اساکن، ب موقوف) انتظار کرنا۔

اِرْتِکَاب: (اکسور، ر ساکن، ت مکسور، ک مفتوح، اساکن، ب موقوف) گناہ کرنا، کسی کام کو شروع کرنا، کسی چیز پر سوار ہونا۔

اِرْدَبّ: (اکسور، ر ساکن، د مفتوح، ب مشدد موقوف) مصر کا بڑا پیمانہ، بعض لوگوں نے کہا ہے 24 صاع کے برابر ہے یا چھ دیبہ ہے اور ایک دیبہ 24 یا 22 مد کا ہوتا ہے، پانی کی وہ نالی جو کھیتوں کی آبپاشی کے لئے بنائی جائے، (ہاء کی زیادتی کے ساتھ) اینٹ اور گارے سے بنا ہوا بڑا اور وسیع حوض۔

اِسْغَاب: (اکسور، س ساکن، غ مفتوح، اساکن، ب موقوف) بھوکا ہونا۔

اَسْغَاب: (امفتوح، س ساکن، غ مفتوح، اساکن، ب موقوف) بھوکیں، سَغَب کی جمع ہے۔

اِسْہَاب: (اکسور، س ساکن، ہ مفتوح، اساکن، ب موقوف) بہت بولنا، میدان میں جانا، گھوڑے کا آگے آگے چلنا، سانپ کے کاٹنے کی وجہ سے بے ہوش ہونا۔

اِسْتِجْلَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ج ساکن، ل مفتوح، اساکن، ب موقوف) اپنی طرف کھینچنا۔

اِسْتِرْہَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ر ساکن، ہ مفتوح، اساکن، ب موقوف) ڈرانا۔

اِسْتِکْتَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ک ساکن، ت مفتوح، اساکن، ب موقوف) لکھنا، کسی چیز کے لکھنے کی طلب کرنا۔

اِسْتِیْجَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ج مفتوح، اساکن، ب موقوف) مناسب ہونا۔

اِسْتِیْعَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن ع مفتوح، اساکن، ب موقوف) جڑ سے اکھاڑنا، ساری چیزیں لینا۔

اِسْتِصْوَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ص ساکن، و مفتوح، اساکن، ب موقوف) درست سمجھنا۔

اِسْتِحْبَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) دوست رکھنا، کسی چیز کو اچھا سمجھنا، اچھا جاننا۔

اِسْتِصْحَاب: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ص ساکن، ح مفتوح، اساکن، ب موقوف) کسی چیز کی صحبت چاہنا، کسی چیز کو اپنی پچھلی حالت پر باقی رکھنا۔

اَسْبَاب: (امفتوح، س ساکن، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) رسیاں، وہ چیزیں جن سے دوسری چیزیں ملی ہوئی ہوں، بندھن، قرابتدار، اَسْبَابُ السَّمَاوَات آسمان کے کنارے اور اس کے دروازے اور وہ راستے جن سے اوپر جائیں۔

اُسْلُوْب: (امضموم، س ساکن، ل مضموم، و ساکن ب موقوف) طریقہ، راستہ، شیر درندہ کا راستہ بنانا، اسالیب کلام یعنی کلام کے اقسام۔

اَشْب: (امفتوح، ش ساکن، ب موقوف) عیب لگانا، ملامت کرنا، کسی چیز کو کسی چیز میں ملانا،

اَشْہَب: (امفتوح، ش ساکن، ہ مفتوح، ب موقوف) کالی اور سفید چیز جس میں سفیدی غالب ہو اس مقام پر عنبر اشہب اور فرس اشہب کالے اور سفید گھوڑے کو کہتے ہیں اور یوم اشہب ٹھنڈے دن کو کہتے ہیں۔

اَشْعَب: (امفتوح، ش ساکن، ع مفتوح، ب موقوف) وہ شخص جس کے مونڈھوں کے درمیان زیادہ فاصلہ ہو، ایک ایسے شخص کا نام ہے جو لالچ میں مشہور تھا مثل ہے لَا تَكُنْ اَشْعَبَ فَتَتْعَبَ" یعنی اشعب لالچی نہ بن تاکہ رنج میں مبتلا نہ ہو اور بعض لغت کی کتابوں میں بائے موحدہ کے بجائے ثائے مثلثہ کے ساتھ ہے جو غلط ہے۔

اِشْرَاب: (اکسور، ش ساکن، ر مفتوح، اساکن، ب موقوف) ملانا،

اعلان کرنا، ایسے کام کا دعویٰ کرنا جو اس نے نہ کیا ہو، دل میں ڈال دینا، کپڑے کا رنگ جذب کرنا، کپڑے کو گہرا رنگنا، ایسا رنگ جو دوسرے رنگ سے ملا ہوا ہو۔

اِضْرَاب: (امکسور، ض ساکن، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) چہرہ پھیرنا، ایک جگہ مقیم ہونا، سر نیچے جھکانا، نر کو مادہ پر چھوڑنا۔

اَضْرَاب: (امفتوح، ض ساکن، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) مانند (مثل) کے معنی میں ہے ضرب کی جمع ہے۔

اِضْطِرَاب: (امکسور، ض ساکن، طمکسور، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) کسی کام کا خلل پذیر ہونا، کسی کام میں خلل پڑنا، پریشان ہونا، ہلنا۔

اِطْرَاب: (امکسور، ط ساکن، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) خوش کرنا۔

اِطْنَاب: (امکسور ط ساکن، ن مفتوح، اساکن، ب موقوف) بات کو لمبا کرنا، بہت بولنا۔

اَطْنَاب: (امفتوح، ط ساکن، ن مفتوح، اساکن، ب موقوف) طُنُب بضمتین کی جمع ہے، خیمہ کی رسّی۔

اَطْیَبْ: (امفتوح، ط ساکن، ی مفتوح، ب موقوف) بہت خوشبودار، بہت صاف۔

اِعْجَاب: (امکسور، ع ساکن، ج مفتوح، اساکن، ب موقوف) خود بینی اور تکبر میں پڑنا، اترانا، کوئی انوکھی چیز لانا۔

اِعْرَاب: (امکسور، ع ساکن، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) بیان کرنا، اعراب کے ساتھ کلام کرنا، عجمی کو عربی کرنا، بے حیائی کی بات کرنا۔

اَعْرَاب: (امفتوح، ع ساکن، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) صحرا میں رہنے والے عرب۔

اِعْقَاب: (امکسور، ع ساکن، ق مفتوح، اساکن، ب موقوف) سزا دینا، پیچھے پڑنا۔

اَعْقَاب: (امفتوح، ع ساکن، ق مفتوح، اساکن، ب موقوف) وہ لڑکے جو باپ کے بعد موجود ہوتے ہیں، ایڑیاں، عَقِبْ کی جمع ہے۔

اَعْصَاب: (امفتوح، ع ساکن، ص مفتوح، اساکن، ب موقوف) پٹھے، عَصَبْ کی جمع ہے۔

اِغْتِرَاب: (امکسور، غ ساکن، ت مکسور، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) مسافر ہونا، غیر اقارب میں شادی کرنا۔

اِغْرَاب: (امکسور، غ ساکن، رمفتوح، اساکن، ب موقوف) انوکھی چیز لانا، مسافر ہونا، مشکیزے کو بھرنا۔

اَغْرَبْ: (امفتوح، غ ساکن، رمفتوح، ب موقوف) زیادہ نادر، زیادہ انوکھا۔

اِغْتِیَاب: (امکسور، غ ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ب موقوف) کسی کو پیٹھ پیچھے برا کہنا۔

اِکْبَاب: (امکسور، ک ساکن، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) چہرے کے بل گرنا، چہرے کے بل گرانا، (لازم اور متعدی دونوں ہے)

اَکْوَاب: (امفتوح، ک ساکن، و مفتوح، اساکن، ب موقوف) بے دستہ اور بے ٹونٹی کے برتن۔

اِکْتِسَاب: (امکسور، ک ساکن، ت مکسور، س مفتوح، اساکن، ب موقوف) اپنی کوشش سے کسی چیز کا حاصل کرنا، مشق کرنا، جمع کرنا۔

اِلْتِعَاب: (امکسور، ل ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، ب موقوف) کھیلنا۔

اِلْتِہَاب: (امکسور، ل ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، اساکن، ب موقوف) روشن ہونا، آگ کا بھڑکنا۔

اِلْبَاب: (امکسور، ل ساکن، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) قیام کرنا، مقیم ہونا۔

اَلْبَاب: (امفتوح، ل ساکن، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) عقلیں، لُبّ کی جمع ہے۔

اَلْب: (امفتوح، ل ساکن، ب موقوف) جمع کرنا، اونٹ کو ہانکنا۔

اَلْقَاب: (امفتوح،ل ساکن،ق مفتوح،اساکن،ب موقوف) ایسے نام جوتعریف یامذمت پردلالت کریں۔

اِنْتِجَاب: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ب موقوف) منتخب کرنا۔

اِنْتِخَاب: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، خ مفتوح، اساکن، ب موقوف) منتخب کرنا، چننا، چنی ہوئی چیز باہر نکالنا۔

اِنْحِدَاب: (امکسور، ن ساکن، ح مکسور، د مفتوح، اساکن، ب موقوف) کبڑا ہونا، پیٹھ کا جھکنا۔

اِنْجِذَاب: (امکسور، ن ساکن، ج مکسور، ذ مفتوح، اساکن، ب موقوف) کسی چیز کی طرف کھنچ جانا، تیز چلنا۔

اِنْتِسَاب: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، س مفتوح، اساکن، ب موقوف) کسی کے ساتھ نسبت کرنا۔

اِنْتِصَاب: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، اساکن، ب موقوف) کھڑا ہونا، دشمن سمجھنا۔

اِنْسِحَاب: (امکسور، ن ساکن، س مکسور، ح مفتوح، اساکن، ب موقوف) کھنچ جانا۔

اِنْقِلَاب: (امکسور، ن ساکن، ق مکسور، ل مفتوح، اساکن، ب موقوف) پھر جانا، بدل جانا۔

اِنْصِبَاب: (امکسور، ن ساکن، ص مکسور، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) گر جانا، پانی وغیرہ کا گرنا۔

اِنْتِهَاب: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، اساکن، ب موقوف) لوٹنا۔

اَنْصَاب: (امفتوح، ن ساکن، ص مفتوح، اساکن، ب موقوف) تکلیفیں، وہ بت جنھیں کافر نصب کرتے ہیں اور ان کی پوجا کرتے ہیں، نُصُب کی جمع ہے۔

اَنْيَاب: (امفتوح، ن ساکن، ی مفتوح، اساکن، ب موقوف) نشتر کے دندانے۔

اَنْسَاب: (امفتوح، ن ساکن، س مفتوح، اساکن، ب موقوف) خانوادے، نسلیں۔

اُنْبُوب: (امضموم، ن ساکن، ب مضموم، و ساکن، ب موقوف) بانس کی گرہیں۔

اَنَابِيب: (امفتوح، ن مفتوح، اساکن، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) بانس، نرکل وغیرہ کی گرہیں، دونوں اُنْبُوبَہ کی جمع ہیں۔

اَوْب: (امفتوح، و ساکن، ب موقوف) واپس ہونا، لوٹنا، جہت، بادل اور ہوا کی تیزی۔

اَوَّاب: (امفتوح، و مشدد مفتوح، اساکن ب موقوف) تسبیح کرنے والا، خدا کی طرف لو لگانے والا۔

اِهَاب: (امکسور، ہ مفتوح، اساکن، ب موقوف) کچی کھال جسے پکایا نہ گیا ہو، مطلق کھال کے معنی میں بھی آتا ہے۔

اَهْدَب: (امفتوح، ہ ساکن، د مفتوح، ب موقوف) لمبی پلکوں والا۔

اِيَاب: (امکسور، ی مفتوح، اساکن، ب موقوف) لوٹنا، واپس ہونا، وطن جانا۔

فصل الالف مع التاء

اِبَاحَت: (امکسور، ب مفتوح، اساکن، ح مفتوح، ت موقوف) حلال کرنا، جائز سمجھنا۔

اِبَاحِيَّة: (امکسور، ب مفتوح، اساکن، ح مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بے دینوں کی جماعت جو ہر چیز کو جائز سمجھتی ہے۔

اِبَادَةٌ: (امکسور ب مفتوح، اساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) ہلاک کرنا۔

اِبَارَةٌ: (امکسور، ب مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ہلاک کرنا۔

اِبْرَةٌ: (امکسور، ب ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بچھو کا ڈنک، ہر ایک ڈنک کو بھی کہتے ہیں، بازو کا باریک کنارہ، سوئی۔

اِبَّالَت: (امکسور، ب مشدد مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ت موقوف) جماعت، لکڑی کا ڈھیر، آباٹیل جمع ہے۔

اِبْلَةٌ: (امکسور، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) دشمنی۔

اُبْلَۃٌ: (امضموم، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بیماری کی مصیبت۔

اَبْلَۃٌ: (امفتوح، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) گرانی۔

اَبَلَۃٌ: (امفتوح، ب مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) گرانی، ناگواری، گناہ۔

اَبِلَۃٌ: (امفتوح، ب مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) مقصود، مطلوب، ضرورت، مبارک لڑکا۔

اُبُلَّۃٌ: (امضموم، ب مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ چھوہارہ جسے دو پتھروں کے بیچ رکھ کر پیسیں اور اس پر دودھ دو ہیں چھوہارے کے ٹکڑے، قبیلہ، بارش، بصرہ میں ایکموضع ہے جو دنیا کی چار جنتوں میں سے ایک جنت ہے، شیبان بن فروخ اُبلی یہیں کا باشندہ تھا۔

اُبَّہَتْ: (امضموم، ب مشدد مفتوح، ہ مفتوح، ت موقوف) بڑائی،

اِبَانَتْ: (امکسور، ب مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ت موقوف) روشن کرنا، واضح بات کہنا، الگ کرنا۔

اِبْنَۃٌ: (امکسور، ب ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) لڑکی۔

اُبْنَۃٌ: (امضموم، ب ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) وہ گانٹھ جو لکڑی میں ہوتی ہے، ایک بیماری ہے جسے پیٹھ کی بیماری اور علت مشائخ کہتے ہیں اس مرض والے کو مابون کہتے ہیں۔

اَثَرَۃٌ: (امفتوح، ث مفتوح، رمفتوح، ۃ موقوف) بچی کھچی چیز۔

اَثَارَتْ: (امفتوح، ث مفتوح، اساکن، رمفتوح، ت موقوف) بچی کھچی چیز۔

اُثْفِیَّۃٌ: (امضموم، ث ساکن، ف مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) چولھا، دیگ دان۔

اِثْبَات: (امکسور، ث ساکن، ب مفتوح، اساکن، ت موقوف) ثابت کرنا، لکھنا۔

اَثْبَات: (امفتوح، ث ساکن، ب مفتوح، اساکن، ت موقوف) معتبر لوگ، کام میں ثابت قدم رہنے والے، ثَبت کی جمع ہے۔

اِثَابَۃٌ: (امکسور، ث مفتوح، اساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) بدلہ دینا، بھلا چنگا ہونا، مزاج کا معتدل ہونا۔

اِثَارَۃٌ: (امکسور، ث مفتوح، اساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) دھول اڑانا، کھیتی کے لئے زمین میں بیج ڈالنا، ہوا کا بادل اڑانا۔

اِجَّانَۃٌ: (امکسور، ج مشدد مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) مٹی کا مرتبان جس میں سرکہ، انگور کا رس وغیرہ رکھتے ہیں، اِجَاجِیْن جمع ہے، اِنْجَانَہ بھی آیا ہے جس میں جیم کو نون سے بدل دیا گیا ہے۔

اِجَابَۃٌ: (امکسور، ج مفتوح، اساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) جواب دینا۔

اِجَاءَۃٌ: (امکسور، ج مفتوح، اساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) پناہ دینا، لانا۔

اِجَادَۃٌ: (امکسور، ج مفتوح، اساکن، دمفتوح، ۃ موقوف) اچھا کام کرنا، اچھی بات کہنا، جاری کرنا۔

اِجَارَۃٌ: (امکسور، ج مفتوح، اساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) پناہ دینا، مہلت دینا، فریادرسی کرنا، آزاد کرنا، گھر اور اس کے علاوہ چیزوں کو کرائے پر دینا۔

اُجْرَۃٌ: (امضموم، ج ساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) کام کی اجرت، مزدوری۔

اِجَازَۃٌ: (امکسور، ج مفتوح، اساکن زمفتوح، ۃ موقوف) جائز رکھنا، چھوڑ دینا، بدلہ دینا، دوری طے کرنا، پیچھے چھوڑنا، جگہ چھوڑ دینا، چھڑوا دینا، رخصت دینا، کسی دوسرے کے مصرع پر مصرع لگا کر شعر پورا کرنا، ایک قافیہ طا اور دوسرا دال لانا۔

اِجَالَۃٌ: (امکسور، ج مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) واپس لوٹانا، چکر دینا۔

اَجْنِحَۃٌ: (امفتوح، ج ساکن، ن مکسور، ح مفتوح ۃ موقوف) چڑیوں کے پر، انسان کے بازو (ہاتھ) جَنَاح کی جمع ہے۔

اَجِنَّۃٌ: (امفتوح، ج مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ بچے جو ماں کے شکم میں ہوں، قبر میں دفن کیے ہوئے، جَنِین کی جمع ہے اور عوام اَجِنَّہ کو جن کی جمع استعمال کرتے ہیں جو غلط ہے،

اِحَاطَۃٌ: (اکسور،ح مفتوح،اساکن،ط مفتوح،ۃ موقوف) گھیرنا، جاننا۔

اِحَالَۃٌ: (اکسور، ح مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) قیمت سوچنا، حیلہ کرنا، مشکل بات کہنا، گھوڑے کی پیٹھ پر اچھلنا، ایک برس کا ہونا۔

اِحَارَۃٌ: (اکسور،ح مفتوح،اساکن،ر مفتوح،ۃ موقوف) جواب دینا۔

اِحْنَۃٌ: (اکسور،ح ساکن،ن مفتوح،ۃ موقوف) کینہ رکھنا، دشمنی کرنا۔

اُحْدُوْثَۃٌ: (اضموم، ح ساکن، د مضموم، و ساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) افسانہ، کہانی۔

اِخْبَات: (اکسور، خ ساکن، ب مفتوح، اساکن، ت موقوف) عاجزی کرنا، دل کا مطمئن ہونا، آرام پانا۔

اَخْبِیَۃٌ: (امفتوح، خ ساکن، ب مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) اونی خیمے، چاند کی ایک منزل، واحد جمع دونوں ہے۔

اِخَاضَۃٌ: (اکسور، خ مفتوح، اساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) چوپائے کو پانی میں اتارنا۔

اُخُوَّۃٌ: (اضموم، خ مضموم، و مشدد مفتوح، ۃ موقوف) برادری، بھائی چارگی۔

اِخْوَۃٌ: (اکسور، خ ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) برادران، بھائی، صاحب مجمع البیان کہتے ہیں اِخْوَۃٌ وہ بھائی جو ایک ماں باپ سے نہ ہوں یعنی باپ شریک بھائی اور ماں شریک بھائی اور اخوان حقیقی بھائیوں کو کہتے ہیں۔

اُخْت: (اضموم، خ ساکن، ت موقوف) بہن وغیرہ۔

اُدْرَۃٌ: (اضموم، د ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) خصیہ ایک بیماری ہے جو خصیہ کی تھیلی میں رطوبت کے اتر جانے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

اِدَارَۃٌ: (اکسور، د مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) لوٹانا، گھمانا، گھیرنا، احاطہ کرنا۔

اِدَانَۃٌ: (اکسور، د مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) قیمت دینا، وعدہ کے مطابق کسی چیز کا بیچنا، بدلہ دینا۔

اِدَاوَۃٌ: (اکسور، د مفتوح، اساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) پانی کا برتن جس سے وضو کیا جائے۔

اُدْمَۃٌ: (اضموم، د ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) گندمی رنگ، سفید رنگ جو اونٹ میں ہوتا ہے، پیشوا، دستاویز۔

اَدَمَۃٌ: (امفتوح، د مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) اندرونی کھال۔

اَدَاۃ: (امفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) اوزار، ہتھیار، اَدَوات جمع ہے۔

اِذَابَۃٌ: (اکسور، ذ مفتوح، اساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پگھلانا۔

اِذَاعَۃٌ: (اکسور، ذ مفتوح، اساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ظاہر کرنا، تتر بتر کرنا، پیشاب کے چھینٹے اڑانا، حوض اور کوزے کا سارا پانی پی جانا۔

اِذَاقَۃٌ: (اکسور، ذ مفتوح، اساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) مزہ چکھنا، مزہ چکھانا۔

اِرَابَۃٌ: (اکسور، ر مفتوح، اساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) کسی کو شک میں ڈالنا، شک کرنا۔

اِرَاحَۃٌ: (اکسور، ر مفتوح، اساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) آرام کرنا، آرام دینا، رات میں چوپایہ کو چرانا، کھودا ہوا، مرنا، حقدار کو حق پہنچانا، سانس لینا، کسی چیز کو سونگھنا۔

اِرَاءَۃٌ: (اکسور، ر مفتوح، اساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) دیکھانا، پہچنوانا۔

اِرَادَۃٌ: (اکسور، ر مفتوح، اساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) چاہنا، خواہش کرنا۔

اِرَاقَۃٌ: (اکسور، ر مفتوح، اساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) پانی وغیرہ بہانا۔

اَرِیْکَۃٌ: (امفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) تخت، مسہری، چھپر کھٹ۔

اُرْجُوْحَۃٌ: (اضموم، ر ساکن، ج مضموم، و ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) وہ رسی جس کے دونوں سرے درخت یا کسی چیز سے باندھے جائیں اور بچے اس میں بیٹھ کر جھولیں، پنڈولہ، جھولا۔

اَرَضَۃٌ: (امفتوح، ر مفتوح، ض مفتوح، ۃ موقوف) دیمک (کیڑا جو

لکڑی کھاتا ہے)

اَرْيَحِيَّةٌ: (امفتوح، رساکن، ی مفتوح، ح مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایسی خوشحالی جو بخشش کی گنجائش پیدا کرے۔

اِزَاحَۃٌ: (امکسور، زمفتوح، اساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) دور کرنا۔

اِزَالَۃٌ: (امکسور، زمفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) دور کرنا۔

اَزِمَّۃٌ: (امفتوح، زمکسور، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) لگامیں، زمام کی جمع ہے۔

اُسَامَۃٌ: (امضموم، س مفتوح، اساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) شیر درندہ، ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے، اسامہ بن زید۔

اِسَامَۃٌ: (امکسور، س مفتوح، اساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) چرانا۔

اِسَالَۃٌ: (امکسور، س مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) جاری کرنا۔

اِسَاءَۃٌ: (امکسور، س مفتوح، اساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) برائی کرنا۔

اِسْتِجَابَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) قبول کرنا، جواب دینا۔

اِسْتِعَانَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) مدد مانگنا، شرمگاہ صاف کرنا۔

اِسْتِغَاثَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، غ مفتوح، اساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) فریاد چاہنا، دعویٰ کرنا۔

اِسْتِعَادَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) بات دہرانا، واپس لوٹنا، واپس لوٹانا۔

اِسْتِعَاذَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، ذ مفتوح، ۃ موقوف) حفاظت طلب کرنا، نگرانی چاہنا، پناہ چاہنا۔

اِسْتِفَادَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، اساکن د مفتوح، ۃ موقوف) فائدہ حاصل کرنا۔

اِسْتِجَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) امان چاہنا، پناہ مانگنا۔

اِسْتِخَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، خ مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بھلائی چاہنا، طلب خیر کرنا۔

اِسْتِدَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، د مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گھیرنا، احاطہ کرنا۔

اِسْتِزَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) دیدار طلب کرنا، دیدار کی خواہش کرنا۔

اِسْتِشَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ش مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) رائے مشورہ طلب کرنا، آپس میں صلاح و مشورہ کرنا، موٹا ہونا۔

اِسْتِطَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ط مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) تتر بتر ہونا، ظاہر ہونا، اڑانا۔

اِسْتِعَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ادھار لینا، مانگنا۔

اِسْتِنَارَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ن مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) روشن ہونا۔

اِسْتِجَازَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) انعام طلب کرنا، پانی مانگنا۔

اِسْتِفَاضَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، اساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) بھلائی چاہنا، تتر بتر ہونا، فاش ہونا۔

اِسْتِحَاضَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، اساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) کسی بیماری کی وجہ سے عورت کو مسلسل خون جاری ہونا۔

اِسْتِفَاقَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، اساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) ہوش میں آنا۔

اِسْتِحَالَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) مشکل سمجھنا، محال ہونا، حال سے پلٹنا۔

اِسْتِطَالَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ط مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) گردن اونچی کرنا، لمبا ہونا۔

اِسْتِمَالَۃٌ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، م مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) اچھی بات سے کسی کو اپنی طرف مائل کرنا۔

إِسْتِقَامَۃٌ: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) سیدھا ہونا، سیدھا کھڑا ہونا۔

إِسْتِكَانَۃٌ: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) انکساری سے پیش آنا، عاجزی کرنا، سر جھکانا۔

أُسْوَۃٌ: (اضموم، س ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) پیشوا، مقتدا، ایسی عبادت جسکی اقتدا کی جائے اور اپنایا جائے، اللہ نے ارشاد فرمایا لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ تمہارے لئے رسول اللہ کی زندگی بہترین نمونۂ عمل ہے۔

إِسْوَۃٌ: (اکسور، س ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) پیشوا، مقتدا۔

إِسْطَارَۃٌ: (اکسور، س ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) غلط بات، افسانہ، کہانی، اَسَاطِیر جمع ہے۔

أُسْطُوْرَۃٌ: (اضموم، س ساکن، ط مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) افسانہ، کہانی، غلط بات۔

أُسْطُوَانَۃٌ: (اضموم، س ساکن، ط مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ستون، کھمبا، اَسَاطِین جمع ہے۔

أُسْكُفَّۃٌ: (اضموم، س ساکن، ک مضموم، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) چوکھٹ کی وہ لکڑی جس پر لوگ قدم رکھتے ہیں، دروازہ کی اوپری لکڑی کو سَاكِف کہتے ہیں۔

أَسَاكِفَۃٌ: (امفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ف مفتوح، ۃ موقوف) جوتی بنانے والے، موچی، کاریگر، اِسْكَاف کی جمع ہے۔

أَسَاوِرَۃٌ: (امفتوح، س مفتوح، ا ساکن، و مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) ہاتھ کے کنگن، گھوڑوں کے سوار، ایک عجمی قوم کا نام ہے جو بصرہ میں رہتی ہے۔

إِسْفَنْجَۃٌ: (اکسور، س ساکن، ف مفتوح، ن ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) ایک ایسی چیز جس سے پانی لیتے ہیں اور دوات میں ٹپکاتے ہیں، پرانا بادل، اس کو مردہ بادل بھی کہتے ہیں، ایک دریائی جانور ہے جب اس پر ہاتھ رکھتے ہیں خود کو کھینچ لیتا ہے جب وہ مرتا ہے پانی اسے ساحل پر لگا دیتا ہے۔

أَسْلَۃٌ: (امفتوح، س ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) نیزے کی نوک، کہنی کا سرا۔

أُسْكُرُجَۃٌ: (اضموم، س ساکن، ک مضموم، ر ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) وہ برتن جس میں پانچ مثقال پانی آسکے۔

أُسْكُرَۃٌ: (اضموم، س ساکن، ک مضموم، ر مفتوح، ۃ موقوف) وہ برتن جس میں پانچ مثقال پانی آسکے۔

إِسْتٌ: (اکسور، س ساکن، ت موقوف) چوتڑ، دبر کا سوراخ۔

إِشْتَاتٌ: (اکسور، ش ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) تتر بتر کرنا۔

أَشْتَاتٌ: (امفتوح، ش ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) بکھری ہوئی چیزیں، شَتِیت کی جمع ہے۔

إِشَادَۃٌ: (اکسور، ش مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) چھت کو اونچا کرنا، مکان کو بلند کرنا، پہچاننا، بلند آواز سے پڑھنا۔

إِشَارَۃٌ: (اکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) اشارے میں بات کہنا، اشارہ، فرمان۔

إِشَاعَۃٌ: (اکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ظاہر کرنا، بکھیرنا، پیشاب کا چھڑکنا، پھینکنا، ڈالنا، حصہ بخرہ نہ کرنا، واپس کرنا۔

إِصَابَۃٌ: (اکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پہنچنا، پانا، چاہنا، درست بات کہنا۔

إِضَاعَۃٌ: (اکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) حصہ تلف کرنا، ضائع کرنا، بہت جائداد والا ہونا۔

أُضْحِيَّۃٌ: (اضموم، ض ساکن، ح مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ بھیڑ یا بکری جو بقرعید کے دن قربانی کیلئے ذبح کی جائے۔

أُضْحُوكَۃٌ: (اضموم، ض ساکن، ح مضموم، و ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) لوگوں کو ہنسا دینے والی بات۔

إِضَاءَۃٌ: (اکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) روشن کرنا، روشن ہونا۔

اِضَافَۃٌ: (اکسور،ض مفتوح،اساکن،ف مفتوح،ۃ موقوف) مہمانی کرنا،توجہ دینا،ایک کلمے کی نسبت دوسرے کلمے کی طرف کرنا، ڈرنا،پرہیز کرنا،کسی چیز پر اضافہ کرنا،نسبت کرنا،پناہ دینا،کسی کو اپنا کام سونپنا،اپنا کام خدا کے حوالے کرنا،گرد جھاڑنا۔

اِطَاعَۃٌ: (اکسور،ط مفتوح،اساکن،ع مفتوح،ۃ موقوف) فرماں برداری کرنا،درخت کے میوے کا پک جانا۔

اِطَاحَۃٌ: (اکسور،ط مفتوح،اساکن،ح مفتوح،ۃ موقوف) ہلاک کرنا،پھینکنا۔

اِطَابَۃٌ: (اکسور،ط مفتوح،اساکن،ب مفتوح،ۃ موقوف) خوش کرنا، خوشبودار کرنا،استنجا کرنا۔

اِعَادَۃٌ: (اکسور،ع مفتوح،اساکن،د مفتوح،ۃ موقوف) لوٹانا۔

اِعَاذَۃٌ: (اکسور،ع مفتوح،اساکن،ذ مفتوح،ۃ موقوف) پناہ میں لینا۔

اِعَارَۃٌ: (اکسور،ع مفتوح،اساکن،ر مفتوح،ۃ موقوف) ادھار دینا۔

اِعَالَۃٌ: (اکسور،ع مفتوح،اساکن،ل مفتوح،ۃ موقوف) زیادہ بال بچوں والا ہونا،تنگ دست ہونا،،اپنی ذمہ داریوں کو کم کرنا، میراث کو تقسیم کرنا۔

اِعَانَۃٌ: (اکسور،ع مفتوح،اساکن،ن مفتوح،ۃ موقوف) مدد کرنا، مددگاری۔

اِعْنَاۃ: (اکسور،ع ساکن،ن مفتوح،اساکن،ۃ موقوف) ہلاک کرنا،ایسے کام میں ڈال دینا جسے پورا کرنا ممکن نہ ہو۔

اِغَاثَۃٌ: (اکسور،غ مفتوح،اساکن،ث مفتوح،ۃ موقوف) فریادرسی کرنا،بارش برسانا۔

اِغَارَۃٌ: (اکسور،غ مفتوح،اساکن،ر مفتوح،ۃ موقوف) غارت کرنا،لوٹنا،زمین کی پستی میں جانا،تیز دوڑنا،گہرائی میں جانا، آنکھ کا دھنس جانا،رسی کو اچھی طرح بٹنا۔

اُغْلُوْطَۃٌ: (اضموم،غ ساکن،ل مضموم،و ساکن،ط مفتوح،ۃ موقوف) ایسی بات جس سے کسی کو غلط فہمی اور وہم میں مبتلا کریں۔

اِفَادَۃٌ: (اکسور،ف مفتوح،اساکن،د مفتوح،ۃ موقوف) فائدہ پہنچانا۔

اِفَاضَۃٌ: (اکسور،ف مفتوح،اساکن،ض مفتوح،ۃ موقوف) زیادہ کرنا، پانی کا نیچے گرانا،خبر پہنچانا،بات چیت کرنا،کوئی بات یا کہانی شروع کرنا،لوٹانا،برتن کو بھر دینا،آنسو بہانا،اپنے اوپر پانی گرانا، لوگوں کا ایک ساتھ عرفات سے روانہ ہونا۔

اِفَازَۃٌ: (اکسور،ف مفتوح،اساکن،ز مفتوح،ۃ موقوف) کامیاب کرنا،بخشنا۔

اِفَاقَۃٌ: (اکسور،ف مفتوح،اساکن،ق مفتوح،ۃ موقوف) ہوش میں آنا،مرض سے قدرے آرام پانا(م)۔

آفَۃٌ: (اممدودہ،ف مفتوح،ۃ موقوف) آسیب،دکھ،مصیبت،تکلیف، فارسی میں آکفت کہتے ہیں،آفات اس کی جمع ہے۔

اِقَالَۃٌ: (اکسور،ق مفتوح،اساکن،ل مفتوح،ۃ موقوف) بیع کو فسخ کرنا،گناہ سے درگزر کرنا۔

اِقَامَۃٌ: (اکسور،ق مفتوح،اساکن،م مفتوح،ۃ موقوف) کھڑا ہونا، کھڑا کرنا،سیدھا کرنا،وطن بنانا،نماز باجماعت کی تکبیر،کسی چیز کا حق ظاہر کرنا۔

اَکَمَۃٌ: (امفتوح،ک مفتوح،م مفتوح،ۃ موقوف) اونچے ٹیلے والی زمین۔

اَکَاسِرَۃٌ (امفتوح،ک مفتوح،اساکن،س مکسور،ر مفتوح،ۃ موقوف) کِسْریٰ کی جمع ہے،خسرو کا معرب ہے،کسریٰ نوشیرواں اور اس کی اولاد کا لقب ہے۔

اَکِنَّۃٌ: (امفتوح،ک مکسور،ن مشدد مفتوح،ۃ موقوف) پردے،کِنّ کی جمع ہے۔

اَلْبَتَّۃٌ: (امفتوح،ل ساکن،ب مفتوح،ت مشدد مفتوح،ۃ موقوف) قطعی،یقینی،بے شک،مصدر مرۃ جو تاکید اور مبالغہ کے لئے آتا ہے یعنی ایک بار کاٹنا،البتہ میں لام،لام تعریف ہے صیغہ بَتَّۃ ہے۔

اُلْفَۃٌ: (اضموم،ل ساکن،ف مفتوح،ۃ موقوف) عادی ہونا۔

اِلَانَۃٌ: (اکسور،ل مفتوح،اساکن،ن مفتوح،ۃ موقوف) نرم کرنا۔

اَلْیَۃٌ: (امفتوح،ل ساکن،ی مفتوح،ۃ موقوف) بکری کی پونچھ،

آدی کا جوڑ، پانچ انگل بڑا گوشت، ران کی جڑ کا گوشت، جوڑ کا گوشت۔

آلَۃ: (امدودہ، ل مفتوح، ۃ موقوف) حالت، جنازہ، ایسی چیز جو کسی چیز کے حاصل کرنے کا سبب ہو، اوزار، وہ لکڑی جس پر فوجی اونچا خیمہ نصب کریں۔

اَمَانَۃ: (امفتوح، م مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جو کسی کے سپرد کریں، امین ہونا۔

اِمَارَۃ: (امکسور، م مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) امیر ہونا، سرداری۔

اَمَارَۃ: (امفتوح، م مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) نشان، علامت، وقت، وعدے کا وقت، اَمَارَات جمع ہے۔

اَمَّارَۃ: (امفتوح، م مشدد مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) حکم دینے والا، نفس امارہ یعنی برائی کا حکم دینے والا نفس۔

اِمْرَۃ: (امکسور، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) مالداری۔

اِمْرَاَۃ: (امکسور، م ساکن، ر مفتوح، ء مفتوح، ۃ موقوف) عورت۔

اَمْت: (امفتوح، م ساکن، ت موقوف) ٹیڑھا ہونا، پستی کا سرا، ٹیلا، وقت کا اندازہ کرنا، چیز کا ظاہر کرنا، زمین، چھوٹے ٹیلے، بلند جگہ۔

اِمَامَۃ: (امکسور، م مفتوح، اساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) پیشوائی کرنا، نماز کی امامت کرنا۔

اُمَامَۃ: (امضموم، م مفتوح، اساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) ایک عورت کا نام ہے۔

اَمَۃ: (امفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) باندی، لونڈی۔

اُمَّۃ: (امضموم، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) انسان اور دوسرے حیوانوں کی جماعت، نبیوں کے پیرو، وہ شخص جو بھلائیوں کا جامع اور لوگوں کا پیشوا ہو، دین، وقت، مدت، قد و قامت، ماں، دین میں امتیازی حیثیت رکھنے والا۔

اِمَّۃ: (امکسور، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) نعمت، راستہ، دین۔

اَمْنِیَّۃ: (امفتوح، م ساکن، ن مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خواہش کرنا۔

اُمْنِیَّۃ: (امضموم، م ساکن، ن مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جھوٹ، آرزو، تمنا، مراد، کتاب پڑھنا، اَمَانی جمع ہے۔

اِمَاتَۃ: (امکسور، م مفتوح، اساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) مارنا، مردہ بچہ پیدا ہونا۔

اِمَاطَۃ: (امکسور، م مفتوح، اساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) دور کرنا، جلانا۔

اِمَالَۃ: (امکسور، م مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) جھکانا۔

اِنْبَات: (امکسور، ن ساکن، ب مفتوح، اساکن، ت موقوف) اگنا، اگانا۔

اِنْصَات: (امکسور، ن ساکن، ص مفتوح، اساکن، ت موقوف) خاموش ہونا، چپ رہنا۔

اِنَابَۃ: (امکسور، ن مفتوح، اساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) خدائے تعالٰی کی طرف رجوع کرنا، برے کاموں سے توبہ کرنا۔

اِنَارَۃ: (امکسور، ن مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) روشن کرنا، روشن ہونا، کپڑے کا جھنڈا بنانا، درخت میں کلی کا آنا۔

اِنَاخَۃ: (امکسور، ن مفتوح، اساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) اونٹ کو بیٹھانا۔

اَنَانِیَّۃ: (امفتوح، ن مفتوح، اساکن، ن مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خود بینی، غرور، خود ستائی۔

اَنَاۃ: (امفتوح، ن مفتوح، اساکن، ۃ موقوف) آہستگی، سستی، کاہل عورت۔

آنِیَۃ: (امدودہ، ن مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) برتن، ظرف، اِنَاء کی جمع ہے، بہت گرم چیز۔

اِنْفَحَۃ: (امکسور، ن ساکن، ف مفتوح، ح مفتوح، ۃ موقوف) (دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادہ، پنیر، نچوڑا ہوا دہی، مترجم) صاحب قاموس کہتے ہیں وہ ایک زرد رنگ کی چیز ہے جو پہاڑی بکری کے شیر خوار (دودھ پیتے) بچے کے شکم سے نکلتی

ہے جو ابھی دانہ گھاس نہ کھاتا ہو اس چیز کو اون وغیرہ میں نچوڑتے ہیں جب وہ گاڑھا ہو جاتا ہے اسے محفوظ کر لیتے ہیں اور بوقت ضرورت کام میں لاتے ہیں جب وہ شیر خوار بچہ دانہ گھاس کھانے لگتا ہے تو اس انفحہ کو کرش (اوجھڑی) کہتے ہیں پس صاحب صحاح نے جو انفحہ کو کرش سے تعبیر کیا ہے صحیح نہیں ہے اہل عرب کہتے ہیں اِسْتَکْرَشَتِ الاِنْفِحَۃُ یعنی انفحہ کرش اوجھڑی ہوگئی صاحب صراح کہتے ہیں کہ انفحہ عام بکری اور پہاڑی بچہ کی آنت کو کہتے ہیں جس نے ابھی چرنا شروع نہیں کیا ان کلمات سے معلوم ہوا کہ انفحہ شیر دان ہے جو چارہ کھانے کے بعد گوبر کا محل (ظرف) ہو جاتا ہے نہ کہ پنیر مایہ جو شیر دان میں دودھ سے ملکر بنتا ہے اس لئے انفحہ کا اطلاق پنیر مایہ پر جیسا کہ مشہور اطبا کی کتابوں میں مذکور ہے ظرف بول کر مظروف اور محل بول کر حال مراد لینے کے قبیل سے ہے جیسے کہ سقمونیا ایک گھاس ہے جس کا نچوڑ (شیرہ) مسہل (دست آور) ہے اور طب کی کتابوں میں سقمونیا کا اطلاق اس کے شیرے پر کرتے ہیں شاید عربی زبان میں اس معنی کے لئے کوئی لفظ نہیں ہے۔

اَنَفَۃٌ: (امفتوح، ن ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ننگ و عار، حیا، شرم۔

اَنْمِلَۃٌ: (امفتوح، ن ساکن، م مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) انگلی کی پور، انگلی کا سرا، اَنَامِل جمع ہے، صاحب قاموس کہتے ہیں اَنْمِلَۃ الف اور میم کی تینوں حرکتوں کے ساتھ آیا ہے، اس طرح انملہ کو نو طریقوں سے پڑھا جا سکتا ہے لیکن پہلا تلفظ مشہور ہے۔

اُنْبُوْبَۃٌ: (امضموم، ن ساکن، ب مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) انگلیوں کا جوڑ۔

اِنَافَۃٌ: (امکسور، ن مفتوح، اساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) زیادہ ہونا، اونچا ہونا۔

اَنْطَاکِیَۃٌ: (امکسور مفتوح، ن ساکن، ط مفتوح، اساکن، ک مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) ملک روم میں ایک بڑا شہر ہے جس کا رقبہ بارہ میل ہے جو پانچ گاؤں اور بہت سے چشموں پر مشتمل ہے۔

اُوْقِیَۃٌ: (امضموم، و ساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) دس درہم کی مقدار، پانچ درہم کی مقدار اور حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ اوقیہ چالیس درہم کی مقدار ہے کیوں کہ حدیث شریف کا مضمون یہ ہے کہ پانچ اوقیہ چاندی میں زکوۃ واجب ہوتی ہے اور بالاتفاق دو سو درہم سے کم میں زکوۃ واجب نہیں ہوتی۔

اَوْعِیَۃٌ: (امفتوح، و ساکن، ع مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) برتن، وِعاء کی جمع ہے۔

اَوَارَجَۃٌ: (امفتوح، و مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ج مفتوح، ۃ موقوف) مال خراج کا دفتر اور اس کے مثل، اَوَارَۃ کا معرب ہے۔

اُوْلَاۃٌ: (امضموم، و ساکن، ل مفتوح، اساکن، ۃ موقوف) آقا و مالکان، یہ صیغہ مونث کے لئے ہے، جیسا کہ اُولُوا مذکر کیلئے ہے۔

اُہْبَۃٌ: (امضموم، ہ ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گھوڑے کا ساز و سامان، گھوڑے کی زین۔

اِہَانَۃٌ: (امکسور، ہ مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ذلیل کرنا۔

اِیَالَۃٌ: (امکسور، ی مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) سرداری کرنا، محفوظ رکھنا۔

﴿فصل الالف مع الثاء﴾

اَثٌّ: (امفتوح، ث مشدد موقوف) گھاس کا زیادہ ہونا۔

اَثَاث: (امفتوح، ث مفتوح، اساکن، ث موقوف) زیادہ ہونا، درخت کے پتوں کا ڈھیر ہونا، گھر کی پونجی، اس کا واحد اَثَاثَۃ ہے

اَجْدَاث: (امفتوح، ج ساکن، د مفتوح، اساکن، ث موقوف) قبریں، جَدَث کی جمع ہے۔

اِحْدَاث: (امکسور، ح ساکن، د مفتوح، اساکن، ث موقوف) نئی بات پیدا کرنا، حدث کرنا، بات کرنا۔

اَحْدَاث: (امفتوح، ح ساکن، دمفتوح، اساکن، ث موقوف) نوخیز جوان نئی ایجادات، وضو توڑنے والی چیزیں حَدَث کی جمع ہے۔

اَحَادِیْث: (امفتوح، ح مفتوح، اساکن، د مکسور، ی ساکن، ث موقوف) خبریں، کہانیاں، قصے، خبر کے معنی میں حدیث کی جمع ہے، کہانیوں کے معنی میں اُحدُوثہ کی جمع ہے۔

اِرْث: (امکسور، رساکن، ث موقوف) میراث پانا، ترکہ پانے والا، پرانا کام جو کسی کو وراثت میں حاصل ہو، راکھ، کسی چیز کا بچا ہوا حصہ۔

اَرْث: (امفتوح، رساکن، ث موقوف) آگ روشن کرنا، قوم کے درمیان فتنہ برپا کرنا۔

اُرْث: (امضموم، رساکن، ث موقوف) ساہی ایک جنگلی جانور جس کے جسم پر لمبے لمبے کانٹے ہوتے ہیں۔

اِسْتِحْدَاث: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، دمفتوح، اساکن، ث موقوف) نئی چیز پیدا کرنا، نئی بات لانا۔

اَشْعَث: (امفتوح، ش ساکن، ع مفتوح، ث موقوف) پراگندہ بالوں والا، غبار آلود بالوں والا۔

اَضْغَاث: (امفتوح، ض ساکن، غ مفتوح، اساکن، ث موقوف) خشک اور تر گھاس کے دستے جو آپس میں ملے ہوں، ضغث کی جمع ہے اَضْغَاثُ اَحْلَام پریشان خواب، پراگندہ خواب جس کی کوئی درست تعبیر نہ ہو۔

اِکْتِرَاث: (امکسور، ک ساکن، ت مکسور، رمفتوح اساکن، ث موقوف) کسی سے ڈرنا۔

اِنْبِعَاث: (امکسور، ن ساکن، ب مکسور، ع مفتوح، اساکن، ث موقوف) مشتعل ہونا۔

اِنْتِکَاث: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ک مفتوح، اساکن، ث موقوف) وعدہ خلافی کرنا، رسی کے بل (پیچ و خم) کو کھولنا، واپس لوٹنا۔

اِنْبِثَاث: (امکسور، ن ساکن، ب مکسور، ث مفتوح، اساکن، ث موقوف) منتشر ہونا، بکھرنا۔

اِنَاث: (امکسور، ن مفتوح، اساکن، ث موقوف) مادہ (مونث) اُنثیٰ کی جمع بمعنی مادہ ہے۔

اُنُث: (امضموم، ن مضموم، ث موقوف) مادہ (مونث) جمع اُنثیٰ بمعنی مادہ ہے۔

اَنِیْث: (امفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ث موقوف) نرم لوہا۔

اِیْنَاث: (امکسور، ی ساکن، ن مفتوح، اساکن، ث موقوف) مادہ جننا۔

﴿فصل الالف مع الجیم﴾

اَبْلَج: (امفتوح، ب ساکن، ل مفتوح، ج موقوف) روشن، ظاہر، چمکنے والا، کشادہ ابرو شخص۔

اَبْرَج: (امفتوح، ب ساکن، رمفتوح، ج موقوف) زیادہ سفید و سیاہ آنکھ والا، خوبصورت آنکھ والا۔

اِبْرِیْج: (امکسور، ب ساکن، رمکسور، ی ساکن، ج موقوف) وہ لکڑی جس کے ذریعہ دہی سے مکھن الگ کریں اس کو متھنی کہتے ہیں فارسی میں اسے شیرزنہ کہتے ہیں۔

اِبْتِهَاج: (امکسور، ب ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، اساکن، ج موقوف) خوش ہونا۔

اُتْرُج: (امضموم ت ساکن ر مفتوح ج مشدد موقوف) ترنج کا معرب ہے۔

اُجُوج: (امضموم، ج مضموم، و ساکن، ج موقوف) کڑوا ہونا۔

اَجُوج: (امفتوح، ج مضموم، و ساکن، ج موقوف) روشن۔

اُجَاج: (امضموم، ج مفتوح، اساکن، ج موقوف) کڑوا۔

اِجَاج: (امکسور، ج مفتوح، اساکن، ج موقوف) گرمی کی سختی، اَجّۃ کی جمع ہے۔

اَجِیْج: (امفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ج موقوف) آگ کا شعلہ مارنا۔

اِحْوَاج: (امکسور، ح ساکن، و مفتوح، اساکن، ج موقوف) نیاز مند بنانا۔

اِحْتِیَاج: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ج موقوف)
نیاز مند ہونا۔

اَحْوَج: (امفتوح، ح ساکن، و مفتوح، ج موقوف) بہت نیاز مند، زیادہ ضرورت مند۔

اِخْتِلَاج: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، اساکن، ج موقورف) عضو کا پھڑکنا، جھٹکا، تناؤ، بچے کا دودھ چھڑانا۔

اِخْرَاج: (امکسور، خ ساکن، ر مفتوح، اساکن، ج موقوف) باہر نکالنا۔

اِدْلَاج: (امکسور، د ساکن، ل مفتوح، اساکن، ج موقوف) رات کو سیر کرنا۔

اِدِّلَاج: (امکسور، د مشدد مکسور، ل مفتوح، اساکن، ج موقوف) رات کے آخر حصہ میں چلنا۔

اِدْرَاج: (امکسور، د ساکن، ر مفتوح، اساکن، ج موقوف) لپیٹنا۔

اَدْرَاج: (امفتوح، د ساکن، ر مفتوح، اساکن، ج موقوف) راستے، راہیں۔

اَدْعَج: (امفتوح، د ساکن، ع مفتوح، ج موقوف) کالی آنکھ والا۔

اِدْمَاج: (امکسور، د ساکن، م مفتوح، اساکن، ج موقوف) لپیٹنا، بات کی تہہ میں بات رکھنا۔

اَرَج: (امفتوح، ر مفتوح، ج موقوف) خوشبو، خوشبو کا پھیلنا، وہ خوشبودار چیزیں جنھیں کھانے میں ڈالتے ہیں مثلاً عرق کیوڑہ، ہر خوشبودار چیز، اَرْج (امفتوح، ر ساکن، ج موقوف) قدر، اعتبار، ارجمند، یہ لفظ فارسی ہے۔

اَرِیْج: (امفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ج موقوف) خوشبو کا پھیلنا، خوشبو، وہ خوشبو جسے کھانے میں ڈالتے ہیں، مثلاً عرق کیوڑہ، ہر خوشبودار چیز۔

اِرْتِجَاج: (امکسور، ر ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ج موقوف) ہلنا، لرزنا۔

اِزْدِوَاج: (امکسور، ز ساکن، د مکسور، و مفتوح، اساکن، ج موقوف) قریب ہونا، باہم ملنا، نکاح کرنا، شادی کرنا۔

اِزْعَاج: (امکسور، ز ساکن، ع مفتوح، اساکن، ج موقوف) حرکت دینا، جھنجھوڑنا، لالچی بنانا، کسی کو گناہ کی رہنمائی کرنا، کسی کو گناہ کی دعوت دینا۔

اَزَجّ: (امفتوح، ز مفتوح، ج مشدد موقوف) باریک، مہین، لمبی بھوں والا، کشادہ بھوں والا، چوڑے منہ والا جانور۔

اَزَج: (امفتوح، ز مفتوح، ج موقوف) ایسی عمارت جو پیش طاق کی طرح محرابی طرز پر بناتے ہے، آزاج اور آزج جمع ہے۔

اَزْوَاج: (امفتوح، ز ساکن، و مفتوح، اساکن، ج موقوف) جوڑے، قسمیں، جنسیں۔

اِسْتِدْرَاج: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، د ساکن، ر مفتوح، اساکن، ج موقوف) آہستہ آہستہ عذاب سے قریب ہونا، معصیت کی حالت میں زیادہ نعمت دینا۔

اِسْفَنْج: (امکسور، س ساکن، ف مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) یہ اِسْفَنْجہ کے معنی میں ہے اوپر گزر چکا ہے (مردہ بادل)

اِسْتِخْرَاج: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، خ ساکن، ر مفتوح، اساکن، ج موقوف) نئی چیز نکالنا، اپنی فکر سے نئی بات پیدا کرنا، باہر نکالنے کی خواہش کرنا۔

اِسْتِعْلَاج: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ل مفتوح، اساکن، ج موقوف) کھال کا سخت ہونا، علاج کی خواہش کرنا۔

اِسْتِمْزَاج: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، م ساکن، ز مفتوح، اساکن، ج موقوف) مزاج پوچھنا۔

اَشَجّ: (امفتوح، ش مفتوح، ج مشدد موقوف) وہ چیز جس کا سر ٹوٹ گیا ہو۔

اَشْرَج: (امفتوح، ش ساکن، ر مفتوح، ج موقوف) وہ مرد یا چوپایہ جس کا ایک خصیہ (فوطہ) نہ ہو۔

اِعْوِجَاج (امکسور، ع ساکن، و مکسور، ج مفتوح، اساکن، ج موقوف) ٹیڑھا ترچھا ہونا۔

اَعْرَج: (امفتوح، ع ساکن، ر مفتوح، ج موقوف) لنگڑا۔

اَعْوَج: (امفتوح، ع ساکن، و مفتوح، ج موقوف) ٹیڑھا۔

اَفْوَاج: (امفتوح، ف ساکن، و مفتوح، اساکن، ج موقوف) جماعتیں، فوجیں، فَوْج کی جمع ہے۔

اِلْہَاج: (امکسور، ل ساکن، ہ مفتوح، اساکن، ج موقوف) اونٹ کے بچے کا اونٹنی کے دودھ کی خواہش کرنا۔

اِلْہِیْجَاج: (امکسور، ل ساکن، ہ مکسور، ی ساکن، ج مفتوح، اساکن، ج موقوف) دودھ کا گاڑھا ہونا، جم جانا۔

اَمْشَاج: (امفتوح، م ساکن، ش مفتوح، اساکن، ج موقوف) پانی اور خون کا آپس میں ملنا، مَشِج کی جمع ہے۔

آمُلَج: (امدودہ، م ساکن، ل مفتوح، ج موقوف) آملہ کا معرب ہے، صاحب قاموس نے اَمْلَج اَفْعَل کے وزن پر لکھا ہے۔

اِمْتِزَاج: (امکسور، م ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، اساکن، ج موقوف) ایک چیز کا دوسری چیز سے ملنا۔

اَنْبَج: (امفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ج موقوف) آم، انبہ کا معرب ہے۔

اُنْمُوْذَج: (اضموم، ن ساکن، م مضموم، و ساکن، ذ مفتوح، ج موقوف) نمونہ کا معرب، صاحب قاموس کہتے ہیں کہ الف کے حذف اور نون کے فتحہ کے ساتھ نموذج صحیح ہے۔

اَوْدَاج: (امفتوح، و ساکن، د مفتوح، اساکن، ج موقوف) رگیں، وَدَج کی جمع ہے۔

اَوْج: (امفتوح، و ساکن، ج موقوف) کسی چیز کا بالائی کنارہ، اُوک کا معرب ہے جو ہندی کلمہ ہے جیسا کہ مولانا عبدالعلی برجندی نے حاشیہ شرح چغمنی میں لکھا ہے، بعض لوگوں نے کہا کہ اوچہ کا معرب ہے یہ زیادہ مناسب اور مشہور ہے۔

اَہْوَج: (امفتوح، ہ ساکن، و مفتوح، ج موقوف) لمبے قد بھاری جسم والا، عجلت کے ساتھ کام کرنے والا، بے وقوف۔

اِیَارَج: (امکسور، ی مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ج موقوف) مشہور مسہل (دست آور) معجون، ایارہ کا معرب ہے یعنی دیوانی کے حساب کا دفتر، ایارجہ واحد ہے۔

اِیْج: (امکسور، ی ساکن، ج موقوف) فارس کا ایک شہر، ایک کا معرب ہے، قاضی عضدالدین صاحب مواقف و شارح مختصر و منتہیٰ یہیں کے رہنے والے تھے۔

﴿فصل الالف مع الحاء﴾

اَبْطَح: (امفتوح، ب ساکن، ط مفتوح، ح موقوف) پانی یا سیلاب کی ایسی گزرگاہ جس میں سنگریزے (کنکر پتھر) زیادہ ہوں، بہت کشادہ اور برابر زمین، اَبَاطِح جمع ہے۔

اِبْرَاح: (امکسور، ب ساکن، ر مفتوح، اساکن، ح موقوف) تعظیم کرنا، حیرت میں ڈالنا، مصیبت میں ڈالنا۔

اِتِّضَاح: (امکسور، ت مشدد مکسور، ض مفتوح، اساکن، ح موقوف) روشن ہونا۔

اِجْتِرَاح: (امکسور، ج ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، اساکن، ح موقوف) کمانا۔

اَجْلَح: (امفتوح، ج ساکن ل مفتوح، ح موقوف) وہ شخص جس کے سر کے دونوں طرف کے بال لٹکے ہوئے ہوں۔

اَحّ: (امفتوح، ح مشدد موقوف) کھانسنا۔

اِرْتِیَاح: (امکسور، ر ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ح موقوف) خوش ہونا۔

اِسْتِصْبَاح: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ص ساکن، ب مفتوح، اساکن، ح موقوف) چراغ جلانا۔

اِسْتِفْتَاح: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ف ساکن، ت مفتوح، اساکن، ح موقوف) مدد چاہنا، کھولنا۔

اِسْتِرْوَاح: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ر ساکن، و مفتوح، اساکن، ح موقوف) خوشبو سونگھنا، آرام پانا۔

اَشْبَاح: (امفتوح، ش ساکن، ب مفتوح، اساکن، ح موقوف) بہت سے لوگ، اجسام۔

إِشَاح: (اکسور مضموم، ش مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ہار اور وہ زیور جسے عورتیں گردن میں پہنتی ہیں یہ لفظ اصل میں وِشَاح تھا۔

إِصْبَاح: (اکسور، ص ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ایک حالت سے دوسری حالت میں جانا، صبح کے وقت چلنا، سویرا کرنا، الف کے فتحہ کے ساتھ صُبح کی جمع ہے، صبحیں۔

أَصْبَح: (امفتوح، ص ساکن، ب مفتوح، ح موقوف) خوبصورت، شیر درندہ، سرخ رنگ، یمن کے ایک بادشاہ کا نام ہے جو امام مالک کے اجداد میں تھا، تازیانہائے اصبحی (اچھی کوڑے) اسی کی طرف منسوب ہیں۔

أَصَحّ: (امفتوح، ص مفتوح، ح مشدد موقوف) درست تر، زیادہ درست۔

إِصْفَاح: (اکسور، ص ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) سائل کو لوٹا دینا، کسی چیز کو پھیلانا، کسی چیز کی طرف مائل ہونا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے قَلْبُ الْمُؤمِنِ مُصْفَحٌ عَلَى الْحَقِّ یعنی مومن کا دل حق کی طرف جھکا ہوا ہے۔

إِصْلَاح: (اکسور، ص ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) درست کرنا۔

إِصْطِبَاح: (اکسور، ص ساکن، ط مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) صبح کے وقت شراب پینا۔

إِصْطِلَاح: (اکسور، ص ساکن، ط مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) آپس میں صلح کرنا، کام اور پیشے کو درست کرنا، کسی چیز یا بات کو طے کرنا۔

إِطْرَاح: (اکسور، ط ساکن، ر مفتوح، ا ساکن ح موقوف) ڈالنا، پھینکنا۔

إِفْلَاح: (اکسور، ف ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) کامیابی پانا، نجات پانا، باقی رکھنا۔

إِفْصَاح: (اکسور، ف ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) فصیح عربی زبان والا ہونا، نصرانیوں کی عید کا آنا، صبح کا روشن ہونا، دودھ کا فضلہ سے خالص ہونا۔

إِفْتِتَاح: (اکسور، ف ساکن، ت مکسور، ت مفتوح، ا ساکن ح موقوف) کھولنا، شروع کرنا۔

إِفْتِضَاح: (اکسور، ف ساکن، ت مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ذلیل ہونا، رسوا ہونا۔

أَفْطَح: (امفتوح، ف ساکن، ط مفتوح، ح موقوف) چوڑے سر والا،

أَفْلَح: (امفتوح، ف ساکن، ل مفتوح، ح موقوف) وہ شخص جس کا نچلا ہونٹ کٹا ہو۔

إِقْتِرَاح: (اکسور، ق ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بے سوچے سمجھے بات کرنا، طلبگار یا خواستگار ہونا۔

أَفْرَاح: (امفتوح، ف ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) خوشیاں۔

إِفْرَاح: (اکسور، ف ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) خوش کرنا، کسی کے قرض کو بڑھا دینا۔

أَكْسَح: (امفتوح، ک ساکن، س مفتوح، ح موقوف) لنگڑا، اپاہج۔

إِلْحَاح: (اکسور، ل ساکن، ح مفتوح، ا ساکن ح موقوف) کسی کام میں مبالغہ کرنا، بادل کا جمنا اور مسلسل برسنا۔

أَلْوَاح: (امفتوح، ل ساکن، و مفتوح ا ساکن، ح موقوف) ہڈی، لکڑی وغیرہ کی چوڑی تختیاں، حکمت میں شیخ مقتول کی ایک کتاب کا نام ہے، اَلْوَاحُ السِّلَاح، اسلحے کے چمکدار حصے، مثلاً نیزے کی انی تلوار۔

إِلْقَاح: (اکسور، ل ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) حصہ دینا، نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا، حاملہ کرنا۔

أَمْلَح: (امفتوح، م ساکن ل مفتوح، ح موقوف) نیلا رنگ، خوبصورت، بہت نمکین۔

إِنْجَاح: (اکسور، ن ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ضرورت کو پورا کرنا، ضرورت کا پورا ہونا۔

إِنْفِسَاح: (اکسور، ن ساکن، ف مکسور، س مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) چوڑا ہونا، کشادہ دل ہونا۔

اِنْشِرَاح: (اکسور، ن ساکن، ش مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) دل کا کشادہ ہونا۔

اِنْتِصَاح: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) نصیحت قبول کرنا۔

اِنْتِضَاح: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) پانی وغیرہ چھڑکنا۔

اَوْضَح: (امفتوح، و ساکن، ض مفتوح، ح موقوف) زیادہ روشن،

اِیْضَاح: (اکسور، ی ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) روشن کرنا، ظاہر کرنا۔

﴿فصل الالف مع الخاء﴾

اَخْ: (امفتوح، خ موقوف) بھائی۔

اَخّ: (امفتوح، خ مشدد موقوف) کلمۂ افسوس، ناپاکی، بھائی کے معنی میں بھی آیا ہے۔

اِخّ: (اکسور، ح مشدد موقوف) اونٹ کو بٹھانے کی آواز، عقل کے معنی میں بھی آیا ہے، غرور، اِخ تِخ کا مرادف ہے، جس کا معنی تھوتھو کرنا ہے۔

اِبْطَاخ: (اکسور، ب ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) زمین میں خربوزے کا زیادہ ہونا۔

اِتِّسَاخ: (اکسور، ت مشدد مکسور، س مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) میلا ہونا۔

اِسْفَانَاخ: (اکسور، س ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) پالک کا ساگ، اِسْپَنَاخ اور اِسْپَنَاج دونوں کا معرب ہے۔

اِسْتِنْسَاخ: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ن ساکن، س مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) لکھنے کے لیے کہنا۔

اَسْلَخ: (امفتوح، س ساکن، ل مفتوح، خ موقوف) گنجا مرد، گہرا سرخ۔

اِنْتِسَاخ: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، س مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) لکھنا۔

اِنْتِفَاخ: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) پھولنا، ہوا بھرنا، ریاح بھرنا۔

اِنْفِسَاخ: (اکسور، ن ساکن، ف مکسور، س مفتوح ا ساکن، خ موقوف) برباد ہونا، درہم برہم ہونا، پھٹنا۔

اِنْسِلَاخ: (اکسور، ن ساکن، س مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) کسی چیز کا باہر ہونا، مہینہ کا گزرنا۔

﴿فصل الالف مع الدال﴾

اَبَدْ: (امفتوح، ب مفتوح، د موقوف) ہمیشہ، وہ زمانہ جو انتہا نہیں رکھتا، جس کی انتہا نہیں، ایک سال کا لڑکا، آباد اَبد کی جمع ہے، غصہ ہونا، بھاگنا۔

اِبِدْ: (اکسور، ب مکسور، د موقوف) کنیز، لونڈی، زیادہ جننے والی گدھی، زیادہ اولاد پیدا کرنے والی عورت۔

اِبْرَاد: (اکسور، ب ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ٹھنڈک میں کوئی کام کرنا، عجلت کے ساتھ قاصد بھیجنا، ٹھنڈا پانی دینا۔

اِبْعَاد: (اکسور، ب ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، د موقوف) دور کرنا۔

اَبْعَدْ: (امفتوح، ب ساکن ع مفتوح، د موقوف) زیادہ دور، خیانت کرنے والا، دھوکہ باز۔

اِتْلَاد: (اکسور، ت ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، د موقوف) پرانے مال کا مالک ہونا۔

اِتِّحَاد: (اکسور، ت مشدد مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، د موقوف) یگانگت رکھنا، ایک ہونا۔

اِتِّقَاد: (اکسور، ت مشدد مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، د موقوف) آگ کا روشن ہونا۔

اِثْمِدْ: (اکسور، ث ساکن، م مکسور، د موقوف) سرمہ کا پتھر جس سے سرمہ بناتے ہیں۔

اَثْمَدْ : (امفتوح، ث ساکن، م مفتوح، دموقوف)

اَثْمُدْ : (امفتوح، ث ساکن، م مضموم، د موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

اِجْتِہَاد : (امکسور، ج ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، دموقوف) کوشش کرنا، سیدھا راستہ ڈھونڈھنا۔

اَجْرَدْ : (امفتوح، ج ساکن رمفتوح، دموقوف) بے گھاس کا میدان، گنجا آدمی۔

اَجْلَدْ : (امفتوح، ج ساکن، ل مفتوح، دموقوف) سخت زمین۔

اِحْقَاد : (امکسور، ح ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، دموقوف) کسی کو کینے والا بنانا۔

اَحْقَاد : (امفتوح، ح ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، دموقوف) کینے، حِقد کی جمع ہے۔

اَحْفَاد : (امفتوح، ح ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، دموقوف) ناتی، پوتے، خدام۔

اُحُدْ : (امضموم، ح مضموم، دموقوف) مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام ہے۔

اَحَدْ : (امفتوح، ح مفتوح، دموقوف) ایک، کوئی ایک شخص، پہلا، اتوار کا دن، تنہا، اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو احد کہتے ہیں۔

اَحَدّ : (امفتوح، ح مفتوح، دمشدد موقوف) بہت تیز، بہت گرم چیز۔

اَحْمَدْ : (امفتوح، ح ساکن، م مفتوح، دموقوف) بہت زیادہ تعریف والا۔

اِحْمَاد : (امکسور، ح ساکن، م مفتوح، ا ساکن، دموقوف) تعریف کے لائق ہونا، ایسا کام کرنا جو ستائش کے قابل ہو، کسی کو تعریف والا پانا، تعریف کیا ہوا ہونا، کسی کے کام اور مذہب کو پسند کرنا اور اسے لوگوں پر ظاہر نہ کرنا، اچھا کام کرنا، کسی کے نزدیک خوبیوں والا ہونا۔

اِخْلَاد : (امکسور، خ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، دموقوف) رغبت کرنا، لازم کرنا، دائمی بنانا۔

اِخْمَاد : (امکسور، خ ساکن، م مفتوح، ا ساکن، دموقوف) آگ کو بجھا دینا۔

اُخْدُوْد : (امضموم، خ ساکن، دمضموم، و ساکن، دموقوف) زمین کی لمبی دراڑیں۔

اِدْ : (امکسور، دموقوف) اَدْ (امفتوح، دموقوف) اِدّ (امکسور، دمشدد موقوف) اَدّ (امفتوح، دمشدد موقوف) عجیب وغریب، تعجب، برا کام، زمانے کا حادثہ، مصیبت۔

اُدّ : (امضموم، دمشدد موقوف) غلبہ، قوت۔

اُدَدْ : (امضموم، دمفتوح، دموقوف) اُدُدْ (امضموم، دمضموم، دموقوف) ایک قبیلہ کا باپ۔

اِرْشَاد : (امکسور، رساکن، ش مفتوح، ا ساکن، دموقوف) راہ حق دکھانا، رہنمائی کرنا۔

اِرْصَاد : (امکسور، رساکن، ص مفتوح، ا ساکن، دموقوف) امید کرنا، راستہ کی نگہبانی کرنا، تاک میں رہنا، رَصَد کی جمع اَرْصَاد ہے۔

اِرْتِدَاد : (امکسور، رساکن، ت مکسور، دمفتوح، ا ساکن، دموقوف) اسلام سے پھر جانا۔

اِرْتِعَاد : (امکسور، رساکن، ت مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، دموقوف) کانپنا، تھرتھرانا۔

اِرْتِیَاد : (امکسور، رساکن، ت مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، دموقوف) ڈھونڈھنا، تلاش کرنا، پیشاب کرنے کے لیے نرم جگہ تلاش کرنا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِذَا بَالَ اَحَدُکُمْ فَلْیَرْتَدْ لِبَوْلِہٖ مَکَانًا لَیِّنًا اَوْ مُنْحَدِرًا جب تم میں سے کوئی شخص پیشاب کرنے کا ارادہ کرے تو اسے چاہیے کہ نرم یا نشیبی زمین تلاش کرے۔

اَرْمَدْ : (امفتوح، رساکن، م مفتوح، دموقوف) مٹ میلا، وہ شخص جس کی آنکھیں دکھتی ہوں۔

اِزْہَاد: (اکسور، ز ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، د موقوف) رغبت کرنا، خواہش کرنا، چاہنا، کم مال والا ہونا، فقیر ہونا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَفْضَلُ النَّاسِ مُؤْمِنٌ مُزْهِدٌ لوگوں میں سب سے بہتر آدمی مومن زاہد ہے۔

اِزْدِیَاد: (اکسور، ز ساکن، د مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، د موقوف) زیادہ ہونا۔

اِزْدِرَاد: (اکسور، ز ساکن، د مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) گلے سے نیچے اتارنا، نگلنا۔

اَزْد: (امفتوح، ز ساکن، د موقوف) یمن میں ایک قبیلہ کا جداعلیٰ ہے اس قبیلہ کی نسبت اسی کی طرف کی جاتی ہے۔

اَسَدْ: (امفتوح، س مفتوح، د موقوف) شیر، آسمان کے پانچویں برج کا نام، ایک قبیلہ کا جداعلیٰ جس کی طرف لوگ نسبت کرتے ہوئے اسدی کہلائے، شیر کو دیکھنے سے ڈرنا اور مدہوش ہوجانا، غصہ ہونا، بہادری دکھانا۔

اَسَدْ آبَاد: (امفتوح، س مفتوح، د ساکن، ا ممدودہ، ب مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک شہر کا نام ہے جو ہمدان کے قریب ہے، نیشاپور کا ایک گاؤں۔

اَسْوَدْ: (امفتوح، س ساکن، و مفتوح، د موقوف) کالا، کالا سانپ، چھوٹی چڑیا، بہت بزرگ آدمی، عرب، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بُعِثْتُ اِلیٰ الاَسْوَدِ وَ الاَحْمَر میں کالے اور سرخ لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا، کالا پانی، کالی کھجور، سانپ، کالا بچھو، صاحب قاموس کہتے ہیں اَسْوَد کالا سانپ ہے اور صاحب صراح کہتے ہیں اَسْوَد بڑے سیاہ سانپ کو کہتے ہیں۔

اِسْعَاد: (اکسور، س ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، د موقوف) مدد دینا، نیک بخت بنانا۔

اِسْنَاد: (اکسور، س ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ٹیک لگانا، کسی چیز کو کسی چیز سے سہارا دینا، کسی کی پناہ لینا، حاضر کرنا، کسی کی طرف حدیث کی نسبت کرنا۔

اَسْنَاد: (امفتوح، س ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، د موقوف) سَنَد کی جمع ہے، سند، وہ چیز جس پر ٹیک لگائی جائے۔

اِسْتِنَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کسی کی پناہ لینا، کسی چیز پر ٹیک لگانا۔

اِسْتِسْعَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، س ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، د موقوف) نیک بختی طلب کرنا، نیک بخت خیال کرنا، مدد طلب کرنا۔

اِسْتِعْدَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) تیار ہونا، کسی کام کے لیے آمادہ ہونا۔

اِسْتِبْعَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ب ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، د موقوف) دور ہونا، دوری طلب کرنا، دور سمجھنا۔

اِسْتِشْہَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ش ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، د موقوف) گواہی چاہنا، حاضر ہونا، شہید ہونا۔

اِسْتِطْرَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ط ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) دشمن کو دھوکہ اور شکست دینے کے لیے خود کو پسپا کرنا، دشمن کو فریب دینے کے لیے بظاہر پسپا ہونا۔

اِسْتِعْبَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، د موقوف) غلامی میں لینا۔

اِسْتِبْدَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ب ساکن، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کسی کام کے لیے تنہا تیار ہونا، کسی کام میں اکیلا ہونا، ہٹ اور ضد کرنا۔

اِسْتِرْدَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ر ساکن، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) واپسی چاہنا، کسی چیز کو دینے کے بعد واپس لینا۔

اِسْتِمْدَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، م ساکن، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) مدد مانگنا۔

اِسْتِیْقَاد: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ا ساکن،

دموقوف) آگ جلانا۔

اِسْتِحْدَاد: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، دمفتوح، اساکن، دموقوف) کسی چیز کو تیز کرنا، شرمگاہ کا بال تراشنا۔

اِشْہَاد: (امکسور، ش ساکن، ہ مفتوح، اساکن، دموقوف) گواہ بنانا، حاضر کرنا، مرد کی منی یا مذی کا نکلنا۔

اَشْہَاد: (امفتوح ش ساکن، ہ مفتوح، اساکن، دموقوف) شاہد کی جمع ہے بمعنی گواہ۔

اُوْجَس: (امضموم،وساکن،ج مفتوح،س موقوف)روزگار،ہمیشہ، ہرگز،زمانہ۔

اِہْلَاس: (امکسور،ہ ساکن،ل مفتوح،اساکن، س موقوف)سست ہونا،آہستہ ہنسنا،بھید کہنا۔

اَہْوَس: (امفتوح،ہ ساکن،ومفتوح،س موقوف) ہوسناک،بہت آرزو والا۔

اَہْیُس: (امفتوح،ہ ساکن،ی مفتوح،س موقوف)دلیر،بہادر۔

اِیْجَاس: امکسور،ی ساکن،ج مفتوح،اساکن،س موقوف)دل میں خوف لیے رہنا،اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَوْجَسَ مِنْھُم خِیْفَۃً اور جی ہی جی میں ان سے ڈرنے لگا۔(پ12 سورہ ہود)

اِیْنَاس: (امکسور،ی ساکن،ن مفتوح،اساکن س موقوف) عادی ہونا،جاننا،سننا،دیکھنا۔

اِیْرَاس: (امکسور،ی ساکن،رمفتوح،اساکن، س موقوف)درخت کے پتوں کا پیلا ہونا،ورس ایک گھاس کا نام ہے جو یمن میں پائی جاتی ہے اور اس سے کپڑے کو زرد رنگ میں رنگتے ہیں۔

اِیَاس: (امکسور،ی مفتوح،اساکن،س موقوف)مایوس ہونا۔

اَیْس: (امفتوح،ی ساکن،س موقوف)ناامید ہونا،یاس کا مقلوب ہے وجود (ہونے) کے معنی میں بھی آیا ہے لَیس (عدم) کے برخلاف ہے۔

آیِس: (اممدودہ،ی مکسور،س موقوف) مایوس،ناامید،کلام عرب میں ناامید کے معنی میں استعمال نہیں ہوا ہے کیوں کہ یہ باب متعدی نہیں ہوتا۔

اِیْیَاس: (امکسور،ی ساکن،ی مفتوح،اساکن س موقوف)ناامید کرنا۔

﴿فصل الالف مع الشین﴾

اَبْرَش: (امفتوح،ب ساکن،رمفتوح،ش موقوف) وہ گھوڑا جس کے جسم پر نقطے ہوں،جن کا رنگ اعضاء کے رنگ کے خلاف ہو،جذیمہ بن مالک کا لقب ہے جو ابرص تھا مگر اس کی شان وشوکت یا خوف کی وجہ سے اَبْرَص کے بجائے ابرش کہتے تھے۔

اَبُوْبَرَاقِش: (امفتوح،ب مضموم،وساکن،ب مفتوح،رمفتوح،اساکن، ق مکسور،ش موقوف)ایک رنگ برنگ پرندے کا نام ہے۔

اِجْہَاش: (امکسور،ج ساکن،ہ مفتوح،اساکن،ش موقوف)رونے کے لیے تیار ہونا،کسی پر آہ وزاری کرنا۔

اِجْشَاش: (امکسور، ج ساکن، ش مفتوح،اساکن، ش موقوف) کوٹنا،کوٹنے کا حکم دینا۔

اَجَشّ: (امفتوح، ج مفتوح،ش مشدد موقوف) کڑی اور سخت آواز والا آدمی۔

اَجْرَش: (امفتوح،ج ساکن،رمفتوح،ش موقوف) آدھا کوٹا ہوا۔

اِحْشَاش: (امکسور، ح ساکن، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) عورت کے پیٹ میں بچے کا خشک ہوجانا، ہاتھ کا سوکھ جانا، گھاس طلب کرنا، گھاس کو جمع کرنا۔

اِحْتِشَاش: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) گھاس جمع کرنا، گھاس (چارا) ڈھونڈھنا۔

اِحْتِوَاش: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، و مفتوح، اساکن، ش موقوف) گھاس جمع کرنا، گھاس (چارا)، شکار کو دوڑانا، کسی چیز کو درمیان میں لینا۔

اِحْتِمَاش: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، م مفتوح، اساکن، ش موقوف) غصہ سے بھڑکنا، غضبناک ہونا، دو مرغوں کا آپس میں لڑنا، اسی معنی میں استحماش بھی ہے۔

اَحْمَش: (امفتوح، ح ساکن، م مفتوح، ش موقوف) پتلی پنڈلی والا۔

اَحْرَش: (امفتوح، ح ساکن، ر مفتوح، ش موقوف) گوہ، ایک صحرائی جانور، ایسا دینار جس کا نقش درست ہو۔

اَحْنَاش: (امفتوح، ح ساکن، ن مفتوح، اساکن، ش موقوف) شکار، سانپ۔

اُحْبُوش: (امضموم، ح ساکن، ب مضموم، و ساکن، ش موقوف) ہر قسم کے لوگ، مختلف قبیلے کے افراد۔

اِخْتِرَاش: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، اساکن، ش موقوف) ایک دوسرے کو زخمی کرنا۔

اَخْفَش: (امفتوح، خ ساکن، ف مفتوح، ش موقوف) چھوٹی آنکھ والا، کمزور بینائی والا، وہ شخص جو روشنی سے زیادہ تاریکی میں اچھی طرح دیکھے، علم نحو کے تین اماموں کا لقب ہے (1) اخفش کبیر جو سیبویہ کے استاذ ہیں (2) اخفش اوسط جو سیبویہ کے معاصر ہیں (3) اخفش صغیر سیبویہ کا شاگرد۔

اِدْہَاش: (امکسور، د ساکن، ہ مفتوح اساکن، ش موقوف) حیران کرنا۔

اِرْشَاش: (امکسور، ر ساکن، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) چھوٹی چھوٹی بوندیں پڑنا، ہلکا ہلکا خون اور آنسو ٹپکانا۔

اِرْعَاش: (امکسور، ر ساکن، ع مفتوح، اساکن، ش موقوف) لرزا دینا۔

اِرْتِعَاش: (امکسور، ر ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، ش موقوف) لرزنا، کانپنا۔

اِرْتِہَاش: (امکسور، ر ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، اساکن، ش موقوف) چوپائے کا کھر کو آپس میں مارنا، چلنے میں سم (کھر) کا زخمی ہونا۔

اِرْتِیَاش: (امکسور، ر ساکن ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ش موقوف) خوش حال ہونا۔

اَرْش: (امفتوح، ر ساکن، ش موقوف) دشمنی، اختلاف، جنگ اور فتنہ پیدا کرنا، زخم کی دیت دینا۔

اُرُش: (امضموم، ر مضموم، ش موقوف) مقدار، آدمی کا ہاتھ جو اس کے قد کے برابر ہو، اس معنی میں یہ لفظ فارسی ہے۔

آرِش: (اممدودہ، ر مکسور، ش موقوف) ایک پہاڑ کا نام ہے، ایران کے ایک مشہور عجمی پہلوان کا نام ہے جس نے اپنی حکمت سے ایسا تیر بنایا تھا جسے شہر آمل سے چلایا تو وہ تیر مرو تک پہنچا جب کہ آمل اور مرو کے درمیان بہت زیادہ فاصلہ ہے۔

اِسْتِیْحَاش: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ح مفتوح، اساکن، ش موقوف) ناراض ہونا، بھاگنا، غمگین ہونا، بھوکا ہونا۔

اِسْتِغْشَاش: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، غ ساکن، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) کسی کو خیانت کرنے والا یا غلط سمجھنا۔

اَشَاش: (امفتوح، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) خوشی کرنا، شادی کرنا۔

اُطْرُوش: (امضموم، ط ساکن، ر مضموم، و ساکن، ش موقوف) بہرا جو سن نہ سکے۔

اِعْطَاش: (امکسور، ع ساکن، ط مفتوح اساکن، ش موقوف) پیاسا کرنا۔

اِغْشَاش: (اکسور، غ ساکن، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) دوسروں کی منزل میں اترنا یہاں تک کہ وہ جگہ ان پر تنگ ہوجائے اور وہ وہاں سے کوچ کریں۔

اِغْتِشَاش: (اکسور، غ ساکن، ت مکسور، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) تھوڑا غلہ بال بچوں کے لیے یا بیچنے کے لیے لانا۔

اَعْمَش: (امفتوح، ع ساکن، م مفتوح، ش موقوف) وہ شخص جس کی آنکھ سے بیماری کی وجہ سے پانی گرتا ہو، ایک مشہور عالم سلیمان بن مہران کا لقب ہے۔

اِغْطَاش: (اکسور، غ ساکن، ط مفتوح، اساکن، ش موقوف) رات کا تاریک ہونا، تاریک کرنا، آنکھ کو تاریک کرنا، نابینا کرنا۔

اَغْطَش: (امفتوح، غ ساکن، ط مفتوح، ش موقوف) کمزور آنکھ والا۔

اِفْحَاش: (اکسور، ف ساکن، ح مفتوح، اساکن ش موقوف) نامناسب اور بیہودہ بات کہنا۔

اِفْرَاش: (اکسور، ف ساکن، ر مفتوح، اساکن، ش موقوف) باز رہنا، کسی کی غیبت کرنا، بچھانا۔

اِفْتِرَاش: (اکسور، ف ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، اساکن، ش موقوف) دونوں بازؤں کو زمین پر بچھانا، بچھ جانا، سونپنا۔

اِقْرَاش: (اکسور، ق ساکن، ر مفتوح اساکن، ش موقوف) کسی کو مار ڈالنے کی کوشش کرنا، عیب بیان کرنا، برائی کرنا۔

اِكْمَاش: (اکسور، ک ساکن، م مفتوح، اساکن، ش موقوف) اونٹنی کے تھن کو باندھنا۔

اِمْتِرَاش: (اکسور، م ساکن ت مکسور، ر مفتوح، اساکن، ش موقوف) لے جانا، لینا۔

اِمْحَاش: (اکسور، م ساکن، ح مفتوح، اساکن، ش موقوف) آگ اور گرمی کا کسی چیز کو جلانا۔

اِمْتِحَاش: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، اساکن، ش موقوف) جل جانا۔

اِنْفَاش: (اکسور، ن ساکن، ف مفتوح، اساکن، ش موقوف) بکری کو رات میں چرنے کے لیے چھوڑنا، بے چرواہے کا گھوڑا۔

اِنْتِفَاش: (اکسور، ن ساکن ت مکسور، ف مفتوح، اساکن، ش موقوف) رات میں چوپایوں کو چرواہے کے بغیر چھوڑنا، جسم پر بالوں کا کھڑا ہونا۔

اِنْتِقَاش: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، اساکن، ش موقوف) نقش ہونا، جسم سے کانٹا نکالنا، اونٹ کا اپنے اگلے پیروں کو زمین پر پٹکنا تاکہ جو پتھر یا کانٹا اس کے پیروں میں ہے باہر آجائے، موچنہ سے بال اکھاڑنا۔

اِنْتِعَاش: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، ش موقوف) بلند ہونا، نیک ہونا، کھڑا ہونا۔

اِنْكِمَاش: (اکسور، ن ساکن، ک مکسور، م مفتوح، اساکن، ش موقوف) جلدی کرنا۔

اِنْتِيَاش: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ش موقوف) کسی چیز کو لینا۔

اِنْتَاش: (اکسور، ن ساکن، ت مفتوح، اساکن، ش موقوف) پیچھے رہنا۔

اَوْبَاش: (امفتوح، و ساکن، ب مفتوح، اساکن، ش موقوف) کمینے لوگ، وہ شخص جو ہر طرح کے لوگوں سے ملتا جلتا ہو۔

اَوْخَاش: (امفتوح، و ساکن، خ مفتوح، اساکن، ش موقوف) کمینے لوگ، برے آدمی۔

اَوْحَاش: (امفتوح، و ساکن، ح مفتوح، اساکن، ش موقوف) بھوکے لوگ۔

اِيْخَاش: (اکسور، ی ساکن، خ مفتوح، اساکن، ش موقوف) کمینہ اور برا ہونا، تیروں کو ربابہ میں واپس رکھنا، ربابہ: پانسے کے بے پیکان تیروں کا گٹھا۔

اِيْحَاش: (اکسور، ی ساکن، ح مفتوح، اساکن، ش موقوف) غمگین کرنا، بھگانا، بے توشہ ہونا، بھوکا ہونا، کسی جگہ کو وحشتناک پانا، زمین کا گھاس اور شہر کا لوگوں سے خالی ہونا۔

اِیْبَاش: الکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) اُگانا۔

﴿فصل الالف مع الصاد﴾

اَبْرَص: (امفتوح، ب ساکن، رمفتوح، ص موقوف) سفید داغ (سام ابرص) چلپاسہ، چھپکلی، گرگٹ، تحقیق یہ ہے کہ اسے پژمژہ کہتے ہیں اور وہ بہت بڑا قاتل ہے۔

اِتْرَاص: (الکسور، ت ساکن، رمفتوح اساکن، ص موقوف) مضبوط و درست کرنا، ہموار کرنا، برابر کرنا۔

اِجَّاص: (الکسور، ج مشدد مفتوح، اساکن، ص موقوف) آلودہ ہونا، یہ لفظ معرب ہے کیوں کہ کلام عرب میں جیم اور صاد جمع نہیں ہوتے۔

اِحْصَاص: (الکسور، ح ساکن، ص مفتوح اساکن، ص موقوف) حصہ دینا۔

اَحْوَص: (امفتوح، ح ساکن، ومفتوح، ص موقوف) تنگ چشم، کنجوس، کسی شخص کا نام ہے۔

اَحَاوِص (امفتوح، ح مفتوح، اساکن، وکسور، ص موقوف) تنگ چشم لوگ، احوص نامی شخص کے فرزند۔

اَحَصّ: (امفتوح، ح مفتوح ص مشدد موقوف) منحوس، برا، بخیل، بدحال، وہ شخص جس کے سر کے بال سر کی بیماری کی وجہ سے جھڑ گئے ہوں۔

اِخْلَاص: (الکسور، خ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ص موقوف) پاک اور سچی دوستی کرنا، بے ریا عبادت اور بندگی، بے ریا دین۔

اِخْتِصَاص: (الکسور، خ ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) ایک چیز کے ساتھ وابستہ اور خاص ہونا، مخصوص کرنا۔

اَخْمَص: (امفتوح، خ ساکن، م مفتوح، ص موقوف) پتلی کمر والا، پاؤں کے تلوے کا گڑھا جو زمین سے نہیں لگتا۔

اِرْخَاص: (الکسور، رساکن، خ مفتوح، اساکن، ص موقوف) سستا کرنا۔

اِرْقَاص: (الکسور، رساکن، ق مفتوح اساکن، ص موقوف) اچھالنا، کدانا، بچوں کو کھیل کھلانا، اونٹ کو ایک دوسرے کے پیچھے دوڑانا۔

اِرْتِخَاص: (الکسور، رساکن، ت مکسور، خ مفتوح، اساکن، ص موقوف) سستا خریدنا۔

اِسْتِخْلَاص: (الکسور، س ساکن، ت مکسور، خ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ص موقوف) رہائی ڈھونڈھنا، خالی کرنا۔

اِسْتِرْخَاص (الکسور، س ساکن، ت مکسور، رساکن، خ مفتوح، اساکن، ص موقوف) سستا خیال کرنا، سستا خریدنا۔

اِسْتِقْصَاص: (الکسور، س ساکن، ت مکسور، ق ساکن، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) بدلہ طلب کرنا۔

اِشْخَاص: (الکسور، ش ساکن، خ مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی چیز کو بھیجنا، کسی کو باہر کرنا، لے جانا، سفر کے وقت پہنچنا، تیر کا نشانے کے اوپر سے گزرنا، کسی کی غیبت کرنا۔

اَشْخَاص: امفتوح، ش ساکن، خ مفتوح، اساکن، ص موقوف) بہت سے لوگ۔

اِعْتِيَاص: (الکسور، ع ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی پر کام کا مشکل ہونا، بھیڑ اونٹنی یا اس کے علاوہ جانوروں کا گابھن نہ ہونا، گھوڑی یا اونٹنی کا جفتی سے کمزور ہونا۔

اِعْوَاص: (الکسور، ع ساکن، ومفتوح، اساکن، ص موقوف) دشمن پر سخت کام ڈالنا۔

اِغْصَاص: (الکسور، غ ساکن، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) گلے میں کوئی چیز اٹکا دینا۔

اِغْتِصَاص: (الکسور، غ ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) غم و غصہ کھانا، گلے میں اٹکانا۔

اَغْمَص: (امفتوح، غ ساکن، م مفتوح، ص موقوف) سفید داغ والا، چتکبرا۔

اِفْرَاص: (اکسور، ف ساکن، رمفتوح، اساکن، ص موقوف) کام کی مہلت پانا۔

اِفْتِرَاص: (اکسور، ف ساکن، ت مکسور، رمفتوح، اساکن، ص موقوف) موقع کی تاک میں رہنا۔

اِفْتِحَاص: (اکسور، ف ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، اساکن، ص موقوف) کھودنا، تحقیق کرنا، پوچھنا۔

اُفْحُوص: (امضموم، ف ساکن، ح مضموم، وساکن، ص موقوف) وہ گڑھا جو مرغ سنگ خوار نے انڈا دینے کے لیے بنایا ہو۔

اِفْتِصَاص: (اکسور، ف ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی چیز کو کسی چیز سے جدا کرنا، باہر نکالنا۔

اِفْصَاص: (اکسور، ف ساکن، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی چیز کو باہر نکالنا، اِسْتِفْصَاص بھی اسی معنی میں ہے۔

اِقْتِنَاص: (اکسور، ق ساکن، ت مکسور، ن مفتوح، اساکن، ص موقوف) شکار کرنا، کمانا۔

اِقْتِصَاص: (اکسور، ق ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی بات کو بیان کرنا، روایت کرنا، پیچھے پیچھے چلنا۔

اِقْصَاص: (اکسور، ق ساکن، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) قتل کرنے والے کو قتل کرنا، بکری گھوڑے اور اس کے مانند جانوروں کا گابھن ہونا، زیادہ مار کر کسی کو موت کے قریب کر دینا۔

اِقْعَاص: (اکسور، ق ساکن، ع مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی چیز کو اپنی جگہ پر فوراً ہلاک کرنا۔

اِقْلَاص: (اکسور، ق ساکن، ل مفتوح، اساکن، ص موقوف) اونٹ کا گرمی میں موٹا ہونا، اونٹ کے کوہان کا ظاہر ہونا۔

اِلْتِحَاص: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی کو کسی کام میں مجبور کر دینا، لاچار کر دینا۔

اِمْغَاص: (اکسور، م ساکن، غ مفتوح، اساکن، ص موقوف) آنت کا درد کرنا، شکم میں مروڑ ہونا۔

اِمْتِصَاص: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) چوسنا۔

اِمْصَاص: (اکسور، م ساکن، ص مفتوح، اساکن، ص موقوف) کسی کو چوسنے کے لیے مقرر کرنا۔

اِنْتِقَاص: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، اساکن، ص موقوف) کم کرنا، کم ہونا۔

اِنْدِلَاص: (اکسور، ن ساکن، دمکسور، ل مفتوح، اساکن، ص موقوف) ہاتھ سے کسی چیز کو ہلانا، گرنا۔

اَنْقَص: (امفتوح، ن ساکن، ق مفتوح، ص موقوف) کم تر ہونا، زیادہ عیب دار ہونا۔

اَوْقَص: (امفتوح، و ساکن، ق مفتوح، ص موقوف) چھوٹا کرنا، لکڑی کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا، مال کی وہ زیادتی جس پر زکوٰۃ واجب نہ ہو۔

اِیْقَاص: (اکسور، ی ساکن، ق مفتوح، اساکن، ص موقوف) گردن کو کوتاہ کرنا۔

اِیْبَاص: (اکسور، ی ساکن، ب مفتوح، اساکن، ص موقوف) گھاس اگنے کی وجہ سے زمین کا سبز و شاداب ہونا، آگ کا روشن ہونا۔

﴿فصل الالف مع الضاد﴾

اَبْض: (امفتوح، ب ساکن، ض موقوف) اونٹ کا اگلا پاؤں بازو پر باندھنا تاکہ زمین سے اگلا پاؤں نہ اٹھا سکے، عرق النساء کا کشیدہ ہونا۔

اُبْض: (امضموم، ب ساکن، ض موقوف) زمانہ، مجازاً نوکری، پیشہ۔

آبَاض: (اممدودہ ب مفتوح، اساکن، ض موقوف) اُبض کی جمع ہے۔

اِبْیِضَاض: (اکسور، ب ساکن، ی مکسور، ض مفتوح، اساکن، ض موقوف) سفید ہونا۔

اِبْغَاض: (اکسور، ب ساکن، غ مفتوح، اساکن، ض موقوف) دشمنی رکھنا، دشمن ہونا۔

اَبْیَض: (امفتوح، ب ساکن، ی مفتوح، ض موقوف) سفید، تلوار۔

اِبَاض: (امکسور، ب مفتوح، اساکن، ض موقوف) وہ رسی جس سے اونٹ کے اگلے پاؤں اس کے بازو سے باندھیں تاکہ زمین سے اگلا پاؤں نہ اٹھا سکے۔

اُبَاض: (امضموم، ب مفتوح، اساکن، ض موقوف) ایک مقام کا نام ہے۔

اِبَّاض: (امکسور، ب مشدد مفتوح، اساکن، ض موقوف) ایک آدمی کا نام ہے، اباضیہ خوارج کا ایک گروہ ہے جو اس آدمی کی طرف منسوب ہے۔

اِجْہَاض: (امکسور، ج ساکن، ہ مفتوح، اساکن، ض موقوف) غالب کرنا، آزاد کرنا، تیز دوڑانا، اونٹنی کا بچہ گرانا۔

اِحْرَاض: (امکسور، ح ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) عشق کا کسی کو بیمار اور کمزور کر دینا، ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔

اَحْرَاض: (امفتوح، ح ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) ایسے کمزور لوگ جو لڑائی نہ کر سکیں۔

اِحْبَاض: (امکسور، ح ساکن، ب مفتوح، اساکن، ض موقوف) تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنا اور سیدھا نہ جانا، کسی کا حق باطل کرنا، کنویں کا پانی اس طرح نکال دینا کہ اس میں کچھ بھی پانی باقی نہ رہے۔

اَحْمَض: (امفتوح، ح ساکن، م مفتوح، ض موقوف) کھٹا۔

اِخْفَاض: (امکسور، خ ساکن، ف مفتوح، اساکن، ض موقوف) عورت کا ختنہ کرنا، آہستہ چلنا، کاہلی کرنا۔

اِخَاض: (امکسور، خ مفتوح، اساکن، ض موقوف) جانوروں کو پانی میں ڈال دینا۔

اِدْحَاض: (امکسور، دساکن، ح مفتوح، اساکن، ض موقوف) دلیل وغیرہ باطل کرنا، مغلوب کرنا، قرعہ ڈالنا، ہلانا، آسمان کے بیچ سے آفتاب کا مغرب کی طرف جھکنا۔

اِرْتِمَاض: (امکسور، رساکن، ت مکسور، م مفتوح، اساکن، ض موقوف) درد و غم سے جل اٹھنا، دل اور جگر کا خراب ہونا، کسی کو مروڑنا۔

اِرْتِیَاض: (امکسور، رساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ض موقوف) سختی گوارا کرنا، تعلیم کے لیے آمادہ ہونا۔

اِرْکَاض: (امکسور، رساکن، ک مفتوح، اساکن، ض موقوف) بچہ کا ماں کے شکم میں حرکت کرنا، بچہ کا ماں کے شکم میں بڑھنا، اِرْتِکَاض بھی اسی معنی میں ہے، مضطرب ہونا۔

اِرْمَاض: (امکسور، رساکن، م مفتوح، اساکن، ض موقوف) گرم ریت کا کسی چیز کو جلانا، غم و درد اور غضب کا کسی کو جلانا۔

اَرْض: (امفتوح، رساکن، ض موقوف) زمین، ہر نیچی جگہ، چوپایوں کے پیر، لرزہ، زکام، کیڑے کا لکڑی کھانا۔

اَرَض: (امفتوح، رمفتوح، ض موقوف) زخم کا خراب ہونا، پیپ والا ہونا۔

اِرَاض: (امکسور، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) جوتے کی تلی جو بالوں یا اون سے بُنی گئی ہو۔

اَرِیْض: (امفتوح، رمکسور، ی ساکن، ض موقوف) بھلائی کا مستحق، متواضع، پاک، موٹا جانور۔

اِسْتِیْفَاض: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، اساکن، ض موقوف) تیز تیز چلنا، بھگانا، دوڑانا۔

اِسْتِحْوَاض (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، و مفتوح، اساکن، ض موقوف) پانی کا حوض میں جمع ہونا۔

اَضّ: (امفتوح، ض مشدد موقوف) بے قرار کرنا، مجبور کرنا۔

اِضّ: (امکسور، ض مشدد موقوف) اصل، جڑ، بیخ۔

اِضَاض: (امکسور، ض مفتوح، اساکن، ض موقوف) پناہ گاہ۔

اِعْرَاض: (امکسور، ع ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) مُنہ پھیر لینا، ظاہر ہونا، کشادہ کرنا، موٹا بچہ جننا، بکری کے بچے کو بدھیا (خصی) کرنا، بھلائی پر قادر ہونا، شکاری کا تیر چلانے کے لیے سیدھا کھڑا ہونا، زمین کے طول و عرض میں چلنا۔

اَعْرَاض: (امفتوح، ع ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف)

بیماریاں، نئی چیزیں، وہ چیزیں جو بذات خود قائم نہ ہوں، حجاز کے شہر اور گاؤں، لوگوں کے بدن۔

اِعْتِرَاض: (اکسور، ع ساکن، ت مکسور، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) چوڑائی میں کھڑا ہونا، کسی کے مقصد میں حایل ہونا، گھوڑے کا چلانے کے وقت سرکشی کرنا، سرکش اونٹ پر سوار ہونا، کسی چیز کے سامنے اس کے ارادے سے آنا، اپنے فوجیوں کو پیش کرنا، مہینے کے درمیان سے کام شروع کرنا، کسی کی برائی اور عیب بیان کرنا، روکنا۔

اِعْتِيَاض: (اکسور، ع ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ض موقوف) معاوضہ لینا۔

اِعْضَاض: (اکسور، ع ساکن، ض مفتوح، اساکن، ض موقوف) کسی کو تلوار مارنا، اونٹ کا خاردار درخت کھانا، زمین کا کانٹوں والی ہونا، کٹوانا، اونٹوں والا ہونا، ذلیل ہونا۔

اِغْمَاض: (اکسور، غ ساکن، م مفتوح، اساکن، ض موقوف) چشم پوشی کرنا، معاملہ میں آسانی کرنا، تلوار کی دھار کو تیز کرنا۔

اِغْرَاض: (اکسور، غ ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) تنگ دل کرنا، اونٹ کی پشت پر بوجھ باندھنا۔

اَغْرَاض: (امفتوح، غ ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) غَرَض کی جمع ہے۔

اِغْتِمَاض: (اکسور، غ ساکن ت مکسور، م مفتوح، اساکن، ض موقوف) اونگھنا۔

اِفْرَاض: (اکسور، ف ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) بخشش کرنا، مال کا نصاب کی حد کو پہنچنا، چوپایوں کا عدد نصاب زکوٰۃ کو پہنچنا۔

اِفْتِرَاض: (اکسور، ف ساکن، ت مکسور، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) واجب کرنا۔

اِقْرَاض: (اکسور، ق ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) قرض دینا۔

اِقْتِرَاض: (اکسور، ق ساکن، ت مکسور، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) قیمت لینا۔

اِقْبَاض: (اکسور، ق ساکن، ب مفتوح، اساکن، ض موقوف) کسی چیز کا دستہ بنانا۔

اِمْحَاض: (اکسور، م ساکن، ح مفتوح، اساکن، ض موقوف) خالص کرنا، کسی چیز کی ملاوٹ نہ کرنا۔

اِمْخَاض: (اکسور، م ساکن، خ مفتوح، اساکن، ض موقوف) خالص دودھ کسی چیز میں ملائے بغیر پینا۔

اِمْرَاض: (اکسور، م ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) بیمار کرنا، درست رائے کے قریب کرنا، مال پر تباہی آنا، مال والے کا آفت میں پڑنا۔

اَمْرَاض: (امفتوح، م ساکن، رمفتوح، اساکن، ض موقوف) بیماریاں، مَرَض کی جمع ہے۔

اِمْضَاض: (اکسور، م ساکن، ض مفتوح، اساکن، ض موقوف) غم اور زخم کا کسی کو جلانا، زخم کا درد کرنا۔

اِمْتِضَاض: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ض مفتوح، اساکن، ض موقوف) جلنا، جلانا۔

اِنْهَاض: (اکسور، ن ساکن، ہ مفتوح، اساکن، ض موقوف) ابھارنا، اٹھانا۔

اِنْتِهَاض: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، اساکن، ض موقوف) اٹھانا۔

اِنْتِفَاض: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، اساکن، ض موقوف) بکھرنا۔

اِنْتِقَاض: (اکسور، ن ساکن ت مکسور، ق مفتوح، اساکن، ض موقوف) وعدہ وغیرہ کا ٹوٹنا، مکان کا ویران ہونا، بٹی ہوئی رسی کے بل کا کھلنا۔

اِنْخِفَاض: (اکسور، ن ساکن، خ مکسور، ف مفتوح، اساکن، ض موقوف) کلمہ کا مکسور ہونا، گرنا، بلندی سے پستی میں گرنا۔

اِنْقِبَاض: (اکسور، ن ساکن، ق مکسور، ب مفتوح، اساکن، ض موقوف) گھٹن، سکڑنا، دلگیر ہونا۔

اِنْقِرَاض: (اکسور، ن ساکن، ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) کٹنا، مدت کا پورا ہونا۔

اِنْفِضَاض (اکسور، ن ساکن، ف مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) ٹوٹ جانا، بکھر جانا۔

اِنْقِضَاض (اکسور، ن ساکن، ق مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) گھر گرنا، تباہ ہونا، کسی چیز کا کسی چیز پر گرنا، پرندے کا فضا سے نیچے آنا، ستارے کا ٹوٹنا۔

اِنْہِضَاض: (اکسور، ن ساکن، ہ مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) ٹوٹنا۔

اِنْقَاض: (اکسور، ن ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) پیٹھ کے بوجھ کو بھاری کرنا، کوے، اونٹ، عقاب اور ہر پرندے کے بچے کا آواز کرنا (بولنا)، کم عمر اونٹوں کی آواز، پہلے معنی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اَنْقَضَ ظَهْرَكَ جس نے تمہاری پیٹھ توڑ دی (پ 30 سورۂ الم نشرح)

اَوْفَاض: (امفتوح، و ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) جلد، لوگوں کا ملا جلا گروہ، یہ لفظ جمع و مفرد دونوں کے لیے ہے، حدیث میں ہے اِنَّهُ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَنْ تُوْضَعَ فِى الْاَوْفَاضِ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک صدقہ مختلف لوگوں کو دیا جائے۔

اِيقَاض: (اکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) جلدی کرانا، اٹھانا۔

اِيمَاض: (اکسور، ی ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) بجلی کا آہستہ آہستہ کوندنا، کسی چیز کو نکھیوں سے دیکھنا۔

اَيْض: (امفتوح، ی ساکن، ض موقوف) پھرنا، لوٹنا۔

﴿فصل الالف مع الطاء﴾

اِبِط: (اکسور، ب مکسور، ط موقوف) بغل، با کے سکون کے ساتھ بھی اسی معنی میں ہے۔

اِبْسَاط: (اکسور، ب ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) اونٹنی کا بچے کو چھوڑنا، کشادہ ہونا۔

اَبْسَاط: (امفتوح، ب ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) وہ اونٹنیاں جن کو بچوں کے ساتھ چھوڑ دیا گیا ہو، بُسط کی جمع ہے۔

اِحْبَاط: (اکسور، ح ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) باطل کرنا۔

اِحْتِيَاط: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) درست کرنا، احاطہ کرنا، کسی چیز کو گھیرنا، ہوش کے ساتھ کام کرنا۔

اَحَطّ: (امفتوح، ح مفتوح، ط مشدد موقوف) بہت نیچے گرا ہوا۔

اَحْوَط: (امفتوح، ح ساکن، و مفتوح، ط موقوف) بہت احتیاط کرنے والا، قابل اعتماد۔

اِخْتِلَاط: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) ملانا، عقل کا تباہ اور برباد ہونا۔

اِخْتِبَاط: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) کسی سے وسیلہ اور سابقہ معرفت کے بغیر کوئی چیز طلب کرنا، شرم و حیا کی وجہ سے رات میں سوال کرنا۔

اِخْتِرَاط: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) نیام سے تلوار کھینچنا۔

اَخْلَاط: (امفتوح، خ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) مختلف گروہ، ایک شہر کا نام ہے، خوشبودار دوائیں، خلط بدن۔

اِرْتِبَاط: (اکسور، ر ساکن، ت مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) باندھنا۔

اَرْقَطُ: (امفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ط موقوف) وہ چیز جس پر سفید و سیاہ نقش ہوں۔

اِسْخَاط: (اکسور، س ساکن، خ مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) غصہ میں لانا، ناراض کرنا۔

اِسْعَاط: (اکسور، س ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) ناک میں دوا ڈالنا، سینہ پر دوا رکھنا۔

اَسْبَاط: (امفتوح، س ساکن، ب مفتوح، اساکن، ط موقوف) لڑکوں کے لڑکے، پوتے، پرپوتے سِبْط کی جمع ہے، یعقوب علیہ السلام کے لڑکوں کا گروہ، اسباط یعقوب علیہ السلام کے بیٹوں کی اولاد جو بنواسرائیل کے بارہ قبیلے ہیں اور فرزندان اسماعیل۔

اِسْتِنْبَاط: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ن ساکن، ب مفتوح، اساکن، ط موقوف) پانی نکالنا، علم میں تحقیق کرنا، قرآن وسنت سے دلیل پیش کرنا۔

اَسْمَاط: (امفتوح، س ساکن، م مفتوح، اساکن، ط موقوف) بے روئی کی شلواریں، اِکہرے جوتے۔

اَسْوَاط: (امفتوح، س ساکن، و مفتوح، اساکن، ط موقوف) کوڑے، (سَوط کی جمع ہے م)

اِسْقَاط: (امکسور، س ساکن، ق مفتوح، اساکن، ط موقوف) بچہ گرانا، گفتگو میں غلطی کرنا۔

اَسْقَاط: (امفتوح، س ساکن، ق مفتوح، اساکن، ط موقوف) بے مایہ سازوسامان سَقَط کی جمع ہے۔

اِشْطَاط: (امکسور، ش ساکن، ط مفتوح، اساکن، ط موقوف) ظلم کرنا، حد سے آگے بڑھنا، چوپائے کے بچہ کا دور چلا جانا، کسی چیز کی طلب میں جلدی کرنا۔

اِشْتِرَاط: (امکسور، ش ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، اساکن، ط موقوف) شرط لگانا۔

اِشْرَاط: (امکسور، ش ساکن، ر مفتوح، اساکن، ط موقوف) اونٹ اور بکری پر بیچنے کے لیے نشان لگانا، اپنے کو کسی کام کے لیے تیار کرنا۔

اَشْرَاط: (امفتوح، ش ساکن، ر مفتوح، اساکن، ط موقوف) نشانیاں، قوم کے بہت لوگ، بزرگ لوگ، خراب مال۔

اَشْوَاط: (امفتوح، ش ساکن، و مفتوح، اساکن، ط موقوف) چکر طَافَ بِالْبَیْتِ سَبْعَةَ اَشْوَاطٍ خانہ کعبہ کا سات چکر لگایا۔

اَطِیْط: (امفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ط موقوف) اونٹ کے پالان اور زین کا آواز کرنا، اونٹ کا بوجھ کی زیادتی کی وجہ سے بولنا، شکم کا گڑگڑانا، آنتوں کا بولنا، کھجور کے درخت کا آواز کرنا۔

اِعْتِبَاط: (امکسور، ع ساکن، ت مکسور، ب مفتوح، اساکن، ط موقوف) کسی بیماری یا مرض کے بغیر اونٹ کا مرنا۔

اِغْلَاط: (امکسور، غ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ط موقوف) غلطی میں ڈالنا۔

اَغْلَاط: (امفتوح، غ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ط موقوف) غلطیاں، غَلَط کی جمع ہے۔

اَغَالِیْط: (امفتوح، غ مفتوح، اساکن، ل مکسور، ی ساکن، ط موقوف) غلطیاں، وہ چیزیں جن کی وجہ سے کسی کو غلطی میں ڈالیں۔

اِغْتِبَاط: (امکسور، غ ساکن، ت مکسور، ب مفتوح، اساکن، ط موقوف) خوش ہونا، کسی کی خوشحالی پر رشک کرنا کہ وہ بھی اسی کی طرح خوشحال ہو جائے۔

اِفْرَاط: (امکسور، ف ساکن، ر مفتوح، اساکن، ط موقوف) حد سے آگے بڑھنا، حد سے آگے بڑھانا، دیر کرنا، جلدی کرنا، چھوڑنا، بھولنا، جلدی کرانا، آگے بھیجنا، توشہ دان کا توشہ اور حوض کا پانی سے بھرنا۔

اَقْط: (امفتوح، ق ساکن، ط موقوف) دہی بنانا۔

اِقِطْ: (امکسور، ق مکسور، ط موقوف) جو کی دلیا بنانا، پنیر بنانا، اِقْط بھی اسی معنی میں ہے۔

اِقْحَاط: (امکسور، ق ساکن، ح مفتوح، اساکن، ط موقوف) قحط میں پڑنا، بارش نہ ہونا۔

اِقْسَاط: (امکسور، ق ساکن، س مفتوح، اساکن، ط موقوف) انصاف کرنا۔

اِقْتِعَاط: (امکسور، ق ساکن، ت مکسور، ع مفتوح، اساکن، ط موقوف) ٹھوڑی کے نیچے کیے بغیر پگڑی باندھنا (درویشوں کا طریقہ ہے کہ عمامہ کا ایک پیچ ٹھوڑی کے تلے سے نکال کر سر پہ باندھ لیتے ہیں) حدیث میں ہے نَھٰی عَنِ الاِقْتِعَاطِ وَاَمَرَ بِالتَّلَحِّی تلحی پگڑی کی پیچ کو ٹھوڑی کے نیچے سے لانا۔

اَقْسَطْ: (امفتوح، ق ساکن، س مفتوح، ط موقوف) بہت انصاف کرنے والا۔

اِلْتِقَاط: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، اساکن، ط موقوف) چننا، بے سبب کسی چیز پر اچانک پہنچنا۔

اِلْتِیَاط: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ط موقوف) ملنا، چپکنا۔

اِمْتِخَاط: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، خ مفتوح، اساکن، ط موقوف) ناک جھاڑنا، تلوار نیام سے نکالنا، کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز لے جانا۔

اِمْتِشَاط: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ش مفتوح، اساکن، ط موقوف) بالوں کو کنگھی کرنا۔

اَمْرَطْ: (امفتوح، م ساکن، رمفتوح، ط موقوف) اَمْعَطْ (امفتوح، م ساکن، ع مفتوح، ط موقوف) اَمْلَطْ (امفتوح، م ساکن، ل مفتوح، ط موقوف) بکھرے بال والا، وہ شخص جس کی داڑھی کے بال کم ہوں، بے پر کا تیر۔

اِنْبِسَاط: (اکسور، ن ساکن، ب مکسور، س مفتوح، اساکن، ط موقوف) گستاخی کرنا، کشادہ چہرے والا ہونا، پھیلنا۔

اِنْحِطَاط: (اکسور، ن ساکن، ح مکسور، ط مفتوح، اساکن، ط موقوف) گرنا، جلدی کرنا، نیچے آنا، ہر چیز کی قیمت۔

اَوْسَطْ: (امفتوح، وساکن، س مفتوح، ط موقوف) درمیان، زیادہ بیچ والا، بہت نیک، بہت بڑا افاضل۔

اِہْبَاط: (اکسور، ہ ساکن، ب مفتوح، اساکن، ط موقوف) نیچے ڈالنا۔

فصل الالف مع الظاء

اِتِّعَاظ: (اکسور، ت مشدد مکسور، ع مفتوح، اساکن، ظ موقوف) نصیحت قبول کرنا۔

اِسْتِحْفَاظ: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، ف مفتوح، اساکن، ظ موقوف) یاد کرنے کی خواہش کرنا، محفوظ رکھنا۔

اِسْتِیْقَاظ: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، اساکن، ظ موقوف) بیدار ہونا۔

اِسْتِغْلَاظ: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، غ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ظ موقوف) موٹا ہونا، بھدا ہونا، کسی چیز کو بھدا خیال کرنا، قبیح چیز کو اس کی قباحت کی بنا پر کہنے سے باز رہنا۔

اِغْلَاظ: (اکسور، غ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ظ موقوف) سخت بات کہنا، سخت کھردرا کپڑا خریدنا۔

اِغْتِیَاظ: (اکسور، غ ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ظ موقوف) غصہ ہونا۔

اِلْحَاظ: (اکسور، ل ساکن، ح مفتوح، اساکن، ظ موقوف) کنکھیوں سے دیکھنا، گوشۂ چشم سے دیکھنا۔

اَلْحَاظ: (امفتوح، ل ساکن، ح مفتوح، اساکن، ظ موقوف) لحظ کی جمع ہے، کنپٹی کی جانب گوشۂ چشم سے دیکھنا۔

اِیْقَاظ: (اکسور، ی ساکن، ق مفتوح، اساکن، ظ موقوف) گرد و غبار اڑانا، بیدار کرنا، جگانا، آگاہ کرنا، کسی کے غبار راہ کے پیچھے چلنا۔

اَیْقَاظ: (امفتوح، ی ساکن، ق مفتوح، اساکن، ظ موقوف) بیدار لوگ۔

فصل الالف مع العین

اَتْبَاع: (امفتوح، ت ساکن، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) پیروی کرنے والے۔

اِتْبَاع: (اکسور، ت ساکن، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) پیچھے پیچھے چلنا، کسی کے پیچھے بھیجنا، پیچھے پہنچنا، پہنچانا، گفتگو میں دو الفاظ پے در پے لانا کہ ایک سجع ہو اور دوسرا لفظ اول کی تاکید کے علاوہ کوئی معنی نہ رکھتا ہو جیسے حَسَن بَسَن، قَبِیْح شَقِیْح۔

اِتِّبَاع: (اکسور، ت مشدد مکسور، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) پیروی کرنا۔

اِبْدَاع: (اکسور، ب ساکن، دمفتوح، اساکن، ع موقوف) نئی چیز لانا، جدت پیدا کرنا، نئے طرز پر شعر کہنا، اونٹ کا سواری میں تھک جانا، سواری کا رفتار میں سست پڑ جانا۔

اِبْضَاع: (اکسور، ب ساکن، ض مفتوح، اساکن، ع موقوف) کسی چیز کو سرمایہ بنانا، سیراب کرنا، سوال کا مکمل جواب دینا۔

اِبْلَاع: (اکسور، ب ساکن، ل مفتوح، اساکن، ع موقوف) کسی کی حلق میں کسی چیز کو ڈالنا۔

اِبْتِدَاع: (اکسور، ب ساکن، ت مکسور، دمفتوح، اساکن، ع موقوف) نئی چیز لانا۔

اِبْتِلَاع: (اکسور، ب ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، اساکن، ع موقوف) گلے کے نیچے اتارنا۔

اِبْتِیَاع: (اکسور، ب ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، اساکن، ع سوقوف) خریدنا۔

اَبْقَع: (امفتوح، ب ساکن، ق مفتوح، ع موقوف) سفید اور کالا جانور، غُرَابٌ اَبْقَعُ جذامی کوا۔

اِتْرَاع: (اکسور، ت ساکن، رمفتوح، اساکن، ع موقوف) پُر کرنا، بھرنا۔

اِتْلَاع: (اکسور، ت ساکن، ل مفتوح، اساکن، ع موقوف) ہرن کا اپنی جگہ سے گردن اٹھانا۔

اِتِّسَاع: (اکسور، ت مشدد مکسور، س مفتوح، اساکن، ع موقوف) چوڑا ہونا۔

اِجْزَاع: (اکسور، ج ساکن، زمفتوح، اساکن، ع موقوف) بے صبری ظاہر کرنا، رونا، عاجزی کرنا۔

اِجْمَاع: (اکسور، ج ساکن، م مفتوح، اساکن، ع موقوف) اتفاق کرنا، جمع کرنا، ارادہ کرنا، اونٹنی کے تھن کو باندھنا، دوہنا، شریعت میں علمائے وقت کا کسی شرعی حکم پر متفق ہونا اور ایسا ہی اتفاق ہر زمانے میں ہو تو وہ یقیناً حق ہوگا حضور علیہ السلام کے ارشاد کی وجہ سے لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَةِ میری امت گمراہی پر متفق نہیں ہو سکتی لیکن ایسا اتفاق صحابہ اور تابعین کے زمانے میں واقع ہوتا تھا پھر علما کے شہروں میں منتشر ہو جانے کے بعد معلوم نہیں کہ اجماع کا حصول ہوا یا نہیں۔

اِجْتِمَاع: (اکسور، ج ساکن، ت مکسور، م مفتوح، اساکن، ع موقوف) اکٹھا کرنا، سازگار بنانا، جوان و قوی ہونا۔

اَجْدَع: (امفتوح، ج ساکن، دمفتوح، ع موقوف) ناک کٹا، کان کٹا، ہاتھ کٹا، ہونٹ کٹا۔

اِخْدَاع: (اکسور، خ ساکن، دمفتوح، اساکن، ع موقوف) چھپانا، خزانہ میں رکھنا۔

اِخْتِدَاع: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، دمفتوح، اساکن، ع موقوف) فریب دینا، فریفتہ ہونا۔

اَخْدَع: (امفتوح، خ ساکن، دمفتوح، ع موقوف) پیٹھ کی ایک رگ، زیادہ فریب دینے والا۔

اَخْضَع: (امفتوح، خ ساکن، ض مفتوح، ع موقوف) عاجزی کرنے والا، کوتاہ گردن، عرب والے کہتے ہیں فَرس اَخْضَع و ظَلِیْم اَخْضَع یعنی کوتاہ گردن گھوڑا، کوتاہ گردن شتر مرغ۔

اِخْضَاع: (اکسور، خ ساکن، ض مفتوح، اساکن ع موقوف) اِخْشَاع (اکسور، خ ساکن، ش مفتوح، اساکن، ع موقوف) اِخْنَاع (اکسور، خ ساکن، ن مفتوح، اساکن، ع موقوف) عاجز کر دینا، بہت عاجز کر دینا۔

اِخْتِشَاع: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ش مفتوح، اساکن، ع موقوف) اِخْتِضَاع (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ض مفتوح، اساکن، ع موقوف) عاجزی کرنا۔

اِخْتِلَاع: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، اساکن، ع موقوف) عورت کا مہر یا اس کے علاوہ کسی چیز کے عوض اپنے آپ کو مرد سے رہائی حاصل کرنا (خُلع)۔

اِخْتِرَاع: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، رمفتوح، اساکن، ع موقوف) پھاڑنا، پیدا کرنا، ایجاد کرنا، جھوٹی بات بنانا۔

اِخْتِزَاع: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، اساکن،

ع موقوف) کاٹنا۔

اِرْتَاع: (اکسور، رساکن، ت مفتوح، اساکن، ع موقوف) چَرانا، بارش کا گھاس اگانا۔

اِرْبَاع: (اکسور، رساکن، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) بہار میں جانا، بہار میں چَرانا، چار ہونا، چوتھے دن بخار آنا، اگلے چار دانتوں کا گرنا، ٹوٹنا، بڑھاپے میں کسی کو بچہ ہونا، خانۂ بہار میں قیام کرنا۔

اَرْبَاع: (امفتوح، رساکن، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) منزلیں، چار حصے۔

اِرْتِبَاع: (اکسور، رساکن، ت مکسور، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) بہار میں کسی جگہ رہنا، جانوروں کا موسم بہار کی گھاس چرنا، پہلوان ہونا، کسی چیز کا دو حصے والا ہونا، پتھر بلند کرنا، اونٹ کا تیز دوڑنا۔

اَرْبَع: (امفتوح، رساکن، ب مفتوح، ع موقوف) چار عدد، چار عورت جیسا کہ اَرْبَعَۃ چار مرد۔

اَرْبُع: (امفتوح، رساکن، ب مضموم، ع موقوف) رَبْع کی جمع، مکانات، بستیاں، منزلیں۔

اِرْتِجَاع: (اکسور، رساکن، ت مکسور، ج مفتوح، اساکن، ع موقوف) اونٹ بیچنا اور اس کی قیمت سے کچھ خریدنا، دی ہوئی چیز کو واپس لینا، لوٹانا، پیچھے لوٹانا۔

اِرْتِدَاع: (اکسور، رساکن، ت مکسور، د مفتوح، اساکن، ع موقوف) آلودہ ہونا، کسی کام سے باز رہنا، کسی چیز کے رنگ و بو کا اثر قبول کرنا۔

اِرْضَاع: (اکسور، رساکن، ض مفتوح، اساکن، ع موقوف) دودھ پلانا۔

اِرْتِضَاع: (اکسور، رساکن، ت مکسور، ض مفتوح، اساکن، ع موقوف) دودھ پینا۔

اِرْتِفَاع: (اکسور، رساکن، ت مکسور، ف مفتوح، اساکن، ع موقوف) اونچا ہونا، کسی جگہ سے باہر نکلنا۔

اِرْتِبَاع: (اکسور، رساکن، ت مکسور، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) کُودنا۔

اَرْوَع: (امفتوح، رساکن، و مفتوح، ع موقوف) خوبصورتی، خوبصورت، اپنے انتہائی حسن و کمال کی وجہ سے کسی کو حیرت میں ڈالنا۔

اَرْفَع: (امفتوح، رساکن، ف مفتوح، ع موقوف) بہت اونچا۔

اِزْمَاع: (اکسور، ز ساکن، م مفتوح، اساکن، ع موقوف) کسی کام کا ارادہ کرنا، کسی کام میں دل لگانا، خرگوش کا دوڑنا۔

اِسْبَاع: (اکسور، س ساکن، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) چھوڑ دینا، سات ہونا، درندے کا کھایا ہوا گوشت کسی کو دینا، بچے کو دائی کے حوالے کرنا، ہر روز قرآن کی ایک منزل تلاوت کرنے والا، اس طرح سات دن میں پورا قرآن ختم کرنے والا، بکری کو بھیڑیے کے حوالے کرنا، غلام کو بیکار کرنا۔

اِسْرَاع: (اکسور، س ساکن، ر مفتوح، اساکن، ع موقوف) جلدی کرنا، تیز چلنا، تیز رفتار جانور والا ہونا۔

اِسْمَاع: (اکسور، س ساکن، م مفتوح، اساکن، ع موقوف) سنانا، گالی دینا، ڈول میں دستہ لگانا، گانا۔

اَسْمَاع: (امفتوح، س ساکن، م مفتوح، اساکن، ع موقوف) کان۔

اِسْتِمَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، م مفتوح، اساکن، ع موقوف) کان لگانا، سننا۔

اِسْتِبْشَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ب ساکن، ش مفتوح، اساکن، ع موقوف) ناراض ہونا، ناگوار اور بدمزہ خیال کرنا۔

اِسْتِبْضَاع (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ب ساکن، ض مفتوح، اساکن، ع موقوف) کسی چیز کو سرمایہ بنانا۔

اِسْتِتْبَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ت ساکن، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) پیروی کرنے کا مطالبہ کرنا۔

اِسْتِرْجَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، رساکن، ج مفتوح، اساکن، ع موقوف) دی ہوئی چیز واپس لینا، واپس لینے کی خواہش کرنا، لوٹنے کی خواہش کرنا، اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھنا۔

اِسْتِنْقَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ن ساکن، ق مفتوح، اساکن، ع موقوف) سیراب کرنا، دوا کو پانی میں بھگونا، میوہ کو پانی میں

تر کرنا، کسی جگہ پانی کا رک جانا، پانی کا جمع ہونا، آواز کا بلند ہونا، چشمے پر اترنا، غسل کرنا۔

اِسْتِشْفَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ش ساکن، ف مفتوح، اساکن، ع موقوف) سفارش چاہنا۔

اِسْتِطْلَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ط ساکن، ل مفتوح، اساکن، ع موقوف) دیدہ وری طلب کرنا، آگاہی طلب کرنا۔

اِسْتِمْتَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، م ساکن، ت مفتوح، اساکن، ع موقوف) کسی چیز سے فائدہ حاصل کرنا۔

اِسْتِیْدَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، د مفتوح، اساکن، ع موقوف) کوئی چیز کسی کی امانت میں دینا، امانت رکھنا۔

اِسْتِبْدَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ب ساکن، د مفتوح، اساکن، ع موقوف) انوکھی اور نئی چیز خیال کرنا۔

اِسْتِیْسَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، س مفتوح، اساکن، ع موقوف) کشادہ ہونا، چوڑا ہونا۔

اِسْتِرْضَاع: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ر ساکن، ض مفتوح، اساکن، ع موقوف) لڑکے کو دودھ پلانے کی خواہش کرنا۔

اَسْجَاع: (امفتوح، س ساکن، ج مفتوح، اساکن، ع موقوف) قافیہ والے الفاظ (مقفیٰ کلام)، کبوتروں اور اونٹوں کی آوازیں، دونوں معنی میں سجع کی جمع ہے۔

اُسْرُوْع: (امضموم، س ساکن، ر مضموم، و ساکن، ع موقوف) نقش، کمان کی لکیریں اور اس کے نقش ونگار، وہ گھاس جو درخت کی جڑ سے اگے اور وہ شاخ جو درخت کی جڑ سے نکلے، سرخ کیڑے جو سبزی میں چھلکے کے نیچے ہوتے ہیں جب پوست سے باہر نکلتے ہیں اڑ جاتے ہیں، لوگوں نے کہا ہے کہ ایک کیڑا جس کا جسم سفید اور سر سرخ ہوتا ہے جو ریت میں رہتا ہے جس سے عورتوں کی انگلیوں کو تشبیہ دیتے ہیں، جمع اَسَارِیْع۔

اَسَابِیْع: (امفتوح، س مفتوح، اساکن، ب مکسور، ع موقوف) اُسْبُوْع کی جمع ہے۔

اُسْبُوْع: (امضموم، س ساکن، ب مضموم، و ساکن، ع موقوف) ہفتہ، سات بار، اَسَابِیْع جمع ہے۔

اَسْطَع: (امفتوح، س ساکن، ط مفتوح، ع موقوف) لمبی گردن والا، بہت لمبا۔

اِشْرَاع: (اکسور، ش ساکن، ر مفتوح، اساکن، ع موقوف) راستے کی طرف گھر کا دروازہ کھولنا، کسی پر نیزہ تاننا۔

اِشْبَاع: (اکسور، ش ساکن، ب مفتوح، اساکن، ع موقوف) پیٹ بھر کھانا، کپڑے کو گہرے رنگ میں رنگنا۔

اِشْمَاع: (اکسور، ش ساکن، م مفتوح، اساکن، ع موقوف) چراغ روشن ہونا۔

اِشْعَاع: (اکسور، ش ساکن، ع مفتوح، اساکن، ع موقوف) اونٹ کا پیشاب کرنا، کھیت سے پانی نکالنا، سورج کی کرنوں کا پھیلنا، کھجے کا کانٹا نکالنا۔

اَشْیَاع: (امفتوح، ش ساکن، ی مفتوح، اساکن، ع موقوف) پیروی کرنے والے، مدد کرنے والے، مقداریں، اندازے۔

اَشْجَع: (امفتوح، ش ساکن، ج مفتوح، ع موقوف) بہادر، انگلی کی وہ پور جو ہتھیلی سے ملی ہوئی ہوتی ہے، ایک قبیلہ کا نام ہے، ایک قسم کا سانپ ہے، بیوقوف آدمی، نادان شخص، پھاڑنے والا شیر۔

اَشْنَع: (امفتوح، ش ساکن، ن مفتوح، ع موقوف) بہت بُرا، بُرا، افعل کے وزن پر اسم تفضیل اور صفت ہے۔

اِصْطِنَاع: (اکسور، ص ساکن، ط مکسور، ن مفتوح، اساکن، ع موقوف) بھلائی کرنا، منتخب، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَاصْطَنَعْتُکَ لِنَفْسِی اور میں نے تجھے خاص اپنے لیے بنایا۔ (پ16، سورۂ طٰہٰ)

اَصْلَع: (امفتوح، ص ساکن، ل مفتوح، ع موقوف) جس کے سر کے اگلے حصہ پر بال نہ ہوں۔

اَصْمَع: (امفتوح، ص ساکن، م مفتوح، ع موقوف) چھوٹے کان والا، تیز خاطر، آگاہ دل، تیز تلوار، بلند تر مقامات پر جانے

والا، حیران، وہ گھاس جو زمین سے نکلی ہو مگر ابھی اس کی پتیاں کھلی نہ ہوں، نازک پر، ابو سعید عبد الملک کے دادا کا لقب ہے جو اصمعی سے مشہور ہیں۔

اِصْبَعْ: (اکسور، ص ساکن، ب مفتوح، ع موقوف) انگلی، اچھا نشانہ، اَصَابِعْ جمع ہے لیکن صاحب قاموس کے نزدیک ہمزہ اور با کی تینوں حرکتوں کے ساتھ ہے بنا بریں یہ لفظ نو طریقوں سے پڑھا جاتا ہے، مثلاً اَصْبَعْ، اَصْبِعْ، اَصْبُعْ، اِصْبَعْ، اِصْبِعْ اِصْبُعْ، اُصْبَعْ، اُصْبِعْ، اُصْبُعْ (م)، لیکن پہلا مشہور ہے۔

اِضْطِبَاعْ: (اکسور، ض ساکن، ط مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) چادر دا ہنی بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر رکھنا۔

اِضْطِلَاعْ: (اکسور، ض ساکن، ط مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کسی کام میں قوی ہونا۔

اِضْطِجَاعْ: (اکسور، ض ساکن، ط مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پہلو کے بل سونا۔

اِضْلَاعْ: (اکسور، ض ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) جھکانا، گراں بار ہونا۔

اَضْلَاعْ: (امفتوح، ض ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پہلو کی ہڈیاں، پسلیاں۔

اِضْرَاعْ: (اکسور، ض ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بکری کا بچہ جننے سے پہلے دودھ دینا، حقیر و ذلیل کرنا۔

اِضْجَاعْ: (اکسور، ض ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پہلو کے بل سلانا، (اصطلاح علم قافیہ میں) فتحہ کو کسرہ کی طرف اور کسرہ کو فتحہ کی طرف جھکا کر پڑھنا۔

اِطْلَاعْ: (اکسور، ط ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) باخبر کرنا، اپنے راز پر کسی کو آگاہ کرنا، آدمی کا قے کرنا، کھجور کے درخت کا کلی نکالنا، نشانہ سے تیر گذار دینا۔

اِطِّلَاعْ: (اکسور، ط مشدد مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) خبردار کرنا، کسی چیز پر نمودار ہونا، سامنے آنا، واقف ہونا، (م)۔

اِطْمَاعْ: (اکسور، ط ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) لالچ میں ڈالنا۔

اَطْبَاعْ: (امفتوح، ط ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) نہریں، طَبَعْ کی جمع ہے، خصلتیں، طَبْعْ کی جمع ہے، لکڑیاں، طِبْعْ کی جمع ہے جو رود خانہ کے معنی میں ہے یعنی (دریا)

اِفْزَاعْ: (اکسور، ف ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ڈرانا اور کسی کی فریاد کو پہنچنا۔

اَفْرَعْ: (امفتوح، ف ساکن، ر مفتوح، ع موقوف) زیادہ بال والا آدمی۔

اِفْظَاعْ: (اکسور، ف ساکن، ظ مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کام کا دشوار اور برا ہونا۔

اِقْطَاعْ: (اکسور، ق ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کسی چیز کو اپنے سے الگ کرنا اور کسی کو دینا۔

اَقْطَاعْ: (اکسور، ق، ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) چھوٹے تیر، زمین کے کنارے۔

اِقْرَاعْ (اکسور، ق ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) قرعہ ڈالنا، اچھا مال کسی کو دینا، نر کو جفتی کے لیے دینا، سچائی کی طرف لوٹنا، نرم ہونا، چوپائے کی لگام کھینچنا تاکہ ٹھہر جائے، باز رکھنا، کسی کا مشورہ قبول نہ کرنا۔

اِقْلَاعْ: (اکسور، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کشتی میں بادبان لگانا، کسی چیز کا رکنا، بخار کا ختم ہو جانا، کسی کام سے روکنا، لازم اور متعدی دونوں ہے، اللہ کا ارشاد ہے وَيٰسَمَاۗءُ اَقْلِعِيْ اور اے آسمان تھم جا (سورۂ ہود)۔

اِقْمَاعْ (اکسور، ق ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ذلیل اور شکستہ کرنا۔

اِقْنَاعْ: (اکسور، ق ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) خوش کرنا، خوش ہونا، سر، آنکھ اور چہرہ کسی کی طرف کرنا، سر اٹھانا، برتن کو جھکانا تاکہ جو کچھ اس میں ہے ہاتھ پر گرے، کسی چیز کو کسی چیز کی طرف جھکانا، دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا، پانی پینے کے لیے اونٹ کا گردن دراز کرنا، جانوروں کو چراگاہ کی طرف لے جانا۔

اِقْتِرَاع: (اکسور، ق ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) منتخب کرنا، قرعہ ڈالنا۔

اِقْتِطَاع: (اکسور، ق ساکن، ت مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کسی چیز کا ٹکڑا نکالنا۔

اِقْتِلَاع: (اکسور، ق ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، ع موقوف) جڑ سے اکھاڑنا۔

اَقْطَع: (امفتوح، ق ساکن، ط مفتوح، ع موقوف) ہاتھ کٹا آدمی۔

اَقْرَع: (امفتوح، ق ساکن، ر مفتوح، ع موقوف) گنجا آدمی جس کے سر پر بال نہ ہو، سانپ کی ایک قسم ہے، ایک آدمی کا نام ہے۔

اِلْتِيَاع: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) آرزومند ہونا، تمنا کرنا، دل کا سوز عشق سے جل جانا۔

اِلْتِمَاع: (اکسور، ل ساکن، ت مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) چمکنا، چہرے کا رنگ متغیر ہونا، لے جانا، اچک لینا، اِلْمَاع بھی اس معنی میں ہے۔

اِمْتَاع: (اکسور، م ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) مال سے فائدہ اٹھانا، آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کرنا، بے نیاز ہونا۔

اِمْتِنَاع: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) روک دینا، طاقتور اور مضبوط ہونا۔

اِنْقَاع: (اکسور، ن ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) آلودہ کرنا، بھگونا، تر کرنا، سیراب کرنا، پالنا، غبار اڑانا، کسی کی آواز کے پیچھے چلنا، پانی کا کسی جگہ رک جانا، اِسْتِنْقَاع بھی ان معنوں میں ہے۔

اِنْتِجَاع: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) گھاس پانی تلاش کرنا، کسی کے قریب بھلائی طلب کرنے کے لیے جانا۔

اِنْتِزَاع: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) باہر نکالنا، باہر کھینچنا، جڑ سے اکھاڑنا، اکھڑ جانا، لازم و متعدی دونوں ہے۔

اِنْتِفَاع: (اکسور، ن ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) فائدہ اٹھانا۔

اِنْخِدَاع: (اکسور، ن ساکن، خ مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) فریفتہ ہونا یا عاشق ہونا۔

اِنْخِرَاع: (اکسور، ن ساکن، خ مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پھٹنا، عضو کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

اِنْخِزَاع: (اکسور، ن ساکن، خ مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کٹ جانا۔

اِنْخِلَاع: (اکسور، ن ساکن، خ مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) جڑ سے اکھڑ جانا۔

اِنْدِفَاع: (اکسور، ن ساکن، د مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) دور ہونا، ہٹایا ہوا، گھوڑے کا تیز چلنا، جلد جلد بات کرنا۔

اِنْصِدَاع: (اکسور، ن ساکن، ص مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پھٹ جانا۔

اِنْطِبَاع: (اکسور، ن ساکن، ط مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کسی چیز کا کسی چیز میں نقش ہونا، چھپ جانا۔

اِنْقِطَاع: (اکسور، ن ساکن، ق مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کٹ جانا۔

اِنْقِلَاع: (اکسور، ن ساکن، ق مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) جڑ سے اکھڑ جانا۔

اِنْقِمَاع: (اکسور، ن ساکن، ق مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ذلیل و خوار ہونا۔

اَنْوَاع: (امفتوح، ن ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) رنگ برنگ، رنگا رنگ، قسمیں۔

اَنْزَع: (امفتوح، ن ساکن، ز مفتوح، ع موقوف) کنپٹیوں سے گنجا شخص، اثر میں وارد ہے اَبُوْ بَكْرٍ اَقْرَعُ وَ عُمَرُ اَصْلَعُ وَ عَلِيٌّ اَنْزَعُ۔

اَوْجَاع: (امفتوح، و ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) وَجَع کی جمع ہے، درد۔

اَوْسَع: (امفتوح،وساکن،س مفتوح،ع موقوف) زیادہ چوڑا۔

اَوْضَاع: (امفتوح،وساکن،ض مفتوح،اساکن،ع موقوف) حالتیں۔

اَوْزَاع: (امفتوح،وساکن،زمفتوح،اساکن،ع موقوف) لوگوں کے گروہ، جماعتیں، قبیلہ ہمدان کے ایک گروہ کا نام، امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ اسی خاندان سے تھے۔

اِہْرَاع: (امکسور، ہ ساکن، رمفتوح، اساکن، ع موقوف) غصہ، ڈر اور بخار سے کانپنا، ڈرانا، جلدی کرنا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ اور اس کی قوم اس کے پاس آئی ڈراتے ہوئے (سورۂ ہود)۔

اِیْدَاع: (امکسور، ی ساکن، دمفتوح، اساکن، ع موقوف) امانت دینا، امانت رکھنا۔

اِیْلَاع: (امکسور، ی ساکن، ل مفتوح، اساکن، ع موقوف) بہت لالچی بنانا، کسی کو لالچ دینا۔

مُوْلَع: (م مضموم، وساکن، ل مفتوح، ع موقوف) لالچی۔

اِیْنَاع: (امکسور، ی ساکن، ن مفتوح، اساکن، ع موقوف) میوہ کا پکنا۔

اِیْفَاع: (امکسور، ی ساکن، ف مفتوح، اساکن، ع موقوف) بلند ہونا، لڑکے کا حد بلوغ کو پہنچنا۔

اِیْجَاع: (امکسور، ی ساکن، ج مفتوح، اساکن، ع موقوف) دکھ دینا، تکلیف پہنچانا۔

اِیْزَاع: (امکسور، ی ساکن، زمفتوح، اساکن، ع موقوف) دل میں بات ڈالنا، روکنا، ابھارنا، قید میں نگرانی کرنا، پہلے معنی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ (سورۂ نمل) اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں شکر کروں تیرے احسان کا اور دوسرے معنی میں اللہ کا ارشاد ہے فَهُمْ يُوزَعُونَ تو وہ روکے جاتے تھے۔

اِیْسَاع: (امکسور، ی ساکن، س مفتوح، اساکن، ع موقوف) مالدار ہونا، پورے طور پر آگے پہنچنا، کسی پر روزی فراخ کرنا، طاقتور ہونا، خداوند تعالیٰ کا ارشاد ہے وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ أَيْ لَقَادِرُوْن (سورۂ ذٰریٰت) اور بے شک ہم وسعت دینے والے ہیں۔

اِیْضَاع: (امکسور، ی ساکن، ض مفتوح، اساکن، ع موقوف) عاجز کرنا، خراب کرنا، باہر آنا، دوڑانا، تجارت میں نقصان اٹھانا۔

اِیْقَاع: (امکسور، ی ساکن، ق مفتوح، اساکن، ع موقوف) جنگ واقع کرنا، جنگ میں مبالغہ کرنا، شب خون مارنا، گانے کی آوازوں کو اس طرح واقع کرنا کہ ان کے درمیان ایک ہی نہج کا فاصلہ ہو، سُر ٹھیک کرنا۔

﴿فصل الالف مع الغین﴾

اِبْلَاغ: (امکسور، ب ساکن، ل مفتوح، اساکن، غ موقوف) پہنچانا۔

اَرْسَاغ: (امفتوح، رساکن، س مفتوح، اساکن، غ موقوف) ہاتھ کے جوڑ۔

اِسْبَاغ: (امکسور، س ساکن، ب مفتوح، اساکن، غ موقوف) مکمل کرنا، کشادہ زرہ پہننا، کامل طور پر وضو کرنا۔

اِسْتِفْرَاغ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ف ساکن، رمفتوح، اساکن، غ موقوف) اپنی پوری قوت کسی کام میں لگا دینا، بدن کا فضلات سے خالی ہونا، اضافوں سے جسم کو خالی کرنا، قے کرنا۔

اِسْتِصْمَاغ: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ص ساکن، م مفتوح، اساکن، غ موقوف) درخت سے گوند نکالنا۔

اَصْبَغ: (امفتوح، ص ساکن، ب مفتوح، غ موقوف) وہ گھوڑا جس کی دم کا کنارہ سفید ہو، وہ گھوڑا جس کی پیشانی سفید ہو، وہ پرندہ جس کی پونچھ سفید ہو، حضرت علی بن ابی طالب کے ایک خاص شاگرد کا نام ہے جن کو اصبغ بن نباتہ کہتے ہیں۔

اَصْبَاغ: (امفتوح، ص ساکن، ب مفتوح، اساکن، غ موقوف) رنگ، صِبْغ کی جمع ہے۔

اَصْدَاغ: (امفتوح، ص ساکن، دمفتوح، اساکن، غ موقوف) کنپٹی کے بال، جو بال آنکھوں اور کانوں کے درمیان ہوں، آنکھ اور کان کے بال، صُدغ کی جمع ہے۔

اِفْرَاغ: (امکسور، ف ساکن، رمفتوح اساکن، غ موقوف) پانی اور خون وغیرہ بہانا، لوہے چاندی سونے کا حلقہ سانچے میں ڈھالنا، برتن کو خالی کرنا، کسی چیز کو کھولنا۔

اِمْرَاغ: (امکسور، م ساکن، رمفتوح، اساکن، غ موقوف) رال بہنا، بہت ہی غلط بات کہنا، خمیر کو نرم کرنا اور زیادہ پانی ڈال کر ڈھیلا کرنا۔

اِنْدِبَاغ: (امکسور، ن ساکن، دمکسور، ب مفتوح، اساکن، غ موقوف) کھال کا دباغت پانا، دباغت دی ہوئی کھال۔

﴿فصل الالف مع الفاء﴾

اِتّحَاف: (امکسور، ت مشدد مکسور، ح مفتوح، اساکن، ف موقوف) تحفہ دینا۔

اِتْرَاف: (امکسور، ت ساکن رمفتوح، اساکن، ف موقوف) بہت نعمت دینا، خوشحال کرنا، دولت کا کسی کو گمراہ کر دینا، پہلے معنی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَاَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ہم نے انھیں دنیاوی زندگی میں خوشحال کر دیا، دوسرے معنی میں ارشاد ربانی ہے اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا ہم اس کے خوشحالوں پر احکام بھیجتے ہیں (بنی اسرائیل)

اِتْلَاف: (امکسور، ت ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) فنا کرنا۔

اِتِّصَاف: (امکسور، ت مشدد مکسور، ص مفتوح، اساکن، ف موقوف) کوئی وصف اختیار کرنا، کسی صفت سے موصوف ہونا۔

اَجْلَاف: (امفتوح، ج ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) کمینے، ظالم لوگ۔

اَجْوَف: (امفتوح، ج ساکن، ومفتوح، ف موقوف) پیٹ کی خالی جگہ، کھوکھلی چیز، وہ لفظ جس کا عین کلمہ حرف علت ہو (م)۔

اِحْصَاف: (امکسور، ح ساکن، ص مفتوح، اساکن، ف موقوف) درست کرنا، سیدھا کرنا، دوڑنا، رسی کو مضبوط بٹنا۔

اِحْجَاف: (امکسور، ح ساکن، ج مفتوح، اساکن، ف موقوف) نقصان کرنا، کسی پر کام تنگ ہونا، کسی چیز کو لے جانا، قریب ہونا۔

اَحْنَف: (امفتوح، ح ساکن، ن مفتوح، ف موقوف) ٹیڑھے پنجے والا آدمی جس کے پنجے ایک دوسرے کی طرف پھرے ہوئے ہوں، وہ شخص جس کے پیر کی دونوں بڑی انگلیاں ٹیڑھی ہوں، احنف بن قیس ایک مشہور بزرگ تابعی کا نام ہے۔

اِحْتِرَاف: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، رمفتوح، اساکن، ف موقوف) پیشے والا ہونا۔

اِحْلَاف: (امکسور، ح ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) قسم دینا۔

اَحْلَاف: (امفتوح، ح ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) ہم عصر لوگ، قبیلہ ثقیف کا ایک خاندان۔

اَحْقَاف: (امفتوح، ح ساکن، ق مفتوح، اساکن، ف موقوف) ریت کے ٹیڑھے جھکے ہوئے ٹیلے، قوم عاد کا دیار، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ (سورۂ احقاف) کہ جب اس نے ان کو سرزمین احقاف میں ڈرایا۔

اِحْرَاف: (امکسور، ح ساکن، رمفتوح، اساکن، ف موقوف) چوپائے کو کمزور کرنا، مالدار ہونا، مال کو بڑھانا، زیادہ مال۔

اَحْرَاف: (امفتوح، ح ساکن، رمفتوح، اساکن، ف موقوف) کنارے، لاغر اونٹنیاں۔

اِخْلَاف: (امکسور، خ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) تلوار پر ہاتھ لے جانا، درخت کا دو ٹکڑے ہونا، وعدہ خلافی کرنا، وعدہ خلاف پانا، پانی نکالنا، منہ کی بو کا متغیر ہونا، پرانے کپڑے کو درست (اچھا) کرنا، گزری ہوئی چیز کو دل میں یاد کرنا، جس شخص کا مال ضائع ہو گیا اس سے کہنا اَخْلَفَ

اللّٰہُ عَلَیْکَ یعنی اللہ تعالیٰ تیرا ضائع شدہ مال تجھے عطا کردے یا کسی کا بیٹا یا بھائی مرجائے تو اس سے کہنا خَلَفَ اللّٰہُ عَلَیْکَ یعنی جو شخص تجھ سے چھوٹا اللہ تعالیٰ اس کا جانشین بنائے۔

اَخْلَاف: (امفتوح، خ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) پسماندگان، کسی کے مرنے کے بعد اس کے خاندان کے افراد، پستان کے سرے۔

اِخْفَاف: (امکسور، خ ساکن، ف مفتوح، اساکن، ف موقوف) ہلکا ہونا، سبک حال ہونا۔

اَخْفَاف: (امفتوح، خ ساکن، ف مفتوح، اساکن، ف موقوف) موزے، خُف کی جمع ہے، اونٹ کے کھر۔

اِخْتِلَاف: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) موافقت نہ کرنا، کسی کے پاس آنا جانا، بار بار جانا، اسہال کی ایک قسم جس کو اصطلاح طب میں خلفہ کہتے ہیں۔

اِخْتِطَاف: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ط مفتوح، اساکن، ف موقوف) لے جانا۔

اَخْیَف: (امفتوح، خ ساکن، ی مفتوح، ف موقوف) وہ شخص جس کی ایک آنکھ کالی ہو اور دوسری نیلی۔

اَخْیَاف: (امفتوح، خ ساکن، ی مفتوح، اساکن، ف موقوف) آدمیوں کی قسمیں، وہ بھائی جو ایک ماں کے بطن سے ہوں مگر ان کے باپ الگ الگ ہوں، ماں شریک بھائی۔

اِدْنَاف: (امکسور، د ساکن، ن مفتوح، اساکن، ف موقوف) کمزور کرنا، کمزور ہونا، بہت بیمار ہونا، بیمار کرنا، محبوب کی جدائی کی وجہ سے موت کے قریب ہونا، سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

اِرْجَاف: (امکسور، رساکن، ج مفتوح، اساکن، ف موقوف) جھوٹی خبریں پھیلانا، کسی چیز کو شروع کرنا۔

اَرْجَاف: (امفتوح، رساکن، ج مفتوح، اساکن، ف موقوف) جھوٹی باتیں، اَرَاجِیف جمع ہے۔

اِرْدَاف: (امکسور، رساکن، د مفتوح، اساکن، ف موقوف) پیچھے پیچھے آنا، پیچھے پیچھے لانا، کسی کو اپنے پیچھے سوار کرنا۔

اِرْعَاف: (امکسور رساکن، ع مفتوح، اساکن، ف موقوف) ناک سے خون نکلنا، نکسیر پھوٹنا، جلدی کرنا، مشکیزے کو پُر کرنا (بھرنا)

اِرْہَاف: (امکسور، رساکن، ہ مفتوح، اساکن، ف موقوف) تلوار کی دھار کو باریک اور تیز کرنا۔

اِرْتِدَاف: (امکسور، رساکن، ت مکسور، د مفتوح، اساکن، ف موقوف) کسی کے پیچھے سوار ہونا، کسی کے پیچھے آنا۔

اِرْسَاف: (امکسور، رساکن، س مفتوح، اساکن، ف موقوف) پاؤں باندھ کر اونٹ کو ہکانا۔

اِرْتِشَاف: (امکسور، رساکن، ت مکسور، ش مفتوح، اساکن، ف موقوف) چوسنا۔

اِزْلَاف: (امکسور، زساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) قریب لانا، جمع کرنا۔

اِزْحَاف: (امکسور، زساکن، ح مفتوح، اساکن، ف موقوف) تھکنا، تھکانا۔

اِزْرَاف: (امکسور، زساکن، ر مفتوح، اساکن، ف موقوف) تیز چلنا، ابھارنا، ورغلانا۔

اِزْہَاف: (امکسور، زساکن، ہ مفتوح، اساکن، ف موقوف) جھوٹی بات کہنا، کسی کے جانور کو لے جانا، گرادینا۔

اِزْدِہَاف: (امکسور، زساکن، د مکسور، ہ مفتوح، اساکن، ف موقوف) جلدی کرنا، تیز دوڑانا، سختی کرنا۔

اِزْدِلَاف: (امکسور، زساکن، د مکسور، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) قریب ہونا، سامنے ہونا، پاس آنا۔

اِزْدِفَاف: (امکسور، زساکن، د مکسور، ف مفتوح، اساکن، ف موقوف) دلہن کا گھر میں لانا، عورت کو شوہر کے گھر بھیجنا، انھیں معنوں

میں اِزْفاف بھی ہے۔

اُزُوْف: (امضموم، زمضموم، و ساکن، ف موقوف) قریب آنا، جلدی کرنا، یہی معانی اَزَفْ کے بھی ہیں۔

اِسْدَاف: (امکسور، س ساکن، دمفتوح، اساکن، ف موقوف) رات کا تاریک ہونا، صبح کا روشن ہونا، چراغ کو روشن کرنا، گھر میں روشنی کے لیے دروازے کو کھولنا، چادر اور پردہ اٹھانا۔

اِسْرَاف: (امکسور، س ساکن، رمفتوح، اساکن، ف موقوف) بے حساب خرچ کرنا، فضول خرچی، مکاری کرنا، فریب کا کام کرنا۔

اِسْعَاف: (امکسور، س ساکن، ع مفتوح، اساکن، ف موقوف) ضرورت پوری کرنا۔

اِسْلَاف: (امکسور، س ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) آگے بھیجنا، بیع سلم میں کوئی چیز دینا۔

اَسْلَاف: (امفتوح، س ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) آگے گئے ہوئے لوگ۔

اِسْتِحْصَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، ص مفتوح، اساکن، ف موقوف) درست ہونا، کسی پر روزی کا تنگ ہونا۔

اِسْتِحْلَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) قسم طلب کرنا، قسم دلانا۔

اِسْتِخْلَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، خ ساکن، ل مفتوح، اساکن، ف موقوف) کسی کو اپنا جانشین بنانا، پانی نکالنا۔

اِسْتِرْدَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، رساکن، دمفتوح، اساکن، ف موقوف) اپنے پیچھے سوار کرنے کی خواہش کرنا۔

اِسْتِشْرَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ش ساکن، رمفتوح، اساکن، ف موقوف) دیکھنے کے لیے سر اٹھانا، ہاتھ سامنے رکھنا تاکہ سورج کی روشنی آنکھ پر نہ پڑے، آفتاب سے آڑ کرنے کے لیے ابرو پر ہاتھ رکھنا تاکہ کسی چیز کو اچھی طرح دیکھ سکے، کسی کے مال اور جانوروں کو سامنے کرنا۔

اِسْتِصْرَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ص ساکن، رمفتوح، اساکن، ف موقوف) لوٹانے کی خواہش کرنا۔

اِسْتِضْعَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ض ساکن، ع مفتوح، اساکن، ف موقوف) کمزور پانا۔

اِسْتِطْرَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ط ساکن، رمفتوح، اساکن، ف موقوف) عجیب وغریب سمجھنا۔

اِسْتِعْطَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ط مفتوح، اساکن، ف موقوف) مہربانی چاہنا، کسی کے دل کو ہاتھ میں لینا۔

اِسْتِنْظَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ن ساکن، ظ مفتوح، اساکن، ف موقوف) پاک سمجھنا، سب کا سب لے لینا۔

اِسْتِنْكَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ن ساکن، ک مفتوح، اساکن، ف موقوف) ننگ وعار رکھنا۔

اِسْتِخْفَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، خ ساکن، ف مفتوح، اساکن، ف موقوف) ہلکا جاننا، ذلیل سمجھنا، حقیر سمجھنا۔

اِسْتِهْدَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ہ ساکن، دمفتوح، اساکن، ف موقوف) نشانہ بننا، اپنے کو نشانہ بنانا، درست ہونا، بلند ہونا۔

اِسْتِعْفَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ف مفتوح، اساکن، ف موقوف) پرہیز گاری کرنا، پرہیزگار ہونا، طلب حرام سے بچنا، پاک دامنی چاہنا۔

اِسْتِئْنَاف: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، اساکن، ف موقوف) کسی چیز کو از سر نو شروع کرنا، آغاز کرنا۔

اَسِيْف: (امفتوح، س مکسور، ی ساکن، ف موقوف) غضبناک۔

آسِف: (اممدودہ، س مکسور، ف موقوف) بندہ، غلام، تابع دار، مزدور، غضبناک، غمگین، کمزور، ضعیف جو ہمیشہ کمزور رہے اور کبھی صحت مند نہ ہو۔

اَسَف: (امفتوح، س مفتوح، ف موقوف) بڑا غم، غمگین ہونا، غضبناک ہونا۔

اِسَاف: (امکسور، س مفتوح، اساکن، ف موقوف) وہ زمین جس میں گھاس نہ اُگے، ایک بت کا نام ہے جس کو مشرکین مکہ نے زمانۂ جاہلیت میں کوہ صفا پر نصب کیا تھا، لوگوں کا بیان ہے اساف ایک مرد تھا جس نے نائلہ نامی عورت کے ساتھ خانۂ کعبہ کے اندر زنا کیا حق تعالیٰ نے دونوں کو مسخ کر کے پتھر بنادیا عربوں نے اساف کو کوہ صفا پر اور نائلہ کو کوہ مروہ پر مخلوق کی عبرت کے لیے رکھ دیا لیکن بعد میں لوگوں نے ان کی پوجا شروع کر دی۔

اَسْقَف: (امفتوح، س ساکن، ق مفتوح، ف موقوف) لمبا جھکا ہوا آدمی۔

اُسْقُف: (امضموم، س ساکن، ق مضموم، ف مشدد موقوف) عیسائی عالم، پادری، بشپ، عیسائیوں کا مذہبی قاضی، اس کا درجہ قسیس سے اوپر ہوتا ہے اور مطران سے کم ہوتا ہے۔

اَسْیَاف: (امفتوح، س ساکن، ی مفتوح، اساکن، ف موقوف) تلواریں، دریا کے کنارے، پہلے معنی میں سَیف کی جمع ہے، دوسرے معنی میں سِیف کی جمع ہے۔

اِجْرَام: (اکسور، ج ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گناہ کرنا، جرم کرنا۔

اَجْرَام: (امفتوح، ج ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) اجسام۔

اَجْسَام: (امفتوح، ج ساکن، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) جسم کی جمع ہے، بدن، اَجْرام کا استعمال اکثر لطیف اجسام کے لیے ہوتا ہے، اور اَجسام کا استعمال کثیف جسموں کے لیے ہوتا ہے۔

اِحْجَام: (اکسور، ح ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، م موقوف) روکنا، باز رکھنا۔

اِحْتِجَام: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، م موقوف) فاسد خون نکالنے کے لیے پچھنا لگانا۔

اِحْرَام: (اکسور، ح ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) محروم کرنا، مایوس کرنا، حرم میں داخل ہونا، اپنے اوپر کسی چیز کو حرام کر لینا، حج یا عمرہ کی نیت سے احرام باندھنا، حرام کرنا، حرمت والے مہینوں میں آنا جو چار مہینے ہیں ذو القعدہ، ذو الحجہ، محرم اور رجب۔

اِحْكَام: (اکسور، ح ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مضبوط کرنا، کمینے کو کمینگی سے روکنا۔

اَحْكَام: (امفتوح، ح ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، م موقوف) حکم کی جمع ہے، احکام الاحکام سیف الدین آمدی کی کتاب کا نام ہے جو اصول فقہ میں ہے۔

اِحْمَام: (اکسور، ح ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گرم کرنا، تپ زدہ کرنا، غمگین و بے چین کرنا، قریب ہونا، حاضر ہونا، کام کا کسی کو غم میں ڈالنا، لوگوں کا تپ زدہ ہونا، زمین کا گرم ہونا، پانی گرم کرنا، کالا ہونا، جگہ کو گرم و سرد پانی سے دھونا۔

اِحْتِدَام: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سخت گرم ہونا، بہت سرخ ہونا، غصہ سے بھڑک جانا، سخت غضبناک ہونا۔

اِحْتِرَام: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) عزت کرنا۔

اِحْتِزَام: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کمر باندھنا۔

اِحْتِشَام: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، م موقوف) شرم رکھنا، خدم و حشم والا ہونا۔

اِحْشَام: (اکسور، ح ساکن، ش مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آزاد کرنا، کسی کو غصہ میں لانا، شرمندہ کرنا۔

اَحْشَام: (امفتوح، ح ساکن، ش مفتوح، ا ساکن، م موقوف) نوکر، خدمت کرنے والے۔

اِحْتِلَام: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، اساکن، م موقوف) خواب دیکھنا، خواب میں جماع کرنا، نیند میں منی کا خارج ہونا، مطلق انزال کے معنی میں بھی ہے۔

اَحْلَام: (امفتوح، ح ساکن، ل مفتوح، اساکن، م موقوف) خواب (سپنے)، بردباری، عقلیں، پہلے معنی میں حُلُم کی جمع ہے، دوسرے تیسرے معنی میں حِلْم کی جمع ہے۔

اِخْدَام: (امکسور، خ ساکن، د مفتوح، اساکن، م موقوف) کسی کو خادم دینا، کسی کو خدمت کا حکم دینا۔

اِخْتِرَام: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ر مفتوح، اساکن، م موقوف) کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا، لے جانا، کسی کو موت آنا۔

اِخْتِتَام: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ت مفتوح، اساکن، م موقوف) کام کو ختم کرنا۔

اِخْتِصَام: (امکسور، خ ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، اساکن، م موقوف) کسی کے ساتھ جھگڑنا۔

اَخْرَم: (امفتوح، خ ساکن، ر مفتوح، م موقوف) چھیدا ہوا کان، وہ شخص جس کی ناک کٹی ہوئی ہو، روم کے بادشاہ کا لقب، ایک پہاڑ کا نام۔

اَخْزَم: (امفتوح، خ ساکن، ز مفتوح، م موقوف) نر سانپ، مدینہ میں ایک پہاڑ کا نام ہے، حاتم طائی کے دادا کا نام ہے جو اپنے باپ کا نافرمان تھا اس کے مرنے کے بعد اس کے لڑکوں نے اپنے دادا کے ساتھ نافرمانی کی اور اسے زخمی و خون آلود کیا، حاتم کے باپ نے اسی معنی میں یہ شعر کہا ؎

ان بنی زملونی بالدم
شنشنة اعرفها من اخزم

یعنی میرے فرزندوں نے مجھ کو خون میں آلودہ کر دیا یہ ایسی عادت ہے جو میں اخزم سے جانتا ہوں یعنی ان کے باپ سے دوسرا مصرع مثل بن گیا اس بارے میں کہ لڑکے اپنے باپ کی اچھی بری میرت اختیار کرتے ہیں۔

اِدْغَام: (امکسور، د ساکن، غ مفتوح، اساکن، م موقوف) کسی پر سردی اور گرمی کا اثر ہونا، گرمی یا سردی پڑنا، کسی کا چہرا کالا کرنا، بغیر چبائے ہوئے کوئی چیز کھانا تا کہ دوسرا شخص کھانے میں آگے نہ بڑھ جائے، گھوڑے کے منہ میں لگام دینا، ایک حرف کو دوسرے حرف میں شامل کرنا۔

اَدْغَم: (امفتوح، د ساکن، غ مفتوح، م موقوف) سیاہ فام، کالی ناک والا، ناک میں بولنے والا۔

اَدْہَم: (امفتوح، د ساکن، ہ مفتوح، م موقوف) سیاہ، کالے رنگ کا گھوڑا، ایک شخص کا نام، نئے پرانے نشانات، لوہے کی بیڑی، اکثر لغویوں نے مطلق بیڑی تفسیر کیا ہے اور ظاہر ہے کہ وہ لوہے کے ساتھ مخصوص ہے۔

اَدْم: (امفتوح، د ساکن، م موقوف) روٹی میں سالن لگانا، محبت و اتفاق پیدا کرنا۔

اَدَم: (امفتوح، د مفتوح، م موقوف) بیج، ایک قسم کی کھجور، ایک موضع کا نام ہے۔

اِدَام: (امکسور، د مفتوح، اساکن، م موقوف) سالن، سازگار، ایک کنویں کا نام ہے جو مکہ سے ایک منزل پر ہے، ایک عورت کا نام ہے۔

اَدَام: (امفتوح، د مفتوح، اساکن، م موقوف) ایک مقام کا نام ہے۔

اَدِیْم: (امفتوح، د مکسور، ی ساکن، م موقوف) کھال، سرخ کھال، دباغت دی ہوئی کھال، سالن لگی ہوئی روٹی کو کھانا، ایک گھوڑے کا نام ہے، ہذیل کے شہروں میں ایک جگہ کا نام ہے، اَدِیْمُ الاَرْض زمین کا ظاہری حصہ (روئے زمین)، اَدِیْمُ السَّمَاء آسمان کا ظاہری حصہ، اَدِیْمُ النَّهَار دن کی روشنی، دن کا اکثر حصہ، اَدِیْمُ الضُّحیٰ چاشت کی ابتدا۔

آدَم: (امدودہ، د مفتوح، م موقوف) گندم گوں، گیہواں رنگ، ابوالبشر علیہ السلام کو آدم اس لیے کہتے ہیں کہ وہ گندم گوں تھے

یااس لیے کہ آپ کے وجود کی مٹی روئے زمین کی تھی یااس لیے کہ صاحب اُدْمَہ یعنی سزاوار امامت تھے یااس لیے کہ صاحب الفت تھے، صحیح یہ ہے کہ آدم عجمی اسم ہے اس نام کی ان معانی کے ساتھ موافقت اتفاقی ہے۔

اِرْتَام: (اکسور، رساکن، ت مفتوح، اساکن، م موقوف) کسی چیز کو یاد رکھنے کے لیے انگلی پر ڈورا باندھنا۔

اِرْغَام: (اکسور، رساکن، غ مفتوح، اساکن، م موقوف) ذلیل کرنا، ناک خاک آلود کرنا۔

اِرْتِسَام: (اکسور، رساکن، ت مکسور، س مفتوح، اساکن، م موقوف) کسی چیز کا نقش ہونا، فرمانبرداری کرنا، تکبیر کہنا، دعا کرنا۔

اِرْتِکَام: (اکسور، رساکن، ت مکسور، ک مفتوح، اساکن، م موقوف) چیزوں کو تہ بتہ کرنا، ڈھیر لگانا، جمع ہونا، تَرَاکُم بھی اسی معنی میں ہے۔

اَرْم: (امفتوح، رساکن، م موقوف) دانت سے پکڑنا، رسی کو مضبوط بٹنا، دسترخوان کی تمام چیزیں کھاجانا، زم کرنا، مضبوط باندھنا۔

اُرْم: (امضموم، رساکن، م موقوف) طبرستان میں ایک مقام کا نام ہے۔

اَرَم: (امفتوح، رمفتوح، م موقوف) ایک شخص، نشان، وہ جھنڈا جو بیابان میں راستہ پہچاننے کے لیے نصب کرتے ہیں۔

اِرَم: (اکسور، رمفتوح، م موقوف) قوم عاد کے شہر کا نام، عاد کے باپ کا نام، عاد کی ماں کا نام، عاد کے قبیلے کا نام، ارم ذات العماد دمشق یا اسکندریہ ہے یا ارم فارس کا ایک مقام ہے۔

اُرَّم: (امضموم، رمشدد مفتوح، م موقوف) دانت، انگلیوں کے کنارے، سنگریزے۔

آرَام: (اممدودہ، رمفتوح، اساکن، م موقوف) نشانات، قبیلہ عاد کا قبرستان، سفید ہرن، اس معنی میں آرام اَرآم کا مقلب ہے، رِیم کی جمع ہے۔

اَرْقَم: (امفتوح، رساکن، ق مفتوح، م موقوف) کالا سانپ، بنی تغلب کا ایک قبیلہ ہے۔

اَرْقَام: (امفتوح، رساکن، ق مفتوح، اساکن، م موقوف) تحریریں، لکیریں۔

اَرْحَام: (امفتوح، رساکن، ح مفتوح، اساکن، م موقوف) بچہ دانی، رشتے ناتے۔

اَزْم: (امفتوح، زساکن، م موقوف) چننا، کسی چیز سے رک جانا، کسی چیز سے لگ جانا، رسی کو مضبوط بٹنا، پرہیز کرنا، قحط سالی ہونا، دروازہ بند کرنا، کسی چیز کی حفاظت کرنا، اکٹھا ہونا، دانت یا چھری سے کاٹنا، کھانے پر کھانے سے خود کو باز رکھنا۔

اَزَم: (امفتوح، زمفتوح، م موقوف) اہواز کے قریب ایک موضع کا نام ہے، سیراف میں ایک گاؤں ہے۔

اَزْلَام: (امفتوح، م ساکن، ل مفتوح، اساکن، م موقوف) بے پر کے تیر جن سے اہل جاہلیت جوا کھیلتے تھے، بکری اور اونٹ خرید کر ان کا گوشت لوگوں میں تقسیم کرتے، اس کو بزرگی اور بہادری خیال کرکے اس پر فخر کرتے اور جو اس میں شامل نہیں ہوتا اسے بخیل اور کمینہ کہتے تھے، خداوند تعالیٰ نے قرآن میں اس سے منع فرمایا ہے۔

اِزْکَام: (اکسور، زساکن، ک مفتوح، اساکن، م موقوف) مبتلائے زکام کرنا۔

اِزْدِحَام: (اکسور، زساکن، دمکسور، ح مفتوح اساکن، م موقوف) ہجوم کرنا، بھیڑ لگانا۔

اِسْقَام: (اکسور، س ساکن، ق مفتوح، اساکن، م موقوف) بیمار کرنا۔

اِسْلَام: (اکسور، س ساکن، ل مفتوح، اساکن، م موقوف) مسلمان ہونا، چھوڑنا، سر جھکانا، بیع سلم کرنا یعنی غلہ اور میوہ حاصل ہونے سے پہلے ہی قیمت دینا، کام کسی کو سونپنا، باہم مصالحت کرنا۔

اِسْتِسْلَام: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، س ساکن، ل مفتوح، اساکن، م موقوف) گردن رکھنا، پیشگی قیمت دینا، ہونٹ یا ہاتھ سے پتھر کو چومنا، کھیتی کا بالی نکالنا۔

اِسْتِلَام: (اکسور، س ساکن، ت مکسور، ل مفتوح، اساکن، م موقوف)

ہونٹ یا ہاتھ سے پتھر کو چومنا۔

اُسَیلَم: (اَمضموم، س مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، م موقوف) ایک رگ ہے خنصر بنصر یعنی چھنگلی اور اس کے قریب والی انگلی کے درمیان۔

اَسلَم: (امفتوح، س ساکن، ل مفتوح، م موقوف) بہت سلامت۔

اِسہَام: (امکسور، س ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) قرعہ اندازی کرنا۔

اِستِہَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) قرعہ ڈالنا۔

اِسنَام: (امکسور، س ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دھوئیں کا بلند ہونا، آگ کا شعلہ مارنا۔

اِستِبہَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ب ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بات کا پوشیدہ ہونا، بات میں عاجز ہونا۔

اِستِحکَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مستحکم ہونا۔

اِستِعجَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بات کرنے میں عاجز ہونا۔

اِستِعصَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، م موقوف) پنجہ گاڑنا، کھڑا ہونا، مشک کو رسی سے باندھنا، ملازم ہونا، دوست اور یار کے ساتھ رہنا۔

اِستِعظَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ظ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بزرگ سمجھنا، بزرگ کرنا، کسی چیز کا اکثر حصہ لینا۔

اِستِعلَام: (امکسور، س ساکن ت مکسور، ع ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آگاہی چاہنا، خبر پوچھنا۔

اِستِخدَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، خ ساکن، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کسی سے خدمت چاہنا، ارباب معانی و بیان کی اصطلاح میں کلام میں ایک ایسا لفظ لانا جس کے دو معنی ہوں، پہلے ایک معنی مراد لیں پھر ضمیر کی مدد سے دوسرا معنی مراد لیں، خواہ وہ دوسرا معنی حقیقی ہو یا مجازی اور اس کو بلاغت کا حسن سمجھتے ہیں۔

اِستِحمَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) اپنے کو گرم پانی سے دھونا، گرم پانی سے نہانا، پسینہ والا ہونا۔

اِستِشمَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ش ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سونگھنے کی درخواست کرنا، کسی چیز کی خوشبو پانا۔

اِستِغنَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، غ ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، م موقوف) غنیمت سمجھنا، مفت کا مال ڈھونڈھنا۔

اِستِفہَام: (امکسور، س ساکن ت مکسور، ف ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کسی چیز کی تفہیم چاہنا۔

اِستِقدَام: (امکسور، س ساکن، ت مکسور، ق ساکن، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آگے ہونا، آگے ہونے کی خواہش کرنا۔

اَسحَم: (امفتوح، س ساکن، ح مفتوح، م موقوف) کالا۔

اِسم: (امکسور، س ساکن، م موقوف) اُسم (اَمضموم، س ساکن، م موقوف) کسی چیز کی نشانی اور علامت، نحویوں کی اصطلاح میں اسم کو پانچ معانی پر محمول کرتے ہیں (1) نام جو لقب اور کنیت کے مقابلے میں ہے (2) لفظ جو صفت کا معنی نہ رکھتا ہو اور اس معنی میں صفت کا مقابل ہوگا (3) وہ لفظ جو ظرف کا معنی نہ رکھتا ہو اور اس معنی میں ظرف کا مقابل ہے (4) وہ لفظ جو حاصل مصدر کے معنی میں ہے اور اس کو مصدر کے برابر استعمال کریں (5) اسم ایسا کلمہ ہے جو بذات خود دوسرے لفظ کو ملائے بغیر معنی پر دلالت کرے اور اس میں کوئی زمانہ ماضی، حال، مستقبل نہ پایا جائے، اس معنی میں فعل اور حرف کا مقابل ہوگا، اَسماء جمع ہے اور اَسماوات و اَسامی جمع الجمع ہے۔

اِشحَام: (امکسور، ش ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چربی کھلانا، چربی والا ہونا۔

اِشخَام: (امکسور، ش ساکن، خ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) فاسد ہونا، دودھ اور کھانے کا متغیر ہونا۔

اِشْمَام: (اکسور، ش ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سونگھانا، حرف ساکن کو ضمہ یا کسرہ کی بو اس طرز پر دینا کہ سنائی نہ دے اور ہونٹ کی حرکت داہنے یا بائیں طرف نظر آئے، قاریوں کی اصطلاح میں وقف کرتے وقت دونوں ہونٹ ملا کر ضمہ محذوفہ کی آواز سکون کے ذریعہ نکالنا، سر اٹھا کر گزرنا۔

اَشَمّ: (امفتوح، ش مفتوح، م مشدد موقوف) اونچی ناک والا، سردار، شرم و حیا والا۔

اِصْطِلَام: (اکسور، ص ساکن، ط مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) جڑ سے اکھاڑنا۔

اِصْرَام: (اکسور، ص ساکن ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) فقیر ہونا، کھجور کاٹنے کا وقت آنا۔

اَصْرَام: (امفتوح، ص ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کھالیں، چمڑے، صرم کی جمع جو چرم کا معرب ہے۔

اِصْمَام: (اکسور، ص ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہرا کرنا، بہرا ہونا، کسی کو بہرا پانا۔

اَصَمّ: (امفتوح، ص مفتوح، م مشدد موقوف) بہرا، سخت پتھر، وہ سانپ جس پر جادو اثر نہ کرے، وہ مرد جس سے کسی خیر کی امید نہ ہو اور وہ اپنی خواہشات سے باز نہ رکھا جا سکے، حاتم اصم ایک بزرگ کا نام ہے، شَھْرُ اللّٰہِ الاَصَمّ رجب کا مہینہ اس لیے کہ اس میں قتال حرام تھا اسلحوں کی جھنکار نہیں سنائی دیتی اور نہ ہی فریادی شور مچاتا تھا۔

اَصْنَام: (امفتوح، ص ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مورتیاں بت، صَنَم کی جمع ہے۔

اِضَم: (اکسور، ض مفتوح، م موقوف) ایک شہر کا نام ہے، وہ زمین جس پر مدینہ منورہ واقع ہے۔

اَضَم: (امفتوح، ض مفتوح، م موقوف) کینہ، حسد اور غصہ کرنا۔

اِضْرَام: (اکسور، ض ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آگ روشن کرنا۔

اِضْطِرَام: (اکسور، ض ساکن، ط مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آگ کا شعلہ مارنا۔

اِطْعَام: (اکسور، ط ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کھانا کھلانا۔

اَطْم: (امفتوح، ط ساکن، م موقوف) غصہ کرنا۔

اُطُم: (امضموم، ط مضموم، م موقوف) پتھر کا قلعہ، محل، چار گوشہ مسطح مکان۔

اُطَام: (اکسور مضموم، ط مفتوح، ا ساکن، م موقوف) پیشاب بند ہو جانا۔

اِظْلَام: (اکسور، ظ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) تاریک ہونا، تاریکی میں آنا، ظلم اٹھانا، دانتوں کا چمکنا۔

اِعْتَام: (اکسور، ع ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، م موقوف) نماز عشا کے وقت آنا جانا، دیر کرنا، کسی چیز سے رک جانا، کسی شخص کو کسی چیز میں پڑنے کے بعد اس سے باز رکھنا، رات کا ایک پہر گذرنا۔

اِعْدَام: (اکسور، ع ساکن، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) برباد کرنا کسی چیز کو نہ پانا، کسی کو منع کرنا۔

اِعْظَام: (اکسور، ع ساکن، ظ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بزرگ کرنا، عظمت دینا۔

اِعْصَام: (اکسور، ع ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مشک کا منہ بند کرنا، اونٹ کی زین یا پالان پر کوئی چیز بنانا جس پر سوار ہاتھ رکھے تاکہ نیچے نہ گرے اور نیچے گرنے کے خوف سے اس چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔

اِعْتِصَام: (اکسور، ع ساکن، ت مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چنگل مارنا، گناہ سے اپنے آپ کو بچانا، اِعْصَام کے معنی میں بھی آیا ہے۔

اِعْلَام: (اکسور، ع ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آگاہ کرنا نشان کرنا، کپڑے پر نقش و نگار بنانا۔

اَعْلَام: (امفتوح، ع ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت سے پہاڑ، بہت سے جھنڈے، عَلَم کی جمع ہے۔

اِعْمَام: (اکسور، ع ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت چچاوالا ہونا۔

اَعْمَام: (امفتوح، ع ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چچا، باپ کے بھائی، عَم کی جمع ہے۔

اِعْتِمَام: (امکسور، ع ساکن، ت مکسور، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سر پر پگڑی باندھنا۔

اَعَمّ: (امفتوح، ع مفتوح، م مشدد موقوف) سب کا شناسا، سب کا دوست۔

اَعْوَام: (امفتوح، ع ساکن، و مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سال، عام کی جمع ہے۔

اِعْجَام: (امکسور، ع ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، م موقوف) حرف پر نقطہ لگانا، عجمی زبان میں گفتگو کرنا، حروف معجم وہ رسم الخط جس کے اکثر حصے نقطے والے ہوں اور وہ خط عربی ہے۔

اَعْجَم: (امفتوح، ع ساکن، ج مفتوح، م موقوف) وہ آدمی جو فصیح زبان میں کلام نہ کر سکے اگرچہ عربی ہو، وہ شخص جو گفتگو پر قادر نہ ہو۔

اَعْصَم: (امفتوح، ع ساکن، ص مفتوح، م موقوف) وہ کوا جس کی چونچ کا بالائی حصہ سفید ہو، دو رنگ کا ہرن جس کے ایک اگلے پیر میں یا دونوں اگلے پیروں میں سفیدی ہو اور اس کے دوسرے اعضا کالے یا سرخ ہوں۔

اَعْلَم: (امفتوح، ع ساکن، ل مفتوح، م موقوف) بہت جاننے والا، وہ آدمی جس کا اوپری ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔

اِغْرَام: (امکسور، غ ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ہلاک کرنا لالچی ہونا، تاوان لینا، زیاں کار بنانا۔

اِغْلَام: (امکسور، غ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لونڈے بازی کرنا، زیادہ شہوت والا ہونا۔

اِغْمَام: (امکسور، غ ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آسمان پر بادل چھانا۔

اِغْتِنَام: (امکسور، غ ساکن، ت مکسور، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کافروں سے مال غنیمت لینا، غنیمت سمجھنا۔

اِفْحَام: (امکسور، ف ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دلیل سے خاموش کرنا، کسی کو بات کرنے سے عاجز پانا۔

اِفْخَام: (امکسور، ف ساکن، خ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بزرگ سمجھنا، بڑے درجے پر پہنچانا۔

اِفْدَام: (امکسور، ف ساکن، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چھاگل کے منہ پر سربند لگانا، چھاگل کے منہ پر روئی رکھنا تاکہ صاف پانی آئے، کپڑے کو سرخ رنگ میں رنگنا۔

اِفْعَام: (امکسور، ف ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بھرنا۔

اِفْہَام: (امکسور، ف ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سمجھانا۔

اِقَام: (امکسور، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) برپا کرنا، قائم کرنا۔

اِقْحَام: (امکسور، ق ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کسی چیز کو کسی چیز میں ریلنا۔

اِقْتِحَام: (امکسور، ق ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کسی چیز میں داخل ہونا، حقیر سمجھنا، ستارے کا چھپنا۔

اِقْدَام: (امکسور، ق ساکن، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کسی کام میں آگے ہونا، بہادری کرنا، آگے ہونا، آگے کرنا۔

اَقْدَم: (امفتوح، ق ساکن، د مفتوح، م موقوف) بہت آگے۔

اِقْسَام: (امکسور، ق ساکن، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) قسم کھانا۔

اَقْسَام: (امفتوح، ق ساکن، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) حصے، ٹکڑے، قسمیں۔

اِقْتِسَام: (امکسور، ق ساکن، ت مکسور، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) تقسیم کرنا، قسم کھانا۔

اِقْلِیم: (امکسور، ق ساکن، ل مکسور، ی ساکن، م موقوف) زمین کے سات حصوں میں سے ایک حصہ، محاورہ حال میں ملک کا صوبہ۔

اِقْلَام: (امکسور، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زمین کے سات حصوں میں سے ایک حصہ، ربع مسکون کا ساتواں ٹکڑا، محاورہ حال میں ملک کا صوبہ، اَقَالِیم، اِقْلِیم کی جمع ہے، مصر میں ایک مقام ہے۔

اَقْلَام: (امفتوح، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) جُوے کے تیر، قلم، تراشے ہوئے قلم یعنی لکھنے کے قلم۔

اُقْنُوم: (امضموم، ق ساکن، ن مضموم، و ساکن، م موقوف) ہر چیز کی اصل، اَقَانیم جمع ہے، آتش پرستوں کی اصطلاح میں اُقنوم تین ہیں (1) وجود (2) حیات (3) علم یا نصرانیوں کی اصطلاح میں (1) باپ (2) بیٹا (3) روح القدس۔

اَقْوَم: (امفتوح، ق ساکن، و مفتوح، م موقوف) بہت سیدھا، بہت درست۔

اَقْصَم: (امفتوح، ق ساکن، ص مفتوح، م موقوف) وہ آدمی جس کا آدھا دانت ٹوٹا ہوا ہو، وہ جانور جس کا ایک سینگ ٹوٹا ہوا ہو۔

اِکْرَام: (امکسور، ک ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) تعظیم کرنا، عزت کرنا، بزرگ سمجھنا، نوازنا، بخشش کرنا، نیک لڑکے پیدا کرنا۔

اَکْرَم: (امفتوح، ک ساکن، ر مفتوح، م موقوف) بہت عزت والا، بہت بخشنے والا۔

اَکْتَم: (امفتوح، ک ساکن، ت مفتوح، م موقوف) بڑے پیٹ والا، بہت پوشیدہ۔

اَکْثَم: (امفتوح، ک ساکن، ث مفتوح، م موقوف) بڑے پیٹ والا، آسودہ، کشادہ راستہ، موٹا اونٹ، یحییٰ بن اکثم مشہور قاضی اور دانشور بزرگ ہیں۔

اَکْشَم: (امفتوح، ک ساکن، ش مفتوح، م موقوف) ناقص الخلقت، ناقص حسب والا، پیدائشی عیب والا، عیب دار خاندان والا۔

اَکَم: (امفتوح، ک مفتوح، م موقوف) اونچے ٹیلوں والی زمین۔

اِکْمَام: (امکسور، ک ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) شگوفہ کا غلاف اُتارنا، کپڑے میں آستین لگانا، درخت خرمہ کا شگوفہ دار ہونا۔

اَکْمَام: (امفتوح ک ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آستینیں، غلاف، شگوفے۔

اِلْجَام: (امکسور، ل ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گھوڑے کو لگام لگانا۔

اِلْحَام: (امکسور، ل ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گوشت کھلانا، گوشت دار اور فربہ ہونا، چوپائے کا بہت گوشت والا ہونا، زخم کے بالائی حصہ کو درست کرنا، کپڑا بننا، باہم مقاتلہ کرنا، جنگ میں گھیر لینا۔

اِلْتِحَام: (امکسور، ل ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زخم کا اچھا ہونا، جنگ میں پھنس جانا۔

اِلْزَام: (امکسور، ل ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لازم کرنا، کام کسی کی گردن پر ڈالنا، کسی پر کوئی کام لازم کرنا۔

اِلْتِزَام: (امکسور، ل ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، م موقوف) اپنے اوپر لازم کرنا، کسی کام کو اپنے ذمہ لینا۔

اِلْہَام: (امکسور، ل ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دل میں ڈالنا، وحی کرنا، سکھانا، خدائے تعالیٰ جو چیز دل میں ڈالتا ہے وہ خیر ہوتی ہے یا شر لیکن اس کا اکثر استعمال خیر میں ہوتا ہے۔

اَلَم: (امفتوح، ل مفتوح، م موقوف) درد کرنا، درد، آلام جمع ہے۔

اَلِیم: (امفتوح، ل مکسور، ی ساکن، م موقوف) دردناک۔

اِلْمَام: (امکسور، ل ساکن، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) نیچے آنا، بالغ ہونے کے قریب ہونا، صغیرہ گناہ کرنا۔

اِلْتِقَام: (امکسور، ل ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لقمہ بنانا، کسی چیز کو نیچے اتارنا۔

اِلْتِثَام: (امکسور، ل ساکن، ت مکسور، ث مفتوح، ا ساکن، م موقوف) منہ پر ڈھاٹا یعنی وہ کپڑا جو ناک اور اس کے گرد لپیٹا جائے باندھنا، بوسہ لینا، چومنا۔

اِلْتِیَام: (امکسور، ل ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک دوسرے میں پیوست ہونا، ملنا، زخم کا بھرنا۔

اَمّ: (امفتوح، م مشدد موقوف) ارادہ کرنا، سر اس طرح توڑنا کہ زخم دماغ تک پہنچ جائے، دماغ پر صدمہ پہنچانا، ماں ہونا، ملامت کرنا۔

اُمّ: (امضموم، م مشدد موقوف) ہر چیز کی اصل، ماں، اُمُّ القُریٰ مکہ، اُمُّ الطَّرِیق بڑا راستہ، اُمُّ الدِّمَاغ و اُمُّ الرَّاس سر کے مغز کی جھلی، اُمُّ الکِتَاب لوح محفوظ، سورہ فاتحہ، آیات محکم جو

دوسری آیتوں کی اصل ہوں، اُمُّ الخَبَائِث شراب، اُمُّ القَوْم قوم کا سردار، اُمُّ الجَیْش لشکر کا علم، اُمُّ النُّجُوْم کہکشاں، اُمُّ البَیْض شتر مرغ۔

اَمْ: (امفتوح، م موقوف) حرف عطف ہے یائے تردید کے معنی میں۔

اَمَم: (امفتوح، م مفتوح، م موقوف) قریب ہونا، تھوڑی چیز، وہ چیز جو نہ قریب ہو اور نہ دور۔

اُمَم: (امضموم، م مفتوح، م موقوف) امتیں، قامت۔

اَمَام: (امفتوح، م مفتوح، اساکن، م موقوف) آگے، سامنے۔

اِمَام: (امکسور، م مفتوح، اساکن، م موقوف) پیشوا، رہنما، ہدایت دینے والا، سمت قبلہ، تنہا، زمین کا کنارہ، آسمانی کتاب، لوح محفوظ، اچھا منظر، معماروں کی وہ ڈوری جس سے دیوار سیدھی کرتے ہیں جسے فارسی میں اژرہ کہتے ہیں، صاحب قاموس کہتے ہیں وہ لکڑی ہے جس سے دیوار سیدھی کرتے ہیں۔

اِنْتِظَام: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ظ مفتوح، اساکن، م موقوف) سیدھا ہونا، دھاگے میں پرونا۔

اِنْتِقَام: (امکسور، ن ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، اساکن، م موقوف) دشمنی نکالنا، بدلہ لینا۔

اِنْثِلَام۔ اِنْحِزَام: (امکسور، ن ساکن، ث مکسور، ل مفتوح، اساکن، م موقوف) (امکسور، ن ساکن، ح مکسور، ز مفتوح، اساکن، م موقوف) سوراخ ہونا۔

اِنْجِذَام: (امکسور، ن ساکن، ج مکسور، ذ مفتوح، اساکن، م موقوف) کٹنا۔

اِنْحِطَام۔ اِنْحِصَام (امکسور، ن ساکن، ح مکسور، ط مفتوح، اساکن، م موقوف) (امکسور، ن ساکن، ح مکسور، ص مفتوح، اساکن، م موقوف) ٹوٹنا۔

اِنْسِجَام: (امکسور، ن ساکن، س مکسور، ج مفتوح، اساکن، م موقوف) آنسو اور پانی کا بہنا۔

اِنْصِرَام: (امکسور، ن ساکن، ص مکسور، ر مفتوح، اساکن، م موقوف) کٹ جانا۔

اِنْفِصَام: (امکسور، ن ساکن، ف مکسور، ص مفتوح، اساکن، م موقوف) کسی چیز کا اس طرح جدا ہونا کہ ٹکڑے ایک دوسرے سے الگ نہ ہوں۔

اِنْقِصَام: (امکسور، ن ساکن، ق مکسور، ص مفتوح، اساکن، م موقوف) کسی چیز کا اس طرح ٹوٹنا کہ ٹکڑے ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں۔

اِنْہِدَام: (امکسور، ن ساکن، ہ مکسور، د مفتوح، اساکن، م موقوف) ویران ہونا۔

اِنْقِحَام: (امکسور، ن ساکن، ق مکسور، ح مفتوح، اساکن، م موقوف) زبردستی اندر داخل ہونا۔

اِنْہِضَام: (امکسور، ن ساکن، ہ مکسور، ض مفتوح، اساکن، م موقوف) گوارا ہونا، ہضم ہونا۔

اِنْضِمَام: (امکسور، ن ساکن، ض مکسور، م مفتوح، اساکن، م موقوف) جڑنا، اکٹھا ہونا۔

اِنْہِمَام: (امکسور، ن ساکن، ہ مکسور، م مفتوح، اساکن، م موقوف) پگھل جانا۔

اِنْہِزَام: (امکسور، ن ساکن، ہ مکسور، ز مفتوح، اساکن، م موقوف) فوج کا شکست کھانا، ہارنا۔

اِنْقِسَام: (امکسور، ن ساکن، ق مکسور، س مفتوح، اساکن، م موقوف) تقسیم ہونا، حصہ حصہ ہونا۔

اِنْعَام: (امکسور، ن ساکن، ع مفتوح، اساکن، م موقوف) نعمت دینا، نازک کرنا، آنکھ روشن کرنا، زیادہ ہونا۔

اَنْعَام: (امفتوح، ن ساکن، ع مفتوح، اساکن، م موقوف) چوپائے، نَعَم کی جمع ہے، اس کا اطلاق اکثر اونٹ پر ہوتا ہے، لَا کَمُّم جمع الجمع ہے، اَنْعَام کبھی مفرد بھی آتا ہے چنانچہ صاحب کشاف نے سیبویہ سے نقل کیا ہے اور اس آیت سے استدلال کیا ہے اِنَّ لَکُمْ فِی الاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ اَیْ فِیْ بُطُوْنِ الاَنْعَامِ لیکن احتمال ہے کہ آیت کریمہ میں انعام جمع کے معنی میں ہو اور بطونہ کی ضمیر نعم کی طرف راجع ہو جو

انعام سے مفہوم ہوتا ہے جیسا کہ اس قول اَلْمَرْفُوْعَاتُ هُوَ مَا اشْتَمَلَ عَلیٰ عَلَمِ الفَاعِلِيَّة میں لوگوں نے کہا ہے کہ ضمیر مرفوع کی طرف لوٹتی ہے، مرفوعات کی دلالت مرفوع پر ہوتی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کے قول اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوىٰ میں ھو کی ضمیر عدل کی طرف لوٹتی ہے جو اِعْدِلُوْا سے مفہوم ہوتا ہے۔

اَنْجُم: (امفتوح،ن ساکن،ج مضموم،م موقوف) ستارے، نَجْم کی جمع ہے۔

اَنَام: (امفتوح،ن مفتوح، اساکن،م موقوف) تمام مخلوقات یا جنات اور انسان۔

اَنِيم: (امفتوح،ن مکسور،ی ساکن،م موقوف) تمام مخلوقات، جن وانس۔

اُوَام: (امضموم،ومفتوح، اساکن،م موقوف) پیاس اور اس کی حرارت، سر کا درد اور چکر، زُد وساز، باجا۔

اِہْرَام: (امکسور، ہ ساکن، رمفتوح، اساکن، م موقوف) بہت بوڑھا کرنا۔

اَہْرَام: (امفتوح، ہ ساکن، رمفتوح، اساکن، م موقوف) پرانی عمارتیں، ہَرَم کی جمع ہے، فراعنہ مصر کے مقبروں کو بھی اہرام کہتے ہیں۔

اِہْمَام: (امکسور،ہ ساکن،م مفتوح، اساکن،م موقوف) غمناک کرنا، کسی کے کام کو تتر بتر کرنا۔

اِہْتِمَام: (امکسور، ہ ساکن، ت مکسور،م مفتوح، اساکن،م موقوف) غمخواری کرنا۔

اَہَمّ: (امفتوح،ہ مفتوح،م مشدد موقوف) بہت ضروری۔

اِيْہَام: (امکسور،ی ساکن،ہ مفتوح، اساکن،م موقوف) غلطی اور شک میں ڈالنا، کسی چیز کو چھوڑنا، ارباب معانی کی اصطلاح میں ایسے لفظ کا لانا جس کے دو معنی ہوں ایک قریب دوسرا بعید اور اس مقام پر معنی بعید مراد لیا گیا ہو نہ کہ معنی قریب۔

اِيْلَام: (امکسور،ی ساکن،ل مفتوح،اساکن،م موقوف) دردمند کرنا کسی کو دعوت ولیمہ میں لے جانا، پہلے معنی کی تقدیر پر حرف یا ہمزہ سے بدلی ہے اور دوسرے معنی میں یا واو سے بدلی ہے۔

اِيْتِمَام: (امکسور،ی ساکن،ت مکسور،م مفتوح، اساکن،م موقوف) کسی کی پیروی کرنا، مقتدی بننا۔

اَيْتَام: (امفتوح، ی ساکن، ت مفتوح، اساکن، م موقوف) انسانوں کے وہ بچے جن کے باپ نہ ہوں، جانوروں کے وہ بچے جن کی ماں نہ ہوں، بے مثل موتی، یَتِیم کی جمع ہے۔

اَيْم: (امفتوح،ی ساکن،م موقوف) وہ مرد جس کی عورت نہ ہو، وہ عورت جس کا مرد نہ ہو، اَیَامیٰ جمع ہے۔

اَيِّم: (امفتوح،ی مشدد مکسور،م موقوف) بے زن مرد، بے شوہر عورت، اَیَایِم جمع ہے، پتلا سفید سانپ۔

اَيَّام: (امفتوح،ی مشدد مفتوح، اساکن،م موقوف) دن، یَوم کی جمع ہے، ایام معلومات سے مراد جو قرآن میں واقع ہے ذی الحجہ کے مہینے کے ابتدائی دس دن، ایام معدودات سے مراد ایام تشریق اور وہ پانچ دن ہیں بقرعید سے پہلے ایک دن بقرعید کا دن اور بقرعید کے بعد تین دن یعنی ۹؍تا ۱۳؍ذی الحجہ۔

نوٹ:- ایام تشریق بقرعید کے بعد تین دن ہیں جیسا کہ معتبر کتابوں میں لکھا ہوا ہے نہ کہ پانچ دن جیسا کہ مصنف نے لکھا ہے کیونکہ تشریق کے معنی گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے خشک کرنا ہے اور یہ عمل انھیں دنوں میں ہوتا ہے۔

﴿فصل الالف مع النون﴾

اَبْن: (امفتوح،ب ساکن،ن موقوف) کسی چیز کی تہمت لگانا۔

اِبْن: (امکسور، ب ساکن، ن موقوف) لڑکا، ابن یامین یعقوب علیہ السلام کا لڑکا، صاحب قاموس کہتے ہیں صحیح بنیامین ہے الف کے حذف کے ساتھ اسرائیل کے وزن پر جیسا کہ باب با میں آئے گا۔

اَدِنْ: (امفتوح، ب مکسور، ن موقوف) کھانا، گاڑھا مشروب، موٹا۔

اُبُنْ: (امضموم، ب مضموم، ن موقوف) لکڑی کی گرہیں، دشمنی، عیب کہنہ۔

اِبْزَنْ: (امفتوح رمکسور رمضموم، ب ساکن، ز مفتوح، ن موقوف) وہ حوض جس میں غسل کریں کبھی اسے تانبے، مٹی یا اس جیسی چیز سے بناتے ہیں اور پانی کو برتن میں گرم کرکے اس حوض میں ڈالتے ہیں پھر بیمار کو اس سے نہلاتے ہیں، اطبا اسے ابزان کہتے ہیں جو آبزن کا معرب ہے۔

اِبَّان: (امکسور، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) وقت، کسی چیز کا آغاز، ہنگام۔

اَبْرَدَان: (امفتوح، ب ساکن، ر مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) صبح و شام۔

اَبْیَضَان: (امفتوح، ب ساکن، ی مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اونٹنی کے پستان کی دو رگیں (چھاتی)، آگ اور پانی۔

اِتْقَان: (امکسور، ت ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مضبوط کرنا، پکا کرنا۔

اِتِّزَان: (امکسور، ت مشدد مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) رنجیدہ ہونا۔

اَتَان: (امفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گدھیاں، اُتان جمع ہے، کنویں کی مینڈھ، ہودج کے پائے، کنویں کے اوپر کا بڑا پتھر۔

اَتَنْ: (امفتوح، ت مفتوح، ن موقوف) کسی جگہ قیام کرنا، ثابت ہونا۔

اُتْوَان: (امضموم، ت ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کسی جگہ قیام کرنا، ثابت ہونا، جم جانا۔

اَتُّون: (امفتوح، ت مشدد مفتوح، و ساکن، ن موقوف) چونا پکانے کی بھٹی، روٹی پکانے کا تنور، صاحب صراح کہتے ہیں لوہے کا آتشدان۔

اِتْیَان: (امکسور، ت ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) آنا۔

اِثْخَان: (امکسور، ث ساکن، خ مفتوح، ا ساکن ن موقوف) موٹا ہونا، غالب ہونا، کسی کی حرارت کو کم کرنا، اللہ کا قول حَتّٰىٓ اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ یہاں تک کہ جب انھیں قتل کرو تو مضبوط باندھو (سورۂ محمد)

اِثْمَان: (امکسور، ث ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) آٹھ عدد ہونا، اونٹوں کی قیمت کا مالک ہونا، بعض اونٹ آٹھ دن میں ایک بار پانی پاتے ہیں، سامان کی قیمت لگانا۔

اَثْمَان: (امفتوح، ث ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) قیمتیں۔

اَجْوَفَان: (امفتوح، ج ساکن، و مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شکم، شرم گاہ۔

اَجْفَان: (امفتوح، ج ساکن، ف مفتوح، ا ساکن ن موقوف) آنکھ کی پلکیں۔

اَجْن: (امفتوح، ج ساکن، ن موقوف) آنسو کا پلک سے ٹپکانا، اجون بھی اسی معنی میں ہے، دھوبی کا کپڑے کو پٹکنا۔

آجِنْ: (اممدودہ، ج مکسور، ن موقوف) پانی کا رنگ وغیرہ بدلنا۔

اَحَنْ (امفتوح، ح مفتوح، ن موقوف) کینہ رکھنا، غصہ کرنا۔

اِحْزَان: (امکسور، ح ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) غمگین کرنا۔

اَحْزَان: (امفتوح، ح ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) غم۔

اِحْسَان: (امکسور، ح ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بھلائی کرنا، کسی چیز کو اچھا سمجھنا۔

اِحْصَان: (امکسور، ح ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مرد کا شادی شدہ ہونا، عورت کا شادی شدہ ہونا، عورت کا حاملہ ہونا، پاکدامن ہونا، مضبوط کرنا، قلعہ بنانا۔

اِحْتِضَان: (امکسور، ح ساکن، ت مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) آغوش میں لینا۔

اَحْضَان: (امفتوح، ح ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کنارے۔

اِحْتِقَان: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) حقنہ کرنا یعنی پچکاری کے ذریعہ پاخانے کے مقام میں دوا ڈالنا۔

اِحْتِفَان: (اکسور، ح ساکن، ت مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پکڑنا، درخت کو جڑ سے اکھاڑنا۔

اَحْيَان: (امفتوح، ح ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اوقات حین کی جمع ہے۔

اِخْتِتَان: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ختنہ کرنا۔

اِخْتِزَان: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مال خزانے میں رکھنا۔

اَخْدَان: (امفتوح، خ ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دوست، معشوق۔

اَخْبَثَان: (امفتوح، خ ساکن، ب مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پیشاب و پاخانہ۔

اَخْتَان: (امفتوح، خ ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) داماد،

اِخْتِيَان: (اکسور، خ ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سچائی سے پیش نہ آنا، امانت میں خیانت کرنا۔

اِدْهَان: (اکسور، د ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چھپانا خیانت کرنا، نفاق کرنا، جھوٹ بولنا، ذلیل ہونا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُدْهِنُوْن تو کیا اس بات میں سستی کرتے ہو (پ ۲۷ رکوع ۱۰)

اَدْهَان: (امفتوح، د ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) روغن، تیل دہن کی جمع ہے۔

اِدِّهَان: (اکسور، د مشدد مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چکنا (روغن) ہونا، تیل ملنا۔

اِدْمَان: (اکسور، د ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مسلسل شراب پینا۔

اَدْيَان: (امفتوح، د ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مذاہب، دین کی جمع ہے، قتادہ کا قول ہے کہ مذاہب چھ ہیں ایک دین رحمٰن ہے اور باقی پانچ دین شیطان ہیں، دین رحمٰن دین اسلام ہے، شیطانی ادیان پانچ ہیں (1) صائبین کا مذہب جو فرشتوں کی پوجا کرتے ہیں، زبور پڑھتے ہیں اور قبلہ کی طرف رخ کرتے ہیں (2) مجوسیوں کا دین جو سورج، ہوا اور آگ کی پوجا کرتے ہیں (3) مشرکوں کا دھرم جو بتوں کی پوجا کرتے ہیں (4) یہودی مذہب جو موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے لوگ ہیں (بنی اسرائیل) (5) عیسائی مذہب جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ماننے والے ہیں۔

اُذْن: (اضموم، ذ ساکن، ن موقوف) کان، ہر چیز کا دستہ، ایک پہاڑ کا نام ہے۔

اِذْن: (اکسور، ذ ساکن، ن موقوف) اجازت دینا، کان لگا کر سننا۔

اُذُنْ: (اضموم، ذ مضموم، ن موقوف) کان، بات سننے والا مرد۔

اِذَنْ: (اکسور، ذ مفتوح، ن موقوف) ایک حرف ہے جو تب کے معنی میں آتا ہے، حرف جواب و جزا ہے۔

اَذَان: (امفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) نماز کی بانگ (پکار)، اعلانِ نماز، آگاہ کرنا، خبر پہنچانا، کسی بات پر کان لگانا، ارشاد ربانی ہے وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اس شخص کے لیے خدا کے حکم پر عمل کرنا واجب ہے جو خدا کے حکم کو سنتا ہے۔

اَذِيْن: (امفتوح، ذ مکسور، ی ساکن، ن موقوف) نماز کا اعلان، ضمانت دار، وہ جگہ جہاں ہر طرف سے اذان کی آواز سنائی دے، موذن۔

آذَنْ: (اممدودہ، ذ مفتوح، ن موقوف) لمبے کان والا۔

آذِنْ: (اممدودہ، ذ مکسور، ن موقوف) دربان، چوکیدار۔

آذَرْيُوْن: (اممدودہ، ذ مفتوح، ر ساکن، ی مضموم، و ساکن، ن موقوف)

آذرگون کا معرب ہے وہ زرد رنگ کا پھول ہے جس کے درمیان کالا تل (نشان) ہوتا ہے، زمانۂ قدیم میں اہلِ فارس اس کی تعظیم کرتے تھے۔

اِذْعَان: (اَلمکسور، ذ ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گردن رکھنا، تسلیم کرنا، انکساری کرنا، سخت ہونا، کانٹا ہونا، کسی کی اطاعت میں جلدی کرنا۔

اَذْقَان: (امفتوح، ذ ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ٹھڈی۔

اَذْہَان: (امفتوح، ذ ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ذِہن کی جمع ہے، تیزی خاطر، یادداشت۔

اِرْسَان: (اَلمکسور، ر ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) رسّی سے مضبوط باندھنا، رسّی سے باندھنا۔

اَرْسَان (امفتوح، ر ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) رسیاں، رَسَن کی جمع ہے (م)۔

اِرْصَان: (اَلمکسور، ر ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مضبوط کرنا۔

اِرْتِہَان: (اَلمکسور، ر ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گِروی رکھنا، رہن رکھنا۔

اَرْزَن: (امفتوح، ر ساکن، ز مفتوح، ن موقوف) ایک درخت ہے جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں، دشت ارزن ایک مقام کا نام ہے جو شیراز سے تین فرسنگ کی دوری پر ہے۔

اَرْغَنْ: (امفتوح، ر ساکن، غ مفتوح، ن موقوف) بے وقوف، ست، رُغنا اس کا مونث ہے۔

اَرْکَان: (امفتوح، ر ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ہر چیز کا وہ کنارہ جو دوسرے کنارے سے مضبوط ہو۔

اِرْدَان: (اَلمکسور، ر ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کپڑے میں آستین لگانا۔

اَرْدَان: (امفتوح، ر ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) آستینیں، رُدن کی جمع ہے۔

اِزْمَان: (اَلمکسور، ز ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پرانا ہونا، کسی جگہ پر مدت تک قیام کرنا۔

اَزْمَان: (امفتوح، ز ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) وقت، ایک عورت کا نام ہے جو عرب کے اندر حسن و جمال میں مشہور تھی۔

اَزْہَرَان: (امفتوح، ز ساکن، ہ مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سورج اور چاند۔

اُسُوْن: (امضموم، س مضموم، و ساکن، ن موقوف) مہک اور مزہ کا بدلنا، دیر کرنا، کسی پر بہانہ ڈھونڈھنا، لڑکے کا باپ کی عادت و سیرت اختیار کرنا۔

آسِنْ: (اممدودہ، س مکسور، ن موقوف) وہ پانی جس کی مہک اور مزہ بدل گیا ہو۔

اُسُنْ: (امضموم، س مضموم، ن موقوف) عادت، خُلق۔

اَسَنّ: (امفتوح، س مفتوح، ن مشدد موقوف) عمر دراز۔

اِسْنَان: (اَلمکسور، س ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) عمر دراز ہونا۔

اَسْنَان: (امفتوح، س ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دانت،

اُسْنَان: (امضموم، س ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ہرات میں ایک دیہات ہے۔

اِسْمَان: (اَلمکسور، س ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) فربہ جانوروں کا مالک ہونا، موٹا کرنا۔

اَسْمَنْ: (امفتوح، س ساکن، م مفتوح، ن موقوف) زیادہ موٹا۔

اِسْکَان: (اَلمکسور، س ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) آرام دینا، حرف کو بے حرکت بنانا، ساکن کرنا۔

اِسْتِسْمَان: (اَلمکسور، س ساکن، ت مکسور، س ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مٹاپے کی خواہش کرنا، تیل طلب کرنا۔

اِسْتِحْسَان: (اَلمکسور، س ساکن، ت مکسور، ح ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اچھا سمجھنا۔

اِسْتِرْہان(امکسور، س ساکن، ت مکسور، رساکن، ہ مفتوح، اساکن،
ن موقوف) گروی چاہنا۔

اِسْتِعْلَان(امکسور، س ساکن، ت مکسور، ع ساکن، ل مفتوح، اساکن،
ن موقوف) ظاہر کرنا۔

اِسْتِیْمَان:(امکسور، س ساکن، ت مکسور، ی ساکن، م مفتوح، اساکن،
ن موقوف) پناہ چاہنا۔

اَسَاطِیْن: (امفتوح، س مفتوح، اساکن، ط مکسور، ی ساکن ،
ن موقوف) کھمبے، اُسْطوانَہ کی جمع ہے۔

اِسْفَرَائِن:(امکسور، س ساکن، ف مفتوح، رمفتوح، اساکن، ہ مکسور،
ن موقوف) خراسان میں ایک شہر کا نام ہے۔

اَسَارُوْن(امفتوح، س مفتوح، اساکن، رمضموم، وساکن، ن موقوف)
ایک دوا ہے، (یہ لفظ سریانی زبان سے ماخوذ ہے) ایک گھاس
ہے جو اکثر جنگلوں میں اگتی ہے اور زمین میں پھیل جاتی ہے جو
برگ نیل کے مانند ہوتی ہے، پھول گل بنفشہ کی طرح اور تخم
اس کا جیرہ کے بیج کی طرح ہوتا ہے جس کی جڑ ہلدی کی طرح
پیلی ہوتی ہے، اس کی خوشبو تیز اور معطر ہے جسے طب قدیم میں
مسہل اور مقیی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے (حمید جلد اول)

اَسْوَدَان:(امفتوح، س ساکن، ومفتوح، دمفتوح، اساکن، ن موقوف)
کھجور اور پانی، سانپ اور بچھو۔

اَسْمَرَان: (امفتوح، س ساکن، م مفتوح، ر مفتوح، اساکن،
ن موقوف) گیہوں اور پانی۔

اِشْنَان: (امضموم مکسور، ش ساکن، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف)
ایک گھاس ہے جب اسے جلاتے ہیں کچھ دنوں زمین پر چھوڑ
دیتے ہیں کھار ہو جاتی ہے جس سے صابون بناتے ہیں اور اس
سے پانی صاف کرتے ہیں، ایک قسم کی گھاس جس سے ہاتھ اور
کپڑے دھوتے ہیں۔

اِصْنَان:(امکسور، ص ساکن ،ن مفتوح، اساکن، ن موقوف)
غرور کرنا، گندہ بغل ہونا، غصہ سے بھر جانا۔

اَضْغَان: (امفتوح، ض ساکن، غ مفتوح، اساکن، ن موقوف) کینے۔

اِطِّبَان:(امکسور، ط مکسور، ی ساکن، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف)
کھانا، جماع کرنا۔

اِطْمِیْنَان: (امکسور، ط ساکن، م مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، اساکن،
ن موقوف) آرام پانا۔

اِعْلَان: (امکسور، ع ساکن، ل مفتوح، اساکن، ن موقوف) ظاہر کرنا۔

اَعْلَان:(امفتوح، ع ساکن، ل مفتوح، اساکن، ن موقوف)
ظاہر چیزیں۔

اَعْیَنُ: (امفتوح، ع ساکن، ی مفتوح، ن موقوف) بڑی آنکھ والا،
ایک مرد کا نام ہے۔

اَعْیُنُ: (امفتوح، ع ساکن، ی مضموم، ن موقوف) آنکھیں۔

اَعْیَان:(امفتوح، ع ساکن، ی مفتوح، اساکن، ن موقوف) بزرگ
لوگ، آنکھیں، خارج میں موجود چیزیں۔

اَعْوَان: (امفتوح، ع ساکن، ومفتوح، اساکن، ن موقوف)
دوست، مدد کرنے والے۔

اَعْطَان: (امفتوح، ع ساکن، ط مفتوح، اساکن، ن موقوف) پانی
کے کنارے اونٹوں کے سونے کی جگہیں، عَطَن کی جمع ہے۔

اَغَنّ: (امفتوح، غ مفتوح، ن مشدد موقوف) وہ شخص جو ناک میں
بولتا ہے۔

اَغْصَان: (امفتوح، غ ساکن، ص مفتوح، اساکن، ن موقوف)
درخت کی ٹہنیاں۔

اِفْنَان: (امکسور، ف ساکن، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) رنگ
برنگ کی رائے لانا، جدا جدا کام کرنا۔

اَفْنَان: (امفتوح، ف ساکن، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف)
درخت کی ٹہنیاں، فَنَن کی جمع ہے۔

اَفْن: (امفتوح، ف ساکن، ن موقوف) اونٹنی کو بے وقت دوہنا،
اونٹ کے بچے کا اونٹنی کے تھن کا تمام دودھ پی جانا، کھانا خراب
کرنا، اللہ تعالیٰ کا کسی کو بے عقل بنا دینا۔

اَفَنْ: (امفتوح،ف مفتوح،ن موقوف)اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا،پرانا ہونا،چار مغز(یعنی خربوزہ،کدو،کھیرا اور تربوز کے بیجوں کا مغز)

اَفِیْن: (امفتوح،ف مکسور،ی ساکن،ن موقوف) کم عقل،اسی معنی میں مَاْفُوْن بھی ہے،شتر بچہ۔

اَفْیُوْن: (امفتوح،ف ساکن،ی مضموم،وساکن،ن موقوف) اَفیم،خشخاش کا سیاہ شیرہ۔

اَفَانِیْن: (امفتوح،،ف مفتوح،اساکن،ن مکسور،ی ساکن،ن موقوف)درخت کی شاخیں،طرح طرح کی باتیں۔

اُقْحُوَان: (امضموم،ق ساکن،ح مفتوح،ومفتوح،اساکن،ن موقوف) بابونہ ایک پھول کا نام ہے۔

اَقْرَان: (امفتوح،ق ساکن،رمفتوح،اساکن،ن موقوف) ہمسر،ہم عمر لوگ۔

اِقْرَان: (امکسور،ق ساکن،رمفتوح،اساکن،ن موقوف) نیزہ اٹھانا،پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا،رگ میں خون کا زیادہ ہونا،طاقت وقوت دینا۔

اَقْرَنْ: (امفتوح،ق ساکن،رمفتوح،ن موقوف) ملی ہوئی بھووں والا۔

اِکْنَان: (امکسور،ک ساکن،ن مفتوح،اساکن،ن موقوف) دل میں رکھنا۔

اَکْنَان: (امفتوح،ک ساکن،ن مفتوح،اساکن،ن موقوف) نہاں خانہ،وہ کپڑے جو جسم کو چھپاتے اور گرمی اور سردی سے بچاتے ہیں۔

اَلْوَان: (امفتوح،ل ساکن،ومفتوح،اساکن،ن موقوف) رنگ،لَوْن کی جمع ہے۔

اِلْحَان: (امکسور،ل ساکن،ح مفتوح،اساکن،ن موقوف) قرآن کو اچھی آواز سے پڑھنا،خوش آوازی(ترنم)کے ساتھ گانا۔

اَلْحَان: (امفتوح،ل ساکن،ح مفتوح،اساکن،ن موقوف) آوازیں۔

اِلْیَاسِیْن: (امکسور،ل ساکن،ی مفتوح،اساکن،س مکسور،ی ساکن،ن موقوف) حضرت الیاس پیغمبر علیہ السلام اور آپ کی پیروی کرنے والے،بعض لوگوں نے کہا ہے کہ الیاسین ایک لغت ہے الیاس کے معنی میں جس طرح میکائیل،میکال کے معنی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْن اور بعض قاریوں نے اسی آیت میں آل یاسین،الف ممدودہ کے ساتھ پڑھا ہے یعنی وہ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یاسین الیاس علیہ السلام کے اجداد میں تھے اور یہ معنی سابقہ دو معنوں سے زیادہ مناسب ہے۔

اَلْآن: (امفتوح،ل ساکن،اممدودہ،ن موقوف)اب،عنقریب۔

اَلْکَنْ: (امفتوح،ل ساکن،ک مفتوح،ن موقوف) ہکلانے والا،وہ شخص جس کی زبان گفتگو کے وقت ہکلاتی ہو اور وہ صاف بات نہ کرسکتا ہو۔

اَمْن: (امفتوح،م ساکن،ن موقوف) بے خوف ہونا۔

اَمَان: (امفتوح،م مفتوح،اساکن،ن موقوف) بے خوف ہونا،نہایت مبارک،پناہ۔

آمِنْ: (اممدودہ،م مکسور،ن موقوف) بے خوف ہونے والا۔

اَمِیْن: (امفتوح،م مکسور،ی ساکن،ن موقوف) امانت دار،مضبوط،وہ شخص جس پر بھروسا کریں اور اس کے شر سے بے خوف رہیں،بے خوف،اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے،پیغمبر اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لقب ہے بعثت سے پہلے آپ اسی لقب سے مشہور ہوئے،بلد امین مکہ مکرمہ ہے۔

اَمُوْن: (امفتوح،م مضموم،وساکن،ن موقوف) سیدھا چلنے والا اونٹ بے خطر سواری(م)۔

آمِیْن: (اممدودہ،م مکسور،ی ساکن،ن موقوف) وہ کلمہ ہے جسے دعا قبول ہونے کے لے کہتے ہیں یعنی دعا قبول کر۔

آمِّیْن: (اممدودہ،م مشدد مکسور،ی ساکن،ن موقوف) ارادہ کرنے والے

اِمْتِحَان: (امکسور،م ساکن،ت مکسور،ح مفتوح،اساکن،ن موقوف)

آزمانا، سوچ سمجھ کر بات کہنا، اللہ تعالیٰ کا کسی کے دل کو ایمان سے روشن اور کشادہ کرنا۔

اِمْکَان: (اکسور، م ساکن، ک مفتوح، اساکن، ن موقوف) میسر آنا، گوہ اور ٹڈی کا انڈا دینا، گوہ اور ٹڈی کا انڈا سینا۔

اِمْعَان: (اکسور، م ساکن، ع مفتوح، اساکن، ن موقوف) گھوڑے کا دوڑنے میں دور نکل جانا، زمین اور گھاس کا سیراب ہونا، پانی کا حد کمال کو پہنچنا، حق کا انکار کرنا، مال کی زیادتی میں کسی کے حق کا اقرار کرنا، مال کا کم ہونا، مال کا زیادہ ہونا، گوہ کا اپنے بل کے اندر چھپنا۔

اِمْتِنَان: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) نعمت دینا، احسان جتانا۔

اِمْتِہَان: (اکسور، م ساکن، ت مکسور، ہ مفتوح، اساکن، ن موقوف) کچھ عطا کرنا، ذلیل ورسوا سمجھنا، ذلیل وکمزور ہونا۔

اَنِیْن ـ اُنَان: (امفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف)(اضموم، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) آہ وفغاں، نالہ کرنا۔

اَنَّان: (امفتوح، ن مشدد مفتوح، اساکن، ن موقوف) زیادہ آہ وفغاں کرنے والا آدمی۔

اَنّ: (امفتوح، ن مشدد موقوف) ہونا، نالہ کرنا۔

اِنّ: (اکسور، ن مشدد موقوف) وہ لفظ ہے جسے کلام کی تحقیق کے لیے لاتے ہیں، کبھی نَعَم یعنی ہاں کے معنی میں لاتے ہیں۔

آن: (امدودہ، ن موقوف) تھوڑا وقت۔

آنٍ: (امدودہ، ن منون) پانے والا، بہت گرم، نہایت گرم۔

اَنْحَنْ: (امفتوح، ن ساکن، ح مفتوح، ن موقوف) گبرا۔

اَوْن: (امفتوح، وساکن، ن موقوف) ہلکی چال۔

اَہْوَنْ: (امفتوح، ہ ساکن و مفتوح، ن موقوف) بہت آسان۔

اِہَان: (اکسور، ہ مفتوح، اساکن، ن موقوف) کٹے ہوئے درخت کا تنا، درخت کی شاخیں۔

اَیْن: (امفتوح، ی ساکن، ن موقوف) آنے کا وقت، تھکنا، حیران ہونا، وقت۔

اَیْنَ: (اکسور، ی ساکن، ن مفتوح) وہ لفظ جس کے ذریعہ جگہ اور مکان کا سوال کیا جائے۔

اِیْوَان: (اکسور، ی ساکن، و مفتوح، اساکن، ن موقوف) محل، اَوَاوِین جمع ہے، فارسی میں الف کے فتحہ کے ساتھ (اَیْوَان) استعمال کرتے ہیں، درحقیقت یہ لفظ فارسی ہے جسے معرب کیا گیا ہے۔

اِیْقَان: (اکسور، ی ساکن، ق مفتوح، اساکن، ن موقوف) بے گمان ہونا، یقین کرنا۔

اِیْہَان: (اکسور، ی ساکن، ہ مفتوح، اساکن، ن موقوف) سست کرنا۔

اِیْذَان: اکسور، ی ساکن، ذ مفتوح، اساکن، ن موقوف) آگاہ کرنا۔

اِیْمَان: (اکسور، ی ساکن، م مفتوح، اساکن، ن موقوف) پناہ دینا، پناہ لینا، امان دینا۔

اَیْمَان: (امفتوح، ی ساکن، م مفتوح، اساکن، ن موقوف) قسمیں، طاقتیں۔

اَیْمَنْ: (امفتوح، ی ساکن، م مفتوح، ن موقوف) داہنا ہاتھ، داہنی سمت، قسم، ایک مقام ہے جہاں وادیٔ ایمن ہے۔

اُمِّ اَیْمَنْ: (اضموم، م مشدد مکسور، امفتوح، ی ساکن، م مفتوح، ن موقوف) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دایہ کا نام ہے۔

اِیْمِنْ: (اکسور، ی ساکن، م مکسور، ن موقوف) بے خوف، آمِن کا اِمالہ ہے، یہ فارسی والوں کا استعمال ہے، عربوں کا استعمال نہیں۔

اَوَان: (امفتوح، و مفتوح، اساکن، ن موقوف) وقت۔

اِوَان: (اکسور، و مفتوح، اساکن، ن موقوف) بڑا چبوترا۔

اَوْثَان: (امفتوح، وساکن، ث مفتوح، اساکن، ن موقوف) مورتیاں، ...

اِیْتِمَان: (اکسور، ی ساکن، ت مکسور، م مفتوح، اساکن، ن موقوف) کسی کو امانت دار سمجھنا۔

اَیَّان: (اکسور مفتوح، ی مشدد مفتوح، اساکن، ن موقوف) یہ لفظ کسی چیز ...

﴿ باب الباء ﴾

﴿فصل الباء مع الالف﴾

بَاقِلّاء: (ب مفتوح، اساکن، ق مکسور، ل مشدد مفتوح، اساکن، ء موقوف) لوبیا ایک ترکاری۔

بَاخَمَرا: (ب مفتوح، اساکن، خ مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، اموقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

بَاحُورَا: (ب مفتوح، اساکن، ح مضموم، وساکن، ر مفتوح، اموقوف) ماہ جولائی کی سخت گرمی اور وہ بیس دن ہوتے ہیں۔

بُحَیْرَا: (ب مضموم، ح مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، اموقوف) ایک راہب کا نام ہے جس نے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کے لیے ملک شام کے راستے پر عبادت خانہ بنایا تھا جب ابو طالب حضور کو اپنے ساتھ ملک شام لے گئے تو وہ آپ کی زیارت سے بہرہ یاب ہوا۔

بَأسَاء ـ بُؤسَاء: (ب مفتوح، أساکن، س مفتوح، اساکن، ء موقوف) (ب مضموم، ؤساکن، س مفتوح، اساکن، ء موقوف) سختی۔

بَبَغَاء: (ب مفتوح، ب ساکن، غ مفتوح، اساکن، ء موقوف) طوطا، ببّغا بھی آیا ہے۔

بَتْرَاء: (ب مفتوح، ت ساکن، ر مفتوح، اساکن، ء موقوف) بونچھ کٹا، جس کی اولاد نہ ہو، لاولد، لاخیرا، وہ خطبہ اور رسالہ جس کی ابتدا میں خدا کی حمد اور نعت رسول نہ ہو۔

بَدْأ: (ب مفتوح، د ساکن، أموقوف) شروع کرنا۔

بَدَا: (ب مفتوح، د مفتوح، اموقوف) ظاہر ہونا، کسی کے دل میں پہلی رائے کے خلاف دوسری رائے کا ہونا۔

بُدَلَاء: (ب مضموم، د مفتوح، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) بندگان خدا کا ایک گروہ اور یہ سات افراد ہیں ابدال کے علاوہ کیوں کہ ابدال ستر نفر ہیں اور ان میں سے جب کوئی مرتا ہے دوسرا اس کی جگہ لیتا ہے۔

بَذْأ: (ب مفتوح، ذ ساکن، ء موقوف) فحش بولنا، بیہودہ گوئی۔

بُرْأ: (ب مضموم، ر ساکن، ء موقوف) بیماری سے شفا پانا۔

بَرْأ: (ب مفتوح، ر ساکن، ء موقوف) بیماری سے شفا پانا، کسی چیز سے چھٹکارا پانا، پیدا کرنا۔

بَرَاء: (ب مفتوح، ر مفتوح، اساکن، ء موقوف) بیزار ہونے والا، چند صحابہ کا نام ہے۔

بُرَاء: (ب مکسور، مضموم، ر مفتوح، اساکن، ء موقوف) بیزار ہونے والے، بریٔ کی جمع ہے، ہر مہینے کا اول و آخر۔

بَرَایَا: (ب مفتوح، ر مفتوح، اساکن، ی مفتوح، اموقوف) مخلوقات۔

بُرْحَاء: (ب مضموم، ر ساکن، ح مفتوح، اساکن، ء موقوف) سختی و رنج۔

بُشْرَیٰ: (ب مضموم، ش ساکن، ر مفتوح، االف مقصورہ موقوف) خوشخبری۔

بُصْرَیٰ: (ب مضموم، ص ساکن، ر مفتوح، االف مقصورہ موقوف) شام میں ایک جگہ ہے۔

بُطُؤ: (ب مضموم، ط مضموم، ؤ موقوف) دیر کرنا، آہستگی، سستی، یہ لفظ سرعت کی نقیض ہے۔

بَطْحَاء: (ب مفتوح، ط ساکن، ح مفتوح، اساکن، ء موقوف) سیلاب کا پانی ایسی کشادہ جگہ میں بہتا جہاں سنگریزے ہوں، وادی مکہ۔

بِغَاء: (ب مکسور، غ مفتوح، اساکن، ء موقوف) زنا کرنا۔

بُغَاء: (ب مضموم، غ مفتوح، اساکن، ء موقوف) چاہنا۔

بَقَاء: (ب مفتوح، ق مفتوح، اساکن، ء موقوف) باقی رہنا، فانی نہ ہونا۔

بُکَاء: (ب مضموم، ک مفتوح، اساکن، ء موقوف) آواز کے ساتھ رونا۔

بُکَا: (ب مضموم، ک مفتوح، اموقوف) آنسو بہانا۔

بِلَاء: (ب مکسور، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) پرانا ہونا۔

بَلَاء: (ب مفتوح، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) آزمانا، ظاہر کرنا، نعمت دینا، زحمت پہنچانا۔

بِلیٰ: (ب مکسور، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) چھپنا۔

بَلیٰ: (ب مفتوح، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) کلمۂ ایجاب، ہاں۔

بَلْوَیٰ: (ب مفتوح، ل ساکن، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) آزمائش، محنت۔

بِناء: (ب مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گھر، عمارت بنانا، عورت کو گھر میں لانا، کلمہ کا مبنی ہونا۔

بَنّاء: (ب مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) معمار، کاریگر۔

بَوَاء: (ب مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لوٹنا، اقرار کرنا، برابر ہونا، برابر، یکساں، جگہ دینا۔

بُوریاء۔بَارِیَاء: (ب مضموم، و ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف)(ب مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وہ چیز جو بچھانے کے لیے گھاس سے بنی جائے، صاحب قاموس کہتے ہیں بوریا کے معنی چٹائی کے ہیں اور یہ بھی کہا حصیر (چٹائی) وہ ہے جو ہر چیز سے بنی جائے۔

بَیْضَاء: (ب مفتوح، ی ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سورج، گوری عورت، فارس میں ایک شہر کا نام ہے، مصر کے چار گاؤں، بصرہ میں ایک گھر کا نام ہے جو عبداللہ بن زیاد کا قید خانہ تھا، تھیلا، دیگ، گیہوں، تختی۔

بَہَاء: (ب مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خوبی، زیبائی۔

بَیْدَاء: (ب مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وہ صحرا جہاں درخت اور گھاس پھوس نہ ہو، مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام کا نام ہے۔

﴿فصل الباء مع الباء﴾

بَاب: (ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) دروازہ، حلب میں ایک شہر کا نام ہے، خیبر میں ایک پہاڑ کا نام ہے، کسی چیز کی انتہا، کسی چیز کی ابتدا، باب الابواب، ملک خزر کی سرحد ہے۔

بَوَّاب: (ب مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) دربان، چوکیدار۔

﴿فصل الباء مع التاء﴾

بَارِحَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ح مفتوح، ۃ موقوف) گذشتہ رات۔

بَاصِرَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) قوت بینائی۔

بَازِغَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، غ مفتوح، ۃ موقوف) طلوع ہونے والا، نسل عاد کی ایک عورت کا نام ہے جو یوسف علیہ السلام کی ہدایت سے معرفت الٰہی کے درجہ تک پہنچی۔

بَاسِقَات: (ب مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) بڑھنے والے، بلند ہونے والے۔

بَالُوعَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، ل مضموم، و ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) تنگ کنواں جس میں بارش کا پانی، گھر کا پانی اور گندا پانی جمع ہوتا ہے۔

بَاکُوَیَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، ک مضموم، و ساکن، ی مفتوح، ت موقوف) عجم میں ایک شہر کا نام ہے، باکو شیروان کے نزدیک ایک شہر کا نام ہے، خاقانی کہتا ہے ؎

باکو بیقاش باج خواہد
خزران در سے وزرہ گرانرا

بَاقِحَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ح مفتوح، ۃ موقوف) سختی۔

بَارِقَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) تلواریں، صاحب صراح کہتے ہیں کہ بارقہ کے معنی تلوار ہے۔

بَادِیَۃ: (ب مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی مفتوح، ہ موقوف) صحرا، جنگل۔

بَتّ: (ب مفتوح، ت مشدد موقوف) کاٹنا۔

بَتَّۃ۔اَلْبَتَّۃ: (ب مفتوح، ت مشدد مفتوح، ۃ موقوف) (ا مفتوح، ل ساکن، ب مفتوح، ت مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار کاٹنا (الف اور لام زائد ہے)

بَتَات: (ب مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) کٹا ہوا، توشہ، گھریلو سامان، ریشمی چادر، اون، بت کے معنی میں بھی آیا ہے۔

بُثْرَۃ: (ب مضموم، ث ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پھنسیاں، آبلہ،

چھوٹے چھوٹے دانے جو جسم پر نکلتے ہیں۔

بَجِيلَةٌ: (ب مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) یمن کا ایک قبیلہ، عبداللہ بن جریر بَجَلیا سی قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے۔

بُحْبُوحَةٌ: (ب مضموم، ح ساکن، ب مضموم، و ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) وسط، درمیان۔

بَحْت: (ب مفتوح، ح ساکن، ت موقوف) خالص، صرف، خالص کرنا۔

بُخْت: (ب مضموم، خ ساکن، ت موقوف) طاقتور اور بڑے اونٹ جو خراسان میں ہوتے ہیں۔

بَخْت: (ب مفتوح، خ ساکن، ت موقوف) حصہ، قسمت۔

بِدَايَةٌ: (ب مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) شروع کرنا، شروع۔

بِدْعَةٌ: (ب مکسور، د ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) دین میں نئی بات پیدا کرنا، نئی چیز جو دین میں پیدا ہوتی ہے۔

بَدَاهَةٌ: (ب مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) بے سوچے سمجھے بات کہنا۔

بَدِيهَةٌ: (ب مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) بے تامل بات، بے سوچے سمجھے بولنا۔

بُدْنَةٌ: (ب مضموم، د ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) قربانی کا اونٹ۔

بَدْرَةٌ: (ب مفتوح، د ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) دودھ اور روغن رکھنے کے لیے بکرے کے بچے کی کھال سے بنائی ہوئی مشک، ہزار درہم کی تھیلی، دس ہزار درہم کی تھیلی، سات ہزار دینار کی تھیلی۔

بَذْرَقَہْ: (ب مفتوح، ذ ساکن، ر مفتوح، ق مفتوح، ہ موقوف) راہبر، مُبَذْرِق، راہبر، فارسی میں بدرقہ راہبر کے معنی میں مستعمل ہے، صاحب مغرب کہتے ہیں بدرقہ وہ لوگ جو قافلے کی رہنمائی اور نگہبانی کرتے ہیں، یہ لفظ عربی الاصل نہیں بلکہ عجمی ہے جسے عرب اپنے کلام میں استعمال کرتے ہیں۔

بَرَاعَةٌ: (ب مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) پورا ہونا، ہنر میں اپنے ہمسروں سے بڑھ کر ہونا۔

بُرْكَةٌ: (ب مضموم، ر ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) بڑے آبی سفید پرندے جسے ترکی میں تو کہتے ہیں۔

بِرْكَةٌ: (ب مکسور، ر ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) سینہ، بیرون سینہ۔

بَرْك: (ب مفتوح، ر ساکن، ک موقوف) اندرون سینہ۔

بَرَك: (ب مفتوح، ر مفتوح، ک موقوف) زیادہ ہونا، بڑھنا۔

بَرَاءَةٌ: (ب مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) فریب اور عیب وغیرہ سے بیزار ہونا۔

بُرَاءَةٌ: (ب مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی کا تراشہ جو اسے کاٹنے کے وقت الگ ہوتا ہے۔

بُرُودَةٌ: (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) سردی۔

بُرَادَةٌ: (ب مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) لوہے وغیرہ کا برادہ جو ان چیزوں کو ریتنے سے نکلتا ہے۔

بُرْدَةٌ: (ب مضموم، ر ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) دھاری دار کپڑا، ناگواری، چادر، بَرْدَہ بھی اسی معنی میں ہے۔

بُرْمَةٌ: (ب مضموم، ر ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) پتھر کی ہانڈی۔

بُرْهَةٌ: (ب مفتوح / مضموم، ر ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) زمانہ دراز، زمانے کا ایک حصہ۔

بُرْقَةٌ: (ب مضموم، ر ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) دہشت، ذو البرقه حضرت علی کا لقب ہے حنین کے دن حضرت عباس نے ان کو اسی لفظ سے پکارا تھا، قم کا ایک دیہات ہے۔

بَرِيَّةٌ: (ب مفتوح، ر مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) مخلوق۔

بَرَرَةٌ: (ب مفتوح، ر مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) نیک لوگ۔

بَزْدَةٌ: (ب مفتوح، ز ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) نسف کے اعمال میں ایک گاؤں کا نام ہے، اس کی نسبت بزدی یا بزدوی ہے، صاحب اصول فقہ حنفی فخر الاسلام بزدوی وہیں کے رہنے والے تھے۔

بَسْطَةٌ: (ب مفتوح، س ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) کشادہ ہونا۔

بَسْمَلَةٌ: (ب مفتوح، س ساکن، م مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا۔

بَسَالَةٌ: (ب مفتوح، س مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بہادری دکھانا۔

بَسَّاسَةٌ: (ب مفتوح، س مشدد مفتوح، اساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) بکری اور بندر نچانے والا، بُز باز کا معرب ہے۔

بُشَارَت: (ب مکسور مضموم، ش مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ت موقوف) خوش خبری سنانا، خوشخبری۔

بَشَاشَةٌ: (ب مفتوح، ش مفتوح، اساکن، ش مفتوح، ۃ موقوف) کشادہ روئی، خوش طبع ہونا۔

بَشَاعَةٌ: (ب مفتوح، ش مفتوح، اساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) کھانے کا گلے میں پھنسنا، بے مزہ اور ناگوار ہونا۔

بَشَرَةٌ: (ب مفتوح، ش مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) انسان اور حیوانات کی ظاہری کھال، وہ گھاس جو زمین سے باہر نکلی ہو۔

بَصْرَةٌ: (ب مفتوح، ص ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سفید نرم پتھر، ایک شہر کا نام ہے۔

بَصَارَةٌ: (ب مفتوح، ص مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بینائی۔

بَصِيْرَةٌ: (ب مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بینائی، یقین، ہوشیاری، دانائی، دلیل، عبرت، گواہ، جوان اونٹ کا خون، شکار پر تیر لگنے کے بعد زخم سے جو تھوڑا سا خون نکلتا ہے، بَصَائِر جمع ہے، اس تقدیر پر تا مبالغہ کے لیے ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ بلکہ آدمی خود ہی اپنے حال پر پوری نگاہ رکھتا ہے (پ 29 سورۃ القیمۃ)

بِضَاعَةٌ: (ب مکسور، ض مفتوح، اساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) وہ سرمایہ جس سے تجارت کریں، بیر بُضاعہ مدینہ مشرفہ میں ایک کنواں ہے۔

بَضْعَةٌ: (ب مفتوح، ض ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) گوشت کا ٹکڑا۔

بِطْنَةٌ: (ب مکسور، ط ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) بھرنا، پیٹ کا بھر جانا، مثل ہے اَلْبِطْنَةُ تُذْهِبُ الْفِطْنَةَ بسیار خوری (شکم پری) عقل کو لے جاتی ہے۔

بَطَالَةٌ: (ب مفتوح، ط مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) معطل اور بیکار ہونا، (کسرے کے ساتھ) بہادر ہونا۔

بِطَانَةٌ: (ب مکسور، ط مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) راز دار دوست، ہر چیز کا استر۔

بِطَاقَةٌ: (ب مکسور، ط مفتوح، اساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) آنکھ کا حلقہ، کاغذ کا ٹکڑا جس پر کپڑے کی قیمت لکھ کر کپڑے میں منسلک کرتے ہیں۔

بَعْرَةٌ: (ب مفتوح، ع ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) اونٹ کی مینگنی۔

بَعْلَةٌ: (ب مفتوح، ع ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) عورت۔

بُعُوْلَةٌ: (ب مضموم، ع مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) شوہر، بَعْل کی جمع ہے۔

بَعْثَرَةٌ: (ب مفتوح، ع ساکن، ث مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) اٹھانا، ابھارنا۔

بَعُوْضَةٌ: (ب مفتوح، ع مضموم، و ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) مچھر، پشہ (چھوٹا مچھر)

بَغْتَةٌ: (ب مفتوح، غ ساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) اچانک، یکا یک۔

بُغْيَةٌ: (ب مکسور مضموم، غ ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) حاجت، مراد،

بُقْعَةٌ: (ب مضموم، ق ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) وہ زمین جو دوسری زمین سے ممیز اور محدود ہو۔

بَقِيَّةٌ: (ب مفتوح، ق مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بچا ہوا، اللہ نے فرمایا بَقِيَّةُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ یعنی حق تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے لیے باقی رکھیں اور اسے حرام نہیں کیا تمہارے لیے بہتر ہیں۔

بَاقِيَةٌ: (ب مفتوح، اساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) بچا ہوا حصہ، بچی ہوئی چیز۔

بَاقِيَات: (ب مفتوح، اساکن، ق مکسور، ی مفتوح، اساکن، ت موقوف) بچی ہوئی چیزیں، باقیات صالحات، نماز پنجگانہ اور

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ہیں اور مطلق عمل صالح۔

بَقَرَۃٌ: (ب مفتوح، ق مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) گائے، بیل، یہاں تا تائے وحدت ہے نہ کہ تائے تانیث۔

بَاکُوْرَۃٌ: (ب مفتوح، ا ساکن، ک مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پہلا پھل، ہر چیز کا پہلا۔

بُکْرَۃٌ: (ب مضموم، ک ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) صبح۔

بَکْرَۃٌ: (ب مفتوح، ک ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) وہ گول لکڑی جو پہیے اور رہٹ کے بیچ میں ہوتی ہے، جوان اونٹنی۔

بَکَارِقَۃٌ: (ب مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) کنوارا پن۔

بِکَارِقَۃٌ: (ب مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) جوان اونٹ۔

بَکَّۃٌ: (ب مفتوح، ک مشدد مفتوح، ۃ موقوف) مکہ معظمہ۔

بَلَّۃٌ: (ب مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تر ہونا۔

بِلَّۃٌ: (ب مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تری، نمناکی۔

بَلْکَفَۃٌ: (ب مفتوح، ل ساکن، ک مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) بے کیفیت ہونا۔

بَلَادَۃٌ: (ب مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) کند ذہن ہونا۔

بَلَاہَۃٌ: (ب مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) نادانی، نادان ہونا، بیوقوف ہونا۔

بَلَاغَۃٌ: (ب مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) تیز زبانی، کلام کرنے میں مرتبۂ کمال کو پہنچنا۔

بُلْغَۃٌ: (ب مضموم، ل ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) جو چیز معاش میں کفایت کرتی ہے۔

بَلِیَّۃٌ: (ب مفتوح، ل مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سختی، تکلیف۔

بَلْدَۃٌ: (ب مفتوح، ل ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) شہر، بلاد جمع ہے، زمین کا ٹکڑا، چاند کی ایک منزل اور وہ برج قوس کے چھ ستارے ہیں، سینہ، دونوں بھوؤں کے بیچ کی کشادگی، بُلْدَۃٌ بھی اسی معنی میں ہے، صاحب قاموس کہتے ہیں کہ بَلْدَۃ آسمان کا وہ حصہ جو کواکب سے خالی ہے اور سعد ذابح اور نعائم کے درمیان ہے جہاں چاند نازل ہوتا ہے اور کبھی وہاں سے جھک کر قلادہ میں نزول کرتا ہے وہ چھ ستارے ہیں جو کمان کے مانند مستدیر ہیں۔

بَلْبَلَۃٌ: (ب مفتوح، ل ساکن، ب مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) زبانوں کا اختلاط، فکر کی پراگندگی، سامان، کالا مہرہ، غم کی شدت، وسوسے۔

بُلْبُلَۃٌ: (ب مضموم، ل ساکن، ب مضموم، ل مفتوح، ۃ موقوف) وہ کوزہ جس میں دستہ اور ٹونٹی ہو، عورتوں کا ہودج، ڈولا۔

بَنَانَۃٌ: (ب مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) انگلی، (انگلی کی پور)

بُنُوَّۃٌ: (ب مضموم، ن مضموم، و مشدد مفتوح، ۃ موقوف) فرزندگی۔

بِنْیَۃٌ: (ب مکسور، مضموم، ن ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) تعمیر کیا ہوا۔

بَنِیَّۃٌ: (ب مفتوح، ن مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کعبہ شریف، فعیلۃ کے وزن پر مفعول کے معنی میں یعنی مبنیٰ چنانچہ بیت بھی کہتے ہیں اس لیے کہ فرد کامل بنائے بیت ہے۔

بَنَات: (ب مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) لڑکیاں، بنت کی جمع، گڑیاں جن سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔

بَہُت: (ب مفتوح، مضموم، ہ ساکن، ت موقوف) اچانک پکڑنا، کسی پر جھوٹ باندھنا، جھوٹ بولنا، حیران کرنا، حیرانی۔

بَہَاجَۃٌ: (ب مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) خوش ہونا، عمدہ اور اچھا ہونا۔

بَہْجَۃٌ: (ب مفتوح، ہ ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) اچھائی، خوبی۔

بَہِیْمَۃٌ: (ب مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) چوپایہ اگرچہ بکری ہو، وہ جاندار جو تمیز اور عقل نہیں رکھتا۔

بَہْمَۃٌ: (ب مفتوح، ہ ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بھیڑ کا بچہ، بکری کا بچہ، گائے کا بچہ۔

بُہْمَۃٌ: (ب مضموم، ہ ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بہادر لشکر، سخت کام۔

بَیْتُوتَۃٌ: (ب مفتوح، ی ساکن، ت مضموم، و ساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) رات گزارنا۔

بَیْنُونَۃٌ: (ب مفتوح، ی ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) جدائی کرنا،

بَیْت: (ب مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) وہ گھر جو مٹی وغیرہ سے بنائیں، بُیُوت اور اَبْیَات جمع ہیں، شرف، شریف مرد، شادی کرنا، مرد کے بیوی بچے، قبر، کعبہ، شعر کے دو مصرعے، اس کی جمع اَبْیَات ہے بُیُوت نہیں۔

بَیَات: (ب مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) رات کرنا، رات میں کام کرنا، شب خون، رات میں حملہ کرنا، واسط کے قریب ایک شہر کا نام ہے۔

بَیِّنَۃٌ: (ب مفتوح، ی مشدد مکسور، ن مفتوح، ۃ موقوف) روشن اور ظاہر دلیل۔

بَیْعَۃٌ: (ب مفتوح، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) عہد باندھنا، ہاتھ میں ہاتھ دینا، مرید ہونا۔

بِیْعَۃٌ: (ب مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) مجوسیوں اور نصرانیوں کا عبادت خانہ۔

بِیْضَۃٌ: (ب مکسور، ی ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) برابر سفید زمین۔

بَیْضَۃٌ: (ب مفتوح، ی ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) پرندے کا انڈا، لوہے کی خود، فوطہ، ہر چیز کا بیچ، مکان کا بیچ، ایک شہر ہے اور اس معنی میں کسرہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

﴿فصل الباء مع الثاء﴾

بَثّ: (ب مفتوح، ث مشدد موقوف) خبر پھیلانا، غبار اڑانا، راز کھولنا، سخت رنج و غم۔

بَحْث: (ب مفتوح، ح ساکن، ث موقوف) بات اور زمین کو کریدنا۔

بَرْث: (ب مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) نرم زمین۔

بُرْغُوث: (ب مضموم، ر ساکن، غ مضموم، و ساکن، ث موقوف) پسو، بَرَاغِیث جمع ہے، روم میں ایک شہر ہے۔

بَعْث: (ب مفتوح، ع ساکن، ث موقوف) ابھارنا، بھیجنا، بیدار کرنا، لشکر، اس معنی میں بَعَث بھی آیا ہے، جمع بُعُوث ہے۔

بِعْث: (ب مکسور، ع ساکن، ث موقوف) وہ تہجد گذار جو رات میں نہ سوئے۔

بُغَاث: (ب مضموم، غ مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) مدینہ کے قریب ایک مقام ہے جہاں اوس وخزرج کے درمیان جنگ عظیم واقع ہوئی تھی، بِغَاث بھی اسی معنی میں آیا ہے، اس دن کی جنگ کو جنگ یوم بغاث کہتے ہیں۔

بُغَاث: (ب مفتوح رمکسور رمضموم، غ مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) گدھ کالے رنگ کا پرندہ جو مردار کھاتا ہے۔

بَوَاعِث: (ب مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ث موقوف) ابھارنے والے۔

بَوْث: (ب مفتوح، و ساکن، ث موقوف) کھودنا اور باہر لانا۔

﴿فصل الباء مع الجیم﴾

بَابُونَج: (ب مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ج موقوف) بابونہ کا معرب ہے، ایک بوٹی جس کے پھولوں کا روغن جوڑوں کے درد میں استعمال کیا جاتا ہے۔

بَاذَرُوج: (ب مفتوح، ا ساکن، ذ مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ج موقوف) ایک پہاڑی پھول جو پہاڑ کے دامن میں اگتا ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ ایک سبزی ہے۔

بَجّ: (ب مفتوح، ج مشدد موقوف) زخم کو پھاڑنا، نیزہ مارنا، گھاس کاٹنے والے جانور کو موٹا کرنا۔

بُرْج: (ب مضموم، ر ساکن، ج موقوف) قلعہ، محل، گنبد، آسمان کے حصے، آسمانی برجوں میں سے ایک، آسمانی برج بارہ ہیں، (1) حمل (2) ثور (3) جوزا (4) اسد (5) میزان (6) عقرب

(7) قوس (8) جدی (9) دلو (10) حوط (11) سنبلہ (12) سرطان۔ بُرُوج، اَبْرَاج جمع ہے، ایک شاعر کا نام ہے۔

بَرَج: (ب مفتوح، ر مفتوح، ج موقوف) آنکھ کی سفیدی جو سیاہی کو گھیرے ہوئے ہے۔

بَرْدَج: (ب مفتوح، ر ساکن، د مفتوح، ج موقوف) وہ غلام جو جنگ میں قید کیے گئے ہوں، بردہ کا معرب ہے، شیراز میں ایک گاؤں ہے۔

بِرَنْج: (ب مکسور، ر مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) ایک مشہور دوا جو مُسْہِل بلغم ہے، برنگ کا معرب ہے۔

بُزُرْج: (ب مضموم، ز مضموم، ر ساکن، ج موقوف) بزرگ کا معرب ہے۔

بَسْفَائِج: (ب مفتوح، س ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ج موقوف) گھاس کی وہ جڑ جس میں پستہ کے مانند کوئی کسیلی اور شیریں چیز ہوتی ہے، ایک دوا ہے جسے افراس الکلب کہتے ہیں۔

بِسْیَارْدَانَج: (ب مکسور، س ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ر موقوف، د مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ج موقوف) بسیار دانہ کا معرب ہے، ایک درخت کا پھل ہے۔

بَعْج: (ب مفتوح، ع ساکن، ج موقوف) شکم پھاڑنا، غم واندوہ میں مبتلا کرنا۔

بُلُوج: (ب مضموم، ل مضموم، و ساکن، ج موقوف) چمکنا۔

بُلُج: (ب مضموم، ل مضموم، ج موقوف) صبح کا روشن ہونا، دونوں بھوؤں کے درمیان کی کشادگی۔

بَرِنْج: (ب مفتوح ر مکسور، ن ساکن، ج موقوف) ایک گھاس ہے جس کے بیج کو بزرانج کہتے ہیں، فارسی میں اجوائن خراسانی کہتے ہیں۔

بُوسَنْج: (ب مضموم، و ساکن، س مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) ہرات میں ایک شہر ہے جسے اس وقت کو شنج کہتے ہیں، پشنگ کا معرب ہے، ترمذ میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

بَہِیْج: (ب مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ج موقوف) نیک، شادماں۔

بَہْرَج: (ب مفتوح، ہ ساکن، ر مفتوح، ج موقوف) کھوٹا سکہ، ناکارہ چیز۔

بَہْرَامَج: (ب مفتوح، ہ ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ج موقوف) ایک درخت ہے جس کا پھول خوشبودار ہوتا ہے، بَہْرَامَہ کا معرب ہے۔

﴿فصل الباء مع الحاء﴾

بَجْح: (ب مفتوح، ج ساکن، ح موقوف) خوش ہونا۔

بَدْح: (ب مفتوح، د ساکن، ح موقوف) لاٹھی وغیرہ سے مارنا، یکا یک کام کو سامنے لانا، پھاڑنا، کاٹنا، چوپائے کا بھاری بوجھ کی وجہ سے تھک جانا۔

بَدَاح: (ب مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) کشادہ زمین۔

بَذْح: (ب مفتوح، ذ ساکن، ح موقوف) پھاڑنا۔

بَرْح: (ب مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) سختی، تکلیف، یمن میں ایک جگہ کا نام ہے۔

بَارِح: (ب مفتوح ا ساکن، ر مکسور، ح، موقوف) گرم ہوا، بَوَارِح جمع ہے، وہ شکار جو شکاری کی داہنی جانب سے بائیں طرف نکل جائے خلاف سانح (بائیں طرف سے نکلنے والا)

بُرُوح: (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، ح موقوف) ہرن کا داہنی طرف سے نکلنا، سُنُوح (بائیں طرف سے نکلنا) کی ضد ہے، عرب شکار کے داہنی جانب سے نکل جانے کو برا سمجھتے ہیں اور سُنُوح (بائیں طرف سے نکلنے) کو اچھا خیال کرتے ہیں۔

بَرَاح: (ب مفتوح ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) وہ کشادہ زمین جس پر کھیت اور درخت نہ ہوں، روشن کام، بری اور اچھی رائے، کام کا ظاہر ہونا، دور ہونا، نابود ہونا، سخت اور دشوار ہونا۔

بَطْح: (ب مفتوح، ط ساکن، ح موقوف) منہ کے بل گرانا،

بَلَح: (ب مفتوح، ل مفتوح، ح موقوف) کچی کھجور، اہل عرب ابتدائی حالت کو طَلْع اس کے بعد خِلَال پھر بَلَح پھر بُسْر پھر رُطَب اس کے بعد تَمْر کہتے ہیں۔

بَلْدَحْ: (ب مفتوح، ل ساکن، د مفتوح، ح موقوف) مکہ کے قریب ایک وادی ہے، جدہ کے راستے میں ایک پہاڑ کا نام ہے۔

بَوْحْ: (ب مفتوح، و ساکن، ح موقوف) ظاہر کرنا، راز کا کھلنا۔

بُوْحْ: (ب مضموم، و ساکن، ح موقوف) جز، بادل، جماع، نفس، کام کا درہم برہم ہونا، سورج کا ایک نام، اندام نہانی۔

﴿فصل الباء مع الخاء﴾

بَخّْ: (ب مفتوح، خ مشدد موقوف) پسندیدہ ہونا، کام کا بڑا ہونا، ایسا کلمہ ہے جو تحسین کے وقت بولتے ہیں، فارسی میں خہ کہتے ہیں۔

بَخْبَخْ: (ب مفتوح، خ ساکن، ب مفتوح، خ موقوف)

بَخَّ بَخَّ: (ب مفتوح، خ مشدد مفتوح، ب مفتوح، خ مشدد مفتوح) یہ کلمہ کسی چیز کی پسندیدگی کے وقت بولتے ہیں۔

بَخٍّ بَخٍّ: (ب مفتوح، خ مشدد منون، ب مفتوح، خ مشدد منون) یہ کلمہ کسی چیز کی تحسین کے وقت بولا جاتا ہے۔

بَدِیْخْ: (ب مفتوح، د مکسور، ی ساکن، خ موقوف) عظیم الشان مرد۔

بَذَخْ: (ب مفتوح، ذ مفتوح، خ موقوف) سرکشی کرنا، متکبر ہونا۔

بَرْخْ: (ب مفتوح، ر ساکن، خ موقوف) بڑھنا، ظاہر کرنا، غصہ کرنا، گردن اور پیٹھ توڑنا، قیمت کم ہونا۔

بَرْزَخْ: (ب مفتوح، ر ساکن، ز مفتوح، خ موقوف) دو چیزوں کے درمیان حائل اور واقع ہونا، موت کے زمانے سے لے کر قیامت تک کا زمانہ، بَرَازِخُ الایْمَان ایمان کی ابتدا اور انتہا کے درمیان، شک اور یقین کے درمیان۔

بَزَخْ: (ب مفتوح، ز مفتوح، خ موقوف) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔

بِطِّیْخْ: (ب مکسور، ط مشدد مکسور، ی ساکن، خ موقوف) خربوزہ، صاحب قاموس کہتے ہیں ہر وہ چیز جو زمین پر پھیلنے والی ہے،

بَلْخْ: (ب مفتوح، ل ساکن، خ موقوف) مشہور شہر۔

بَلِخْ: (ب مفتوح رمکسور، ل مفتوح، خ موقوف) متکبر۔

بَلَخْ: (ب مفتوح، ل مفتوح، خ موقوف) تکبر کرنا۔

بَوْخْ: (ب مفتوح، و ساکن، خ موقوف) آگ اور غصہ کا ٹھنڈا ہونا، مرد کا تھکنا، گوشت کا متغیر ہونا۔

بُوْخْ: (ب مضموم، و ساکن، خ موقوف) خراب ہونا، بگڑنا۔

﴿فصل الباء مع الدال﴾

بُجُوْد: (ب مضموم، ج مضموم، و ساکن، د موقوف) مقیم ہونا۔

بِجَاد: (ب مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، د موقوف) دھاری دار کملی۔

بَدّ: (ب مفتوح، د مشدد موقوف) پریشان کرنا۔

بُدّ: (ب مضموم، د مشدد موقوف) چارہ، بدلہ، بت کا معرب ہے، لَابُدَّ ناچار، ناگزیر۔

بَرْد: (ب مفتوح، ر ساکن، د موقوف) ٹھنڈا ہونا، ٹھنڈا کرنا، ثابت ہونا، آنکھ میں دوا ڈالنا، ریتی سے ریتنا، ہمیشہ رہنا، سونا، ٹھنڈک، نیند، اللہ تعالیٰ کا ارشاد لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْهَا بَرْدًا اس میں کسی طرح کی ٹھنڈک کا مزہ نہ پائیں گے (پ۳۰ سورہ نبا)

بُرْد: (ب مضموم، ر ساکن، د موقوف) دھاری دار کپڑا، ٹڈی کا پر، بُرُود جمع ہے۔

بَرَدْ: (ب مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) اولہ جو آسمان سے گرتا ہے۔

بَرِدْ: (ب مفتوح، ر مکسور، د موقوف) اولہ برسانے والا بادل۔

بُرُوْد: (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، د موقوف) سونا، مرنا۔

بَرُوْد: (ب مفتوح، ر مضموم، و ساکن، د موقوف) ٹھنڈا، ہر وہ چیز جو کسی چیز کو ٹھنڈا کرے، آنکھ کی دوا جس سے آنکھ کو ٹھنڈک پہنچے، وہ سرمہ جس سے آنکھ ٹھنڈی ہو، گھسی ہوئی سرد دوا۔

بَرِیْد: (ب مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) بازار کی دکانیں اور راستے جو دور دور تک برابر ہوں، قاصد، ترتیب دیا ہوا، بارہ میل دو فرسخ کی مسافت، وہ خچر جو ہر بارہ میل کی مسافت پر شاہی نامہ بروں کی سواری کے لیے رکھتے ہیں اور نشانی کے لیے اس کی پونچھ کاٹ دیتے ہیں، اس تقدیر پر بَرِید بُرِیدہ دم کا معرب ہے،

وہ جانور جو شیر کے آگے آگے چلتا ہے، فارسی میں اسے پروانہ یا سیاہ گوش کہتے ہیں، ڈاک، ڈاکخانہ۔

بَارِدْ : (ب مفتوح ا ساکن، ر مکسور، د موقوف) ٹھنڈا، ثابت، عَیْش بارِد خوشگوار زندگی۔

بُرُوْجِرْد : (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، ج مکسور، ر ساکن، د موقوف) ہمدان کے قریب ایک مشہور شہر ہے۔

بُعْد : (ب مضموم، ع ساکن، د موقوف) دوری، دور ہونا، ہلاک ہونا، مرنا۔

بَعْد : (ب مفتوح، ع ساکن، د موقوف) ابھی تک، کسی چیز کے پیچھے۔

بَعِیْد : (ب مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، د موقوف) دور۔

بَاعِدْ : (ب مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، د موقوف) دور ہونے والا، بُعَدٌ جمع ہے۔

بَلَدْ : (ب مفتوح، ل مفتوح، د موقوف) شہر بُلْدَان جمع ہے، شترمرغ، نشان، اَبْلاد جمع ہے، ہتھیلی، سینہ، قبر، گھر، ابروؤں کے بیچ کی کشادگی۔

بَلِیْد : (ب مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) کند ذہن، بے وقوف، کم عقل۔

بَنْد : (ب مفتوح، ن ساکن، د موقوف) بڑا جھنڈا، حیلے جن سے کام لیا جائے، پیدل کا آخری خانہ میں پہنچ کر وزیر بن جانا، وہ شیرہ جو نشہ پیدا کرے، ایک جگہ کا نام ہے۔

بَوَارِدْ : (ب مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، د موقوف) مارنے والے، قتل کرنے والے، ٹھنڈی چیزیں۔

بَیْد : (ب مفتوح، ی ساکن، د موقوف) غیر۔

بِیْد : (ب مکسور، ی ساکن، د موقوف) جنگلات، بَیْدَا کی جمع ہے۔

بُیُوْد : (ب مضموم، ی مضموم، و ساکن، د موقوف) ہلاک ہونا، کٹ جانا، جانا۔

بَیْد : (ب مفتوح، ی ساکن، د موقوف) ہلاک ہونا، کٹ جانا، جانا۔

﴿فصل الباء مع الذال﴾

بَذّ : (ب مفتوح، ذ مشدد موقوف) غلبہ کرنا، ایران اور آذربائیجان کے درمیان ایک شہر ہے جس کے نیچے ایک بڑی نہر جاری ہے جس میں پرانے بخار والا مریض غسل کرتا ہے تو شفا پاتا ہے۔

بَسَّذْ : (ب مفتوح، س مشدد مفتوح، ذ موقوف) مرجان، مونگا، بسد کا معرب ہے۔

﴿فصل الباء مع الراء﴾

بَارّ : (ب مفتوح، ا ساکن، ر مشدد موقوف) نیکوکار، نیک شخص۔

بِئْر : (ب مکسور، ء ساکن، ر موقوف) کنواں۔

بَأَر : (ب مفتوح، أ ساکن، ر موقوف) کنواں کھودنا، ذخیرہ جمع کرنا۔

بَبْر : (ب مفتوح، ب ساکن، ر موقوف) شیر جیسا ایک درندہ ہے، جمع بُبُور۔

بَتْر : (ب مفتوح، ت ساکن، ر موقوف) کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا۔

بَتَر : (ب مفتوح، ت مفتوح، ر موقوف) پونچھ کٹا ہونا، بے اولاد ہونا، بے سود ہونا، بے فائدہ ہونا۔

بَاتِر : (ب مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ر موقوف) کاٹنے والی تلوار۔

بَثْر : (ب مفتوح، ث ساکن، ر موقوف) بہت اور تھوڑی سنگلاخ زمین، زمین پر ریت کا چپکنا، ریتیلی زمین، جسم پر نکلنے والی چھوٹی پھنسی، چیچک کا نکلنا۔

بُثُور : (ب مضموم، ث مضموم، و ساکن، ر موقوف) چھوٹے اور بڑے آبلہ کا نکلنا، بَثْر کی جمع ہے۔

بُجْر : (ب مضموم، ج ساکن، ر موقوف) برائی، بڑا کام، تعجب، عیب۔

بَجَر : (ب مفتوح، ج مفتوح، ر موقوف) ناف کا باہر نکلنا، بڑے پیٹ والا ہونا۔

بَحْر : (ب مفتوح، ح ساکن، ر موقوف) دریا، بڑی نہر، صاحب کرم آدمی، کشادہ قدم گھوڑا، رحم (بچہ دانی) کی گہرائی، تھوک، سمندر کا پانی یعنی کھارا پانی، پھاڑنا، کان پھاڑنا۔

بَحَر : (ب مفتوح، ح مفتوح، ر موقوف) خوف سے گھبرانا، سیراب نہ

ہونا، اونٹ کی بیماری کی ایک قسم۔

بَاحِر: (ب مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ر موقوف) بے وقوف، خالص خون، جھوٹا، فضول بات کرنے والا۔

بَاحُور: (ب مفتوح، ا ساکن، ح مضموم، و ساکن، ر موقوف) چاند، ماہ جولائی کی سخت گرمی، یوم باحوری بیماری کی شدت کا دن۔

بُحتَر: (ب مضموم، ح ساکن، ت مفتوح، ر موقوف) کوتاہ کمر، گھٹے بدن والا، قبیلہ طے کے جد اعلیٰ کا نام ہے۔

بَخر: (ب مفتوح، خ ساکن، ر موقوف) ہانڈی وغیرہ کا بھاپ نکالنا۔

بَخَر: (ب مفتوح، خ مفتوح، ر موقوف) منہ کی گندگی، ہر وہ چیز جس کی مہک تیز ہو۔

بُخَار: (ب مضموم، خ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بھاپ۔

بَخُور: (ب مفتوح، خ مضموم، و ساکن، ر موقوف) وہ چیز جس سے خوشبو دیں، بخور مریم ایک گھاس ہے جس کو فارسی میں چنگ مریم اور پنجۂ مریم کہتے ہیں۔

بِدَار: (ب مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک دوسرے سے آگے بڑھنا، باہم سبقت لے جانا۔

بُدُور: (ب مضموم، د مضموم، و ساکن، ر موقوف) کسی چیز کی طرف جلدی کرنا، دوڑنا۔

بَدر: (ب مفتوح، د ساکن، ر موقوف) چودھویں کا چاند، قوم کا پیشوا، غلام، بچہ، ہر کام میں جلدی کرنے والا، طبق، ایک مقام یا ایک کنویں کا نام ہے جسے قریش نے کھودا تھا اسی کنویں کے قریب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور لشکر کفار کے درمیان جنگ بدر واقع ہوئی، بدر کے معنی بذرۃ (تھیلی) کے بھی آیا ہے۔

بَذر: (ب مفتوح، ذ ساکن، ر موقوف) بیج بونا، وہ بیج جس سے غلہ حاصل ہوتا ہے مثلاً چاول، گیہوں، وہ گھاس جو تازہ نکلی ہو، گھاس کا زمین سے اگنا۔

بُرّ: (ب مضموم، ر مشدد موقوف) گیہوں۔

بَرّ: (ب مفتوح، ر مشدد موقوف) جنگل، صحرا، نیک اور سچا، بہت بھلا، حق تعالیٰ کا ایک نام ہے، بَارّ بھی اسی معنی میں آیا ہے، اَبرار و بَرَرَۃ جمع ہے۔

بِرّ: (ب مکسور، ر مشدد موقوف) بخشش، نیکی، سچائی، حج اور عبادت کا قبول کرنا، ماں اور باپ کی اطاعت وخوشنودی کرنا، بکری چرانا، بَر بھی اس معنی میں آیا ہے، دل، چوہا، بلی کا بچہ، عرب میں مثل مشہور ہے فُلَانٌ لَا یَعرِفُ ہِرًّا مِنْ بِرٍّ یعنی فلاں بلی کو چوہے سے یا بلی کے بچے کو لومڑی سے یا بکری کے ہانکنے اور بلانے سے یا بدی کو نیکی سے پہچاننے کی تمیز نہیں رکھتا۔

بَربَر: (ب مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، ر موقوف) سرزمین مغرب میں ایک قوم کا نام ہے، حبشہ میں ایک دوسرے گروہ کا نام ہے۔

بُربُر: (ب مضموم، ر ساکن، ب مضموم، ر موقوف) بہت آواز کرنے والا۔

بِربِر: (ب مکسور، ر ساکن، ب مکسور، ر موقوف) بکری کو بلانا۔

بَربَار: (ب مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) شیر، غصہ میں چلانے والا۔

بَزر: (ب مفتوح، ز ساکن، ر موقوف) لاٹھی سے مارنا، ہانڈی میں گرم مسالہ ڈالنا، فرزند، ریشہ، ناک کی رطوبت، وہ بیج جس سے ترکاری اور مسالہ حاصل ہو، اَبزار و اَبازِیر جمع ہے۔

بُسر: (ب مضموم، س ساکن، ر موقوف) ہر تازہ چیز، جوان، بارش کا تازہ برسا ہوا پانی، وہ کھجور جو ابھی پختہ اور رطب نہ ہوئی ہو۔

بَسر: (ب مفتوح، س ساکن، ر موقوف) پکنے سے پہلے زخم کا چھل جانا، بے وقت چاہنا، چھوہارے کی نبیذ میں بُسر ڈالنا، درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا، نر بھیڑ کا مادہ بھیڑ سے رغبت کے ساتھ جفتی کرنا، مشک سے دودھ پینا اس سے پہلے کہ وہ اس میں دہی بن جائے اور اس سے پہلے کہ اس سے مکھن نکلے، وقت سے پہلے قرض طلب کرنا، ٹھنڈا پانی، ہر چیز کی ابتدا۔

بُسُور: (ب مضموم، س مضموم، و ساکن، ر موقوف) ترش روئی کرنا۔

بَاسُور: (ب مفتوح، ا ساکن، س مضموم، و ساکن، ر موقوف) مشہور بیماری ہے جو مقعد اور ناک کے اندر پیدا ہوتی ہے، بَوَاسِیر جمع ہے۔

بَشر: (ب مفتوح، ش ساکن، ر موقوف) ٹڈی کا گھاس کھانا، مباشرت

کرنا، خوش خبری دینا، مونچھ کو اس طرح کاٹنا کہ کھال ظاہر ہو۔

بِشْر: (ب مکسور، ش ساکن، رموقوف) ایک آدمی کا نام ہے، آدمی کا چہرہ، کشادہ روئی، جزیرہ میں ایک پہاڑ کا نام ہے، بنی تغلب کے چشمے کا نام ہے، انسان وغیرہ کی کھال، چمڑا، نیز ایک مشہور ولی کا نام یعنی بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ۔

بَشِیْر: (ب مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، رموقوف) خوش خبری سنانے والا، بشارت دینے والا، خوبصورت آدمی۔

بَصْر: (ب مفتوح، ص ساکن، رموقوف) کاٹنا، دو چمڑوں کے کناروں کو باہم جوڑنا۔

بُصْر: (ب مضموم، ص ساکن، رموقوف) کنارہ، موٹاپن، بھدا پن، ہر چیز کا مٹاپا، روئی، چھال، کھال، چمڑا، اس معنی میں بَصر (ب مفتوح) بھی آیا ہے، سخت پتھر اس معنی میں تینوں حرکتوں کے ساتھ آیا ہے۔

بُصَرْ: (ب مضموم، ص مفتوح، رموقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

بَصَرْ: (ب مفتوح، ص مفتوح، رموقوف) بینائی، دانائی، دیکھنا، سمجھنا، وہ چیز جو دل میں نقص پیدا کرے۔

بَصَائِرْ: (ب مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، رموقوف) روشن دلیلیں، بصیرتیں، (بینائیاں)

بَصِیْر: (ب مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، رموقوف) بینا، دانا، دیکھنے والا، جاننے والا۔

بُوْصِیْر: (ب مضموم، و ساکن، ص مکسور، ی ساکن، رموقوف) مصر میں ایک گاؤں ہے، صاحب قصیدہ بردہ امام بوصیری یہیں کے رہنے والے تھے، ایک گھاس کا نام ہے۔

بَطْر: (ب مفتوح، ط ساکن، رموقوف) زخم پھاڑنا۔

بِطْر: (ب مکسور، ط ساکن، رموقوف) خون کا باطل ہونا، خون کا خراب ہونا اس معنی میں بِظر بھی آیا ہے۔

بَطَرْ: (ب مفتوح، ط مفتوح، رموقوف) حیرانی، دہشت، حیرت، ناشکری کرنا، بہت خوش ہونا، کسی چیز کو ناپسند کرنا جب کہ وہ چیز ناپسندیدہ نہ ہو۔

بَظْر: (ب مفتوح، ظ ساکن، رموقوف) شرمگاہ کے دونوں لبوں کی بلندی، بَظَارَةُ الشَّفَةِ اوپر کے ہونٹ کی بلندی جو قدرے دراز ہو ایسے مرد کو اَبْظَر کہتے ہیں۔

بَعِیْر: (ب مفتوح رمکسور، ع مکسور، ی ساکن، رموقوف) اونٹ، اونٹنی، بعض لوگوں نے کہا ہے ہر بوجھ اٹھانے والا جانور۔

بَعْر: (ب مفتوح، ع ساکن، رموقوف) اونٹ اور بکری کی مینگنی، اونٹ اور بکری کا مینگنی گرانا۔

بُغُوْر: (ب مضموم، غ مضموم، و ساکن، رموقوف) ستارہ گرنا، برسانا، پانی برسنے پر دلالت کرنا۔

بَغْر: (ب مفتوح، غ ساکن، رموقوف) اونٹ کا پانی پینا اور آسودہ ہونا۔

بَغَرْ: (ب مفتوح، غ مفتوح، رموقوف) اونٹ کی تشنگی کی بیماری جس میں وہ مر جائے، گندا پانی جو چرنے والے جانوروں کی پیاس بڑھائے، سخت بوچھار، بُغر بھی اسی معنی میں ہے۔

بَغْشَوْر: (ب مفتوح، غ ساکن، ش مفتوح، و ساکن، رموقوف) ہرات اور سرخس کے درمیان ایک شہر کا نام ہے، کوشور کا معرب ہے یعنی حفرہ مالح (نمکین پانی کا گڑھا)، وہاں سے نسبت رکھنے والے کو بغوی کہتے ہیں، صاحب مصابیح و شرح السنہ محی الدین بغوی یہیں کے رہنے والے تھے۔

بَقْر: (ب مفتوح، ق ساکن، رموقوف) پھاڑنا، کشادہ کرنا، تھکنا، گائے کو دیکھ کر کتے کا پریشانی میں پڑ جانا، آدمی کی آنکھ کا دیکھنے سے معذور ہونا، ہدہد کا پانی والی زمین کو دیکھنا۔

بَقَرْ: (ب مفتوح، ق مفتوح، رموقوف) ایک یا زیادہ گائیں یا بیل، بَقَرَۃ واحد ہے۔

بَاقِرْ: (ب مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، رموقوف) گایوں کا ریوڑ، زیادہ علم اور زیادہ مال والا آدمی، پھاڑنے والا شیر، آنکھ کے گوشے میں ایک رگ کا نام ہے، حضرت ابو جعفر محمد بن علی بن حسین رضی اللہ عنہم کا لقب ہے اس لیے کہ وہ متبحر عالم تھے۔

بَقّار: (ب مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گائے والا، ایک وادی کا نام ہے، رمل عالج میں کسی جگہ کا نام ہے جہاں جنات زیادہ رہتے ہیں، لہار، عرب کے بچوں کا ایک کھیل ہے۔

بَقِیر: (ب مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ر موقوف) گائیں، وہ کپڑا جسے چاک کریں اور آستین کے بغیر پہنیں، وہ اونٹنی جس کا پیٹ بچہ نکالنے کے لیے پھاڑیں، ہر وہ چیز جسے پھاڑیں۔

بِکْر: (ب مکسور، ک ساکن، ر موقوف) دوشیزہ، کنواری عورت، وہ اونٹنی جس نے ایک ہی بچہ پیدا کیا ہو، پہلا بچہ جس کے بعد کوئی دوسرا بچہ پیدا نہ ہوا ہو، ہر چیز کا اول، ہر وہ کام جس کے مانند اس سے پہلے نہ ہوا ہو، کنواری گائے جس نے ہنوز بچہ نہ جنا ہو، زخمی کرنے والا، مار ڈالنے والا، اَبکار جمع ہے۔

بَکْر: (ب مفتوح، ک ساکن، ر موقوف) جوان اونٹ یا اونٹ کا بچہ، ایک قبیلے کا نام ہے۔

بَکَر: (ب مفتوح، ک مفتوح، ر موقوف) صبح تڑکا، پانی نکالنے کی چرخی۔

بَکِر: (ب مفتوح، ک مکسور، ر موقوف) صبح تڑکے اٹھنے والا مرد۔

بُکُور: (ب مضموم، ک مضموم، و ساکن، ر موقوف) صبح کو اٹھنا، صبح میں جانا، صبح میں کام کرنا۔

باکُور: (ب مفتوح، ا ساکن، ک مضموم، و ساکن، ر موقوف) پہلی بارش، ہر چیز میں پہلے تیار ہونے والی چیز بالخصوص تازہ پکا میوہ، فارسی میں اسے نوبادہ کہتے ہیں۔

بِلَّوْر: (ب مکسور، ل مشدد مفتوح، و ساکن، ر موقوف) موٹا آدمی، بہادر، ہندوستان کے بادشاہوں میں سے بڑے بادشاہ، ایک مشہور پتھر ہے جسے فارسی میں بلور کہتے ہیں، بَلُّور کا بھی یہی معنی ہے۔

بُلْغَر: (ب مضموم، ل ساکن، غ مفتوح، ر موقوف) ایک بہت ٹھنڈا شہر جو کرۂ ارض کے شمال میں ہے عام طور پر لوگ جسے بلغار کہتے ہیں،

بَلْعَنْبَر: (ب مفتوح، ل ساکن، ع مفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ر موقوف) بنو العنبر کا مخفف ہے، عنبر بنی تمیم کے قبیلے کا باپ ہے۔

بَنْدَر: (ب مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ر موقوف) دریا کا وہ کنارہ جہاں کشتی باندھی جاتی ہے، بندرگاہ۔

بُنْدار: (ب مضموم، ن ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) وہ تاجر جو سامان تجارت کو روکے رکھے جب قیمت زیادہ ہو جائے بیچے، وہ تاجر جو جواہرات کی تجارت کرتا ہے۔

بِنْصِر: (ب مکسور، ن ساکن، ص مکسور، ر موقوف) چھنگلی کی بغل والی انگلی، بَنَاصِر جمع ہے۔

بَوْر: (ب مفتوح، و ساکن، ر موقوف) آزمانا، بازار کا بے رونق ہونا، ہلاک ہونا، ہلاک ہونے والے، اس معنی میں بَائِر کی جمع ہے، کساد بازاری۔

بُور: (ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) ہلاک ہونے والا، جس میں کوئی بھلائی نہ ہو، بے کار چیز، یہ جمع و واحد دونوں کے لیے ہے،

بَوَار: (ب مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) سامان اور میوے کا خراب اور ہلاک ہونا۔

بَہْر: (ب مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) ہلاک، اوندھا، تعجب کرنا، غلبہ کرنا، روشن ہونا، قوت و طاقت سے زیادہ کوشش کرنا، کسی پر برتر ہونا، ہانپنا۔

بُہْر: (ب مضموم، ہ ساکن، ر موقوف) کشادہ زمین، شہر، وادی کا درمیانی حصہ، بہت تھکن کی وجہ سے ہانپنا۔

بَہَار: (ب مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک زرد رنگ کا خوشبودار پھول ہے جسے عین البقر (عربی میں) اور گاؤ چشم (فارسی میں) کہتے ہیں، ہر اچھی اور روشن چیز، مرو میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

بُہَار: (ب مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بت، ابابیل، ایک قسم کی سفید مچھلی، دھنی ہوئی روئی، ایک آلۂ وزن ہے اس کی مقدار سو رطل یا چار سو یا چھ سو یا ہزار رطل ہے، اُچکّا، لوٹے کے مانند ایک برتن۔

بِہَار: (ب مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ہندوستان کا ایک صوبہ ہے۔

بَاہِر: (ب مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ر موقوف) روشن، غالب، سر میں ایک رگ ہے، لغت کی ایک کتاب کا نام ہے۔

بِیزَار: (ب مکسور، ی ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بازار کا معرب ہے، بَیَازِرَۃ جمع ہے، ہاٹ۔

بَیدَر: (ب مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، ر موقوف) کھلیان کی جگہ۔

بَیطَار و بَیطَر: (ب مفتوح، ی ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) (ب مفتوح، ی ساکن، ط مفتوح، ر موقوف) مویشیوں کا طبیب۔

بِیَار: (ب مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بیہق اور بسطام کے درمیان ایک شہر کا نام ہے۔

﴿فصل الباء مع الزاء﴾

بَاز: (ب مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) ایک مشہور شکاری پرندہ (شکرہ) اسے بازی بھی کہتے ہیں، بِیزَان بُزَات جمع ہے۔

بَارِز: (ب مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ز موقوف) ظاہر، باہر نکلا ہوا۔

بُرُوز: (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، ز موقوف) باہر نکلنا، ظاہر ہونا۔

بِرَاز: (ب مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) مبارزت کا مرادف ہے یعنی کسی سے جنگ کے لیے صف سے باہر آنا، قضائے حاجت۔

بَرَاز: (ب مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) لمبی چوڑی زمین۔

بَرْز: (ب مفتوح، ر ساکن، ز موقوف) ایسا ہوشیار اور پرہیزگار شخص جس کی عقل ورائے پر اعتماد کیا جاتا ہے۔

بُرْز: (ب مضموم، ر ساکن، ز موقوف) مَرْو میں ایک گاؤں ہے۔

بَزّ: (ب مفتوح، ز مشدد موقوف) کپڑا، گھر کا سامان، ہتھیار چھیننا۔

بَزَّاز: (ب مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) کپڑا بیچنے والا۔

بَزَز: (ب مفتوح، ز مفتوح، ز موقوف) زبردستی چھیننا، غالب ہونا۔

بَزْبَاز: (ب مفتوح، ز ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) سبک رفتار جوان، سفر میں تیز چلنے والا۔

بَغْز: (ب مفتوح، غ ساکن، ز موقوف) پیر اور لاٹھی سے مارنا، خوشی، اونٹ کا بازی کرنا۔

بَہَز: (ب مفتوح، ہ مفتوح، ز موقوف) دور کرنا، کسی کے سینے پر ہاتھ یا پیر سے مارنا۔

﴿فصل الباء مع السین﴾

بَأس: (ب مفتوح، أ ساکن، س موقوف) عذاب، سختی، سخت لڑائی۔

بُؤس: (ب مضموم، و ساکن، س موقوف) سختی۔

بَیْہَس: (ب مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، س موقوف) رَئِیس کے وزن پر، سخت درندہ شیر، بہادر مرد۔

بَاہِس: (ب مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، س موقوف) سخت ضرورت مند، مفلسی کی وجہ سے بدحال شخص۔

بَاذغِیس: (ب مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف، غ مکسور، ی ساکن، س موقوف) ہرات میں ایک گاؤں ہے۔

بَجْس: (ب مفتوح، ج ساکن، س موقوف) پانی بہانا، پانی کا جاری ہونا، زخم کو چیرنا، گالی دینا۔

بَخْس: (ب مفتوح، خ ساکن، س موقوف) کم، تھوڑا، وہ زمین جو بغیر سیراب کیے ہوئے غلہ پیدا کرے، کسی کے حق کو کم کرنا۔

بَرْس: (ب مفتوح، ر ساکن، س موقوف) اپنے ارادے پر قائم رہنا۔

بِرْس: (ب مکسور، ر ساکن، س موقوف) روئی یا روئی کے مانند ایک چیز، کوفہ اور دجلہ کے درمیان ایک گاؤں، راہبر کا رہنمائی میں ماہر ہونا، اس معنی میں بَرْس (ب مفتوح) بھی آیا ہے۔

بُرْنُس: (ب مضموم، ر ساکن، ن مفتوح، س موقوف) لمبی ٹوپی جسے مجوسی پہنتے ہیں۔

بِرْجِیس: (ب مکسور، ر ساکن، ج مکسور، ی ساکن، س موقوف) بہت دودھ والی اونٹنی، ستارۂ مشتری اور دوسرے ستارے کو بھی کہتے ہیں، بِرْجِیس کا معرب ہے۔

بُرْجَاس: (ب مضموم، ر ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، س موقوف) وہ جھنڈا جو نیزہ وغیرہ میں لگا کر فضا میں بلند کریں، وہ پتھر جسے کنویں کے بیچ میں ڈالیں تاکہ اس کی وجہ سے پانی کے چشمے کھل

جائیں اور کنویں کے پانی کو میٹھا اور خوشگوار بنادے، پہلے معنی میں شیخ سعدی کہتے ہیں۔

کساں مرد راہِ خدا بودہ اند
کہ بَرجاس تیر بلا بودہ اند

بَسّ: (ب مفتوح، س مشدد موقوف) آہستہ ہانکنا، جانوروں کو بکھیرنا، اونٹ کو ہانکنا، شہروں کے درمیان پانی کا بہنا، طلب کرنا، کوشش کرنا، طعام پستہ کھانا یعنی وہ کھانا جو آٹے پنیر اور روغن سے بناتے ہیں، شہری بلی، حمیر کا ایک قبیلہ، بس کے معنی میں بھی ہے جو فارسی میں مستعمل ہے۔

بَسُوس: (ب مفتوح، س مضموم، و ساکن، س موقوف) وہ اونٹنی جو بس بس کہے بغیر دودھ نہ دے، بنی اسرائیل کی ایک عورت جس کے شوہر کی تین دعائیں مقبول ہوئیں اس عورت کی نحوست وحماقت سے تینوں دعاؤں کا موقع ضائع ہوگیا، اس عورت کا بھی نام ہے جس کے واسطے دو قبیلوں کے درمیان بہت بڑی لڑائی ہوئی، اسی سبب سے وہ عورت عرب میں نحوست کے لیے مشہور ہوئی چنانچہ کہتے ہیں هٰـذَا اَشْـأَمُ مِنْ حَـرْبِ بَسُـوْس یہ جنگ بسوس سے زیادہ منحوس ہے۔

بَسْبَس: (ب مفتوح، س ساکن، ب مفتوح، س موقوف) خشک بیابان، بَسَابِس جمع ہے بَسَابِس جھوٹی اور باطل باتوں کے معنی میں بھی ہے۔

بَطْلَیْمُوس: (ب مفتوح، ط ساکن، ل مفتوح، ی ساکن، م مضموم، و ساکن، س موقوف) یونانی حکیم کا نام ہے جو کتاب مجسطی کا مصنف ہے، یونان کے بادشاہ کا نام ہے بعض لوگوں نے بَطْلَمْیُوس کہا ہے۔

بَلَس: (ب مفتوح، ل مفتوح، س موقوف) لاخیرا آدمی، انجیر کے مانند ایک میوہ ہے۔

بُلُس: (ب مضموم، ل مضموم، س موقوف) مسور کی دال، ایک پہاڑ کا نام ہے، گھاس سے بھرے ہوئے بورے، جب کسی کو سزا دیتے ہیں اس پر تشہیر کرتے ہیں اور پکارتے ہیں۔

بِلْقِیْس: (ب مکسور، ل ساکن، ق مکسور، ی ساکن، س موقوف) ملک سبا کی ملکہ، حضرت سلیمان علیہ السلام کی بیوی۔

بَلَاس: (ب مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، س موقوف) کمبل، کملی، پلاس کا معرب ہے۔

بَوْس: (ب مفتوح، و ساکن، س موقوف) بوسہ دینا، بوسہ کا معرب ہے۔

بَهْس: (ب مفتوح، ہ ساکن، س موقوف) بہادری۔

بَیْهَس: (ب مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، س موقوف) شیر، بہادر مرد، خوش رفتار عورت، ایک آدمی کا نام ہے جو دشمنی کرنے میں عرب میں مشہور تھا۔

﴿فصل الباء مع الشین﴾

بَأْش (ب مفتوح، ء ساکن، ش موقوف) کسی کو پکڑنا، گرانا۔

بِرْخَاش: (ب مکسور، ر ساکن، خ مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) شور، ہنگامہ، باہم الجھنا۔

بَرَش: (ب مفتوح، ر مفتوح، ش موقوف) گھوڑے کے جسم پر اس کے رنگ کے برخلاف چھوٹے نشانات، وہ سفیدی جو ناخن پر ظاہر ہوتی ہے فَرَس اَبْرَش چتکبرا گھوڑا جس کو فارسی میں رخش کہتے ہیں۔

بَرَاقِش (ب مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ش موقوف) ایک کتے کا نام ہے۔

بَرْقَش: (ب مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ش موقوف) ایک چھوٹے پرندے کا نام ہے۔

بَشّ: (ب مفتوح، ش مشدد موقوف) ہنس مکھ آدمی۔

بَطْش: (ب مفتوح، ط ساکن، ش موقوف) مضبوط پکڑنا، حملہ کرنا۔

بَوْش: (ب مفتوح، و ساکن، ش موقوف) آپس میں ملے جلے لوگ، اَوْبَاش جمع ہے، واو کا باء پر مقدم ہونا خلاف قیاس ہے۔

بَہْش: (ب مفتوح، ہ ساکن، ش موقوف) خوش ہونا، کسی چیز کے لیے ہاتھ بڑھانا، جماعت کا اکٹھا ہونا، رونے یا ہنسنے کے لیے تیار ہونا، تازہ میوۂ مقل، بلادِ ہش حجاز ہے کیونکہ میوۂ مقل حجاز میں زیادہ ہوتا ہے۔

بِیْش: (ب مکسور، ی ساکن، ش موقوف) یمامہ کے راستے میں ایک وادی ہے جو شیروں کا جنگل ہے، زنجبیل کی طرح ایک گھاس ہے جو زہر قاتل ہے۔

فصل الباء مع الصاد

بَخْص: (ب مفتوح، خ ساکن، ص موقوف) انگلیوں کی جڑ کا گوشت، اونٹ کے کھر کا گوشت، گوشت کا وہ ٹکڑا جو آنکھ میں نکلتا ہے جسے غدہ ہونا کہتے ہیں، غدہ کا نکلنا۔

بَرَص: (ب مفتوح، ر مفتوح، ص موقوف) سفید داغ ہونا، سفید داغ،

بَصِیْص: (ب مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ص موقوف) چمک، چمکنا۔

بُوْص: (ب مضموم، و ساکن، ص موقوف) ایک درخت کا پھل۔

بَوْص: (ب مفتوح، و ساکن، ص موقوف) آگے بڑھنا، جلدی کرنا، آگے کرنا، چھپنا، بھاگنا، تیز چلنا، محنت، عورت کی سرین، رنگ، اخیر کے دونوں معنوں کے لیے بُوص (ب مضموم) بھی آیا ہے۔

بَیْص: (ب مفتوح، ی ساکن، ص موقوف) سختی، تنگی عرب والے کہتے ہیں وَقَعُوْا فِیْ حَیْصَ بَیْصَ" یعنی وہ لڑائی اور شور و ہنگامہ میں پڑ گئے، با کے کسرہ کے ساتھ بھی اسی معنی میں ہے۔

فصل الباء مع الضاد

بَرْض: (ب مفتوح، ر ساکن، ض موقوف) تھوڑا، تھوڑا دینا۔

بُرُوْض: (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، ض موقوف) چشمے سے تھوڑا پانی نکلنا۔

بَضّ: (ب مفتوح، ض مشدد موقوف) پتلی کھال اور موٹے جسم والا آدمی، پانی کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔

بَعْض: (ب مفتوح، ع ساکن، ض موقوف) کسی چیز کا ٹکڑا، حصہ۔

بَعُوْض: (ب مفتوح، ع مضموم، و ساکن، ض موقوف) مچھر۔

بُغْض: (ب مضموم، غ ساکن، ض موقوف) دشمنی۔

بَیَاض: (ب مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) سفیدی۔

بَیْض: (ب مفتوح، ی ساکن، ض موقوف) چڑیے کا انڈا دینا، گرمی کا سخت ہونا، گھوڑے کے اگلے پاؤں کا سوجنا، گھوڑے کا خصیہ، پرندے کے انڈے، بَیْضَہ کی جمع ہے۔

بِیْض: (ب مکسور، ی ساکن، ض موقوف) تلواریں، گوری عورتیں، بَیْضاء کی جمع، اَیَّامُ البِیْض روشن چاندنی رات والے دن، در اصل اَیَّامُ اللَّیَالِی البِیْض ہے اور یہ چاند کی تیرہ، چودہ، پندرہ تاریخیں ہے۔

فصل الباء مع الطاء

بَرْبَط: (ب مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، ط موقوف) مشہور باجا ہے جسے عود بھی کہتے ہیں، بَربَط کا معرب یعنی سینۂ بَط اس لیے کہ وہ باجا بط کے سینہ کے مشابہ ہوتا ہے، سارنگی۔

بَسْط: (ب مفتوح، س ساکن، ط موقوف) چوڑائی، پھیلانا، عذر قبول کرنا، ہاتھ بڑھانا، جگہ کا لوگوں پر کشادہ ہونا، کسی کو ہنر اور فضل میں بڑھانا، فضیلت دینا۔

بُسْط: (ب مضموم، مکسور، س ساکن، ط موقوف) وہ اونٹنی جسے بچہ کے ساتھ چھوڑ دیں، کشادہ ہاتھ۔

بَسَاط: (ب مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) کشادہ اور ہموار زمین۔

بِسَاط: (ب مکسور، س مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) بچھونا جیسے چٹائی، فرش، بستر۔

بَسِیْط: (ب مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ط موقوف) کشادہ جگہ، بچھا ہوا، عروض کی تیسری بحر کا نام جس کا وزن آٹھ بار مستفعلن فاعلن آتا ہے۔

بَاسِطْ: (ب مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ط موقوف) فراخ کرنے والا، بچھانے والا، خداوند تعالیٰ کا نام، وہ پانی جو چراگاہ سے دور ہو۔

بَطّ: (ب مفتوح، ط مشدد موقوف) زخم اور تھیلی کو پھاڑنا، ایک مشہور پرندے کا نام ہے۔

بَطِیْط: (ب مفتوح، ط مکسور، ی ساکن ط موقوف) تعجب، حیرت، جھوٹ۔

بَلَاط: (ب مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) بہت ہموار زمین، وہ پتھر جو گھروں میں بچھائے جاتے ہیں، ہر وہ زمین جس پر اینٹ یا پتھر سے فرش بنایا گیا ہو، دمشق میں ایک گاؤں کا نام ہے مسلمہ بن علی محدث یہیں کے تھے، اندلس میں ایک قلعہ کا نام ہے، مدینہ میں ایک جگہ کا نام ہے جو مسجد اور بازار کے درمیان ہے جہاں پتھر کا فرش بنا ہوا ہے، مَرْعَش اور انطاکیہ کے درمیان ایک شہر کا نام جو ویران ہو گیا، قسطنطنیہ میں ایک مقام ہے جہاں سیف الدولہ کے قیدیوں کی جیل تھی، حلب میں ایک گاؤں، روئے زمین۔

﴿فصل الباء مع الظاء﴾

بَہْظ: (ب مفتوح، ہ ساکن، ظ موقوف) زخمی کرنا، زخم، بَہْض بھی آیا ہے۔

﴿فصل الباء مع العین﴾

بِتْع: (ب مکسور، ت ساکن، ع موقوف) شراب، لمبا آدمی، شہد کی نبیذ جس میں شدت آگئی ہو اور وہ جوش مارنے لگے، بِتَع بھی اسی معنی میں ہے۔

بَتَع: (ب مفتوح، ت مفتوح، ع موقوف) لمبی گردن والا گھوڑا۔

بِخَاع: (ب مکسور، خ مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پیٹھ میں ایک رگ ہے۔

بَخْع: (ب مفتوح، خ ساکن، ع موقوف) غم و غصہ کی وجہ سے خود کو ہلاک کرنا، خودکشی کرنا۔

بِخْع: (ب مکسور، خ ساکن، ع موقوف) حق کا اقرار کرنا، حق قبول کرنا، بخوع بھی اسی معنی میں ہے۔

بَاخِع: (ب مفتوح، ا ساکن، خ مکسور، ع موقوف) قتل کرنے والا، مبالغہ کرنے والا، قتل کا اقرار کرنے والا۔

بِدْع: (ب مکسور، د ساکن، ع موقوف) نو پید چیز۔

بِدَع: (ب مکسور، د مفتوح، ع موقوف) نئی پیدا ہونے والی چیزیں، بدعت کی جمع ہے۔

بَدِیْع: (ب مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ع موقوف) ایجاد کرنے والا، نئی چیز پیدا کرنے والا، نئی چیز، نئی مشک، وہ رسّی جسے بٹنا شروع کیا گیا ہو، موٹا آدمی۔

بَذَع: (ب مفتوح، ذ مفتوح، ع موقوف) ڈر، خوف۔

بُرُوْع: (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، ع موقوف) ہمسروں سے فضل و دانش میں بڑھ جانا، بَرَاعَت کا بھی یہی معنی ہے۔

بَارِع: (ب مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ع موقوف) ہمسروں سے فائق اور برتر۔

بُرْقُع: (ب مضموم، ر ساکن، ق مضموم، ع موقوف)

بَرْقَع: (ب مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ع موقوف)

بُرْقَع: (ب مضموم، ر ساکن، ق مفتوح، ع موقوف) نقاب، عورتوں اور جانوروں کا روپوش۔

بِرْقِع: (ب مکسور، ر ساکن، ق مکسور، ع موقوف) ساتویں یا پہلے آسمان کا نام، بُرْقُع بھی اس معنی میں ہے۔

بَزِیْع: (ب مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ع موقوف) خوش طبع۔

بُزَاع: (ب مضموم، ز مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ظریف آدمی۔

بَشَع: (ب مفتوح، ش مفتوح، ع موقوف) کھانے کا منہ میں بدمزہ ہونا۔

بَشِع: (ب مفتوح، ش مکسور، ع موقوف) گلے میں اٹکنے والا بدمزہ کھانا، بدخلق و بدذات آدمی، ترش رو۔

بَضْع: (ب مفتوح، ض ساکن، ع موقوف) جمع کرنا، پانی کا بہنا، مشک کا سوراخ جس سے پانی بہے، سبابہ اور وسطیٰ کا درمیانی فاصلہ۔

بِضْع: (ب مکسور، ض ساکن، ع موقوف) رات کا ایک پہر۔

بَضْع: (ب مفتوح، ض ساکن، ع موقوف) گوشت کے ٹکڑے، بضعۃ واحد ہے، گوشت کے ٹکڑے کرنا، زخم پھاڑنا، سیراب ہونا، کاٹنا، جماع کرنا، شادی کرنا، کسی سے عاجز ہونا، بات کرنا۔

بُضْع: (ب مضموم، ض ساکن، ع موقوف) جماع، عقدِ نکاح، مہر، طلاق، عورت کی شرمگاہ۔

بِضْع: (ب مکسور، ض ساکن، ع موقوف) رات کا ایک پہر، تین سے نو تک کی گنتی۔

بِضَع: (ب مکسور، ض مفتوح، ع موقوف) گوشت کے ٹکڑے۔

بَضِیْع: (ب مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ع موقوف) سمندر کا جزیرہ، ساتھی، گوشت، آدمی اور جانور کے خون کا بہنا۔

بَاضِع: (ب مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ع موقوف) کاٹنے والی تلوار، بحر یمن کے ساحل کے قریب ایک جزیرہ ہے۔

بِقَاع: (ب مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بقعہ کی جمع ہے، زمین کا وہ ٹکڑا جو دوسری زمینوں سے ممتاز ہو۔

بَقْع: (ب مفتوح، ق ساکن، ع موقوف) سخت بات کہنا، کسی پر الزام لگانا، کسی جگہ جانا۔

بَقَع: (ب مفتوح، ق مفتوح، ع موقوف) پرندوں کی دورنگی، مختلف رنگ کے کتے، مختلف رنگ کے حیوانات۔

بَقِیْع: (ب مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ع موقوف) وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درخت ہوں، بقیع الغرقد مدینہ کا قبرستان جس میں غرقد کے درخت بکثرت ہیں۔

بَلْقَع: (ب مفتوح، ل ساکن، ق مفتوح، ع موقوف) خالی زمین، بلاقع جمع ہے۔

بَلْع: (ب مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) نیچے لے جانا، نیک بختی۔

بُلَع: (ب مضموم، ل مفتوح، ع موقوف) چاند کی منزلوں میں سے ایک منزل جو دو ستارے ہیں ایک بڑا جو بہت روشن ہے ایک چھوٹا جو کم روشن ہے جو ستارہ روشن ہے گویا اس نے کمال روشنی کی وجہ سے دوسرے کو مخفی کر دیا ہے بعض لوگ کہتے ہیں اس کے طلوع ہونے کے وقت طوفان کے پانی کو زمین نے حکم الٰہی سے نیچے کر دیا اسی لیے اس منزل کو سعد بلع کہتے ہیں، رہٹ کی چرخی کا سوراخ۔

بَوْع: (ب مفتوح، و ساکن، ع موقوف) کسی چیز کو دونوں ہاتھ پھیلا کر ناپنا، گھوڑے کا دوڑنے میں لمبے لمبے قدم رکھنا۔

بُوع: (ب مفتوح رمضموم، و ساکن، ع موقوف) دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار، شرف وکرم، ان دو معانی کے لیے باع بھی آیا ہے۔

بَیْع: (ب مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) بیچنا، خریدنا، لیکن بیع کا اکثر استعمال بیچنے کے لیے ہے جیسا کہ شراء خریدنے کے معنی میں۔

بِیَع: (ب مکسور، ی مفتوح، ع موقوف) مجوسیوں کا عبادت خانہ، کلیسا، گرجا گھر، بیعۃ کی جمع ہے۔

﴿فصل الباء مع الغین﴾

بُزُوغ (ب مضموم، ز مضموم، و ساکن، غ موقوف) سورج کا نکلنا، دانت، حجام اور بیطار کا نشتر چلانا۔

بَازِغ: (ب مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، غ موقوف) طلوع کرنے والا۔

بُلُوغ: (ب مضموم، ل مضموم، و ساکن، غ موقوف) پہنچ، پہنچنا، پہنچنے کے قریب ہونا، بچے کا بالغ ہونے کے قریب ہونا۔

بَلَاغ: (ب مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) پہنچانا، پہنچایا گیا، حد کو پہنچنا۔

بِلَاغ: (ب مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) مبالغہ کرنا۔

بَالِغ: (ب مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، غ موقوف) پہنچنے والا، حد بلوغ کو پہنچنے والا جوان۔

بَلِیغ: (ب مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، غ موقوف) تیز زبان۔

﴿فصل الباء مع القاف﴾

بَاشَق: (ب مفتوح، ا ساکن، ش مفتوح، ق موقوف) ایک شکاری جانور، باشہ کا معرب ہے۔

بَاذِق: (ب مفتوح ا ساکن، ذ مکسور رمفتوح، ق موقوف) انگور کا رس جسے تھوڑا جوش دے کر رکھ دیتے ہیں تا کہ نشہ پیدا ہو جائے، بادہ کا معرب ہے حاذق باذق معنی حاذق کی تاکید ہے۔

بَرْق: (ب مفتوح رساکن، ق موقوف) بجلی کا چمکنا، ستارے کا نکلنا، ڈرانا، عورت کا سنورنا۔

بَرَق: (ب مفتوح، رمفتوح، ق موقوف) آنکھوں کا خیرہ ہونا، بروقہ گھاس کھانے کی وجہ سے بکری کے پیٹ میں درد ہونا، بکری کا بچہ بَرَہ کا معرب ہے۔

بُرَاق: (ب مضموم، رمفتوح، ا ساکن، ق موقوف) وہ سواری جس پر شب معراج حضور صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے جو گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔

بَرِیق وَبَرْق: (ب مفتوح، رمکسور، ی ساکن، ق موقوف) چمکنا، وہ روشنی جو بادل سے نکلتی ہے، فارسی میں اسے درخش کہتے ہیں، بادل کے اردگرد جو چمک ہوتی ہے اسے خفو کہتے ہیں، وہ بجلی جو لمبائی میں چمکتی ہے اور بادل کو پھاڑتی ہے اسے عقیقہ کہتے ہیں۔

بُرُوق: (ب مضموم، رمضموم، و ساکن، ق موقوف) چمکنا، وہ نازک درخت کہ جب بادل ظاہر ہوتا ہے تو وہ سبز ہو جاتا ہے، اس کا واحد بُرُوقَہ ہے۔

بَارِق: (ب مفتوح، ا ساکن، رمکسور، ق موقوف) بجلی والا بادل، یمن میں ایک قبیلے کے باپ کا نام ہے، کوفہ کے قریب ایک جگہ۔

بَزْق۔ بَسْق۔ بَصْق: (ب مفتوح، ز ساکن، ق موقوف) (ب مفتوح، س ساکن ق موقوف) (ب مفتوح، س ساکن، ق موقوف) تھوکنا۔

بُزَاق۔ بُسَاق۔ بُصَاق: (ب مضموم، ز مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) (ب مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) (ب مضموم، ص مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) تھوک جو باہر آئے، جب تک وہ منہ کے اندر ہو ریق کہتے ہیں، کھجور کے درخت کی ایک قسم۔

بُسُوق: (ب مضموم، س مفتوح، و ساکن، ق موقوف) بڑھنا، درخت کا لمبا ہونا۔

بَاسِق: (ب مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ق موقوف) لمبا، دراز، ایک خوشبودار پھل، بغداد کا ایک گاؤں ہے۔

بِطْرِیق: (ب مکسور، ط ساکن، رمکسور، ی ساکن، ق موقوف) سپاہی، جنگجو مرد، مغرور، فریبی، فربہ چڑیا، روم کا ایک سردار جس کے ماتحت دس ہزار سپاہی ہوتے اور اس کے نیچے طرخان جس کے حکم میں پانچ ہزار فوجی ہوتے اور اس سے نیچے قومش دو سو سپاہی اس کے ماتحت ہوتے ہیں، بطارقہ جمع ہے۔

بَقّ: (ب مفتوح، ق مشدد موقوف) مچھر۔

بَلْق: (ب مفتوح، ل ساکن، ق موقوف) پورا دروازہ کھولنا۔

بَلَق: (ب مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) گھوڑے کا سیاہ و سفید ہونا۔

بُنْدُق: (ب مضموم، ن ساکن، د مضموم، ق موقوف) بندوق کی گولی، مشہور میوہ جسے فندق کہتے ہیں، صاحب کنز کہتے ہیں کہ غلیل کا غلہ، مٹی کی گولی۔

بُوْرَق: (ب مضموم، و ساکن، رمفتوح، ق موقوف) نمک کی طرح ایک چیز ہے، بورہ کا معرب ہے، سوڈہ ہندی میں اسے کھلون کہتے ہیں، بہترین بورہ ارمنی ہے جسے نطرون کہتے ہیں۔

بَوْق: (ب مفتوح، و ساکن، ق موقوف) سختی، مصیبت۔

بُوْق: (ب مضموم، و ساکن، ق موقوف) باطل، جھوٹ، وہ شخص جو راز نہ چھپائے، بگل، تری، نرسنگھا جسے منہ سے پھونکتے ہیں۔

بَوَائِق: (ب مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) ستم، سختیاں۔

بَہَق: (ب مفتوح، ہ مفتوح، ق موقوف) برص کی بیماری کے علاوہ جسم پر سفید داغ جو بلغم کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے، وہ سیاہی جو سودا کے غلبے سے جسم پر ظاہر ہو، پہلی کو بہق سفید، دوسری کو بہق سیاہ کہتے ہیں، پہلی قسم زیادہ مشہور ہے، بہک کا معرب ہے۔

بَیْہَق: (ب مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، ق موقوف) نیشاپور کے پاس ایک شہر ہے، کہتے ہیں کہ بہق سبزہ دار کا نام ہے، سرزمین قومس پر ایک مقام۔

بَیَنْدَق: (ب مفتوح، ی مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ق موقوف) پیادہ کا معرب ہے، پیدل۔

﴿فصل الباء مع الکاف﴾

بَتْک: (ب مفتوح، ت ساکن، ک موقوف) کسی چیز کو کاٹنا، کھینچنا، پکڑنا۔

بَاتِکْ: (ب مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ک موقوف) کاٹنے والا۔

بَرْمَکْ: (ب مفتوح، ر ساکن، م مفتوح، ک موقوف) جعفر کا لقب ہے جو یحیٰ بن خالد برمکی کا دادا تھا اس کی اولاد کو برامکہ کہتے ہیں۔

بُرُوْک: (ب مضموم، ر مضموم، و ساکن، ک موقوف) اونٹ کا سونا۔

بُزُرْک: (ب مضموم، ز مضموم، ر ساکن، ک موقوف) بڑا، بزرگ کا معرب ہے، نظام الملک وزیر کا لقب۔

بَعْلَبَکْ: (ب مفتوح، ع ساکن، ل مفتوح، ب مفتوح، ک موقوف) شام میں ایک شہر کا نام ہے، حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم بعل بت کو پوجتی تھی۔

بَکّ: (ب مفتوح، ک مشدد موقوف) کوٹنا، پھاڑنا، بھیڑ کرنا۔

بُنْک: (ب مضموم، ن ساکن، ک موقوف) جڑ، ہر خالص چیز، رات کی ایک گھڑی، مشہور عطر کا نام ہے۔

بَوْک: (ب مفتوح، و ساکن، ک موقوف) گدھے کا گدھی کے اوپر چڑھنا، پانی نکالنے کے لیے لکڑی سے زمین کھودنا، اونٹ کا موٹا ہونا، کسی پر کام کا مشتبہ ہونا۔

﴿فصل الباء مع اللام﴾

بَابِلْ: (ب مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ل موقوف) کوفہ کے قریب ایک شہر کا نام ہے جو دریائے فرات کے مشرقی کنارے پر واقع تھا جادو اور شراب کو اس کی طرف منسوب کرتے ہیں اس وقت یہ شہر ویران ہو چکا ہے۔

بَال: (ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) دل، تن آسانی، حال، بڑی مچھلی، وہ آدمی جس پر کاشت کی زمین میں بھروسا کیا جائے، خوش حالی۔

بَتْل: (ب مفتوح، ت ساکن، ل موقوف) جدا کرنا، کاٹنا۔

بَتُوْل: (ب مفتوح، ت مضموم، و ساکن، ل موقوف) کنواری عورت، وہ عورت جو مردوں سے جدا ہو، دنیا سے علاحدہ، وہ پودا جو درخت کی جڑ سے اگا ہو اور اس درخت سے بے نیاز ہو، بتول حضرت مریم اور حضرت فاطمہ کا لقب ہے اس لیے کہ وہ دین اور فضیلت کے لحاظ سے زمانہ کی عورتوں سے افضل اور ممتاز تھیں اور خدا کے لیے دنیا سے علاحدہ تھیں۔

بُخْل۔ بَخَل۔ بَخَلْ۔ بُخُلْ: (ب مفتوح، مضموم، خ ساکن، مضموم، مفتوح، ل موقوف) کنجوس ہونا۔

بَخِیْل: (ب مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، ل موقوف) کنجوس، تنگ دل،

بِدْل: (ب مکسور، د ساکن، ل موقوف) کسی چیز کا معاوضہ، شریف اور کریم۔

بَدَل: (ب مفتوح، د مفتوح، ل موقوف) وہ چیز جو کسی چیز کا معاوضہ ہو، ہاتھوں، پیروں اور جوڑوں میں درد والا ہونا۔

بَدِیْل: (ب مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ل موقوف) کسی چیز کا بدل، اَبْدَال جمع ہے، حکیم خاقانی کا نام ہے جیسا کہ خود کہتے ہیں ؎

درجز درتست سجدۂ جایم
پس من نہ بدیل بوالعلایم

بَدّال: (ب مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) غلہ بیچنے والا، عام لوگ اسے بقال کہتے ہیں (بنیا)

بَذْل: (ب مفتوح، ذ ساکن، ل موقوف) دینا، معلوم کرنا۔

بَاذِلْ: (ب مفتوح، ا ساکن، ذ مکسور، ل موقوف) بخشنے والا، دینے والا۔

بَزْل: (ب مفتوح، ز ساکن، ل موقوف) سختی، پھاڑنا، شراب کے برتن وغیرہ میں سوراخ ہونا، شراب صاف کرنا، کام کو پورا کرنا، اونٹ کا جوان ہونا، کچلی نکلنا، بُزُول بھی اسی معنی میں ہے۔

بَازِلْ: (ب مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ل موقوف) نو سال کا اونٹ جس وقت اس کے دانت نکلتے ہیں۔

بَسْل: (ب مفتوح، س ساکن، ل موقوف) حرام، حلال، جلدی کرنا، سختی، چھلنی میں چھاننا، تھوڑی چیز لینا، تھوڑی چیز، ملامت کرنا، کسم کا پانی، مہندی، بدشکل آدمی۔

بَاسِلْ: (ب مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ل موقوف) بہادر شیر۔

بِسِیْل: ب مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بدشکل آدمی۔

بَصَلْ: (ب مفتوح، ص مفتوح، ل موقوف) پیاز، لوہے کی خود۔

بَطْل: (ب مفتوح، ط ساکن، ل موقوف) ناچیز، کمتر، ضائع ہونا، اسی معنی میں بُطلان اور بُطول ہے۔

بُطْل۔بَطَلْ: (ب مضموم/مفتوح، ط ساکن/مفتوح، ل موقوف) بہادر، ابطال جمع ہے۔

بَاطِلْ: (ب مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ل موقوف) ناچیز، ناحق، شیطان۔

بَطَّال: (ب مفتوح، ط مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) انتہائی بیکار، بہت بہادر۔

بَعْل: (ب مفتوح، ع ساکن، ل موقوف) وہ بلند زمین جس پر سال میں ایک بار بارش ہوتی ہے، ہر وہ درخت اور کھیتی جس کو پانی نہ دیں یہاں تک کہ بارش کا پانی اسے سیراب کرے، الیاس علیہ السلام کی قوم کے بت کا نام، ایک بادشاہ کا نام، کسی چیز کا مالک، شوہر، بِعال و بُعُولَۃ جمع ہے۔

بِعْل: (ب مکسور، ع ساکن، ل موقوف) اتنا حیران ہونا کہ سمجھ میں نہ آئے کہ کیا کرے۔

بِعَال: (ب مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) عورت کے ساتھ کھیلنا، جماع کرنا۔

بَعَال: (ب مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) عسفان کے قریب ایک جگہ ہے، بُعَال (ب مضموم) ایک پہاڑ۔

بَغْل: (ب مفتوح، غ ساکن، ل موقوف) خچر، بِغال (ب مکسور) جمع ہے، رَأس البَغل عجم میں ایک سکہ ڈھالنے والے کا نام ہے جس نے شرعی درہم کا سکہ ڈھالا، اسی لیے اسے درہم بغلی کہتے ہیں۔

بَغَّال: (ب مفتوح، غ مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) خچربان۔

بَقْل: (ب مفتوح، ق ساکن، ل موقوف) ترکاری، سبزی، بچے کو داڑھی نکلنا، خچر کا کچلی والا ہونا، زمین کا گھاس اگانا۔

بَاقِلْ: (ب مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ل موقوف) ایک شخص کا نام ہے جو نادانی اور بے زبانی کے لیے ضرب المثل ہے، ایک قبیلہ کے باپ کا نام ہے، مورث اعلیٰ۔

بَقَّال: (ب مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) سبزی ترکاری بیچنے والا، غلہ بیچنے والا۔

بَکْل: (ب مفتوح، ک ساکن، ل موقوف) آٹا، ستو اور گھی ملا کر کھانا تیار کرنا۔

بِکَال: (ب مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) حمیر کے ایک قبیلے کا جد اعلیٰ۔

بَلَلْ: (ب مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) تری۔

بِلَل: (ب مکسور، ل مفتوح، ل موقوف) تریاں، بِلَّۃ کی جمع ہے۔

بِلَال: (ب مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) پانی اور وہ چیز جس سے گلے کو تر کریں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موذن کا نام۔

بَلّ: (ب مفتوح، ل مشدد موقوف) بیماری سے صحت یاب ہونا، تر کرنا، صلہ رحمی کرنا۔

بِلّ: (ب مکسور، ل مشدد موقوف) مباح۔

بَلْ: (ب مفتوح، ل موقوف) بلکہ یہ کلمہ کسی چیز کی ترقی کے لیے یا کسی چیز سے اعراض اور سابق سے اضراب کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

بَلْبَال: (ب مفتوح، ل ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) شدت، سختی، غم، وسوسہ، بھیڑیا۔

بُلْبُل: (ب مضموم، ل ساکن، ب مضموم، ل موقوف) ہزار داستان، ایک پرندہ، چست مرد، سفر میں یا چلنے میں تیز، لوٹے کی ٹونٹی۔

بِلْبَال: (ب مکسور، ل ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) سخت غمگین ہونا۔

بَوْل: (ب مفتوح، و ساکن، ل موقوف) پیشاب کرنا، پیشاب، لڑکا، زیادہ عدد، پھٹنا۔

بُوَال: (ب مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ایک مرض ہے جس میں زیادہ پیشاب ہوتا ہے۔

بَہَل: (ب مفتوح، ہ مفتوح، ل موقوف) نفرت کرنا، تھوڑی چیز، چھوڑنا۔

بَاہِل: (ب مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ل موقوف) بیکار کرنے والا، بے لاٹھی چرواہا، بے مہار اور بے پالان اونٹنی۔

بُہْلُوْل: (ب مضموم، ہ ساکن، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) ہنسنے والا مرد، قوم کا پیشوا جو بھلائیوں کا جامع ہو، مشہور ولی کا نام ہے، (حضرت بہلول دانا رحمۃ اللہ علیہ)

بِیْل: (ب مکسور، ی ساکن، ل موقوف) ملک رے کا ایک حصہ، سرخس میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

﴿فصل الباء مع المیم﴾

بُذْم: (ب مضموم، ذ ساکن، م موقوف) رائے، رائے کی عمدگی، دور اندیشی، کام میں استقلال، قوت برداشت۔

بَرَم: (ب مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) ملال، رنج، کسی سے ڈرنا، وہ آدمی جو اپنے ساتھیوں کے ساتھ جوئے میں شامل نہ ہو، انگور کا دانہ جو بہت چھوٹا ہو، ایک میوہ۔

بَرِیْم: (ب مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، م موقوف) سرخ اور سفید ڈوری جسے عورت بازو یا کمر پر باندھتی ہے، ہر وہ چیز جو دو مختلف رنگ والی ہو، سرمہ ملا ہوا آنسو، لشکر۔

بَرَاجِم: (ب مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، م موقوف) انگلیوں کے پور، حضرت حنظلہ بن مالک کی یتیم اولاد کے گروہ کا نام ہے۔

بِرْسَام: (ب مکسور، ر ساکن، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وہ ورم جو بائیں پہلو میں پیدا ہو، اس ورم والا ہذیان (بیہودہ بات) بکتا ہے، اور اس بیماری کو شوصہ اور ثمونیہ کہتے ہیں، بَرسام کا معرب ہے جس کا معنی سینہ کی بیماری۔

بَزْم: (ب مفتوح، ز ساکن، م موقوف) اگلے دانتوں سے کاٹنا، انگوٹھے اور سبابہ سے اونٹنی کو دوہنا، کپڑا لے جانا۔

بَسْم: (ب مفتوح، س ساکن، م موقوف) آہستہ ہنسنا، مسکرانا۔

بَسَّام: (ب مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زیادہ مسکرانے والا، ایک شخص کا نام ہے۔

بِسْطَام: (ب مکسور، س ساکن، ط مکسور، ا ساکن، م موقوف) ایک آدمی کا نام، ایک شہر کا نام جہاں عارف باللہ ابو یزید بسطامی پیدا ہوئے تھے، بَسطام بھی آیا ہے۔

بَشَم: (ب مفتوح، ش مفتوح، م موقوف) کھانے کا ناگوار ہونا، بدہضمی ہونا، کسی چیز سے اکتا جانا۔

بَشَام: (ب مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے مسواک بناتے ہیں اور اس کی پتی سے بالوں میں خضاب لگاتے ہیں۔

بُصْم: (ب مضموم، ص ساکن، م موقوف) چھنگلی اور اس کے بعد والی انگلی کے بیچ کا فاصلہ، عَتَب چھنگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ، رَتَب کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی کا درمیانی فاصلہ، فِتر انگوٹھے اور کلمہ کی انگلی کا درمیانی فاصلہ، شِبر انگوٹھے اور چھنگلی کے درمیان کا فاصلہ (بالشت) درازی کے وقت دو انگلیوں کا درمیانی فاصلہ۔

بُطُم: (ب مضموم، ط مضموم، م موقوف) بَن کا ایک دانا (ایک دوا) اور اس کا درخت۔

بَقَّم: (ب مفتوح، ق مشدد مفتوح، م موقوف) فارسی میں بَقَم آیا ہے، ایک درخت جس کی پتیاں بادام کے پتوں کی طرح ہوتی ہیں، اس کی شاخ سرخ ہوتی ہے جسے پکا کر رنگتے ہیں۔

بُقَّم: (ب مضموم، ق مشدد مفتوح، م موقوف) دھتورے کا درخت۔

بُکْم: (ب مضموم، ک ساکن، م موقوف) اَبْکَم کی جمع یعنی گونگا۔

بَکَم: (ب مفتوح، ک مفتوح، م موقوف) گونگا ہونا۔

بُلْعُوم۔ بُلْعَم: (ب مضموم، ل ساکن، ع مضموم، و ساکن، م موقوف) (ب مضموم، ل ساکن، ع مفتوح، م موقوف) حلق، کھانے کی نلی۔

بَلْعَم: (ب مفتوح، ل ساکن، ع مفتوح، م موقوف) زیادہ کھانے والا آدمی، بہت گھونٹنے والا، کھانے کو نگلنے والا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے ایک مشہور عالم کا نام جسے بلعام بھی کہتے ہیں، روم کی سرحد پر ایک شہر کا نام، ایک قبیلہ ہے اس تقدیر پر بنوالعم کا مخفف ہے۔

بَلْغَم: (ب مفتوح، ل ساکن، غ مفتوح، م موقوف) اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام۔

بَمّ (ب مفتوح، م مشدد موقوف) ساز کے تاروں میں موٹا تار، کرمان کا ایک شہر ہے۔

بُمّ: (ب مضموم، م مشدد موقوف) بُوم (اُلو) ایک منحوس پرندہ۔

بُوم: (ب مضموم، و ساکن، م موقوف) ایک منحوس پرندہ جسے چغد (اُلو) کہتے ہیں۔

بُہْم: (ب مضموم، ہ ساکن، م موقوف) سوار، فوجیں، مسکین لوگ۔

بُہُم: (ب مضموم، ہ مضموم، م موقوف) چھوٹے چوپائے جیسے بکری کا بچہ وغیرہ۔

بَہَائِم: (ب مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، م موقوف) غیر ذوی العقول حیوانات، جانور۔

بِیرُم: (ب مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، م موقوف) بڑھئی کا برما، رود گروں کا ایک آلہ جسے فارسی میں کردیر کہتے ہیں، گھسا ہوا سرمہ۔

﴿فصل الباء مع النون﴾

بَان: (ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک درخت کا نام ہے جس سے محبوبوں کے قد کو تشبیہ دیتے ہیں اور اس کے پھل سے تیل نکالتے ہیں جو بہت مفید اور خوشبودار ہوتا ہے اور اسے دھن البان کہتے ہیں، مصر اور نیشاپور میں ایک گاؤں ہے۔

بُحْرَان: (ب مضموم، ح ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بیماری میں بڑا تغیر ہونا جو بیماری کو صحت یا موت کی طرف لے جائے، یہ اصل میں یونانی لفظ ہے۔

بَحْرَیْن (ب مفتوح، ح ساکن، ر مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) مشہور شہر کا نام، بحرانی اسی کی طرف منسوب ہے۔

بُدْن: (ب مضموم، د ساکن، ن موقوف) بَدَنَہ کی جمع ہے، بَدَنَہ وہ گائے اور اونٹ جنھیں قربانی کے لیے مکہ معظمہ لے جائیں۔

بُدْن: (ب مضموم/مفتوح، د ساکن، ن موقوف) مٹاپا، گوشت کا بھرنا۔

بَدَن: (ب مفتوح، د مفتوح، ن موقوف) جسم علاوہ سر، عمر دراز آدمی، چھوٹی زرہ، اَبْدَان جمع ہے، مرد کا حسب ونسب۔

بَدِیْن۔ بَادِن: (ب مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ن موقوف) (ب مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ن موقوف) عظیم الجثہ آدمی (لمبا موٹا آدمی)

بَاذَان (ب مفتوح، ا ساکن، ذ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اہل فارس کے ایک آدمی کا نام جو خسرو پرویز کی جانب سے یمن کا حاکم تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ کی وجہ سے مسلمان ہوا۔

بُرْہَان (ب مضموم، ر ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) روشن دلیل، مضبوط دلیل۔

بُرْثُن: (ب مضموم، ر ساکن، ث مضموم، ن موقوف) ایک قبیلے کا نام ہے، درندہ جانوروں کا چنگل اور پنجہ، بعض لوگ کہتے ہیں کہ بُرْثُن انگلیاں، پنجہ اور چنگل ہے۔

بِرْذَوْن:(ب مکسور، رساکن، ذمفتوح، وساکن، ن موقوف) گھوڑا، ٹٹو، گھوڑے کی ایک قسم تحقیق یہ ہے کہ برذون وہ گھوڑا ہے جس کے ماں باپ عربی نہ ہوں یا ماں باپ میں سے کوئی ایک عربی نہ ہو معنی اول ہی میں استعمال کیا جاتا ہے، وہ گھوڑا جس کی ماں عربی نہ ہو اور وہ گھوڑا جس کا باپ عربی نہ ہو اسے مُقْرِف (محسن کے وزن پر) کہتے ہیں، عربی النسل گھوڑے کو عتیق کہتے ہیں اور یہ لفظ عام و خاص دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے، لیکن مطلق گھوڑے کے معنی میں جیسا کہ صحاح میں ہے محل غور ہے کتاب سامی میں بھی اس گھوڑے کے معنی میں ہے جس کی ماں عربی نہ ہو، فارسی میں اس کی تفسیر مانچی سے کی گئی ہے، شیخ ابوجعفر طوسی نے بھی مانچی سے تفسیر کی ہے، مانچی وہ گھوڑا ہے جس کے ماں باپ میں سے ایک عربی اور دوسرا غیر عربی ہو۔

بِرْذِين: (ب مکسور، رساکن، ذمکسور، ی ساکن، ن موقوف) چمڑے کا پیالہ، کھجور کا شگوفہ۔

بُسْتَان:(ب مضموم، س ساکن، ت مفتوح، اساکن، ن موقوف) باغ، بوستان کا معرب، بَسَاتِین جمع ہے۔

بُطْحَان: (ب مضموم، ط ساکن، ح مفتوح، اساکن، ن موقوف) مدینہ کے قریب ایک مکان ہے، ابن اثیر نے بَطحان (ب مفتوح) لکھا ہے۔

بَطْن: (ب مفتوح، ط ساکن، ن موقوف) پیٹ، چھوٹا قبیلہ، گڑھا، پرندے کے پر کی درازی، کسی چیز کا اندرونی حصہ، بُطنان جمع ہے، کسی معاملہ کی تہہ کو پہنچنا، پیٹ پر مارنا۔

بَطَن: (ب مفتوح، ط مفتوح، ن موقوف) بڑے پیٹ والا ہونا، پیٹ کی بیماری۔

بَطِن: (ب مفتوح، ط مکسور، ن موقوف) پیٹو آدمی جو کھانے سے سیر نہیں ہوتا، مالدار، متکبر۔

بُطُن: (ب مضموم، ط مضموم، ن موقوف) مسور کے برابر ایک دانہ ہے۔

بِطَان: (ب مکسور، ط مفتوح، اساکن، ن موقوف) اونٹ کے پالان کی رسی جو اس کے پیٹ کے نیچے باندھتے ہیں۔

بَطِين: (ب مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بڑے شکم والا مرد، دور، ایک شخص کا لقب ہے۔

بُطَيْن: (ب مضموم، ط مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) ایک شاعر کا نام ہے، چاند کی دوسری منزل جو تین ستارے ہیں جن میں چھوٹا ستارہ چولہے کے مانند برج حمل پر واقع ہے۔

بَاطِن:(ب مفتوح، اساکن، ط مکسور، ن موقوف) کسی چیز کا اندرونی حصہ، پوشیدہ چیز، کسی چیز کی تہہ تک پہنچنے والا، خدائے تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔

بُطْلَان:(ب مضموم، ط ساکن، ل مفتوح، اساکن، ن موقوف) ناچیز ہونا، ضائع ہونا۔

بَلَسَان: (ب مفتوح، ل مفتوح، س مفتوح، اساکن، ن موقوف) مہندی کے درخت کے مانند ایک چھوٹا درخت جو عین الشمس مصر کے سوا کہیں نہیں اگتا۔

بَنَان: (ب مفتوح، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) انگلیاں، انگلیوں کا سرا، اس کا واحد بَنَانَہ ہے، بَنَان مفرد کے معنی میں بھی آیا ہے، ایک پہاڑ ہے۔

بُنَان: (ب مضموم، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

بِنَان: (ب مکسور، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) خوشبو اور بدبو۔

بُنْيَان:(ب مضموم، ن ساکن، ی مفتوح، اساکن، ن موقوف) دیوار بنانا، کسی چیز کے گرد دیوار اٹھانا بعض لوگ کہتے ہیں بنیان اور بنیاد گھر کے معنی میں ہے۔

بِنْيَامِين: (ب مکسور، ن ساکن، ی مفتوح، اساکن، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بروزن اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کا لڑکا، ابن یامین جو مشہور ہے غلط ہے۔

بُوْرَان:(ب مضموم، و ساکن، ر مفتوح، اساکن، ن موقوف) حسن بن

سہیل کی بیٹی اور مامون کی بیوی، بورانیہ ایک مشہور کھانا ہے جو اس کی طرف منسوب ہے جیسا کہ قاموس اور تاریخ ابن خلکان میں ہے لیکن شیخ بوعلی سینا نے شفا میں لکھا ہے "بورانیہ" بوران کی طرف منسوب ہے جو پرویز کی نواسی ہے۔

بُوقَلَمُون: (ب مضموم، وساکن، ق مفتوح، ل ساکن، م مضموم، وساکن، ن موقوف) رومی کپڑے کی ایک قسم جو ہر گھڑی نیا رنگ دکھاتا ہے اسے ابوقلمون بھی کہتے ہیں۔

بَوْن: (ب مفتوح، وساکن، ن موقوف) زیادتی، افزائش، بڑھوتری۔

بُوْن: (ب مضموم، وساکن، ن موقوف) دو چیزوں کی درمیانی مسافت، بَوْن بھی آیا ہے، یمن میں ایک شہر ہے، ہرات میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

بُوَان: (ب مکسور، مضموم، ومفتوح، اساکن، ن موقوف) خیمے کا کھمبا، گھائی۔

بَوَّان: (ب مفتوح، ومشدد مفتوح، اساکن، ن موقوف) فارس میں ایک مقام کا نام ہے جسے دنیا کی چار جنتوں میں سے ایک شمار کرتے ہیں۔

بَہْمَن: (ب مفتوح، ہ ساکن، م مفتوح، ن موقوف) مولی کی جڑ کے مانند ایک پودا جو تھوڑی تلخی رکھتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں، سرخ وسفید، مشہور بادشاہ، گیارھواں فارسی مہینہ، اس مہینے کے ایک دن کا نام۔

بُہْتَان: (ب مضموم، ہ ساکن، ت مفتوح، اساکن، ن موقوف) جھوٹ بنانا، افترا، جھوٹ۔

بَیَان: (ب مفتوح، ی مفتوح، اساکن، ن موقوف) واضح اور ظاہر بات کہنا، واضح اور ظاہر بات۔

بَیْن: (ب مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) بیچ، دوری، جدا ہونا، غُـرَابُ الْبَیْن جنگلی کوا، لال چونچ اور لال پیر والا کوا، یہ جدائی کی دلیل ہے۔

بِیْن: (ب مکسور، ی ساکن، ن موقوف) کنارہ، دو زمینوں کا درمیانی فاصلہ، مد نظر کی مقدار، ایک جگہ کا نام ہے۔

بَیِّن: (ب مفتوح، ی مشدد مکسور، ن موقوف) روشن۔

بَیْلَقَان: (ب مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، ق مفتوح، اساکن، ن موقوف) دربند کے قریب ایک شہر کا نام ہے جہاں کا مشہور شاعر مجیر بیلقانی ہے۔

بَیْلَمَان: (ب مفتوح، ی ساکن،، ل مفتوح، م مفتوح، اساکن، ن موقوف) بیلقان کے وزن پر یمن یا ہندوستان میں ایک جگہ ہے جس کی طرف شمشیر بیلمانی منسوب ہے۔

﴿فصل الباء مع الواو﴾

بَاوْ: (ب مفتوح، اساکن، وموقوف) غرور وتکبر کرنا۔

بَدْو: (ب مفتوح، دساکن، وموقوف) بیابان، صحرا، صحرا میں رہنا، ظاہر ہونا، بُدُوّ بھی اسی معنی میں ہے۔

بَزْو: (ب مفتوح، زساکن، وموقوف) سرکشی کرنا، غصہ کرنا، سختی کرنا۔

بَلْو: (ب مفتوح، ل ساکن، وموقوف) آزمانا۔

بَوّ: (ب مفتوح، ومشدد موقوف) اونٹ کے بچے کی کھال جسے گھاس سے بھر دیں، اونٹنی جس کا بچہ مر گیا ہو اس سے اونٹنی کو تسلی دیں اور دودھ دوہیں، اونٹ کا نادان بچہ۔

بَہْو: (ب مفتوح، ہ ساکن، وموقوف) بیلوں کا وسیع باڑہ، کشادہ زمین، سینہ کا بیچ، دو پستانوں کے درمیان کی جگہ، حاملہ عورت کے بچے کے سونے کی جگہ، وہ مکان جسے مکانوں کے آگے تعمیر کریں، صاحب صراح کہتے ہیں "بَہو" گھر سے جدا ایک کمرہ جو بطور مہمان خانہ استعمال ہو۔

﴿فصل الباء مع الہاء﴾

بَاہ: (ب مفتوح، اساکن، ہ موقوف) جماع۔

بَدْہ: (ب مفتوح، دساکن، ہ موقوف) اچانک آنا۔

بُلْہ: (ب مضموم، ل ساکن، ہ موقوف) اَبْلَہ کی جمع بمعنی نادان۔

بَلَہ: (ب مفتوح، ل مفتوح، ہ موقوف) نادان ہونا۔

بَلْہ: (ب مفتوح، ل ساکن، ہ موقوف) چھوڑ دے۔

بُوْہ: (ب مضموم، وساکن، ہ موقوف) اُلو کے مانند ایک پرندہ ہے،

شکاری جانور جس کو چرغ کہتے ہیں، بے وقوف مرد۔

بَدْہ: (ب مفتوح، د ساکن، ہ موقوف) لعنت اور نفرت کرنا۔

بُوَیْہ: (ب مضموم، و مفتوح، ی ساکن، ہ موقوف) بہرام گور کی اولاد میں ایک بادشاہ تھا جس کی کنیت ابوشجاع تھی، شاہان دیالمہ (دیلمیہ) اسی کی اولاد سے ہیں اس کے فرزندوں کو آل بُوَیہ کہتے ہیں اور بُوَیہ بھی کہتے ہیں۔

﴿فصل الباء مع الیاء﴾

بَاقِلَّانِیّ: (ب مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی مشدد موقوف) ترکاری بیچنے والا، ایک مشہور دانشور کا لقب ہے۔

بَانِی: (ب مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی موقوف) تعمیر کرنے والا۔

بَادِی: (ب مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی موقوف) شروع کرنے والا، پیدا کرنے والا، جنگلی مرد، کسی چیز کا پہلا، بَادِیُ الرَّائے پہلی سوچ۔

بَاقِی: (ب مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ی موقوف) ہمیشہ رہنے والا، حق تعالیٰ کا ایک نام ہے۔

بَاکِی: (ب مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ی موقوف) رونے والا۔

بَالِی: (ب مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ی موقوف) پُرانا۔

بُخْتِیّ: (ب مضموم، خ ساکن، ت مکسور، ی مشدد موقوف) بہت طاقتور اونٹ جو خراسان سے لاتے ہیں۔

بَدِیّ: (ب مفتوح، د مکسور، ی مشدد موقوف) پیدا کیا ہوا، پہلا، وہ کنواں جو دورِ اسلام میں کھودا گیا۔

بَذِیّ: (ب مفتوح، ذ مکسور، ی مشدد موقوف) فحش گو آدمی، بیہودہ باتیں کرنے والا۔

بَرْی: (ب مفتوح، ر ساکن، ی موقوف) مٹی، تراشنا، زیادہ سفر سے اونٹ کو کمزور کر دینا۔

بَارِی: (ب مفتوح، ا ساکن ر مکسور، ی موقوف) مٹی سے پیدا کرنے والا۔

بُرْدِی: (ب مضموم، ر ساکن، د مکسور، ی موقوف) اچھی کھجور کی ایک قسم۔

بَرْدِیّ: (ب مفتوح، ر ساکن، د مکسور، ی مشدد موقوف) ایک گھاس ہے جس کی شاخ اور پتی سے بوریا بنتے ہیں، فارسی میں اسے لخ کہتے ہیں یہ اکثر دریا کے کنارے ہوتی ہے جس سے چٹائی بناتے ہیں۔

بَرْنِیّ: (ب مفتوح ر ساکن، ن مکسور، ی مشدد موقوف) کھجور کی ایک قسم برنیک کا معرب یعنی اچھا میوہ، عمدہ میوہ، قصبہ برن کی طرف منسوب ہے، مولف تاریخ فیروز شاہی ضیا برنی یہیں کا رہنے والا تھا۔

بَغْی: (ب مفتوح، غ ساکن، ی موقوف) ستم کرنا، بڑا ہونا، حق سے پھر جانا، سرکشی کرنا، جھوٹ بولنا، چلنا، جلدی کرنا، کسی چیز کو دیکھنا، امید رکھنا۔

بَغِیّ: (ب مفتوح، غ مکسور، ی مشدد موقوف) باندی، بدکار عورت۔

بَاغِی: (ب مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ی موقوف) چاہنے والا، ستم کرنے والا۔

باب التاء

فصل التاء مع الالف

تَبَرُّأ: (ت مفتوح، ب مفتوح، ر مشدد مضموم، أ موقوف) بیزار ہونا۔
تَبَوُّأ: (ت مفتوح، ب مفتوح، و مشدد مضموم، أ موقوف) جگہ لینا۔
تَتْرٰی: (ت مفتوح، ت ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) ایک کے بعد ایک، اصل میں وَتْرٰی تھا جو وتر سے ماخوذ ہے۔
تَقْوٰی: (ت مفتوح، ق ساکن، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) تُقٰی (ت مضموم، ق مفتوح، ا مقصورہ موقوف) پرہیزگاری۔
تَکَافُؤ: (ت مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ف مضموم، أ موقوف) آپس میں برابر ہونا۔
تِلْقَاء: (ت مکسور، ل ساکن، ق مفتوح، آ ممدودہ، ء موقوف) دیدار، جانب، سمت (سامنے)
تَوَکُّؤ: (ت مفتوح، و مفتوح، ک مشدد مضموم، ء موقوف) ٹیک لگانا، سہارا لینا۔
تَوَاطُؤ: (ت مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ط مضموم، ء موقوف) آپس میں اتفاق کرنا۔
تَوَاء: (ت مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہلاک ہونا۔
تَوَضُّؤ: (ت مفتوح، و مفتوح، ض مشدد مضموم، ء موقوف) ہاتھ اور منہ دھونا، لڑکے اور لڑکی کا حد بلوغ کو پہنچنا۔
تُوتِیَا: (ت مضموم، و ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، ا موقوف) سرمے کا پتھر، یہ معرب ہے۔
تَہَیُّؤ: (ت مفتوح، ہ مفتوح، ی مشدد مضموم، ء موقوف) کسی کام کے لیے تیار ہونا۔
تَیْہَاء۔ تَیْمَاء: (ت مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) (ت مفتوح، ی ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وہ لق و دق صحرا جس میں لوگ حیران اور سرگرداں ہوں۔

فصل التاء مع الباء

تَأْدِیْب: (ت مفتوح، أ ساکن، د مکسور، ی ساکن ب موقوف) ادب سکھانا، ادب دینا۔
تَأَدُّب: (ت مفتوح، أ مفتوح، د مشدد مضموم، ب موقوف) ادب حاصل کرنا، ادب پانا۔
تَادِیْب: (ت مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پاکی بیان کرنا، دن میں جانا۔
تَانِیْب: (ت مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ب موقوف) سرزنش کرنا، تنبیہ کرنا۔
تَأَہُّب: (ت مفتوح، أ مفتوح، ہ مشدد مضموم، ب موقوف) آمادہ و مستعد ہونا۔
تَبْوِیْب: (ت مفتوح، ب ساکن، و مکسور، ی ساکن، ب موقوف) باب باب کرنا (کتاب وغیرہ کا)
تَبّ: (ت مفتوح، ب مشدد موقوف) ہلاک ہونا، زیاں کار ہونا۔
تَبَاب: (ت مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ہلاک ہونا، زیاں کار ہونا۔
تَثْرِیْب: (ت مفتوح، ث ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) سرزنش کرنا، تنبیہ کرنا۔
تَثْوِیْب: (ت مفتوح، ث ساکن، و مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پھرنا، اجرت دینا، نماز کی طرف بلانا، فجر کی اذان میں دو بار الصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم کہنا۔
تَجَاذُب: (ت مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ذ مضموم، ب موقوف) ایک دوسرے کو کھینچنا۔
تَجَنُّب: (ت مفتوح، ج مفتوح، ن مشدد مضموم، ب موقوف) دور ہونا۔
تَجُوْب: (ت مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ب موقوف) قبیلہ حمیر کا ایک

گروہ، اسی قبیلہ سے ابن ملجم تجوبی قاتلِ حضرت علی ہے۔

تُجَیب: (ت مضموم/مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ب موقوف) قبیلہ کندہ کا ایک گروہ، کنانہ بن بشیر قاتلِ حضرت عثمان بن عفان اسی گروہ سے تعلق رکھتا ہے۔

تَحَابّ: (ت مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ب مشدد موقوف) ایک دوسرے کو دوست رکھنا۔

تَحَارُب: (ت مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، ب موقوف) ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔

تَخرِیب: (ت مفتوح، خ ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) ویران کرنا۔

تَدَرُّب: (ت مفتوح، د مفتوح، ر مشدد مضموم، ب موقوف) عادت بنانا، کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔

تَذہِیب: (ت مفتوح، ذ ساکن، ہ مکسور، ی ساکن، ب موقوف) سونے کا ملمع کرنا۔

تَذَبْذُب: (ت مفتوح، ذ مفتوح، ب ساکن، ذ مضموم، ب موقوف) ہلنا۔

تَذنِیب: (ت مفتوح، ذ ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسی چیز میں دم لگانا، شملہ لگانا۔

تُرب: (ت مضموم، ر ساکن، ب موقوف) مٹی۔

تَرب: (ت مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) خاک آلود ہونا، فقیر ہونا، ڈینگ مارنا۔

تِرب: (ت مکسور، ر ساکن، ب موقوف) ہم عمر، کسی کا ہم عمر ہونا۔

تُراب: (ت مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) مٹی، تربت۔

تَراب: (ت مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) مٹی۔

تَرائِب: (ت مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ب موقوف) سینے کی ہڈیاں، تَرِیبہ کی جمع ہے۔

تَرتِیب: (ت مفتوح، ر ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ب موقوف) ہر چیز کے درجے کو درست کرنا، ہر چیز کو اس کی جگہ میں رکھنا۔

تَرجِیب: (ت مفتوح، ر ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ب موقوف) بزرگ سمجھنا، شان و شوکت رکھنا، رجب کے مہینے میں قربانی کرنا، دوکان اور دیوار بنانا، پھلوں سے بھرے درخت کے نیچے تھونی لگانا تا کہ درخت نہ گرے۔

تَرحِیب: (ت مفتوح، ر ساکن، ح مکسور، ی ساکن، ب موقوف) مرحبا کہنا۔

تَرطِیب: (ت مفتوح، ر ساکن، ط مکسور، ی ساکن، ب موقوف) تر کرنا، کھجور کھلانا۔

تَرغِیب: (ت مفتوح، ر ساکن، غ مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسی کو رغبت اور خواہش دلانا۔

تَرَقُّب: (ت مفتوح، ر مفتوح، ق مشدد مضموم، ب موقوف) امید رکھنا، (انتظار کرنا)

تَرکِیب: (ت مفتوح، ر ساکن، ک مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسی چیز کو دوسری چیز میں فٹ کرنا، ملانے کے لیے کسی چیز کو کسی چیز پر رکھنا، اس کو بھی ترکیب کہتے ہیں یعنی انگوٹھی میں نگینہ لگانا۔

تَرَکُّب: (ت مفتوح، ر مفتوح، ک مشدد مضموم، ب موقوف) کسی چیز کا کسی چیز میں ملنا۔

تَرہِیب: (ت مفتوح، ر ساکن، ہ مکسور، ی ساکن، ب موقوف) ڈرانا۔

تَرَہُّب: (ت مفتوح، ر مفتوح، ہ مشدد مضموم، ب موقوف) عبادت کرنا، ڈرنا۔

تَسَبُّب: (ت مفتوح، س مفتوح، ب مشدد مضموم، ب موقوف) سبب پیدا ہونا، سبب بننا۔

تَسَحُّب: (ت مفتوح، س مفتوح، ح مشدد مضموم، ب موقوف) ناز کرنا۔

تَشبِیب: (ت مفتوح، ش ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) محبوب کی تعریف کرنا، اپنے عشق کے بیان میں غزل کہنا، وہ عاشقانہ اشعار جو قصیدہ کے شروع میں لکھے جاتے ہیں (م)۔

تَصَلُّب: (ت مفتوح، ص مفتوح، ل مشدد مضموم، ب موقوف) سخت اور مضبوط ہونا۔

تَصلِیب: (ت مفتوح، ص ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ب موقوف)

سولی پر چڑھانا، سولی بنانا، بہت مضبوط کرنا۔

تَصْوِیْب: (ت مفتوح، ص ساکن، و مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسی چیز کو درست رکھنا، کسی کی تصدیق کرنا، سر جھکانا۔

تَصَوُّب: (ت مفتوح، ص مفتوح، و مشدد مضموم، ب موقوف) اوپر سے نیچے آنا۔

تَضْرِیْب: (ت مفتوح، ض ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) ابھارنا، کسی کو ورغلانا، کمال کہتا ہے۔

در ہر سخن کہ باشد از تیر راست تر
تضریبکی چوں پیکاں پیوند آں کنی

تَعْجِیْب: (ت مفتوح، ع ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ب موقوف) حیرت میں ڈالنا۔

تَعَجُّب: (ت مفتوح، ع مفتوح، ج مشدد مضموم، ب موقوف) حیرت میں پڑنا۔

تَعْذِیْب: (ت مفتوح، ع ساکن، ذ مکسور، ی ساکن، ب موقوف) اذیت دینا۔

تَعْرِیْب: (ت مفتوح، ع ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کھجور کی شاخیں کاٹنا، عجمی لفظ کو عربی بنانا، کلام کو خطا سے پاک کرنا، کسی کی طرف سے بات کرنا، بات کا جواب دینا، کسی کے کام کو برا ظاہر کرنا۔

تَعْقِیْب: (ت مفتوح، ع ساکن، ق مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسی چیز کو کسی چیز کے پیچھے کرنا، دیر کرنا، نماز کے بعد وظیفہ پڑھنے کے لیے بیٹھنا، دوبارہ دیکھنا، کسی چیز کی جستجو میں متردد ہونا۔

تَعَقُّب: (ت مفتوح، ع مفتوح، ق مشدد مضموم، ب موقوف) پیچھے سے آنا، کسی کی برائیاں اور لغزشیں ڈھونڈھنا، اپنا انجام بخیر پانا۔

تَعَاقُب: (ت مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ق مضموم، ب موقوف) ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

تَعْصِیْب: (ت مفتوح، ع ساکن، ص مکسور، ی ساکن، ب موقوف) بھوک سے ہلاک کرنا، سرداری کرنا، سردار بنانا۔

تَعَصُّب: (ت مفتوح، ع مفتوح، ص مشدد مضموم، ب موقوف) سر پر پٹی باندھنا، مدد کرنا، حمایت کرنا، طرف داری کرنا۔

تَعَب: (ت مفتوح، ع مفتوح، ب موقوف) رنج، تھکن، رنج اٹھانا، تھکنا،

تَغَیُّب: (ت مفتوح، غ مفتوح، ی مشدد مضموم، ب موقوف) غائب ہونا۔

تَغْیِیْب: (ت مفتوح، غ ساکن، ی مکسور، ی ساکن، ب موقوف) غائب کرنا۔

تَغْرِیْب: (ت مفتوح، غ ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) شہر سے نکالنا، پچھم کی طرف جانا۔

تَغْلِیْب: (ت مفتوح، غ ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسی کو مغلوب کرنا، ہرانا۔

تَغَلُّب: (ت مفتوح، غ مفتوح، ل مشدد مضموم، ب موقوف) مغلوب ہونا۔

تَغْلِب: (ت مفتوح، غ ساکن، ل مکسور، ب موقوف) ایک قبیلے کا جداعلیٰ ہے جب کسی کی نسبت اس قبیلے کی طرف ہوتی ہے اسے تغلبی کہتے ہیں۔

تَقْرِیْب: (ت مفتوح، ق ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) قریب کرنا، قربان کرنا، گھوڑے کے دوڑنے کی ایک قسم، دوڑنے کے دوران دونوں اگلے پاؤں کو ایک ساتھ زمین پر رکھنا۔

تَقَرُّب: (ت مفتوح، ق مفتوح، ر مشدد مضموم، ب موقوف) قریب ہونا، نزدیکی ڈھونڈھنا۔

تَقَارُب: (ت مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، ب موقوف) ایک دوسرے کے قریب ہونا، شاعری کی بحروں میں سے ایک بحر ہے۔

تَقْلِیْب: (ت مفتوح، ق ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ب موقوف) واپس کرنا، لوٹانا۔

تَقَلُّب: (ت مفتوح، ق مفتوح، ل مشدد مضموم، ب موقوف) بہت پھرنا، گردش کرنا، اپنی خواہش سے کاموں میں تصرف کرنا۔

تَکْذِیْب: (ت مفتوح، ک ساکن، ذ مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسی کو جھوٹا بنانا، جھٹلانا، کسی چیز کا انکار کرنا۔

تَکْعِیْب: (ت مفتوح، ک ساکن، ع مکسور، ی ساکن، ب موقوف) چار

گوشہ کرنا، ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔

تَلْقِیب: (ت مفتوح، ل ساکن، ق مکسور، ی ساکن، ب موقوف) لقب دینا۔

تَلَقُّب: (ت مفتوح، ل مفتوح، ق مشدد مضموم، ب موقوف) لقب پانا۔

تَلَہُّب: (ت مفتوح، ل مفتوح، ہ مشدد مضموم، ب موقوف) آگ کا شعلہ مارنا۔

تَنَاسُب: (ت مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، س مضموم، ب موقوف) ایک دوسرے سے ملنا۔

تَنَاوُب: (ت مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، و مضموم، ب موقوف) باری باری کام کرنا۔

تَوْب۔ تَوْبَۃ: (ت مفتوح، و ساکن، ب موقوف) (ت مفتوح، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گناہ سے باز آنا، توبہ کی توفیق دینا، حق تعالیٰ کا بخش دینا، دوبارہ مہربان ہونا۔

تَائِب: (ت مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ب موقوف) گناہ سے پلٹنے والا، توبہ کرنے والا۔

تَوَّاب: (ت مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) توبہ کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا۔

تَوْلَب: (ت مفتوح، و ساکن، ل مفتوح، ب موقوف) گدھے کا بچہ۔

تَہْذِیب: (ت مفتوح، ہ ساکن، ذ مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کاٹنا، پاک کرنا، اصلاح کرنا، کھجور کے درخت سے چھلکے کو دور کرنا، تیز چلنا، تیز بات کرنا۔

﴿فصل التاء مع التاء﴾

تَارَۃً: (ت مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ منون) ایک بار، ایک مرتبہ۔

تَادِیَۃ: (ت مفتوح ا ساکن، د مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) پہنچانا۔

تُؤَدَۃ: (ت مضموم، ؤ مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) آہستگی، سستی۔

تُبَّت: (ت مکسور ر مضموم، ب مشدد مفتوح، ت موقوف) تا کے کسرہ کے ساتھ تِبّت مشہور ہے، مشرق کی طرف کشمیر کے قریب ایک ملک ہے، مشک کو اسی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

تَابُوت: (ت مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، و ساکن، ت موقوف) صندوق جس میں چیزوں کو محفوظ رکھتے ہیں نیز اس میں مردے رکھتے ہیں۔

تَبْصِرَۃ: (ت مفتوح، ب ساکن، ص مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) بصیرت حاصل کرانا۔

تَبْقِیَۃ: (ت مفتوح، ب ساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) باقی رکھنا۔

تَبِعَۃ: (ت مفتوح، ب مکسور، ع مفتوح، ۃ موقوف) بدانجام، وہ کام جس کے کرنے میں گناہ ہو، گناہ کا کام۔

تَبَاعَۃ: (ت مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) پیروی کرنا۔

تَبْخِیت: (ت مفتوح، ب ساکن، خ مکسور، ی ساکن، ت موقوف) بے سوچے سمجھے بات کہنا، محض بخت و اتفاق پر یقین کرنا۔

تَبْکِیت: (ت مفتوح، ب ساکن، ک مکسور، ی ساکن، ت موقوف) سرزنش کرنا، بحث میں غالب آنا۔

تَثْبِیت: (ت مفتوح، ث ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ت موقوف) برقرار رکھنا، قائم رکھنا۔

تَثَبُّت: (ت مفتوح، ث مفتوح، ب مشدد مضموم، ت موقوف) برقرار رہنا، قائم رہنا۔

تَثْنِیَۃ: (ت مفتوح، ث ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) دو کرنا۔

تِجَارَۃ: (ت مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ ساکن) تجارت کرنا، سوداگری کرنا، سوداگری۔

تَجْرِبَۃ: (ت مفتوح، ج ساکن، ر مکسور، ب مفتوح، ۃ موقوف) آزمانا۔

تَجْزِیَۃ: (ت مفتوح، ج ساکن، ز مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَحِلَّۃ: (ت مفتوح، ح مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) قسم کو پورا کرنا۔

تَحْلِیَۃ: (ت مفتوح، ح ساکن، ل مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) میٹھا

کرنا، زیور پہنانا، کسی کی صفت بیان کرنا۔

تَحْشِیَۃ: (ت مفتوح، ح ساکن، ش مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کو بھرنا، حاشیہ لگانا، حاشیہ لکھنا۔

تَحِیَّۃ: (ت مفتوح، ح مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سلام کرنا، دیر تک زندہ رہنا، بادشاہ بنانا۔

تَحْت: (ت مفتوح، ح ساکن، ت موقوف) نیچے۔

تَخْت (ت مفتوح، خ ساکن، ت موقوف) وہ ظرف جس میں سامان محفوظ رکھیں اس معنی میں یہ لفظ عربی ہے، اور تخت جو چارپائی کے معنی میں ہے فارسی ہے۔

تُخَمَۃ: (ت مضموم، خ مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) ناگواری، کھانے کا نہ پچنا، بدہضمی۔

تَخْطِیَۃ: (ت مفتوح، خ ساکن، ط مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کسی کی غلطی پکڑنا، خطاوار ٹھہرانا۔

تَخْلِیَۃ: (ت مفتوح، خ ساکن، ل مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) رہا کرنا، خالی کرنا۔

تَخَافُت (ت مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، ف مضموم، ت موقوف) پوشیدہ بات کہنا۔

تَدْشِیَۃ: (ت مفتوح، د ساکن، ش مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) تباہ کرنا، کسی کو گمراہ کرنا۔

تَذْکِرَۃ: (ت مفتوح، ذ ساکن، ک مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) یاد دلانا، یاد کرنا، ضرورت کو یاد دلانے والی چیز، یادداشت، ٹکٹ، پاسپورٹ۔

تَذْکِیَۃ: (ت مفتوح، ذ ساکن، ک مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) ذبح کرنا، آگ بھڑکانا۔

تِرَۃ: (ت مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) کینہ رکھنا، اصل میں وَتْر تھا جیسے عِدَۃ جو اصل میں وَعْد تھا۔

تَرْبِیَۃ: (ت مفتوح، ر ساکن، ب مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) پرورش کرنا۔

تَرْوِیَۃ: (ت مفتوح، ر ساکن، و مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) سیراب کرنا، کسی کام میں اندیشہ کرنا، کسی کی بات کسی سے کہنا۔

تُرْبَۃ: (ت مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) مٹی، خراسان میں ایک مشہور گاؤں۔

تَرْجَمَۃ: (ت مفتوح، ر ساکن، ج مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) کسی زبان کے الفاظ کو دوسری زبان میں بیان کرنا، ایک زبان کا مطلب دوسری زبان میں ادا کرنا۔

تُرْعَۃ: (ت مضموم، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) چراگاہ، چھوٹی نہروں کا دہانہ، نہر کا گھاٹ جہاں سے لوگ پانی پئیں، شام اور مصر میں ایک گاؤں۔

تَرْکَۃ: (ت مفتوح، ر ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) میانہ قد عورت، میراث کا مال، لوہے کی خود (ٹوپی)، شترمرغ اور دوسرے جانوروں کا انڈا جس سے بچہ نکل چکا ہو۔

تُرْکَۃ: (ت مضموم، ر ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) ایک شخص کا نام ہے۔

تَرِکَۃ: (ت مفتوح، ر مکسور، ک مفتوح، ۃ موقوف) بچی ہوئی چیز، مرنے والے کا مال۔

تَرَکَۃ: (ت مفتوح، ر مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) چھوڑنے والے، تارک کی جمع ہے۔

تَرِیْکَۃ: (ت مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) وہ عورت جو شادی نہ کرے، وہ چراگاہ جو چری نہ گئی ہو، لوہے کی خود، شترمرغ اور دوسرے پرندوں کا انڈا۔

تُرَّہَات: (ت مضموم، ر مشدد مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) باطل چیزیں، تُرَّہَۃ کی جمع ہے۔

تَرْقُوَۃ: (ت مفتوح، ر ساکن، ق مضموم، و ساکن، ۃ موقوف) گردن اور پیٹھ کے بیچ کی ہڈی، بعض لوگوں کے نزدیک ہنسلی کی ہڈی، تَرَاقِی جمع ہے۔

تَزْکِیَۃ: (ت مفتوح، ز ساکن، ک مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) زکوۃ دینا، پاک کرنا، تعریف کرنا۔

تَسْلِیَۃ: (ت مفتوح، س ساکن، ل مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) دل خوش

کرنا، کسی کے دل سے غم دور کرنا۔

تَسْمِیَۃٌ: (ت مفتوح، س ساکن، م مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) نام رکھنا۔

تَسْوِیَۃٌ: (ت مفتوح، س ساکن، و مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) سیدھا کرنا، برابر کرنا۔

تَسْمِیت: (ت مفتوح، س ساکن، م مکسور، ی ساکن، ت موقوف) چھینکنے والے کے جواب میں یَرْحَمُکَ اللّٰہُ کہنا، کسی چیز پر خدا کا نام لینا، کسی کے لیے بھلائی کی دعا کرنا۔

تَشْتِیت: (ت مفتوح، ش ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ت موقوف) بکھیرنا۔

تَشَتُّت: (ت مفتوح، ش مفتوح، ت مشدد مضموم، ت موقوف) بکھرنا۔

تَصْدِیَۃٌ: (ت مفتوح، ص ساکن، د مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔

تَعْبِیَۃٌ: (ت مفتوح، ع ساکن، ب مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) تیار کرنا، لشکر سنوارنا، لشکر کو اپنی جگہ پر ترتیب دینا۔

تَعْدِیَۃٌ: (ت مفتوح، ع ساکن، د مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) گزارنا، فعل لازم کو متعدی بنانا۔

تَعْرِیَۃٌ: (ت مفتوح، ع ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) ننگا کرنا۔

تَعْزِیَۃٌ: (ت مفتوح، ع ساکن، ز مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) صبر کی تلقین کرنا، تسلی دینا، مردے کے رشتہ داروں کو تسلی دینا۔

تَعْضِیَۃٌ: (ت مفتوح، ع ساکن، ض مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا، بکھیرنا، حدیث شریف میں ہے لَا تَعْضِیَۃَ فِی الْمِیْرَاث اس سے مراد کسی ایسی چیز کو جدا کرنا ہے جس سے ورثہ کو نقصان پہنچے جیسے چھری، تلوار، حیوان وغیرہ۔

تَعْمِیَۃٌ: (ت مفتوح، ع ساکن، م مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) اندھا کرنا، کسی چیز کو چھپانا۔

تَعَنُّت: (ت مفتوح، ع مفتوح، ن مشدد مضموم، ت موقوف) کسی کا عیب ڈھونڈھنا۔

تَغْذِیَۃٌ (ت مفتوح، غ ساکن، ذ مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) غذا دینا، پالنا، رگ کے خون کا بہنا، کاٹنا، اونٹ کے پیشاب کا بہنا۔

تَغْطِیَۃٌ۔ تَغْشِیَۃٌ: (ت مفتوح، غ ساکن، ط مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) (ت مفتوح، غ ساکن، ش مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) چھپانا۔

تَفَتُّت: (ت مفتوح، ف مفتوح، ت مشدد مضموم، ت موقوف) ریزہ ریزہ ہونا۔

تَفَاوُت: (ت مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، و مفتوح ر مکسور، ر مضموم، ت موقوف) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ، ایک دوسرے سے دور ہونا، عیب کے معنی میں بھی آیا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا مَاتَرٰی فِی خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفَاوُتٍ تو رحمٰن کے بنانے میں کیا فرق دیکھتا ہے (پ۲۹ سورۂ ملک)

تَقْوِیَۃٌ: (ت مفتوح، ق ساکن، و مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) طاقت دینا۔

تَقْدِمَۃٌ: (ت مفتوح، ق ساکن، د مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) آگے کرنا، آگے ہونا۔

تِلَاوَۃٌ: (ت مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) قرآن وغیرہ پڑھنا۔

تُلَاوَۃٌ: (ت مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) بقیہ (بقایا) قیمت۔

تَلْبِیَۃٌ: (ت مفتوح، ل ساکن، ب مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) جواب میں لبیک کہنا۔

تَلْقِیَۃٌ: (ت مفتوح، ل ساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کسی کے سامنے کوئی چیز لانا۔

تَلَامِذَۃٌ: (ت مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ذ مفتوح، ۃ موقوف) شاگرد، تلمیذ کی جمع ہے۔

تَمْشِیَۃٌ: (ت مفتوح، م ساکن، ش مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کام جاری کرنا، کارگزاری دکھانا۔

تَمْتَمَۃٌ: (ت مفتوح، م ساکن، ت مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) حرف تا کہتے وقت زبان کو موڑنا اور تا کی تکرار کرنا۔

تَمِیْمَۃٌ: (ت مفتوح، م مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) سیاہ و سفید مہرہ (تعویذ) جو بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں، صاحب صراح کہتے ہیں طومار اور تعویذ گلے میں لٹکانا، تَمِیم و تَمَائِم جمع ہے۔

تَنْجِیَۃٌ: (ت مفتوح، ن ساکن، ج مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) چھڑانا، زمین کے اوپر ڈالنا اس معنی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ ہم تیری لاش کو زمین پر ڈال دیں گے (سورۂ یونس)

تَنْحِیَۃٌ: (ت مفتوح، ن ساکن، ح مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) دور کرنا۔

تَنْقِیَۃٌ: (ت مفتوح، ن ساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) پاک کرنا۔

تَنْمِیَۃٌ: (ت مفتوح، ن ساکن، م مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) بڑھانا، آگ میں خوب ایندھن ڈال کر بھڑکانا، نکتہ چینی کی وجہ سے بات کو واضح کرنا۔

تَوْبَۃٌ: (ت مفتوح، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گناہ سے باز رہنا۔

تَوْقِیَۃٌ: (ت مفتوح، و ساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وقت مقرر کرنا۔

تَوْصِیَۃٌ: (ت مفتوح، و ساکن، ص مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وصیت کرنا، نصیحت کرنا۔

تَوْلِیَۃٌ: (ت مفتوح، و ساکن، ل مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) والی بنانا، کسی کو عامل بنانا، کسی چیز کی طرف پیٹھ کرنا۔

تَوْرِیَۃٌ: (ت مفتوح، و ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) چھپانا، چقماق سے آگ نکالنا، کسی چیز کا ارادہ کرنا اور اس کے خلاف ظاہر کرنا۔

تَوْطِیَۃٌ: (ت مفتوح، و ساکن، ط مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) بچھانا، پامال کرنا۔

تُوْت: (ت مضموم، و ساکن، ت موقوف) مشہور میوے کا درخت ہے جس کی پتیوں سے ابریشم کے کیڑوں کی پرورش کرتے ہیں، فارسی میں اسے تود کہتے ہیں۔

تَہْیِئَۃٌ: (ت مفتوح، ہ ساکن، ی مکسور، ء مفتوح، ۃ موقوف) آمادہ کرنا۔

تُہَمَۃٌ: (ت مضموم، ہ مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) بدگمانی کرنا بدگمانی، الزام۔

تَہْنِیَۃٌ: (ت مفتوح، ہ ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) مبارکباد کہنا، گوارا کرنا، پسند کرنا۔

تَہْلُکَۃٌ: (ت مفتوح، ہ ساکن، ل مفتوح رکسور رمضموم، ک مفتوح، ۃ موقوف) ہلاک ہونا، مرنا۔

تَہَافُت: (ت مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ف مضموم، ت موقوف) ایک دوسرے پر گرنا، امام غزالی کی ایک تصنیف کا نام جو حکما کے رد میں ہے جسے تہافت الفلاسفۃ کہتے ہیں، انوری کہتا ہے

ع کتاب تہافت کلاہ سرخسی

تِہَامَۃٌ: (ت مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) ملک عرب کی وہ سرزمین جس پر مکہ معظمہ واقع ہے۔

﴿فصل التاء مع الثاء﴾

تَارِیْث: (ت مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ث موقوف) بہکانا، فریب دینا، جگہ سے ہٹانا، آگ جلانا۔

تَثْلِیْث: (ت مفتوح، ث ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ث موقوف) تین گوشہ کرنا، مثلث بنانا، تین حصہ کرنا، نجومیوں کی اصطلاح میں ستارے کا چوتھے برج میں واقع ہونا جو دوسرے ستاروں کی بنسبت تہائی آسمان ہے اور یہ نظر سعد ہے۔

تُرَاث: (ت مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) میراث۔

تَشَبُّث: (ت مفتوح، ش مفتوح، ب مشدد مضموم، ث موقوف) پنجہ گاڑنا۔

تَفَث: (ت مفتوح، ف مفتوح، ث موقوف) ناخن اور مونچھ تراشنا، پیڑو کا بال تراشنا، حج کے دنوں میں جسم کا میل صاف کرنا۔

تَلْوِیْث: (ت مفتوح، ل ساکن، و مکسور، ی ساکن، ث موقوف)

ملوث کرنا، آلودہ کرنا۔

تَلَبُّث ـ تَمَكُّث: (ت مفتوح، ل مفتوح، ب مشدد مضموم، ث موقوف) (ت مفتوح، م مفتوح، ک مشدد مضموم، ث موقوف) دیر کرنا، تاخیر کرنا۔

تَوْرِيث: (ت مفتوح، و ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ث موقوف) وارث بنانا، آگ جلانا۔

تَوَارُث: (ت مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، ث موقوف) ایک دوسرے سے میراث لینا۔

تُوث: (ت مضموم، و ساکن، ث موقوف) توت کا درخت، مَرْو کا ایک گاؤں، اسفرائن میں ایک گاؤں ہے، بنوشخ۔

فصل التاء مع الجیم

تَاج: (ت مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) شاہی ٹوپی، تیجان جمع ہے۔

تَبَرُّج: (ت مفتوح، ب مفتوح، ر مشدد مضموم، ج موقوف) خود کو سنوارنا، سنگھار کرنا۔

تَبَلُّج: (ت مفتوح، ب مفتوح، ل مشدد مضموم، ج موقوف) روشن ہونا۔

تَخْرِيج: (ت مفتوح، خ ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ج موقوف) باہر لانا، نکالنا، اٹھانا۔

تَدْرِيج: (ت مفتوح، د ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ج موقوف) کسی چیز کو آہستہ آہستہ آگے بڑھانا۔

تَدَرُّج: (ت مفتوح، د مفتوح، ر مشدد مضموم، ج موقوف) آہستہ آہستہ کسی چیز کی طرف جانا۔

تَدَحْرُج: (ت مفتوح، د مفتوح، ح ساکن، ر مضموم، ج موقوف) پھرنا۔

تَرْوِيج: (ت مفتوح، ر ساکن، و مکسور، ی ساکن، ج موقوف) درہم و دینار کو رائج کرنا۔

تُرُنْج: (ت مضموم، ر مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) لیموں، تُرج بھی کہتے ہیں۔

تَزْوِيج: (ت مفتوح، ز ساکن، و مکسور، ی ساکن، ج موقوف) مرد کو عورت اور عورت کو شوہر دینا، شادی کرنا، باہم ملانا، قریب کرنا۔

تَزَوُّج: (ت مفتوح، ز مفتوح، و مشدد مضموم، ج موقوف) شادی ہونا، نکاح کرنا۔

تَعْوِيج: (ت مفتوح، ع ساکن، و مکسور، ی ساکن، ج موقوف) ٹیڑھا ہونا۔

تَفْرِيج: (ت مفتوح، ف ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ج موقوف) کشادہ کرنا، غم اور دشواری سے باہر لانا۔

تَفَرُّج: (ت مفتوح، ف مفتوح، ر مشدد مضموم، ج موقوف) گنجائش پانا، تنگی اور دشواری سے باہر نکلنا۔

تَلَجْلُج: (ت مفتوح، ل مفتوح، ج ساکن، ل مضموم، ج موقوف) تتلانا۔

تَهْيِيج: (ت مفتوح، ہ ساکن، ی مکسور، ی ساکن، ج موقوف) ابھارنا، بھڑکانا۔

تَهَيُّج: (ت مفتوح، ہ مفتوح، ی مشدد مضموم، ج موقوف) ہوا اور غبار وغیرہ کا اٹھنا، سوجنا۔

فصل التاء مع الحاء

تَبَجُّح: (ت مفتوح، ب مفتوح، ج مشدد مضموم، ح موقوف) خوش ہونا۔

تَذْبِيح: (ت مفتوح، ذ ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ح موقوف) پیٹھ سیدھی رکھنا اور سر اس طرح جھکانا کہ وہ پشت سے نیچے ہو۔

تَرْح: (ت مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) فقیری، محتاجی۔

تَرَح: (ت مفتوح، ر مفتوح، ح موقوف) غم، پستی۔

تَرِح: (ت مفتوح، ر مکسور، ح موقوف) کم خیر والا مرد۔

تَارَح: (ت مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ح موقوف) اہل انساب اور جمہور مورخین کے نزدیک حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام ہے اور آزر ابراہیم علیہ السلام کے چچا کا نام ہے ظفر نامہ میں مولانا شرف الدین علی نے تصحیح کرتے ہوئے لکھا ہے تارخ (خاء معجمہ کے ساتھ) ہے کہا ہے کہ تارخ، تاریخ سے ماخوذ ہے لیکن تارح (حاء مہملہ کے ساتھ) صحیح ہے۔

تَرْجِيح: (ت مفتوح، ر ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ح موقوف) بڑھانا،

بڑھاوا دینا۔

ترجُّح: (ت مفتوح، ر مفتوح، ج مشدد مضموم، ح موقوف) بڑھنا، کسی ایک طرف جھک جانا، جھولے کو ایک طرف جھکانا۔

ترشیح: (ت مفتوح، ر ساکن، ش مکسور، ی ساکن، ح موقوف) ماں کا بچے کو تھوڑا تھوڑا دودھ پلانا یہاں تک کہ وہ چوسنے کی قوت پالے۔

ترشُّح: (ت مفتوح، ر مفتوح، ش مشدد مضموم، ح موقوف) ٹپکنا، اونٹ کے بچے کا ماں کے ساتھ چلنے کی طاقت پانا۔

ترویح: (ت مفتوح، ر ساکن، و مکسور، ی ساکن، ح موقوف) آرام دینا، خوشبودار بنانا، شام کے وقت جانوروں کو آرام گاہ کی طرف لانا۔

تروُّح: (ت مفتوح، ر مفتوح، و مشدد مضموم، ح موقوف) درخت کا نئے نئے پتے نکالنا، پانی کا بدبودار ہونا، شام کے وقت چلنا، آرام پانا۔

تسطیح: (ت مفتوح، س ساکن، ط مکسور، ی ساکن، ح موقوف) چوڑا کرنا۔

تسبیح: (ت مفتوح، س ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ح موقوف) پاکی بولنا، خدا کی پاکی بیان کرنا، سبحان اللہ کہنا۔

تسریح: (ت مفتوح، س ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) چرانا، عورت کو چھوڑ دینا، طلاق دینا، آسان کر دینا، بال کھولنا، بال کو کھلا رکھنا۔

تسلُّح: (ت مفتوح، س مفتوح، ل مشدد مضموم، ح موقوف) ہتھیار پہننا، ہتھیار بند ہونا۔

تشریح: (ت مفتوح، ش ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) واضح بیان کرنا، ظاہر کرنا، گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تصبُّح: (ت مفتوح، ص مفتوح، ب مشدد مضموم، ح موقوف) صبح بخیر کہنا، صبح میں آنا۔

تصریح: (ت مفتوح، ص ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) خالص اور روشن بات کہنا، ظاہر کرنا، ظاہر ہونا۔

تصفیح: (ت مفتوح، ص ساکن، ف مکسور، ی ساکن، ح موقوف) تالی بجانا اور ہاتھ پھیلانا۔

تصفُّح: (ت مفتوح، ص مفتوح، ف مشدد مضموم، ح موقوف) صفحہ صفحہ دیکھنا، کام میں غور و فکر کرنا

تصافُح: (ت مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ف مضموم، ح موقوف) مصافحہ کرنا، آپس میں ہاتھ ملانا۔

تُفّاح: (ت مضموم، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) سیب۔

تفریح: (ت مفتوح، ف ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) خوش کرنا۔

تقبیح: (ت مفتوح، ق ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ح موقوف) برائی کرنا۔

تلقیح: (ت مفتوح، ل ساکن، ق مکسور، ی ساکن، ح موقوف) نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا، گھوڑی کو حاملہ کرنا۔

تلمیح: (ت مفتوح، ل ساکن، م مکسور، ی ساکن، ح موقوف) کسی چیز پر سرسری نگاہ ڈالنا، اہل معانی کی اصطلاح میں کسی شعر کے اندر قصہ یا ہیئت، نجوم، ادب اور ریاضی وغیرہ کی اصطلاح کی طرف اشارہ کرنا۔

تلویح: (ت مفتوح، ل ساکن، و مکسور، ی ساکن، ح موقوف) جلانا، دھوپ اور آگ کا چہرے کے رنگ کو بدل دینا، گرم کرنا، کپڑا رنگنا، چمکانا، اشارہ کرنا، اصول فقہ میں مولانا سعدالدین تفتازانی کی شہرہ آفاق کتاب کا نام ہے۔

تمدُّح: (ت مفتوح، م مفتوح، د مشدد مضموم، ح موقوف) سراہنا، اپنی تعریف میں تکلف کرنا، فخر کرنا۔

تملیح: (ت مفتوح، م ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ح موقوف) نمکین کرنا، نمکین چیز بنانا۔

تِمساح: (ت مکسور، م ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) گھڑیال، مگرمچھ۔

تمازُح: (ت مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ز مضموم، ح موقوف) آپس میں ہنسی کرنا۔

تنقیح: (ت مفتوح، ن ساکن، ق مکسور، ی ساکن، ح موقوف)

درخت کی شاخوں کو چھانٹنا، کلام کو رکیک باتوں سے پاک کرنا، ہڈی سے گودا نکالنا۔

تَوضِیح: (ت مفتوح، و ساکن، ض مکسور، ی ساکن، ح موقوف) روشن کرنا، ظاہر کرنا، مشہور کتاب کا نام ہے۔

تَوشِیح: (ت مفتوح، و ساکن، ش مکسور، ی ساکن، ح موقوف) کسی کے گلے میں ہار ڈالنا، سنوارنا۔

تَوَشُّح: (ت مفتوح، و مفتوح، ش مشدد مضموم، ح موقوف) اپنے گلے میں ہار ڈالنا، پہننا۔

﴿فصل التاء مع الخاء﴾

تَذبِیخ: (ت مفتوح، د ساکن، ب مکسور، ی ساکن، خ موقوف) پیٹھ جھکانا، سر جھکانا، تذبیخ کا مرادف ہے۔

تَلطِیخ: (ت مفتوح، ل ساکن، ط مکسور، ی ساکن، خ موقوف) آلودہ کرنا۔

تَلَطُّخ: (ت مفتوح، ل مفتوح، ط مشدد مضموم، خ موقوف) آلودہ ہونا۔

تَمرِیخ: (ت مفتوح، م ساکن، ر مکسور، ی ساکن، خ موقوف) تیل وغیرہ ملنا۔

تَنَاسُخ: (ت مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، س مضموم، خ موقوف) زائل ہونا، صدی کا پے در پے آنا، ایک زمانے کا دوسرے زمانے کے بعد آنا، مردہ کے وارثوں میں سے کسی کی میراث تقسیم ہونے سے پہلے مرجانا مناسخہ اسی معنی میں ہے، عرف میں تناسخ روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں آنا۔

تَنُوخ: (ت مفتوح، ن مضموم، و ساکن، خ موقوف) یمن میں ایک قبیلہ کا نام۔

تَوبِیخ: (ت مفتوح، و ساکن، ب مکسور، ی ساکن، خ موقوف) تہدید، ڈرانا اور سرزنش کرنا، جھڑکنا۔

تَورِیخ ۔ تَارِیخ: (ت مفتوح، و ساکن، ر مکسور، ی ساکن، خ موقوف) (ت مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی ساکن، خ موقوف) کسی چیز کا وقت ظاہر کرنا، وہ علم جس سے واقعات گذشتہ تاریخ وار معلوم ہوں۔

تَوَسُّخ: (ت مفتوح، و مفتوح، س مشدد مضموم، خ موقوف) میلا ہونا۔

تَوسِیخ: (ت مفتوح، و ساکن، س مکسور، ی ساکن، خ موقوف) میلا کرنا۔

﴿فصل التاء مع الدال﴾

تَابِید: (ت مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ی ساکن، د موقوف) کسی چیز کو ہمیشگی دینا، دائمی بنانا۔

تَائِید: (ت مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ی ساکن، د موقوف) طاقت دینا، طاقتور بنانا۔

تَبرِید: (ت مفتوح، ب ساکن، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) ٹھنڈا کرنا۔

تَبعِید: (ت مفتوح، ب ساکن، ع مکسور، ی ساکن، د موقوف) دور کرنا، جلاوطن کرنا۔

تَبَاعُد: (ت مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ع مضموم، د موقوف) ایک دوسرے سے دور ہونا۔

تَجرِید: (ت مفتوح، ج ساکن، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) نباتات وغیرہ سے زمین کو خالی کرنا، نیام سے تلوار نکالنا، درخت کو چھیلنا، کھال ادھیڑنا، کھال سے بال کو صاف کرنا، کسی سے کسی چیز کا سوال کرنا، نہ دینا یا کراہت کے ساتھ دینا، ننگا کرنا۔

تَجَرُّد: (ت مفتوح، ج مفتوح، ر مشدد مضموم، د موقوف) ننگا ہونا، کام میں کوشش کرنا۔

تَجلِید: (ت مفتوح، ج ساکن، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) کتاب کی جلد سازی کرنا، کھال ادھیڑنا۔

تَجَلُّد: (ت مفتوح، ج مفتوح، ل مشدد مضموم، د موقوف) جلد بنانا، صبر و استقلال ظاہر کرنا۔

تَجنِید: (ت مفتوح، ج ساکن، ن مکسور، ی ساکن، د موقوف) لشکر جمع کرنا۔

تَجدِید: (ت مفتوح، ج ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) نیا کرنا، اونٹنی کا پستان کاٹنا۔

تَجَدُّد: (ت مفتوح، ج مفتوح، د مشدد مضموم، د موقوف) نیا ہونا، جانا،

پستان میں دودھ خشک ہو جانا۔

تَجوِید: (ت مفتوح، ج ساکن، و مکسور، ی ساکن، د موقوف) اچھا کرنا، عمدہ اور خالص کرنا۔

تَحمِید: (ت مفتوح، ح ساکن، م مکسور، ی ساکن، د موقوف) خوبی بیان کرنا، مسلسل تعریفیں کرنا۔

تَحدِید: (ت مفتوح، ح ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) تیز کرنا، کسی چیز کی حد مقرر کرنا۔

تَحَاسُد: (ت مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، س مضموم، د موقوف) ایک دوسرے پر رشک کرنا، باہم حسد کرنا۔

تَخلِید: (ت مفتوح، خ ساکن، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) دائمی کرنا، ہیشگی دینا، ہاتھ میں کنگن پہننا۔

تَردِید۔ تَردَاد: (ت مفتوح، ر ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) (ت مفتوح، ر ساکن، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کسی چیز کو پھیرنا، پلٹنا۔

تَرَدُّد: (ت مفتوح، ر مفتوح، د مشدد مضموم، د موقوف) آنا جانا، پلٹنا۔

تَزَہُّد: (ت مفتوح، ز مفتوح، ہ مشدد مضموم، د موقوف) دنیا سے بے رغبت ہونا، عبادت کرنا۔

تَزَوُّد: (ت مفتوح، ز مفتوح، و مشدد مضموم، د موقوف) توشہ لینا۔

تَزَایُد: (ت مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ی مضموم، د موقوف) زیادہ ہونا۔

تَسوِید: (ت مفتوح، س ساکن، و مکسور، ی ساکن، د موقوف) کالا کرنا، سردار بنانا۔

تَسدِید: (ت مفتوح، س ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) درست کرنا، سچائی کی توفیق پانا۔

تَشدِید: (ت مفتوح، ش ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) مضبوط کرنا، حرف کو مشدد بنانا، کسی پر سختی کرنا۔

تَشَدُّد: (ت مفتوح، ش مفتوح، د مشدد مضموم، د موقوف) سخت ہونا۔

تَشَہُّد: (ت مفتوح، ش مفتوح، ہ مشدد مضموم، د موقوف) نماز میں اَشْہَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھنا اور التحیات پڑھنے کی مقدار بیٹھنا۔

تَشیِید: (ت مفتوح، ش ساکن، ی مکسور، ی ساکن، د موقوف) عمارت کو مضبوط اور بلند کرنا۔

تَصعِید: (ت مفتوح، ص ساکن، ع مکسور، ی ساکن، د موقوف) بلندی پر چڑھنا، وادی میں اترنا، پگھلانا۔

تَصَعُّد: (ت مفتوح، ص مفتوح، ع مشدد مضموم، د موقوف) اوپر جانا، کسی چیز کا دشوار ہونا۔

تَضمِید: (ت مفتوح، ض ساکن، م مکسور، ی ساکن، د موقوف) زخم پر پٹی باندھنا، زخم پر دوا باندھنا۔

تَعقِید: (ت مفتوح، ع ساکن، ق مکسور، ی ساکن، د موقوف) پوشیدہ بات کہنا اس طرح کہ کوئی اسے سمجھ نہ سکے، بہت گرہیں لگانا، کسی چیز کو جوش دینا تاکہ گاڑھی ہو جائے۔

تَعَاقُد: (ت مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ق مضموم، د موقوف) باہم گرہ باندھنا، عہد و پیمان کرنا۔

تَعَبُّد: (ت مفتوح، ع مفتوح، ب مشدد مضموم، د موقوف) عبادت کرنا، ذلیل کرنا۔

تَعدِید: (ت مفتوح، ع ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) شمار کرنا، گننا، کسی چیز کو اپنا مال بنانا۔

تَعَمُّد: (ت مفتوح، ع مفتوح، م مشدد مضموم، د موقوف) کسی کام کا ارادہ کرنا۔

تَعوِید: (ت مفتوح، ع ساکن، و مکسور، ی ساکن، د موقوف) عادت بنانا، اونٹ کا بوڑھا ہونا۔

تَعَوُّد: (ت مفتوح، ع مفتوح، و مشدد مضموم، د موقوف) عادی ہونا۔

تَعَہُّد: (ت مفتوح، ع مفتوح، ہ مشدد مضموم، د موقوف) کسی کام کی ذمہ داری لینا، تازہ کرنا۔

تَعَاہُد: (ت مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ہ مضموم، د موقوف) آپس میں عہد و پیمان کرنا، ضامن ہونا۔

تَغَمُّد: (ت مفتوح، غ مفتوح، م مشدد مضموم، د موقوف) حق تعالیٰ کا بندے کو غریق رحمت کرنا اور اس کے گناہوں اور عیبوں کو

چھپانا، برتن بھرنا۔

تَفْرِيْد : (ت مفتوح، ف ساکن، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) یگانہ کرنا، گوشہ پکڑنا، امر و نہی کی رعایت میں خلوت گزیں ہونا، فقیہ اور دانشمند ہونا۔

تَفَرُّدْ : (ت مفتوح، ف مفتوح، ر مشدد مضموم، د موقوف) اکیلا ہونا۔

تَفَقُّدْ : (ت مفتوح، ف مفتوح، ق مشدد مضموم، د موقوف) کھوئی ہوئی چیز ڈھونڈھنا، کسی چیز کو اس کی عدم موجودگی کے وقت پوچھنا۔

تَفْقِيْد : (ت مفتوح، ف ساکن، ق مکسور، ی ساکن، د موقوف) ملامت کرنا، کسی کو کم عقل کہنا، جھوٹا کہنا۔

تَقْعِيْد : (ت مفتوح، ق ساکن، ع مکسور، ی ساکن، د موقوف) ضرورت سے باز رکھنا، اپنے کام سے باز رہنا، کسی کام سے رک جانا۔

تَقَاعُدْ : (ت مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ع مضموم، د موقوف) کام سے رک جانا۔

تَقْلِيْد : (ت مفتوح، ق ساکن، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) ہار وغیرہ کسی کی گردن میں ڈالنا، کسی کو کام سونپنا، تلوار لٹکانا، قربانی کے جانور کی گردن میں نشانی کے طور پر کوئی چیز لٹکانا۔

تَقَلُّدْ : (ت مفتوح، ق مفتوح، ل مشدد مضموم، د موقوف) اپنے ذمہ کوئی کام لینا، اپنی گردن میں پٹا ڈالنا۔

تَقْيِيْد : (ت مفتوح، ق ساکن، ی مکسور، ی ساکن، د موقوف) بند کرنا، کتاب پر نقطہ لگانا۔

تَقَيُّدْ : (ت مفتوح، ق مفتوح، ی مشدد مضموم، د موقوف) بند ہونا، کسی چیز میں گرفتار ہونا۔

تَكْمِيْد : (ت مفتوح، ک ساکن، م مکسور، ی ساکن، د موقوف) گرم پوٹلی سے درد کی جگہ کو سینکنا۔

تَلَبُّدْ : (ت مفتوح، ل مفتوح، ب مشدد مضموم، د موقوف) باہم چپکنا، پریشان ہونا۔

تَلْد : (ت مفتوح، ل ساکن، د موقوف) کسی جگہ ٹھہرنا، بچہ عقاب (پرندہ) کا بچہ۔

تُلُوْد : (ت مضموم، ل مضموم، و ساکن، د موقوف) پرانا ہونا، مال کا پرانا ہونا۔

تَلِيْد : (ت مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) تَلَد (ت مفتوح، ل مفتوح، د موقوف) وہ شخص جو عجم میں پیدا ہوا اور اس کی پرورش عرب میں ہوئی ہو۔

تَالِدْ : (ت مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، د موقوف) پرانا مال، طارف کی نقیض ہے، وہ جانور جو اپنے مالک کے سامنے پیدا ہوا ہو، اس معنی میں تلد، تلد، تلد، تلاد و تلید بھی ہے۔

تَمْجِيْد : (ت مفتوح، م ساکن، ج مکسور، ی ساکن، د موقوف) بزرگی کی طرف نسبت کرنا، بزرگی بیان کرنا۔

تَمْدِيْد : (ت مفتوح، م ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) کھینچنا۔

تَمَدُّدْ : (ت مفتوح، م مفتوح، د مشدد مضموم، د موقوف) کھنچ جانا، انگڑائی لینا۔

تَمْرِيْد : (ت مفتوح، م ساکن، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) برابر اور یکساں کرنا، مکان کو ہموار اور چکنا کرنا، درخت سے پتے جھاڑنا۔

تَمَرُّدْ : (ت مفتوح، م مفتوح، ر مشدد مضموم، د موقوف) نافرمانی کرنا، نافرمانی میں ہمسروں سے بڑھ جانا۔

تَمْهِيْد : (ت مفتوح، م ساکن، ہ مکسور، ی ساکن، د موقوف) بستر بچھانا، درست و ہموار کرنا، عذر خواہی کرنا، عذر قبول کرنا۔

تَمَهُّدْ : (ت مفتوح، م مفتوح، ہ مشدد مضموم، د موقوف) جگہ لینا، کسی چیز پر قابو پانا۔

تَنْجِيْد : (ت مفتوح، ن ساکن، ج مکسور، ی ساکن، د موقوف) مکان کو سنوارنا، آزمانا۔

تَنَادْ : (ت مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک دوسرے کو پکارنا، اصل میں تنادی تھا۔

تَنَادّ : (ت مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، د مشدد موقوف) منتشر ہونا، ایک دوسرے سے بھاگنا، یَوْمُ التَّنَاد جو قرآن میں ہے دونوں طریقوں سے (مشدد و مخفف) پڑھا گیا ہے۔

تَنْدِیْد: (ت مفتوح، ن ساکن، دمکسور، ی ساکن، دموقوف) ظاہر کرنا، پردہ پھاڑنا، بری بات سنانا، کسی کا عیب ظاہر کرنا۔

تَنْقِیْد: (ت مفتوح، ن ساکن، ق مکسور، ی ساکن، دموقوف) سر پر سامان رکھنا، پرکھنا، دینا، شعر اور کلام کے عیوب ومحاسن ظاہر کرنا، انتقاد اداکرنا، (م)

تَوَحُّد: (ت مفتوح، ومفتوح، ح مشدد مضموم، دموقوف) اکیلا ہونا، حق تعالٰی کا کسی کو محفوظ رکھنا، کام کسی دوسرے کے سپرد نہ کرنا۔

تَوْحِیْد: (ت مفتوح، وساکن، ح مکسور، ی ساکن، دموقوف) ایک ماننا، ایک جاننا، ایک خدا پر ایمان لانا۔

تَوَدُّد: (ت مفتوح، ومفتوح، د مشدد مضموم، دموقوف) بہت دوست رکھنا۔

تَوَسُّد: (ت مفتوح، ومفتوح، س مشدد مضموم، دموقوف) کسی چیز کو سر کے نیچے رکھنا، تکیہ بنانا، کسی کام کو کسی کے ذمہ کردینا، ذلیل کرنا، کسی چیز کو نیچے ڈالنا۔

تَوْسِیْد: (ت مفتوح، وساکن، س مکسور، ی ساکن، دموقوف) کسی کو تکیہ دینا۔

تَوَاعُد: (ت مفتوح، ومفتوح، اساکن، ع مضموم، دموقوف) ایک دوسرے کو وعدہ دینا۔

تَوَعُّد: (ت مفتوح، ومفتوح، ع مشدد مضموم، دموقوف) سرزنش کرنا، ڈرانا۔

تَوَقُّد: (ت مفتوح، ومفتوح، ق مشدد مضموم، دموقوف) آگ کا روشن ہونا، آگ کا جلنا۔

تَوْکِیْد۔تاکِیْد(ت مفتوح، وساکن، ک مکسور، ی ساکن، دموقوف) (ت مفتوح، اساکن، ک مکسور، ی ساکن، دموقوف) مضبوط کرنا، اونٹ اور گھوڑے کی پیٹھ پر زین اور پالان باندھنا۔

تَوَکُّد۔تَأَکُّد: (ت مفتوح، ومفتوح، ک مشدد مضموم، دموقوف) (ت مفتوح، أمفتوح، ک مشدد مضموم، دموقوف) مضبوط ہونا۔

تَوْلِیْد: (ت مفتوح، وساکن، ل مکسور، ی ساکن، دموقوف) بچہ جنوانا، پرورش کرنا، بکری سے بچہ حاصل کرنا، کسی چیز کو اس کی اصل سے نکالنا، عجمی لفظ کو عربی کلام میں استعمال کرنا۔

تَوَالُد: (ت مفتوح، ومفتوح، اساکن، ل مضموم، دموقوف) ایک دوسرے کا پیدا ہونا، اولاد کا زیادہ ہونا۔

تَوَلُّد: (ت مفتوح، ومفتوح، ل مشدد مضموم، دموقوف) کسی چیز سے کسی چیز کا ظاہر ہونا، بچہ پیدا ہونا۔

تَوَارُد: (ت مفتوح، ومفتوح، اساکن، رمضموم، دموقوف) باہم ایک جگہ اترنا۔

تَہْدِیْد۔تَہَدُّد: (ت مفتوح، ہ ساکن، دمکسور، ی ساکن، دموقوف) (ت مفتوح، ہ مفتوح، دمشدد مضموم، دموقوف) ڈرانا۔

تَہَجُّد: (ت مفتوح، ہ مفتوح، ج مشدد مضموم، دموقوف) رات میں سونا، رات میں بیدار رہنا، رات کے پچھلے پہر کی نماز (نماز تہجد)۔

تَہْنِیْد: (ت مفتوح، ہ ساکن، ن مکسور، ی ساکن، دموقوف) تلوار تیز کرنا، تلوار کو ہندوستان کی طرف منسوب کرنا، کام میں کوتاہی کرنا، گالی دینا۔

تَہَوُّد: (ت مفتوح، ہ مفتوح، ومشدد مضموم، دموقوف) یہودی ہونا، توبہ کرنا، نیک کام کرنا۔

﴿فصل التاء مع الذال﴾

تَشْحِیْذ: (ت مفتوح، ش ساکن، ح مکسور، ی ساکن، ذموقوف) چھری اور تلوار وغیرہ کو تیز کرنا۔

تَعْوِیْذ: (ت مفتوح، ع ساکن، ومکسور، ی ساکن، ذموقوف) پناہ دینا، پناہ میں لانا۔

تَعَوُّذ: (ت مفتوح، ع مفتوح، ومشدد مضموم، ذ موقوف) پناہ لینا، اَعُوْذُ بِاللّٰہ پڑھنا۔

تَلَمُّذ: (ت مفتوح، ل مفتوح، م مشدد مضموم، ذموقوف) شاگردی کرنا۔

تِلْمِیْذ: (ت مکسور، ل ساکن، م مکسور، ی ساکن، ذ موقوف) شاگرد، تَلَامِذَۃ جمع ہے، یہ لفظ بظاہر فارسی ہے فصیح عربی نہیں اسی لیے

صاحب قاموس نے اس لفظ کو ذکر نہیں کیا لیکن تحقیق یہ ہے کہ تلمیذ کا معرب ہے۔

تَلَذُّذ: (ت مفتوح، ل مفتوح، ذ مشدد مضموم، ذ موقوف) اچھا مزہ پانا۔

تَنْفِیْذ: (ت مفتوح، ن ساکن، ف مکسور، ی ساکن، ذ موقوف) حکم اور پیغام جاری کرنا۔

﴿فصل التاء مع الراء﴾

تَاثِیر: (ت مفتوح، ا ساکن، ث مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کسی چیز میں نشان چھوڑنا، اثر کرنا۔

تَاَثُّر: (ت مفتوح، ا مفتوح، ث مشدد مضموم، ر موقوف) کسی چیز کا اثر قبول کرنا، نقش قدم کی پیروی کرنا، پیچھے چلنا۔

تَاخِیر: (ت مفتوح، ا ساکن، خ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) پیچھے ہٹانا، دیر کرنا۔

تَاَخُّر: (ت مفتوح، ا مفتوح، خ مشدد مضموم، ر موقوف) پیچھے ہونا۔

تَبَحُّر ۔ تَبَقُّر: (ت مفتوح، ب مفتوح، ح مشدد مضموم، ر موقوف) (ت مفتوح، ب مفتوح، ق مشدد مضموم، ر موقوف) زیادہ علم اور زیادہ مال والا ہونا۔

تَبَخْتُر: (ت مفتوح، ب مفتوح، خ ساکن، ت مضموم، ر موقوف) ناز سے چلنا، خراماں خراماں چلنا۔

تَبْخِیر: (ت مفتوح، ب ساکن، خ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کسی چیز کا بھاپ نکالنا۔

تَبْذِیر: (ت مفتوح، ب ساکن، ذ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) پراگندہ کرنا، بکھیرنا، منتشر کرنا، زمین سے گھاس اگنا، فضول خرچی کرنا۔

تَبَذُّر: (ت مفتوح، ب مفتوح، ذ مشدد مضموم، ر موقوف) پانی کا پیلا اور متغیر ہونا۔

تَبَادُر: (ت مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، د مضموم، ر موقوف) دوڑنا، کسی کام میں دوسرے پر سبقت لے جانا۔

تَبْشِیر: (ت مفتوح، ب ساکن، ش مکسور، ی ساکن، ر موقوف) خوش خبری سنانا۔

تَبَاشِیر: (ت مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ی ساکن، ر موقوف) صبح سویرے خوش خبری دینا، ہر چیز کا شروع اور ابتدا، پگڈنڈی جو راستہ چلنے والوں کے نقش قدم سے بن جاتی ہے۔

تَبَصُّر: (ت مفتوح، ب مفتوح، ص مشدد مضموم، ر موقوف) شناسا ہونا، غور کرنا، دیکھنا۔

تَبْکِیر: (ت مفتوح، ب ساکن، ک مکسور، ی ساکن، ر موقوف) صبح کرنا، صبح کے وقت چلنا، جلدی کرنا۔

تَبْر: (ت مفتوح، ب ساکن، ر موقوف) توڑنا، ہلاک کرنا۔

تِبْر: (ت مکسور، ب ساکن، ر موقوف) سونا چاندی، سونے اور چاندی کے ریزے جب تک پگھلائے نہ جائیں، پگھلانے کے بعد ذہب (سونا) اور فضہ (چاندی) کہتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے تبر خالص سونا ہے نہ کہ ڈھلا ہوا دینار، جب اسے ڈھال کر دینار بناتے ہیں تو اسے عین کہتے ہیں۔

تَبَار: (ت مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ہلاک، وہ تبار جو اولاد کے معنی میں آیا ہے فارسی ہے۔

تَتَر: (ت مفتوح، ت مفتوح، ر موقوف) ایک قوم ہے جن کے شہر بلاد ترک سے متصل ہیں اسے تتار اور تاتار بھی کہتے ہیں۔

تَثْوِیر: (ت مفتوح، ث ساکن، و مکسور، ی ساکن، ر موقوف) جنگ اور فتنہ و فساد بھڑکانا، گرد و غبار اڑانا، حدیث اور احکام قرآن سے بحث کرنا۔

تَجْر: (ت مفتوح، ج ساکن، ر موقوف) تجارت۔

تِجْر: (ت مکسور، ج ساکن، ر موقوف) سوداگری، تجارت کرنا۔

تَاجِر: (ت مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ر موقوف) سوداگر، شراب بیچنے والا، کسی کام میں مہارت رکھنے والا۔

تُجَّار: (ت مضموم، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) تجار (ت مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) تاجر کی جمع ہے۔

تَاجِرَۃٌ: (ت مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) وہ اونٹنی جسے خریدار خریدنے کی خواہش کرے، یہ کاسِد کی ضد ہے۔

تَجْدِیْر: (ت مفتوح، ج ساکن، د مکسور، ی ساکن، ر موقوف) پھنسی نکلنا، چیچک نکلنا۔

تَجْبِیْر: (ت مفتوح، ج ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنا، پٹی باندھنا، کسی کے حال کو اچھا کرنا، فقیر کو بے نیاز کرنا۔

تَجَبُّر: (ت مفتوح، ج مفتوح، ب مشدد مضموم، ر موقوف) سرکشی کرنا، چرنے کے بعد گھاس کا دوبارہ اگنا اور سبز ہونا، درخت کا پتے نکالنا، بیمار کا حال اچھا ہونا، کسی شخص کا اپنے مال تک پہنچنا۔

تَجَاسُر: (ت مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، س مضموم ر موقوف) کسی چیز پر دلیری کرنا۔

تَحْذِیْر: (ت مفتوح، ح ساکن، ذ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔

تَحْیِیْر: (ت مفتوح، ح ساکن، ی مکسور، ی ساکن، ر موقوف) سرگشتہ کرنا، حیران کرنا۔

تَحَیُّر: (ت مفتوح، ح مفتوح، ی مشدد مضموم، ر موقوف) حیرت میں پڑنا، سرگشتہ ہونا، پانی کا جمع ہونا۔

تَحْرِیْر: (ت مفتوح، ح ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) لکھنا، نقاشی کرنا، غلام آزاد کرنا، فرزند کو مسجد کی خدمت کے لیے نامزد کرنا، کلام کو حشو و زوائد (بھرتی) سے پاک کرنا۔

تَحَسُّر: (ت مفتوح، ح مفتوح، س مشدد مضموم، ر موقوف) تھکنا، افسوس کرنا۔

تَحْسِیْر: (ت مفتوح، ح ساکن، س مکسور، ی ساکن، ر موقوف) حقیر سمجھنا، افسوس میں ڈالنا، تکلیف دینا، پروں کا گرنا، کھل جانا۔

تَحَاوُر: (ت مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، و مضموم، ر موقوف) آپس میں گفتگو کرنا، جواب دینا۔

تَخْدِیْر: (ت مفتوح، خ ساکن، د مکسور، ی ساکن، ر موقوف) عورت کو پردہ میں بیٹھانا، پردہ میں رکھنا، تختی کرنا، غضبناک ہونا، عضو کا سست پڑنا۔

تَخْسِیْر: (ت مفتوح، خ ساکن، س مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ہلاک کرنا۔

تَحْقِیْر: ت مفتوح، ح ساکن، ق مکسور، ی ساکن، ر موقوف) شرمندہ کرنا، کسی کو حفاظت میں رکھنا۔

تَخْمِیْر: (ت مفتوح، خ ساکن، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) گوندھنا، شراب پلانا، شرم رکھنا، ڈھانکنا۔

تَخْیِیْر: (ت مفتوح، خ ساکن، ی مکسور، ی ساکن، ر موقوف) اختیار دینا۔

تَدْبِیْر: (ت مفتوح، د ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ر موقوف) انجام سوچنا، غلام کو اپنی موت کے بعد آزاد کرنا، حدیث روایت کرنا۔

تَدَبُّر: (ت مفتوح، د مفتوح، ب مشدد مضموم، ر موقوف) کام کا انجام سوچنا۔

تَدَثُّر: (ت مفتوح، د مفتوح، ث مشدد مضموم، ر موقوف) کپڑے کے اوپر کپڑا اڑھانا یعنی چادر، نر کا مادہ پر سوار ہونا، مرد کا گھوڑے کی پیٹھ پر اچھلنا۔

تَدْوِیْر: (ت مفتوح، د ساکن، و مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کسی چیز کو گول بنانا، وہ چھوٹا آسمان جو بڑے آسمان کے بیچ میں ہے۔

تَدْمِیْر: (ت مفتوح، د ساکن، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ہلاک کرنا، کسی کو ہلاکت میں ڈالنا، شکاری کا گڑھے کے منہ پر گھاس پھوس رکھ کر چھپ جانا تاکہ شکار اسے نہ پہچان سکے۔

تَذْکِیْر: (ت مفتوح، ذ ساکن، ک مکسور، ی ساکن، ر موقوف) یاد دلانا، نصیحت کرنا۔

تَذَکُّر: (ت مفتوح، ذ مفتوح، ک مشدد مضموم، ر موقوف) یاد کرنا یا یاد آنا۔

تَرّ: (ت مفتوح، ر مشدد موقوف) جدا ہونا، کٹنا، کاٹنا۔

تُرّ: (ت مضموم، ر مشدد موقوف) وہ ڈوری جس سے معمار دیوار کا

انداز ہ کرتا ہے، سوت ڈالنا۔

تُزُوْر: (ت مضموم، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) اپنی جگہ سے دور ہونا، کھجور کے دانے کا پوست سے نکلنا، کٹنا، گرنا۔

تَزْحِیْر ۔ تَزَحُّر: (ت مفتوح، ز ساکن، ح مکسور، ی ساکن، ر موقوف) (ت مفتوح، ز مفتوح، ح مشدد مضموم، ر موقوف) سختی کی وجہ سے پیٹ کا پھولنا، شکم کا مروڑ، پیچش۔

تَزْمِیْر: (ت مفتوح، ز ساکن، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) بانسری بجانا۔

تَزْوِیْر: (ت مفتوح، ز ساکن، و مکسور، ی ساکن، ر موقوف) جھوٹ ظاہر کرنا۔

تَزَاوُر: (ت مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، و مضموم، ر موقوف) مائل کرنا، انحراف کرنا۔

تَسْحِیْر: (ت مفتوح، س ساکن، ح مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کسی پر جادو کرنا۔

تَسَحُّر: (ت مفتوح، س مفتوح، ح مشدد مضموم، ر موقوف) سحری کھانا۔

تَسَتُّر: (ت مفتوح، س مفتوح، ت مشدد مضموم، ر موقوف) پوشیدہ ہونا، چھپنا۔

تُسْتَر: (ت مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ر موقوف) ایک مشہور شہر، سہیل بن عبداللہ تستری اسی شہر کے باشندے تھے، اس کا قلعہ پہلا قلعہ ہے جسے طوفان نوح کے بعد تعمیر کیا گیا، ششتر کہنا غلط ہے جیسا کہ صاحب قاموس نے لکھا ہے ہوسکتا ہے کہ فارسی میں ششتر ہو اور عربی تستر، فارسی میں شوشتر بھی کہتے ہیں۔

تَسْخِیْر ۔ تَسَخُّر: (ت مفتوح، س ساکن، خ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) (ت مفتوح، س مفتوح، خ مشدد مضموم، ر موقوف) مطیع کرنا، فرمانبردار بنانا، بغیر مزدوری کے کام کرانا (بیگار)

تَسْطِیْر: (ت مفتوح، س ساکن، ط مکسور، ی ساکن، ر موقوف) باطل چیزیں بیان کرنا، لکھنا، تالیف کرنا۔

تَسْعِیْر: (ت مفتوح، س ساکن، ع مکسور، ی ساکن، ر موقوف) قیمت مقرر کرنا، آگ روشن کرنا۔

تَسْمِیْر: (ت مفتوح، س ساکن، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کھونٹی گاڑنا، دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا، چھوڑنا، رات کے وقت باتیں کرنا، قصہ کہنا۔

تَسْوِیْر: (ت مفتوح، س ساکن، و مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کسی کے ہاتھ میں کنگن پہنانا۔

تَسَوُّر: (ت مفتوح، س مفتوح، و مشدد مضموم، ر موقوف) اپنے ہاتھ میں کنگن پہننا، دیوار پر چڑھنا۔

تَسْیِیْر: (ت مفتوح، س ساکن، ی مکسور، ی ساکن، ر موقوف) شہر سے نکالنا، دھاری دار کپڑا بننا، چوپائے کی پیٹھ سے جھول اتارنا۔

تَشْجِیْر: (ت مفتوح، ش ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ر موقوف) درخت کی شکل بنانا، جامۂ مشجر ایسے کپڑے کو کہتے ہیں جس پر درخت کی شکلیں بنی ہوں۔

تَشَاجُر: (ت مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ج مضموم، ر موقوف) دو آدمیوں کا آپس میں جھگڑنا۔

تَشَاعُر: (ت مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ع مضموم، ر موقوف) اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرنا۔

تَشْمِیْر: (ت مفتوح، ش ساکن، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کمربستہ ہونا، دامن کمر پر باندھنا، کام میں چست ہونا، کشتی وغیرہ چلانا۔

تَشَمُّر: (ت مفتوح، ش مفتوح، م مشدد مضموم، ر موقوف) کام کے لیے آمادہ ہونا۔

تَشْنِیْر: (ت مفتوح، ش ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ر موقوف) عیب بیان کرنا، رسوا ہونا، عیب لگانا۔

تَشَاوُر: (ت مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، و مضموم، ر موقوف) آپس میں مشورہ کرنا۔

تَشْوِیْر: (ت مفتوح، ش ساکن، و مکسور، ی ساکن، ر موقوف) شرمندہ کرنا، ستر کھولنا، اشارہ کرنا، شرمندہ ہونا۔

تَشَوُّر: (ت مفتوح، ش مفتوح، و مشدد مضموم، ر موقوف) شرمندہ ہونا۔

تَشْہِیْر: (ت مفتوح، ش ساکن، ہ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ظاہر کرنا،

نیام سے تلوار نکالنا، لوگوں کو دکھانا۔

تَضْدِیْر: (ت مفتوح، ص ساکن، د مکسور، ی ساکن، ر موقوف) دوڑنے میں دوسرے گھوڑوں سے آگے بڑھنا، سرخی لگانا، کسی کو صدر مجلس میں بیٹھانا، تمہید لکھنا، پیش بند (وہ چمڑا جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جھکانے کی غرض سے باندھتے ہیں) گھوڑے پر باندھنا، آگے کرنا۔

تَصَدُّرْ: (ت مفتوح، ص مفتوح، د مشدد مضموم، ر موقوف) صدر مجلس میں بیٹھنا، بیٹھنے کے لیے اونچی جگہ بنانا۔

تَصْعِیْر: (ت مفتوح، ص ساکن، ع مکسور، ی ساکن، ر موقوف) غرور کی وجہ سے منہ ٹیڑھا کرنا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ اور کسی سے بات کرنے میں اپنا رخسار کج نہ کر (پ21 سورۂ لقمان)

تَصْغِیْر: (ت مفتوح، ص ساکن، غ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) چھوٹا کرنا، کلمہ کو مصغر بنانا یعنی پہلے حرف کو ضمہ دینا دوسرے کو فتحہ اور دوسرے حرف کے بعد "یا" لانا جیسے رُجَیْل، رجل کا مصغر ہے، کلمۂ مصغر کو تصغیر بھی کہتے ہیں اور یہ قسم کلام عرب میں ہے، فارسی میں تصغیر کے لیے آخر میں "ک" لاتے ہیں جیسے مامک مام کی تصغیر ہے یا آخر میں جیم اور ہا لاتے ہیں جیسے کوچہ دباغچہ۔

تَصْوِیْر: (ت مفتوح، ص ساکن، و مکسور، ی ساکن، ر موقوف) صورت بنانا، پیدا کرنا، لکڑی اور مٹی وغیرہ سے مجسمہ بنانا، دیوار وغیرہ پر نقش بنانا، تصاویر جمع ہے۔

تَصَوُّرْ: (ت مفتوح، ص مفتوح، و مشدد مضموم، ر موقوف) دل میں کسی چیز کی تصویر بنانا، خیال لانا، جھکنا، گرنے کے قریب ہونا۔

تَصْیِیْر: (ت مفتوح، ص ساکن، ی مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف کر دینا۔

تَضَجُّرْ: (ت مفتوح، ض مفتوح، ج مشدد مضموم، ر موقوف) دل تنگ اور غمناک ہونا۔

تَضَرُّرْ: (ت مفتوح، ض مفتوح، ر مشدد مضموم، ر موقوف) نقصان پہنچنا، صدمہ اٹھانا، بیمار ہونا۔

تَضْمِیْر: (ت مفتوح، ض ساکن، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) فربہ ہونے کے بعد گھوڑے کو اندازے سے دانہ اور چارہ دینا۔

تَظَافُرْ: (ت مفتوح، ظ مفتوح، ا ساکن، ف مضموم، ر موقوف) پشت پناہی کرنا، ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَطْهِیْر: (ت مفتوح، ط ساکن، ہ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) پاک کرنا۔

تَطَهُّرْ: (ت مفتوح، ط مفتوح، ہ مشدد مضموم، ر موقوف) پاک ہونا، سر اور جسم کو دھونا، اپنے کو گناہ سے باز رکھنا۔

تَطَیُّرْ (ت مفتوح، ط مفتوح، ی مشدد مضموم، ر موقوف) بری فال لینا، تطیر اصل میں پرندے کے ذریعہ فال لینا ہے، عرب اس کو بری فال جانتے ہیں۔

تَطْیِیْر: (ت مفتوح، ط ساکن، ی مکسور، ی ساکن، ر موقوف) اڑانا۔

تَعْبِیْر: (ت مفتوح، ع ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ر موقوف) خواب کا نتیجہ بیان کرنا، کسی کی بات یا اپنے دل کی بات بیان کرنا، درہم و دینار کے فرق کا اندازہ کرنے کے بعد ان کی کمیت و کیفیت دیکھنا۔

جَائِزَة: (ج مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ز مفتوح، ۃ موقوف) بدلہ، انعام، بخشش۔

جَامِدَة: (ج مفتوح، ا ساکن، م مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) ٹھہرا ہوا، افسردہ۔

جَارِیَۃٌ: (ج مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) آفتاب، کشتی، لونڈی، لڑکی، بہنے والی، چلنے والی نعمت خدا۔

جَاثِیَۃٌ: (ج مفتوح، ا ساکن، ث مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) زانو پر بیٹھنے والا۔

جَابِیَۃٌ: (ج مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کنویں کی مینڈ، پانی کا حوض۔

جِبَایَۃٌ: (ج مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) خراج کے مال کو جمع کرنا، پانی جمع کرنا۔

جِبْت: (ج مکسور، ب ساکن، ت موقوف) بُت، کاہن، جادوگر، جادو، خدائے تعالی کے علاوہ ہر وہ چیز جس کی پوجا کی جائے۔

جَبَرُوْت: (ج مفتوح، ب مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ت موقوف) تکبر، گھمنڈ۔

جَبِیْرَۃٌ: (ج مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی کی وہ پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھی جاتی ہے، کنگن۔

جَبَرِیَّۃٌ: (ج مفتوح، ب مفتوح، ر مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ فرقہ جو کہتا ہے کہ بندے کو کسی کام میں اختیار نہیں ہے، با کے سکون کے ساتھ جیسا کہ مشہور ہے غلط ہے یا یہ کہ درست با کے سکون کے ساتھ ہے، با کا فتحہ قدریہ کی مناسبت کی وجہ سے ہے۔

جَبَّانَۃٌ: (ج مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) صحرا، میدان، بیابان۔

جُبَّۃٌ: (ج مضموم، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) مشہور لباس، انی کا سوراخ جس میں چھڑ داخل کرتے ہیں، پنڈلی کی ہڈی کا زیریں حصہ جو سم سے متصل ہو۔

جَبْہَۃٌ: (ج مفتوح، ب ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) چہرہ کا وہ حصہ جو ابرو سے لے کر ناصیہ تک ہے، پیشانی، آدمیوں اور گھوڑوں کا گروہ، چاند کی ایک منزل جو برج اسد کی پیشانی پر چار ستارے ہیں۔

جَبَابِرَۃٌ: (ج مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) سرکش لوگ، جبار کی جمع ہے۔

جَبْلَۃٌ: (ج مفتوح، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بدشکل، قوت۔

جِبِلَّۃٌ: (ج مکسور، ب مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خلقت، طبیعت، گروہ، ہر چیز کی کثرت، مخلوقات۔

جُثَّۃٌ: (ج مضموم، ث مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جسم، بدن۔

جِثَّۃٌ: (ج مکسور، ث مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بلا۔

جَدِیْلَۃٌ: (ج مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) عادت، طریقہ، قبیلہ، کنارہ، ایک عورت کا نام جو قبیلہ کی ماں ہے۔

جَادَّۃٌ: (ج مفتوح، ا ساکن، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بڑی سڑک، پگڈنڈی، سڑک۔

جِدَۃٌ: (ج مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) طاقتور ہونا، مالدار ہونا۔

جِدَّۃٌ: (ج مکسور، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) نیا، نیا ہونا، ساحل سمندر کا ایک شہر، کتے کا پٹا۔

جُدَۃٌ: (ج مضموم، د مفتوح، ۃ موقوف) گدھے کی پشت کا خط جو اس کے رنگ کے مخالف ہو۔

جَدَّۃٌ: (ج مفتوح، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دادی، نانی۔

جَدَالَۃٌ: (ج مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) ریگستان، ریتیلی زمین، خام کھجور، چیونٹی۔

جُذْوَۃٌ: (ج مفتوح رمکسور رمضموم، ذ ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) آگ کی چنگاری۔

جُرْأَۃٌ: (ج مضموم، ر ساکن، أ مفتوح، ۃ موقوف) بہادری دکھانا۔

جَرَّۃٌ: (ج مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار کھینچنا، گدھے کا بچہ، گھڑا، روئی۔

جِرَاء: (ج مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کھینچنے کی ایک شکل، وہ چیز جو اونٹ گلے سے باہر لائے تا کہ جگالی کرے۔

جُرَاء: (ج مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہرن کے شکار کے لیے لکڑی کا پھندا، کھیل کی ایک قسم۔

جَزْبَرَۃٌ: (ج مفتوح، ز ساکن، ب مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) مکاری، فریب کاری، بازی گری، اس کا مقابل بلاہت ہے، دو حکمتوں کا وسط جیسا کہ علم اخلاق میں بیان کیا گیا ہے۔

جَرِیْرَۃٌ۔ جَرِیْمَۃٌ: (ج مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) (ج مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) گناہ، جرائر وجرائم جمع ہے۔

جَرَّارَۃٌ: (ج مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بھاری لشکر، بڑی فوج، ایک قسم کا بچھو جو زمین پر پونچھ کو گھسیٹتا ہے سرزمین اہواز میں اس قسم کے بچھو بکثرت پائے جاتے ہیں کہتے ہیں کہ یہ مسافروں کو ڈنک نہیں مارتا، یہ انوکھی بات ہے۔

جَرَادَۃٌ: (ج مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) ٹڈی۔

جَرِیْدَۃٌ: (ج مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) تنہا، اکیلا، درخت کی ٹہنی جس سے پتی صاف کرلی گئی ہو۔

جُرْعَۃٌ: (ج مضموم، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ایک گھونٹ، پانی وغیرہ ایک بار پینے کی مقدار۔

جَرْعَۃٌ: (ج مفتوح، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار پینا۔

جَرَعَۃٌ: (ج مفتوح، ر مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) ہموار ریتیلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے۔

جِرَاحَتْ (ج مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ت موقوف) زخم، گھاؤ۔

جُرْثُوْمَۃٌ: (ج مضموم، ر ساکن، ث مضموم، و ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) اصل۔

جَزَالَۃٌ: (ج مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) پورا ہونا، پختہ ہونا، رکاکت کی ضد۔

جُزَارَۃٌ: (ج مضموم، ز مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) جھنڈے وغیرہ کا دستہ۔

جِزْیَۃٌ: (ج مکسور، ز ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ ٹیکس جو ذمی کافروں پر ہر سال دینا مقرر کیا جاتا ہے، گزیہ کا معرب۔

جَسَارَۃٌ: (ج مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) دلیر ہونا۔

جَسَامَۃٌ: (ج مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بھاری جسم والا ہونا۔

جِعَالَۃٌ: (ج مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) وہ نقد یا جنس کی مقدار جو کسی کام یا کسی مہم کے لیے مقرر کی جائے، شریعت میں یہ رشوت نہیں بلکہ کام کی اجرت ہے۔

جَعْبَۃٌ: (ج مفتوح، ع ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ترکش۔

جَفْو: (ج مفتوح، ف ساکن، و موقوف) ظلم اور برائی کرنا۔

جَفْنَۃٌ: (ج مفتوح، ف ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی کا پیالہ، شریف آدمی، چھوٹا کنواں، یمن کا ایک قبیلہ ہے، جفان (ج مکسور) اور جفنات جمع ہے۔

جُلْبَۃٌ: (ج مضموم، ل ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) زخم کا کھرنڈ جو خشک ہوگیا ہو، جاڑے کی سختی، وہ کچا چمڑا جو زین پر چڑھایا جائے۔

جَلْدَۃٌ: (ج مفتوح، ل ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) کوڑا مارنا۔

جَلَالَۃٌ: (ج مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بزرگ ہونا، بزرگی۔

جُلَالَۃٌ: (ج مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بڑی اونٹنی۔

جَلَّالَۃٌ: (ج مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) پلیدی کھانے والی گائے۔

جِلَّۃٌ: (ج مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بزرگ، پیشوا لوگ۔

جُلَّۃٌ: (ج مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ ظرف جو کھجور کے پتوں سے بنائیں اور اس میں کھجور رکھیں۔

جَلَّۃٌ: (ج مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پلیدی، گوبر، جُلَّۃ (ج مکسور مضموم) بھی آیا ہے۔

جَلْوَۃٌ: (ج مفتوح، ل ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) دکھانا، اپنے کو کسی کے سامنے پیش کرنا۔

جَلِیَّۃٌ: (ج مفتوح، ل مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) روشن اور ظاہر کام۔

جَمْہَرَۃٌ: (ج مفتوح، م ساکن، ہ مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) جمع کرنا، لغت کی ایک کتاب جو ابن درید کی تصنیف ہے۔

جَمْرَۃٌ: (ج مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سنگریزہ، وہ زخم جو عضو پر نکلے جسے آتشک کہتے ہیں، چنگاری، حج میں تین دن کنکری مارنا، وہ قبیلہ جس کے افراد باہم متفق ہوں اور دوسرے قبیلے کے ساتھ نہ ملیں، زمین کی سرنگ، رومیوں اور عربوں کا خیال ہے کہ بہار سے پہلے تین جمرے بلندی سے زمین پر آتے ہیں پہلا جمرہ پانی میں اثر ڈالتا ہے دوسرا جمرہ زمین پر اثر انداز ہوتا ہے اور تیسرا جمرہ درختوں پر اثر ڈالتا ہے تا کہ اسے حرکت میں لائے کہتے ہیں ان جمروں سے زمین کا شکم گرم ہوتا ہے اور اس سے بھاپ نکلتی ہے، انوری کہتا ہے

ع ہم جمرہ برآورد و فرو برد نفس را

جُمْلَۃٌ: (ج مضموم، م ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) تمام، کلی، سب۔

جُمْجُمَۃٌ: (ج مضموم، م ساکن، ج مضموم، م مفتوح، ۃ موقوف) کھوپڑی، لکڑی کا پیالہ، شورستان کا کنواں۔

جَمَّازَۃٌ: (ج مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) تیز رفتار اونٹ۔

جُمْعَۃٌ: (ج مضموم، م ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) جمعہ کا دن، ایک مٹھی کھجور وغیرہ، میم کے ضمہ کے ساتھ بھی ہے۔

جُمَّۃٌ: (ج مضموم، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سر کا پورا بال، بالوں کی کثرت،

جَمَّۃٌ: (ج مفتوح، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ کنواں جس میں پانی جمع ہو، کثیر جماعت۔

جَنَابَۃٌ: (ج مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) اجنبی ہونا، مسافر ہونا، بے گانوں کے درمیان اترنا۔

جَنَبَۃٌ: (ج مفتوح، ن مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) پہلو، کنارہ، گوشہ علاحدگی اختیار کرنا، آغوش۔

جَنَازَۃٌ: (ج مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) وہ چارپائی جس پر مردے کو اٹھاتے ہیں، تابوت۔

جِنَازَۃٌ: (ج مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) مردہ، اس کے برعکس معنی کے لیے لوگوں نے بیان کیا ہے۔

جِنَّۃٌ: (ج مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دیوانگی، پاگل پن، آسیب زدگی۔

جُنَّۃٌ: (ج مضموم، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ڈھال۔

جِنَایَۃٌ: (ج مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) گناہ کرنا۔

جُوْدَۃٌ: (ج مضموم، و ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) گھوڑے کا عمدہ طریقے سے چلنا۔

جَوْدَۃٌ: (ج مفتوح، و ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) نیکی۔

جُوْنَۃٌ: (ج مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) دوافروش کی پٹاری۔

جَہَارَۃٌ: (ج مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بلند آواز ہونا۔

جَہْرَۃٌ: (ج مفتوح، ہ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ظاہر ہونا۔

جَہَالَۃٌ: (ج مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) نادان ہونا نہ جاننا۔

جَہَلَۃٌ: (ج مفتوح، ہ مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) نادان لوگ، جاہل کی جمع ہے۔

جِہْبَذَۃٌ: (ج مکسور، ہ ساکن، ب مفتوح، ذ مفتوح، ۃ موقوف) وہ دانش مند جو صحیح و سقیم کو پرکھتا ہے۔

جُہَیْنَۃٌ: (ج مضموم، ہ مفتوح، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ایک قبیلہ کا نام ہے۔

جِیْفَۃٌ: (ج مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) بدبو کرنے والا مردار۔

﴿فصل الجیم مع الثاء﴾

جَاث: (ج مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) چوپایہ کا پچھلے دو پیروں پر کھڑا ہونا اور کسی کو ڈرانا۔

جَثّ: (ج مفتوح، ث مشدد موقوف) جڑ سے اکھاڑنا۔

جَدَث: (ج مفتوح، د مفتوح، ث موقوف) قبر، اَجْدَاث جمع ہے۔

﴿فصل الجیم مع الجیم﴾

جَرْج: (ج مفتوح، ر ساکن، ج موقوف) پتھریلی سخت زمین، انگوٹھی کا

انگلی میں حرکت کرنا۔

جُرَیْج: (ج مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ج موقوف) ایک دریا کا نام۔

﴿فصل الجیم مع الحاء﴾

جَدْح: (ج مفتوح، د ساکن، ح موقوف) پیٹھ کو پانی سے تر کرنا۔

جَرْح: (ج مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) زخمی کرنا، کسی کی گواہی اور عدالت میں طعنہ کرنا، کمانا۔

جُرْح: (ج مضموم، ر ساکن، ح موقوف) خستہ حالی، زخم، جُروح جمع ہے۔

جِراح: (ج مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بہت سے زخم، جراحت کی جمع ہے۔

جَزْح: (ج مفتوح، ز ساکن، ح موقوف) کاٹنا، اپنی ضرورت اور کام سے گزرنا، بڑا عطیہ دینا، کسی کے مشورے کے بغیر عطا کرنا، ہرن کا اپنی جگہ آنا، درخت کو مارنا تاکہ اس کے پتے گریں، اپنے مال سے کچھ حصہ الگ کرنا، بخشش، جَزِح (ز مفتوح ر مکسور) چالاک صاحب نظر جوان۔

جَلْح: (ج مفتوح، ل ساکن، ح موقوف) چوپایوں کا درخت کے سروں کو کھانا، درخت کا چھلکا نکالنا۔

جُلَّح: (ج مضموم، ل مشدد مفتوح، ح موقوف) بے سینگ کی گائے، بیل۔

جَلَح: (ج مفتوح، ل مفتوح، ح موقوف) سر کے اگلے حصے کا بال جھڑنا، کچھ لوگ اسے نَزَع کہتے ہیں اس کے بعد جَلَح پھر صَلَح۔

جُمُوح: (ج مضموم، م مضموم، و ساکن، ح موقوف) گھوڑے کا سرکشی کرنا، عورت کا شوہر کے ساتھ سرکشی کرنا، شوہر کی اجازت کے بغیر اپنے میکے جانا، جلدی کرنا، دوڑنا۔

جَمُوح: (ج مفتوح، م مضموم، و ساکن، ح موقوف) سرکش گھوڑا۔

جِماح: (ج مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) گھوڑے کا سرکشی کرنا۔

جُمّاح: (ج مضموم، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بے نوک یا بھالی کا تیر۔

جُنُوح: (ج مضموم، ن مضموم، و ساکن، ح موقوف) جھکانا، کسی کو مائل کرنا۔

جَنْح: (ج مفتوح، ن ساکن، ح موقوف) پرندے کا پر پھڑ پھڑانا۔

جِنْح: (ج مکسور، ن ساکن، ح موقوف) جانب، کنارہ، کندھا، مونڈھا، رات کا حصہ، جُنْح (ج مضموم) بھی اسی معنی میں ہے۔

جُناح: (ج مضموم، ن مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) گناہ۔

جَناح: (ج مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) پرندے اور باز کا پر، مچھر کا بال، کسی شئی کا کنارہ، مونڈھا، کسی چیز کا ٹکڑا، جُناح بھی اسی معنی میں ہے۔

جَوانِح: (ج مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ح موقوف) پہلو کی وہ ہڈیاں جو سینے کے قریب ہیں۔

جَوارِح: (ج مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ح موقوف) آدمی کے وہ اعضا جن سے کام کرتا ہے، شکاری جانور، زخم لگانے والے جرّاح۔

جَوْح: (ج مفتوح، و ساکن، ح موقوف) جڑ سے اکھاڑنا۔

﴿فصل الجیم مع الدال﴾

جَارُوْد: (ج مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، و ساکن، د موقوف) منحوس بدفال مرد، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام ہے۔

جَحْد۔ جُحُد۔ جُحْد۔ جُحُود: (ج مفتوح ر مضموم، ح ساکن ر مضموم، د موقوف) (ج مضموم، ح مضموم، و ساکن، د موقوف) جان بوجھ کر انکار کرنا، مفلسی کے معنی میں بھی آیا ہے۔

جِدّ: (ج مکسور، د مشدد موقوف) کسی کام میں چستی اور کوشش کرنا۔

جَدّ: (ج مفتوح، د موقوف) دادا، نانا، حصہ، بت، ندی کا کنارہ، بے نیازی، مالداری، عظمت، بزرگی، بزرگ سمجھنا، کپڑا وغیرہ بننے کے بعد کاٹنا، پورا ہونا۔

جُدّ: (ج مضموم، د موقوف) چراگاہ کا کنواں۔

جَدَد: (ج مفتوح، د مفتوح، د موقوف) سیدھی اور ہموار زمین۔

جُدُد: (ج مضموم، د مضموم، د موقوف) جُدّة کی جمع ہے، سڑکیں، راستے۔

جُدّاد: (ج مضموم، د مشدد مفتوح، د موقوف) پرانے کپڑے، چھوٹے

درخت، چھوٹے پہاڑ، ہر وہ چیز جس کے کچھ اجزا کسی دوسری چیز کے اجزا سے ملے ہوں، الجھے ہوئے دھاگے۔

جَدَّاد: (ج مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) شراب بیچنے والا، شراب بنانے والا۔

جَدِیْد: (ج مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) نیا، وہ کپڑا جسے بنکر بننے کے بعد زمین پر رکھتا ہے، جَدِیْدَان دن رات، نیا پا، یمامہ میں ایک نہر ہے۔

جَرْد: (ج مفتوح، ر ساکن، د موقوف) ڈھال، مال کا بقیہ حصہ، شرمگاہ، کھال سے بال کا صاف کرنا، کسی کا کسی سے مانگنا اور اس کا نہ دینا یا دینا تو کراہت کے ساتھ دینا، کسی کو ننگا کرنا، روئی سے بیج نکالنا۔

جُرْد: (ج مضموم، ر ساکن، د موقوف) وہ ہموار زمین جس پر گھاس نہ اُگی ہو، وہ آدمی جس کے بال نہ ہوں، اَجْرَد کی جمع ہے۔

جَرَدْ: (ج مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) بے بال والا ہونا، وہ میدان جس میں نباتات نہ ہو، بنو تمیم کے ایک شہر کا نام ہے، چوپایوں کا ایک عیب، چوپایوں کے پاؤں کی بیماری مثلاً ورم وغیرہ۔

جَرِیْد: (ج مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) تمام، پوری مدت، کھجور کی شاخ، وہ درخت جس کی شاخ اور چھلکا الگ کر دیا گیا ہو۔

جَرَاد: (ج مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کڑوا، ایک پہاڑ کا نام ہے۔

جَسَدْ: (ج مفتوح، س مفتوح، د موقوف) آدمی، جن اور فرشتوں کا جسم، بدن، زعفران، بنی اسرائیل کا گوسالہ (بچھڑا) جس کی وہ پوجا کرتے تھے، خشک خون۔

جَعْد: (ج مفتوح، ع ساکن، د موقوف) گھنگھرالے بال، گرم جسم والا مرد، کریم، جَعْدُ الْیَدَیْن و جَعْدُ الْاَصَابِع، بخیل، کنجوس۔

جَلْد: (ج مفتوح، ل ساکن، د موقوف) قوت دکھلانا، چست ہونا، کوڑا مارنا اس طرح کہ کھال چھل جائے، چست و چالاک، کسی کام پر مجبور کرنا، سانپ کا ڈسنا، عورت کے ساتھ جماع کرنا۔

جِلْد: (ج مکسور، ل ساکن، د موقوف) حیوان کی کھال۔

جَلَدْ: (ج مفتوح، ل مفتوح، د موقوف) اونٹ کے بچے کی کھال جس میں بھوس بھر کر اس کی ماں کے سامنے رکھیں تا کہ اونٹنی اسے اپنا زندہ بچہ خیال کر کے سکون پائے اور دودھ دے، سخت اور ہموار زمین، بکری کا بچہ جو پیدائش سے پہلے ہی مر جائے، وہ اونٹنی اور بکریاں جو بچہ اور دودھ نہ رکھتی ہوں، بڑے اونٹ جن میں چھوٹے اونٹ نہ ہوں۔

جَلِیْد: (ج مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) وہ شبنم جو زمین پر گر کر برف بن جائے۔

جِلَاد: (ج مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، د موقوف) باہم تلوار چلانا، بڑے بڑے سخت کھجور کے درخت، بہت دودھ والی اونٹنیاں۔

جَلَّاد: (ج مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کھال کھینچنے والا، کوڑے مارنے والا، قاتل، کھال بیچنے والا۔

جَلُوْد: (ج مفتوح، ل مضموم، و ساکن، د موقوف) افریقہ کے ایک گاؤں کا نام ہے۔

جُلُوْد: (ج مضموم، ل مضموم، و ساکن، د موقوف) کھالیں، جِلد کی جمع ہے۔

جَلْمَدْ۔ جُلْمُوْد: (ج مفتوح، ل ساکن، م مفتوح، د موقوف) (ج مضموم، ل ساکن، م مضموم، و ساکن، د موقوف) سخت پتھر، سخت آدمی۔

جُمُوْد: (ج مضموم، م مضموم، و ساکن، د موقوف) افسردہ ہونا۔

جَمُوْد: (ج مفتوح، م مضموم، و ساکن، د موقوف) نہ رونے والی آنکھ۔

جَمْد: (ج مفتوح، م ساکن، د موقوف) پانی جمنا، برف ہونا۔

جَمَدْ: (ج مفتوح، م مفتوح، د موقوف) برف، جَامِد کی جمع ہے۔

جُمْد۔ جُمُدْ۔ جَمَدْ: (ج مضموم/مفتوح، م ساکن/مضموم/مفتوح، د موقوف) بلند زمین۔

جَمَاد: (ج مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، د موقوف) وہ زمین جس پر بارش نہ ہوتی ہو، بے بارش کا سال، وہ چیز جس کی نشو و نما نہ ہوئی ہو، وہ اونٹنی جو دودھ نہ دے، بخیل، کنجوس، کپڑے کی ایک قسم، جماد کے بھی یہی معنی ہیں۔

جَامِدْ: (ج مفتوح، ا ساکن، م مکسور، د موقوف) جمی ہوئی چیز، منجمد شئی، ایسا کلمہ جس سے دوسرا کلمہ مشتق نہ ہو، سونا چاندی وغیرہ جسے مال صامت کہتے ہیں، مال ناطق (چوپائے) کی ضد ہے۔

جُنْد: (ج مضموم، ن ساکن، د موقوف) لشکر، مدد کرنے والے، شہر کا نام، مخلوق کی تنہا اور خودسر جماعت، جُنُود جمع ہے۔

جَنْد: (ج مفتوح، ن ساکن، د موقوف) دریائے سیحون کے کنارے ایک شہر ہے۔

جَنَد: (ج مفتوح، ن مفتوح، د موقوف) سخت زمین، پتھر جو مٹی کے مشابہ ہو، یمن میں ایک شہر کا نام ہے۔

جَوْد: (ج مفتوح، و ساکن، د موقوف) عمدہ، اچھی چیزیں، بہت بارش اس معنی میں جَابِد کی جمع ہے جیسے صاحب کی جمع صَحْب ہے، اچھی بارش ہونا، بہادری دکھانا، اسی معنی میں جَوَاد کی جمع ہے۔

جُوْد: (ج مضموم، و ساکن، د موقوف) لمبی گردن والے، اس معنی میں اَجْیَد کی جمع ہے۔

جَوَاد: (ج مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، د موقوف) جوان مرد۔

جُہْد: (ج مفتوح/مضموم، ہ ساکن، د موقوف) طاقت، کوشش، رنج، تکلیف۔

جِہَاد: (ج مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کافروں سے جنگ کرنا۔

جَہَاد: (ج مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، د موقوف) سخت زمین جس میں گھاس نہ ہو۔

جِیْد: (ج مکسور، ی ساکن، د موقوف) گردن، گردن بند کی جگہ۔

جَیَدْ: (ج مفتوح، ی مفتوح، د موقوف) گردن کی درازی، گردن کا پتلا ہونا، گردن کا حسن۔

جَیِّدْ: (ج مفتوح، ی مشدد مکسور، د موقوف) عمدہ، خالص، کھرا، نیک۔

﴿فصل الجیم مع الذال﴾

جَبْذ: (ج مفتوح، ب ساکن، ذ موقوف) کھینچنا۔

جَذّ: (ج مفتوح، ذ مشدد موقوف) کاٹنا، توڑنا، تیز چلنا۔

جُذَاذ: (ج مفتوح/مکسور/مضموم، ذ مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف) ہر چیز کا ٹکڑا، ریزہ، جُذاذ (ج مضموم) زیادہ فصیح ہے۔

جَرَذ: (ج مفتوح، ر مفتوح، ذ موقوف) چوپائے کے پیر کی سوجن۔

جُرْذ: (ج مضموم، ر ساکن، ذ موقوف) ایک قسم کا چوہا۔

﴿فصل الجیم مع الراء﴾

جَار: (ج مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پڑوسی، نگہبان، امان چاہنے والا، تجارت کا شریک، عورت کا خاوند، وہ شخص جس کو کسی کے ظلم سے پناہ دی جائے۔

جَبْر: (ج مفتوح، ب ساکن، ر موقوف) ٹوٹے ہوئے کو جوڑنا، کسی کے حال کو اچھا کرنا، بندے کو اپنے افعال نیک و بد میں مجبور جاننا، قدر کی ضد ہے، کسی کام کے لیے مجبور کرنا، بادشاہ، غلام، بہادر، فقیر۔

جُبُوْر: (ج مضموم، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) ٹوٹی ہوئی چیز کا درست ہونا۔

جَابِرْ: (ج مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ر موقوف) ٹوٹے ہوئے کو جوڑنے والا، ایک صحابی رسول کا نام ہے، روٹی۔

جُبَار: (ج مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بیکار، بے قیمت، وہ خون جس کا بدلہ نہ ہو، اہل عرب کہتے ہیں دَمٌ جُبَـــار یعنی خون رائیگاں، حدیث میں ہے اَلــمَـعْـدَنُ جُبَـار یعنی مزدور جو کان کھودتا ہے اگر کان کے اندر مر جائے مالک پر اس کی دیت لازم نہ ہوگی، منگل کا دن۔

جَبَّار: (ج مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گھمنڈ کرنے والا، سرکش مرد، اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم ہے، توڑنے والا اس معنی میں اسم جلالی ہے، ٹوٹے ہوئے کو درست کرنے والا اس معنی میں اسم جمالی ہے، کھجور کا لمبا درخت جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے، نَاقَۃٌ جَبَّارَۃٌ فربہ اونٹنی۔

جَحْر: (ج مفتوح، ح ساکن، ر موقوف) آنکھ کا حلقے کے اندر دھنس

جانا، گوہ کا بل میں داخل ہونا، سورج کا بلند ہونا، بارش کا ہونا، موسم بہار، بھلائی سے رکنا، ٹھہرنا۔

جُحر: (ج مضموم، ح ساکن، ر موقوف) جانوروں کا بل، وہ سوراخ جس میں حشرات الارض رہتے ہیں۔

جَخَر: (ج مفتوح، خ مفتوح، ر موقوف) کنویں کے اندرونی حصے کا کشادہ ہونا، گوشت کا خراب ہونا، پیٹ کا خالی ہونا۔

جَخِر: (ج مفتوح، خ مکسور، ر موقوف) بہت ذلیل، بے دل۔

جَدْر: (ج مفتوح، د ساکن، ر موقوف) وہ گھاس جو ریت میں اگتی ہے۔

جُدْر: (ج مضموم، د ساکن، ر موقوف) دیوار، جُدْران جمع ہے۔

جَدَرْ: (ج مفتوح، د مفتوح، ر موقوف) زخم کا نشان جو اونٹ اور گدھے کی گردن پر ہو، پھنسیاں، آبلے، اس معنی میں جَدَرَۃ کی جمع ہے، شام میں ایک گاؤں کا نام، شراب جدری اسی کی طرف منسوب ہے، بنی ازد کا ایک قبیلہ، زمین سے گھاس کا اگنا، لائق ہونا، ان دونوں معنوں میں جَدر بھی آیا ہے۔

جَدِیْر: (ج مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ر موقوف) لائق، احاطہ، چار دیواری، جَدِیْرَۃٌ خَطِیْرَۃٌ پتھر کی اونچی دیوار۔

جِدَار: (ج مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) دیوار، جُدُر جمع ہے۔

جَذْر: (ج مفتوح، ذ ساکن، ر موقوف) جڑ سے اکھاڑنا، کاٹنا، ہر چیز کی اصل، جذر (ج مکسور) بھی اسی معنی میں آیا ہے، اصطلاح حساب میں جذر عددی وہ عدد جس کو خود اسی عدد میں ضرب کریں حاصل ضرب کو مجذور کہتے ہیں جیسے 9 کا جذر تین ہے اور 9 مجذور ہے۔

جُذْمُور۔ جِذْمَار: (ج مضموم، ذ ساکن، م مضموم، و ساکن، ر موقوف) (ج مکسور، ذ ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ہر چیز کی اصل اور ابتدا، شاخ کا وہ ٹکڑا جو کاٹنے کے بعد بھی درخت پر رہ جائے، جَذَامِیْر جمع ہے، جَذَامِیْر کل اور تمام کے معنی میں بھی آتا ہے۔

جَرّ: (ج مفتوح، ر مشدد موقوف) کھینچنا، گناہ کرنا، کلمہ کو زیر دینا، زیر کی حرکت، پہاڑ کا دامن، گدھے کے بچے، ٹھیکریاں، گھڑے، جَرَّۃ کی جمع ہے۔

جَرِیْر: (ج مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) چمڑے کی رسی جو اونٹ کے گلے میں ڈالیں، ایک مشہور شاعر کا نام، ایک قبیلے کے مورث اعلیٰ کا نام ہے جو صحابیٔ رسول تھے ان کو جریر بجلی کہتے ہیں جو قبیلہ بجلیہ کی طرف منسوب ہیں۔

جَرَّار: (ج مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) کھینچنے والا، بہت بڑا لشکر۔

جِرْجِر: (ج مکسور، ر ساکن، ج مکسور، ر موقوف) چنا، باقلا۔

جِرْجِیْر: (ج مکسور، ر ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔

جَزْر: (ج مفتوح، ز ساکن، ر موقوف) کاٹنا، اونٹ ذبح کرنا، اونٹ کی کھال کھینچنا، درخت سے پھل توڑنا، دریا کا گھٹنا، خشک ہونا، کم ہونا، جزر، مَدّ کے خلاف ہے، حرف کو مد نہ پڑھنا۔

جَزَرْ: (ج مفتوح، ز مفتوح، ر موقوف) گوشت جو درندے کھائیں، بکری کا گوشت، گاجر، گزر کا معرب ہے۔

جُزُوْر: (ج مضموم، ز مضموم، و ساکن، ر موقوف) اونٹ ذبح کرنا۔

جَزَّار: (ج مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) اونٹ ذبح کرنے والا۔

جَسْر: (ج مفتوح، س ساکن، ر موقوف) بڑا اونٹ، پل، جسر بھی اس معنی میں آیا ہے، جُسور (ج مضموم) و جُسُر (ج و س مضموم) جمع ہے، لمبا بہادر مرد، جَسُور بھی اسی معنی میں ہے، لمبا موٹا اونٹ، بنی قضاعہ کا ایک قبیلہ، ایک شخص کا نام۔

جَشْر: (ج مفتوح، ش ساکن، ر موقوف) چوپایوں کو چرانے کے لیے لے جانا۔

جَشَر: (ج مفتوح، ش مفتوح، ر موقوف) وہ چوپائے جو اپنی جگہ ہی میں چرتے ہیں اور رات میں اپنے ٹھکانے پر نہیں آتے۔

جَعْر: (ج مفتوح، ع ساکن، ر موقوف) شکاری پرندوں کی بیٹ، پرندے کا بیٹ کرنا۔

جَعْبَر: (ج مفتوح، ع ساکن، ب مفتوح، ر موقوف) چھوٹا، ایک آدمی

کا نام ہے، ایک قبیلے کا نام ہے۔

جَعْفَرْ: (ج مفتوح، ع ساکن، ف مفتوح، رموقوف) چھوٹی نہر، لمبی چوڑی نہر، بہت دودھ والی اونٹنی، بنی عامر کے قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

جَفْر: (ج مفتوح، ف ساکن، رموقوف) چار مہینے کا بکری کا بچہ یا وہ بچہ جو دانہ اور گھاس کھانے لگا ہو، کشادہ کنواں، مکہ میں ایک کنویں کا نام، ایک مشہور فن کا نام (علم جفر)۔

جُفُوْر: (ج مضموم، ف مضموم، و ساکن، رموقوف) نر کا کثرت جماع سے باز رہنا، بکری کے بچے کی کوکھ کا چوڑا ہونا، دودھ چھوڑنا۔

جُلْفَار۔ جُلفَرْ: (ج مضموم، ل ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، رموقوف) (ج مضموم، ل ساکن، ف مفتوح، رموقوف) مرو میں ایک گاؤں کا نام، گلبر کا معرب ہے، جُلّفار (ل مشدد مفتوح) عمان کے نواح میں ایک شہر کا نام، جُلفار (ل ساکن) مشہور ہے۔

جُلَّنَار: (ج مضموم، ل مشدد مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، رموقوف) انار کا پھول، گلنار کا معرب ہے، جُلنَار (ل ساکن) مشہور ہے۔

جَمْر: (ج مفتوح، م ساکن، رموقوف) چنگاریاں، جَمْرَۃ واحد ہے۔

جِمَار: (ج مکسور، م مفتوح، ا ساکن، رموقوف) حج میں جمرات کو کنکری مارنا۔

جُمَّار: (ج مضموم، م مشدد مفتوح، ا ساکن، رموقوف) درخت خرما کا گوند جو چربی کی طرح سفید ہوتا ہے جسے شَحْمُ النَّخل (کھجور کی چربی) کہتے ہیں۔

جُمْهُوْر: (ج مضموم، م ساکن، ہ مضموم، و ساکن، رموقوف) ریت کا اونچا ٹیلہ، لوگوں کا بڑا گروہ، ہر چیز کا اکثر حصہ، جَماہِیر جمع ہے۔

جَوْر: (ج مفتوح، و ساکن، رموقوف) سچائی اور راستے سے پھر جانا، حکم (فرمان) میں کسی پر ظلم کرنا،

جُوْر: (ج مضموم، و ساکن، رموقوف) شہر فیروز آباد کا نام ہے، نیشاپور میں ایک محلہ کا نام ہے۔

جُوَرْ: (ج مضموم، و مفتوح، رموقوف) اصفہان میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

جِوَار: (ج مکسور، مضموم، و مفتوح، ا ساکن، رموقوف) ہمسائگی، اعتکاف میں بیٹھنا۔

جَوَار: (ج مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، رموقوف) بہت گہرا چشمہ، کشتیاں۔

جَوْذِرْ: (ج مفتوح، و ساکن، ذ مکسور، رموقوف) نیل گائے کا بچہ۔

جَوْہَرْ: (ج مفتوح، و ساکن، ہ مفتوح، رموقوف) قیمتی پتھر، گوہر کا معرب، وہ چیز جو اپنی ذات کے ساتھ قائم ہو، عرض کی ضد ہے، جَواہر جمع ہے۔

جَہْر: (ج مفتوح، ہ ساکن، رموقوف) ظاہر کرنا، کنویں کو صاف کرنا، بلند آواز سے پڑھنا، بغیر جانے بوجھے چلنا، صبح کو اطلاع کے بغیر کسی کے پاس جانا، مشکیزہ میں دہی جمانا، آنکھوں میں بڑا معلوم ہونا، کسی کو نمایاں پانا، لشکر کو بڑا دیکھنا۔

جُہْر: (ج مضموم، ہ ساکن، رموقوف) شکل، ہیئت، حسن، منظر۔

جَہَرْ: (ج مفتوح، ہ مفتوح، رموقوف) بے خبر ہونا، نادان ہونا۔

جَہِیْر: (ج مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، رموقوف) خوبصورت، خالص دودھ

جَہَار: (ج مفتوح رمکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، رموقوف) ظاہر ہونا، جِہار (ج مکسور) ایک بت کا نام ہے جسے قبیلہ ہوازن کے لوگ پوجتے تھے۔

جَائِرْ: (ج مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، رموقوف) ظلم کرنے والا، وہ شخص جو راہ حق سے باطل کی طرف پھر جائے۔

جَیَّار: (ج مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، رموقوف) چونا جس سے گھر میں چونا قلعی کی جاتی ہے، غصے اور بھوک کی وجہ سے سینہ ودل کی گرمی۔

﴿فصل الجیم مع الزاء﴾

جَرْز: (ج مفتوح، ر ساکن، ز موقوف) کاٹنا۔

جُرْز: (ج مضموم، ر ساکن، ز موقوف) گرز کا معرب ہے، اونٹ کے بال اور بکری کی کھال سے بنا ہوا عورتوں کا کپڑا۔

جَرْز۔ جُرْز۔ جُرُزْ: (ج مفتوح رمضموم، ر ساکن رمضموم، ز موقوف

زمین بے سبزہ۔

جَرَزْ: (ج مفتوح، رمفتوح، زموقوف) خشک سال، بھاری جسم، چوڑا سینہ، اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔

جُراز: (ج مضموم، رمفتوح، اساکن، زموقوف) کاٹنے والی تلوار، تیز تلوار۔

جَراز: (ج مفتوح، رمفتوح، اساکن، زموقوف) ایک گھاس کا نام ہے۔

جُربُزْ: (ج مضموم، رساکن، ب مضموم، زموقوف) خبیث، مکار۔

جُرمُوز: (ج مضموم، رساکن، م مضموم، وساکن، زموقوف) چھوٹا حوض، چھوٹا گھر، کنواں، اعضا، ابن جُرمُوز زبیر بن عوام کے قاتل کا نام ہے۔

جَزّ: (ج مفتوح، ز مشدد موقوف) بال اور اون کاٹنا، گیہوں اور کھجور وغیرہ کاٹنا، کاٹنے کا وقت آنا۔

جَِزاز: (ج مفتوح رمکسور، زمفتوح، اساکن، زموقوف) کاٹنا۔

جُزاز: (ج مضموم، زمفتوح، اساکن، زموقوف) چمڑا وغیرہ کاٹنے کے بعد جو چیز بچ جاتی ہے۔

جِلَّوز: (ج مکسور، ل مشدد مفتوح، وساکن، زموقوف) چلغوزہ، صنوبر کا پھل جو مقوی دماغ ہوتا ہے۔

جِلْواز: (ج مکسور، ل ساکن، دمفتوح، اساکن، زموقوف) کوتوال کا پیادہ، سپاہی۔

جَمز: (ج مفتوح، م ساکن، زموقوف) تیز چلنے کی ایک قسم۔

جَمّاز: (ج مفتوح، م مشدد مفتوح، اساکن، زموقوف) تیز رفتار اونٹ۔

جَوز: (ج مفتوح، وساکن، زموقوف) اخروٹ، گوز کا معرب ہے۔

جَواز: (ج مفتوح، دمفتوح، اساکن، زموقوف) اجازت، منظوری، اس پانی کا جاری ہونا جس سے کھیتی اور چوپائے سیراب ہوں، پانی دینا، جگہ سے آگے بڑھنا۔

جُواز: (ج مضموم، دمفتوح، اساکن، زموقوف) پیاس۔

جائِزْ: (ج مفتوح، اساکن، ہ مکسور، زموقوف) جائز، گزرنے والا، وہ شخص جو پہاڑ پر پیاسا چلے، شہ تیر جو دو دیواروں پر رکھیں، دو دیواروں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی۔

جَوائِز: (ج مفتوح، دمفتوح، اساکن، ہمکسور، زموقوف) عطیے، تحفے۔

جِہاز: (ج مفتوح رمکسور، ہ مفتوح، اساکن، زموقوف) سامان جہیز، مسافر، مردے کا کفن، وہ چیز جس کے لوگ محتاج ہوں۔

جَہاز: (ج مفتوح، ہ مفتوح، اساکن، زموقوف) اونٹ پر لدا ہو سامان، عورت کی شرمگاہ۔

﴿فصل الجیم مع السین﴾

جاوَرَس: (ج مفتوح، اساکن، دمفتوح، رمفتوح، س موقوف) گاورس کا معرب ہے، چینا، باجرہ۔

جامُوس: (ج مفتوح، اساکن، م مضموم، وساکن، س موقوف) گاؤمیش کا معرب ہے، بھینس۔

جِبْس: (ج مکسور، ب ساکن، س موقوف) بددل، کمینہ، فاسق۔

جَدِیس: (ج مفتوح، دمکسور، ی ساکن، س موقوف) ایک قبیلے کا نام ہے۔

جَرْس: (ج مفتوح، رساکن، س موقوف) آہستہ آواز دینا، آواز، مکھی کا شہد چاٹنا، گفتگو کرنا، اچھی آواز میں گانا، رات کا حصہ، نرم آواز، اس معنی میں جرس (ج مکسور) بھی آیا ہے۔

جِرْس: (ج مکسور، رساکن، س موقوف) اصل، بڑی گھنٹی۔

جَرَس: (ج مفتوح، رمفتوح، س موقوف) بڑی گھنٹی جو چوپایوں کی گردن میں باندھتے ہیں جسے فارسی میں درا (گھنٹی) کہتے ہیں۔

جِرجِیس: (ج مکسور، رساکن، ج مکسور، ی ساکن، س موقوف) ایک پیغمبر کا نام ہے جنہیں اذیتیں دے کر شہید کیا گیا پھر وہ اللہ کے حکم سے زندہ ہو گئے اور امت کو دعوت حق دینے لگے۔

جَسّ: (ج مفتوح، س مشدد موقوف) تلاش کرنا، ہاتھ سے ٹٹولنا، نبض دیکھنا۔

جاسُوس: (ج مفتوح، اساکن، س مضموم، وساکن، س موقوف) احوال و اخبار کی جستجو کرنے والا، جَوَاسِیس جمع ہے۔

جَسّاس: (ج مفتوح، س مشدد مفتوح، اساکن، س موقوف) بہت جاسوسی کرنے والا، دجال کے گدھے کا نام ہے جس کا ظہور

قرب قیامت میں ہوگا، جَسَّاسَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

جُلُوْس: (ج مضموم، ل مضموم، و ساکن، س موقوف) بیٹھنا، بیٹھنے والے، اس تقدیر پر جالس کی جمع ہے۔

جَلِیْس: (ج مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، س موقوف) ہم نشیں۔

جُمُوْس: (ج مضموم، م مضموم، و ساکن، س موقوف) تیل، چربی اور پانی وغیرہ کا جمنا۔

جِنْس: (ج مکسور، ن ساکن، س موقوف) ماہیت جو انواع متعددہ کو شامل ہو جیسے انسان اور گھوڑے کے لیے حیوانیت۔

جَنَس: (ج مفتوح، ن مفتوح، س موقوف) پانی وغیرہ کا جمنا۔

جَوْس: (ج مفتوح، و ساکن، س موقوف) گھروں کے درمیان فساد مچا دینا اور ان کے اندر مال و متاع کو ڈھونڈھنا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے فَجَاسُوْا خِلَالَ الدِّیَار تو وہ شہروں کے اندر تمہاری تلاش کو گھسے (بنی اسرائیل)

﴿فصل الجیم مع الشین﴾

جَاش: (ج مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) انسان کا سینہ، دل کا دھڑکنا، جوش مارنا، خوف و خطرات کی وجہ سے دل کا گھبرانا۔

جَحْمَرِش: (ج مفتوح، ح ساکن، م مفتوح، ر مکسور، ش موقوف) بہت بوڑھی عورت، بدشکل عورت، بچے کو دودھ پلانے والا خرگوش، سخت کھال والا سانپ، جَحَامِر جمع ہے۔

جَحْش: (ج مفتوح، ح ساکن، ش موقوف) کھال کھینچنا، گدھے کا بچہ، گھوڑے کا بچہ، ظلم، سختی، غصہ، ایک صحابی رسول کا نام ہے۔

جَحِیْش: (ج مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ش موقوف) طرف، کنارہ، دور رہنے والا آدمی، منفرد۔

جَرْش: (ج مفتوح، ر ساکن، ش موقوف) نمک یا دانے کو دلنا، دردرا کرنا، سر میں کنگھی کرنا۔

جَرِیْش: (ج مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ش موقوف) دلا ہوا نمک یا دانہ۔

جَشّ: (ج مفتوح، ش مشدد موقوف) کوٹنا، توڑنا، لاٹھی سے مارنا، گیہوں وغیرہ کو چکی میں پیسنا، کنویں کو صاف کرنا۔

جَشِیْش: (ج مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ش موقوف) ستو، گیہوں اور جو کا دردرا جس سے دلیا بناتے ہیں کبھی اس میں گوشت اور کھجور بھی ڈالتے ہیں۔

جَمْش: (ج مفتوح، م ساکن، ش موقوف) بال مونڈنا، باریک آواز، انگلی کے سرے سے دوہنا، پیار و محبت کا کھیل کھیلنا، محبت سے چٹکی لینا۔

جَوْش: (ج مفتوح، و ساکن، ش موقوف) سینہ، اگلی یا پچھلی رات کا اکثر حصہ، آدھی رات، زرہ، کمر، ایک جگہ کا نام ہے، ہانڈی کا جوش مارنا، دل کا پریشان ہونا، دریا کا بھرنا۔

جُوْش: (ج مضموم، و ساکن، ش موقوف) انسان کا سینہ جَوْش (ج مفتوح) بھی آیا ہے، ایک قبیلے کا نام ہے۔

جَہْش: (ج مفتوح، ہ ساکن، ش موقوف) روتے ہوئے کسی سے فریاد کرنا، رونے کے لیے تیار ہونا۔

جَیْش: (ج مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) لشکر۔

﴿فصل الجیم مع الصاد﴾

جَابَلَص: (ج مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ل مفتوح، ص موقوف) مغرب میں ایک شہر کا نام ہے جس کے بعد کوئی شہر نہیں اسے جابلصا بھی کہتے ہیں۔

جِصّ: (ج مفتوح و مکسور، ص مشدد موقوف) گچ کا معرب ہے، چونا۔

جَصَّاص: (ج مفتوح، ص مشدد مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) چونا بنانے والا، ایک حنفی فقیہ کا لقب ہے۔

﴿فصل الجیم مع الضاد﴾

جَرَض: (ج مفتوح، ر مفتوح، ض موقوف) تھوک جس سے پھندا لگ جائے، بمشکل تھوک نگلنا۔

جَیْض: (ج مفتوح، ی ساکن، ض موقوف) کسی چیز سے پھرنا۔

﴿فصل الجیم مع الطاء﴾

جَلْط: (ج مفتوح، ل ساکن، ط موقوف) تلوار نیام سے کھینچنا۔

﴿فصل الجیم مع الظاء﴾

جُحُوظ: (ج مضموم، ح مضموم، و ساکن، ظ موقوف) آنکھ کا ابھرے ہوئے ڈھیلے والا ہونا۔

جَاحِظ: (ج مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ظ موقوف) وہ شخص جس کی آنکھ کا ڈھیلا باہر آ گیا ہو، ایک مشہور عالم کا نام ہے۔

جَظّ: (ج مفتوح، ظ مشدد موقوف) ہانکنا، پھینکنا، موٹا آدمی، گھمنڈی شخص، تکبر سے چلنے والا۔

جَوَّاظ: (ج مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) موٹا آدمی، گھمنڈ سے چلنے والا، متکبر۔

﴿فصل الجیم مع العین﴾

جَدْع: (ج مفتوح، د ساکن، ع موقوف) ناک، کان اور ہاتھ کاٹنا، بند کرنا، قید میں رکھنا۔

جَدَع: (ج مفتوح، د مفتوح، ع موقوف) بچے کا بری خوراک والا ہونا، بچے کو بری خوراک دینا۔

جَذْع: (ج مفتوح، ذ ساکن، ع موقوف) چوپائے کو بغیر چارا کے رکھنا، دو اونٹ کو ایک رسی میں باندھنا۔

جِذْع: (ج مکسور، ذ ساکن، ع موقوف) درخت کا تنا، بالا خانہ، جُذُوع جمع ہے، ایک آدمی کا نام ہے۔

جَذَع: (ج مفتوح، ذ مفتوح، ع موقوف) گائے اور گھوڑے کا بچہ جو تیسرے سال میں ہو، اونٹ کا بچہ جو پانچویں سال میں ہو، بکری کا بچہ جو دوسرے سال میں ہو، فقہا کی اصطلاح میں جانور کا وہ بچہ جو ایک سال سے زیادہ کا ہو اور وہ عمر جس میں چوپائے کے دودھ کے دانت ٹوٹتے ہیں مگر ابھی دوسرے دانت نہ نکلے ہوں، تازہ جوان۔

جَرْع: (ج مفتوح، ر ساکن، ع موقوف) تھوڑا تھوڑا پانی پینا۔

جُرَع: (ج مضموم، ر مفتوح، ع موقوف) جُرعۃ کی جمع ہے، گھونٹ۔

جَزْع: (ج مفتوح، ز ساکن، ع موقوف) وادی و زمین کی مسافت کو چوڑائی میں پار کرنا، سیاہ و سفید یمنی مہرہ کہ آنکھ کی سیاہی و سفیدی کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں، جزع (ج مکسور) بھی آیا ہے۔

جِزْع: (ج مکسور، ز ساکن، ع موقوف) وادی کا موڑ، وادی کا وسط اور اس کا منتہیٰ، دو گاؤں ایک طائف کی داہنی جانب دوسرا اس کی بائیں جانب۔

جُزْع: (ج مضموم، ز ساکن، ع موقوف) رہٹ کا دھرا، جزع (ج مفتوح) بھی آیا ہے، زرد رنگ۔

جَزَع: (ج مفتوح، ز مفتوح، ع موقوف) بے صبری ظاہر کرنا۔

جَزُوْع: (ج مفتوح، ز مضموم، و ساکن، ع موقوف) بے صبری اور گریہ وزاری کرنا۔

جَشْع: (ج مفتوح، ش ساکن، ع موقوف) لالچ کا غالب آنا، سخت آرزومند ہونا۔

جَلْع: (ج مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) بے شرم ہونا، آگے کے دانتوں کا کشادہ ہونا، ننگا ہونا، عورت کا کھلے ہوئے چہرے والی ہونا۔

جَمْع: (ج مفتوح، م ساکن، ع موقوف) تمام، آدمیوں کا گروہ، بہت پھل والا درخت، مزدلفہ کا نام، جمع کرنا، لفظ واحد کی جمع لانا۔

جُمْع: (ج مضموم، م ساکن، ع موقوف) مٹھی باندھنا، مٹھی بھر چیز لینا۔

جِمَاع: (ج مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) زیادہ چیز، جماع کرنا، بڑی ہانڈی، جِمَاعُ الاِثم شراب پینا چونکہ اثم شراب کے معنی میں آیا ہے اس لیے جِمَاعُ الاِثم شراب پینے کے معنی میں ہوگا، خاقانی کہتا ہے

ع بروشست طہارت کن از جماع الاثم

جَمِیْع: (ج مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ع موقوف) جمع کیا ہوا، جمع کرنے والے، لشکر، لوگوں کی جماعت۔

جُمَیَّع: (ج مضموم، م مفتوح، ی مشدد مفتوح، ع موقوف) کئی قبیلوں کے ملے جلے لوگ۔

جَوَامِع: (ج مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ع موقوف) مجرموں کی گردن کا طوق، مجرموں کا گردن بند جَامِعَة کی جمع ہے۔

جَامِع: (ج مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ع موقوف) جمع کرنے والا، وہ چوپایہ جو رسی اور پالان باندھنے کے لائق ہو، گدھی جو پہلی بار حاملہ ہو، وہ اونٹ جو چار سال کا ہو چکا ہو۔

جُوع: (ج مضموم، و ساکن، ع موقوف) بھوک، بھوکا ہونا۔

﴿فصل الجیم مع الفاء﴾

جَاف: (ج مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ڈالنا، پھینکنا، ڈرانا۔

جَحْف: (ج مفتوح، ح ساکن، ف موقوف) بہالے جانا، نقصان کرنا۔

جُحَاف: (ج مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ سیلاب جو زمین کو کھود ڈالے اور جو چیز سامنے آئے بہالے جائے، ہیضہ کی وجہ سے مسلسل دست آنا، اسہال۔

جُدُوف: (ج مضموم، د مضموم، و ساکن، ف موقوف) پرندے کا اڑنا۔

جَدَف: (ج مفتوح، د مفتوح، ف موقوف) اندھا، وہ شراب کا خم جس کا سر کھلا ہو، یمن کے اندر ایک گھاس ہے جس کے کھانے سے اونٹ کی پیاس بجھ جاتی ہے۔

جَذْف: (ج مفتوح، ذ ساکن، ف موقوف) اڑنا، جلدی کرنا، چلنا۔

جَرْف: (ج مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) زمین کھودنا، پھاوڑے سے مٹی کھینچنا۔

جُرْف۔ جُرُف: (ج مضموم، ر ساکن/مضموم، ف موقوف) وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو جسے فارسی میں آبگیر (گڑھا، تالاب) کہتے ہیں۔

جَرَف: (ج مفتوح، ر مفتوح، ف موقوف) اونٹ کی ران کا داغ۔

جُرَاف: (ج مضموم/مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) پیمانہ۔

جَرَّاف: (ج مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ آدمی جو سارا کھانا کھا جائے۔

جَزْف: (ج مفتوح، ز ساکن، ف موقوف) کام کو آسان کرنا۔

جُزَاف: (ج مضموم/مفتوح/مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) جُزاف (مضموم) زیادہ فصیح ہے، خرید و فروخت میں قیاس سے کام لینا، اٹکل سے خریدنا، گزاف کا معرب ہے۔

جُزَّاف: (ج مضموم، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) شکاری۔

جَعْف: (ج مفتوح، ع ساکن، ف موقوف) پھینکنا، کسی کو زمین پر پچھاڑنا، اکھاڑنا۔

جَفّ: (ج مفتوح، ف مشدد موقوف) لوگوں کی جماعت، بڑا عدد، جُفّ (ج مضموم) بھی آیا ہے جُفّہ بھی اسی معنی میں ہے۔

جُفّ: (ج مضموم، ف موقوف) بڑا ڈول، کھجور کے شگوفے کا غلاف (چھلکا)، کھال کا بنا ہوا برتن جس کا سر بند نہ ہو، کھوکھلی نالی والی چیز، پرانی مشک جس کا آدھا حصہ کاٹ کر ڈول کی مانند بنالیں، کھجور کی جڑ جس کے بیچ میں گڈھا کیا جائے، عمر رسیدہ بوڑھا، ہر کھوکھلی چیز۔

جِفّ: (ج مکسور، ف موقوف) جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ۔

جَفْجَف: (ج مفتوح، ف ساکن، ج مفتوح، ف موقوف) بلند جگہ جو گندی اور آلودہ نہ ہو، تیز ہوا، چوڑا میدان، نشیبی زمین، بہت بولنے والا، لشکر کے چلنے کا شور۔

جَفَاف۔ جُفُوف: (ج مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) (ج مضموم، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) خشک ہونا۔

جَفِيف: (ج مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ف موقوف) خشک گھاس۔

جَافّ: (ج مفتوح، ا ساکن، ف مشدد موقوف) خشک چیز۔

جَلْف: (ج مفتوح، ل ساکن، ف موقوف) مٹی وغیرہ کھرچنا، کاٹنا، جڑ سے اکھاڑنا۔

جِلْف: (ج مکسور، ل ساکن، ف موقوف) ظلم کرنے والا، خالی گھڑا، کھال کھینچا ہوا، پیٹ پھاڑا ہوا جانور، ہر خالی چیز۔

جَنَف: (ج مفتوح، ن مفتوح، ف موقوف) جھکنا، کھوکھلا ہونا۔

جَوْف: (ج مفتوح، و ساکن، ف موقوف) پست زمین، شکم، پیٹ، کسی چیز کا اندرونی حصہ، دروازہ بھیڑ دینا۔

جَوْف: (ج مفتوح، و مفتوح، ف موقوف) کشادہ ہونا۔

فصل الجیم مع القاف

جَابَلَق: (ج مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) جانب مشرق ایک شہر ہے جس کے بعد کوئی دوسرا شہر نہیں یوں ہی جابلس جانب مغرب ایک شہر ہے جس کے بعد کوئی دوسرا شہر نہیں۔

جُلَاہِق: (ج مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ق موقوف) دھاگے کا گولا جو نلکی پر لپیٹا ہوا ہو، جلاہہ، مٹی کی گولی جو غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں، صاحب صراح کہتے ہیں غلیل کی گولی۔

جَاثَلِیق: (ج مفتوح، ا ساکن، ث مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) عیسائیوں کا عالم و پیشوا جو بلاد اسلام میں ہو، یہ انطاکیہ کے بطریق کے ماتحت ہوتا ہے، جاثلیق کے بعد مطران کا درجہ ہے اس کے بعد اسقف کا اس کے بعد قسیس کا پھر شماس کا مرتبہ ہے۔

جَوْزَق: (ج مفتوح، و ساکن، ز مفتوح، ق موقوف) روئی وغیرہ کا کچا پھل، گوزہ کا معرب ہے، ہرات میں ایک گاؤں کا نام، نیشاپور میں ایک جگہ کا نام۔

جِوَالِق: (ج مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ق موقوف) گوال کا معرب ہے، گون جس میں غلہ بھر کر جانور پر لادتے ہیں، جَوَالِق جمع ہے۔

جَوْق: (ج مفتوح، و ساکن، ق موقوف) لوگوں کا گروہ۔

جَوْسَق: (ج مفتوح، و ساکن، س مفتوح، ق موقوف) محل، کوشک کا معرب ہے، رے میں ایک گاؤں کا نام ہے، نہروان، بغداد میں عباسی خلیفہ مقتدر باللہ کا محل۔

فصل الجیم مع اللام

جَبْل: (ج مفتوح، ب ساکن، ل موقوف) پیدا کرنا۔

جَبَل: (ج مفتوح، ب مفتوح، ل موقوف) پہاڑ، قوم کا سردار، قوم کا چالاک شخص، ایک آدمی کا نام ہے۔

جِبِلّ: (ج مکسور، ب مکسور، ل مشدد موقوف) لوگوں کا گروہ، ارشاد خداوندی ہے اَضَلَّ مِنْکُمْ جِبِلًّا کَثِیْرًا اور اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو بہکا دیا (سورۂ یٰس)، اس معنی میں جُبُل، جُبْل، جِبْل بھی آیا ہے۔

جَبْرَئِیل: (ج مفتوح، ب ساکن، ر مفتوح، ء مکسور، ی ساکن، ل موقوف) مشہور فرشتے کا نام ہے۔

جَثْل: (ج مفتوح، ث ساکن، ل موقوف) گھنا بال، گھنا درخت۔

جَحْل: (ج مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) پچھاڑنا، گرگٹ، شہد کی مکھیوں کی ملکہ، گوہ کا بچہ، گبریلا (م)

جَدْل: (ج مفتوح، د ساکن، ل موقوف) رسی کو مضبوط بٹنا، طاقتور و مضبوط ہونا، ہاتھ پاؤں اور جسم کی ہڈیوں کو زمین پر ڈالنا، جدل بھی اس معنی میں آیا ہے، جُدُل جمع ہے۔

جَدَل: (ج مفتوح، د مفتوح، ل موقوف) جھگڑا کرنا، جھگڑے پر قادر ہونا۔

جِدَال: (ج مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا۔

جَدَال: (ج مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) کچی کھجور جب ہری اور گول ہو جائے، مٹی کا پختہ برتن، سخت زمینیں، جَدَالَۃ کی جمع ہے۔

جَدِیْل: (ج مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ل موقوف) وہ مہار جو چمڑے سے تیار کریں، چمڑے اور بال کی مضبوط بٹی ہوئی رسی جو اونٹ کی گردن میں ڈالتے ہیں، تعویذ اور قلادہ جو گردن میں ڈالیں۔

جَدْوَل: (ج مفتوح، د ساکن، و مفتوح، ل موقوف) پانی کی نالی، جَدَاوِل جمع ہے، لکیر، فہرست، نقشہ، جِدْوَل بھی اسی معنی میں ہے۔

جِذْل: (ج مکسور، ذ ساکن، ل موقوف) درخت کی جڑ، درخت کا تنا۔

جَذَل: (ج مفتوح، ذ مفتوح، ل موقوف) خوشی، خوش کرنا۔

جَرَل: (ج مفتوح، ر مفتوح، ل موقوف) سخت اور پتھریلی زمین، جَرْوَل بھی اسی معنی میں ہے۔

جَزْل: (ج مفتوح، ز ساکن، ل موقوف) کاٹنا، خشک موٹی لکڑی، پختہ عمدہ

رائے، بہت فیاض، بہت سخی، پختہ رائے عقل مند، کبوتر کی آواز۔

جَزَل: (ج مفتوح، ز مفتوح، ل موقوف) اونٹ کے کوہان کا زخم جو پالان اور کجاوے کی وجہ سے ہو۔

جَزِیْل: (ج مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بھرا ہوا، بہت۔

جَعْل: (ج مفتوح، ع ساکن، ل موقوف) کرنا، بنانا، نام رکھنا، پیدا کرنا، ظاہر کرنا، کھجور کے چھوٹے درخت۔

جُعْل: (ج مضموم، ع ساکن، ل موقوف) مزدوری، رشوت، گبریلا، نجاست کا کیڑا۔

جُعَل: (ج مضموم، ع مفتوح، ل موقوف) سیاہ فام بدصورت مرد، جھگڑالو آدمی، ایک کالا جانور جو ہمیشہ گوبر میں رہتا ہے اور خوشبو سے اسے ایسی تکلیف پہنچتی ہے کہ مر جاتا ہے۔

جَعَل: (ج مفتوح، ع مفتوح، ل موقوف) کوتاہی، مٹاپا، لڑائی جھگڑا۔

جِعَال: (ج مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) وہ کپڑا جس کے ذریعہ ہانڈی کو آگ سے اتارتے ہیں، صافی۔

جِفْل: (ج مکسور، ف ساکن، ل موقوف) ہاتھی کا گوبر۔

جَفْل: (ج مفتوح، ف ساکن، ل موقوف) وہ بادل جس میں پانی نہ ہو، زنگ (مورچہ) اور چھلکا دور کرنا، زمین سے مٹی نکالنا، ہاتھی کا لید کرنا، ہڈی سے گوشت چھڑانا، دریا کا مچھلی کو کنارے پر پھینک دینا، حرکت دینا، ہوا کا بادل اڑانا، شتر مرغ کا شتر مرغ کو دوڑانا، پچھاڑنا، بالوں کا الجھنا۔

جُفَال: (ج مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) سیلاب کے ساتھ بہہ کر آنے والی چیز، دودھ کی جھاگ، ہانڈی کی جھاگ، بہت اون، ہر زیادہ چیز۔

جَلّ: (ج مفتوح، ل مشدد موقوف) چوپایوں کی مینگنی چننا، بادبان، جُلُول جمع ہے۔

جُلّ: (ج مضموم، ل مشدد موقوف) چوپایوں کی جھول، جلال جمع ہے، یاسمین کا پھول، ہر سرخ، زرد یا سفید پھول، گل کا معرب ہے، ہر چیز کی کثرت۔

جِلّ: (ج مکسور، ل مشدد موقوف) باریک، فرش، چادریں، کپڑے۔

جَلَال: (ج مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بزرگی۔

جُلَال: (ج مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بزرگ، جُلّال (ل مشدد مفتوح) بھی آیا ہے۔

جِلَال: (ج مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) چوپایوں کی جھولیں۔

جِلَّال: (ج مکسور، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) نجد کا ایک راستہ جو مکہ کی طرف جاتا ہے۔

جَلِیْل: (ج مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بزرگ، ایک گھاس ہے جس کو ثمام کہتے ہیں، یمن میں ایک قوم کا نام ہے۔

جَلَاجِل: (ج مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ل موقوف) چھوٹے گھنگھرو جو چمڑے پر ٹانکتے ہیں اور گھوڑے وغیرہ کی گردن میں لٹکاتے ہیں، جُلْجُل کی جمع ہے، جُلْجُل ایک جگہ کا نام ہے۔

جُلَاجِل۔ جُلْجُل: (ج مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ج مضموم، ل موقوف) (ج مضموم، ل ساکن، ج مضموم، ل موقوف) تیز چلنے والا، کام میں چست اور چالاک شخص۔

جَمْل: (ج مفتوح، م ساکن، ل موقوف) چربی پگھلانا۔

جُمْل: (ج مضموم، م ساکن، ل موقوف) ایک عورت کا نام ہے۔

جُمَل۔ جُمُل۔ جَمَل۔ جُمْل: (ج مفتوح رمضموم، م مفتوح رمضموم ر ساکن، ل موقوف) کشتی کی رسی، بعض لوگوں نے کہا ہے اسی معنی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ جب تک سوئی کے ناکے میں اونٹ داخل نہ ہو (سورۂ اعراف)۔

جَمَل: (ج مفتوح، م مفتوح، ل موقوف) اونٹ، قبیلہ کا مورث اعلیٰ، کھجور کا درخت، ایک مچھلی ہے جس کی لمبائی تیس گز ہے۔

جُمَل: (ج مضموم، م مفتوح، ل موقوف) جملے۔

جُمَّل: (ج مضموم، م مشدد مفتوح، ل موقوف) حروف ابجد کے اعداد کا حساب ہے۔

جَامِل: (ج مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ل موقوف) چرواہوں، مالکوں

سمیت اونٹوں کا ریوڑ اور اس کا ساز وسامان، بڑا قبیلہ۔

جَمال: (ج مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) خوبصورت ہونا، سیرت وصورت کی خوبی۔

جِمال: (ج مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) اونٹ۔

جُمال: (ج مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) خوبصورت، خوب سیرت، جُمّال بھی اس معنی میں آیا ہے۔

جَمّال: (ج مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) شتربان۔

جَمِیل: (ج مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ل موقوف) اچھی شکل والا، خوبصورت، نیکی، پگھلی ہوئی چربی۔

جُمَیل: (ج مضموم، م مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) ایک پرندہ ہے، ایک عورت کا نام ہے۔

جَمُول: (ج مفتوح، م مضموم، و ساکن، ل موقوف) چربی پگھلانے والا۔

جَنْدَل: (ج مفتوح، ن ساکن، د مفتوح ر مکسور، ل موقوف) پتھر۔

جُنْدُل۔جَنَدِل: (ج مضموم، ن ساکن، د مکسور، ل موقوف) (ج مفتوح، ن مفتوح، د مکسور، ل موقوف) سنگلاخ، پتھریلا۔

جَوْل: (ج مفتوح، و ساکن، ل موقوف) چکر دینا، ارد گرد پھرنا، جنگ میں ایک دوسرے کے مقابلہ کے لیے چکر لگانا۔

جَہْل: (ج مفتوح، ہ ساکن، ل موقوف) بیوقوفی، نہ جاننا، ان پڑھ ہونا،

جَہُول: (ج مفتوح، ہ مضموم، و ساکن، ل موقوف) بڑا بیوقوف۔

جِیل: (ج مکسور، ی ساکن، ل موقوف) آدمیوں کا گروہ، بغداد کے قریب ایک گاؤں۔

فصل الجیم مع المیم

جَثْم۔جُثُوم: (ج مفتوح، ث ساکن، م موقوف) (ج مضموم، ث مضموم، و ساکن، م موقوف) پرندے اور آدمیوں کا زمین پر سینہ رکھنا، آدھی رات گزرنا، کھیتی کا زمین سے بلند ہونا، راکھ کو جمع کرنا، مٹی اور کیچڑ جمع کرنا۔

جُثام۔جاثُوم: (ج مضموم، ث مفتوح، ا ساکن، م موقوف) (ج مفتوح، ا ساکن، ث مضموم، و ساکن، م موقوف) مرض کابوس جس میں مریض سوتے سوتے مر جاتا ہے، حلیم اور بردبار سردار۔

جَحْم: (ج مفتوح، ح ساکن، م موقوف) آگ جلانا۔

جَحِیم: (ج مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، م موقوف) دوزخ کا ایک نام، بہت سخت اور بلند آگ، ہر وہ آگ جو گڑھے میں جلائی جائے۔

جِذْم: (ج مکسور، ذ ساکن، م موقوف) جڑ، ہر چیز کی اصل۔

جَذْم: (ج مفتوح، ذ ساکن، م موقوف) کاٹنا، کٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا، کوڑھ کی بیماری پیدا کرنا۔

جُذَام: (ج مضموم، ذ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک قبیلے کا نام ہے، ایک مشہور بیماری ہے۔

جِرْسَام: (ج مکسور، ر ساکن، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مرض برسام ایک سخت مرض ہے جس میں سینہ کے ایک پردہ پر ورم آجاتا ہے، جر بمعنی سینہ اور سام بمعنی ورم ہے۔

جُرْہُم: (ج مضموم، ر ساکن، ہ مضموم، م موقوف) یمن کا ایک قبیلہ ہے جس کے افراد مکہ میں مقیم ہو گئے تھے اور انہوں نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی شادی کی، مکہ معظمہ ان لوگوں سے آباد ہوا۔

جُرْم: (ج مضموم، ر ساکن، م موقوف) گناہ۔

جَرْم: (ج مفتوح، ر ساکن، م موقوف) کمانا، کاٹنا، پکڑنا، لائق ہونا، گناہ کرنا، گرم کا معرب، بہت گرم زمین، ایک قبیلے کا نام ہے۔

جِرْم: (ج مکسور، ر ساکن، م موقوف) بدن، کوتاہ آواز ہونا۔

جَرَم: (ج مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) چارۂ کار، تدبیر، لاجرم، لامحالہ، ناچار، ضروری، ماقبلاً یہ لفظ لا کے بغیر استعمال نہیں کیا جاتا۔

جَرائِم: (ج مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م موقوف) بہت گناہ۔

جَزْم: (ج مفتوح، ز ساکن، م موقوف) کاٹنا، عاجز اور بے دل ہونا، حرف کو ساکن کرنا، قسم پوری کرنا، کسی کام کا ایسا ارادہ کرنا جس سے باز نہ رہے (عزم مصمم)، خاموش ہونا، مشکیزہ بھرنا، کھجور کاٹنا، لکھنے میں حروف کو برابر کرنا، قلم کا قط سیدھا تراشنا۔

جِزْم: (ج مکسور، ز ساکن، م موقوف) حصہ، نصیب۔

جِسْم: (ج مکسور، س ساکن، م موقوف) بدن (ہر وہ چیز جس میں لمبائی، چوڑائی اور گہرائی ہو)، ہر عظیم الخلقت چیز۔

جَسِیْم: (ج مفتوح، س مکسور، ی ساکن، م موقوف) موٹا، بلند زمین۔

جَشْم: (ج مفتوح، ش ساکن، م موقوف) رنج اور تکلیف اٹھانا۔

جَشَم: (ج مفتوح، ش مفتوح، م موقوف) بوجھ۔

جَعَم: (ج مفتوح، ع مفتوح، م موقوف) لالچ کرنا، گوشت کھانے کا بہت خواہش مند ہونا، نمکین گھاس کھانے کی وجہ سے اونٹ کا کھانے کی خواہش نہ کرنا۔

جَلْم: (ج مفتوح، ل ساکن، م موقوف) کاٹنا۔

جِلْم: (ج مکسور، ل ساکن، م موقوف) چربی دار بکری۔

جَمّ: (ج مفتوح، م مشدد موقوف) زیادہ چیز، کنویں میں پانی کا جمع ہونا، ایک بادشاہ کا نام۔

جِمّ: (ج مکسور، م مشدد موقوف) شیطان، جُمّ (ج مضموم، م مشدد موقوف) ایک قسم کی سیپی۔

جُمُوْم: (ج مضموم، م مضموم، و ساکن م موقوف) کنویں میں پانی کا زیادہ ہونا۔

جَمُوْم: (ج مفتوح، م مضموم، و ساکن، م موقوف) زیادہ پانی والا کنواں، وہ گھوڑا جو ہر وقت نئے انداز سے دوڑتا ہے، وقت کا قریب آنا۔

جَمَام: (ج مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گھوڑے کا تھک کر آرام کرنا۔

جُمَام: (ج مکسور رمضموم، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ترک جماع کی وجہ سے نر کی جمع شدہ منی، وہ منی جو ترک جماع سے جمع ہو، بھرنا، برتن اور پیمانے کا لبالب ہونا۔

جَمَم: (ج مفتوح، م مفتوح، م موقوف) جنگ میں مرد کا بے نیزہ ہونا، بکری کا بے سینگ والی ہونا، عمارت کا بے کنگرہ ہونا۔

جَہْم: (ج مفتوح، ہ ساکن، م موقوف) کسی کے ساتھ بد خلقی کرنا، چڑچڑا، بد خلق آدمی، عاجز، کمزور، شیر درندہ، ایک شخص کا نام ہے جسے جہم بن صفوان کہتے ہیں۔

جَہَام: (ج مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بے آب بادل، نہ برسنے والا بادل۔

جَہَنَّم: (ج مفتوح، ہ مفتوح، ن مشدد مفتوح، م موقوف) گہرا کنواں، دوزخ۔

جِیْم: (ج مکسور، ی ساکن، م موقوف) مشہور حرف تہجی، زیادہ شہوت والا اونٹ، ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسے دیبا کہتے ہیں۔

﴿فصل الجیم مع النون﴾

جَاثِمِیْن: (ج مفتوح، ا ساکن، ث مکسور، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) سینے کے بل اوندھے سونے والے، تھک کر بیٹھنے والے، بے حس و حرکت لوگ۔

جُبْن: (ج مضموم، ب ساکن، ن موقوف) بددل ہونا، بزدل ہونا، بزدلی۔

جُبُنّ: (ج مضموم، ب مضموم، ن مشدد موقوف) جُبُن (ج مضموم، ب مضموم، ن موقوف) بددلی، بزدلی۔

جَبَان: (ج مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بزدل۔

جَبَّان: (ج مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بزدل، صحرا، قبرستان، ہموار زمین جس پر زیادہ گھاس اُگے۔

جَبِیْن: (ج مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ن موقوف) پیشانی، پیشانی کا کنارہ۔

جُثْمَان۔ جُسْمَان: (ج مضموم، ث ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) (ج مضموم، س ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بدن۔

جُرُوْن: (ج مضموم، ر مضموم، و ساکن، ن موقوف) کسی کام کی عادت ڈالنا، کپڑے اور زرہ کا گھسنا اور نرم ہونا، دانے کو پیسنا۔

جُرْن: (ج مضموم، ر ساکن، ن موقوف) کھودا ہوا پتھر جس میں پانی بھر کر وضو کرتے ہیں، وہ جگہ جہاں کھجوریں خشک کریں، جَرِیْن (ج مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بھی انھیں معنوں میں آیا ہے۔

جَفْن: (ج مفتوح، ف ساکن، ن موقوف) پلک، شاخ، درخت کی جڑ، ایک قسم کے انگور کا نام ہے، ایک خوشبودار درخت،

طائف کا ایک گاؤں، تلوار کی نیام اس معنی میں کسرہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

جُلُجَان: (ج مضموم، ل ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دل میں ایک نقطہ جسے سُوَیدا کہتے ہیں، وہ تل جو ابھی پیرا نہ گیا ہو، دانۂ کشنیز، دھنیا۔

جُمَان: (ج مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مروارید، چاندی کے مہرے جو مروارید کی شکل کے بنائے جاتے ہیں، موتی۔

جُنُون: (ج مضموم، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) پاگل ہونا، چھپنا، لمبا ہونا، زیادہ ہونا، گھاس اور درختوں کا جھنڈ، مکھی کی آواز، رات کی تاریکی۔

جَنّ: (ج مفتوح، ن مشدد موقوف) چھپانا، مردے کو دفن کرنا، رات ہونا۔

جِنّ: (ج مکسور، ن مشدد موقوف) کسی چیز کی ابتدا، گھاس کا شگوفہ، پری، کہتے ہیں فرشتوں کی ایک قسم ہے۔

جَنَان: (ج مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اندر آنا، رات کا تاریک ہونا، دل، کپڑا، رات کا پہلا پہر، اکثر لوگ، زیادہ لوگ۔

جِنَان: (ج مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) باغات، جنات، ڈھالیں بمعنی باغ، جَنّہ کی جمع بمعنی ڈھال، جُنّہ کی جمع ہے بمعنی جنات، جَان کی جمع ہے۔

جَنِین: (ج مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) قبر میں دفن شدہ مردہ، وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو، ہر چھپی ہوئی چیز۔

جَنَن: (ج مفتوح، ن مفتوح، ن موقوف) قبر، مردہ، کفن۔

جُنُن: (ج مضموم، ن مضموم، ن موقوف) جنون و پاگل پن۔

جُنَن: (ج مضموم، ن مفتوح، ن موقوف) ڈھالیں جُنّہ کی جمع ہے۔

جَوَلَان: (ج مفتوح، و مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چکر لگانا، میدان میں گھوڑوں کو دوڑانا، جَولان (و ساکن) شام میں ایک پہاڑ۔

جَوعَان: (ج مفتوح، و ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بھوک، بھوکا۔

جَوشَن: (ج مفتوح، و ساکن، ش مفتوح، ن موقوف) زرہ، آدھی رات، رات کا پہلا حصہ، سینہ، ذی الجوشن ایک صحابی کا نام ہے جو شمر کے باپ تھے، عرب میں وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے زرہ پہنی یا ان کو کسریٰ نے زرہ دی تھی یا ان کا سینہ ابھرا ہوا تھا۔

جَون: (ج مفتوح، و ساکن، ن موقوف) ایک انتہائی سبز گھاس ہے جو سیاہی مائل ہوتی ہے، سیاہ، سفید سرخ تینوں معنوں میں آیا ہے، سخت کالا اونٹ، دن کے معنی میں بھی ہے، ہندوستان میں ایک مشہور نہر کا نام ہے۔

جَیحُون: (ج مفتوح، ی ساکن، ح مضموم، و ساکن، ن موقوف) بلخ کے قریب خراسان اور ماوراء النہر کے درمیان ایک نہر ہے۔

جَیحَان: (ج مفتوح، ی ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شام میں ایک شہر کا نام ہے۔

جَیرُون: (ج مفتوح، ی ساکن، ر مضموم، و ساکن، ن موقوف) دمشق میں ایک مقام کا نام، کہتے ہیں کہ دمشق میں ایک دروازہ ہے۔

جِیرَان: (ج مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پڑوسی، نگہبان، جَار کی جمع ہے، اصفہان میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

﴿فصل الجیم مع الواو﴾

جُثُو: (ج مفتوح رمکسور رمضموم، ث ساکن، و موقوف) پتھروں کا ڈھیر۔

جُثُوّ: (ج مضموم، ث مضموم، و مشدد موقوف) زانو پر بیٹھنا۔

جَدُو: (ج مفتوح، د ساکن، و موقوف) کسی سے فائدہ حاصل کرنا۔

جُرو: (ج مفتوح رمکسور رمضموم، ر ساکن، و موقوف) ہر چھوٹی چیز، خربوزہ، انار اور ایلوا وغیرہ، پلا، کتے کا بچہ، اونٹ کا بچہ، ہر درندہ جانور کا بچہ۔

جَوّ: (ج مفتوح، و مشدد موقوف) فضا، زمین و آسمان کا درمیان، نیچی زمین۔

جَلُو: (ج مفتوح، ل ساکن، و موقوف) پراگندہ ہونا، جلاوطن ہونا۔

﴿فصل الجیم مع الہاء﴾

جَاہ: (ج مفتوح، ا ساکن، ہ موقوف) قدر و منزلت، جاہ و حشم۔

جَبْہ: (ج مفتوح، ب ساکن، ہ موقوف) پیشانی پر مارنا، کسی کو حاجت سے باز رکھنا، کسی کے ساتھ برائی سے پیش آنا، بغیر رسی ڈول وغیرہ کے پانی پر آنا۔

جَبَہْ: (ج مفتوح، ب مفتوح، ہ موقوف) چوڑی پیشانی والا ہونا، پیشانی، ماتھا۔

جِبَاہ: (ج مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ہ موقوف) پیشانیاں، گھوڑے، لوگوں کے گروہ۔

جَلَہْ: (ج مفتوح، ل مفتوح، ہ موقوف) سر کے اگلے حصے سے بالوں کا اڑ جانا۔

جَوْہ: (ج مفتوح، و ساکن، ہ موقوف) کسی کے ساتھ ناپسند طریقے سے پیش آنا۔

﴿فصل الجیم مع الیاء﴾

جَانِیْ: (ج مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی موقوف) گنہگار، میوہ چننے والا۔

جَافِیْ: (ج مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ی موقوف) ظلم کرنے والا، اپنی جگہ چین سے نہ رہنے والا۔

جَارِیْ: (ج مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی موقوف) رواں، چلنے والا۔

جِثِیّ: (ج مکسور/مضموم، ث مکسور، ی مشدد موقوف) دونوں زانو کے بل بیٹھنا یا پیر کے پنجوں کے بل کھڑا ہونا۔

جُثِیّ: (ج مضموم، ث مکسور، ی مشدد موقوف) زانو پر بیٹھنے والے۔

جُدْرِیّ: (ج مضموم، د ساکن، ر مکسور، ی مشدد موقوف) آبلہ۔

جَدْیْ: (ج مفتوح، د ساکن، ی موقوف) بکری کا نر بچہ، آسمان کا ایک برج، قطب شمالی کے قریب ایک ستارہ ہے جسے عرب والے جدی الفرقد کہتے ہیں اور ایرانی ستارۂ قطب، ریاضی داں اس ستارے کو دوسرے بروج سے ممتاز کرنے کے لیے جُدَیّ (ج مضموم، د مفتوح، ی مشدد موقوف) کہتے ہیں۔

جِرِّیّ: (ج مکسور، ر مشدد مکسور، ی مشدد موقوف) مار ماہی، بام، ایک قسم کی مچھلی، جرئیہ پوٹا۔

جَلِیّ: (ج مفتوح، ل مکسور، ی مشدد موقوف) روشن اور ظاہر۔

جَنْی: (ج مفتوح، ن ساکن، ی موقوف) چننا۔

جَنِیّ: (ج مفتوح، ن مکسور، ی مشدد موقوف) چنا ہوا۔

جِنِّیّ: (ج مکسور، ن مشدد مکسور، ی مشدد موقوف) جنوں میں سے ایک جن جو منسوب ہے جن یا جنہ کی طرف۔

جَوَارِیْ: (ج مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی موقوف) کشتیاں، لونڈیاں۔

جَہْوَرِیّ: (ج مفتوح، ہ ساکن، و مفتوح، ر مکسور، ی مشدد موقوف) بلند آواز۔

باب الحاء

فصل الالف مع الالف

حَاشَا: (ح مفتوح، ا ساکن، ش مفتوح، ا موقوف) دور ہو، پاک ہو، ایک گھاس ہے، حَاشَ لِلّٰہِ خدا کے لیے پاکی۔

حِبَاء: (ح مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دینا، بخشش کرنا۔

حُبَارَیٰ: (ح مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) ایک پرندہ ہے جو مرغابی کے برابر ہوتا ہے، فارسی میں اس کو تغدری کہتے ہیں۔

حُبْلَیٰ: (ح مضموم، ب ساکن، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) حاملہ۔

حَتّیٰ: (ح مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا مقصورہ موقوف) تک۔

حِجَیٰ: (ح مکسور، ج مفتوح، ا مقصورہ موقوف) عقل اور چالاکی۔

حَجَیٰ: (ح مفتوح، ج مفتوح، ا مقصورہ موقوف) کسی چیز کا کنارہ، وہ بلبلہ جو بارش کی وجہ سے پانی کے اوپر ظاہر ہوتا ہے، حَجَاۃ واحد ہے۔

حُدَیٰ: (ح مضموم، د مفتوح، ا مقصورہ موقوف) اونٹ کو گیت گاتے ہوئے تیز چلانا۔

حِذَیٰ: (ح مکسور، ذ مفتوح، ا مقصورہ موقوف) کسی چیز کو برابر کرنا، جوتا، اونٹ، گھوڑے وغیرہ کا کھر، جہت میں برابر۔

حُرَیٰ۔ حِرَاء: (ح مضموم، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) (ح مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مکہ میں ایک پہاڑ ہے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم بعثت سے پہلے جس کے غار میں چند دن مصروف عبادت رہے۔

حِرْبَاء: (ح مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گرگٹ، ایسا جانور ہے جو ہمیشہ آفتاب کی طرف چہرہ رکھتا ہے اور آفتاب کی شعاع میں رنگ بدلتا رہتا ہے، فارسی میں اس کو آفتاب پرست کہتے ہیں، زرہ کی کیل یا کیل کی نوک جو زرہ کے حلقے میں داخل کرتے ہیں، پیٹھ، پیٹھ کا گوشت۔

حُزْوَیٰ: (ح مضموم، ز ساکن، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) ایک جگہ کا نام۔

حُسْنیٰ: (ح مضموم، س ساکن، ن مفتوح، ا مقصورہ موقوف) نیکی، بھلائی، خوبصورت عورت، نیک عورت، جنت۔

حَسَا: (ح مفتوح، س مفتوح، ا موقوف) وہ شوربا جسے پیا جائے۔

حَشَاء: (ح مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وہ چیز جو پیٹ میں ہو جیسے دل، جگر، گردہ، تلی۔

حَصَیٰ: (ح مفتوح، ص مفتوح، ا مقصورہ موقوف) سنگ ریزے حَصَاۃ واحد۔

حُصْبَاء: (ح مضموم، ص ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سنگ ریزہ۔

حَضَاء: (ح مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سیراب ہونا۔

حَطَأَ: (ح مفتوح، ط مفتوح، أ موقوف) ڈالنا، جماع کرنا، پھینکنا، پچھاڑنا، تھپڑ مارنا، ہانڈی کا جوش مارنا۔

حَمَا: (ح مفتوح، م مفتوح، ا موقوف) کالی بدبودار مٹی، شوہر کے اعزا مثلاً باپ، بھائی، حَمَأ وحِمَأ بھی آیا ہے۔

حُمْقیٰ: (ح مضموم، م ساکن، ق مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بے وقوف، بعض لوگوں نے کہا ہے، حمقی وہ لوگ ہیں جو آخرت کے کاموں میں نادان ہیں اگرچہ وہ دنیاوی کاموں میں نادان نہیں مثل ہے لَوْلَا الْحُمْقٰی لَخَرِبَتِ الدُّنْیَا اگر احمق لوگ نہ ہوتے دنیا ویران ہو جاتی۔

حَمْرَاء: (ح مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سخت سال، سرخ رنگ والی عورت۔

حُمَیْرَاء: (ح مضموم، م مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) حَمْرَاء کی تصغیر ہے، ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کا لقب ہے، کہتے ہیں کہ حُمْرَۃ سفیدی کے معنی میں آیا ہے اور ان کو حُمَیْرَا اسی لیے کہتے ہیں کہ وہ گوری تھیں۔

حِمیٰ: (ح مکسور، م مفتوح، ا مقصورہ موقوف) سرحد، چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو، ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے۔

حُمّٰی: (ح مضموم، م مشدد مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بخار۔

حَلْفَاء: (ح مفتوح، ل ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ایک گھاس جسے فارسی میں لخ دوخ کہتے ہیں، حَلَف بھی اسی معنی میں ہے (یہ گھاس پانی میں اگتی ہے جس سے چٹائی بنی جاتی ہے)

حِنَّاء: (ح مکسور، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مشہور پتی جس سے چیزوں کو رنگتے ہیں، مہندی، فارسی میں نون کی تخفیف کے ساتھ مستعمل ہے۔

حُنَفَاء: (ح مضموم، ن مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) حق کی طرف آنے والے، امر حق پر ثابت رہنے والے۔

حَوْرَاء: (ح مفتوح، و ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سفید فام گوری عورت، سفید کالی آنکھ جس کی سفیدی اور سیاہی انتہا کو پہنچی ہو۔

حُوَارٰی: (ح مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) میدے کی سفید روٹی، آٹا، سفید کھانا، حَوَارِیْ بھی اسی معنی میں ہے۔

حَوَایَا: (ح مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) آنتیں، انتڑیاں، وہ چربی جو آنت پر ہو، حَاوِیَۃ اور حَاوِیَا کی جمع ہے۔

حَیَاء: (ح مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شرم رکھنا، اونٹنی وغیرہ کی شرمگاہ۔

حَیَا: (ح مفتوح، ی مفتوح، ا موقوف) بارش، مینہ، سال کی کشادگی (خوش حالی)

حَیَارٰی: (ح مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) پریشان لوگ، حَیْرَان کی جمع ہے۔

حَیْثُمَا: (ح مفتوح، ی ساکن، ث مضموم، م مفتوح، ا موقوف) ہر جگہ، جہاں کہیں، جس جگہ۔

﴿فصل الحاء مع الباء﴾

حُبّ: (ح مضموم، ب مشدد موقوف) دوستی، گھڑا، مٹکا۔

حَبّ: (ح مفتوح، ب مشدد موقوف) دانہ، حَبُّ الْغَمَام اولہ کو کہتے ہیں۔

حَبِیْب: (ح مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) دوست، محب (محبت کرنے والا) محبوب (جس سے محبت کی جائے) دونوں کو کہتے ہیں۔

حِبَاب: (ح مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) کسی کے ساتھ دوستی کرنا، دوستیاں۔

حُبَاب: (ح مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) دوستی، محبت، سانپ، دیو، بلبلہ جو پانی پر ظاہر ہوتا ہے، پانی کی زیادتی، ریت صاحب قاموس نے حَبَاب (ح مفتوح) لکھا ہے۔

حَبَبُ: (ح مفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) پانی کا بلبلہ، دانتوں کی ہمواری۔

حُبَاحِبُ: (ح مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ب موقوف) کرم شب افروز، جگنو، ایک کنجوس شخص کا نام جو مہمانوں کے ڈر سے رات کے وقت روشنی کم کرتا تھا۔

حِجَاب: (ح مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) پردہ، جاری ہونے کی جگہ، سانس کا چلنا۔

حُجَّاب: (ح مضموم، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) دربان، قاصد۔

حَجْب: (ح مفتوح، ج ساکن، ب موقوف) باز رکھنا، روکنا، چھپانا، وارث کے حصہ کو کم کرنا یا وارث کو حصہ سے محروم کرنا۔

حُجُبُ: (ح مضموم، ج مضموم، ب موقوف) پردے، حِجَاب کی جمع ہے۔

حَاجِبُ: (ح مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ب موقوف) روکنے والا، پردہ دار، عزت، کسی چیز کو چھپانے والا، حَوَاجِب جمع ہے، حَوَاجِبُ الشَّمْسِ آفتاب کے کنارے۔

حَدْب: (ح مفتوح، د ساکن، ب موقوف) مہربان کرنا۔

حَدَبُ: (ح مفتوح، د مفتوح، ب موقوف) پیٹھ کا نکلنا، کبڑا، سینہ کا دھنسنا، ریت کا ٹیلا اور نیچی زمین، پانی کا اونچا ہونا، کسی چیز کا نشان جو کھال پر ظاہر ہو، ایک گھاس ہے۔

حَرْب: (ح مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) جنگ، ایک آدمی کا نام، جنگی دشمن۔

حَرَبٌ: (ح مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) غصہ ہونا، کسی کے مال کو ہڑپنا، کھجور کا شگوفہ۔

حِزْب: (ح مکسور، ز ساکن، ب موقوف) لوگوں کی جماعت، ہر چیز کا ٹکڑا، ہتھیار، بارش کا وقت، اَحزاب جمع ہے، کفار عرب کے مختلف گروہ جو متحد ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ کے لیے آئے تھے جس کو جنگ احزاب کہتے ہیں۔

حَزْب: (ح مفتوح، ز ساکن، ب موقوف) کسی چیز کا کسی کے پاس پہنچنا، سخت ہونا، کسی چیز کا مشکل ہونا اور اس کو مجبور کر دینا، اَحْــــزَابُ الــرَّجُــل لوگوں کا لشکر اور وہ لوگ جو ان سے متفق ہوں، ہر وہ قوم جس کے خیالات و افکار ایک ہوں اگر چہ ان کی ملاقات نہ ہوئی ہو (م)، یَــوْمُ الاَحْــزَاب قوم نوح، عاد، ثمود وغیرہ کے واقعات جن کو اللہ تعالیٰ نے اجتماعی طور پر ہلاک و برباد کر دیا۔

حَسْب: (ح مفتوح، س ساکن، ب موقوف) سمجھنا، کافی، بس، شمار کرنا۔

حِسْب: (ح مکسور، س ساکن، ب موقوف) تدبیریں، کاموں کی مزدوری اس تقدیر پر حِسْبَۃٌ کی جمع ہے۔

حَسَبٌ: (ح مفتوح، س مفتوح، ب موقوف) شمار کیا ہوا، گنا ہوا، اندازہ، کسی چیز کی گنتی، نسب، مال دین اور شرافت کی وجہ سے آدمی کی بزرگی، حَسْب بھی اس معنی میں ہے۔

حِسَاب: (ح مکسور، مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) شمار کرنا، گننا، سمجھنا، زیادہ ہونے والا۔

حَسِیْب: (ح مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ب موقوف) شمار کرنے والا، انتقام لینے والا، حساب لینے والا، کافی۔

حَصْب: (ح مفتوح، ص ساکن، ب موقوف) کنکری ڈالنا، زمین میں جانا، وہ چیز جس سے آگ سلگائیں، آگ میں لکڑی ڈالنا، ایندھن، دیا سلائی۔

حَصَبٌ: (ح مفتوح، ص مفتوح، ب موقوف) پتھر، کھسرا (چھوٹی چیچک) کی بیماری میں مبتلا ہونا، لکڑی، وہ چیز جس سے آگ روشن کریں، وہ چیز جو آگ میں ڈالیں، کمان کے چلے کا پھرنا۔

حَصِبٌ: (ح مفتوح، ص مکسور، ب موقوف) دودھ جس کا مکھن سرد ہونے کی وجہ سے نہ نکلا ہو۔

حَاصِبٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ب موقوف) آندھی جو مٹی اور کنکری کو اڑائے، وہ بادل جو برف اور اولے برسائے۔

حُضْب: (ح مکسور، مضموم، ض ساکن، ب موقوف) کمان کی آواز۔

حَضْب: (ح مفتوح، ض ساکن، ب موقوف) سانپ، ایندھن ڈال کر آگ کو بھڑکانا، آگ میں لکڑی ڈالنا۔

حِضْب: (ح مکسور، ض ساکن، ب موقوف) پہاڑ کا کنارہ۔

حَضَبٌ: (ح مفتوح، ض مفتوح، ب موقوف) لکڑی، ہر وہ چیز جو آگ روشن کرنے کے لیے ڈالیں۔

حَطْب: (ح مفتوح، ط ساکن، ب موقوف) لکڑی اکٹھا کرنا، کسی کے لیے لکڑی لانا۔

حِطْب: (ح مکسور، ط ساکن، ب موقوف) دبلا کمزور آدمی۔

حَطَبٌ: (ح مفتوح، ط مفتوح، ب موقوف) لکڑی۔

حَاطِبٌ (ح مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ب موقوف) لکڑی اکٹھا کرنے والا، ایک شخص کا نام، حــاطــب اللیل وہ شخص جو رات میں لکڑی گھاس وغیرہ چنے، وہ شخص جو رطب و یابس ہر قسم کی بات کہے۔

حُظُوْب: (ح مضموم، ظ مضموم، و ساکن، ب موقوف) موٹا ہونا، پیٹ کا بھرنا۔

حَظَبٌ: (ح مفتوح، ظ مفتوح، ب موقوف) موٹا ہونا، بڑے پیٹ والا آدمی۔

حَظِبٌ: (ح مفتوح، ظ مکسور، ب موقوف) بڑے پیٹ والا پست قد۔

حُظُبٌّ: (ح مضموم، ظ مضموم، ب مشدد موقوف) سخت اجڈ، بخیل، تندخو۔

حَظِبٌّ: (ح مفتوح، ظ مکسور، ب مشدد موقوف) جلد غصہ ہونے والا۔

حَقْب: (ح مفتوح، ق ساکن، ب موقوف) دشواری کے ساتھ پیشاب ہونا، پالان شتر تنگ (وہ تسمہ (رسّی) جس سے باربردار جانور کی پشت پر بوجھ کو باندھتے ہیں)۔

حُقُبٌ: (ح مضموم، ق مضموم، ب موقوف) اسّی سال یا اس سے زائد کا عرصہ زمانہ، حُقْب بھی آیا ہے، اَحْقَاب جمع ہے۔

حَقَبٌ: (ح مفتوح، ق مفتوح، ب موقوف) اونٹ کے پالان کا تسمہ، رسّی۔

حِقَاب: (ح مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) عورت کا کمربند جسے باندھ کر زیور لٹکاتی ہے، ایک پہاڑ کا نام ہے۔

حَلْب ـ حَلَبْ: (ح مفتوح ل ساکن، مفتوح ب موقوف) دودھ دوہنا۔

حَلَبْ: (ح مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) دوہا ہوا دودھ۔

حَلُوْب: (ح مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ب موقوف) اونٹنی کو دوہنا۔

حَلِيْب: (ح مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کچا دودھ، تازہ دودھ، کھجور کی شراب۔

حِلَاب: (ح مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) دوہنا، وہ برتن جس میں دودھ دوہیں۔

حَوْشَب: (ح مفتوح، و ساکن، ش مفتوح، ب موقوف) چوپایہ کے پنجے کا جوڑ، پھولے ہوئے پہلوؤں والا، سوجا ہوا، خرگوش، لومڑی، بچھڑا، ایک شخص کا نام ہے۔

حَوْرَب: (ح مفتوح، و ساکن، ر مفتوح، ب موقوف) کوکب کے وزن پر کشادہ وادی، ایک مقام کا نام ہے یا بصرہ کے راستے میں ایک چشمہ ہے جب ام المومنین عائشہ صدیقہ نے بصرہ کی طرف خروج کیا تو کتے اسی مقام پر بھونکے تھے ام المومنین کتوں کی آواز سن کر اپنے خروج پر شرمندہ ہوئیں اس لیے کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق حدیث سنی تھی بعض لوگوں کے برانگیختہ کرنے سے واپس نہ ہوئیں اور جو ہونا تھا ہو کر رہا یعنی جمل کی افسوسناک جنگ۔

حُوْب: (ح مضموم، و ساکن، ب موقوف) گناہ، بربادی، ہلاکت، بلا، بیماری۔

حَوْب: (ح مفتوح، و ساکن، ب موقوف) گناہ کرنا، چوپائے کو آواز دینا تاکہ راستہ چلے، ماں، باپ، بیٹی، بہن، درد، غربت، حاجت، غم، وحشت، ان دونوں معنوں میں ضمہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

﴿فصل الحاء مع التاء﴾

حَانُوْت: (ح مفتوح، ا ساکن، ن مضموم، و ساکن، ت موقوف) شراب فروش کی دوکان، ہر دوکان، شراب فروش، شراب بیچنے والا۔

حَالَت: (ح مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ت موقوف) کیفیت، جس حال میں آدمی ہو، اصطلاح میں بدلنے والی حالت و کیفیت کو کہتے ہیں

حَبَّة: (ح مفتوح، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دانہ، آدھا نشو یعنی دینار کا سولہواں حصہ، دانگ (چھ رتی وزن) کا آٹھواں حصہ، کسی چیز کا ٹکڑا، حَبَّةُ القَلْب دل کا نقطہ جسے سُوَیدا کہتے ہیں۔

حِبَّة: (ح مکسور، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جنگلی تخم جس سے ریاحین گھاس اور سبزی اگتی ہے۔

حُبَّة: (ح مضموم، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دوستی، انگور کا بیج۔

حِبْوَة: (ح مکسور ر مضموم، ب ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) بچے کا سرین کے بل کھسکنا، زانو پر ہاتھوں کا حلقہ بنا کر سرین پر بیٹھنا۔

حَبِيْكَة: (ح مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) راستہ، پانی کی لہر، بال، بالوں کی لٹ، حُبُک و حَبَائِک جمع ہے۔

حِبَالَة: (ح مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) پھندا۔

حِبَالَّة: (ح مکسور، ب مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وقت، زمانہ، کسی چیز کے جانے کا مناسب وقت۔

حُبْلَة: (ح مضموم، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) انگور کا درخت، انگور کے درخت کی جڑ۔

حَبَلَة: (ح مفتوح، ب مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) وہ بچہ جو اونٹنی کے پیٹ میں ہو، کچا انگور، حَبَلَةُ الحَبَلَة اونٹنی کے بچے کا بچہ۔

حَتّ: (ح مفتوح، ت مشدد موقوف) درخت سے پتوں کا جھڑنا، کپڑے سے سوکھی ہوئی منی کو کھرچنا، جلدی کرانا، تیز رفتار گھوڑا، تیز رفتار شتر مرغ، نیک آزاد مرد، مری ہوئی ٹڈی، وہ کھجور جو شاخ سے چپکی ہوئی نہ ہو، ایک تلوار کا نام ہے۔

حُتّ: (ح مضموم، ت مشدد موقوف) بہت نچا کیا ہوا، برباد کیا ہوا، ایک قبیلے کا نام ہے۔

حِدَة: (ح مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) تنہا اور اکیلا ہونا، اسی وجہ سے علاحدہ کہتے ہیں، یعنی تنہائی و خودسری۔

حِدَّة: (ح مکسور، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تیزی اور تندی ظاہر کرنا،

حِدَاة: (ح مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) چوہا پکڑنے والا، چیل۔

حَدَاثَۃ: (ح مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) نیا ہونا، تازگی، ابتدا، نیا۔

حَدَقَۃ: (ح مفتوح، د مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) آنکھ کی سیاہی۔

حَدِیْقَۃ: (ح مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) وہ باغ جس میں کھجور وغیرہ کے درخت ہوں اور اس کے اردگرد دیواریں ہوں، مدینہ مشرفہ کے قریب ایک گاؤں، حَدِیْقَۃُ الرَّحْمٰن مسیلمہ کذاب کا باغ چونکہ مسیلمہ اسی کے قریب قتل کیا گیا اسی لیے وہ باغ حَدِیْقَۃُ الْمَوْت سے موسوم ہوا۔

حُدَیْبِیَّۃ: (ح مضموم، د مفتوح، ی ساکن، ب مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) مکہ مکرمہ کے قریب ایک مقام ہے جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش مکہ سے صلح کی تھی۔

حَذَاقَۃ: (ح مفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز میں ماہر ہونا۔

حَرَّۃ: (ح مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پیاسا ہونا، پتھریلی زمین۔

حِرَّۃ: (ح مکسور، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پیاس۔

حُرَّۃ: (ح مضموم، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آزاد عورت، آزاد لونڈی، بہت برسنے والا بادل، زیادہ دودھ والی اونٹنی، ریت، وہ شب زفاف جس میں شوہر عورت کی بکارت زائل نہ کر سکے، کانوں کی لو میں گوشوارہ (بالا) پہننے کی جگہ۔

حَرِیْرَۃ: (ح مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ریشمی کپڑا، وہ آٹا جسے دودھ اور روغن میں پکائیں، ایک قسم کا کھانا (لپسی)

حَرَافَۃ: (ح مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا تیز مزہ ہونا۔

حِرْفَۃ: (ح مکسور، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) بے بہرہ ہونا، پیشہ ور ہونا، پیشہ، کھانے کی تیزی۔

حُرْقَۃ: (ح مضموم، ر ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) سوزش۔

حُرَاقَۃ: (ح مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) جلا ہوا، آتش گیر مادہ پھینکنے کا آلہ، جنگی جہاز جس سے آتش گیر مادہ پھینکیں، (ر مشدد مفتوح) پڑھتے ہیں، صاحب قاموس کہتے ہیں حراقات مکاروں اور دغابازوں کے مواضع ہیں، بصرہ میں چند کشتیاں تھیں جن میں آتش زنی کے آلات تھے۔

حَرْبَۃ: (ح مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) جنگی ہتھیار، آلۂ جنگ، لاٹھی، کوزا۔

حُرْبَۃ: (ح مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گون (جس میں غلہ بھر کر ٹٹو یا بیل وغیرہ پر لادتے ہیں)، چرواہے کا تھیلا۔

حِرْمَۃ: (ح مکسور، ر ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) ناامیدی، شہوت اور جماع کا غلبہ۔

حُرْمَۃ۔حُرُمَۃ: (ح مضموم، ر ساکن، ر مضموم، م مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جس کا کرنا اور جس کی حرمت کو توڑنا جائز نہ ہو، ناشائستگی، عہد و پیمان، خوف، کسی چیز کا حصہ۔

حَرَمَۃ: (ح مفتوح، ر مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) بھیڑ بکرے وغیرہ کا جفتی کی خواہش کرنا۔

حُزْمَۃ: (ح مضموم، ز ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی کا انبار گھاس کا ڈھیر، کاغذ وغیرہ کا دستہ۔

حَزَامَۃ: (ح مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) کام میں ہوشیار اور آگاہ ہونا۔

حَزَازَۃ: (ح مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) غصہ وغیرہ سے دل کا جلنا۔

حُزَّۃ: (ح مضموم، ز مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پاجامے کا نیفہ جس میں ازار بند ڈالتے ہیں، لمبائی میں کٹا ہوا گوشت کا ٹکڑا۔

حَسْرَۃ: (ح مفتوح، س ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) افسوس، شرمندگی۔

حَاسَّۃ: (ح مفتوح، ا ساکن، س مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ قوت جو کسی چیز کو معلوم کرے جیسے قوت سامعہ اور قوت باصرہ وغیرہ۔

حَاشِیَۃ: (ح مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کنارہ، جوان خرد سال اونٹ، خدمت گار، کمینے، بد اصل لوگ۔

حِشْمَۃ: (ح مکسور، ش ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) شرم، حیا، غصہ انقباض،

دلگیر ہونا، سکڑنا، کسی کو اپنی بات سنانا جس کی وجہ سے اسے غصہ آئے۔

حُشْمَۃٌ: (ح مضموم، ش ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) عورت، اپنائیت، قرابت، اونٹ کی مہار۔

حَشَمَۃٌ: (ح مفتوح، ش مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) خدمت کرنے والے، پیروی کرنے والے۔

حُشَاشَۃٌ: (ح مضموم، ش مفتوح، ا ساکن، ش مفتوح، ۃ موقوف) وہ تھوڑی جان جو بیمار یا زخمی میں باقی ہو اس کو رمق بھی کہتے ہیں، اخیر سانس، رہی سہی جان۔

حَصَانَۃٌ: (ح مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) مضبوط اور مستحکم ہونا۔

حَصْبَۃٌ: (ح مفتوح، ص ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پتھریلی زمین۔

حَصْبَۃٌ۔ حُصْبَۃٌ۔ حَصَبَۃٌ (ح مفتوح، مضموم، ص ساکن، مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) سرخ چھوٹے چھوٹے جلن والے دانے جو آدمی کے جسم پر نکلتے ہیں جسے فارسی میں سرخچہ کہتے ہیں، چیچک کے چھوٹے چھوٹے دانے جن میں سوزش ہوتی ہے۔

حَصْحَصَۃٌ: (ح مفتوح، ص ساکن، ح مفتوح، ص مفتوح، ۃ موقوف) حق کا ظاہر ہونا، مضبوط و مستحکم کرنے کے لیے حرکت دینا، بھاری بوجھ کی وجہ سے اٹھنے کے وقت اونٹ کا لرزنا۔

حِصَّۃٌ: (ح مکسور، ص مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ٹکڑا، جز۔

حِضَانَۃٌ: (ح مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) بچے کو گود لینا، بچے کی پرورش کرنا، پرندہ کا انڈوں اور بچوں کو پروں کے تلے دبالینا۔

حَضَانَۃٌ: (ح مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) کسی کو کسی کام سے دور کرنا، خودمختاری کے ساتھ دوسرے کی رائے کے بغیر کرنا۔

حَضْرَۃٌ: (ح مفتوح، ض ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) نزدیکی، درگاہ، بارگاہ، حضور، اس معنی میں حُضرۃ حَضَرۃ بھی آیا ہے، حاضِرَان حاضِر کی جمع۔

حَاضِرَۃٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) شہر، گاؤں، قصبہ، صحرا، جنگل کے برخلاف۔

حَضِیرَۃٌ: (ح مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) کھجور خشک کرنے کی جگہ، چار، پانچ، سات آٹھ اور دس مردوں کی جماعت جو جنگ کے لیے نکلے، لشکر کا اگلا دستہ، زرد پانی جو خون نفاس سے قبل بچے کے ساتھ رحم سے باہر آئے۔

حَضَرْمُوْت: (ح مفتوح، ض مفتوح، ر ساکن، م مضموم، مفتوح، و ساکن، ت موقوف) ایک شہر، ایک قبیلہ کا نام۔

حُطَیْئَۃٌ: (ح مضموم، ط مفتوح، ی ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) بدشکل کوتاہ آدمی، ایک مشہور شاعر کا نام ہے۔

حِطَّۃٌ: (ح مکسور، ط مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گناہ دور کرنا، لوگوں نے کہا ہے کہ یہ اسم فعل ہے بمعنی دور کن از گناہاں، گناہوں سے دور کر، ماہ رمضان کا نام ہے۔

حُطْمَۃٌ: (ح مفتوح، مضموم، ط ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) سخت سال۔

حِطْمَۃٌ: (ح مکسور، ط ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) خشک ٹوٹی ہوئی ریزہ ریزہ ہوئی چیز۔

حَطَمَۃٌ: (ح مفتوح، ط مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) چوپایوں کا زیادہ عمر والا ہونا۔

حُطَمَۃٌ: (ح مضموم، ط مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) سخت آگ، جہنم کا نام، اونٹ اور بکری کا بڑا ریوڑ، وہ چرواہا جو جانوروں پر رحم نہ کرے، ذلیل آدمی، دوزخ کا گھیرا۔

حَظِیرَۃٌ: (ح مفتوح، ظ مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) کھجور خشک کرنے کی جگہ، لکڑی اور گھاس پھوس کا احاطہ جو جانوروں کے لیے بنائیں۔

حُفْنَۃٌ: (ح مضموم، ف ساکن، ن مفتوح ۃ موقوف) مٹھی بھر، گڑھا، سوراخ، فتحہ کے ساتھ بھی آیا ہے، صاحب صراح کہتے ہے کہ حُفنۃ دو مٹھی کھانے کو کہتے ہیں، تھوڑی چیز۔

حِفَایَۃٌ: (ح مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) ننگے پاؤں چلنا، زمین سے گھاس اکھاڑنا۔

حَفَاوَۃٌ ۔ حِفَایَۃٌ: (ح مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) (ح مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) خوشی ظاہر کرنا، کسی چیز کے بارے میں زیادہ سوال کرنا۔

حَفَدَۃٌ: (ح مفتوح، ف مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) پوتا پوتی، نواسہ نواسی، لڑکیاں، خسر، خادم، دوست، مددگار۔

حُفْرَۃٌ: (ح مضموم، ف ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گڑھا، وہ قبر جو کدال سے کھودیں۔

حَافَّۃٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا کنارہ، ضرورت، سختی، حَافَّتَا الوَادِی پانی کے دونوں کنارے۔

حَافِرَۃٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) ہر چیز کا اول، ابتدا، اصلی حالت، پہلی خلقت جس پر پیدا کیا گیا۔

حِقَّۃٌ: (ح مکسور، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) اونٹ کا وہ بچہ جو تین برس کا ہو کر چوتھے سال میں پہنچا ہو۔

حُقَّۃٌ: (ح مضموم، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی وغیرہ کی ڈبیہ جس میں موتی، سرخ یاقوت، جواہر اور معجون وغیرہ رکھتے ہیں، بلا، سختی، اس معنی میں حقہ بھی ہے۔

حَقَّۃٌ: (ح مفتوح، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ثابت اور درست چیز، کسی چیز کی حقیقت۔

حَاقَّۃٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ واقعہ جو یقیناً واقع ہو، قیامت، کسی چیز کا سچ۔

حَقْوَۃٌ: (ح مفتوح، ق ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) کمر باندھنے کی جگہ۔

حُقْبَۃٌ: (ح مضموم، ق ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) اسی سال۔

حَقَارَۃٌ: (ح مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ذلیل اور کمینہ ہونا۔

حُکُومَت: (ح مضموم، ک مضموم، و ساکن، م مفتوح، ت موقوف) داوری، سلطنت، فرمانروائی۔

حِکْمَت: (ح مکسور، ک ساکن، م مفتوح، ت موقوف) عقل، ہر چیز کی حقیقت کو جاننا، صاحب قاموس کہتے ہیں حکمت کے معنی عدل، حلم، علم، نبوت، حکم نبوت، قرآن اور انجیل ہیں، شیخ رئیس بوعلی سینا بعض رسالوں میں لکھتا ہے کہ حکمت درست گفتاری اور راست کرداری کو کہتے ہیں۔

حَکَمَۃٌ: (ح مفتوح، ک مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) لگام میں لگا ہوا لوہے کا وہ حلقہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی طرف منہ میں رہتا ہے، توبرا، قدر و منزلت، سورۂ محکم غیر منسوخ، آگے جانے والا، سر کا اگلا حصہ، بکری کی ٹھوڑی۔

حَکَّۃٌ: (ح مفتوح، ک مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خارش، کھجلی۔

حُکَاکَۃٌ: (ح مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) سوزش، ہر چیز کا ٹکڑا۔

حُکْرَۃٌ: (ح مضموم، ک ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) وہ غلہ جو گرانی اور قحط سالی کے دنوں کے لیے محفوظ رکھیں۔

حِکَایَۃٌ: (ح مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) بات نقل کرنا، مانند ہونا۔

حَلِیْلَۃٌ: (ح مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کسی کی جورو، منکوحہ عورت، کسی کی فراش۔

حُلَّۃٌ: (ح مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) یمنی چادر، وہ لباس جو استر رکھتا ہو جیسے شیروانی، کوٹ وغیرہ یا تہبند اور چادر یا صرف ازار (تہبند)، تہا ردا کو حُلّہ نہیں کہتے ہیں۔

حِلَّۃٌ: (ح مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ گروہ جو چشمہ پر وارد ہو، اترنے کی ایک قسم، چند گھر، مجلس، لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ، ایک شہر اور ایک گاؤں کا نام ہے۔

حَلَّۃٌ: (ح مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک محلہ ہے، نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا، شام میں ایک جگہ کا نام ہے، حَـلَّۃُ الشَّیْـــی جہت، جانب، حِلَّۃ بھی اس معنی میں آیا ہے۔

حُلْبَۃٌ: (ح مضموم، ل ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) مشہور ترکاری (میتھی کا ساگ) حَلْبَۃٌ (ح مفتوح الخ) وہ گھوڑے جو دوڑانے کے لیے ہر جگہ سے اکٹھا ہوں، صاحب کنز کہتے ہیں

گھڑ دوڑ کا میدان۔

حَلَبَۃٌ: (ح مفتوح، ل مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) دودھ دوہنے والے، حالِب کی جمع ہے۔

حُلْیَۃٌ: (ح مکسور/مضموم، ل ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ زیور جو موتی، طلا، سونا، چاندی اور دوسری دھاتوں سے بنائے جاتے ہیں۔

حِلْیَۃٌ: (ح مکسور، ل ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) خلقت، صورت، کسی چیز کی صفت۔

حَلْقَۃٌ: (ح مفتوح، ل ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) زرہ کا حلقہ، خالی برتن جس میں کچھ نہ ہو، گھوڑے کا داغ، تالاب کا کنارہ، آدمیوں کا دائرہ، دروازے کا حلقہ۔

حَلَقَۃٌ: (ح مفتوح، ل مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) سر مونڈنے والے، نائی، باربر، حالِق کی جمع ہے۔

حَلْفَۃٌ: (ح مفتوح، ل ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) قسم۔

حَلَمَۃٌ: (ح مفتوح، ل مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) پستان کی نوک، درخت سعدان ایک خاردار پودا جسے اونٹ بڑی رغبت سے کھاتا ہے، تھوہڑ ایک پودا ہے، بڑی چیچڑی ایک قسم کا کیڑا جو بکری، کتے بھینس کے جسم پر چمٹا رہتا ہے (کلنی)۔

حِلْتِیت: (ح مکسور، ل ساکن، ت مکسور، ی ساکن، ت موقوف) انگوزہ، انجذان کا گوند، ہینگ۔

حِمْیَۃٌ ـ حَمْوَۃٌ: (ح مکسور، م ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) (ح مفتوح، م ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) بیمار کا نقصان دہ چیزوں سے پرہیز کرنا، وہ چیز جو حفاظت سے رکھی جائے۔

حَمِیَّۃٌ: (ح مفتوح، م مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) غیرت و ننگ۔

حِمَایَۃٌ ـ حِرَاسَۃٌ: (ح مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) (ح مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) نگہبانی کرنا۔

حَامِیَۃٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ جماعت یا شخص جو اپنے ساتھیوں کی مدد اور حمایت کرے، چولھا، وہ پتھر جو کنویں کے چاروں طرف رکھتے ہیں، بہت گرم چیز، عَیـــنٌ

حَـــامِیَۃٌ ایک چشمہ کا نام ہے جو بحرِ مغرب میں ہے لوگوں کا خیال ہے کہ سورج اسی چشمے میں ڈوبتا ہے۔

حُمُوضَۃٌ: (ح مضموم، م مضموم، و ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) کھٹائی، کھٹاپن، ترشی۔

حَمَاسَۃٌ: (ح مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) بہادر ہونا، ابوتمام کا دیوان (حماسہ) کہ اس میں وہ اشعار جمع کیے گئے جو بہادرانِ عرب کی شان میں کہے گئے ہیں۔

حَمَامَۃٌ: (ح مفتوح، م مفتوح ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) کبوتر، ہر طوق دار پرندہ جیسے قمری، فاختہ۔

حُمَۃٌ: (ح مضموم، م مفتوح، ۃ موقوف) بچھو کا ڈنک۔

حُمَّۃٌ: (ح مضموم، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سخت گرمی، سیاہی، کوئلہ، ہر جلی ہوئی چیز۔

حَمْزَۃٌ: (ح مفتوح، م ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) ایک ساگ جس کو ترہ تیزک کہتے ہیں، شیر درندہ، رسول اللہ صلی علیہ وسلم کے چچا سید الشہدا کا نام ہے، انس بن مالک کی کنیت ابوحمزہ ہے جو حضور نے ان کو ترہ تیزک چننے کے سبب عطا فرمائی۔

حَمَازَۃٌ: (ح مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) سختی، سخت ہونا۔

حَمْلَۃٌ: (ح مفتوح، م ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) جنگ کا ارادہ کرنا، دشمن کو بھگانے اور قتل کرنے کے لیے حملہ کرنا۔

حِمْلَۃٌ: (ح مکسور، م ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) مشقت کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔

حَمَلَۃٌ: (ح مفتوح، م مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) بوجھ اٹھانے والے، قلی، حامِل کی جمع ہے۔

حِمَالَۃٌ: (ح مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) تلوار کا تسمہ، حمائل جمع ہے، ایک گھوڑے کا نام ہے۔

حَمَالَۃٌ: (ح مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) جو چیز تاوان اور دیت سے معاف کر دی جائے۔

حَمَّالَۃٌ: (ح مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بوجھ اٹھانے والی عورت۔

حَمُولَۃٌ: (ح مفتوح، م مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف)

حُمُولَۃٌ: (ح مضموم، م مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بوجھ اٹھانے والا چوپایہ، وہ بوجھ جو چوپائے کے اوپر لادیں۔

حَامِلَات: (ح مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) حاملہ عورتیں، بوجھ اٹھانے والیاں، وہ بادل جو پانی اٹھانے پر مامور ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَالْحَامِلَاتِ وِقْرًا پھر بوجھ اٹھانے والیاں (سورۂ ذاریات)

حَمَاقَۃٌ: (ح مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) بے وقوف ہونا، بازار کا بے رونق ہونا۔

حِنْطَۃٌ: (ح مکسور، ن ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) گیہوں۔

حَنْجَرَۃٌ: (ح مفتوح، ن ساکن، ج مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) گلا، زخرہ، حلقوم۔

حَنَّۃٌ: (ح مفتوح، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بیوی، اونٹ کی آواز، حضرت مریم کی ماں کا نام ہے۔

حِنَّۃٌ: (ح مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دیوانگی، فتحہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

حَنِیَّۃٌ: (ح مفتوح، ن مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کمان جس سے تیراندازی کرتے ہیں، حَنَایَا حَنِی جمع ہے۔

حَنَّانَۃٌ: (ح مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) وہ عورت جو گذشتہ شوہر کے لڑکوں پر مہربانی کرے اور موجودہ شوہر کے مال سے ان بچوں کو دے، وہ کمان جو تیراندازی کے وقت آواز دے۔

حَوْلَقَۃٌ۔ حَوْقَلَۃٌ (ح مفتوح، و ساکن، ل مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) (ح مفتوح، و ساکن، ق مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنا۔

حَوْصَلَۃٌ: (ح مفتوح، و ساکن، ص مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) پوٹہ، پرندہ کا معدہ جو حلق کے نیچے ہوتا ہے جس میں وہ دانے جمع کر لیتا ہے۔

حَوْزَۃٌ: (ح مفتوح، و ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) ناحیہ، کنارہ، مملکت کا وسط، بیضہ کا مرادف ہے، طبیعت، اندام زن، عورت کی شرم گاہ، حجاز میں ایک وادی کا نام ہے۔

حَوْمَۃٌ: (ح مفتوح، و ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بڑی جنگ، ہر بڑی چیز۔

حُوْبَۃٌ: (ح مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گناہ، وہ شخص جو بھلائی نہ کرے، کمزور حال اولاد والا، غم واندوہ، فقیری۔

حَوْت: (ح مفتوح، و ساکن، ت موقوف) جانور کا گھومنا، پرندے کا کسی چیز کے گرد اڑنا۔

حُوْت: (ح مضموم، و ساکن، ت موقوف) ایک مچھلی کا نام ہے، ایک برج کا نام ہے۔

حِیَاکَۃٌ: (ح مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) کپڑا بننا۔

حَاکَۃٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) کپڑا بننے والے، بنکر، حائک کی جمع ہے۔

حَاکَّۃٌ: (ح مفتوح، ا ساکن، ک مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دانت۔

حِیْلَۃٌ: (ح مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بہانہ۔

حَیْعَلَۃٌ: (ح مفتوح، ی ساکن، ع مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ وَ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کہنا۔

حَیْرَۃٌ: (ح مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سرگشتہ ہونا، پریشان ہونا۔

حِیْرَۃٌ: (ح مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) نیشاپور میں ایک محلے کا نام ہے، کوفہ کے قریب ایک شہر کا نام ہے اسی کی طرف نسبت کرتے ہوئے حیری و حاری کہتے ہیں، فارس میں ایک گاؤں کا نام ہے، عانہ کے قریب ایک شہر کا نام، خَیْرَتَان یعنی خیرہ، کوفہ، عانہ اوران کے گاؤں جو فرات کے کنارے آباد ہیں۔

حَیَّۃٌ: (ح مفتوح، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) لمبا بچھو اور سانپ۔

حِیَاضَۃٌ: (ح مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) وہ تسمہ جس سے گھوڑے کا تنگ (تھیلا) کسیں، اصل میں خواضۃ تھا، خیاضۃ دو چیزوں کو مضبوط پکڑنے کے معنی میں بھی آیا ہے۔

حَیْطَۃٌ: (ح مفتوح، ی ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) چاردیواری بنانا۔

حِیْطَۃٌ: (ح مکسور، ی ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کے گرد دیوار

تعمیر کرنا۔

﴿فصل الحاء مع الثاء﴾

حَثّ: (ح مفتوح، ث مشدد موقوف) ابھارنا۔

حُثّ: (ح مضموم، ث مشدد موقوف) بھوسے کے ریزے، بہت خشک ریت، خشک روئی، وہ ستو جو پانی میں گھولا نہ گیا ہو اور نہ گوندھا گیا ہو۔

حُدُوث: (ح مضموم، د مضموم، و ساکن، ث موقوف) نیا ہونا، نئی چیز۔

حَدِیث: (ح مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ث موقوف) خبر، نئی چیز، کم عمر شخص۔

حَدْث: (ح مفتوح، د ساکن، ث موقوف) وہ لوگ جو بادشاہوں کے سامنے قصے اور کہانیاں کہتے ہیں، بہت باتونی حُدث (ح مضموم) بھی اس معنی میں آیا ہے۔

حَدَث: (ح مفتوح، د مفتوح، ث موقوف) بے وضو ہونا، پیدا کرنا۔

حَرْث: (ح مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) کھیتی کرنا، زمین کو کھیتی کے قابل بنانا، ہموار کرنا، مال جمع کرنا، کمانا، آگ روشن کرنا، گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہو کر اتنا دوڑانا کہ وہ کمزور ہو جائے، عقلمند ہونا، کھیت میں کسی چیز کو تلاش کرنا، وہ راستہ جسے چوپایوں نے روند دیا ہو۔

حَارِث: (ح مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ث موقوف) بزرگ، کسی چیز کو جمع کرنے والا، شیر درندہ، ایک شخص کا نام ہے۔

حَرَاث: (ح مفتو، ر مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) کمان کے کنارے کا سوراخ (گھاٹ) جس میں چلہ چڑھاتے ہیں۔

حِرَاث: (ح مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) وہ تیر جو ابھی مکمل تراشا نہ گیا ہو۔

حَرَّاث: (ح مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) بزرگوار۔

حِنْث: (ح مفتوح رمکسور، ن ساکن، ث موقوف) گناہ، قسم توڑنا، حق سے باطل کی طرف جھکنا، باطل سے حق کی طرف جھکنا۔

حَانِث: (ح مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ث موقوف) قسم توڑنے والا۔

حَیْث: (ح مفتوح رمکسور، ی ساکن، ث موقوف) ظرف مکان، ایسا کلمہ ہے جو مکان کے لیے وضع کیا گیا ہو، مِنْ حَیْثُ اسی وجہ سے، اسی سبب سے۔

﴿فصل الحاء مع الجیم﴾

حَاج: (ح مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) حاجت کی جمع۔

حَاجّ: (ح مفتوح، ا ساکن، ج مشدد موقوف) حج کرنے والا، حاجی کی جمع ہے، جیسے روم رومی کی جمع ہے۔

حَجّ: (ح مفتوح، ج مشدد موقوف) کسی چیز کا ارادہ کرنا، کسی پر دلیل کے ذریعہ غالب آنا، عبادت کی نیت سے خانۂ کعبہ کے طواف کا ارادہ کرنا اور طواف کعبہ بجالانا، کسی کے پاس کثرت سے آنا جانا، زخم میں سلائی ڈالنا اور اندر لے جانا۔

حِجَاج: (ح مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) ایک دوسرے کے خلاف دلیل لانا۔

حَجَاج: (ح مفتوح رمکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) بھوں کی ہڈی کا کنارہ۔

حَجَّاج: (ح مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) بہت دلیل لانے والا، ایک مشہور ظالم کا لقب ہے جسے حجاج بن یوسف ثقفی کہتے ہیں۔

حُجَّاج: (ح مضموم، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) حج کرنے والے۔

حَجِیج۔حَوَاج: (ح مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ج موقوف) (ح مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) حج کرنے والے۔

حُجُج: (ح مضموم، ج مضموم، ج موقوف) وہ راستہ جسے کھود ڈالا گیا ہو۔

حُجَج: (ح مضموم، ج مفتوح، ج موقوف) دلیلیں۔

حَدْج: (ح مفتوح، د ساکن، ج موقوف) اونٹ پر بوجھ اور کجاوہ باندھنا، تیز دیکھنا، گھورنا، کسی کی طرف تیر وغیرہ پھینکنا، کسی پر تہمت لگانا۔

حِدْج: (ح مکسور، د ساکن، ج موقوف) بوجھ، عورتوں کی ڈولی،

پردہ دار سواری۔

حَدَج: (ح مفتوح، د مفتوح، ج موقوف) اندرائن کا پھل، کچا خربوزہ (ایلوا)

حِرج: (ح مکسور، ر ساکن، ج موقوف) گناہ، سیپ، صدف، شکار کے گوشت میں سے کتے کا حصہ۔

حَرَج: (ح مفتوح، ر مفتوح، ج موقوف) تنگی، تنگ ہونا، گناہ، لمبی اور دبلی اونٹنی، چار پائی کے مانند چار بندھی ہوئی لکڑیاں جس پر مردے کو رکھتے ہیں، آنکھوں کا چندھیانا، کسی چیز کا حرام ہونا، بہت درختوں والی تنگ جگہ، حَرِج (ر مکسور) بھی اس معنی میں آیا ہے۔

حَلج: (ح مفتوح، ل ساکن، ج موقوف) روئی سے بیج کو الگ کرنا، چلنا، جانا، روئی کو گول اور چوڑا کرنا، بیلنا، مرغ کا بازوؤں کو کھولنا۔

حَلِیج: (ح مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ج موقوف) دھنی ہوئی روئی، حَلُوج بھی اس معنی میں ہے۔

حَلّاج: (ح مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) روئی سے بیج الگ کرنے والا، دھنیا، روئی دھننے والا، حسین بن منصور بیضاوی کا لقب ہے جو اَنَا الحق کہتے تھے۔

حَنج: (ح مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) جھکانا، دھاگا بٹنا، ساکن ہونا، ٹھہرنا، چھپانا، تیزی دکھانا، جلد بازی کرنا، پیچیدہ بات کہنا۔

حِنج: (ح مکسور، ن ساکن، ج موقوف) کسی چیز کی اصل، دل، ہر چیز کا بیچ۔

حَوج: (ح مفتوح، و ساکن، ج موقوف) سلامت ہونا، محتاج ہونا، نیاز مند ہونا۔

﴿فصل الحاء مع الدال﴾

حَتد: (ح مفتوح، ت ساکن، د موقوف) کسی جگہ مقیم ہونا، ٹھہرنا۔

حُتُد: (ح مضموم، ت مضموم، د موقوف) ایسا چشمہ جس کا پانی ختم نہ ہو، جوہر، چیز کی اصل۔

حَتِد: (ح مفتوح، ت مکسور، د موقوف) خالص، ہر چیز کی اصل۔

حَدّ: (ح مفتوح، د مشدد موقوف) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ، کسی چیز کی انتہا، کنارہ، ہر چیز کی تیزی و تندی، لوگوں کا غصہ روکنے والا، روکنا، اندازہ کرنا، اللہ تعالیٰ کے مقرر کیے ہوئے حدود جو گنہگار بندوں کی تادیب کے لیے ہیں تاکہ دوبارہ گناہ نہ کریں، حرام کرنا، کسی چیز کو کسی چیز سے جدا کرنا۔

حَدِید: (ح مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) دھاردار اسلحہ۔

حِدَاد: (ح مکسور، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) تیز چیزیں، کالے اور نیلے کپڑے جو غمی میں پہنتے ہیں، ماتمی کپڑا پہننا، حِداد، حَدِید کی جمع ہے۔

حَدّاد: (ح مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) دربان، پہرہ دار، قید خانے کا محافظ، لہار۔

حَرد: (ح مفتوح، ر ساکن، د موقوف) ارادہ کرنا، روکنا، غصہ کرنا، اس معنی میں حَرَذ بھی آیا ہے۔

حِرد: (ح مکسور، ر ساکن، د موقوف) اونٹ کے کوہان کا حصہ۔

حَرَذ: (ح مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) ایک ایسا درد جو اونٹ کے ہاتھ اور پاؤں میں ہوتا ہے اور اس کے اعصاب کو زانو بند کی وجہ سے خشک کر دیتا ہے، زرہ بکتر کا کسی شخص پر اتنا بھاری ہونا کہ چلنے پر قادر نہ ہو سکے۔

حُرُود: (ح مضموم، ر مضموم، و ساکن، د موقوف) دور ہونا، تنہا قیام کرنا۔

حَرِید: (ح مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) دور، تنہا، سوکھی مچھلی۔

حَسَد: (ح مفتوح، س مفتوح، د موقوف) بدخواہی۔

حُسُود: (ح مضموم، س مضموم، و ساکن، د موقوف) برا چاہنا، کسی کی نعمت و فضیلت زائل ہونے کی خواہش کرنا۔

حَسُود: (ح مفتوح، س مضموم، و ساکن، د موقوف) کسی کا بدخواہ، کسی کی برائی چاہنے والا۔

حَشد: (ح مفتوح، ش ساکن، د موقوف) جمع کرنا، مدد دینا، کسی کام کے لیے جمع ہونا، کھیتی کا مکمل ہونا۔

حَصَاد: (ح مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کھیتی کاٹنا۔

حَصْد : (ح مفتوح، ص ساکن، دموقوف) کھیتی کاٹنا۔

حَصَد : (ح مفتوح، ص مفتوح، دموقوف) سوکھی گھاس، رسی کومضبوط بٹنا، مضبوط ومحکم زرہ بنٹا، زرہ بنٹا، رسی بٹنا، کھونٹی وغیرہ گاڑنا، ایک قسم کی گھاس ہے، ہرخشک گھاس۔

حَصِید : (ح مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، دموقوف) کاٹا ہوا۔

حَفْد : (ح مفتوح، ف ساکن، دموقوف) خدمت میں جلدی کرنا، جلد بازی کرنا، کام میں چست ہونا۔

حَفَد : (ح مفتوح، ف مفتوح، دموقوف) مدد کرنے والے، خدمت کرنے والے، حَافِد کی جمع۔

حِقْد : (ح مکسور، ق ساکن، دموقوف) کینہ۔

حَقْد : (ح مفتوح، ق ساکن، دموقوف) دل میں کینہ رکھنا، حِقد بھی اس معنی میں آیا ہے، دشمنی کرنے کی مہلت کی تاک میں رہنا، بارش نہ ہونا، کان سے کچھ نہ ملنا۔

حَقُود : (ح مفتوح، ق مضموم، و ساکن، دموقوف) بہت کینہ والا آدمی۔

حَمْد : (ح مفتوح، م ساکن، دموقوف) تعریف کرنا، تعریف۔

حَمِید : (ح مفتوح، م مکسور، ی ساکن، دموقوف) تعریف کیا ہوا۔

حَیْد : (ح مفتوح، ی ساکن، دموقوف) جھکنا، بارہ سنگھے کی سینگ کی گرہ، پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ، ہر چیز جس کا کنارہ ابھرا ہوا ہو، حِید جمع ہے۔

حَیَد : (ح مفتوح رمکسور، ی مفتوح، دموقوف) کھانا۔

حُیُود : (ح مضموم، ی مضموم، و ساکن، دموقوف) جھکنا، پہاڑ کے ابھرے ہوئے کنارے، بارہ سنگھا کی سینگ کی گانٹھیں، حَید کی جمع۔

﴿فصل الحاء مع الذال﴾

حَاذّ : (ح مفتوح، ا ساکن، ذ مشدد موقوف) پیٹھ، ایک درخت کا نام ہے، حَاذُ الـمَتنِ گھوڑے کی پیٹھ پر زین کا نمدہ رکھنے کی جگہ، خَـفِیْفُ الـحَـاذِ تھوڑے مال والا، کم بال بچوں والا، حدیث میں ہے خَفِیْفُ الـحَـاذِ مَنْ لَا اَهْلَ لَهٗ وَلَا مَالَ خفیف الحاذ وہ شخص ہے جس کے پاس مال اور اولاد نہ ہو

حَذّ : (ح مفتوح، ذ مشدد موقوف) تیزی سے چلنا، جلدی سے کاٹنا۔

حَذَذ : (ح مفتوح، ذ مفتوح، ذ موقوف) اونٹ کی پونچھ کا پتلی اور چھوٹی ہونا، عروض کے تصرفات کی ایک قسم اور وہ متفاعلن و مستفعلن سے وتد مجموع علن کو گرانا، بعد اسقاط نقل ہوکر فعلن رہ جاتا ہے، عروض کی اصطلاح میں وتد مجموع کا رکن بحر کے آخر سے گرانا ہے مستفعلن سے مستف باقی رہے جو نقل ہوکر فعلن ہوجائے اور فاعلن سے فا باقی رہے جو منقول ہوکر فع ہوجائے اور متفاعلن سے متفا رہ جائے جو نقل ہوکر فعلن ہوجائے اس کو حذذ کہتے ہیں (م)

حَنْذ : (ح مفتوح، ن ساکن، ذ موقوف) بکری وغیرہ کو گڈھے میں رکھ کر اس طرح بھننا کہ اس کے اوپر گرم پتھر رکھدیں تاکہ وہ پک جائے، مہمیز کرنا، گھوڑے کو تھکانے کے لیے دوڑانا اس کے بعد دھوپ میں اس پر جھول ڈالنا تاکہ پسینہ آئے، سورج کی گرمی میں مسافر کا جلنا۔

حَنَذ : (ح مفتوح، ن مفتوح، ذ موقوف) مدینہ منورہ کے قریب ایک گاؤں ہے، بنی سارہ کے چشمے کا نام ہے۔

حَنِیذ : (ح مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ذ موقوف) بھنی ہوئی بکری یا گائے جس سے پانی ٹپک رہا ہو، دوڑانے کے بعد گھوڑے کا پسینہ کرنا، گرم پانی، شہد، خوشبو، ایک قسم کا تیل۔

حَوْذ : (ح مفتوح، و ساکن، ذ موقوف) تیز دوڑانا، کسی چیز کی نگہبانی کرنا۔

حِوَاذ : (ح مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف) دوری۔

﴿فصل الحاء مع الراء﴾

حِبْر : (ح مکسور، ب ساکن، ر موقوف) دوات کی سیاہی، خوبی، نشان، جنت میں نعمت کا نشان، وہ زردی جو دانتوں کی سفیدی کے ساتھ ملی ہوئی ہو، صورت، رنگ، دانشمند، نیکوکار، ان دونوں

معنوں میں حَبَر بھی آیا ہے، اَحبَار وحُبُور جمع ہے۔

حَبْر: (ح مفتوح، ب ساکن، رموقوف) کپڑے وغیرہ کو سنوارنا، دوات میں سیاہی ڈالنا، خوش کرنا، خوش ہونا، حُبُور بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

حَبَرُ: (ح مفتو، ب مفتوح، رموقوف) نشان، دانت کا پیلا ہونا، زخم کا تازہ ہونا۔

حَبِرُ: (ح مفتوح، ب مکسور، رموقوف) نازک، ایک قسم کی یمنی چادر، تازہ۔

حَبِیْر: (ح مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، رموقوف) نقش و نگار والی چادر، نیا کپڑا۔

حَتْر: (ح مفتوح، ت ساکن، رموقوف) تھوڑا دینا، مضبوط کرنا، سامان کو مضبوط باندھنا۔

حَتَار: (ح مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، رموقوف) تیز دیکھنا، کھانا کھلانا، بہت کھانا، نئے گھر کی تعمیر پر دعوت کرنا، خیمہ کے دامن میں پیوند لگانا، کھانا وغیرہ چکھنا، وہ چیز جو زمین سے ابھری ہوئی ہو، تھوڑی چیز، ان دونوں کے لیے حِتَار بھی آیا ہے۔

حِتَار: (ح مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، رموقوف) تھوڑی بخشش، جب خیمہ زمین سے بلند ہوجائے تو وہ چیز جو خیمے میں بطور پیوند لگائیں۔

حَثَرُ: (ح مفتوح، ث مفتوح، رموقوف) آنکھ میں سرخ آبلہ نکلنا، انگور کے رس کا جوش مارنا، کھال پر چھال پڑنا، موٹا بھدا ہونا، کسی چیز کا کشادہ ہونا، چوری کے معنی میں بھی آیا ہے۔

حُجْر: (ح مفتوح رمکسور رمضموم، ج ساکن، رموقوف) کسی کو کسی چیز میں تصرف سے روکنا، آغوش، حرام، ان تینوں معانی کے لیے حُجر مشہور ہے۔

حَجْر: (ح مفتوح، ج ساکن، رموقوف) پاک وصاف رنگ، آنکھ کا حلقہ، شہر یمامہ، چند دوسرے مواضع کا نام ہے، گھر کی چہار دیواری، اس معنی میں حُجرۃ کی جمع ہے۔

حُجْر: (ح مضموم، ج ساکن، رموقوف) حرام، نظر بند کرنا، وقتی قید، ایک شخص کا نام ہے جسے حُجر کندی کہتے ہیں۔

حِجْر: (ح مکسور، ج ساکن، رموقوف) عقل، کعبہ کی شمالی دیوار جو حطیم کے اندر ہے، قوم ثمود کے مکانات، شام کے اطراف میں قوم ثمود کے شہر، گھوڑی۔

حَجَرُ: (ح مفتوح، ج مفتوح، رموقوف) پتھر۔

حُجُرُ: (ح مضموم، ج مضموم، رموقوف) ایک شخص کا نام ہے جسے حجر بن نعمان کہتے ہیں، سونا چاندی، ریت، اندلس کے پہاڑ پر ایک بڑا شہر ہے۔

حَاجِرْ: (ح مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، رموقوف) باز رکھنے والا، وہ اونچی زمین جس کے بیچ کا حصہ اونچا ہو، وادی کا کنارہ جو پانی کو بہنے نہیں دیتا۔

حَدْر: (ح مفتوح، د ساکن، رموقوف) بلندی سے پستی کی طرف لانا، جلدی کرنا، کھال کا سوجنا، ڈنڈے کی ضرب سے کھال کا سوجنا، چادر اور دستار کا طرہ بننا، دوا کا شکم کو جاری کرنا، دست لانا، کسی چیز کو لپیٹنا، موٹا اور بھدا ہونا۔

حَدَرُ: (ح مفتوح، د مفتوح، رموقوف) وہ مقام جہاں سے نیچے اتریں، آنکھ سے آنسو بہنا۔

حُدُوْر: (ح مضموم، د مضموم، و ساکن، رموقوف) نشیب میں اترنا۔

حَدُوْر: (ح مفتوح، د مضموم، و ساکن، رموقوف) نشیبی جگہ، نیچی جگہ۔

حِذُرُ: (ح مکسور رمفتوح، ذ ساکن رمفتوح، رموقوف) پرہیز کرنا، تیار ہونا، بیدار ہونا۔

حَذِرُ: (ح مفتوح، ذ مکسور، رموقوف) بیدار مرد، حَذُر کا بھی یہی معنی ہے۔

حَذَافِیر: (ح مفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ی ساکن، رموقوف) سر، کنارے، حُذفور اور حِذفار کی جمع، حُذفور بمعنی شریف، جمع کثیر کے معنی میں بھی ہے، عرب کہتے ہیں اَعطَاهُ الدُّنیا بِحَذَافِیرِ هَا اس کو پوری دنیا دی گئی۔

حَرّ: (ح مفتوح، ر مشدد موقوف) گرمی، گرم ہونا، پتھریلی زمین۔

حُرّ : (ح مضموم، ر مشدد موقوف) آزاد مرد، آزاد غلام، ہر منتخب چیز، کبوتر کا بچہ، باز کا بچہ، ہرن کا بچہ، اچھا گھوڑا، عمدہ کام، چرغ (شکاری جانور) شکرہ، حُرُّ الوجہ رخسار، حُرُّ الرمل ریت کے ٹیلے کا درمیانی حصہ۔

حُرُوْر : (ح مضموم، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) گرم۔

حَرُوْر : (ح مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) گرم ہوا جو رات میں چلتی ہے، دن میں چلنے والے لو کے تھپیڑے، سورج کی گرمی، آگ کی گرمی۔

حَرِیْر : (ح مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ریشمی کپڑا، وہ آدمی جو غصہ وغیرہ سے گرم ہو۔

حَزَرْ : (ح مفتوح، ز مفتوح، ر موقوف) اندازہ کرنا، کھیتی اور میوے کا بیج لانا، دودھ اور شراب کا کھٹا ہونا۔

حَازِر : (ح مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) دودھ، کھٹی نبیذ۔

حَسْر : (ح مفتوح، س ساکن، ر موقوف) تھکنا، برہنہ کرنا، کھولنا، چھیلنا، اونٹ کو اتنا دوڑانا کہ وہ تھک جائے، گھر میں جھاڑو لگانا، افسوس کرنا۔

حَسَرْ : (ح مفتوح، س مفتوح، ر موقوف) افسوس کرنا۔

حُسُوْر : (ح مضموم، س مضموم، و ساکن، ر موقوف) تھکنا، اترنا، دیکھنے سے آنکھ کا چندھیانا، ظاہر ہونا۔

حَسِیْر : (ح مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ر موقوف) افسوس کرنے والا، غم کرنے والا، تھکا ہوا۔

حَاسِرْ : (ح مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ر موقوف) ننگا، کھلا ہوا، وہ سپاہی جو جنگ میں خود، زرہ اور ڈھال نہ رکھتا ہو، بغیر عمامہ، بغیر زرہ اور بغیر ڈھال والا۔

حَشْر : (ح مفتوح، ش ساکن، ر موقوف) پتلا نیزہ، پتلا کان، تیر کا باریک پر، نیزے اور تیر وغیرہ کی نوک کا عمدہ اور باریک ہونا، جمع کرنا، ابھارنا، ہانکنا، قحط سالی کا لوگوں کے جانوروں اور مالوں کو ہلاک کرنا۔

حَاشِرْ : (ح مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ر موقوف) ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ہے۔

حَصْر : (ح مفتوح، ص ساکن، ر موقوف) تنگی ڈالنا، سفر وغیرہ سے روکنا، کسی کو گھیرنا، اونٹ کی پیٹھ پر پالان باندھنا۔

حُصْر : (ح مضموم، ص ساکن، ر موقوف) قبض ہونا۔

حَصَرْ : (ح مفتوح، ص مفتوح، ر موقوف) تنگ دل ہونا، گفتگو کرنے اور پڑھنے سے قاصر رہنا، کسی چیز سے عاجز ہونا، بخیل ہونا۔

حَصِیْر : (ح مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ر موقوف) تنگ دل، بخیل، چٹائی، ہر پائی جانے والی چیز، پہلو، بادشاہ، قید خانہ،، مجلس، راستہ، پانی، لوگوں کی قطار، روئے زمین، تلوار کی دھار، تیزی، عرب میں ایک پہاڑ ہے۔

حَصُوْر : (ح مفتوح، ص مضموم، و ساکن، ر موقوف) وہ اونٹنی جس کے تھن کا سوراخ تنگ ہو، وہ مرد جو عورت سے رغبت نہ کرے، تنگ دل، بخیل۔

حِصَار : (ح مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) قلعہ، جنگ میں کسی کو گھیرنا، محاصرہ کرنا، وہ گدی جو پالان کے نیچے رکھتے ہیں۔

حُضُوْر : (ح مضموم، ض مضموم، و ساکن، ر موقوف) حاضر ہونا، حاضر ہونے والے۔

حَضُوْر : (ح مفتوح، ض مضموم، و ساکن، ر موقوف) یمن میں ایک شہر کا نام، ایک پہاڑ کا نام، ایک قبیلے کا نام ہے۔

حِضَار : (ح مفتوح رمکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) مقیم ہونا۔

حُضَار : (ح مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایسا درد جو اونٹ کے ساتھ خاص ہو۔

حِضَار : (ح مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) اچھے اونٹ۔

حَضَار : (ح مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک ستارے کا نام ہے۔

حَاضِرْ : (ح مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ر موقوف) مقیم، بڑا قبیلہ۔

حَضَاجِرْ : (ح مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ر موقوف) بجو، بڑے شکرے، پیٹو، حِضَجر کی جمع ہے۔

حَطْر : (ح مفتوح، ط ساکن، ر موقوف) عورت کے ساتھ جماع کرنا،

کمان کی تانت چڑھانا، تلوار کا کسی چیز کو کاٹنا، زمین پر گر پڑنا۔

حَظْر: (ح مفتوح، ظ ساکن، رموقوف) کسی چیز کو حرام کرنا، کسی چیز سے روکنا، کسی چیز کو جمع کرنا۔

حَفْر: (ح مفتوح، ف ساکن، رموقوف) زمین کھودنا، کمزور کرنا، دانت کی جڑ کا خراب ہونا، پاک کرنا، عورت کے ساتھ جماع کرنا، بچے کے دودھ کے دانت کا گرنا۔

حَفَر: (ح مفتوح، ف مفتوح، رموقوف) زمین کھودنے سے جو مٹی باہر آتی ہے، چوڑا کنواں، وہ زردی جو دانتوں کی جڑ میں ظاہر ہو، ان دونوں معنوں میں حَفْر بھی آیا ہے۔

حَفِیْر: (ح مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، رموقوف) کھودی ہوئی قبر۔

حَافِرْ: (ح مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، رموقوف) چوپائے کا کھر، کنواں وغیرہ کھودنے والا۔

حَقْر: (ح مفتوح، ق ساکن، رموقوف) کسی کو حقیر سمجھنا۔

حَقِیْر: (ح مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، رموقوف) ذلیل، چھوٹا۔

حَکْر: (ح مفتوح، ک ساکن، رموقوف) ظلم کرنا، بری زندگی گزارنا، وہ روغن جسے شہد میں ملا کر بچے کو کھلاتے ہیں، چھوٹا پیالہ، تھوڑی چیز، ان دونوں معنوں میں حَکَر بھی آیا ہے۔

حَکَرْ: (ح مفتوح، ک مفتوح، رموقوف) وہ غلہ جسے محفوظ رکھیں تاکہ گرانی کے زمانے میں بیچیں، ذخیرہ اندوزی، اصرار کرنا، جھگڑا کرنا، خودسر ہونا، جمع شدہ پانی۔

حِمَار: (ح مکسور، م مفتوح، ا ساکن، رموقوف) گدھا، قوم عاد کا ایک شخص جو کافر ہو گیا تھا اور ہمراہیوں میں جو کافر نہیں ہوتا اسے قتل کر دیتا، ذُوْ الْحِمَار اَسْوَدْ جس نے عہد رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔

حَمَّار: (ح مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، رموقوف) گدھے کا مالک یا گدھے کا خادم۔

حُمْر: (ح مضموم، م ساکن، رموقوف) لال چیزیں، اَحْمَر کی جمع ہے۔

حُمُر: (ح مضموم، م مضموم، رموقوف) حمار کی جمع ہے۔

حَمَرْ: (ح مفتوح، م مفتوح، رموقوف) جو وغیرہ کھانے کی وجہ سے چوپائے کو بدہضمی ہونا، تسمے کو سنوارنا، بکری کی کھال ادھیڑنا۔

حُمَرْ: (ح مضموم، م مفتوح، رموقوف) املی۔

حِمْیَرْ: (ح مکسور، م ساکن، ی مفتوح، رموقوف) سبا کے قبیلوں میں سے ایک قبیلہ۔

حَمِیْر: (ح مفتوح، م مکسور، ی ساکن، رموقوف) حمار کی جمع، تسمہ، زین بند۔

حَوْر: (ح مفتوح، و ساکن، رموقوف) رکنا، کم ہونا، پگڑی کھولنا، حیران ہونا، گہرائی، کسی چیز کی گہرائی۔

حُوْر: (ح مضموم، و ساکن، رموقوف) ہلاک، نقصان، سفید و سیاہ آنکھیں، اَحْوَز اور حَوْرَاء کی جمع، فارسی میں مفرد مستعمل ہے۔

حَوَرْ: (ح مفتوح، و مفتوح، رموقوف) کسی چیز کا سفید ہونا، آنکھ کا بہت سیاہ اور سفید ہونا، ہرن کی آنکھ کی طرح آنکھ کے حلقے کا گول ہونا، وہ چمڑا جو ٹوکریوں کے اوپر لگایا جاتا ہے۔

حَیْدَرْ: (ح مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، رموقوف) درندہ شیر، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔

حَائِرْ: (ح مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، رموقوف) سرگشتہ، حیران، کمزور، پانی کا جھنور، وہ جگہ جہاں امام حسین رضی اللہ عنہ کا مشہد واقع ہے۔

حَیْر: (ح مفتوح، ی ساکن، رموقوف) سرگشتہ ہونا۔

﴿فصل الحاء مع الزاء﴾

حَجْز: (ح مفتوح، ج ساکن، زموقوف) دور کرنا، باز رکھنا، دو چیزوں کے بیچ میں آنا، اونٹ کو بٹھانا اور اس کے دونوں پیروں اور کمر کو رسی سے باندھنا تاکہ اس کی پشت کے زخم کا علاج کیا جائے۔

حُجْز: (ح مکسور رمضموم، ج ساکن، زموقوف) اصل، قریبی رشتہ دار، کنارہ، جانب۔

حَجَز: (ح مفتوح، ج مفتوح، زموقوف) گلا کاٹنا، وہ بیماری جو آنت میں ہوتی ہے۔

حِجَاز: (ح مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، زموقوف) مکہ اور مدینہ، طائف

اور دوسرے شہر جونجد اور غور کے درمیان واقع ہیں، وہ رسی جسے اونٹ کے پیر میں باندھ کر اس کے زخم کا علاج کیا جاتا ہے، ہر وہ ڈوری جس سے کپڑے کو اوپر باندھیں۔

حِرز: (ح مکسور، ر ساکن، ز موقوف) برابر زمین، تعویذ۔

حَرز: (ح مفتوح، ر ساکن، ز موقوف) محفوظ رکھنا، کسی کا زیادہ پرہیز گار ہونا۔

حَرَز: (ح مفتوح، ر مفتوح، ز موقوف) وہ چیز جس کے گرد احاطہ کریں (باڑ)، حظیر بھی اسی معنی میں ہے، تراشے ہوئے اخروٹ جن سے لڑکے کھیلتے ہیں، حَرَزٌ حَرِیزٌ عمدہ برابر جگہ۔

حَزائِز: (ح مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ز موقوف) وہ اونٹ جن کو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔

حَزّ: (ح مفتوح، ز مشدد موقوف) کاٹنا، اندازہ کرنا، شرف اور بزرگی میں بڑا ہونا، وقت، زمانہ، سخت کلام مرد۔

حِزاز: (ح مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) کسی کام میں انتہا کرنا، درد، غصہ وغیرہ سے دل کا جلنا، حزاز بھی اسی معنی میں ہے۔

حَفز: (ح مفتوح، ف ساکن، ز موقوف) پیچھے سے کسی چیز کا چبھونا، نیزہ مارنا، ہانکنا، کسی کام میں جلدی کرنا، عورت سے جماع کرنا۔

حَفَز: (ح مفتوح، ف مفتوح، ز موقوف) انتہا، کسی چیز کے پہنچنے کا وقت، مدت۔

حَمز: (ح مفتوح، م ساکن، ز موقوف) بہت ذائقہ دار ہونا، بہت لذت والا ہونا، زبان کاٹنا، شراب، گھاس وغیرہ، کسی چیز کو تیز کرنا۔

حَوز: (ح مفتوح، و ساکن، ز موقوف) فراہم کرنا، کسی چیز کو جمع کرنا، آہستہ چلانا، تیز ہانکنا، آہستہ چلنا، چند مواضع کا نام ہے۔

حَیز: (ح مفتوح، ی ساکن، ز موقوف) تیز ہانکنا، آہستہ ہانکنا۔

حَیِّز: (ح مفتوح، ی مشدد مکسور، ز موقوف) ہر چیز کا کنارہ، مکان، اَحیَاز جمع ہے۔

﴿فصل الحاء مع السین﴾

حَبس: (ح مفتوح، ب ساکن، س موقوف) روکنا، بہادر ہونا، بڑا پہاڑ، ایک جگہ کا نام ہے۔

حِبس: (ح مکسور، ب ساکن، س موقوف) پانی پینے کا برتن، پانی کی جگہ، وہ لکڑی یا پتھر جو پانی کے بہاؤ کے روکنے کے لیے رکھا جائے تاکہ چوپائے پئیں۔

حَدس: (ح مفتوح، د ساکن، س موقوف) گمان کرنا، اندازہ کرنا، سوچ کر بات کہنا، کسی چیز کو جلد معلوم کر لینا، تہہ تک پہنچنا، رہنما کے بغیر راستہ چلنا، اونٹ کے سینے میں چھری مارنا، روندنا، جلدی چلنا، کسی کو گرانا، تیر مارنا۔

حَدَس: (ح مفتوح، د مفتوح، س موقوف) ایک قوم ہے جو سلیمان علیہ السلام کے عہد میں تھی۔

حَرس: (ح مفتوح، ر ساکن، س موقوف) حفاظت کرنا، حِراسَت بھی اس معنی میں ہے، چُرانا۔

حَرَس: (ح مفتوح، ر مفتوح، س موقوف) شاہی محافظ، دربان، حفاظت کرنے والے، لمبا زمانہ، حُرّاس جمع ہے۔

حارِس: (ح مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، س موقوف) محافظ، گارڈ۔

حَس: (ح مفتوح، س مشدد موقوف) قتل کرنا، بہانہ کرنا، لکڑی کو آگ لگانا، ٹھنڈک کا گھاس کو جلانا، گوشت کو پکانے کے لیے انگارہ پر ڈالنا، روئی کے اوپر آگ پھیلانا، جڑ سے اکھاڑنا، کھریرے سے گھوڑے کو مالش کرنا اور کھریرے سے گھوڑے کے گرد و غبار کو صاف کرنا، ٹھنڈک سے ٹڈی کا مرنا۔

حِس: (ح مکسور، س مشدد موقوف) جاننا، آگاہ ہونا، معلوم کرنا، سنگدلی دکھانا، حرکت کرنا، آہستہ آواز نکالنا، مہربان ہونا، کسی چیز پر یقین کرنا، ایک درد ہے جو عورتوں کو وضع حمل کے بعد لاحق ہوتا ہے، وہ ٹھنڈک جو گھاس کو جلا دے، نرم آواز، حَسِیس اور حَسَاس بھی اسی معنی میں ہے۔

حَسَّاس: (ح مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) اچھی چیز دریافت کرنے والا۔

حَوَاس: (ح مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، س مشدد موقوف) معلوم کرنے کی قوتیں، حاسّہ کی جمع ہے، وہ سامعہ، باصرہ، شامہ، ذائقہ اور لامسہ ہیں، حواس الارض گرمی، اولہ، ہوا، نمک، چرنے والا جانور۔

حَلْس: (ح مفتوح، ل ساکن، س موقوف) عہد و پیان۔

حِلْس: (ح مکسور، ل ساکن، س موقوف) بزرگ لوگ، جوئے کا چوتھا تیر، نمدہ جو اونٹ کی پیٹھ پر پالان کے نیچے رکھتے ہیں، موٹی چادر جو قیمتی فرش کے نیچے بچھاتے ہیں۔

حَلَس: (ح مفتوح، ل مفتوح، س موقوف) بھی اسی معنی میں ہے۔

حَلِس: (ح مفتوح، ل مکسور، س موقوف) بہادر، لالچی۔

حَلَس: (ح مفتوح، ل مفتوح، س موقوف) اونٹ کے جسم پر نمدہ رکھنے کی جگہ کا رنگ اونٹ کے رنگ کے مخالف ہونا۔

حَمَس: (ح مفتوح، م مفتوح، س موقوف) دین میں مضبوط و مستحکم ہونا، جنگ میں بہادر ہونا۔

حَمِس: (ح مفتوح، م مکسور، س موقوف) جنگ میں بہادر، دین میں مضبوط، اَحمس بھی اسی معنی میں ہے۔

حَنَس: (ح مفتوح، ن مفتوح، س موقوف) ثابت ہونا، بہادری کے ساتھ میدان جنگ میں کھڑا ہونا۔

حُنُس: (ح مضموم، ن مضموم، س موقوف) پرہیزگار لوگ۔

حَوْس: (ح مفتوح، و ساکن، س موقوف) رات میں کسی چیز کی طلب میں گھر کے گرد گھومنا، حَوْس کا ہم معنی ہے۔

حَیْس: (ح مفتوح، ی ساکن، س موقوف) ملانا، وہ کھجور جسے دودھ اور روغن میں بھگو کر لیں تاکہ اس کی گٹھلی نکل جائے (ایک قسم کا کھانا)۔

﴿فصل الحاء مع الشین﴾

حَاش: (ح مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) عیب اور برائی سے پاک اور دور رہنا، حَاشَ لِلّٰہ اللہ تعالیٰ کے لیے پاکی ہے۔

حَبَش۔ حَبَشَۃ: (ح مفتوح، ب مفتوح، ش موقوف) (ح مفتوح، ب مفتوح، ش مفتوح، ہ موقوف) کالوں کی ایک قوم۔

حُبَیْش: (ح مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) ایک شخص کا نام ہے۔

حَرْش: (ح مفتوح، ر ساکن، ش موقوف) گوہ کا شکار کرنا، چھیلنا، ورغلانا، کسی کو کسی چیز پر ابھارنا۔

حُرْش: (ح مضموم، ر ساکن، ش موقوف) کھال کا سخت ہونا۔

حَرِش: (ح مفتوح، ر مکسور، ش موقوف) وہ شخص جو رات میں بھوک وغیرہ کی وجہ سے نہ سوئے۔

حَرِیْش: (ح مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ش موقوف) کھنکھجورا، گینڈا، بنی عامر کا ایک قبیلہ ہے۔

حَشّ: (ح مفتوح، ش مشدد موقوف) آگ روشن کرنا، جانوروں کو چارہ دینا، گھاس کاٹنا، بچے کا شکم میں سوکھ جانا، ہاتھ کا شل ہونا، کھجور کا چھوٹا درخت جسے پانی نہ دیا گیا ہو۔

حُشّ: (ح مضموم، ش مشدد موقوف) وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں خشک ہو کر مر جائے، پستان، شہر کے باہر قضائے حاجت کا مقام، حُشِّ کَوْکَب و حُشِّ طَلْحَہ مدینہ کے باہر دو مقامات ہیں۔

حَشِیْش: (ح مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ش موقوف) سوکھی گھاس۔

حَفْش: (ح مفتوح، ف ساکن، ش موقوف) ہانکنا، جاری ہونا، سیلاب کا ہر طرف سے بہہ کر کسی ایک جگہ جمع ہو جانا، لوگوں کا یکے بعد دیگرے جمع ہونا، گھوڑے کا اچھی طرح دوڑنا۔

حِفْش: (ح مکسور، ف ساکن، ش موقوف) چرخے کا صندوق، بہت چھوٹا گھر، فرسودہ اور پرانی چیز، پرانے برتن اور سامان۔

حَمْش: (ح مفتوح، م ساکن، ش موقوف) کسی کو نظر میں لانا اور غصہ ہونا۔

حَمَش: (ح مفتوح، م مفتوح، ش موقوف) پنڈلی کا پتلا ہونا۔

حَوْش: (ح مفتوح، و ساکن، ش موقوف) شکار کو گھیر کر پھندے کی طرف لانا، جانوروں کو پانی کے قریب لانا۔

حَیْش: (ح مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) ڈرنا، ڈرانا، جلدی کرنا۔

فصل الحاء مع الصاد

حَرص: (ح مفتوح، رساکن، ص موقوف) پھاڑنا۔
حِرص: (ح مکسور، رساکن، ص موقوف) بہت خواہش مند ہونا۔
حَص: (ح مفتوح، ص مشدد موقوف) جلد چلنا، تیز دوڑنا، بال مونڈنا۔
حُص: (ح مضموم، ص مشدد موقوف) اسپرک (ایک زرد رنگ کی گھاس جس سے کپڑا رنگتے ہیں) زعفران۔
حُصَاص: (ح مضموم، ص مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) تیز چلنا، تیز دوڑنا۔
حَفص: (ح مفتوح، ف ساکن، ص موقوف) جمع کرنا، آرام کرنا، کسی چیز کو ہاتھ سے گرانا، چمڑے کی تھیلی، شیر کا بچہ، ابو حفص امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ہے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس کنیت سے پکارا تھا۔
حَفَص: (ح مفتوح، ف مفتوح، ص موقوف) بیر وغیرہ کا بیج۔
حِمص: (ح مفتوح رمکسور، م ساکن، ص موقوف) ایک شہر کا نام ہے، زخم کی سوجن کا ختم ہونا، جھولے کا رک جانا، آنکھ سے تنکا نکالنا، حُمُوص اور حمص اسی معنی میں ہے، حُمُوص، حمص چنا۔
حَوص: (ح مفتوح، و ساکن، ص موقوف) سینا، دو چیزوں کے درمیان تنگی کرنا۔
حُوص: (ح مضموم، و ساکن، ص موقوف) وہ شخص جس کا گوشۂ چشم تنگ ہو، احوص کی جمع ہے۔
حَوَص: (ح مفتوح، و مفتوح، ص موقوف) گوشۂ چشم کا تنگ ہونا۔
حَیص: (ح مفتوح، ی ساکن، ص موقوف) کوچ کرنا، راستے سے الگ ہونا، باندھنا، راستے کے ایک طرف ہونا، حَیص بَیص کا معنی فصل با میں گذر چکا ہے۔

فصل الحاء مع الضاد

حَبَض: (ح مفتوح، ب مفتوح، ض موقوف) ہلانا، کمان کی رسی کی آواز، تیر کا تیر انداز کے سامنے گرنا، کنویں کے پانی کا کم ہونا، کسی کے حق کو باطل کرنا۔
حَرَض: (ح مفتوح، ر مفتوح، ض موقوف) بیماری، فساد عقل، آغوش، کپڑے کا کنارہ، یمن میں ایک شہر کا نام ہے، مریض عشق، غم کی وجہ سے ناتواں آدمی، بے فیض آدمی، وہ شخص جو ہتھیار نہ اٹھائے اور نہ جنگ کرے، گرا ہوا شخص جو اٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو، وہ شخص جس سے بھلائی کی امید نہ ہو۔
حَرِض: (ح مفتوح، ر مکسور، ض موقوف) وہ بیمار شخص جو عقل و ہوش کھو بیٹھے، حُرُض (ح مضموم، ر مضموم، ض ساکن) اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے ہیں۔
حَرَّاض: (ح مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) چونا پکانے والا، صفائی کے لیے اشنان جلانے والا۔
حَض: (ح مفتوح، ض مشدد موقوف) جنگ اور کھانے پر کسی کو ابھارنا۔
حَضِیض: (ح مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ض موقوف) دامن کوہ، پست زمین۔
حُضُض: (ح مضموم، ض مضموم رمفتوح، ض موقوف) ایک گھاس کا عرق (رسوت) اور اس کی دو قسمیں ہیں (1) عربی (2) ہندی، اس میں بہترین عربی ہے جس کو حُضُض مکی کہتے ہیں۔
حَفض: (ح مفتوح، ف ساکن، ض موقوف) لکڑی کو ٹیڑھا کرنا، ہاتھ سے پھینکنا۔
حَفَض: (ح مفتوح، ف مفتوح، ض موقوف) گھر کا سامان اور کپڑے وغیرہ لادنے کے لیے جمع کرنا، وہ اونٹ جس پر سامان لادیں۔
حَمض: (ح مفتوح، م ساکن، ض موقوف) زمین کا پاک ہونا، کسی چیز کا کھٹا ہونا، چوپائے کو شورہ اور گھاس کھلانا، مزاح کرنا، ٹھٹھا۔
حَمَض: (ح مفتوح، م مفتوح، ض موقوف) وہ گھاس جو کڑوی اور نمکین ہو، خلہ گھاس جو تلخ اور شور ہو، حُمُوض جمع ہے۔
حُمَّاض: (ح مضموم، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) کھٹی سبزی جس کو فارسی میں ترشہ کہتے ہیں، ترنج اور نارنج کی ترشی کو بھی کہتے ہیں۔
حُمُوض: (ح مضموم، م مضموم، و ساکن، ض موقوف) چوپائے کا نمکین گھاس کھانا۔

حَوْض: (ح مفتوح، و ساکن، ض موقوف) حوض بنانا، پانی جمع کرنے کے لیے تالاب بنانا۔

حَیْض: (ح مفتوح، ی ساکن، ض موقوف) عورت کو حیض کا خون آنا، ماہواری، حائض وہ عورت جو حیض آنے کی عمر کو پہنچ گئی ہو، بالغ عورت، حائضہ وہ عورت ہے جس کا حیض جاری ہو چکا ہو۔

فصل الحاء مع الطاء

حَیْط: (ح مفتوح، ی ساکن، ط موقوف) ثواب اور عمل صالح کا باطل ہونا۔

حُبُوْط: (ح مفتوح رمضموم، ب مفتوح رمضموم، و ساکن، ط موقوف) زخم کا تازہ ہونا، پیٹ کا درد کرنا، گھاس کھانے کی وجہ سے چوپائے کے پیٹ کا درد کرنا، زخم کا نشان، زخم اچھا ہونے کے بعد کوڑے کا نشان۔

حَطّ: (ح مفتوح، ط مشدد موقوف) نیچے لانا، گھر میں اترنا، کمان سے چلہ اتارنا، بوجھ اور زین کو اتارنا، صیقل کرنا، مانجھنا، چمڑے پر نقش کرنا۔

حَلْط: (ح مفتوح، ل ساکن، ط موقوف) غصہ کرنا، اصرار کرنا، جلد بازی کرنا۔

رَزِیْن: (رمفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ن موقوف) آہستہ، ساکن، بھاری، قیمتی چیز۔

رَسْن: (رمفتوح، س ساکن، ن موقوف) رسی سے باندھنا۔

رَسَن: (رمفتوح، س مفتوح، ن موقوف) وہ دھاگا جس سے کوئی چیز باندھیں۔

رَاسَن: (رمفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ن موقوف) لہسن کے مانند ایک گھاس جسے سیر شامی کہتے ہیں، صاحب قاموس کہتے ہیں ایک خوشبودار گھاس ہے جو مفرح و مقوی قلب ہے اور اکثر امراض میں مفید ہے عربی میں اسے قَنَس کہتے ہیں، راسن فارسی ہے۔

رَاشِن: (رمفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ن موقوف) بن بلایا مہمان جسے طفیلی کہتے ہیں، کسی جگہ قیام کرنے والا، کاریگر کے شاگرد کو دیا جانے والا وظیفہ یا اجرت جسے شاگردانہ کہتے ہیں۔

رَشْن: (رمفتوح، ش ساکن، ن موقوف) بن بلائے کتے کا اندر آنا اور اس کا برتن میں منہ ڈالنا۔

رَوْشَن: (رمفتوح، و ساکن، ش مفتوح، ن موقوف) کھڑکی۔

رُوْشَن: (رمضموم، و ساکن، ش مفتوح، ن موقوف) یہ روزن کا معرب ہے۔

رَصْن: (رمفتوح، ص ساکن، ن موقوف) مکمل کرنا، گالی دینا، کسی چیز کی شناخت میں غالب آنا۔

رَصِیْن: (رمفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ن موقوف) استوار، کسی پر مہربان، دردناک، رنج والا۔

رِضْوَان: (رمکسور رمضموم، ض ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) راضی ہونا، پسند کرنا۔

رَعْن: (رمفتوح، ع ساکن، ن موقوف) سست کرنا، بیہوش کرنا، دھوپ کی وجہ سے دردسر ہونا۔

رَعَنٌ: (رمفتوح، ع مفتوح، ن موقوف) سستی، نادانی، خودآرائی، رُعُونَت اسی معنی میں ہے۔

رَغْن: (رمفتوح، غ ساکن، ن موقوف) کان لگانا، کسی کی بات قبول کرنا، کھانا، پینا، لالچ کرنا۔

رَقُوْن: (رمفتوح، ق مضموم، وساکن، ن موقوف) مہندی، زعفران۔

رِقَان: (رمکسور، ق مفتوح، اساکن، ن موقوف) مہندی، زعفران۔

رُکُوْن: (رمضموم، ک مضموم، و ساکن، ن موقوف) کسی چیز کی طرف مائل ہونا، ساکن، آرام پانا۔

رُکْن: (رمضموم، ک ساکن، ن موقوف) کسی چیز کی قوی تر سمت، مضبوط حصہ۔

رَکِیْن: (رمفتوح، ک مکسور، ی ساکن، ن موقوف) مستحکم، استوار، آہستہ چلنے والا آدمی۔

رُکْبَان: (رمضموم، ک ساکن، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) سوار، رَاکِب کی جمع ہے۔

رُمَّان: (رمضموم، م مشدد مفتوح، اساکن، ن موقوف) انار۔

رُوْن: (رمضموم، وساکن، ن موقوف) سختی۔

رُوْمَان: (رمضموم، وساکن، م مفتوح، اساکن، ن موقوف) طبرستان میں ایک شہر کا نام ہے، رَے میں ایک محلہ، حلب میں ایک گاؤں ہے، قبر کا ایک فرشتہ۔

رَہْن: (رمفتوح، ہ ساکن، ن موقوف) گروی، گروی رکھنا۔

رُہُوْن: (رمضموم، ہ مضموم، وساکن، ن موقوف) ہمیشہ اور ثابت رہنا۔

رَاہِن: (رمفتوح، اساکن، ہ مکسور، ن موقوف) ثابت، ہمیشہ رہنے والا، گروی رکھنے والا، کمزور اونٹ، ضعیف آدمی۔

رَہِیْن: (رمفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ن موقوف) گروی رکھی ہوئی چیز۔

رِہَان: (رمکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گرویاں، گھوڑا دوڑانے کے لیے شرط لگانا، شرط کے گھوڑے، اَیَّامُ الرِّهَان وہ دن جن میں عرب گھوڑوں کو شرط پر دوڑاتے تھے۔

رُہْبَان: (رمضموم، ہ ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ڈرنا، عیسائیوں کے عابد، رَاہِب کی جمع ہے۔

رَیْن: (رمفتوح، ی ساکن، ن موقوف) مہر لگانا، زنگ، میل پکڑنا، کسی پر گناہ کا غالب آنا، خبیث اور سخت دل ہو جانا۔

رِیْن: (رمکسور، ی ساکن، ن موقوف) ایسی چیز میں گرنا کہ جس سے نکلنا آسان نہ ہو۔

رَیْحَان: (رمفتوح، ی ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) روزی، اولاد، کھیتی کی پتیاں، عَصف اس کے تنے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَالْحَبُّ ذُوْالْعَصْفِ وَالرَّيْحَان اور بھس کے ساتھ اناج اور خوشبو کے پھول (سورۂ رحمٰن)، ایک خوشبودار گھاس جسے شاہ سپرغم کہتے ہیں، ہر خوشبودار گھاس، ریاحین جمع ہے۔

رَیْعَان: (رمفتوح، ی ساکن، ع مفتوح، اساکن، ن موقوف) ہر چیز کی ابتدا، ہر عمدہ چیز، رَيْعَانُ الشَّبَاب جوانی کا آغاز، عنفوان شباب۔

﴿فصل الراء مع الواو﴾

رَبْو: (رمفتوح، ب ساکن، و موقوف) بڑھنا، زیادہ ہونا، بلندی پر آنا، سانس پھولنا، دوڑنے میں گھوڑے کی سانس کا چڑھنا۔

رَتْو: (رمفتوح، ت ساکن، و موقوف) مضبوط باندھنا، سست کرنا، دل کو مضبوط کرنا، سر سے اشارہ کرنا۔

رَحْو: (رمفتوح، ح ساکن، و موقوف) چکی بنانا، چکی کو گردش دینا، سانپ کا کنڈلی مارنا۔

رِخْو: (رمفتوح رمکسور رمضموم، خ ساکن، و موقوف) اس میں مشہور رِخو بالکسر ہے، ہر نرم اور سست چیز، ایک مرض۔

رَسْو۔رُسُوّ: (رمفتوح، س ساکن، و موقوف) (رمضموم، س مضموم، و مشدد موقوف) ثابت و استوار ہونا، کھڑا ہونا۔

رِعْو: (رمفتوح رمکسور رمضموم، ع ساکن، و موقوف) نادانی سے رجوع کرنا، نادانی سے اپنے آپ کو پھیرنا۔

رَفْو: (رمفتوح، ف ساکن، و موقوف) کپڑا درست کرنا، کسی کو آرام

پہنچانا۔

رَہْو: (رمفتوح،ہ ساکن،و موقوف) لمبے لمبے قدم سے چلنا، تیز چلنا، آہستہ چلنا، ساکن، آہستہ، اونچی زمین، نیچی زمین، گلی، راستہ، وہ جگہ جہاں سے بارش کا پانی بہتا ہو، کشادہ فرج والی عورت، لوگوں کی جماعت، سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ہے۔

﴿فصل الراء مع الہاء﴾

رَفْہ: (رمفتوح،ف ساکن،ہ موقوف) اونٹ کا چارے اور پانی سے آسودہ ہونا، آرام طلب ہونا، کاہل ہونا، رُفُوْہ اور رِفُوْہ آرام۔

رِفْہ: (رمکسور،ف ساکن،ہ موقوف) تن آسانی۔

رَافِہْ۔رَفِیْہ: (رمفتوح،ا ساکن،ف مکسور،ہ موقوف)(رمفتوح، ف مکسور،ی ساکن،ہ موقوف) آرام طلب، خوشحال۔

﴿فصل الراء مع الیاء﴾

رَأْی: (رمفتوح،أ ساکن،ی موقوف) سوچ، فکر، تدبیر۔

رَبَّانِیْ: (رمفتوح،ب مشدد مفتوح،ا ساکن، ن مکسور، ی مشدد موقوف) خداشناس، اللہ والا، ربّی کا یہی معنی ہے۔

رُبَاعِیْ: (رمضموم،ب مفتوح،ا ساکن،ع مکسور،ی مشدد موقوف) چار حرف والا کلمہ، نظم کی ایک قسم جو چار مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔

رَبَاعِیْ: (رمفتوح،ب مفتوح،ا ساکن، ع مکسور، ی مشدد موقوف) گھوڑا اور گائے جس نے چار سال پورا کرلیا ہو اور پانچویں سال میں قدم رکھا ہو، تین سالہ بکری جس نے چوتھے سال میں قدم رکھا ہو، چھ سالہ اونٹ جس نے ساتویں سال میں قدم رکھا ہو۔

رَثْی: (رمفتوح،ث ساکن،ی موقوف) مردے پر رونا، اس کے محاسن بیان کرنا اور اس کی شان میں شعر کہنا۔

رَاجِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،ج مکسور،ی موقوف) امیدوار، امید کرنے والا۔

رَاسِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،س مکسور،ی موقوف) ثابت و مستحکم۔

رَاشِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،ش مکسور،ی موقوف) رشوت دینے والا۔

رَاضِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،ض مکسور،ی موقوف) خوش ہونے والا۔

رَضِیْ: (رمفتوح،ض مکسور،ی مشدد موقوف) ایسی عمدہ چیز جسے دیکھ کر دوسرا خوش ہو۔

رَعْی: (رمفتوح،ع ساکن،ی موقوف) چرنا، چرانا، نگہبانی کرنا۔

رِعْی: (رمکسور،ع ساکن،ی موقوف) وہ گھاس جسے چوپائے چریں۔

رَاعِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،ع مکسور،ی موقوف) نگہبان، حاکم، والی، چرواہا۔

رَاقِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،ق مکسور،ی موقوف) جادو کرنے والا۔

رَمْی: (رمفتوح،م ساکن،ی موقوف) پھینکنا، زیادہ کرنا، تیر چلانا، زیادتی کرنا، تہمت لگانا، الزام تراشنا۔

رَامِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،م مکسور،ی موقوف) تیر چلانے والا، تہمت لگانے والا۔

رُوْحَانِیْ: (رمضموم،و ساکن،ح مفتوح،ا ساکن،ن مکسور،ی مشدد موقوف) روح کی طرف منسوب، روحانی علوم کے ماہر، مذہب کے پیشوا لوگ جو روحانی علم کے قائل ہیں۔

رَوْحَانِیْ: (رمفتوح،و ساکن،ح مفتوح،ا ساکن،ن مکسور،ی مشدد موقوف) جو چیز رَوْح یعنی نسیم کی طرف منسوب ہو اور کبھی کہتے ہیں یہ چیز روحانی ہے یعنی جان کی قبیل سے ہے، لطافت و پاکیزگی کے لیے بولا جاتا ہے۔

رَاوِیْ: (رمفتوح،ا ساکن،و مکسور، ی موقوف) روایت کرنے والا، سیراب ہونے والا۔

رَوِیْ: (رمفتوح،و مکسور،ی مشدد موقوف) قافیہ کا وہ حرف جس پر قافیہ کا مدار ہو، بڑے قطرے برسنے والا بادل، سیراب ہونے والا۔

رِیْ: (رمفتوح رمکسور،ی مشدد موقوف) سیراب ہونا۔

﴿باب الزاء﴾

﴿فصل الزاء مع الالف﴾

زُبَانَا: (زمضموم، ب مفتوح، اساکن، ن مفتوح، اموقوف) چاند کی ایک منزل، صاحب قاموس اور صاحب صراح کہتے ہیں، کہ زُبَانَیان دو روشن ستارے ہیں جو چاند کی منزل ہیں اس کو زُبَانیا العقرب یعنی بچھو کے دو ڈنک کہتے ہیں، پہلا معنی مشہور و مستعمل ہے لیکن لغت میں نہیں پایا جاتا۔

زُبیٰ: (زمفتوح رمضموم، ب مفتوح، اقصورہ موقوف) زمین کے بلند ٹیلے جن پر سیلاب کا پانی نہ پہنچے، زُبیۃ کی جمع ہے، مثل مشہور ہے بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبیٰ یعنی کام مشکل اور دشوار ہو گیا، انوری کہتا ہے

ع چہ کنی نقش تخیل بلغ السیل زباہ

زِبَعْرَیٰ: (زمکسور، ب مفتوح، ع ساکن، ر مفتوح، اقصورہ موقوف) بدشکل آدمی، وہ شخص جس کے ابرو بالوں سے بھرے ہوں۔

زَبَّاء: (زمفتوح، ب مشدد مفتوح، اساکن، ء موقوف) وہ عورت جس کی فرج بالوں سے بھری ہو، سخت حادثہ، ایک عورت کا نام ہے جو جزیرہ کی ملکہ تھی جب تک اس نے دشمن سے باپ کا انتقام نہ لے لیا شرمگاہ کا بال نہ تراشا، خاقانی کہتا ہے

ع از کفایت رای زبا دیدہ ام

زَرْقَاء: (زمفتوح، رساکن، ق مفتوح، اساکن، ء موقوف) قبیلہ جدیس کی نیلگوں آنکھوں والی ایک عورت جو تین روز کی مسافت پر رہنے والے سوار کو دیکھ لیتی تھی، اس عورت کا نام یمامہ ہے اسی وجہ سے زرقاء یمامہ کہتے ہیں، خاقانی کہتا ہے

ع چشم زرقا را کشیدہ کحل عیب

زَکَاء: (زمفتوح، ک مفتوح، اساکن، ء موقوف) زیادہ ہونا، بڑھنا۔

زُلْفیٰ: (زمضموم، ل ساکن، ف مفتوح، اقصورہ موقوف) مرتبہ، درجہ، نزدیکی۔

زِنَاء: (زمکسور، ن مفتوح، اساکن، ء موقوف) ناجائز جماع کرنا۔

زَنَاء: (زمفتوح، ن مفتوح، اساکن، ء موقوف) چھوٹا، تنگ، پیشاب روکنے والا، حدیث میں ہے نَهیٰ اَنْ یُصَلِّی الرَّجُلُ وَهُوَ زَنَاءٌ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو نماز پڑھنے سے منع فرمایا جو پیشاب روکے ہوئے ہو۔

زَنَّاء: (زمفتوح، ن مشدد مفتوح، اساکن، ء موقوف) بہت زنا کرنے والا، بڑا زناکار۔

زُوفیٰ: (زمضموم، وساکن، ف مفتوح، اقصورہ موقوف) طوبیٰ کے وزن پر ایک نفع بخش گھاس جو مشہد مقدس کے کوہستان میں ہوتی ہے۔

زَوْرَاء: (زمفتوح، وساکن، رمفتوح، اساکن، ء موقوف) گہرا کنواں، پیالہ، چاندی کا برتن، دوری والا مقام، دو چلہ والی کمان، شہر بغداد، مدینہ منورہ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا مکان جس کی چھت سے اذان دیتے تھے، مسجد نبوی کے قریب ایک جگہ کا نام، مدینہ میں ایک بازار کا نام۔

زَوَایَا: (زمفتوح، ومفتوح، اساکن، ی مفتوح، اموقوف) گوشے، زاویۃ کی جمع ہے۔

زَهْرَاء: (زمفتوح، ہ ساکن، رمفتوح، اساکن، ء موقوف) گوری عورت، چمکدار چہرے والی عورت، مادہ نیل گائے، شہزادیٔ اسلام سیدۃ النساء حضرت فاطمہ زہرا کا لقب۔

﴿فصل الزاء مع الباء﴾

زَبَبْ: (زمفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) لمبا ہونا، زیادہ ہونا، اونٹ کے چہرے کا زیادہ بال والا ہونا، سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

زُبّ: (زمضموم، ب مشدد موقوف) عضو تناسل، واڑھی، داڑھی کا اگلا حصہ، ناک۔

زَبَاب: (زمفتوح، ب مفتوح، اساکن، ب موقوف) بڑے سرکش

چو ہے، زِبَابَۃٌ واحد ہے۔

زَبَّاب: (زمفتوح،ب مشدد مفتوح، اساکن، ب موقوف) کشمش بیچنے والا۔

زَبِیْب: (زمفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) خشک انگور، کشمش، خشک انجیر۔

زَرْب: (زمفتوح، رساکن، ب موقوف) شکاری کا جھولا، بکریوں کا باڑہ، زِرْب بھی اسی معنی میں ہے۔

زَرْنَب: (زمفتوح، رساکن، ن مفتوح، ب موقوف) خوشبودار گھاس، زعفران یا دوسری خوشبو۔

زَعْب: (زمفتوح، ع ساکن، ب موقوف) کاٹنا، برتن وغیرہ بھرنا، دور کرنا۔

زَغَب: (زمفتوح، غ مفتوح، ب موقوف) زرد بال، چوزہ، نرم اور چھوٹے میوے۔

زَقْب: (زمفتوح، ق ساکن، ب موقوف) سوراخ میں کوئی چیز داخل کرنا۔

زَقَب: (زمفتوح، ق مفتوح، ب موقوف) تنگ راستہ، نزدیکی۔

﴿فصل الزاء مع التاء﴾

زَاوِیَۃٌ: (زمفتوح، اساکن، و مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) گوشہ، جمع کرنے والا۔

زَاجِرَۃٌ: (زمفتوح، اساکن، ج مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) ہانکنے والے، باز رکھنے والے، زَاجِرَات جو قرآن میں واقع ہے اس سے مراد فرشتے ہیں۔

زُبْرَۃٌ: (زمضموم، ب ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) لوہے کا بڑا ٹکڑا، کاندھا، دو روشن ستارے جو برج اسد کے اوپر ہیں جو چاند کی منزل ہے، شیر درندہ کے کندھے کا گھنا بال۔

زُبْدَۃٌ: (زمضموم، ب ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) بالائی، ہر چیز کا خلاصہ، نچوڑ، مکھن۔

زُبَیْدَۃٌ: (زمضموم، ب مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) ہارون رشید کی بیوی کا نام۔

زِبْنِیَۃٌ: (زمکسور، ب ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) سرکش آدمی اور جن، سخت شرارت، داروغۂ جہنم کا نام، زَبَانِیَۃ جمع ہے۔

زُجَاجَۃٌ: (زمضموم، ج مفتوح، اساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) شیشہ۔

زَجْرَۃٌ: (زمفتوح، ج ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) شدید نالہ، صُور کی آواز۔

زَحْزَحَۃٌ: (ز مفتوح، ح ساکن، ز مفتوح، ح مفتوح، ۃ موقوف) دور کرنا، ہانکنا۔

زُحْلُوْفَۃٌ: (زمضموم، ح ساکن، ل مضموم، و ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) چکنی ڈھلوان جگہ جس پر لڑھکا جائے جسے بچے دریا کے کنارے بناتے ہیں اور اس پر پھسلتے اور کھیلتے ہیں، فارسی میں اسے چُچَلَہ کہتے ہیں۔

زَحْمَت: (زمفتوح، ح ساکن، م مفتوح، ت موقوف) غم، بھیڑ۔

زَخْرَفَۃٌ: (زمفتوح، خ ساکن، ر مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) جھوٹ گڑھنا، آمیزش کرنا، فریب دینا، جھوٹ بولنا۔

زُرَافَۃٌ: (زمفتوح رمضموم، ر مفتوح، اساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ایک جانور جو مصر کے نواح میں پایا جاتا ہے، فارسی میں اسے شتر گاؤ پلنگ کہتے ہیں اس لیے کہ اس کی گردن اونٹ کی گردن کی طرح ہوتی ہے اس کا کھر گائے کے کھر کی طرح اور اس کا رنگ تیندوے جیسا، لوگوں کا گروہ، زَرَافَہ بھی اسی معنی میں ہے۔

زَفْت: (زمفتوح، ف ساکن، ت موقوف) بھرنا، غصہ ہونا۔

زِفْت: (زمکسور، ف ساکن، ت موقوف) تارکول جو کشتی اور برتن کے درازوں میں بھرتے ہیں تاکہ پانی اندر نہ آئے اور باہر نہ جائے اسے قار بھی کہتے ہیں یا تارکول جیسی چیز جو زمین سے پیدا ہوتی ہے۔

زُفْت: (زمضموم، ف ساکن، ت موقوف) بخیل، اس معنی میں یہ لفظ فارسی ہے۔

زُقَّۃٌ: (زمضموم، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ دانہ جو چڑیا اپنے منہ سے نکال کر بچے کے منہ میں ڈالتی ہے یا وہ دوا جسے ماں کے دودھ میں ملا کر بچے کے گلے میں ڈالیں، ایک چھوٹا پرندہ ہے۔

زَکْت: (زمفتوح، ک ساکن، ت موقوف) مشک وغیرہ بھرنا۔

زَکٰوۃ: (ز مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) مال کا وہ مخصوص حصہ جو راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔

زَکِیَّۃ۔زَاکِیَۃ: (ز مفتوح، ک مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) (ز مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) پاک، صاف۔

زُلْفَۃ: (ز مضموم، ل ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) درجہ، مرتبہ، نزدیکی، رات کا پہلا حصہ۔

زَلَفَۃ: (ز مفتوح، ل مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) پانی سے بھرا ہوا حوض، پیالہ، سبز رنگ کا مٹکا، ہموار بیابان، سخت سنگلاخ زمین۔

زِلَّۃ: (ز مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پھسلنا، چکیلا پھسلا دینے والا پتھر۔

زُلَّۃ: (ز مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دمہ، وہ بیماری جس میں سانس رک رک کر آئے۔

زَلَّۃ: (ز مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) حرفت، صنعت، ز اکے ضمہ کے ساتھ بھی آیا ہے، اسباب، غلہ سے بھری زمین، ویسے کا کھانا، گناہ، خوراک جو دوست یا رشتے دار کے دستر خوان سے اٹھائی جائے، یہ عراق عرب کی لغت ہے۔

زَلْزَلَۃ: (ز مفتوح، ل ساکن، ز مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) ہلانا، لرزنا۔

زَمَانَۃ: (ز مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) وقت، مدت، روزگار، ایک بیماری ہے جو حیوانات میں پیدا ہوتی ہے، زخمی ہونا۔

زُمْرَۃ: (ز مضموم، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گروہ، جماعت۔

زِمَارَۃ: (ز مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بانسری بجانا۔

زَمَّارَۃ: (ز مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) زنا کار عورت، بانسری جسے بجاتے ہیں، کتے کا پٹا۔

زَمْزَمَۃ: (ز مفتوح، م ساکن، ز مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) کھانے کے وقت مجوسیوں کا بات کرنا، بادل کا گرجنا، کڑک کی آواز۔

زِمْزِمَۃ: (ز مکسور، م ساکن، ز مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) آدمیوں کی جماعت۔

زِنَاتَۃ: (ز مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) مغربی زمین میں ایک قبیلہ ہے جہاں کا مشہور نحوی اور رمال زناتی تھا۔

زَنْدَقَۃ: (ز مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) ملحد اور بے دین ہونا، شریعت کی راہ سے روگردانی کرنا۔

زَنَادِقَۃ: (ز مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) بے دین، ملحد، زندیق کی جمع ہے۔

زَوْرَۃ: (ز مفتوح، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) دور ہونا، ایک بار زیارت کرنا، دوری۔

زَوْبَعَۃ: (ز مفتوح، و ساکن، ب مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) جنوں کے ایک سردار کا نام، بگولا۔

زَہْرَۃ: (ز مفتوح، ہ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) خوبی، دنیا کی خوبصورتی، آراستگی اور تازگی۔

زُہْرَۃ: (ز مضموم، ہ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سفیدی، خوبصورتی، قریش کا ایک قبیلہ، زرد شگوفہ، سفید شگوفہ کو نُوْر کہتے ہیں، اس معنی میں زَہَرَۃ بالفتح بھی آیا ہے۔

زُہَرَۃ: (ز مضموم، ہ مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) ستارۂ ناہید، زرد گلی، مدینہ میں ایک مقام کا نام ہے۔

زَہَادَت: (ز مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ت موقوف) پرہیزگار ہونا، عبادت کرنا۔

زَیْتُونَۃ: (ز مفتوح، ی ساکن، ت مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) زیتون کا درخت، شام میں ایک مقام کا نام۔

زَیْت: (ز مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) زیتون کا تیل، زیتون کا تیل کھانے میں ڈالنا۔

زِیَارَت: (ز مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ت موقوف) کسی متبرک مقام کو تلاش کرنا، کسی متبرک آدمی سے ملنا۔

زِیَادَۃ: (ز مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ت موقوف) بڑھوتری، زیادتی، بڑھنا، زیادہ ہونا۔

زِیْنَۃ: (ز مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) آرائش، وہ چیز جس

سے کسی چیز کو آراستہ کریں مثلاً خوبصورت لباس اور زیور وغیرہ، یَوْمُ الزِّینَۃُ عید کا دن۔

﴿فصل الزاء مع الجیم﴾

زَاج: (زمفتوح، ا ساکن، ج موقوف) پھٹکری، زاک کا معرب ہے، صاحب قاموس کہتے ہیں ایک قسم کا نمک ہے۔

زِبْرِج: (زمکسور، ب ساکن، رمکسور، ج موقوف) جواہرات سے مزین، گھر کے اسباب اور آرائش، تھوڑا سرخ بادل۔

زُجّ: (زمضموم، ج مشدد موقوف) کہنی کی نوک، نیزے کی جڑ کا لوہا، زِجَاج جمع ہے، شترمرغ جو کشادہ اور دور دور قدم رکھے، اَزَج کی جمع ہے، تیر کے پیکان۔

زَجّ: (زمفتوح، ج مشدد موقوف) نیزہ مارنا، تیر چلانا، شترمرغ کا دوڑنا۔

زُجَاج: (زمفتوح رمکسور رمضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) شیشہ، (زمضموم) مشہور ہے۔

زَجَّاج: (زمفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) شیشہ بنانے والا، ایک نحوی دانشور کا نام ہے، شیشہ بیچنے والا۔

زَنَج: (زمفتوح، ج مفتوح، ج موقوف) بادل کی باریکی اور اس کی درازی، ہلکا لمبا بادل، لمبا قدم رکھنا۔

زَلْج: (زمفتوح، ل ساکن، ج موقوف) پھسلنا، پھسلنے کی جگہ، زَلَج بھی اسی معنی میں ہے۔

زَمْج: (زمفتوح، م ساکن، ج موقوف) بھرنا۔

زَمَج: (زمفتوح، م مفتوح، ج موقوف) غصہ ہونا۔

زُمَّج: (زمضموم، م مشدد مفتوح، ج موقوف) عقاب سے چھوٹا ایک شکاری پرندہ جس کو فارسی میں دو برادران کہتے ہیں اس لیے کہ جب وہ شکار پکڑنے میں عاجز ہوتا ہے اپنے بھائی سے مدد طلب کرتا ہے، صاحب صحاح کہتے ہیں کہ فارسی میں اسے دہ برادران کہتے ہیں حالانکہ یہ غلط ہے۔

زَامِج۔ زَانِج۔ زِنْج: (زمفتوح، ا ساکن، م مکسور ن مکسور، ج موقوف) (زمفتوح رمکسور، ن ساکن، ج موقوف) زنگ کا معرب ہے، حبشی، زَنْجی واحد اور زُنُوج جمع ہے، پیاسا ہونا، انتہائی پیاس کی وجہ سے آنتوں کا اس طرح الجھ جانا کہ پانی نہ پیا جا سکے۔

زَوْج: (زمفتوح، و ساکن، ج موقوف) جفت، جوڑا، فرد کی ضد، شوہر، بیوی، قریبی، دوست، وہ کپڑا جو ہودج پر ڈالتے ہیں۔

زَیْج: (زمفتوح، ی ساکن، ج موقوف) ابھارنا، دو آدمیوں کے درمیان فساد پیدا کرنا۔

زِیْج: (زمکسور، ی ساکن، ج موقوف) معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں، ایک ایسا علم ہے جس پر علم نجوم کا انحصار ہے اور اسی علم سے تقویم کا استخراج اور احکام کا استنباط کرتے ہیں۔

﴿فصل الزاء مع الحاء﴾

زَحّ: (زمفتوح، ح مشدد موقوف) دور کرنا۔

زُمَّح: (زمضموم، م مشدد مفتوح، ح موقوف) کوتاہ مرد، پست قد، بدصورت، کمینہ۔

زَیْح: (زمفتوح، ی ساکن، ح موقوف) دور ہونا، جانا۔

﴿فصل الزاء مع الخاء﴾

زَخّ: (زمفتوح، خ مشدد موقوف) دور پھینکنا، اونٹوں کو تیز چلانا، کودنا، غصہ ہونا، چمکنا، زَخِیخ بھی اسی معنی میں ہے۔

زِرْنِیخ: (زمکسور، ر ساکن، ن مکسور، ی ساکن، خ موقوف) صعید مصر میں ایک گاؤں کا نام ہے، مشہور پتھر اور اس کی تین قسمیں ہیں سفید، سرخ اور زرد، زَرْنِیخ کا معرب ہے۔

زَلْخ: (زمفتوح، ل ساکن، خ موقوف) پھسلنے کی جگہ، پرتابی تیر چلانا، نیزہ مارنا۔

زَلَخ: (زمفتوح، ل مفتوح، خ موقوف) موٹا ہونا۔

زَمْخ: (زمفتوح،م ساکن،خ موقوف) بلند ہونا،غرور کرنا۔

زَنَخ: (زمفتوح،ن مفتوح،خ موقوف) متغیر ہونا،تیل اور کھانے کا خراب ہونا۔

زَنِخ: (زمفتوح،ن مکسور،خ موقوف) خراب تیل وغیرہ۔

زَیخ: (زمفتوح،ی ساکن،خ موقوف) دور کرنا،ظلم کرنا۔

﴿فصل الزاء مع الدال﴾

زَاد: (زمفتوح،ا ساکن،دموقوف) ذرا،توشۂ سفر،زادِراہ۔

زَبْد: (زمفتوح،ب ساکن، دموقوف) کم دینا،مکھن کھلانا، دہی کو مشک میں ہلانا تا کہ مکھن باہر آجائے،منہ سے جھاگ نکالنا۔

زُبْد: (زمضموم،ب ساکن،دموقوف) دودھ کی بالائی،اونٹ کے منہ کا جھاگ۔

زَبَدْ: (زمفتوح،ب مفتوح،دموقوف) پانی اور سونے چاندی کا جھاگ،اونٹ کے منہ کا جھاگ۔

زَبِیْد: (زمفتوح،ب مکسور،ی ساکن،دموقوف) یمن کا ایک شہر۔

زُبَیْد: (زمضموم،ب مفتوح،ی ساکن، دموقوف) بنی مدحج کے ایک قبیلے کا نام ہے۔

زَبَاد: (زمفتوح،ب مفتوح،ا ساکن،دموقوف) مشہور خوشبو جو صحرائی بلی سے حاصل کرتے ہیں۔

زُبَّاد: (زمضموم،ب مشدد مفتوح،ا ساکن، دموقوف) وہ دودھ جس سے فائدہ حاصل نہ کیا جاسکے،ایک گھاس کا نام۔

زَبَرْجَدْ: (زمفتوح،ب مفتوح،ر ساکن،ج مفتوح،دموقوف) سبز رنگ کا مشہور موتی،قیمتی پتھر۔

زَرْد: (زمفتوح،ر ساکن، دموقوف) لقمہ کو جلدی نگلنا،گلا گھونٹنا،زرہ بننا،زرہ کے حلقوں کو آپس میں پیوست کرنا،زرہ۔

زَرَدْ: (زمفتوح،رمفتوح،دموقوف) بنی ہوئی زرہ۔

زِرَاد: (زمکسور،رمفتوح،ا ساکن، دموقوف) اونٹ کے گلے میں رسی باندھنا تا کہ جگالی نہ کرے۔

زَرَّاد: (زمفتوح،رمشدد مفتوح،ا ساکن،دموقوف) زرہ بنانے والا۔

زَرُوْد: (زمفتوح،رمضموم،وساکن،دموقوف) مکہ معظمہ کے راستہ میں ایک موضع کا نام جہاں پانی نہیں ملتا ہے،سعدی کہتے ہیں

ع چہ غم دارد از تشنگان زرود

زَرَاوِنْد: (زمفتوح،رمفتوح،ا ساکن،وکسور،ن ساکن،دموقوف) مشہور دوا اس کی دو قسمیں ہیں، مدحرج اور طویل یعنی گول اور لمبی،مدینے کے قریب ایک جگہ کا نام۔

زَرَنْبَاد: (زمفتوح،رمفتوح،ن ساکن،ب مفتوح،ا ساکن،دموقوف) ایک دوا ہے،نرکچور۔

زَغْد: (زمفتوح،غ ساکن،دموقوف) اونٹ کا زور زور سے چلانا،گلا مروڑنا،مشک کو نچوڑنا تا کہ مکھن اس کے منہ سے باہر آئے۔

زَغِیْد: (زمفتوح،غ مکسور،ی ساکن،دموقوف) نچوڑا ہوا،مشک سے باہر نکالا ہوا مکھن۔

زَنْد: (زمفتوح،ن ساکن، دموقوف) ہاتھ کا گٹا،کلائی، چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر،زَنْدَۃٌ چقماق کی نچلی لکڑی یا پتھر کو کہتے ہیں (دونوں پتھروں کو رگڑنے سے آگ نکلتی ہے) زناد اور ازناد جمع ہے،زند بخارا میں ایک شہر ہے۔

زِنْدِرُوْد: (زمکسور،ن ساکن، دمکسور،ر مضموم، وساکن، دموقوف) اصفہان میں ایک نہر کا نام ہے،زندہ رود کا معرب ہے۔

زَوْد: (زمفتوح،وساکن،دموقوف) توشہ لینا۔

زَہْد: (زمفتوح،ہ ساکن،دموقوف) کھجور کا درخت کاٹنا،کھجور اور غلے کا اندازہ کرنا،مقدار،کفایت۔

زُہْد: (زمضموم،ہ ساکن،دموقوف) کسی چیز سے بے رغبت ہونا،کچھ نہ چاہنا،خواہش نہ کرنا۔

زَہَدْ: (زمفتوح،ہ مفتوح،دموقوف) زکوٰۃ۔

زُہَیْد: (زمضموم،ہ مفتوح،ی ساکن، دموقوف) کم،حقیر،تنگ وادی، بدخلق،تنگ خو۔

زَاہِدْ: (زمفتوح،ا ساکن،ہ مکسور،دموقوف) بدخلق،وہ شخص جو دنیا سے

رغبت نہ رکھے اور دنیا کی خواہش نہ کرے۔

زَہاد: (زمفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، د موقوف) خشک پھٹی ہوئی زمین جو ہلکی بارش سے نہ بہے۔

زَید: (زمفتوح، ی ساکن، د موقوف) ایک شخص کا نام، زیادہ ہونا، زیادہ کرنا۔

زِیاد: (زمکسور، ی مفتوح، ا ساکن، د موقوف) زیادہ، ایک شخص کا نام، زیادۃ زیادہ ہونا، بڑھنا۔

﴿فصل الزاء مع الذال﴾

زُمُرُّذ: (زمضموم، م مضموم، ر مشدد مضموم، ذ موقوف) زمرد کا معرب ہے اسے زبرجد بھی کہتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ زبرجد زمرد کے علاوہ کوئی اور شئی ہے۔

﴿فصل الزاء مع الراء﴾

زَبْر: (زمفتوح، ب ساکن، ر موقوف) آواز کرنا، جھڑکنا، روکنا، ہانکنا، کنویں کے اردگرد پتھر رکھنا، پتھر مارنا، لکھنا، عقل، جلدی، قوی، مضبوط، مستحکم، سخت۔

زُبُرْ: (زمضموم، ب مضموم، ر موقوف) ابتدائی حرف تہجی کا نام ہے اور اس کے علاوہ جس کا تلفظ کیا جاتا ہے اسے بینہ کہتے ہیں۔

زِبْر: (زمکسور، ب ساکن، ر موقوف) کتاب، زُبُور جمع ہے، زُبُرْ اور زُبَرْ کتابیں، صحیفے، لوہے کے ٹکڑے، ہر چیز کے ٹکڑے۔

زَبُور: (زمفتوح، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) نوشتہ، تحریر، کتاب، کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

زُبُور: (زمضموم، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) تحریریں، کتابیں۔

زَبِیر: (زمفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ر موقوف) لکھی ہوئی چیز، تختی، مصیبت، ایک پہاڑ کا نام جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا، ایک شخص کا نام۔

زُبَیر: (زمضموم، ب مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) ایک صحابی کا نام۔

زَجْر: (زمفتوح، ج ساکن، ر موقوف) روکنا، باز رکھنا، اونٹ کو ہانکنا، پرندے سے فال لینا، اونٹ کا جو کچھ پیٹ میں ہے اگلنا۔

زَحِیر: (زمفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ر موقوف) آواز، رونے میں آہ کرنا، ٹھنڈا سخت سانس لینا، پیٹ کا بڑا ہونا، خونی پیچش۔

زُحَار: (زمضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک درد ہے جو اونٹ کو لاحق ہوتا ہے۔

زُحْر: (زمفتوح رمضموم، ح ساکن، ر موقوف) بخیل، کنجوس۔

زَخْر: (زمفتوح، خ ساکن، ر موقوف) دریا کا پانی سے بھرنا، کسی چیز کو پر کرنا، اگنا، گھاس کا زیادہ ہونا۔

زَخَّار: (زمفتوح، خ مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہت موجیں مارنے والا دریا جس کا پانی کنارے سے بہہ نکلے، زَاخِر بھی اسی معنی میں ہے۔

زِرّ: (زمکسور، ر مشدد موقوف) بٹن، اِزْرَار جمع ہے، ایک تابعی محدث کا نام جن کو زر بن حبیش کہتے ہیں۔

زَرّ: (زمفتوح، ر مشدد موقوف) بٹن لگانا، ہانکنا، کاٹنا، آٹا پیسنا، بال اکھیڑنا، آنکھ چھوٹی ہونا، ایک شخص کا نام ہے۔

زَرِیر: (زمفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ایک زرد رنگ کی گھاس ہے جس سے رنگتے ہیں، پاک مرد، ہلکا بوجھ، جلنا، غصہ ہونا، آنکھ کا سرخ ہونا۔

زُرْزُور: (زمضموم، ر ساکن، زمضموم، و ساکن، ر موقوف) ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے، بعض ان میں بہت کالے ہوتے ہیں اور بعضوں میں سفید چتی ہوتی ہے، فارسی میں جسے سار (مینا) کہتے ہیں۔

زُعْرُور: (زمضموم، ع ساکن، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) ایک قسم کا میوہ، بعض لوگ کہتے ہیں بیر ہے۔

زَعْر: (زمفتوح، ع ساکن، ر موقوف) کم بالوں والا ہونا، کم گھاس والی زمین۔

زَغْر: (زمفتوح، غ ساکن، ر موقوف) غصہ کرنا، ہر چیز کی کثرت اور افراط۔

زَفْر: (ز مفتوح، ف ساکن، ر موقوف) سانس اندر کھینچ کر باہر نکالنا، کھینچ کر سانس کو بلند کرنا، باز رکھنا، پانی پلانا، آواز سننا، آگ روشن کرنا۔

زِفْر: (ز مکسور، ف ساکن، ر موقوف) بھاری بوجھ، مشک، رخت سفر، مسافر کا سامان، گروہ۔

زُفَر: (ز مضموم، ف مفتوح، ر موقوف) شیر، بہادر، سمندر، بہت پانی والا دریا، زیادہ بخشش، باربردار (بوجھ اٹھانے والا)، بھاری جسم والا اونٹ، لشکر، زَافِرہ بھی اسی معنی میں ہے، نیز زَافِرۃ بمعنی گروہ ہے۔

زَفِیر: (ز مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ر موقوف) سانس اندر کھینچ کر بلند کرنا، سختی، مصیبت، گدھے کی آواز کی ابتدا اور انتہا کو شہیق کہتے ہیں۔

زَکْر: (ز مفتوح، ک ساکن، ر موقوف) بھرنا۔

زَمْر: (ز مفتوح، م ساکن، ر موقوف) بانسری بجانا، مشک بھرنا، بات پھیلانا، کسی کو کسی کے خلاف بھڑکانا۔

زَمَر: (ز مفتوح، م مفتوح، ر موقوف) کم بالوں والا ہونا، کم مروت ہونا۔

زَمِر: (ز مفتوح، م مکسور، ر موقوف) کم بالوں والا، کم مروت والا، خوبصورت۔

زُمَر: (ز مضموم، م مفتوح، ر موقوف) متفرق جماعتیں، بکھرے ہوئے گروہ، زُمَرۃ کی جمع ہے۔

زِمِرّ: (ز مکسور، م مکسور، ر مشدد موقوف) سخت، شدید۔

زِمَار: (ز مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) شترمرغ کی آواز۔

زَمّار: (ز مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بانسری بجانے والا، زامِر بھی اسی معنی میں ہے۔

زَمِیر: (ز مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) کوتاہ، چھوٹا، پست قد، خوبصورت۔

زَمَخْشَر: (ز مفتوح، م مفتوح، خ ساکن، ش مفتوح، ر موقوف) خوارزم میں ایک گاؤں ہے جو صاحب کشاف کی جائے ولادت ہے۔

زَمْہَرِیر: (ز مفتوح، م ساکن، ہ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) سخت ٹھنڈک، چاند۔

زَنْر: (ز مفتوح، ن ساکن، ر موقوف) پر کرنا، بھرنا، کسی کو زنار پہنانا۔

زُنّار: (ز مضموم، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) وہ دھاگا جو نصاریٰ، مجوس اور دیگر تمام کفار کمر پر باندھتے ہیں، جنیو۔

زَنَانِیر: (ز مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ر موقوف) سنگریزے، چھوٹی مکھیاں، ایک جگہ کا نام ہے۔

زُنْبُور: (ز مضموم، ن ساکن، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) ایک قسم کی مکھی ہے جو ڈنک مارنے میں بہت مشہور ہے، بھڑ، زنابیر جمع ہے۔

زُنْجُفْر: (ز مضموم، ن ساکن، ج مفتوح، ف مفتوح، ر موقوف) شنگرف (ایک سرخ رنگ کی دھات جو گندھک اور پارے کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے)

زِنْجِیر: (ز مکسور، ن ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ر موقوف) وہ آواز جو انگوٹھے کو کلمے کی انگلی اور بیچ والی انگلی پر مارنے سے پیدا ہوتی ہے، چٹکی کی آواز۔

زِنْجَار: (ز مکسور، ن ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) زنگار کا معرب، زنگ، ایک شہر کا نام ہے۔

زَوْر: (ز مفتوح، و ساکن، ر موقوف) زیارت کرنا، سینے کا درمیانی حصہ یا سینے کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینے کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ، کھجور کے درخت کی شاخ جس میں ابھی پتے اور پھل نہ نکلے ہوں، عقل، اس معنی میں زُور بھی آیا ہے، زیارت کرنے والے، یہ لفظ جمع اور واحد دونوں کے لیے ہے۔

زُوْر: (ز مضموم، و ساکن، ر موقوف) جھوٹ، شرک، اللہ تعالیٰ کے علاوہ ہر وہ چیز جس کی پوجا کریں، باطل چیز، یہود و نصاریٰ کی عیدیں، سردار، رئیس قوم، زَور بھی اس معنی میں ہے، راگ اور گانے کی مجلس، طاقت، توانائی، طاقت و توانائی کے معنی میں یہ لفظ عربی اور فارسی دونوں میں مشترک ہے، ایک نہر ہے جو دجلہ میں گرتی ہے، رائے، عقل، خوبی، کھانے کی لذت، نرمی،

پاکیزگی، کپڑے کی صفائی، ضحاک کا لڑکا جس نے شہرزور کو تعمیر کیا، جھکنے والے، ٹیڑھے ہونے والے، اَزْوَر جمع ہے۔

زَوَرْ: (زمفتوح، ومفتوح، رموقوف) میل کرنا، جھکنا، ایک طرف سے دیکھنا، گھوڑے کے دونوں سینوں میں سے ایک کا ابھرنا اور دوسرے کا پست ہونا۔

زُہُوْر: (زمضموم، ہ مضموم، وساکن، رموقوف) چراغ، ستارے اور آگ کا روشن ہونا، آگ کا بلند ہونا۔

زَاہِرْ: (زمفتوح، اساکن، ہ مکسور، رموقوف) روشن، بلند۔

زَائِرْ: (زمفتوح، اساکن، ہ مکسور، رموقوف) زیارت کرنے والا، زوار اور زُوَّر جمع ہے۔

﴿فصل الزاء مع العین﴾

زَرْع: (زمفتوح، رساکن، ع موقوف) اگنا، کھیتی کرنا، کھیتی۔

زَلَع: (زمفتوح، ل مفتوح، ع موقوف) زخم کا سڑنا، ہاتھ پیر کا پھٹنا، ہتھیلی اور تلوے کی پھٹن۔

زَمَع: (زمفتوح، م مفتوح، ع موقوف) تنگدست لوگ، خوف کھانا، بے خود ہونا۔

زَمِیْع: (زمفتوح، م مکسور، ی ساکن، ع موقوف) جلدی کرنے والا، مقابلہ کرنے والا، دلیر، بہادر، عمدہ رائے والا۔

زَوْع: (زمفتوح، وساکن، ع موقوف) اونٹ کی مہار اور گھوڑے کی لگام ہلانا تاکہ تیز چلے۔

زَیْلَع: (زمفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، ع موقوف) دریائے حبشہ کے کنارے ایک شہر ہے، ایک چھوٹا سفید مہرہ جو کھجور کی گٹھلی کی طرح شگاف دار ہوتا ہے اور دریا سے نکلتا ہے اسے فارسی میں شہر در کہتے ہیں۔

﴿فصل الزاء مع الغین﴾

زَاغ: (زمفتوح، اساکن، غ موقوف) چھوٹا جنگلی کوا جو تھوڑا سفید ہوتا ہے۔

زُلُوْغ: (زمضموم، ل مضموم، وساکن، غ موقوف) سورج نکلنا، آگ کا بلند ہونا، عین کے ساتھ زُلُوع بھی آیا ہے۔

زَوْغ: (زمفتوح، وساکن، غ موقوف) جھکنا، مائل کرنا، اونٹ کو مہار کے ذریعہ کھینچنا۔

زَیْغ: (زمفتوح، ی ساکن، غ موقوف) جھکنا، بینائی کا کمزور پڑنا، نگاہ کا تھکنا، سورج کا گردش کرنا، حق سے پھرنا، کسی چیز میں شک کرنا۔

﴿فصل الزاء مع الفا﴾

زَحْف: (زمفتوح، ح ساکن، ف موقوف) دشمن کی طرف کوچ کرنے والا لشکر، بچے کا زانو کے بل (گھسٹ کر) چلنا، جانوروں کا پیٹ کے بل چلنا۔

زَاحِف: (زمفتوح، اساکن، ح مکسور، ف موقوف) وہ تیر جو زمین پر نشانے کے قریب گرے پھر نشانے پر لگے، وہ جانور جو پیٹ کے بل چلے، حیوانات چلنے میں چار طرح کے ہوتے ہیں، مَاشی جو پیر سے چلے، طَائِر جو پروں کے ذریعہ اڑے، زَاحِف جو پیٹ کے بل چلے، سَابِح تیرنے والا، ان چاروں قسموں کو صف حیوان کہتے ہیں، خاقانی کہتا ہے

ع   چہار صف حیوان با خواب وخور آمیختہ اند

زِحَاف: (زمکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) گرنا، شعر میں دو حرفوں کے درمیان سے کسی حرف کا گرنا، علم عروض میں اس تغیر کو کہتے ہیں جو دوسرے سبب خفیف یا سبب ثقیل میں ہوتا ہے، ایسے شعر کو مزاحف کہتے ہیں۔

زُخْرُف: (زمضموم، خ ساکن، رمضموم، ف موقوف) سونا، ہر آراستہ اور چمکدار چیز، گمان، کسی چیز کی خوبی، جھوٹ اور مبالغہ سے آراستہ کیا ہوا کلام۔

زَخَارِف: (زمفتوح، خ مفتوح، اساکن، رمکسور، ف موقوف) کشتیاں، زَخَارِفُ الدُّنْیَا دنیا کی آرائشیں، زَخَارِفُ السَّمَاء پانی کا راستہ، پانی کی نہریں، زَخَارِفُ الاَرْض رنگارنگ گھاس، مکھی کے مانند چھوٹے کیڑے جو پانی پر بیٹھتے ہیں۔

زَخْف: (زمفتوح،خ ساکن،ف موقوف) ناز کرنا،فخر وتکبر کرنا۔

زَرْف: (زمفتوح،رساکن، ف موقوف) اونٹنی کا تیز چلنا، آدمی کا آہستہ چلنا۔

زَرَف: (زمفتوح،رمفتوح، ف موقوف) اچھا ہونے کے بعد زخم کا تازہ ہونا۔

زَعْف: (زمفتوح،ع ساکن،ف موقوف) کسی کو اس طرح قتل کرنا کہ فوراً مر جائے۔

زُعَاف: (زمضموم،ع مفتوح،ا ساکن،ف موقوف) فوراً ہلاک کرنے والا زہر، اچانک موت، زُآف بھی اسی معنی میں ہے۔

زِف: (زمکسور،ف مشدد موقوف) شترمرغ کے پروں کے ٹکڑے، ہر پرندے کا پر۔

زَف: (زمفتوح،ف مشدد موقوف) ہوا کا چلنا، جلدی چلنا، دلہن کو اس کے شوہر کے گھر میں بھیجنا، زِفاف اسی معنی میں ہے، زَفِیف اور زُفُوف جلد، جلد چلنا، بجلی کا چمکنا، پرندے کا پر پھڑ پھڑانا۔

زَلَف: (زمفتوح،ل ساکن،ف موقوف) نزدیکی، مرتبہ، رات کا ایک حصہ، رات کا پہلا پہر، زُلَف جمع ہے، زِلف مرغزار، زُلَف رات کا حصہ، جمع اور مفرد دونوں آیا ہے، زَلَف نزدیکی، مرتبہ، بھرے ہوئے تالاب، بھرا ہوا حوض، واحد اور جمع دونوں ہے۔

زَوْف: (زمفتوح،و ساکن، ف موقوف) پرندے کا پروں کو کھولنا، سست چلنا، آہستہ چلنا۔

زَہْف: (زمفتوح،ہ ساکن،ف موقوف) ہلکا ہونا، ہلکا کرنا۔

زُہُوف: (زمضموم،ہ مضموم،و ساکن،ف موقوف) ذلیل ہونا، قریب ہونا، جھوٹ بولنا، ہلاک ہونا۔

زِیْف: (زمکسور،ی ساکن،ف موقوف) کھوٹا درہم۔

زَیْف: (زمفتوح،ی ساکن،ف موقوف) ناز سے چلنا، مادہ کبوتر کے گرد نر کبوتر کا پونچھ زمین پر گرا کر جفتی کے لیے گھومنا اور بولنا، ملاوٹ کی وجہ سے درہم کا کھوٹا ہونا۔

﴿فصل الزاء مع القاف﴾

زَبْق: (زمفتوح،ب ساکن،ق موقوف) ڈاڑھی کا بال اکھیڑنا، ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا، کسی کو بند کرنا۔

زَرْق: (زمفتوح،ر ساکن، ق موقوف) مزراق (چھوٹے نیزے) سے مارنا، اونٹ کا پالان کو پیچھے کی جانب ڈال دینا، پرندے کا بیٹ کرنا، آنکھ کا اس طرح پھرنا کہ اس کی سفیدی ظاہر ہو، دوا کا کسی جگہ ٹپکانا، اندھا ہونا۔

زُرْق: (زمضموم،ر ساکن،ق موقوف) نیلگوں آنکھوں والے، اندھے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے یَوْمَئِذٍ زُرْقًا، ریت کے ٹیلے، نیزے کی انیاں، پیکان، صاف پانی، اَزْرَق جمع ہے۔

زَرَق: (زمفتوح،رمفتوح،ق موقوف) نیلگوں آنکھوں والا ہونا، آنکھ کی نیلگونی، پانی کا صاف ہونا۔

زُرَّق: (زمضموم،رمشدد مفتوح،ق موقوف) ایک شکاری پرندہ، صاحب صحاح اور صاحب صراح کہتے ہیں سفید باز، جرہ کا معرب ہے، صاحب دستور کہتے ہیں چھوٹا باشہ (شکاری پرندہ) زراریق جمع ہے، خاقانی کہتا ہے

ع چوں زرقے کہ گوشت ز احشا برافگند

زَعْق: (زمفتوح،ع ساکن،ق موقوف) آواز کرنا، فریاد کرنا۔

زَعَق: (زمفتوح،ع مفتوح،ق موقوف) ڈرنا، انتہائی خوشی کی حالت میں بیہوش ہو جانا۔

زُعَاق: (زمضموم،ع مفتوح،ا ساکن، ق موقوف) کھارا پانی جو پیا نہ جا سکے۔

زَق: (زمفتوح،ق مشدد موقوف) پرندے کا اپنے بچے کے منہ میں دانہ ڈال کر کھلانا، پرندے کا بیٹ کرنا۔

زُق: (زمضموم،ق مشدد موقوف) شراب۔

زِق: (زمکسور،ق مشدد موقوف) مشک۔

زُقَاق: (زمضموم،ق مفتوح،ا ساکن،ق موقوف) گلی۔

زَقَاق: (زمفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) وہ شخص جو منہ میں کھانا رکھ کر پانی پیے۔

زِقَاق: (زمکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) مشکیں، زق کی جمع ہے۔

زَلْق: (زمفتوح، ل ساکن، ق موقوف) سر کے بال مونڈنا۔

زَلَق: (زمفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) بے گھاس کی ہموار زمین جس میں قدم پھسلے، پھسلنا، اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا، بال مونڈنا۔

زَلِق: (زمفتوح، ل مکسور، ق موقوف) جلد غصہ ہونے والا شخص، وہ مرد جس کو جماع میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔

زَلِیق: (زمفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) ناتمام گرا ہوا بچہ، مونڈا ہوا بال۔

زُلَّیق: (زمضموم، ل مشدد مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) ایک قسم کا شفتالو (آڑو)

زَمْق: (زمفتوح، م ساکن، ق موقوف) بال اکھیڑنا، تالا کھولنا۔

زُنَاق: (زمضموم، ن مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) حلق کا نچلا حصہ، گوشت میں ہونے والا پٹھا، زناق عورتوں کے گلوبند کی جگہ، حلق۔

زَنَق: (زمفتوح، ن مفتوح، ق موقوف) زنخ کا معرب، ٹھوڑی، پیکان کا سرا۔

زُنُق: (زمضموم، ن مضموم، ق موقوف) کامل عقل، پختہ شعور۔

زَنِیق: (زمفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ق موقوف) مستحکم، مضبوط۔

زَنْبَق: (زمفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ق موقوف) خوشبودار پھول، زنبہ کا معرب ہے، چنبیلی کا تیل، انوری کہتا ہے

ع زگاؤ عنبر سارا زیاسمین زنبق

زِنْدِیق: (زمکسور، ن ساکن، د مکسور، ی ساکن، ق موقوف) وہ بے دین جو دو خالق کا قائل ہے، خالق خیر و نور یزداں و خالق ظلمت و شر اہرمن، بے دین کو بھی زندیق کہتے ہیں، وہ شخص جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان نہ لائے، وہ منافق جو ایمان ظاہر کرے اور حقیقتاً کافر ہو، بعض لوگ کہتے ہیں زن دین کا معرب ہے یعنی وہ شخص جو عورتوں کا دین رکھتا ہو، پہلا معنی صحیح ہے، زند کا معرب ہے یعنی وہ شخص جو زردشت کی کتاب زند پر ایمان رکھتا ہو اور یزداں اور اہرمن کا قائل ہو۔

زَوْرَق: (زمفتوح، و ساکن، ر مفتوح، ق موقوف) چھوٹی کشتی۔

زُہُوق: (زمضموم، ہ مضموم، و ساکن، ق موقوف) ہڈی کا گودے سے بھرنا، مغز کا بھر جانا، جان نکلنا، گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے آگے بڑھنا، آگے بڑھنا، فنا ہونا، ہلاک ہونا، تیر کا نشانہ خطا کرنا۔

زَہُوق: (زمفتوح، ہ مضموم، و ساکن، ق موقوف) فنا ہونے والا، چلنے والا، جانے والا، بہت گہرا کنواں۔

زَاہِق: (زمفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ق موقوف) فنا ہونے والا، جانے والا، بہت موٹا چوپایہ، بہت کمزور، بہت تیز بہنے والا پانی، بھاگا ہوا مرد، خشک چیز، سوکھی چیز۔

زَہْق: (زمفتوح، ہ ساکن، ق موقوف) آگے ہونا۔

زَہَق: (زمفتوح، ہ مفتوح، ق موقوف) میدان کی نشیبی زمین۔

زَہِق: (زمفتوح، ہ مکسور، ق موقوف) جلد، سبک، چالاک، پھرتیلا۔

زِیبَق: (زمکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ق موقوف) پارہ۔

زِیق: (زمکسور، ی ساکن، ق موقوف) گریبان، نیشاپور میں ایک محلّہ کا نام ہے، ایک مرد کا نام ہے۔

﴿فصل الزاء مع الکاف﴾

زَحْک: (زمفتوح، ح ساکن، ک موقوف) تھکنا، کسی جگہ قیام کرنا، کسی چیز سے دور ہونا۔

زَرَک: (زمفتوح، ر مفتوح، ک موقوف) بدخو ہونا، بری عادت والا ہونا۔

زَک: (زمفتوح، ک مشدد موقوف) کمزوری اور ناتوانی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا، زا کے ضمہ کے ساتھ فاختہ کا بچہ۔

زَکِیک: (زمفتوح، ک مکسور، ی ساکن، ک موقوف) رفتار، قریب قریب رکھے ہوئے چھوٹے قدم۔

زَوْک: (زمفتوح، وساکن، ک موقوف) کوے کی رفتار، کوے کی چال، چلنے میں دونوں کندھوں کو ہلانا، آہستہ چلنا۔

زُوْک: (زمضموم، وساکن، ک موقوف) یمن میں ایک گاؤں کا نام۔

زَہک: (زمفتوح، ہ ساکن، ک موقوف) ہوا کا اتنی زور سے چلنا کہ خاک اڑائے، دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کوٹنا۔

﴿فصل الزاء مع اللام﴾

زِبْل: (زمکسور، ب ساکن، ل موقوف) گوبر، لید۔

زَبْل: (زمفتوح، ب ساکن، ل موقوف) زمین میں گوبر ڈال کر کاشت کے قابل بنانا۔

زِبِّیل: (زمفتوح رمکسور، ب مشدد مکسور، ی ساکن، ل موقوف) تھیلی، فقیروں کی جھولی، زنجبیل سرگین کے معنی میں بھی ہے۔

زَابِلْ: (زمفتوح، اساکن، ب مکسور، ل موقوف) پست قد مرد۔

زَجْل: (زمفتوح، ج ساکن، ل موقوف) ڈالنا، بھیجنا، باز رکھنا، نیزہ مارنا۔

زُجْل: (زمضموم، ج ساکن، ل موقوف) لوگوں کی جماعتیں۔

زَجَلْ: (زمفتوح، ج مفتوح، ل موقوف) کھیل، پکارنا، کسی کو خوش کرنا، بادل کی گرج۔

زَحْل: (زمفتوح، ح ساکن، ل موقوف) زائل ہونا، تھکنا۔

زُحَلْ: (زمضموم، ح مفتوح، ل موقوف) وہ شخص جو کام سے دور رہے، مشہور ستارے کا نام ہے، غلام زحل ایک نجومی کا نام ہے۔

زَعَلْ: (زمفتوح، ع مفتوح، ل موقوف) خوشی۔

زَعِلْ: (زمفتوح، ع مکسور، ل موقوف) سخت بھوکا، خوش۔

زَغْل: (زمفتوح، غ ساکن، ل موقوف) یکبارگی بڑھانا، گرانا، ماں کا بچہ کو دودھ پلانا۔

زَلّ ۔ زَلَلْ: (زمفتوح، ل مشدد موقوف) (زمفتوح، ل مفتوح، ل موقوف)

زَلِیْل: (زمفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) زبان کا لغزش کرنا، پیر کا کیچڑ میں پھسلنا، زَلل نقصان، ترازو کی کجی اور پھسلنے کی جگہ کے معنی میں بھی آیا ہے، زَلّ بھی انھیں معنوں میں ہے۔

زِلْزَال: (زمکسور، ل ساکن، زمفتوح، اساکن، ل موقوف) لرزانا، ہلانا۔

زَلْزَال: (زمفتوح، ل ساکن، زمفتوح، اساکن، ل موقوف) لرزہ، جنبش۔

زُلُوْل: (زمضموم، ل مضموم، وساکن، ل موقوف) وزن میں درہم کا کم ہونا، جلد پھرنا، نعمت دینا، کوئی چیز عطا کرنا۔

زُلَال: (زمضموم، ل مفتوح، اساکن، ل موقوف) خوش ذائقہ پانی۔

زَمْل: (زمفتوح، م ساکن، ل موقوف) ایک طرف جھک کر دوڑنا۔

زِمْل: (زمکسور، م ساکن، ل موقوف) ردیف، زمیل بھی اسی معنی میں ہے،

زَنْجَبِیْل: (زمفتوح، ن ساکن، ج مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ل موقوف) سونٹھ، سوکھی ہوئی ادرک، شراب، جنت میں ایک چشمہ کا نام ہے۔

زِنْبِیْل: (زمکسور، ن ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ل موقوف) زَنبیل (زمفتوح) کا معرب ہے، تھیلی، زَندہ فیل بڑا ہاتھی، زندہ پیل کا معرب ہے۔

زَوْل: (زمفتوح، وساکن، ل موقوف) تعجب، چالاک، ظریف جو تعجب میں ڈال دے، بہادر آدمی، شکرے یا باز کی مانند شکاری جانور۔

زَوَال: (زمفتوح، ومفتوح، اساکن، ل موقوف) ایک حال سے دوسرے حال میں پلٹنا، اپنی جگہ سے دور ہونا، فنا ہونا، مٹنا،

زَوَّال: (زمفتوح، ومشدد مفتوح، اساکن، ل موقوف) وہ شخص جو چلنے میں بہت حرکت کرے، صاحب قاموس کہتے ہیں اس معنی میں زواک صحیح ہے نہ کہ زوال۔

زَیْل: (زمفتوح، ی ساکن، ل موقوف) دور کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، جدا کرنا۔

زَیَلْ: (زمفتوح، ی مفتوح، ل موقوف) دونوں رانوں کا فاصلہ۔

﴿فصل الزاء مع المیم﴾

زَحْم ۔ زِحَام: (زمفتوح، ح ساکن، م موقوف) (زمکسور، ح مفتوح، اساکن، م موقوف) ہجوم کرنا، بھیڑ لگانا، تنگ کرنا۔

زَخْم: (زمفتوح، خ ساکن، م موقوف) دور کرنا۔

زَخَم: (زمفتوح، خ مفتوح، م موقوف) گوشت کا چھل جانا۔

زَرْقَم: (زمفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، م موقوف) بہت نیلگوں آنکھ والا۔

زَرْم: (زمفتوح، ر ساکن، م موقوف) پیشاب کے دوران کسی کو اٹھانا، قطع کلام ہونا۔

زَرِم: (زمفتوح، ر مکسور، م موقوف) ذلیل، چھوٹی جماعت، بدخصلت مرد، بخیل۔

زَعْم: (زمفتوح، ع ساکن، م موقوف) (زمضموم مشہور ہے) حق اور ناحق بات کہنا، جھوٹ بولنا، ایسی بات کہنا جس میں شک ہو، ضامن ہونا۔

زَعَم: (زمفتوح، ع مفتوح، م موقوف) لالچ کرنا، لالچی ہونا۔

زَعِیم: (زمفتوح، ع مکسور، ی ساکن، م موقوف) ضمانت لینے والا، سردار، قوم کا پیشوا اور سردار، وہ شخص جو لوگوں کی طرف سے بات کرے۔

زُعُوْم: (زمضموم، ع مضموم، و ساکن، م موقوف) بات میں عاجز رہنا۔

زَعُوْم: (زمفتوح، ع مضموم، و ساکن، م موقوف) وہ شخص جو بات کرنے سے عاجز ہو۔

زَقُّوْم: (زمفتوح، ق مشدد مضموم، و ساکن، م موقوف) مکھن ملا ہوا، تھوہڑ کا درخت جو صحرا میں ہوتا ہے جس کا دودھ قاتل ہے، جہنم میں ایک درخت ہے جو جہنمیوں کا کھانا ہے۔

زَقْم: (زمفتوح، ق ساکن، م موقوف) لقمہ نگلنا، کچھ چینا۔

زُکَام: (زمضموم، ک مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سر اور دماغ کے فضلات کا ناک کے راستے سے باہر آنا، نزلہ کا فضلات کو منہ کے ذریعہ باہر نکالنا۔

زَلْم: (زمفتوح، ل ساکن، م موقوف) برتن بھرنا، بخشش کم کرنا، ناک کاٹنا، غلطی کرنا۔

زَلَم: (زمفتوح، ل مفتوح، م موقوف) جوے کا تیر زمانہ جاہلیت میں جس سے جوا کھیلتے تھے، بے پر والا تیر، چوپائے کا کھر، شہرزور میں ایک پہاڑ ہے، ایک گھاس ہے جو پھل اور پھول نہیں رکھتی۔

زِمَام: (زمکسور، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مہار، لگام، اونٹ کی مہار جو اس کی ناک میں ڈالتے ہیں، زِمامُ النعل چمڑے کا تسمہ جو جوتیوں کے اوپر لگاتے ہیں۔

زَمّ: (زمفتوح، م مشدد موقوف) بہت مضبوط کرنا، مشک بھرنا، بھرنا، اونٹ کا سر اٹھانا، اونٹ کو مہار لگانا، جوتیوں میں تسمہ لگانا۔

زُمّ: (زمضموم، م مشدد موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

زَمْزَم: (زمفتوح، م ساکن، زمفتوح، م موقوف) کعبہ کے پاس ایک کنواں ہے، آب زمزم، بہت پانی۔

زِمْزَم: (زمکسور، م ساکن، زمفتوح، م موقوف) خوزستان میں ایک شہر کا نام ہے۔

زِمْزِم: (زمکسور، م ساکن، زمکسور، م موقوف) آدمیوں کا گروہ، بڑے ہاتھی۔

زُنَیْم: (زمضموم، ن مفتوح، ی ساکن، م موقوف) حضرت ساریہ صحابی رسول کے والد کا نام جن کو حضرت عمر نے نہاوند کی مہم پر بھیجا تھا اور خطبہ میں آپ نے ساریہ کو آواز دی یَا سَارِیَۃُ الجَبَل ساریہ نے نہاوند میں یہ آواز سنی اور دشمن کے فریب سے آگاہ ہوئے، زَنِیْم وہ شخص جو کسی قوم سے منسوب ہو حقیقتاً اس قوم کا فرد نہ ہو، دوسرے نام سے پکارا جانے والا، بخل میں مشہور کمینہ۔

زَہْم: (زمفتوح، ہ ساکن، م موقوف) چربی، بدبو، زَہَم چربی دار ہونا، پیپ کا ہونا۔

زَہِم: (زمفتوح، ہ مکسور، م موقوف) بہت موٹا بوڑھا۔

﴿فصل الزاء مع النون﴾

زَاکَان: (زمفتوح، ا ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) عرب کا ایک قبیلہ جس کے افراد قزوین میں مقیم ہو گئے تھے، عبید زاکانی اسی قبیلے کا ایک شخص ہے۔

زَبْن: (زمفتوح، ب ساکن، ن موقوف) باز رکھنا، کھجور کو درخت پر بیچنا، اونٹ کا لات مارنا۔

زِبْن: (زمکسور، ب ساکن، ن موقوف) ضرورت، زِبَن کنارہ، وہ کپڑا جو مکان کے برابر سے لیں جیسے حجلۂ دلہن کا چھپر کھٹ۔

زَبُوْن: (زمفتوح، ب مضموم، و ساکن، ن موقوف) لات مارنے والا اونٹ، سخت جنگ جو لوگوں کو لڑائی سے دور کردے اور باز رکھے۔

زَبَانِیَان: (زمفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بچھو کے دو ڈنک، برج عقرب کی دونوں شاخوں پر دو ستارے جو چاند کی منزل ہیں۔

زِبْرِقَان: (زمکسور، ب ساکن، ر مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کنواں، کم ڈاڑھی والا مرد، حصین بن بدر صحابی کا لقب ہے۔

زَجْن: (زمفتوح، ج ساکن، ن موقوف) دیر کرنا، تاخیر کرنا۔

زَرَجُوْن: (زمفتوح، ر مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ن موقوف) شراب، زرگون کا معرب، سرخ رنگ، انگور کی بیل۔

زُرْفِیْن: (زمکسور و مضموم، ر ساکن، ف مکسور، ی ساکن، ن موقوف) حلقہ، دروازے کی زنجیر، زَرفین کا معرب ہے۔

زَعْفَرَان: (زمفتوح، ع ساکن، ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پھول، ہمدان میں ایک گاؤں ہے۔

زَقْن: (زمفتوح، ق ساکن، ن موقوف) ناچنا، (بوجھ اٹھانا) بوجھ اٹھانے کے لیے مدد کرنا (م)

زِقْن: (زمکسور، ق ساکن، ن موقوف) وہ سائبان جو گھر کی بالائی سطح پر لگائیں تاکہ سورج کی گرمی اور شبنم کی نمی سے محفوظ رہے، کھجور کی شاخ پتیوں سے صاف کردی جائے تاکہ ایک دوسرے کے ساتھ ضم کریں۔

زِقَّان: (زمکسور، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) لڑائیاں، بازار کی گلیاں، محلہ، پہلے معنی میں زق کی جمع ہے، دوسرے معنی میں زُقاق کی جمع ہے۔

زَکْن: (زمفتوح، ک مفتوح، ن موقوف) جاننا، معلوم کرنا، کسی چیز کے بارے میں غالب گمان کرنا۔

زَمَن: (زمفتوح، م مفتوح، ن موقوف) زمانہ، وقت، زَمان بھی اسی معنی میں ہے، آفت کے معنی میں بھی ہے۔

زَمِن: (زمفتوح، م مکسور، ن موقوف) ایک جگہ پڑا ہوا مرد، مصیبت زدہ و مبتلا آدمی۔

زَنّ: (زمفتوح، ن مشدد موقوف) پٹھے کا خشک ہونا، کسی کے متعلق اچھا گمان رکھنا۔

زِنّ: (زمکسور، ن مشدد موقوف) ایک لیس دار اناج جس کی دال بناتے ہیں، ماش، ارد۔

زُوْن: (زمضموم، و ساکن، ن موقوف) بت، ہر وہ چیز جس کو پوجنے کے لیے بنائیں، پست قد آدمی، زا کے فتحہ کے ساتھ بھی آیا ہے، ایک مقام کا نام جہاں بت جمع کر کے اسے سنوارتے ہیں۔

زَیْن: (زمفتوح، ی ساکن، ن موقوف) سنوارنا۔

زَیْتُوْن: (زمفتوح، ی ساکن، ت مضموم، و ساکن، ن موقوف) ایک مشہور درخت، ایک شخص کا نام، دمشق میں ایک مسجد، چین میں ایک شہر، مصر میں ایک گاؤں، شام میں ایک کوہستان۔

﴿فصل الزاء مع الواو﴾

زَہْو: (زمفتوح، ہ ساکن، و موقوف) خوشنما منظر، تازہ گھاس، گھاس کی کلی، باطل، جھوٹ، گرفتہ، ترش کھجور، ترش رنگین انگور، غرور کرنا، ذلیل سمجھنا، ہلکا خیال کرنا، ترش کھجور کا رنگ پکڑنا، ناز کرنا، ہوا کا درخت کو ہلانا، کھجور کے درخت کا بلند ہونا، پیدائش کے وقت چھاتی کا دودھ سے بھر جانا۔

﴿فصل الزاء مع الیاء﴾

زَرَابِیّ: (زمفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ی مشدد موقوف) ٹیلے، وہ چیز جسے بچھا کر ٹیک لگائیں۔

زِرْبِیّ: (زمکسور، ر ساکن، ب مکسور، ی موقوف) واحد ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد وَزَرَابِیُّ مَبْثُوْثَۃ اور پھیلی ہوئی چاندنیاں (سورۂ غاشیہ)۔

زَکِیّ: (زمفتوح، ک مکسور، ی مشدد موقوف) پاک۔

زَیّ: (زمفتوح، ی مشدد موقوف) جمع کرنا۔

زِیّ: (زمکسور، ی مشدد موقوف) کپڑا، لباس۔

﴿ باب السین ﴾

﴿فصل السین مع الالف﴾

سَبْأ: (س مفتوح، ب ساکن، اَموقوف) بیچنے کے لیے شراب خریدنا۔

سَبَأ: (س مفتوح، ب مفتوح، اَموقوف) بلقیس کا شہر، ایک شخص کا لقب یمن کے عام قبائل اسی کی نسل سے ہیں، عبداللہ کے باپ کا نام، فرقۂ سبائیہ اسی کی طرف منسوب ہے یہ لوگ غالی شیعہ ہیں۔

سِبَاء: (س مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شراب۔

سَبَّاء: (س مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شراب فروش۔

سِبًى۔سِبَاء: (س مکسور، ب مفتوح، ی مقصورہ موقوف) (س مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گرفتار کرنا، قید کرنا، شراب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، معشوق کا عاشق کے دل کو موہ لینا۔

سَبَایَا: (س مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) قیدی، گرفتار شخص۔

سَجَایَا: (س مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) عادتیں، سَجِیَّۃ کی جمع ہے۔

سِحَاء: (س مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کتاب کی جلد سازی کا باریک چمڑا، مشہور سَحَا بالجیم ہے۔

سِخَاء: (س مکسور، خ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ایک خاردار پودا جس سے شہد کی مکھی شہد حاصل کرتی ہے۔

سَحْنَا۔سَحْنَۃ: (س مفتوح، ح ساکن، ن مفتوح، ا موقوف) (س مفتوح، ح ساکن، ن مفتوح، ہ موقوف) شکل وصورت، شکل وصورت کی نرمی اور تازگی، رنگ کی تازگی، حاء کی حرکت کے ساتھ بھی آیا ہے۔

سَخَا: (س مفتوح، خ مفتوح، ا موقوف) فیاضی، مصر میں ایک شہر۔

سُدًى: (س مضموم، د مفتوح، ی مقصورہ موقوف) چھوڑا ہوا، بیکار کیا ہوا، کپڑے کا تانا، واحد اور جمع دونوں ہے۔

سِدْرَۃُ الْمُنْتَہٰی: (س مکسور، د ساکن، ر مفتوح، ۃ مضموم، ل ساکن، م مضموم، ن ساکن، ت مفتوح، ہ مفتوح، ی مقصورہ موقوف) ساتویں آسمان پر بیری کا درخت جو انسانوں کے اعمال کا منتہٰی اور مخلوق کے علم کی انتہا ہے۔

سَرَایَا: (س مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) وہ لشکر جسے کسی جگہ روانہ کریں، سَرِیَّۃ کی جمع ہے۔

سُرًى: (س مضموم، ر مفتوح، ی مقصورہ موقوف) رات میں چلنا۔

سَرَاء: (س مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ایک درخت ہے جس سے کمان بناتے ہیں۔

سَرَّاء: (س مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) رات میں بہت چلنے والا، شادی، نفع، ضَرَّاء کی ضد ہے۔

سَامَرّٰی: (س مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ر مشدد مفتوح، ی مقصورہ موقوف)

سُرَّمَنْ رَای: (س مضموم، ر مشدد مفتوح، م مفتوح، ن ساکن، ر مفتوح، ی مقصورہ موقوف)

سَرَّمَنْ رَای: (س مفتوح الخ)

سَرُّمَنْ رَای: (س مفتوح، ر مشدد مضموم) معتصم باللہ کا تعمیر کیا ہوا مشہور شہر، اس کی تعمیر کی ابتدا میں اسے ساء من رای کہتے تھے، جب مکمل ہو گیا اور لوگوں نے اس کو پسند کیا تو اس کو سر من رای کہنے لگے۔

سُقْمُونِیَا: (س مضموم، ق ساکن، م مضموم، و ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ا موقوف) ایک قسم کا پودا جو مسہل صفرا ہے، طب کی کتابوں میں اس کے گوند کو سقمونیا کہتے ہیں اور فارسی میں اسی کو محمودہ کہتے ہیں۔

سِقَاء: (س مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مشک جس میں پانی یا دودھ رکھیں۔

سَقَّاء: (س مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پانی دینے والا، ایک پرندے کا نام ہے جو گلے میں پانی محفوظ رکھتا ہے۔

سُقْیَا: (س مضموم، ق ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) پانی کا حصہ، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے نَاقَۃَ اللّٰہِ وَسُقْیٰھَا اللہ کے ناقہ اور اس کے پینے کی باری سے بچو۔

سُکْنیٰ: (س مضموم، ک ساکن، ن مفتوح، ا مقصورہ موقوف) کسی جگہ ٹھہرنا۔

سُکَارٰی: (س مفتوح و مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) مدہوش۔

سَلْوٰی: (س مفتوح، ل ساکن، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) ایک پرندہ ہے جسے سمانی بروزن حباری بھی کہتے ہیں، فارسی میں اسے بوذنہ کہتے ہیں، ہندی میں بٹیر۔

سَلْمیٰ: (س مفتوح، ل ساکن، م مفتوح، ا مقصورہ موقوف) حسن و جمال میں مشہور عورت کا نام ہے، قبیلہ طے کے دو پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ کا نام ہے، بنو دارم کا ایک قبیلہ۔

سُلَامیٰ: (س مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ا مقصورہ موقوف) ہاتھ اور پیر کی انگلیوں کی ہڈیاں (مفرد اور جمع دونوں کے لیے ہے)

سَمَاء: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) آسمان، گھر کی چھت، سائبان، بادل، بارش، گھوڑے کی پیٹھ، گھاس، ایک گھوڑے کا نام ہے۔

سَنَاء: (س مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) روشنی، ایک گھاس ہے جسے سنای کی کہتے ہیں، اس معنی میں مد کے ساتھ بھی ہے، ایک قسم کا ریشمی کپڑا، نجد کی ایک وادی کا نام ہے، اسماء بنت صلت کی لڑکی کا نام ہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا، صحبت سے پہلے ہی وہ مر گئیں، مد کے ساتھ بلندی اور اسی سے سنائی ماخوذ ہے، عرب کا خوش گو شاعر جو بعد میں حکیم سنائی کے نام سے مشہور ہوا۔

سَوْء: (س مفتوح، و ساکن، ء موقوف) غمگین کرنا، برائی کرنا۔

سُوْء: (س مضموم، و ساکن، ء موقوف) غم، برائی، آگ، برص، ہر مصیبت۔

سُوْآیٰ: (س مضموم، و ساکن، ا مفتوح، ا مقصورہ موقوف) برائی کرنا، برائی، آگ۔

سِوَیٰ: (س مکسور، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) علاوہ، برابر، برابری، کسی چیز کا درمیانی حصہ۔

سَوَاء: (س مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) برابری، برابر، علاوہ، وغیرہ، بیچ کا حصہ، پہاڑی قلعہ، نصف النہار، دن کا درمیانی حصہ۔

سَوْدَاء: (س مفتوح، و ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط، برا کام، ایک شہر کا نام، مدینہ کے قریب ایک مقام، حَبَّۃُ السَّوْدَا سیاہ دانہ، کلونجی، منگریلا۔

سُوَیْدَاء: (س مضموم، و مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دل کا کالا نقطہ۔

سُہَا: (س مضموم، ہ مفتوح، ا موقوف) بنات النعش الکبریٰ میں ایک چھوٹے ستارے کا نام صاحب قاموس کہتے ہیں بنات النعش الصغریٰ میں ایک ستارہ ہے پہلا قول درست ہے۔

سِیْمَاء: (س مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) نشان، علامت قصر اور مد دونوں کے ساتھ آیا ہے۔

سِیَّمَا: (س مکسور ی مشدد مفتوح م مفتوح ا موقوف) خاص کر خاص طور سے۔

سَیْنَا: (س مفتوح، ی ساکن، ن مفتوح، ا موقوف) ابو علی کے دادا کا نام، (سیناء بالالف الممدودہ) ایک قسم کا پتھر، طور سینا سین کے فتحہ اور کسرہ اسی طرح مد اور قصر دونوں کے ساتھ آیا ہے، شام میں ایک پہاڑ ہے جسے طور سینین بھی کہتے ہیں۔

سِیْمِیَا: (س مکسور، ی ساکن، م مکسور، ی مفتوح، ا موقوف) ایسا علم ہے جس کے ذریعہ موہوم چیزوں کو جس کا حقیقت میں وجود نہ ہو لوگوں کو دکھا سکیں (علم طلسم جس سے ایک بدن سے روح دوسرے بدن میں لے جا سکیں)

﴿فصل السین مع الباء﴾

سَأْب: (س مفتوح، أ ساکن، ب موقوف) گلا گھونٹ کر مارنا، سیراب ہونا، مشک کشادہ کرنا، مشک یا چمڑے کا برتن جس میں مشک رکھیں۔

سَبّ: (س مفتوح، ب مشدد موقوف) گالی دینا، کاٹنا، نیزہ مارنا۔

سِبّ: (س مکسور، ب مشدد موقوف) پگڑی، اوڑھنی، رسی، کتان کا باریک کپڑا، ہر باریک کپڑا، بہت گالی دینے والا۔

سَبَب: (س مفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) رسی، ہر وہ چیز جس میں دوسری چیز پیوست کی جائے، پیوند، خویشی، شعر کا دو حرفی لفظ جس میں پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، اسباب جمع ہے۔

سَبِیْب: (س مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پیشانی کا بال، بال، پونچھ، الجھے بال، گھنگھرالے بال۔

سَبْسَبْ: (س مفتوح، ب ساکن، س مفتوح، ب موقوف) بیابان، برابر زمین، دور۔

سَحْب: (س مفتوح، ح ساکن، ب موقوف) کھینچنا، بہت کھانا، بہت پینا۔

سَحَاب: (س مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بادل، سَحَائِبْ و سُحُبْ جمع ہے۔

سِخَاب: (س مکسور، خ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) لونگ وغیرہ کا ہار جس میں جواہر نہ ہوں، سُخُبْ جمع ہے۔

سَذَاب: (س مفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) سداب کا معرب اور وہ مشہور گھاس ہے جسے فیجن بھی کہتے ہیں۔

سَرْب: (س مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) اونٹ، تمام چرنے والے جانور، راستہ، روش، رانگا، مہرہ۔

سَرَبْ: (س مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) مشک سے بہنے والا پانی، بہنا، مشک سے پانی کا ٹپکنا، جنگلی جانوروں کا باڑہ، زمین کا اندرونی گڑھا (تہہ خانہ)، نالی، ایک گھاس۔

سِرْب: (س مکسور، ر ساکن، ب موقوف) عورتوں کا گروہ، ہرن کا ریوڑ، پرندوں کا جھنڈ، دل، نفس، راستہ۔

سَرَاب: (س مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) وہ ریت جو گرمی کی دھوپ میں پانی نظر آئے اور اس کو نمائش آب کہتے ہیں، بسوس نامی عورت کی اونٹنی کا نام جو عرب میں منحوس ہونے میں مشہور تھی، اسی وجہ سے کہتے ہیں فُلَانٌ اَشْأَمُ مِنْ سَرَاب فلاں شخص سراب سے زیادہ منحوس ہے۔

سُرُوْب: (س مضموم، ر مضموم، و ساکن، ب موقوف) ایک سمت چلنا، باہر آنا۔

سَارِبْ: (س مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ب موقوف) ایک سمت چلنے والا، زمین پر چلنے والا۔

سِرْدَاب: (س مکسور، ر ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) تہہ خانہ، سرد آبہ کا معرب ہے۔

سَرَ اندِیْب: (س مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن ساکن، د مکسور، ی ساکن، ب موقوف) ہندوستان کا مشہور شہر جو بحر ہند کا ایک جزیرہ ہے۔

سَغْب: (س مفتوح، غ ساکن، ب موقوف) بھوکا ہونا، پیاسا ہونا۔

سَغَبْ: (س مفتوح، غ مفتوح، ب موقوف) بھوکا ہونا، بھوک۔

سَقْب: (س مفتوح، ق ساکن، ب موقوف) اونٹ کا نر بچہ، خیمہ کا کھمبا، ہر لمبی چیز۔

سَقَبْ: (س مفتوح، ق مفتوح، ب موقوف) قریب ہونا قریب کی منزل۔

سَکْب: (س مفتوح، ک ساکن، ب موقوف) پانی بہانا، بہایا ہوا، ایک قسم کا کپڑا، لمبا آدمی، ہمیشہ بہنے والا پانی، عمدہ گھوڑا، خوشحال آدمی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ گھوڑا جس کے آپ سب سے پہلے مالک ہوئے۔

سَکَبْ: (س مفتوح، ک مفتوح، ب موقوف) خوشبودار درخت، لالۂ شقائق النعمان۔

سَلْب: (س مفتوح، ل ساکن، ب موقوف) لے جانا، تیز رفتار، جلدی۔

سَلَبْ: (س مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) لے جانا، ماتمی لباس پہننا، مقتول کا لباس اور اسلحہ وغیرہ جو اتار لیا جائے، ایک گھاس کا نام ہے، ایک لمبا درخت ہے، یمن میں ایک درخت ہے جس سے رسی بٹتے ہیں، حیوان کی کھال، یہاں فعل مفعول کے معنی میں ہے۔

سَلِبْ: (س مفتوح، ل مکسور، ب موقوف) لمبا، چست، تیز۔

سَلِیْب: (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ب موقوف) چھینا ہوا، بیہوش آدمی۔

سِلَاب: (س مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ماتمی کپڑا۔

سَلُوْب: (س مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ب موقوف) وہ عورت اور اونٹنی جو ناقص بچہ جنے۔

سَهْب: (س مفتوح، ہ ساکن، ب موقوف) صحرا، کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا، تیز رفتار۔

سُهْب: (س مضموم، ہ ساکن، ب موقوف) برابر زمین۔

سَیْب: (س مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) بخشش، احسان، گھوڑے کی پونچھ کا بال، پانی کا جاری ہونا، چوپائے کا تیز چلنا۔

سِیْب: (س مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پانی بہنے کا راستہ، خوارزم اور بصرہ میں ایک نہر کا نام ہے

﴿فصل السین مع التاء﴾

سَأَت: (س مفتوح، أ ساکن، ت موقوف) گلا گھونٹ کر مارنا۔

سَادَۃ: (س مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) پیشوا، سردار، سایہ بمعنی سید کی جمع ہے سادات جمع الجمع ہے۔

سَبْحَلَۃ: (س مفتوح، ب ساکن، ح مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) سبحان اللہ کہنا۔

سَبْت: (س مفتوح، ب ساکن، ت موقوف) آرائش، زمانہ، سنیچر کا دن، اونٹ کی ایک قسم کی چال، بال کھولنا، سر اور گردن کا بال مونڈنا، سنیچر کے دن یہودیوں کا عبادت کرنا، احمد سبتی ہارون رشید کے لڑکے جو اپنے زمانہ کے قطب تھے ان کو سبتی اس لیے کہتے ہیں کہ وہ ہر ہفتہ میں چھ دن اللہ کی عبادت میں مصروف رہتے اور سنیچر کے دن رزق حلال کے لیے کوئی کام کرتے۔

سِبْت: (س مکسور، ب ساکن، ت موقوف) جوتا بنانے کے لیے گائے کا دباغت دیا ہوا چمڑا، جوتیاں۔

سُبْت: (س مضموم، ب ساکن، ت موقوف) خطمی کی طرح ایک گھاس، سَنْت بھی اسی معنی میں ہے۔

سُبَات: (س مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) نیند، آرام، ارشاد باری ہے وَجَعَلْنَا نَوْمَکُمْ سُبَاتاً اور ہم نے تمہاری نیند کو آرام کے لیے بنایا، ایک مرض ہے جو خواب اور بیہوشی لاتا ہے، زمانہ۔

سَبْرُوت: (س مفتوح، ب ساکن، ر مضموم، و ساکن، ت موقوف) بے گھاس خشک زمین، تھوڑی چیز، فقیر آدمی۔

سَبَرَت: (س مفتوح، ب ساکن، ر مفتوح، ت موقوف) صبح، ٹھنڈا، سَبَرَات جمع ہے، مغرب میں ایک شہر ہے، چند صحابہ کا نام۔

سِبَاحَۃ: (س مفتوح / مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) تیرنا۔

سُبْحَۃ: (س مضموم، ب ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) تسبیح کے دانے، نفل نمازیں، حق تعالیٰ کا ذکر۔

سَبْحَۃ: (س مفتوح، ب ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) چمڑے کا لباس، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا گھوڑا، جعفر طیار کا گھوڑا، سُبْحَۃُ اللہ حق تعالیٰ کا جلال اور بزرگی۔

سُبُحَات: (س مضموم، ب مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) سجدے کی جگہیں، سجدہ گاہ، سُبُحَاتُ وَجْہِ اللّٰہ اللہ تعالیٰ کے جلال کے انوار۔

سَبُّوحَۃ: (س مفتوح، ب مضموم، و ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) مکہ معظمہ، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ عرفات میں ایک وادی کا نام ہے۔

سَابِحَات: (س مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) کشتیاں، ستارے، مومنوں کی روحیں، ارشاد باری ہے السَّابِحَاتِ سَبْحاً مومنین کی روحیں آسانی سے پھریں۔

سَبْخَۃ: (س مفتوح، ب ساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) شوریلی زمین، ادسر زمین۔

سَبْقَۃ: (س مفتوح، ب ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) آگے ہونا۔

سُبَاطَۃ: (س مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) کوڑا کرکٹ جو گھر سے جھاڑ کر باہر پھینکیں، گھوڑا۔

سَبِیْکَۃ: (س مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) سونے چاندی کا گلایا ہوا ٹکڑا۔

سَبْعَۃ: (س مفتوح، ب ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) سات مرد، اونٹنی، ایک مرد کا نام۔

سَبَعَۃ: (س مفتوح، ب مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) سابع کی جمع۔

سُبَیْعَۃٌ: (س مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ایک صحابیہ کا نام۔

سَابِغَۃٌ: (س مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، غ مفتوح، ۃ موقوف) کامل نعمت، کشادہ زرہ۔

سَبَلَۃٌ: (س مفتوح، ب مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) مونچھ، سبال جمع۔

سُتْرَۃٌ: (س مضموم، ت ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) لباس، پردہ، وہ چیز جس سے خود کو چھپایا جائے۔

سِتَارَۃٌ: (س مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) لباس، پوشش، ایک پہاڑ کا نام ہے۔

سِتّ: (س مکسور، ت مشدد موقوف) چھ عورتیں۔

سِتَّۃٌ: (س مکسور، ت مشدد مفتوح، ۃ موقوف) چھ مرد، اس کی اصل سِدْس ہے، س کو تا سے بدل دیا اور دال کو تا میں مدغم کردیا۔

سَتَّۃٌ: (س مفتوح، ت مشدد مفتوح، ۃ موقوف) برا کلام، عیب دار کلام، ستّۃ عورتوں کا لقب جیسے خاتون، یہ اصل میں سَیِّدَۃ تھا کثرت استعمال سے ستہ ہوگیا، بعض لوگوں کے نزدیک اس کا معنی ستہ جہات ہے، انوری کہتا ہے

ع گو بندگی زنے مخیفہ است

سَبِیَّۃٌ: (س مفتوح، ب ساکن، ح مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خو، عادت۔

سَجِیَّۃٌ: (س مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) خمیر، عادت، خصلت، کسی چیز کی مقدار۔

سِجْدَۃٌ: (س مکسور، ج ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) عاجزی، زمین پر سر رکھنا، سورۃ السجدہ ایک سورہ کا نام ہے۔

سَجَّادَۃٌ: (س مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) جانماز، پیشانی پر سجدے کا نشان، بعض لوگ کہتے ہیں زمین پر سجدے کا نشان۔

سُحْت۔ سُحُتٌ: (س مضموم، ح ساکن، ت موقوف) (س مضموم، ح مضموم، ت موقوف) حرام، برا پیشہ جو ننگ و عار کا سبب ہو، جیسے کناسی، جاروب کشی، رشوت۔

سَحْت: (س مفتوح، ح ساکن، ت موقوف) ہڈی سے گوشت الگ کرنا۔

سَاحَۃٌ: (س مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) کشادگی، گھر اور سرائے کا صحن۔

سَخْتَۃٌ: (س مفتوح، خ ساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) شکل و صورت، چہرہ۔

سُحْرَۃٌ۔ سَحَرٌ: (س مضموم، ح ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) (س مفتوح، ح مفتوح، ر موقوف) ساحر کی جمع ہیں، جادوگر۔

سُخْت: (س مضموم، خ ساکن، ت موقوف) وہ چیز جو چوپائے کے شکم سے باہر آئے، بخت شدید یہ لفظ اسی معنی میں عربی و فارسی میں مستعمل ہے۔

سُخْرَۃٌ: (س مضموم، خ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) وہ آدمی جس پر استہزا اور افسوس کریں۔

سُخُرَۃٌ: (س مضموم، خ مضموم، ر مفتوح، ۃ موقوف) وہ آدمی جو کسی کا مذاق اڑائے، سُخْرَۃ وہ آدمی جو بیگار میں پکڑا جائے، سُخْرَۃ بیگار لینا۔

سَخْلَۃٌ: (س مفتوح، خ ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بکری کا نوزائیدہ بچہ۔

سُخْرِیَّۃٌ: (س مضموم، خ ساکن، ر مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) افسوس، تمسخر، ٹھٹھا۔

سَخِیمَۃٌ: (س مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) کینہ۔

سَخَافَۃٌ: (س مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) تنگ ہونا، تنگی، کم عقلی ظاہر کرنا۔

سَخْفَۃٌ: (س مفتوح، خ ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) تنگی، بھوک کی وجہ سے کمزوری۔

سُخَفَۃٌ: (س مضموم، خ مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) عقل کی تنگی۔

سُخُونَۃٌ: (س مضموم، خ مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) گرمی۔

سِدْرَۃٌ: (س مکسور، د ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بیری کا درخت، سدرۃُ المنتہیٰ ساتویں آسمان پر بیری کا درخت، اس معنی کی تحقیق گزر چکی ہے۔

سِدَانَۃٌ: (س مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) کعبہ کی خدمت کرنا، بت خانہ کی خدمت کرنا۔

سَدَنَۃٌ: (س مفتوح، د مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) کعبہ کے خدام، بت خانہ کے خدام، سادن کی جمع ہے۔

سُدَّۃٌ: (س مضموم، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) درگاہ، دروازہ، برآمدہ، بیٹھنے کی جگہ، دروازے کے سامنے طاق جہاں بیٹھ کر کچھ بیچیں، ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینا دشوار ہو، اطبا، غذا کی نلی اور رگوں اور جوڑوں کے درمیانی خلط کو سدہ کہتے ہیں، سُدّی ایک دانشمند کا لقب ہے جو مسجد کوفہ کے دروازہ پر اوڑھنی فروخت کرتا تھا۔

سُرَّۃٌ: (س مضموم، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ جگہ جہاں سے ناف (نال) کاٹتے ہیں۔

سَرِیَّۃٌ: (س مفتوح، ر مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) لشکر کا دستہ جو پانچ آدمیوں سے لے کر تین سو آدمیوں پر مشتمل ہوتا ہے یا چار سو پر۔

سُرِّیَّۃٌ: (س مضموم، ر مشدد مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ لونڈی جس کے لیے گھر بنائیں اور اس سے جماع کریں، سُرِّیَّۃ سِرّ کی طرف منسوب ہے یعنی جماع، اور سُرّ بالضم نسبت کا تغیر ہے۔

سَرِیْرَۃٌ: (س مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) راز، وہ چیز جو چھپائی جائے۔

سُرْعَۃٌ: (س مضموم، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) جلدی کرنا، بعض لوگ کہتے ہیں اول وقت میں کام میں جلدی کرنا یہ بہتر ہے اور عُجلۃ وقت سے پہلے جلدی کرنا، وہ مذموم ہے کہا گیا ہے اَلْعُجْلَۃُ مِنَ الشَّیْطَانِ التَّاَنِّی مِنَ الرَّحْمٰنِ جلدبازی شیطان کی طرف سے ہے اور تاخیر اللہ کی جانب سے ہے۔

سَرِقَۃٌ: (س مفتوح، ر مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) چرانا۔

سُرَادِقَات: (س مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) زنان خانے، پردے۔

سِرَایَۃٌ: (س مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) رات میں چلنا، کسی چیز کا کسی چیز کو جذب کرنا، کسی چیز کا جذب ہونا۔

سَارِیَۃٌ: (س مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کھمبا، رات کا بادل، ہر جگہ جانے والی چیز، ایک مجاہد کا نام ہے جن کو حضرت فاروق اعظم نے نہاوند بھیجا تھا چونکہ وہ دشمن کے مکر سے غافل تھے، قریب تھا کہ لشکر اسلام شکست کھا جاتا، حضرت عمر فاروق نے مسجد نبوی کے منبر سے معاملہ کی نزاکت کو دیکھ لیا اور پکارا یَا سَارِیَۃُ الْجَبَل انہوں نے اللہ کے حکم سے اس آواز کو سنا اور خبردار ہوئے اور کافروں کے لشکر کو شکست ہوئی۔

سِطْوَۃٌ: (س مکسور، ط ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) مضبوط پکڑنا، حملہ کرنا۔

سِعَایَۃٌ: (س مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) غمازی کرنا، مکاتب غلام کا آزادی کے لیے بدل کتابت کا کچھ حصہ دینا، زکوٰۃ اور صدقہ وصول کرنا۔

سُعَاۃ: (س مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) زکوٰۃ لینے والے۔

سَعَادَۃٌ: (س مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) نیک بخت ہونا۔

سَاعِدَۃٌ: (س مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) درندہ شیر، ایک مرد کا نام، بنو ساعدہ انصار کا ایک قبیلہ، سقیفہ بنی ساعدہ اسی قبیلے سے منسوب ہے۔

سِعْلَاۃ: (س مکسور، ع ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) بھوت، جن۔

سَاعَۃٌ: (س مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) تھوڑا زمانہ، زمانہ، حال، قیامت، وہ وقت جس میں قیامت قائم ہوگی، ہلاک ہونے والے، سَاعَۃ نجومیوں کی اصطلاح میں نصف گھڑی ہوتی ہے۔

سَعَۃٌ: (س مفتوح، ر مکسور، ع مفتوح، ۃ موقوف) کشادگی، گنجائش، توانگری، دسترس، طاقت، توانائی۔

سُفْرَۃٌ: (س مضموم، ف ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) توشہ دان، زادسفر، چمڑے کا دسترخوان۔

سَفَرَۃٌ: (س مفتوح، ف مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) لکھنے والے۔

سُفَارَۃٌ: (س مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) جھاڑو۔

سِفَارَۃٌ: (س مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پیغام رسانی کرنا، کسی جگہ پیغام لے جانا، صلح کرنا، وہ لوہا یا چمڑا جو اونٹ کی ناک میں ڈالیں، جو گھوڑے کی باگ کی جگہ لگاتے ہیں۔

سَفْتَجَۃٌ: (س مفتوح، ف ساکن، ت مفتوح، ج مفتوح، ۃ موقوف) کسی کا کسی کو مال دینا تاکہ وہ شہر تک اسے پہنچائے، ہنڈی دینا۔

سُفْتَجَۃٌ: (س مضموم، ف ساکن، ت مفتوح، ج مفتوح، ۃ موقوف) اس مال کو کہتے ہیں جو سلامتی کے ساتھ پہنچائیں، ہنڈی کا مال۔

سَفْت: (س مفتوح، ف ساکن، ت موقوف) پانی اور شراب وغیرہ زیادہ پینا اور اس سے آسودہ نہ ہونا۔

سِفْت: (س مکسور، ف ساکن، ت موقوف) تارکول۔

سَفِتٌ: (س مفتوح، ف مکسور، ت موقوف) بے برکت کھانا۔

سَفَالَۃٌ: (س مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کمینگی، خست، پستی، سُفالہ سِفالہ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

سِفْلَۃٌ: (س مکسور، ف ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کمینے لوگ، سَفِلۃ اسی معنی میں ہے، جمع ہے واحد نہیں لیکن عوام واحد استعمال کرتے ہیں۔ سَفِلۃ چوپایوں کے پیر۔

سَفَاہَۃٌ: (س مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) خفت ظاہر کرنا، بیوقوفی کرنا۔

سَفِیْنَۃٌ: (س مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) کشتی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام کا نام ہے۔

سَفَانَۃٌ: (س مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) کشتی بانی۔

سَفَّانَۃٌ: (س مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) بڑا مروارید، حاتم طائی کی بیٹی کا نام۔

سَقْطَۃٌ: (س مفتوح، ق ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) پھسلنا، گرنا۔

سَاقَۃٌ: (س مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) لشکر کا پچھلا دستہ۔

سِقَایَۃٌ: (س مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) پانی پلانا، پانی پینے کا برتن۔

سَقِیْفَۃٌ: (س مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) چھت پاٹنے کا پتھر، کشتی کا تختہ، تختی کی طرح لکڑی کا چوڑا تختہ، سقیفہ بنی ساعدہ ایک بیٹھک تھی جس میں انصار کسی مہم یا اصلاح و مشورہ کے لیے جمع ہوتے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد انصار اس جگہ جمع ہوئے تاکہ سعد بن عبادہ کے ہاتھ پر بیعت کریں، جب مہاجرین کو معلوم ہوا انصار کو حجت و دلیل سے قائل کرلیا، بالآخر انصار و مہاجرین نے حضرت ابو بکر کے ہاتھ پر بیعت کی، عوام جو کہتے ہیں سقیفہ بستند یعنی جھوٹ کہا، یہ معنی لغت کی کتابوں میں نہیں ملتا، بظاہر اس کا ماخذ یہ ہے کہ چونکہ عرب بیہودہ باتوں کے لیے سقیفہ (بیٹھک) میں جمع ہوتے تھے انصار سعد بن عبادہ کو سقیفہ میں بے دلیل لائے اور انہوں نے آپ کے ہاتھ پر بیعت خلافت کرنی چاہی، اس مناسبت سے سقیفہ کے معنی دروغ اور باطل کہا جا سکتا ہے، ایسا نہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت غلط اور باطل تھی جیسا کہ بعض بدمذہب لوگوں نے گمان کیا ہے۔

سَکْت ـ سُکُوْت: (س مفتوح، ک ساکن، ت موقوف) (س مضموم، ک مضموم، و ساکن، ت موقوف) خاموش ہونا، غصہ فرو ہونا۔

سُکَیْت: (س مضموم، ک مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) گھڑ دوڑ کے میدان کے دس گھوڑوں میں سے آخری گھوڑا، اسے فاشوراو فسکلی بھی کہتے ہیں۔

سِکِّیْت: (س مکسور، ک مشدد مکسور، ی ساکن، ت موقوف) بہت خاموش رہنے والا شخص۔

سَکْتَۃٌ: (س مفتوح، ک ساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) ایک مشہور بیماری کا نام جس میں سارے اعضا بے حس و حرکت ہو جاتے ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ مریض مر گیا ہو، سُکْتَۃٌ بچہ وغیرہ کو چپ کرانے کی چیز۔

سَکْرَانَۃٌ: (س مفتوح، ک ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) مدہوش عورت۔

سَکْرَۃ: (س مفتوح، ک ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بیہوشی، موت کی سختی، غم کی شدت۔

سَکْنَۃ: (س مفتوح، ک ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) سر اور گردن کے اتصال کی جگہ، مسکن، سکون، سچائی، استقامت۔

سَکَنَۃ: (س مفتوح، ک مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) ساکن کی جمع۔

سَکِیْنَۃ: (س مفتوح، ک مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) آرام، اطمینان، وہ چیز جس سے آرام حاصل کریں، ایک چیز کا نام ہے جو بنی اسرائیل کے تابوت میں تھی جس کا سر بلی کے سر کی طرح اور پاؤں یاقوت و زبرجد کے تھے۔

سُکَیْنَۃ: (س مضموم، ک مفتوح، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) امام حسین رضی اللہ عنہ کی بیٹی کا نام، ایک صحابی کا نام، نمرود کو ہلاک کرنے والا مچھر، گدھی۔

سَکِّیْنَۃ: (س مفتوح، ک مشدد مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) علی بن حسین بن سکینہ کا نام۔

سِکَّۃ: (س مکسور، ک مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گلی، محلہ، بازار، رستہ، کھجور کا درخت، ہموار راستہ، لوہا جس سے مہر کرتے ہیں، ہل کا پھار، کھیت جوتنے کا آلہ۔

سَلْت: (س مفتوح، ل ساکن، ت موقوف) آنتوں کو ہاتھ سے کھینچنا، ناک کاٹنا، پیالے کو انگلی سے صاف کر کے چاٹنا، کاٹنا، مارنا، بیٹ کرنا۔

سُلْت: (س مضموم، ل ساکن، ت موقوف) جو یا بغیر چھلکے کا جو، کھلا جو۔

سَلَّۃ: (س مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تلوار نیام سے کھینچنا، چھری غلاف سے نکالنا، چوری، گھڑ دوڑ، برتن جس میں کھانا یا کپڑا یا میوہ رکھیں۔

سُلَالَۃ: (س مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز سے نکالا ہوا، خلاصہ، نطفہ۔

سِلْسِلَۃ: (س مکسور، ل ساکن، س مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) لوہے وغیرہ کی زنجیر، سِلْسِلَۃُ البَرق چوڑائی میں کوندنے والی بجلی۔

سَلْسَلَۃ: (س مفتوح، ل ساکن، س مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) ایک کو دوسرے سے جوڑنا، اونٹ کی کوہان کا لمبا ٹکڑا۔

سَلِیْطَۃ: (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) زبان دراز عورت۔

سَلَاطَۃ: (س مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) دست درازی، زبان درازی، قہر، زور۔

سُلْطَۃ: (س مضموم، ل ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) تقرر، تسلط۔

سِلْطَۃ: (س مکسور، ل ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) پتلا لمبا تیر۔

سِلْعَۃ: (س مکسور، ل ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) گھر کا ساز و سامان، تجارت کا سامان، بدن کا پھوڑا، سر اور گردن کی گانٹھ، سَلعۃ (س مفتوح) اسی معنی میں ہے۔

سَالِفَۃ: (س مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ف مفتوح، ۃ موقوف) کنارہ کرنا، کندھا، آگے بڑھنے والے۔

سُلْفَۃ: (س مضموم، ل ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) نہاری، بھوک ختم کرنے والا، صبح کا کھانا۔

سَلْوَۃ: (س مفتوح، ل ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) تسلی، خوشی۔

سَلِیْقَۃ: (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) عادت، طبیعت، گھوڑے کے پہلو پر تسمے اور رسی کا نشان۔

سَلِیْخَۃ: (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) ایک دوا ہے جسے ہندی میں کھیلا کھیلی کہتے ہیں۔

سَلَاسَۃ: (س مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) نرم ہونا، آسان ہونا، ہموار ہونا۔

سِمَۃ: (س مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) نشان، داغ۔

سَمْت: (س مفتوح، م ساکن، ت موقوف) اچھے اطوار، سیدھا راستہ پانا، گمان سے راستہ پر چلنا، ارادہ کرنا، شکل و صورت، نیک آدمی۔

سَمَاحَۃ: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) جوانمردی۔

سَمَاجَۃ: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) برائی، بدصورتی، سختی، برا ہونا۔

سَامِعَۃ: (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ع مفتوح، ۃ موقوف) سننے کی قوت۔

سُمْعَۃ: (س مضموم، م ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) اپنا عمل دوسروں کو سنانا جیسے ریا، دکھاوے کے لیے عمل کرنا۔

سُمْرَۃ: (س مضموم، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گندمی رنگ، گندمی ہونا، گیہواں رنگ ہونا۔

سَمُرَۃ: (س مفتوح، م مضموم، ر مفتوح، ۃ موقوف) ایک خاردار درخت جو بیابان میں ہوتا ہے۔

سَامِرَۃ: (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) حرمین کے درمیان ایک گاؤں ہے، یہود کا ایک فرقہ جو بعض احکام میں عام یہودیوں کا مخالف ہے، اسی قبیلے سے سامری ہے۔

سَآمَۃ: (س مفتوح، ا ممدودہ، م مفتوح، ۃ موقوف) رنجیدہ ہونا، تنگ آنا۔

سَامَّۃ: (س مفتوح، ا ساکن، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خاصہ، عامہ کی ضد، زہریلا جانور۔

سَنَۃ: (س مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) سال۔

سِنَۃ: (س مکسور، ن مفتوح، ۃ موقوف) اونگھ۔

سُنَّۃ: (س مضموم، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) عادت، طور طریقہ، راستہ، مدینے کی ایک قسم کی کھجور۔

سِنَّۃ: (س مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا دندانہ۔

سُنْبُلَۃ: (س مضموم، ن ساکن، ب مضموم، ل مفتوح، ۃ موقوف) خوشہ، بالی، گچھا، ایک برج کا نام، سنابل جمع ہے۔

سَنْدَرَۃ: (س مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) بڑا پیمانہ، ایک درخت کا نام، جلدی کرنا، ایک عورت کا نام جو لوگوں کو پورا ناپ کر شراب دیتی۔

سُوْرَۃ: (س مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) شرف، مرتبہ، قرآن کا ایک حصہ۔

سَوْرَۃ: (س مفتوح، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) غصہ کی تیزی، شراب کی تیزی، بخار کی تیزی، بادشاہ کی سطوت، بادشاہ کا رعب وجلال۔

سَوَاسِیَۃ: (س مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) یکساں اور برابر ہونے والے، سَواء کی جمع ہے۔

سَوْءَۃ: (س مفتوح، و ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) عورت اور مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کا کھولنا باعث شرم ہے، بری عادت، برا کام، رسوائی۔

سَوِیَّۃ: (س مفتوح، و مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) برابری، برابر، زین کے مانند جھولی جس میں گھاس وغیرہ رکھیں اور اس پر سوار ہوں۔

سُوَیَّۃ: (س مضموم، و مفتوح، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک عورت کا نام ہے۔

سَاہِرَۃ: (س مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) زمین، روئے زمین، بہتا چشمہ، بیابان، شام کی سرزمین، قدس میں ایک پہاڑ، جہنم، وہ زمین جسے قیامت کے دن اللہ تعالی پیدا کرے گا۔

سُہُوْلَۃ: (س مضموم، ہ مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) نرمی، آسانی۔

سَہْوَۃ: (س مفتوح، ہ ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) اونٹنی، بڑا پتھر، طاق جس میں کچھ رکھیں، چھوٹا گھر، خزانہ، تنگ حجرہ۔

سِیَادَت: (س مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ت موقوف) پیشوائی، سرداری۔

سِیَاسَت: (س مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ت موقوف) ملک کی حفاظت کرنا، رعایا پر حکم چلانا، حکمرانی کرنا۔

سِیْرَۃ: (س مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) عادت، طریقہ، ہیئت، ایک قسم کی چال، کھانے پینے کی چیزیں جو اہل وعیال کے لیے لائیں۔

سَیَّارَۃ: (س مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) قافلہ، بہت چلنے والا، بہت سفر کرنے والا۔

سَیِّئَۃ: (س مفتوح، ی مشدد مکسور، ء مفتوح، ۃ موقوف) برائی، گناہ صغیرہ۔

سَائِمَۃ: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) وہ چوپائے جو باہر چرتے ہیں۔

سَائِبَۃ: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ب مفتوح، ۃ موقوف) رہا کیا ہوا، آزاد کردہ غلام، وہ اونٹنی جو دس مادہ بچے جنے، زمانہ جاہلیت میں ایسی اونٹنی کو آزاد کردیتے تھے اور اس پر سواری نہیں کرتے تھے

اور اس کا دودھ نہیں پیتے تھے مگر مہمان یا اس کا بچہ، جب وہ مرجاتی مرد اور عورتیں اسے کھاتے اور اس کے دسویں بچے کا کان چیر کر آزاد کر دیتے اور اسے بحیرہ کہتے، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس کام سے منع فرمایا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَائِبَةٍ اللہ نے مقرر نہیں کیا ہے کان چرا ہوا اور نہ بجار (سورہ مائدہ)

سَائِحَات: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) روزہ دار عورتیں، سیر کرنے والی عورتیں۔

سِيَاحَة: (س مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) سیر کرنا، زمین کے اندر جانا، کسی جگہ سیر کرنے کی عادت بنالینا۔

﴿فصل السین مع الجیم﴾

سَأْج: (س مفتوح، أ ساکن، ج موقوف) ایک پتھر ہے جس پر تلواریں صیقل کرتے ہیں (گھستے ہیں) اور دندانوں کو چمکاتے ہیں، سبز اور سیاہ چادر، ایک مشہور درخت کا نام، ساک کا معرب ہے۔

سَاذَج: (س مفتوح، ا ساکن، ذ مفتوح، ج موقوف) سادہ کا معرب، شاخ، چند قسم کی چیاں ہیں جو پانی کی سطح پر ہوتی ہیں جڑ نہیں رکھتیں۔

سَبَج: (س مفتوح، ب مفتوح، ج موقوف) شبہ کا معرب۔

سَبِيْج: (س مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ج موقوف) بے آستین کا پیراہن۔

سَجَاج: (س مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) وہ دودھ جو زیادہ پانی ملانے سے پتلا ہو گیا ہو۔

سَجْسَج: (س مفتوح، ج ساکن، س مفتوح، ج موقوف) ہموار زمین جو نہ سخت ہو اور نہ نرم ہو، طلوع صبح اور طلوع آفتاب کا درمیانی حصہ، معتدل دن جو نہ زیادہ گرم ہو نہ زیادہ سرد، حدیث میں ہے الجَنَّةُ هَوَاؤُهَا سَجْسَج جنت کی فضا معتدل ہے۔

سَحَج: (س مفتوح، ح مفتوح، ج موقوف) چھلنا، چھلکا اتارنا، کھال ادھیڑنا، وہ بیماری جو آنتوں کی خراش سے پیدا ہوتی ہے۔

سَدْج: (س مفتوح، د ساکن، ج موقوف) کسی چیز کا گمان کرنا۔

سَدَّاج: (س مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) کذاب، جھوٹا۔

سَرْج: (س مفتوح، ر ساکن، ج موقوف) زین، عورت کا چوٹی بنانا، خوبصورت ہونا۔

سِرَاج: (س مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) چراغ، سورج۔

سَرَّاج: (س مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) زین بیچنے والا، زین بنانے والا۔

سُرَيْج: (س مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ج موقوف) ایک لوہار کا نام ہے شمشیر سریجی اسی کی طرف منسوب ہے۔

سَلْج: (س مفتوح، ل ساکن، ج موقوف) لقمہ نگلنا۔

سُلَّج: (س مضموم، ل مشدد مفتوح، ج موقوف) ایک گھاس ہے جو اونٹ کھاتا ہے۔

سُمُج: (س مضموم، م مفتوح رکسور، ج موقوف) برا، بدشکل، سماج جمع ہے۔

سَمِيْج: (س مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ج موقوف) برا، شیر چرب جس کا ذائقہ بدل جائے، بدمزہ دودھ۔

سَنَّاج: (س مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) دیوار وغیرہ پر چراغ کے دھوئیں کا نشان۔

سَوْج۔ سُوَاج: (س مفتوح، و ساکن، ج موقوف) (س مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) آہستہ چلنا، دونوں دو الگ الگ جگہوں کا نام ہے۔

﴿فصل السین مع الحاء﴾

سَبْح: (س مفتوح، ب ساکن، ح موقوف) تیرنا، معاش میں تصرف کرنا، امور معاش میں مشغول ہونا، فارغ ہونا، آنا جانا، گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

سَابِح: (س مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ح موقوف) تیز دوڑنے والا

گھوڑا، تیرنے والا مرد۔

سَبُّوح: (س مفتوح، ب مضموم، و ساکن، ح موقوف) تیرنے والا، تیز دوڑنے والا گھوڑا، ایک گھوڑے کا نام ہے۔

سُبُّوح: (س مضموم، ب مشدد مضموم، و ساکن، ح موقوف) بہت پاک، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

سُجْح: (س مضموم، ج ساکن، ح موقوف) راستے کا بیچ، اعتدال کے ساتھ مرد کا دبلا اور لمبا ہونا، انداز، مقدار۔

سُجُح: (س مضموم، ج مضموم، ح موقوف) نرم اور ہموار رفتار۔

سُجَاح: (س مضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ہوا، سَجَاح ایک عورت کا نام ہے جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نبوت کا دعویٰ کیا، مسیلمہ کذاب جس نے اس وقت نبوت کا دعوی کیا تھا، سجاح کو اپنے پاس بلا کر نکاح کیا اور مہر کے عوض میں اپنے متبعین سے رات اور صبح کی نماز اٹھا دیا۔

سَحّ: (س مفتوح، ح مشدد موقوف) پانی بہانا، بلندی سے پانی گرنا، کوڑا وغیرہ مارنا، بہت موٹا ہونا۔

سَدْح: (س مفتوح، د ساکن، ح موقوف) چہرے کے بل یا پیٹھ کے بل پچھاڑنا، زمین پر پھیلانا، ذبح کرنا۔

سَرْح: (س مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) چرنے والا چوپایہ، چرنا، چرانا، چرنے کے لیے چھوڑنا، بڑے اور اونچے درخت، ہر وہ درخت جس میں کانٹا نہ ہو۔

سَرَاح: (س مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) طلاق، عورت کو آزاد کرنا۔

سَطْح: (س مفتوح، ط ساکن، ح موقوف) گھر کی چھت، ہر چیز کی بلندی، پھیلانا، زمین پر پچھاڑنا، پہلو کے بل لٹانا۔

سَطِیْح: (س مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ح موقوف) مقتول، پشت کے بل پڑا ہوا مریض جو بیماری اور ناتوانی کی وجہ سے جلد نہ اٹھ سکے، قبیلۂ بنی ذئب کے ایک کاہن کا نام ہے جس کے بدن میں کوئی ہڈی نہ تھی، توشہ دان، خیبر کا ایک قلعہ۔

سَفْح: (س مفتوح، ف ساکن، ح موقوف) ایک جگہ کا نام ہے، پہاڑ کا کنارہ، پہاڑ کا نچلا حصہ، پانی گرانا، آنسو بہنا، آنسو بہانا، بڑے پتھر۔

سِفَاح: (س مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) زنا کرنا، بدکاری کرنا۔

سَفَّاح: (س مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بہت بخشش کرنے والا آدمی، فصیح اور قادر الکلام شخص، خون بہانے والا، عباسی خلیفہ عبداللہ بن محمد اول کا لقب، سردار قوم عرب کا سردار۔

سَفِیْح: (س مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ح موقوف) موٹا کمبل، جوئے کا تیر جو حصہ رکھتا ہو، بورا۔

سِلَاح: (س مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ہتھیار، تلوار وغیرہ کی دھار کاٹنے والی چیز، سُلَاح چوپایوں کی بیٹھی، پاخانہ، سَلَاح خیبر کے قریب ایک مقام کا نام ہے۔

سَلْح: (س مفتوح، ل ساکن، ح موقوف) پاخانہ کرنا، ہتھیار بنانا، آدمی اور چوپایوں کا پاخانہ، سُلْح ایک چشمے کا نام، سِلْح ہتھیار۔

سَلَح: (س مفتوح، ل مفتوح، ح موقوف) ایک چشمے کا نام ہے، چکور کا بچہ۔

سُلَح۔ سُلَیْح۔ (س مضموم، ل مفتوح، ح موقوف) یمن کا ایک قبیلہ۔

سَمَاح: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) جوانمردی۔

سَمْح: (س مفتوح، م ساکن، ح موقوف) جوانمرد ہونا، جوانمرد۔

سَانِح۔ سَنِیْح: (س مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ح موقوف) (س مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ح موقوف) وہ شکار جو تیر انداز کے دائیں سمت سے بائیں سمت آئے اس شکار کو مبارک سمجھتے ہیں، بارح جو اس کی ضد ہے اسے منحوس کہتے ہیں، سانح وہ چیز جو کسی پر ظاہر ہو۔

سُنْح: (س مضموم، ن ساکن، ح موقوف) یمن و برکت، مدینہ کے قریب ایک جگہ کا نام۔

سَنْح: (س مفتوح، ن ساکن، ح موقوف) ظاہر ہونا، رائے سے پھرنا، آسانی سے شعر کہنا۔

سُنُوح: (س مضموم، ن مضموم، و ساکن، ح موقوف) داہنی طرف سے بائیں طرف آنا۔

سَیح: (س مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) پانی جاری ہونا، بہنا، سائے کا پلٹنا، ظاہر میں بہنے والا پانی، ایک قسم کی دھاری دار چادر اور کمبل۔

سَیَّاح: (س مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بہت سیر کرنے والا۔

سَائِح: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ح موقوف) روزہ رکھنے والا، عبادت کے لیے مسجد میں ہمیشہ رہنے والا۔

﴿فصل السین مع الخاء﴾

سَبخ: (س مفتوح، ب ساکن، خ موقوف) گہری نیند، فارغ ہونا۔

سَبِیخ: (س مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، خ موقوف) روئی اور اون وغیرہ دھننے کے لیے یکجا کرنا، پرندے کے بکھرے ہوئے پر، دوا رکھنے کے لیے روئی کا پھاہا۔

سَخّ: (س مفتوح، خ مشدد موقوف) ٹڈی کا زمین پر دم رگڑنا تاکہ انڈا دے۔

سَخَاخ: (س مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) نرم پتھریلی زمین، ماوراء النہر میں ایک جگہ کا نام۔

سَلخ: (س مفتوح، ل ساکن، خ موقوف) کھال اتارنا، کپڑا اتارنا، گزرنا، مہینہ ختم ہونا، مہینہ گزرنا، مہینہ کے آخر میں ہونا، مہینہ کا آخر، بکری اور سانپ کی اتاری ہوئی کھال، سَلخ تکلی کا دھاگا۔

سَلَّاخ: (س مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) کھال اتارنے والا۔

سَالِخ: (س مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، خ موقوف) ایک قسم کا سانپ اور کیڑا جو اونٹ کی کھال کو ادھیڑ دیتا ہے۔

سَمخ: (س مفتوح، م ساکن، خ موقوف) کان کے سوراخ میں کچھ پڑنا، اگنا، کھیتی کا ظاہر ہونا۔

سِمَاخ: (س مکسور، م مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) کان کا سوراخ، صِمَاخ کا مرادف۔

سِنخ: (س مکسور، ن ساکن، خ موقوف) جڑ، ہر چیز کی اصل، مسوڑا (دانت نکلنے کی جگہ) خراب تیل، بخار کی تیزی اور شدت، خراسان میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

سَنَخ: (س مفتوح، ن مفتوح، خ موقوف) تیل اور کھانے کا خراب اور بدمزہ ہونا۔

سُنُوخ: (س مضموم، ن مضموم، و ساکن، خ موقوف) راسخ العلم ہونا، علم میں پختہ ہونا۔

سَوخ: (س مفتوح، و ساکن، خ موقوف) چوپایوں کے پیروں کا کسی چیز کے تہہ نشیں ہونے کی وجہ سے زمین میں دھنس جانا، زمین کے اندر جانا، سُوخ ایک گاؤں ہے۔

سَیخ: (س مفتوح، ی ساکن، خ موقوف) مضبوط ہونا۔

﴿فصل السین مع الدال﴾

سَأْد: (س مفتوح، ء ساکن، مفتوح، د موقوف، ساکن) گلا گھونٹنا، پانی پینا۔

سَبد: (س مفتوح، ب ساکن، د موقوف) بال تراشنا۔

سِبد: (س مکسور، ب ساکن، د موقوف) بھیڑیا، سختی، مصیبت۔

سَبَد: (س مفتوح، ب مفتوح، د موقوف) کم بال، ہر تھوڑی چیز، عرب والے کہتے ہیں مَالَہٗ سَبَدٌ وَّلَا لَبَدٌ یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

سُبَد: (س مضموم، ب مفتوح، د موقوف) باز ایک قسم کا پرندہ جس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں، چیتھڑا جس سے حوض کی نالی بند کی جائے تاکہ پانی گندہ نہ ہو، مکہ اور طائف کے قریب ایک موضع کا نام ہے، نرم پروں والا پرندہ، تھوڑے پانی سے جس کے پر درہم برہم ہو جاتے ہیں۔

سَبِد: (س مفتوح، ب مکسور، د موقوف) گھاس کا بقیہ حصہ۔

سُجُود: (س مضموم، ج مضموم، و ساکن، د موقوف) زمین پر سر رکھنا، عاجزی کرنا۔

سُجَّد: (س مضموم، ج مشدد مفتوح، د موقوف) سجدہ کرنے والے، ساجد کی جمع، دراہم، اُنجاد ایسے درہم جن پر بتوں کی تصویریں تھیں اور لوگ ان کی پوجا کرتے تھے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اِسجاد یہود و نصاریٰ کی عبادت ہے۔

سَخْد: (س مفتوح، خ ساکن، د موقوف) گرم۔

سُخْد: (س مضموم، خ ساکن، د موقوف) گاڑھا زرد پانی جو بچے کے ساتھ رحم سے باہر آتا ہے۔

سَدّ: (س مفتوح، د مشدد موقوف) عیب جیسے گونگا بہرا ہونا، دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ، باز رکھنے والی چیز، سوراخ بند کرکے برابر کرنا، کسی چیز کو درست کرنا۔

سُدّ: (س مضموم، د مشدد موقوف) بادل، دو چیزوں کے درمیان حائل پہاڑ، خدا کی طرف سے پیدا کی ہوئی رکاوٹ۔

سَدَاد: (س مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کردار و گفتار کی راستی و درستی۔

سُدَاد: (س مضموم، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک بیماری جس میں ناک کا سوراخ بند ہو جاتا ہے اور سانس لینا دشوار ہوتا ہے، اسے سُدّہ بھی کہتے ہیں۔

سِدَاد: (س مکسور، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) وہ چیز جس سے سوراخ اور شیشی کا منہ بند کریں، اتنی چیز جس سے ضرورت پوری ہو جائے، دودھ جو اونٹنی کے تھن میں خشک ہو جائے۔

سَدِیْد: (س مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) سیدھا، درست، مستحکم، مضبوط۔

سَدَد: (س مفتوح، د مفتوح، د موقوف) سچائی اور درستی۔

سُدُد: (س مضموم، د مضموم، د موقوف) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ، سفید آنکھ جس سے دیکھ نہ سکیں، سدۃ کی جمع ہے۔

سَرْد: (س مفتوح، ر ساکن، د موقوف) مشک اور چمڑے کا شگاف سلنا، زرہ بننا، سوراخ کرنا، مسلسل بات کرنا، مسلسل خوبی کے ساتھ کلام کرنا، پے در پے روزہ رکھنا، سَرْ دَرْدْ دہدان میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

سَرْمَدْ: (س مفتوح، ر ساکن، م مفتوح، د موقوف) ہمیشہ، ہمیشہ رہنے والا، لمبی رات، حلب کے ماتحت ایک گاؤں ہے۔

سَعْد: (س مفتوح، ع ساکن، د موقوف) نیک بختی، نیک بخت بنانا، نیک بخت، ایک مرد کا نام ہے۔

سُعْد: (س مضموم، ع ساکن، د موقوف) خوشبودار بیج جسے مشک زمین کہتے ہیں، گر موتھا، لَبَّیْک و سَعْدَیْک میں تمہاری خدمت کے لیے بار بار حاضر ہوں۔

سُعُود: (س مضموم، ع مضموم، و ساکن، د موقوف) نیک بخت ہونا، نیک بخت سَعْد کی جمع ہے۔

سَعِیْد: (س مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، د موقوف) نیک بخت۔

سَاعِدْ: (س مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، د موقوف) آدمی کی کلائی، بازو، پر، سَوَاعِد جمع ہے، نیز سَوَاعِد بمعنی پانی کی نالیاں جو نہر اور دریا کی طرف جائیں، ہڈیوں میں مغز کی نالیاں۔

سُغْد: (س مضموم، غ ساکن، د موقوف) چند عمدہ دلکش باغ، سمرقند میں پھلدار درختوں سے بھرا ہوا ایک مقام۔

سِفَاد: (س مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، د موقوف) نر کا مادہ پر چڑھنا۔

سُفُّود: (س مضموم، ف مشدد مضموم، و ساکن، د موقوف) گوشت بھننے کی سیخ، لوہے کی سلاخ جس پر پرندوں کے کباب چڑھاتے ہیں اسے باب زن کہتے ہیں۔

سَمَاد: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، د موقوف) مٹی میں ملا ہوا گوبر جس سے زمین لیپتے ہیں۔

سُمُوْد: (س مضموم، م مضموم، و ساکن، د موقوف) غرور سے سر اونچا رکھنا، اوپر جانا، گھوڑے کا تیز چلنا، کھیلنا۔

سَمَنْد: (س مفتوح، م مفتوح، ن ساکن، د موقوف) مشہور گھوڑا جس کا رنگ زرد ہو اور دم سیاہ، یہ لفظ دراصل فارسی ہے۔

سَنْد: (س مفتوح، ن ساکن، د موقوف) ملک باجیکا ایک شہر ہے۔

سِنْد: (س مکسور، ن ساکن، د موقوف) ایک مشہور ملک ہے جس کے رہنے والوں کو سندی کہتے ہیں، سندی واحد، ہندوستان (پاکستان) میں ایک بڑے دریا کا نام، اندلس میں ایک گاؤں کا نام، مغرب میں ایک شہر، فارسی میں سندی حرام زادہ کے معنی میں ہے، معیوب قافیہ۔

سَنَد: (س مفتوح، ن مفتوح، د موقوف) تکیہ گاہ، ہر وہ چیز جس پر پیٹھ لگائیں، پہاڑ کا دامن، کسی چیز کی بلندی۔

سُنُود: (س مضموم، ن مضموم، و ساکن، د موقوف) کسی چیز پر پیٹھ لگانا۔

سِنَاد: (س مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، د موقوف) قوی بھاری بھرکم اونٹنی، اختلاف ردیف یعنی قافیہ شعر کے حرف آخر روی سے پہلے حرکات وسکنات اور مد کی یکسانیت ملحوظ نہ رکھنا شعر کا عیب ہے، فارسی میں اسے سند کہتے ہیں۔

سُوْد: (س مضموم، و ساکن، د موقوف) پیشوائی، کالی چیزیں، اسْوَد کی جمع ہے، سُوْد، پیشوا۔

سَوَاد: (س مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کالا رنگ، وہ شخص جو دور سے سیاہ نظر آئے، بہت مال، حواشی، ہر چیز کا بڑا عدد، اکثر لوگ، زیادہ لوگ، دل کا نقطہ جسے سویدا کہتے ہیں، شہر کے گاؤں۔

سِوَاد: (س مکسور، و مفتوح، ا ساکن، د موقوف) پوشیدہ بات کہنا، چھپانا۔

سُوَاد: (س مضموم، و مفتوح، ا ساکن، د موقوف) بکریوں کی ایک بیماری۔

سُہَاد: (س مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، د موقوف) بیداری۔

سَہَد: (س مفتوح، ہ مفتوح، د موقوف) بیدار ہونا۔

سُہُد: (س مضموم، ہ مضموم، د موقوف) کمخواب یعنی مشہور کپڑا زریں تاروں سے بنا ہوا جس میں پھول بنے ہوتے ہیں۔

سِیْد: (س مکسور، ی ساکن، د موقوف) بھیڑیا، شیر درندہ۔

سَیِّد: (س مفتوح، ی مشدد مکسور، د موقوف) پیشوا، سردار، بوڑھی بکری۔

سَائِد: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، د موقوف) پیشوا جو سید کے علاوہ ہو۔

﴿فصل السین مع الذال﴾

سَمِیْذ: (س مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ذ موقوف) سفید روئی۔

﴿فصل السین مع الراء﴾

سُئُوْر: (س مضموم، ی مضموم، و ساکن، ر موقوف) جوٹھا، بچا ہوا۔

سَائِر: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ر موقوف) باقی، تمام، سیر کرنے والا۔

سِبْر: (س مکسور، ب ساکن، ر موقوف) دشمنی کرنا، گالی دینا۔

سَبْر: (س مفتوح، ب ساکن، ر موقوف) زخم کے اندر سلائی ڈالنا تاکہ اس کی گہرائی معلوم ہو، آزمانا، شکل، صورت، جمال، رنگ، ہر چیز کی اصل، ان چار معنوں کے لیے سِبْر بھی آیا ہے۔

سِبَار: (س مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) وہ سلائی جس سے زخم کی گہرائی معلوم کریں، اسے سبار بھی کہتے ہیں۔

سَابُوْر: (س مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) ایک بادشاہ کا نام، یہ لفظ شاپور کا معرب ہے، ایران میں ایک شہر کا نام، ایک شخص کا نام۔

سَتْر: (س مفتوح، ت ساکن، ر موقوف) چھپانا۔

سِتْر: (س مکسور، ت ساکن، ر موقوف) پردہ، لباس، اَستار و سُتُور جمع ہے، خوف، شرم و حیا۔

سَتَر: (س مفتوح، ت مفتوح، ر موقوف) ڈھال۔

سَتِیْر: (س مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ر موقوف) چھپایا ہوا، پرہیزگار۔

سَاتِر: (س مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ر موقوف) چھپانے والا۔

سِتَار: (س مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پردہ، ایک پہاڑ کا نام، ایک جگہ کا نام۔

سَتَّار: (س مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہت چھپانے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے۔

سَاتُوْر: (س مفتوح، ا ساکن، ت مضموم، و ساکن، ر موقوف) فرعون کے جادوگروں کی ایک جماعت کا نام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائی۔

سَجْر: (س مفتوح، ج ساکن، ر موقوف) تنور گرم کرنا، نہر کو پانی سے

بھرنا، کسی کی حلق میں پانی ٹپکانا، اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔

سَجَرْ: (س مفتوح، ج مفتوح، رموقوف) وہ سرخی جو آنکھ کے سفید حصے میں ملی ہوئی ہو۔

سَجِیْر: (س مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، رموقوف) برگزیدہ دوست، منتخب دوست۔

سُجُوْر: (س مضموم، ج مضموم، وساکن، رموقوف) بچے سے بچھڑنے والی اونٹنی کا چیخنا۔

سَجُوْر: (س مفتوح، ج مضموم، وساکن، رموقوف) وہ چیز جس سے تنور گرم کریں۔

سَاجِرْ: (س مفتوح، اساکن، ج مکسور، رموقوف) وہ جگہ جو سیلاب کے پانی سے بھر گئی ہو، یمامہ میں ایک چشمے کا نام۔

سَاجُوْر: (س مفتوح، اساکن، ج مضموم، وساکن، رموقوف) وہ لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکاتے ہیں، صاحب صراح کہتے ہیں ساجور ایک جگہ کا نام ہے، وہ لکڑی جو کتے کی گردن پر باندھتے ہیں تاکہ انگور کا پھل آنے کے وقت انگور کے باغ کی دیوار میں داخل نہ ہو سکے۔

سِحْر: (س مکسور، ح ساکن، رموقوف) جادو کرنا، جاننا، فریب دینا، بیمار کرنا، ہر وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو، سُحْر، سَحْر، سَحَر شکم کا وہ اوپری حصہ جو پھیپھڑے سے ملا ہوا ہو۔

سَحَر: (س مفتوح، ح مفتوح، رموقوف) سفیدی اور صبح سے کچھ پہلے کا وقت جو سیاہی پر ظاہر ہو، ہر چیز کا کنارہ، اَسْحَار جمع ہے۔

سَحُوْر: (س مفتوح، ح مضموم، وساکن، رموقوف) سحری کا کھانا۔

سَخَر۔سُخُر۔سُخْر: (س مفتوح، مضموم، خ ساکن، مفتوح، مضموم، رموقوف) افسوس کرنا۔

سِدْر: (س مکسور، دساکن، رموقوف) بیری کا درخت، سِدْرَۃ واحد ہے۔

سَدَرْ: (س مفتوح، دمفتوح، رموقوف) حیران ہونا، گرمی اور سردی کی وجہ سے آنکھ کا چندھیانا۔

سَدِرْ: (س مفتوح، دمکسور، رموقوف) سراسیمہ ہونا، پریشان ہونا، وہ شخص جس کی آنکھ چندھیائے، دریا۔

سَادِرْ: (س مفتوح، اساکن، دمکسور، رموقوف) سراسیمہ، حیران، وہ آدمی جو کسی چیز سے نہ ڈرے اور کوئی غم نہ کرے۔

سَدِیْر: (س مفتوح، دمکسور، ی ساکن، رموقوف) حیرہ کے اطراف میں ایک نہر کا نام، ایک محل کا نام، سہ دِیْر کا معرب ہے، یمنی چادر، یمن میں ایک مقام ہے جہاں سے بردیمنی لاتے ہیں، مصر میں ایک جگہ ہے۔

سُدَیْر: (س مضموم، دمفتوح، ی ساکن، رموقوف) بصرہ اور کوفہ کے درمیان ایک میدان، حجاز میں ایک چشمہ، ایک مقام کا نام۔

سِرّ: (س مکسور، رمشدد موقوف) راز، وہ چیز جو چھپائی جائے، عورت کی شرمگاہ، جماع، بادل، زنا، نکاح، مہینہ کی ابتدا، بیچ یا آخر، عمدہ نسب، عمدہ زمین، کسی چیز کی گہرائی اور بیچ، بہترین، برگزیدہ نسب، وادی کا بیچ، عمدہ جگہ، ہتھیلی کی لکیر۔

سُرّ: (س مضموم، رمشدد موقوف) رے (قم) میں ایک گاؤں ہے، خوشی، ناف، سُرَّۃ ناف کی جگہ۔

سَرّ: (س مفتوح، رمشدد موقوف) اچھا آدمی، نیکی کرنے والا، خوشی منانے والا۔

سَرَرْ: (س مفتوح، رمفتوح، رموقوف) کھوکھلا ہونا۔

سُرَرْ: (س مضموم، رمفتوح، رموقوف) سُرَّۃ کی جمع ہے، مکہ کے قریب ایک جگہ جہاں ایک ایسا درخت ہے جس کے نیچے ستر پیغمبروں کی ناف (نال) کاٹی گئی، سِرَر بھی مستعمل ہے۔

سُرُرْ: (س مضموم، رمضموم، رموقوف) تختے، سَرِیْر کی جمع ہے، پودے کی ساق کے کنارے۔

سُرُوْر: (س مضموم، رمضموم، وساکن، رموقوف) شادی، خوشی، نازبو کی شاخیں۔

سَرِیْر: (س مفتوح، رمکسور، ی ساکن، رموقوف) تخت، گردن اور سر کے ملنے کی جگہ، ملک، بادشاہی، نعمت، وسعت، آرام، عیش۔

سَرَار: (س مفتوح ر مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) مہینے کی آخری رات، پھول اور ککرمتا کا چھلکا اور وہ مٹی جو اس پر لپٹی ہوئی ہو، ہتھیلی کی لکیر، پیشانی، اَسْرَار جمع ہے اور اَسَارِیْر جمع الجمع ہے۔

سَرَائِر: (س مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ر موقوف) پوشیدگیاں، سَرِیْرَۃ کی جمع ہے۔

سُرْسُوْر: (س مضموم، ر ساکن، س مضموم، و ساکن، ر موقوف) چالاک، وہ دانشمند جو ہر کام میں دخیل ہو۔

سَطْر: (س مفتوح، ط ساکن، ر موقوف) خط کھینچنا، لکیر کھینچنا، لکھنا، ڈوری، دھاگا، ہر چیز کی قطار جیسے درخت کا ریشہ، کتاب وغیرہ کی سطریں، اَسْطُر، سُطُوْر، اَسْطَار جمع ہے اور اَسَاطِیْر جمع الجمع ہے، اَسَاطَیْر طا کے فتحہ کے ساتھ بھی اسی معنی میں ہے، تلوار اور چھری سے کاٹنا، تیر، اساطیر بمعنی بے ربط مہمل باتیں، اُسْطُوْرَۃ کی جمع ہے۔

سَاطِر: (س مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ر موقوف) قصاب۔

سَاطُوْر: (س مفتوح، ا ساکن، ط مضموم، و ساکن، ر موقوف) چھری اور خنجر جس سے کوئی چیز کاٹی جائے۔

سَعْر: (س مفتوح، ع ساکن، ر موقوف) آگ روشن کرنا، جنگ کا گرم ہونا۔

سِعْر: (س مکسور، ع ساکن، ر موقوف) قیمت، دام۔

سُعْر: (س مضموم، ع ساکن، ر موقوف) گرمی، آگ کی حرارت، بھوک، سُعَار، دیوانگی، اونٹ کا دوڑنا، سُعُر عذاب، غم، سَعِر دیوانہ۔

سَاعُوْر: (س مفتوح، ا ساکن، ع مضموم، و ساکن، ر موقوف) تنور، آگ، مجوسیوں اور نصرانیوں کے طبیبوں کا سردار۔

سُعَیْر: (س مضموم، ع مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) ایک بت کا نام ہے، ایک صحابی کا نام ہے۔

سَعِیْر: (س مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ر موقوف) آگ جلانا، آگ کا شعلہ۔

سَعْتَر: (س مفتوح، ع ساکن، ت مفتوح، ر موقوف) ایک گھاس ہے جس کو فارسی میں آویش کہتے ہیں (اس گھاس سے معشوقوں کی زلف کو تشبیہ دیتے ہیں اور دواؤں میں کام آتی ہے)، کتب طب میں یہ لفظ شعیر لکھا جاتا ہے تاکہ شعر کے مشابہ نہ ہو۔

سَغْر: (س مفتوح، غ ساکن، ر موقوف) دور کرنا، کسی چیز کو فنا کرنا۔

سِفْر: (س مکسور، ف ساکن، ر موقوف) لکھا ہوا، کتاب، اَسْفَار جمع ہے۔

سَفْر: (س مفتوح، ف ساکن، ر موقوف) لکھنا، عورت کا چہرا کھولنا، گھر کو جھاڑ دینا۔

سَفَر: (س مفتوح، ف مفتوح، ر موقوف) مسافت طے کرنا، غروب آفتاب کے بعد دن کا اجالا۔

سَفِیْر: (س مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ر موقوف) قاصد، پیغام رساں، ایلچی۔

سِفَار: (س مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پیغام رسانی کرنا، سفارت کرنا، صلح کرنا، فرق کرنا، لوہا یا چمڑا جسے اونٹ کی مہار کی جگہ سر پر باندھیں۔

سَافِر: (س مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ر موقوف) سفر میں جانے والا، چہرا کھولنے والی عورت، کم گوشت والا گھوڑا، دبلا گھوڑا۔

سَقْر: (س مفتوح، ق ساکن، ر موقوف) سخت دھوپ کا چہرے کو جھلسا دینا، شکاری چرغ، شکرہ کی مانند ایک شکاری جانور۔

سَقَر: (س مفتوح، ق مفتوح، ر موقوف) جہنم، مکہ میں ایک پہاڑ ہے۔

سُکْر: (س مضموم، ک ساکن، ر موقوف) مستی، مدہوشی، مدہوش ہونا۔

سَکْر: (س مفتوح، ک ساکن، ر موقوف) پانی بند کرنا۔

سَکَر: (س مفتوح، ک مفتوح، ر موقوف) مست ہونا، کھجور کی نبیذ، شراب، ہر نشہ آور چیز، کھانا، پیٹ بھرنا، غصہ، سرکہ، مشہور کھٹا عرق۔

سُکَّر: (س مضموم، ک مشدد مفتوح، ر موقوف) شکر کا معرب ہے، کھانڈ، چینی (م)

سَکَّار: (س مفتوح، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) نبیذ بیچنے والا۔

سِکِّیْر: (س مکسور، ک مشدد مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ہمیشہ مست رہنے والا۔

سَمَر: (س مفتوح، م مفتوح، ر موقوف) افسانہ، قصہ، کہانی، قصہ بیان

کرنا، رات کی گفتگو، چاند کا سایہ، زمانہ (جہاں سایہ ہو اس کو سمر اور جہاں چاندنی ہو اس کو قمر کہتے ہیں)

سَمِیْر: (س مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) قصہ کہنے والا، قصہ کہنے والے، مفرد اور جمع دونوں کے لیے ہے۔

سَامِرْ: (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ر موقوف) افسانہ کہنے والا، قصہ بیان کرنے والا۔

سَمَار: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پانی ملا ہوا پتلا دودھ، ایک مقام کا نام ہے۔

سِمْسَار: (س مکسور، م ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) دلال جو بائع اور مشتری (خریدنے اور بیچنے والے) کے درمیان سودا طے کراتا ہے، پیغام رساں، وہ شخص جو دوستوں کے درمیان واسطہ ہو۔

سَمَنْدَرْ: (س مفتوح، م مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ر موقوف) ایک جانور جس کی کھال کو آگ نہیں جلاتی ہے، اسے سَمِنْدَر بھی کہتے ہیں۔

سِنْجَار: (س مکسور، ن ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) موصل سے تین روز کے فاصلے پر ایک شہر ہے جو سلطان سنجر کا مولد ہے، مصر میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

سِنِمَّار: (س مکسور، ن مکسور، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) چاند، رات میں نہ سونے والا آدمی، چور، ایک معمار کا نام ہے جس نے نعمان بن امرؤالقیس کے لیے کوفہ کے قریب ایک محل تعمیر کیا تھا جب محل تعمیر ہو گیا اس کو محل کی چھت سے نیچے گرا کر ہلاک کر دیا تا کہ وہ کسی اور کے لیے ایسا محل نہ بنائے یا ایک عربی غلام تھا جب اس نے اس کا مکان مکمل کر دیا اور بہت مضبوط بنایا اس نے بتایا کہ اس محل میں ایک ایسا پتھر ہے کہ اگر وہ گر جائے پورا محل ویران ہو جائے گا لہٰذا مالک مکان نے اس خوف سے اس غلام کو ہلاک کر دیا۔

سَنُّوْر: (س مفتوح، ن مشدد مضموم، و ساکن، ر موقوف) چمڑے کے تسمے کا کوٹ بننا، ہتھیار۔

سِنَّوْر: (س مکسور، ن مشدد مفتوح، و ساکن، ر موقوف) بلی، پیشوا، گردن کی ہڈی کے مہرے، پونچھ کی جڑ۔

سُوْر: (س مضموم، و ساکن، ر موقوف) شہر پناہ، دیوار شہر، ایک سبز مخروطی درخت جس کی پتیاں گول جس کا پھل چھوٹا اور سرخ ہوتا ہے اور اس کی لکڑیاں بھی سرخ ہوتی ہیں، یہ فارسی لفظ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کو اپنی زبان سے ارشاد فرمایا، قرآن کی سورتیں، سُوْرَۃ کی جمع سُوَر ہے۔

سِوَار: (س مکسور مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) کنگن، اَسْوِرَہ جمع ہے اور اَسَاوِرَۃ جمع الجمع ہے۔

سَوَّار: (س مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) شیر درندہ، چند آدمیوں کا نام ہے۔

سَهَرْ: (س مفتوح، ہ مفتوح، ر موقوف) بیداری، بیدار رہنا۔

سِیْسَنْبَرْ: (س مکسور، ی ساکن، س مفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ر موقوف) ایک پھول ہے جسے تمام بھی کہتے ہیں۔

سَیْر: (س مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) چمڑے کا تسمہ، سُیُور جمع ہے، چلنا، ہانکنا۔

﴿فصل السین مع السین﴾

سَجَسْ: (س مفتوح، ج مفتوح، س موقوف) گدلا پانی۔

سَجِیْس: (س مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، س موقوف) ہمیشہ گدلا اور متغیر ہونے والا۔

سِجَاس: (س مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، س موقوف) ہمدان اور ابہر کے درمیان ایک شہر کا نام ہے۔

سُدُس: (س مضموم، د مضموم، ساکن، س موقوف) چھٹا حصہ۔

سِدْس: (س مکسور، د ساکن، س موقوف) ہر چھٹے دن اونٹ کو ایک بار پانی دینا۔

سَدْس: (س مفتوح، د ساکن، س موقوف) مال کا چھٹا حصہ ہونا۔

سَدَس: (س مفتوح، د مفتوح، س موقوف) آٹھ سال کے اونٹ کا دانت۔

سَدِیْس : (س مفتوح، دمکسور، ی ساکن، س موقوف) چھٹا حصہ، چھ سال کا اونٹ، چھ سال کی بکری، چھ گز کا ازار۔

سَدُوْس: (س مفتوح، دمضموم، وساکن، س موقوف) ایک قبیلہ کے مورث اعلیٰ کا نام جس کے اکیس پوتے تھے، ایک مرد کا نام۔

سُدُوْس: (س مضموم، دمضموم، وساکن، س موقوف) سبز اور نیلی چادر، قبیلہ طے کے ایک شخص کا نام۔

سَادِس : (س مفتوح، اساکن، دمکسور، س موقوف) چھٹا، چھ کرنے والا۔

سَرْخَس : (س مفتوح، رساکن، خ مفتوح، س موقوف) خراسان میں ایک بڑا شہر۔

سَرِس ۔ سَرِیْس (س مفتوح، رمکسور، ی ساکن، س موقوف) نامرد، ایسا شخص جس کی اولاد نہ ہو، کمزور، وہ چالاک مرد جس کے ہاتھ میں جو کچھ ہو محفوظ رکھے اور ضائع نہ کرے۔

سَلْس : (س مفتوح، ل ساکن، س موقوف) گوشوارہ، بالی، وہ دھاگہ جس میں سفید موتی پروئیں جنہیں کنیزیں پہنتی ہیں۔

سَلَس : (س مفتوح، ل مفتوح، س موقوف) نرمی، ہمواری۔

سَلِس : (س مفتوح، ل مکسور، س موقوف) نرم، ہموار، آدمی کا دھڑ، نمدہ۔

سَلِیْس : (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، س موقوف) جاری، بہنے والا، رواں، ہموار۔

سُلَاس: (س مضموم، ل مفتوح، اساکن، س موقوف) بیہوشی۔

سَلَمَاس: (س مفتوح، ل مفتوح، م مفتوح، اساکن، س موقوف) آذربائیجان میں ایک شہر کا نام۔

سُنْدُس: (س مضموم، ن ساکن، دمضموم، س موقوف) ایک قسم کا باریک نازک ریشمی کپڑا۔

سُنْدَرُوْس: (س مضموم، ن ساکن، د مفتوح، ر مضموم، و ساکن، س موقوف) کہربا کی مانند ایک زرد رنگ کا گوند ہے جس سے کمان رنگتے ہیں، یہ لفظ فارسی ہے۔

سُوْس: (س مضموم، وساکن، س موقوف) طبیعت، اصل، ایک کیڑا ہے جو ریشم اور اون میں پڑتا ہے جسے دیوچہ کہتے ہیں، گھن، دیمک، جونک، ایک درخت ہے جس کی جڑ کا ریشہ کچھ میٹھا ہوتا ہے اور اس کی شاخ میں تلخی ہوتی ہے، اہواز میں ایک شہر ہے جسے سوس بن سام بن نوح نے آباد کیا، وہیں دانیال پیغمبر علیہ السلام کی قبر ہے، ہَارَۃُ سُوْس و مَسُوْ شَعَرْ سوس اور سوشتر کا قلعہ، پہلا قلعہ ہے جو طوفان نوح کے بعد تعمیر ہوا، مغرب و روم میں ایک دوسرا شہر ہے۔

سَوْس: (س مفتوح، وساکن، س موقوف) کھانے میں کیڑا پڑنا۔

سَوَس: (س مفتوح، و مفتوح، س موقوف) ریشم اور اون وغیرہ میں کیڑا پڑنا۔

سِیْوَاس: (س مکسور، ی ساکن، و مفتوح، اساکن، س موقوف) روم میں ایک شہر کا نام۔

سُوَاس: (س مضموم، و مفتوح، اساکن، س موقوف) ایک بیماری ہے جو گھوڑے کی گردن میں پیدا ہوتی ہے۔

سَوَاس: (س مفتوح، و مفتوح، اساکن، س موقوف) ایک پہاڑ ہے، ایک جگہ کا نام۔

سَائِس : (س مفتوح، اساکن، ء مکسور، س موقوف) سیاست کرنے والا۔

﴿فصل السین مع الطاء﴾

سَبْط : (س مفتوح، ب ساکن، ط موقوف) سیدھا اور لٹکا ہوا بال، سَبِط اسی معنی میں ہے، سَبْطُ الجِسْم خوش قامت راست قد مرد، سَبْطُ الیَدَیْن جوانمرد۔

سِبْط : (س مکسور، ب ساکن، ط موقوف) پوتا، یعقوب علیہ السلام کے فرزندوں کا گروہ، بنی اسرائیل کے قبیلے قبائل عرب کی مانند۔

سَبَط : (س مفتوح، ب مفتوح، ط موقوف) بال کا لٹکنا، ایک گھاس کا نام ہے سَبَطَۃ واحد ہے۔

سَبِط : (س مفتوح، ب مکسور، ط موقوف) لمبا۔

سَابَاط: (س مفتوح، اساکن، ب مفتوح، اساکن، ط موقوف) چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو، ماوراء النہر میں ایک شہر، مدائن میں ایک موضع کا نام۔

سَبَاط: (س مفتوح، ب مفتوح، اساکن، ط موقوف) بخار۔

سُبَاط: (س مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) ایک رومی مہینہ جو ماہ آذار سے پہلے ہوتا ہے۔

سِجِلَّاط: (س مکسور، ج ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) چنبیلی، اون جو عورتوں کے ہودج پر ڈالتے ہیں، کتان کا کپڑا، سَجَلّاط ایک جگہ کا نام ہے، ایک قسم کا پھول ہے۔

سَحْط: (س مفتوح، ح ساکن، ط موقوف) جلد گلا کاٹنا، گلے میں کھانے کا اٹکنا، بچے کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔

سُخْط۔سَخَط۔سَخُط: (س مفتوح، مضموم، خ ساکن، مفتوح، مضموم، ط موقوف) غصہ ہونا، ناراض ہونا۔

سَرَط: (س مفتوح، ر مفتوح، ط موقوف) لقمہ وغیرہ نگلنا، حلق کے نیچے اتارنا، آسان اور نرم راستہ چلنا۔

سَرَطْرَاط: (س مفتوح، ر مفتوح، ط ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف)

سِرِطْرَاط: (س مکسور، ر مکسور، ط ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) پالودہ۔

سُعُوط: (س مضموم، ع مضموم، و ساکن، ط موقوف) ناک میں دوا ٹپکانا، سَعُوط ناک میں ڈالنے کی دوا۔

سَعِيط: (س مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ط موقوف) شراب کی تلچھٹ، خوشبودار شراب، بو کی تیزی سَعَاط بھی اسی معنی میں ہے۔

سَفَط: (س مفتوح، ف مفتوح، ط موقوف) ٹوکری، بورے کی ٹوکری، جامہ دان، اَسفاط جمع ہے۔

سَفِيط: (س مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ط موقوف) جواں مرد، شریف۔

سُقُوط: (س مضموم، ق مضموم، و ساکن، ط موقوف) گرنا، ناقص بچے کا شکم مادر سے گرنا۔

سَاقِط: (س مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ط موقوف) زمین پر گرا ہوا، نالائق۔

سِقْط: (س مکسور، ق ساکن، ط موقوف) شکم سے گرنے والا ناقص بچہ، وہ چنگاری جو چقماق سے نکلتی ہے، ریت کا ٹیلا، پھسلنا، خوش ہونا، گھوڑے کا دوڑنے کی وجہ سے سست ہونا، گفتگو کے وقت دوسرے کا خاموش رہنا، ترش کھجور جو زمین پر گرے، سُقط بھی اسی معنی میں ہے، بادل کا کنارہ جو زمین سے قریب معلوم ہو، خیمے کا دامن، پرندے کا پر۔

سَقَط: (س مفتوح، ق مفتوح، ط موقوف) گری پڑی چیز، بیکار مال، حساب میں غلطی کرنا، بات میں غلطی کرنا، برا کام، فضیحت، وہ چیز جس میں بھلائی نہ ہو۔

سِقَاط: (س مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) لکھنے میں غلطی، حساب میں غلطی، بات میں غلطی، نالائق، کمینہ، کمینے لوگ سَقَط کی جمع ہے۔

سُقَاط: (س مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) گری پڑی چیز۔

سَقَّاط: (س مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) گرے ہوئے پھل بیچنے والا، بہت تیز تلوار جو مقطوع سے پہلے زمین پر گرے سَقاط بھی اسی معنی میں ہے۔

سَقِيط: (س مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ط موقوف) برف، اولہ، زمین پر گری ہوئی شبنم، ناقص العقل آدمی، بیوقوف۔

سَقْلَاط: (س مفتوح، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) سجلات کا ہم وزن اور ہم معنی ہے، عمدہ اونی یا ریشمی سرخ کپڑا۔

سَلْط: (س مفتوح، ل ساکن، ط موقوف) سخت، لمبی زبان، زبان دراز، شام میں ایک جگہ کا نام ہے۔

سَلِيط: (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ط موقوف) شدید، سخت، زبان دراز، زبان دراز مرد، فصیح، تیز زبان آدمی، زیتون کا تیل، تل کا تیل۔

سِمْط: (س مکسور، م ساکن، ط موقوف) دھاگا جس میں مروارید وغیرہ پروئے جائیں، سلک عام ہے، گلوبند سے لمبا ہار، زرہ جو سوار گھوڑے کی پیٹھ پر لٹکاتے ہیں، وہ زین اور کپڑا جس میں استر نہ ہو، چالاک ہوشیار اور زیرک آدمی۔

سَمْط: (س مفتوح، م ساکن، ط موقوف) بھوننے کے لیے بکری کے بچے کی کھال کو گرم پانی سے اتارنا، لٹکانا، چھری تیز کرنا، دودھ کی مٹھاس ختم ہونا اور مزہ باقی رہنا، آدمی کا خاموش ہونا، چالاک آدمی، پختہ اینٹوں کا ردہ، بکری کا بچہ۔

سُمْط : (س مضموم، م ساکن، ط موقوف) ایک ادنیٰ کپڑا۔
سَمِيْط : (س مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ط موقوف) سبک حال آدمی (فقیر)، پختہ اینٹوں کا ردہ، بال صاف کر کے بھونا ہوا بکری کا بچہ، چمڑے کے پورے ٹکڑے کا جوتا، بغیر روئی کا ازار۔
سَامِطْ : (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ط موقوف) وہ دودھ جس کی شیرینی ختم ہوگئی ہو مگر لذت باقی ہو۔
سُمُوْط : (س مضموم، م مضموم، و ساکن، ط موقوف) موتیوں کی لڑی، دودھ کی شیرینی ختم ہونا اور لذت باقی رہنا۔
سِمَاط : (س مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) ڈوری، قطار، دستر خوان، راستہ کی دونوں جانب، ترتیب وار چیز، آدمیوں کی قطار، درختوں کی قطار۔
سَنُوْط : (س مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ط موقوف)
سُنَاط : (س مفتوح رمضموم، ن مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) وہ شخص جس کی داڑھی اور مونچھ نہ ہو، وہ شخص جس کی ٹھوڑی پر بال ہو، ایک مشہور دوا کا نام ہے۔
سُبْنَاط : (س مضموم، ب ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) مصر میں ایک گاؤں کا نام ہے۔
سَوْط : (س مفتوح، و ساکن، ط موقوف) حصہ، نصیب، سختی، کوڑا، کوڑا مارنا، آمیزش کرنا، ملاوٹ کرنا۔
سُيُوْط : (س مضموم، ی مضموم، و ساکن، ط موقوف) مصر کے ایک گاؤں کا نام ہے۔

﴿فصل السین مع العین﴾

سُبْع : (س مضموم، ب ساکن، ع موقوف) ساتواں حصہ۔
سِبْع : (س مکسور، ب ساکن، ع موقوف) اونٹ کا پانچ دن تک پانی نہ پینا، ساتویں دن پانی لانا۔
سَبْع : (س مفتوح، ب ساکن، ع موقوف) سات عورتیں، ساتواں ہونا، سات لڑی کی رسی بٹنا، کسی چیز کا ستر نگا ہونا، گالی دینا، عیب بیان کرنا، کاٹنا، چوری کرنا، ڈالنا، درندے کا چوپائے کو پھاڑنا،
سَبُع، سَبْع، سَبَع (س مفتوح، ب ساکن رمفتوح رمضموم، ع موقوف) درندہ جانور اسے سبع اس لیے کہتے ہیں کہ اکثر سات مہینے بعد پیدا ہوتا ہے، فارسی میں اسے دَدْ کہتے ہیں، سِباع جمع ہے، وَادِی السِّبَاع و ذَاتُ السِّبَاع دو جگہوں کا نام ہے۔
سَابِع : (س مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ع موقوف) ساتواں، سات کرنے والا۔
سَبِيْع : (س مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ع موقوف) ساتواں حصہ، ہمدان کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ۔
سُبَيْع : (س مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) ایک مرد کا نام ہے۔
سَجْع : (س مفتوح، ج ساکن، ع موقوف) کبوتر اور قمری کا بولنا، اونٹنی کا بولنا، مقفّیٰ کلام۔
سَاجِع : (س مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ع موقوف) مقفّیٰ کلام کرنے والا، سیدھا چلنے والا، متوسط کلام کرنے والا۔
سَدْع : (س مفتوح، د ساکن، ع موقوف) کسی چیز کو کسی چیز سے کوٹنا۔
سِرَع : (س مفتوح رمکسور، ر مفتوح، ع موقوف) جلدی کرنا، جلدی، تیز رفتاری۔
سَرْع : (س مفتوح، ر ساکن، ع موقوف) انگور کے درخت کی شاخ، سُرْعۃ جلدی۔
سَرِيْع : (س مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ع موقوف) جلدی کرنے والا۔
سُطُوْع۔ سَطِيْع : (س مضموم، ط مضموم، و ساکن، ع موقوف) (س مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ع موقوف) گرد و غبار کا اوپر اٹھنا، مہک کا اٹھنا، بجلی کا بلند ہونا، صبح، شعاع، سَطِیع کا معنی صبح اور لمبی چیز بھی ہے۔
سَاطِع : (س مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ع موقوف) بلند۔
سَطْع : (س مفتوح، ط ساکن، ع موقوف) ہاتھ پر ہاتھ مارنا (تالی بجانا)
سَطَع : (س مفتوح، ط مفتوح، ع موقوف) تالی کی آواز، گردن کی درازی۔
سِطَاع : (س مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) لمبائی میں اونٹ کو

داغنا، گھر کا کھمبا، لمبا موٹا اونٹ۔

سَفْع: (س مفتوح، ف ساکن، ع موقوف) پیشانی کا بال موڑنا، کھینچنا، آگ روشن کرنا، گرم ہوا کا چہرے کو جھلسا دینا، چہرے کا رنگ بدلنا، پرندے کا دوسرے کو پر مارنا، طمانچہ مارنا، کسی چیز کو مارنا، نشان لگانا۔

سَوَافِع: (س مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ع موقوف) گرم ہوا کا جھلسانا۔

سُقْع: (س مضموم، ق ساکن، ع موقوف) کنارہ، کنویں کی تہہ، کنویں کا گردا گرد، مرغ کا آواز کرنا، جانا، مارنا، اپنی جگہ سے کھانا کھانا۔

سِقَاع: (س مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) نقاب، روبند، چہرا پر باندھنے والا چیتھڑا، وہ کپڑا جو اوڑھنی کے اوپر اوڑھیں تا کہ اوڑھنی گرد آلود نہ ہو، اونٹنی کی ناک باندھنے کی چیز، صِقَاع بھی ان دونوں معانی میں آیا ہے۔

سَکْع: (س مفتوح، ک ساکن، ع موقوف) چلنا، نامعلوم راستہ چلنا، حیران ہونا۔

سِلْع: (س مکسور، ل ساکن، ع موقوف) پہاڑ، جھکنا۔

سَلْع: (س مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) مدینہ میں ایک پہاڑ کا نام ہے، پیر کی پھٹن۔

سَلَع: (س مفتوح، ل مفتوح، ع موقوف) ایک درخت کا نام ہے، پاؤں کا پھٹنا، ایک قسم کا ایلوا، ایک بدمزہ سبزی، برص بھی اسی معنی میں ہے۔

سَمْع: (س مفتوح، م ساکن، ع موقوف) نصیحت، سننا، شنوائی، کان، مفرد و جمع دونوں ہے، اَسْمَاع و اَسْمُع جمع ہے، اَسَامِع جمع الجمع ہے، سمع الکیان علم طب کی ایک کتاب ہے بادشاہ جسے اپنے پاس رکھتے تھے (اس کی تحقیق لفظ کیان کے تحت آئے گی)

سِمْع: (س مکسور، م ساکن، ع موقوف) بھیڑیے کا بچہ جو بجو سے ہو اچھا نام، سننا، بعض لوگ کہتے ہیں، سَمْع بمعنی سننا اور سِمْع شنوائی۔

سَمَیْقَع: (س مفتوح رکسور، م مفتوح، ع موقوف) حمیر کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

سَمَاع: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) سننا۔

سَمَّاع: (س مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بہت سننے والا، جاسوس۔

سَمِیْع: (س مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ع موقوف) سننے والا، سنانے والا۔

سَنِیْع: (س مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ع موقوف) اچھا، عمدہ۔

سُنُوْع: (س مضموم، ن مضموم، و ساکن، ع موقوف) خوبصورت ہونا، سَنَاعَت کا بھی یہی معنی ہے۔

سَنَع: (س مفتوح، ن مفتوح، ع موقوف) خوبصورتی۔

سَوْع: (س مفتوح، و ساکن، ع موقوف) بیکار رہنا، رات کا ایک حصہ۔

سُوَاع: (س مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) قوم نوح کے بت کا نام، رات کا ایک پہر۔

سَائِع: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) ضائع۔

سُیُوْع: (س مضموم، ی مضموم، و ساکن، ع موقوف) پانی کا ہر طرف بہنا۔

سَیَاع: (س مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) چمڑے کی مشک میں چربی ملنا، ایک درخت کا نام ہے، مٹی کا گارا۔

سِیَاع: (س مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کہگل یا گارا جس سے دیوار لیپتے ہیں، سَیَاع (س مفتوح) مٹی کا گارا۔

سَیْع: (س مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) زمین پر پانی کا بہنا، زمین پر بہنے والا پانی۔

﴿فصل السین مع الغین﴾

سُبُوْغ: (س مضموم، ب مضموم، و ساکن، غ موقوف) نعمت کا کامل اور زیادہ ہونا۔

سَابِغ: (س مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، غ موقوف) تمام، مکمل۔

سُلُوْغ: (س مضموم، ل مضموم، و ساکن، غ موقوف) گائے اور بکری کا

چھ سالہ دانت گرنا۔

سَالِغْ: (س مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، غ موقوف) چھ سال کی گائے بکری۔

سَوْغْ: (س مفتوح، و ساکن، غ موقوف) شراب کا بآسانی حلق سے اترنا، شراب کو نگلنا، کسی شخص کے لیے کسی چیز کا جائز ہونا، پے در پے پیدا ہونے والے دو بچے جن کے درمیان کوئی تیسرا بچہ نہ ہو۔

سِوَاغْ: (س مکسور، و مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) گلے میں پھنسی ہوئی چیز کو نیچے اتارنا۔

﴿فصل السین مع الفاء﴾

سَأْفْ: (س مفتوح، أ ساکن، ف موقوف) دیوار کا ردہ۔

سَأَفْ: (س مفتوح، ا مفتوح، ف موقوف) ہاتھ کا پھٹنا، ناخن کے کناروں کا پھٹنا، کھجور کے درخت کی پوست کا پراگندہ ہونا اور چھلنا، کھجور کا پتہ، پونچھ کا بال۔

سِجْفْ: (س مفتوح رمکسور، ج ساکن، ف موقوف) پردہ لٹکانا، رات کا بہت تاریک ہونا، پردہ۔

سَجَفْ: (س مفتوح، ج مفتوح، ف موقوف) کمر کا پتلا ہونا، پیٹ کا پتلا ہونا۔

سِجَافْ: (س مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) دروازے کے دو پردے جن کا بیچ کھلا ہوا ہو، دونوں پردوں کو سجاف کہتے ہیں۔

سَحْفْ: (س مفتوح، ح ساکن، ف موقوف) کھال سے بال دور کرنا، پیٹھ کی چربی کو تراشنا، کسی چیز کو جلانا، ہوا کا بادل کو اڑانا۔

سَحُوفْ: (س مفتوح، ح مضموم، و ساکن، ف موقوف) بکری، بے چربی والی اونٹنی، وہ اونٹنی جس کی پیٹھ سے چربی تراش لی گئی ہو۔

سُحَافْ: (س مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) سل کی بیماری، تپ دق۔

سَخْفْ: (س مفتوح، خ ساکن، ف موقوف) روزی کا تنگ ہونا۔

سُخَفْ: (س مضموم، خ مفتوح، ف موقوف) سبک ہونا، کم عقل ہونا، کم ظرف ہونا، سَخَافَۃ اسی معنی میں ہے۔

سَخِيفْ: (س مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، ف موقوف) کم عقل آدمی، کم ظرف، تھوڑے ریشم سے ہلکا بنا ہوا کپڑا۔

سَدَفْ: (س مفتوح، د مفتوح، ف موقوف) رات کی تاریکی اور روشنی، رات کی روشنی اور تاریکی میں آنا، صبح، طلوع صبح، صبح کی وہ روشنی جو تاریکی کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔

سَدِيفْ: (س مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ف موقوف) اونٹ کے کوہان کی چربی۔

سَرْفْ: (س مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) سرفہ کا درخت کی پتیوں کو کھانا، سُرْفہ سفید کیڑا ہے جو چھوٹی لکڑیوں کو لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے۔

سَرَفْ: (س مفتوح، ر مفتوح، ف موقوف) غافل کرنا، غلطی کرنا، مال و منصب کے خرچ میں اضافہ کرنا، عقل کی خرابی، حرص کرنا، حوض سے پانی بہانا۔

سُرْفْ: (س مضموم، ر ساکن، ف موقوف) سفید ریشم کے مانند سفید چیز۔

سَرِفْ: (س مفتوح، ر مکسور، ف موقوف) بیوقوف، غلطی کرنے والا۔

سَرْفْ: (س مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) نازک، پتلا آدمی، لمبا گھوڑا۔

سَعْفْ: (س مفتوح، ع ساکن، ف موقوف) پونچھ۔

سَعَفْ: (س مفتوح، ع مفتوح، ف موقوف) کھجور کی شاخ، کھجور کے تنے، پھٹنا، ناخن کے کناروں کا پھٹنا، دلہن کا جہیز، کھجلی کی مانند اونٹ کے منہ کا ایک مرض جو اس کی پلکوں کے بالوں کو گرا دیتا ہے۔

سَفّْ: (س مفتوح، ف مشدد موقوف) کھجور کے پتوں سے چٹائی بُننا، دوا پھانکنا، ستو وغیرہ گوندھے بغیر کھانا، پرندے کا زمین سے قریب ہو کر اڑنا، پرندے کا زمین پر چلنا۔

سَفُوفْ: (س مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) وہ دوا جسے پیس کر چھان لیں پھر ہتھیلی پر رکھ کر پھانکیں اور اسے نہ گوندیں۔

سَفَافْ: (س مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) برا، ہر خراب چیز، معمولی کام، نرم اور باریک مٹی، وہ آٹا جو چھاننے کے وقت غبار کی طرح اڑے۔

سَقْف: (س مفتوح،ق ساکن،ف موقوف) گھر کی چھت، سُقُف و سُقُوف جمع ہے،آسمان،لٹکی ہوئی لمبی داڑھی،چھت ڈھالنا۔

سُقْف: (س مفتوح رمضموم،ق ساکن،ف موقوف)ایک جگہ کا نام۔

سَقَف: (س مفتوح،ق مفتوح،ف موقوف)شترمرغ کا لمبا اور اندھا ہونا۔

سِکّاف: (س مکسور،ک مشدد مفتوح،ا ساکن،ف موقوف) موزہ سلنے والا،موچی،اِسکاف بھی اسی معنی میں ہے۔

سَلْف: (س مفتوح،ل ساکن،ف موقوف) زمین کو ہینگے سے ہموار کرنا،کرنی سے زمین کو برابر کرنا، زمین کو زراعت کے لیے جوتنا،بڑا توشہ دان،وہ چمڑا جسے عمدہ اور باریک نہ بنایا گیا ہو۔

سِلْف: (س مکسور،ل ساکن،ف موقوف) ہم زلف۔

سَلَف: (س مفتوح،ل مفتوح،ف موقوف) گزرنا، آگے ہونا، آگے جانے والے،گزرے ہوئے آباواجداد،بیع سلم وہ بیع ہے جس میں مبیع لینے سے پہلے ہی قیمت ادا کرتے ہیں (پیشگی قیمت)

سُلَف: (س مضموم،ل مفتوح،ف موقوف) چکور کا بچہ۔

سَالِف۔سُلُوف: (س مفتوح،ا ساکن،ل مکسور،ف موقوف)(س مفتوح،ل مضموم،و ساکن،ف موقوف) گزرا ہوا،جانور کا پانی پینے کے لیے آگے بڑھنا۔

سُلاف: (س مضموم،ل مفتوح،ا ساکن،ف موقوف) نچوڑنے سے پہلے جو چیز انگور سے بہے،شراب،ہر وہ چیز جو نچوڑی جائے۔

سُلّاف: (س مضموم،ل مشدد مفتوح،ا ساکن،ف موقوف) پیش، گزرے ہوئے، پہلے گزرنے والے۔

سَنْف: (س مفتوح،ن ساکن،ف موقوف) تنگ باندھنا، اونٹنی کے سینے پر رسی باندھنا،

سِنْف: (س مکسور، ن ساکن،ف موقوف) مرخ کے درخت کی پتی، مرخ ایک ایسا درخت ہے جس کی لکڑی آپس میں گھسنے سے آگ نکلتی ہے۔

سِناف: (س مکسور،ن مفتوح،ا ساکن،ف موقوف) اونٹ کے سینے کا اگلا حصہ،رسی جو اونٹ کے سینے پر باندھتے ہیں۔

سَوَالِف: (س مفتوح،و مفتوح،ا ساکن،ل مکسور، ف موقوف) گزرے ہوئے سَالِفَہ کی جمع ہے۔

سَوْفَ: (س مفتوح،و ساکن،ف مفتوح) انجام جلد ہو،یہ ایسا حرف ہے جو فعل مستقبل پر آتا ہے۔

سَوْف: (س مفتوح،و ساکن،ف موقوف) سونگھنا،صبر کرنا،ہلاک ہونا۔

سُوْف: (س مضموم،و ساکن،ف موقوف) نرم زمین۔

سَوَاف: (س مفتوح،و مفتوح، ا ساکن،ف موقوف) اختیار دینا، ہلاک ہونا، چوپایوں کی بیماری،لوگوں کی موت،سُواف بھی اسی معنی میں ہے۔

سَهْف: (س مفتوح،ہ ساکن،ف موقوف) مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا اور خون میں لوٹنا۔

سَهَف: (س مفتوح،ہ مفتوح،ف موقوف) پیاسا ہونا۔

سِيْرَاف: (س مکسور،ی ساکن،ر مفتوح،ا ساکن،ف موقوف) فارس میں ایک شہر کا نام ہے۔

سَيْف: (س مفتوح،ی ساکن،ف موقوف) تلوار مارنا، گھوڑے کی پونچھ کا بال، مچھلی کی پونچھ،سِیف بھی آیا ہے۔

سِيْف: (س مکسور،ی ساکن،ف موقوف) دریا کا کنارہ، وادی کا کنارہ، کھجور کے درخت کا چھلکا جس میں اس کی شاخیں ریشہ کے مانند لپٹی ہوئی ہوں۔

سَايِف: (س مفتوح،ا ساکن،ء مکسور،ف موقوف) تلوار والا آدمی۔

سَيَّاف: (س مفتوح،ی مشدد مفتوح،ا ساکن،ف موقوف) تلوار چلانے والا آدمی۔

﴿فصل السین مع القاف﴾

سَاق: (س مفتوح،ا ساکن،ق موقوف) پنڈلی،درخت کا تنہ۔

سَبْق: (س مفتوح،ب ساکن،ق موقوف) آگے ہونا، گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے آگے بڑھنا۔

سَبَق: (س مفتوح،ب مفتوح،ق موقوف) گھوڑا دوڑانے اور تیر

اندازی وغیرہ میں کسی چیز کی شرط لگانا۔

سِباق: (س مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) دوڑ میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔

سَبّاق: (س مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) بہت آگے بڑھنے والا۔

سُتُّوق: (س مفتوح و مضموم، ت مشدد مضموم، و ساکن، ق موقوف) کھوٹا درہم، سہ تو کا معرب ہے، بعض لوگوں نے ستوقہ (تا کی زیادتی کے ساتھ) لکھا ہے۔

سَحْق: (س مفتوح، ح ساکن، ق موقوف) پرانا کپڑا، گھسنا، آہستہ چلنا، ہوا کا زمین کے نشان کو مٹانا۔

سُحْق: (س مضموم، ح ساکن و مضموم، ق موقوف) دوری، دور ہونا، کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔

سَحِیق: (س مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ق موقوف) دور۔

سُحُوق: (س مضموم، ح مضموم، و ساکن، ق موقوف) کھجور کا لمبا درخت۔

سَذَق: (س مفتوح، ذ مفتوح، ق موقوف) ماہ بہمن کی بارہویں رات جس میں مجوسی (آتش پرست) آگ روشن کرتے ہیں اور جشن مناتے ہیں، سدہ کا معرب ہے، فرہنگ جہانگیری اور سروری میں وجہ تسمیہ سدہ لکھی ہے۔

سُرَادِق: (س مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ق موقوف) سراپردہ، صحن کا شامیانہ، سُرَادقات جمع ہے۔

سَرْمَق: (س مفتوح، ر ساکن، م مفتوح، ق موقوف) ایک گھاس جو استسقا کی بیماری میں بہت مفید ہے جسے اسفناخ رومی کہتے ہیں، اصطرخ میں ایک شہر ہے۔

سَرَق: (س مفتوح، ر مفتوح، ق موقوف) ریشمی کپڑے کے ٹکڑے، چوری کرنا، سَرِق بھی اسی معنی میں ہے۔

سَارِق: (س مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق موقوف) چور۔

سَفْق: (س مفتوح، ف ساکن، ق موقوف) دروازہ کھولنا۔

سَفِیق: (س مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ق موقوف) مضبوط بنا ہوا کپڑا، گستاخ آدمی۔

سِلْق: (س مکسور، ل ساکن، ق موقوف) نر بھیڑیا، چقندر۔

سَلْق: (س مفتوح، ل ساکن، ق موقوف) زبان سے تکلیف پہنچانا، جھولی اور مشک پر تیل ملنا، جوش دینا، سبزی اور انڈے کو گرم پانی میں ابالنا، کسی کو پیچھے چھوڑنا، بکری کو پوست سمیت بھوننا، گدڑی کے کناروں کو ایک دوسرے میں جوڑنا، سخت بات، زخم کا نشان، گھوڑے کی ہموار پیٹھ۔

سَلَق: (س مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) ہموار زمین۔

سَلُوق: (س مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ق موقوف) یمن میں ایک گاؤں ہے جہاں کی زرہ بہت عمدہ ہوتی ہے۔

سُلَاق: (س مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) منہ میں آبلوں کا پڑنا، دانت کی جڑوں کی خراش، اعضا کی سوزش، آنکھ کا وہ مرض جو پلکوں کو موٹا بنا دیتا ہے اور بالوں کو گرا دیتا ہے، زبان کی جڑ کی پھنسیاں۔

سَلِیق: (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) وہ شاخ اور پتا جو درخت سے گرے۔

سُمُوق: (س مضموم، م مضموم، و ساکن، ق موقوف) بلند اور لمبا ہونا۔

سَمُوق: (س مفتوح، م مضموم، و ساکن، ق موقوف) مشہور کھٹا پھل جسے سماق کہتے ہیں۔

سُمَاق: (س مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) خالص، پورا جھوٹ، ہر خالص چیز۔

سُمَّاق: (س مضموم، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) مشہور کھٹا میوہ جسے تتم کہتے ہیں۔

سَمِیق: (س مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ق موقوف) وہ لکڑی جو ہل جوتنے والے بیلوں کی گردن پر رکھتے ہیں جس سے کھیت جوتتے ہیں اس لکڑی کو یوغ کہتے ہیں۔

سِمْحَاق: (س مکسور، م ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) سر کی ہڈی پر باریک جھلی۔

سُنْبُوق: (س مضموم، ن ساکن، ب مضموم، و ساکن، ق موقوف) چھوٹی کشتی، سنبک کا معرب ہے۔

سَنَقْ: (س مفتوح، ن مفتوح، ق موقوف) ناگوار ہونا۔

سَوْق: (س مفتوح، و ساکن، ق موقوف) ہانکنا، چلانا، بری جو دولہا والے گھوڑے وغیرہ سے دلہن کے پاس لے جاتے ہیں، پنڈلی پر مارنا۔

سُوْق: (س مضموم، و ساکن، ق موقوف) بازار، پنڈلیاں، ساق کی جمع ہے، سُوْقُ الحَرْب میدان جنگ، بڑی جنگ۔

سَوَق: (س مفتوح، و مفتوح، ق موقوف) پنڈلی کا عمدہ اور دراز ہونا۔

سُوَق: (س مفتوح، و مفتوح، ق موقوف) کمینے لوگ، رعایا، سُوقہ کی جمع ہے۔

سَوِیق: (س مفتوح، و مکسور، ی ساکن، ق موقوف) بھنے ہوئے گیہوں اور جو کا آٹا، ستو، شراب۔

سَوْذَق: (س مفتوح، و ساکن، ذ مفتوح، ق موقوف) کنگن، کڑا، حلقہ۔

سُوّاق: (س مضموم، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) لمبی پنڈلی والا، کھجور کا شگوفہ۔

سَائِق: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) پیچھے سے ہانکنے والا جیسے کہ قائد آگے سے کھینچنے والا۔

سِیاق: (س مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ہانکنا، جاں کنی۔

﴿فصل السین مع الکاف﴾

سَبْک: (س مفتوح، ب ساکن، ک موقوف) سونا چاندی پگھلانا۔

سَبَائِک: (س مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ک موقوف) سونے چاندی کے پگھلائے ہوئے ٹکڑے، سبیکہ کی جمع ہے۔

سَبّاک: (س مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) سونے چاندی کو پگھلانے والا۔

سَدْک۔ سَدَک: (س مفتوح، د ساکن، ک موقوف) (س مفتوح، د مفتوح، ک موقوف) کسی چیز کا لازم ہونا۔

سَدِک: (س مفتوح، د مکسور، ک موقوف) لالچی، کام میں چالاک، نیزہ مارنا، کسی چیز کو لازم کرنا۔

سَفْک: (س مفتوح، ف ساکن، ک موقوف) خون بہانا، زیادہ بات کرنا۔

سَفّاک: (س مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) خون بہانے والا، بلیغ، قادر الکلام۔

سَکّ: (س مفتوح، ک مشدد موقوف) لوہے کا حلقہ، کھونٹی، چھوٹے حلقے والی زرہ، تنگ کنواں، سُک بھی آیا ہے، دروازے میں کیلیں جڑنا، کان کو جڑ سے اکھاڑنا، زیادہ بیٹ کرنا، اسپتال، سُک بچھو اور مکڑی وغیرہ کا سوراخ، ایک قسم کی خوشبو، بند راستہ۔

سَکَک: (س مفتوح، ک مفتوح، ک موقوف) چھوٹا کان جو بلند اور ظاہر نہ ہو، بہرا پن، نہ سننا، سِکَک کوچے سکّہ کی جمع ہے۔

سِکاک: (س مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) لوہے کی کیلیں، لوہے کے حلقے۔

سُکاک: (س مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) فضا، تیر کے اڑنے کی جگہ۔

سَکّاک: (س مفتوح، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) لوہار۔

سُکاسِک: (س مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ک موقوف) یمن کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

سِلْک: (س مکسور، ل ساکن، ک موقوف) دھاگا، لڑی۔

سَلْک: (س مفتوح، ل ساکن، ک موقوف) کسی چیز کو کسی چیز سے کھینچنا۔

سِلَک: (س مکسور، ل مفتوح، ک موقوف) چکور کا بچہ۔

سُلَیک: (س مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، ک موقوف) ایک شخص کا نام ہے۔

سُلُوک: (س مضموم، ل مضموم، و ساکن، ک موقوف) راستہ چلنا، کسی جگہ آنا، دھاگے سِلک کی جمع ہے۔

سَالِک: (س مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ک موقوف) راستہ چلنے والا۔

سَمْک: (س مفتوح، م ساکن، ک موقوف) کسی چیز کو بلند کرنا، گھر کی چھت کو بلند کرنا، کسی چیز کی بلندی، عُمق کی ضد ہے۔

سَمَک: (س مفتوح، م مفتوح، ک موقوف) مچھلی۔

سُمُوْک: (س مضموم، م مضموم، و ساکن، ک موقوف) بلند ہونا۔

سِمَاک: (س مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) وہ چیز جس سے دوسری چیز بلند کی جائے، سُمُک جمع ہے، دو ستاروں کا نام ایک کو سماک اعزل اور دوسرے کو سماک رامح کہتے ہیں اور وہ دونوں برج اسد کے دو پائے ہیں۔

سُنْبُک: (س مضموم، ن ساکن، ب مضموم، ک موقوف) گھوڑے کے کھر کا کنارہ، سَنَابک جمع ہے، کم نفع دینے والی سخت زمین، دوڑنے کی ایک قسم، پہلی بارش۔

سَوْک: (س مفتوح، و ساکن، ک موقوف) کسی چیز کو ملنا، مسواک کرنا۔

سِوَاک: (س مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) مسواک۔

سَوَاک: (س مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) کمزور چال، عرفی کہتا ہے۔

آسماں در رفاقت عزمش

بتواضع کند بہ چرخ سواک

سَہْک: (س مفتوح، ہ ساکن، ک موقوف) گھسنا، ہوا کا مٹی اڑانا۔

سَہَک: (س مفتوح، ہ مفتوح، ک موقوف) مچھلی کی بو، گوشت کی بو، زنگ، لوہے کا مورچہ۔

سَیْک: (س مفتوح، ی ساکن، ک موقوف) چوپائے کا چلنا۔

﴿فصل السین مع اللام﴾

سُؤْل: (س مضموم، ؤ ساکن، ل موقوف) طلب کیا ہوا۔

سُؤَال: (س مضموم، ؤ مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) طلب کرنا، چاہنا۔

سَبَل: (س مفتوح، ب مفتوح، ل موقوف) بارش، خوشہ، آشوب چشم، آنکھ کی سرخی، ایک عمدہ عربی گھوڑا۔

سَبِیْل: (س مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ل موقوف) راستہ، سَبِیْل اللّٰہ جہاد، ہر وہ بھلائی جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے، ابن السبیل مسافر۔

سَجْل: (س مفتوح، ج ساکن، ل موقوف) پانی کا بڑا ڈول، ڈول سے پانی بہانا۔

سِجِلّ: (س مکسور، ج مکسور، ل مشدد موقوف) مہر کی ہوئی سند، لکھنے والا، پیغمبر علیہ السلام کے کاتب کا نام۔

سِبَحْل: (س مکسور، ب مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) موٹی عورت، موٹا اونٹ، سوسار، موٹی گوہ، ایک فرشتہ کا نام۔

سِجَال: (س مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ڈول، سَجْل کی جمع ہے، آپس میں پانی پلانے اور جانور ہانکنے وغیرہ میں فخر کرنا۔

سِجِّیْل: (س مکسور، ج مشدد مکسور، ی ساکن، ل موقوف) سنگ گل کا معرب ہے، سجیل جو قرآن میں واقع ہے مٹی کے چند سنگریزے جو جہنم کی آگ میں پکائے گئے تھے اور ان پر خانہ کعبہ پر حملہ کرنے والوں کے نام لکھے تھے۔

سِجَنْجَل: (س مکسور، ج مفتوح، ن ساکن، ج مفتوح، ل موقوف) آئینہ، یہ کلمہ اصل میں رومی ہے جو عرب کے کلام میں استعمال ہوا ہے۔

سَحْل: (س مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) رسی بٹنا، درہم کا گھسنا، قیمت وصول کرنا، اس قدر مارنا کہ کھال ادھڑ جائے، ہوا کا زمین کو خس و خاشاک سے پاک کر دینا، روئی کا سفید کپڑا، خالص سفید چاندی، سَحَل بھی اسی معنی میں ہے۔

سُحُوْل: (س مفتوح / مضموم، ح مضموم، و ساکن، ل موقوف) یمن میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں کا کپڑا عمدہ ہوتا ہے۔

سَاحِل: (س مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ل موقوف) دریا کا کنارہ۔

سَخْل۔ سِخَال: (س مفتوح، خ ساکن، ل موقوف) (س مکسور، خ مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بکریاں، بکریوں کے نوزائیدہ بچے، سَخْلَۃ کی جمع ہے، سخال ایک جگہ کا نام ہے۔

سَدْل: (س مفتوح، د ساکن، ل موقوف) کپڑا، پردہ اور بال لٹکانا۔

سِدْل: (س مکسور، د ساکن، ل موقوف) سینے تک لٹکا ہوا موتیوں کا ہار، سُدُوْل جمع ہے۔

سِدْل: (س مکسور / مضموم، د ساکن، ل موقوف) پردہ۔

سَدَل: (س مفتوح، د مفتوح، ل موقوف) جھکنا۔

سَدِیْل: (س مفتوح، دمکسور، ی ساکن، ل موقوف) دلہن کے چھپر کھٹ کا پردہ، وہ پردہ جو ہودج کے سامنے ڈالیں۔

سِرْبَال: (س مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) پیراہن، ہر پہنا جانے والا کپڑا۔

سَرَاوِیْل: (س مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، و مکسور، ی ساکن، ل موقوف) شلوار، پاجامہ۔

سَطْل: (س مفتوح، ط ساکن، ل موقوف) دست دار تسری، تھال، لمبا آدمی۔

سُعَال: (س مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) کھانسی، کھانسنا۔

سَغِل: (س مفتوح، غ مکسور، ل موقوف) بری خصلت والا آدمی، بے چین، بے سکون، چھوٹے جسم والا۔

سَفَرْجَل: (س مفتوح، ف مفتوح، ر ساکن، ج مفتوح، ل موقوف) بہی کا پھل جسے آبی بھی کہتے ہیں۔

سِفْل۔ سُفُوْل: (س مکسور، مضموم، ف ساکن، ل موقوف) (س مضموم، ف مضموم، و ساکن، ل موقوف)

سَفَال: (س مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) پستی، نشیب علو (بلندی) کی نقیض (تینوں الفاظ کا معنی ہے)

سَافِل: (س مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ل موقوف) نیچے، عالی کی نقیض۔

سَلّ: (س مفتوح، ل مشدد موقوف) نرمی سے کسی چیز کو کھینچنا، باہر لانا، چھری اور تلوار وغیرہ کھینچنا۔

سِلّ: (س مکسور، مضموم، ل مشدد موقوف) پھیپھڑے کا زخم، تپ دق، سُلال بھی اسی معنی میں ہے۔

سَلِیْل: (س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) نیام سے کھنچی ہوئی تلوار، فرزند، اونٹ کا نوزائیدہ بچہ، درخت سے بھری ہوئی کشادہ وادی۔

سَلُوْل: (س مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) عبد اللہ بن اُبی منافق کی ماں کا نام، ہوازن کے ایک قبیلے کی ماں جس کے نام پر قبیلے کو منسوب کرتے ہیں۔

سَلْسَل۔ سَلْسَال: (س مفتوح، ل ساکن، س مفتوح، ل موقوف) (س مفتوح، ل ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) میٹھا خوشگوار پانی، صاف نغمہ، عمدہ نغمہ۔

سَلْسَبِیْل: (س مفتوح، ل ساکن، س مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ل موقوف) نرم خوشگوار چیز، شراب، بہشت میں ایک چشمے کا نام ہے۔

سَلَاسِل: (س مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ل موقوف) زنجیریں، پیوستہ بجلیاں، ایک دوسرے سے جڑے ہوئے بادل، لپٹی ہوئی سخت ریت، ذات السلاسل ایک جگہ کا نام ہے۔ 8ھ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو بن عاص کی سربراہی میں ایک لشکر جنگ کے لیے وہاں بھیجا تھا۔

سَمَنْدَل: (س مفتوح، م مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ل موقوف) مشہور پر دار جانور جو آگ میں نہیں جلتا ہے۔

سُمُوْل: (س مضموم، م مضموم، و ساکن، ل موقوف) کپڑے کا پرانا ہونا۔

سَمْل: (س مفتوح، م ساکن، ل موقوف) کسی کی آنکھ نکال لینا، دو آدمیوں کے درمیان صلح کرانا، حوض کو مٹی اور کیچڑ سے پاک کرنا۔

سَمَل: (س مفتوح، م مفتوح، ل موقوف) پرانا کپڑا، تھوڑا پانی، مٹی اور کیچڑ جو حوض اور برتن کی تہہ میں ہو، سَمَلَۃ کی جمع ہے۔

سَامِل: (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ل موقوف) صلاح کار اور اصلاح معیشت کے لیے کوشش کرنے والا۔

سَمَال: (س مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) پانی کا کیڑا۔

سَمَّال: (س مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ایک قبیلے کے مورث کا نام۔

سُنْبُل: (س مضموم، ن ساکن، ب مضموم، ل موقوف) ایک خوشبودار گھاس جسے سنبل الطیب کہتے ہیں، سنبل رومی ناردین کو کہتے ہیں یہ ایک جنگلی گھاس ہے جس کی جڑ اور تنا سخت ہوتا ہے پتیاں بڑی اور خوشبودار ہوتی ہے۔

سَنْبُل: (س مفتوح، ن ساکن، ب مضموم، ل موقوف) روم میں دو شہروں کا نام ہے۔

سَنَابِل: (س مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ل موقوف) خوشے، بالیاں، سُنبُلَہ کی جمع ہے، ابوالسنابل ایک صحابی کی کنیت ہے۔

سُؤَال: (س مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) چاہنا، واو کے بجائے ہمزہ کے ساتھ بھی آتا ہے۔

سَوَل: (س مفتوح، و مفتوح، ل موقوف) ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔

سَہْل: (س مفتوح، ہ ساکن، ل موقوف) ہر نرم اور آسان چیز، نرم زمین، ایک آدمی کا نام ہے۔

سُہَیْل: (س مضموم، ہ مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) ایک مشہور ستارہ، اندلس میں ایک قلعہ ہے، ایک آدمی کا نام ہے۔

سَیْل: (س مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) زیادہ بہنے والا پانی، پانی اور خون کا بہنا۔

سَائِل: (س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) پوچھنے والا، چاہنے والا، بہنے والا، مادّہ جیسے پانی۔

سَیَّال: (س مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بہت بہنے والا پانی۔

سَیَال: (س مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) حجاز میں ایک جگہ کا نام ہے، ایک خاردار درخت، ایک پودہ جس میں سفید کانٹے ہوتے ہیں جب اسے کاٹتے ہیں تو سفید دودھ باہر نکلتا ہے، سَیَالَۃ واحد ہے، سَیَّال بہ تشدید یا، بہت زیادہ بہنے والا۔

﴿فصل السین مع المیم﴾

سَام: (س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) نوح علیہ السلام کے لڑکے کا نام، موت، سونا چاندی، معدن میں سونے چاندی کے طبقات، سَامَۃ واحد ہے، نرکل، ایک پہاڑ کا نام۔

سَامّ: (س مفتوح، ا ساکن، م مشدد موقوف) زہر دینے والا، کھانے میں زہر ملانے والا، سَامِ اَبْرَص چھپکلی، ایک زہریلا جانور جسے کرفش اور پڑمزہ کہتے ہیں۔

سَاَم: (س مفتوح، اَ ساکن، م موقوف) تھکنا، ملول ہونا۔

سَجْم: (س مفتوح، ج ساکن، م موقوف) آنسو بہانا۔

سَجَم: (س مفتوح، ج مفتوح، م موقوف) بہتا پانی، آنسو، بید کا پتہ۔

سُجُوم: (س مضموم، ج مضموم، و ساکن، م موقوف) آنسو بہنا، سِجام بھی اسی معنی میں ہے۔

سَجُوم: (س مفتوح، ج مضموم، و ساکن، م موقوف) آنسو بہانے والی آنکھ۔

سَحَم: (س مفتوح، ح مفتوح، م موقوف) سیاہی، سُحْمَۃ و سُحَام اسی معنی میں ہے، ایک درخت کا نام ہے۔

سُخُم: (س مضموم، خ مضموم، م موقوف) لوہاروں کے ہتھوڑے۔

سَخَم: (س مفتوح، خ مفتوح، م موقوف) سیاہی۔

سَدَم: (س مفتوح، د مفتوح، م موقوف) غم کے ساتھ غصہ، غم کے ساتھ ندامت، لالچ، وہ نر جانور جس کی شہوت غالب ہو، سَدُوم اسی معنی میں ہے۔

سَدِم: (س مفتوح، د مکسور، م موقوف) بہت خواہش مند ہونا، سَدِم پانی سے لبالب ہونا۔

سَدُوم: (س مفتوح، د مضموم، و ساکن، م موقوف) قوم لوط کا شہر جس کا قاضی بددیانتی اور ناانصافی میں مشہور تھا۔

سَرْم: (س مفتوح، ر ساکن، م موقوف) کتے کو بھگانا۔

سُرْم: (س مضموم، ر ساکن، م موقوف) آنت کا منہ جو مخرج ثقل ہے، مستقیم آنت کا کنارہ۔

سَرَم: (س مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) دبر کا درد۔

سَاسَم: (س مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، م موقوف) وہ درخت جس کی لکڑی کی کمان بناتے ہیں، بعض لوگوں نے آبنوس (سیاہ لکڑی) کہا ہے۔

سِطَام: (س مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، م موقوف) تلوار کی تیزی، شیشی کی ڈاٹ۔

سَقَام: (س مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بیماری۔

سِقَام: (س مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بیمار لوگ، سَقِیم کی جمع ہے۔

سُقَام: (س مفتوح ر مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وادی۔

سُقْم: (س مضموم، ق ساکن، م موقوف) بیماری، سَقَم بھی اسی معنی میں ہے۔

سَلْم: (س مفتوح، ل ساکن، م موقوف) ایک گوشے والا ڈول، بھشتیوں کے ڈول کے مانند، ایک آدمی کا نام، سانپ کا ڈسنا، درخت سلم کی چھال میں چمڑے کو پکانا، فارغ ہونا، ڈول کو مضبوط کرنا، صلح کرنا۔

سِلْم: (س مکسور، ل ساکن، م موقوف) صلح کرنے والا، سَلْم بھی اسی معنی میں ہے جس کے معنی سلام کرنا اور اسلام لانا ہے۔

سَلَم: (س مفتوح، ل مفتوح، م موقوف) پیشگی قیمت دینا، گردن جھکانا، ایک خاردار درخت کا نام۔

سُلَّم: (س مضموم، ل مشدد مفتوح، م موقوف) سیڑھی، زینہ، کسی چیز کی طرف پہنچنے کا ذریعہ۔

سَلَام: (س مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سر جھکانا، سلام کرنا، تحیت، عیوب و آفات سے پاکی، خدائے تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام، ایک درخت کا نام ہے، سِلام بھی اسی معنی میں آیا ہے، دَارُ السَّلَام جنت کو اور مدینۃ السلام بغداد کو اور نَهْرُ السلام دریائے دجلہ کو کہتے ہیں۔

سُلَام: (س مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک جگہ کا نام۔

سِلَام: (س مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک چشمے کا نام، سنگریزے، سَلِمَۃ کی جمع ہے۔

سَلَّام: (س مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک آدمی کا نام۔

سَالِم: (س مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، م موقوف) آفت و عیب سے نجات پانے والا، ایک آدمی کا نام، آنکھ اور ناک کے بیچ کی کھال۔

سَلِیْم: س مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، م موقوف) سادہ، درست، مارگزیدہ جسے سانپ نے ڈسا ہو۔

سُلَیْم: (س مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، م موقوف) ایک قبیلے کا نام۔

سَلْجَم: (س مفتوح، ل ساکن، ج مفتوح، م موقوف) لمبا، لمبی انی والا تیر، شلغم بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

سُلَالِم: (س مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، م موقوف) خیبر میں ایک قلعہ۔

سِلْتِم: (س مکسور، ل ساکن، ت مکسور، م موقوف) بھوت، سختی، قحط سالی، بوڑھا اونٹ جسکے تمام دانت جھڑ گئے ہوں۔

سَمّ: (س مفتوح، م مشدد موقوف) زہر دینا، کھانے میں زہر ملانا، ارادہ کرنا، دو شخصوں کے درمیان صلح کرانا، شیشی کا سرا درست کرنا، اصلاح کرنا، سوراخ، زہر، ان دو معنوں کے لیے سُم بھی آیا ہے، مہرہ سفید کی طرح ایک سفید چیز جو دریا سے باہر نکالی جاتی ہے، گھوڑے کی ناک میں دو رگوں کا نام ہے، سَمُّ الخیاط سوئی کا ناکہ، سَمُّ الفَار سنکھیا جس کو عوام سنکل فار کہتے ہیں، سَمُّ الحمار کنیر۔

سَمُوْم: (س مفتوح، م مضموم، و ساکن، م موقوف) گرم ہلاک کرنے والی ہوا، لو۔

سُمُوْم: (س مضموم، م مضموم، و ساکن، م موقوف) زہر، سوراخ، سم کی جمع ہے۔

سِمْسِم: (س مکسور، م ساکن، س مکسور، م موقوف) تل، ایک رنگ کا نام۔

سَمْسَم: (س مفتوح، م ساکن، س مفتوح، م موقوف) لومڑی۔

سُمْسِم: (س مضموم، م ساکن، س مکسور، م موقوف) سرخ چیونٹیاں، سُمْسَمَۃ واحد ہے۔

سَمْسَام: (س مفتوح، م ساکن، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چالاک، تیز۔

سَنَام: (س مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کوہان، سَنَامُ الارض زمین کا درمیانی حصہ، زمین کے درخت۔

سَنِم: (س مفتوح، ن مکسور، م موقوف) لمبی گھاس جس کے شگوفے نکلتے ہوں، بڑے کوہان والا اونٹ۔

سَنَم: (س مفتوح، ن مفتوح، م موقوف) اونٹ کا اونچی کوہان والا ہونا۔

سَوْم: (س مفتوح، و ساکن، م موقوف) گراں بیچنا، مہنگا بیچنا، فروخت کے لیے پیش کرنا، بیچنے اور خریدنے میں تنگی کرنا۔

سَهْم: (س مفتوح، ہ ساکن، م موقوف) تیر، لکڑی کی سیدھی کڑیاں جو

گھر کی چھت میں لگاتے ہیں، قرعہ اندازی کا تیر، وہ تیر جس سے فال لیتے ہیں، سِہام جمع ہے، حصہ، نصیب، سُہمان جمع ہے، ایک قبیلے کا نام ہے، مکان کا اردگرد، مساحات میں چھ گز کی مقدار، لوگوں کے معاملات، شیر کے شکار کے لیے بنایا گیا گھر کے دروازے کا پتھر۔

سُہَام: (س مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) تاریکی، اندھیرا، چہرے کا متغیر ہونا۔

سِہَام: (س مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) یمن میں ایک وادی کا نام ہے۔

سَہَام: (س مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گرمی، بو، شدت، گرمی کی حرارت، مکڑی کے جالے کے مانند ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔

سَہِیْم: (س مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، م موقوف) حصہ والا، حصہ، شریک کار۔

سُہُوْم: (س مضموم، ہ مضموم، و ساکن، م موقوف) بدخلق۔

سَہُوْم: (س مفتوح، ہ مضموم، و ساکن، م موقوف) عقاب پرندہ۔

﴿فصل السین مع النون﴾

سُبْحَان: (س مضموم، ب ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پاکی بیان کرنا، خدا کی پاکی بیان کرنا۔

سِجْن: (س مکسور، ج ساکن، ن موقوف) جیل، قیدخانہ، باز رکھنا۔

سَجَن: (س مفتوح، ج مفتوح، ن موقوف) باز رکھنا، روکنا، جیل میں ڈالنا۔

سَجَّان: (س مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) داروغہ جیل۔

سَجِیْن: (س مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ن موقوف) قیدی۔

سِجِّیْن: (س مکسور، ج مشدد مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ہمیشہ، سخت، ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں، جہنم کی ایک وادی کا نام ہے، زمین کا ساتواں طبقہ۔

سَحْن: (س مفتوح، ح ساکن، ن موقوف) بڑا گروہ۔

سَحْبَان: (س مفتوح، ح ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک آدمی کا نام ہے جو ہر گزری ہوئی چیز کا اندازہ کرتا اور اس کے بارے میں قیاس و گمان سے کچھ کہتا، ایک فصیح آدمی کا نام جو فصاحت و بلاغت میں ضرب المثل تھا اور اس کو سحبان وائل کہتے تھے اور وائل ایک قبیلے کا نام ہے۔

سُحْبَان: (س مضموم، ح ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک اونٹ جس سے عرب میں اونٹنیوں کو جفتی کراتے تھے۔

سُخْن: (س مضموم، خ ساکن، ن موقوف) گرم۔

سَخِیْن: (س مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، ن موقوف) گرم پانی۔

سَخُوْن: (س مفتوح، خ مضموم، و ساکن، ن موقوف) گرم کیا ہوا شوربا۔

سَدِیْن ـ سَدَن: (س مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ن موقوف) (س مفتوح، د مفتوح، ن موقوف) چربی، خون، اون، پردہ۔

سَادِن: (س مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ن موقوف) بت خانہ اور کعبے کا نگہبان۔

سِرْجِیْن ـ سِرْقِیْن: (س مکسور، ر ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ن موقوف) (س مکسور، ر ساکن، ق مکسور، ی ساکن، ن موقوف) سرگین کا معرب، لید، گوبر۔

سَرَطَان: (س مفتوح، ر مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کیکڑا، ایک برج کا نام ہے، ایک سوداوی ورم ہے جب وہ بڑھ جاتا ہے سرخ اور سبز رگوں کی وجہ سے کیکڑے کے پیروں کی طرح ہو جاتا ہے، ایک مرض ہے جو چوپایوں کے پیروں کے جوڑ میں ہوتا ہے، کینسر، تیز چلنے والا، جلدی کھانے والا۔

سَرَیَان: (س مفتوح، ر مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کسی چیز کا کسی چیز کے تمام اجزا میں شامل ہونا۔

سِرْحَان: (س مکسور، ر ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بھیڑیا، شیر درندہ، ایک کتے کا نام ہے۔

سَرْوَان: (س مفتوح، ر ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سیستان میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

سَغَن: (س مفتوح، غ ساکن، ن موقوف) چربی، گوشت کی چربی۔

سُغْن: (س مضموم، غ ساکن، ن موقوف) مشک، مشک جس کا نصف حصہ کاٹ کر اس میں نبیذ بنائیں، اس میں پانی پیتے ہیں اور کبھی اس میں روئی اور دھاگا رکھتے ہیں۔

سَفْن: (س مفتوح، ف ساکن، ن موقوف) درخت وغیرہ کی چھال اتارنا، ہوا کا زمین سے مٹی صاف کرنا۔

سَفَن: (س مفتوح، ف مفتوح، ن موقوف) لکڑی تراشنے کا اوزار، کلہاڑی یا وہ چیز جس سے دوسری چیز تراشیں، مچھلی اور گھڑیال کی سخت کھال جسے تلوار اور چھری کے قبضہ پر لگاتے ہیں۔

سُفْن: (س مضموم، ف ساکن، ن موقوف) کشتیاں، سَفائِن اسی معنی میں ہے، دونوں سَفِینَۃ کی جمع ہیں۔

سَفَّان: (س مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کشتی بان، ایک جگہ کا نام۔

سَفُوْن: (س مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ن موقوف) خاک جھاڑنے والی ہوا۔

سَوَافِن: (س مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ن موقوف) گرد صاف کرنے والی ہوائیں سَافِنَۃ کی جمع ہے۔

سَفِیْن: (س مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ن موقوف) مشرق میں ایک جگہ کا نام۔

سُکُوْن: (س مضموم، ک مضموم، و ساکن، ن موقوف) آرام کرنا۔

سَکُوْن: (س مفتوح، ک مضموم، و ساکن، ن موقوف) یمن کا ایک قبیلہ۔

سُکَّان: (س مضموم، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کشتی کی پتوار، کسی جگہ کے بسنے والے، رہنے والے۔

سَکَّان: (س مفتوح، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چھری بنانے والا سَکَّاکِیْن بھی اسی معنی میں ہے۔

سُکَیْن: (س مضموم، ک مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) عرب کا ایک قبیلہ، چالاک اور چست گدھا۔

سِکِّیْن: (س مکسور، ک مشدد مکسور، ی ساکن، ن موقوف) چھری۔

سَکْن: (س مفتوح، ک ساکن، ن موقوف) اہل خانہ، گھر والے۔

سَکَن: (س مفتوح، ک مفتوح، ن موقوف) آتش، آگ، ہر وہ چیز جس سے آرام حاصل کریں جیسے بیوی، لڑکے وغیرہ، ایک آدمی کا نام، رحمت و برکت۔

سُلْطَان: (س مضموم، ل ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) والی دلیل، طاقت، سُلُطان بھی آیا ہے۔

سُلْوَان: (س مضموم، ل ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) تسلی ہونا، ایک دوا ہے جو غمگین کو دیتے ہیں تاکہ فرحت پائے یا عرق ہے جسے پلاتے ہیں تاکہ خوش ہو جائے، مردے کی قبر کی مٹی پانی میں گھول کر عاشق کو دیں تاکہ اس کا عشق زائل ہو جائے، بنی سلیم کی وادی کا نام، مقدس میں ایک چشمے کا نام۔

سَمْن: (س مفتوح، م ساکن، ن موقوف) روغن، کھانے میں تیل ڈالنا۔

سِمَن: (س مکسور، م مفتوح، ن موقوف) موٹا ہونا۔

سَمِیْن ۔ سَامِن: (س مکسور، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ن موقوف) فربہ، موٹا۔

سِمَان: (س مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) موٹے آدمی۔

سَمَّان: (س مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) تیل بیچنے والا، تیلی۔

سَامِیْن: (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ہمدان میں ایک گاؤں کا نام۔

سَامَان: (س مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) رے میں ایک گاؤں کا نام، اصفہان کا محلہ، ایک مرد کا نام سامانی بادشاہ جس کی طرف منسوب ہیں۔

سِنّ: (س مکسور، ن مشدد موقوف) دانت، سال، مقدار عمر، زندگی کی مقدار، نیل گائے، مدینہ میں ایک پہاڑ، رے میں ایک جگہ کا نام، دریائے دجلہ کے کنارے ایک شہر کا نام، قلم کا دندانہ، لہسن کا جو، جانور کا زیادہ کھانا۔

سَنّ: (س مفتوح، ن مشدد موقوف) نیزے میں پھل لگانا، تیر پر پھل لگانا، مسواک کرنا، اونٹ کو تیز چلانا، کسی چیز کو بیان کرنا، مٹی کا برتن بنانا،

کسی کو نیزہ مارنا، کسی کے دانت کو توڑنا، اچھی طرح چرانا، چراگاہ میں بھیجنا، کسی چیز کی شکل بنانا، صفائی دینا، چہرے پر پانی ڈالنا، زمین پر خاک ڈالنا، بلند کرنا، تیز کرنا، تلوار کو تیز کرنا اور اسے صیقل کرنا، کسی چیز کا خراب اور بدبودار ہونا۔

سَنُون: (س مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) دانت پر ملنے کی دوا۔

سِنَان: (س مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دھار (چھری وغیرہ کی) چاقو تیز کرنے کا پتھر، نیزے کی انی، لاٹھی کا سرا، ہر چیز کی تیزی۔

سَنَن: (س مفتوح، ن مفتوح، ن موقوف) تیز رفتار اونٹ، راستہ، روش، سُنَن، سِنَن انہیں معنوں میں ہیں، سُنَن سُنّت کی جمع یعنی سیرت، عادت، طریقہ۔

سَنِین: (س مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) پتھر اور لوہا رگڑنے کے وقت جو چیز گرے۔

سِنِین: (س مکسور، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) سال سَنَۃ کی جمع ہے۔

سَوسَن: (س مفتوح، و ساکن، س مفتوح، ن موقوف) ایک مشہور پھول جس کی دو قسمیں ہیں، سفید کو آزاد کہتے ہیں اور آسمانی رنگ کو ابرسا کہتے ہیں۔

سِینِین: (س مکسور، ی ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ایک درخت ہے، سینہ واحد، و طُورِ سِینِین قرآن میں ہے طور سینا ملک شام میں ایک پہاڑ کا نام ہے۔

سَیحَان: (س مفتوح، ی ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شام میں ایک بڑی نہر، بصرہ میں ایک دوسری نہر ہے جس کو ساحین بھی کہتے ہیں۔

سَیحُون: (س مفتوح، ی ساکن، ح مضموم، و ساکن، ن موقوف) ماوراء النہر میں ایک نہر، ہندوستان میں ایک نہر۔

سِیرَوَان: (س مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مصر میں ایک قصبہ اور ایک گاؤں کا نام، فارس میں ایک جگہ کا نام، رے میں ایک جگہ کا نام۔

﴿فصل السین مع الواو﴾

سَاأُو: (س مفتوح، ا ساکن، ء مضموم، و موقوف) وطن، ارادہ، غم دور ہونا، کسی چیز کی کشش۔

سُجُوّ: (س مضموم، ج مضموم، و مشدد موقوف) آرام کرنا، ہمیشہ ہونا، اونٹنی کا نالہ کرنا۔

سَحْو: (س مفتوح، ح ساکن، و موقوف) آگ کے لیے جگہ کشادہ کرنا تاکہ آگ روشن ہو۔

سَدْو: (س مفتوح، د ساکن، و موقوف) کسی چیز کے لیے ہاتھ بڑھانا، چوپایوں کا لمبا قدم رکھنا۔

سَرْو: (س مفتوح، ر ساکن، و موقوف) ایک مشہور درخت، واحد سَرْوَۃٌ ہے، سرو دمیاط کے قریب ایک شہر ہے، بلخ میں ایک گاؤں کا نام۔

سَطْو: (س مفتوح، ط ساکن، و موقوف) اونٹنی کے رحم میں چرواہے کا ہاتھ ڈالنا تاکہ اونٹ کی منی کو باہر نکالے، گھوڑے کا قدم دور رکھنا، زیادہ پانی ہونا، مضبوط پکڑنا، حملہ کرنا، قہر کرنا۔

سَطْوَۃٌ: (س مفتوح، ط ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) اچانک حملہ کرنا، جلال، قہر، شان و شوکت۔

سِعُود: (س مکسور، ع مضموم، و ساکن، د موقوف) رات کی ایک گھڑی، پہر۔

سُلُوّ: (س مفتوح/مضموم، ل ساکن/مضموم، و موقوف/مشدد موقوف) خوش ہونا، غم دور ہونا، بھول جانا۔

سُمُوّ: (س مکسور/مضموم، م ساکن/مضموم، و موقوف/مشدد موقوف) بلند ہونا، اونچا ہونا۔

سَہْو: (س مفتوح، ہ ساکن، و موقوف) بھول جانا، غافل ہونا، کسی چیز کی طرف دل مائل ہونا، آرام کرنا۔

﴿فصل السین مع الہاء﴾

سَبَہْ: (س مفتوح، ب مفتوح، ہ موقوف) بڑھاپے کی وجہ سے عقل کا زائل ہونا، بڑھاپے میں بدحواس ہونا۔

سَتَّہْ: (س مفتوح، ت ساکن رمفتوح، ہ موقوف) مقعد۔

سَفَاہ۔ سَفَہْ: (س مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ہ موقوف) (س مفتوح، ف مفتوح، ہ موقوف) خفت، نادانی۔

سَفِیہ: (س مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ہ موقوف) نادان، بے وقوف، کم عقل۔

سُمُوْہ: (س مضموم، م مضموم، و ساکن، ہ موقوف) گھوڑے کا اس طرح چلنا کہ نہ تھکے۔

سَنَہْ: (س مفتوح، ن مفتوح، ہ موقوف) سال۔

﴿فصل السین مع الیاء﴾

سَبْی: (س مفتوح، ب ساکن، ی موقوف) قید کرنا، قیدی۔

سَابِرِیّ: (س مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ر مکسور، ی مشدد موقوف) بیش قیمت کپڑے کی ایک قسم، باریک، بہترین کھجور، عمدہ کھجور۔

سَامِرِیّ: (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ر مکسور، ی مشدد موقوف) ایک شخص کا نام ہے جس نے حکمت سے سونے کا بچھڑا بنایا اور بہت سے لوگوں کو اس کی عبادت کے لیے بلایا اور گمراہ کر دیا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کے لیے دعا کی وہ ایک بیماری میں مبتلا ہو گیا تو لوگوں نے اسے شہر سے نکال دیا، صاحب قاموس کہتا ہے کہ سامری کرمان کا ایک مجوسی تھا یا بنی اسرائیل کے اکابر میں تھا، موضع سامرہ کی طرف منسوب جو بنی اسرائیل کا ایک گاؤں ہے۔

سُبَاعِیّ: (س مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ی مشدد موقوف) وہ آدمی جس کے ساتوں اعضا درست ہوں، سات حرفی کلمہ۔

سَاحِی: (س مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ی موقوف) بہتا دریا، بھرا ہوا برتن۔

سِنْجَرِیّ: (س مفتوح رمکسور، ن ساکن، ج مفتوح، ر مکسور، ی مشدد موقوف) سجستان کی طرف منسوب شخص، سکری کا معرب ہے، یہ کلمہ یائے نسبتی کے بغیر استعمال نہیں ہوا ہے۔

سَحْی: (س مفتوح، ح ساکن، ی موقوف) پھاوڑے سے زمین کی مٹی کھرچنا۔

سَخِیّ: (س مفتوح، خ مکسور، ی مشدد موقوف) بہادر مرد، فیاض، جواں مرد۔

سَادِی: (س مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی موقوف) چھ، سادس کا مرادف ہے۔

سُدِّیّ: (س مضموم، د مشدد مکسور، ی مشدد موقوف) ایک دانشمند آدمی کا لقب جو مسجد کوفہ کے دروازے پر عورتوں کی اوڑھنی بیچتا تھا۔

سَرْی: (س مفتوح، ر ساکن، ی موقوف) رات میں چلنا۔

سَرِیّ: (س مفتوح، ر مکسور، ی مشدد موقوف) سردار، بزرگ آدمی، چھوٹے جو کا آٹا، سری سقطی ایک مشہور بزرگ کا نام ہے۔

سَارِی: (س مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی موقوف) کسی چیز میں پورے اجزا کا سرایت کرنا۔

سُرَیْجِیّ: (س مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ج مکسور، ی مشدد موقوف) عمدہ تلوار جو سریج لوہار کی طرف منسوب ہے۔

سَعْی: (س مفتوح، ع ساکن، ی موقوف) کوشش کرنا، ارادہ کرنا، کام کرنا، کمائی کرنا، کمانا، دوڑنا، جلدی کرنا، تیز چلنا، خراج اور ٹیکس لینا۔

سَاعِی: (س مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ی موقوف) والی، ڈاکیہ، محصل خراج، کسی کو کام پر لگانے والا آدمی، چغلخور، عیب جو، یہود و نصاریٰ کا سردار۔

سَقْی: (س مفتوح، ق ساکن، ی موقوف) پانی دینا، شکم میں صفرا جمع کرنا، عیب بیان کرنا۔

سِقْی: (س مکسور، ق ساکن، ی موقوف) وہ پانی جو کسی کو دیا جائے، سینچا ہوا کھیت، وہ کھانا جس میں پیلا پانی ہو۔

سَاقِی: (س مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ی موقوف) شراب اور پانی پلانے والا۔

سَامِی: (س مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ی موقوف) بلند، اونچا۔

سَمِیّ: (س مفتوح، م مکسور، ی مشدد موقوف) ہمنام، مانند، مثل۔

سَنِیّ: (س مفتوح، ن مکسور، ی مشدد موقوف) بلند، روشن۔

سَاہِی: (س مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ی موقوف) غافل، بھولنے والا۔

باب الشین

فصل الشین مع الالف

شِتَاء: (ش مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) جاڑا، موسم سرما۔

شَتّٰی: (ش مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا مقصورہ موقوف) پراگندہ چیزیں، شَتِیت کی جمع ہے۔

شِرَاء: (ش مفتوح رمکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خریدنا، بیچنا۔

شَرٰی (ش مفتوح، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) زمین کا گوشہ، خراب مال، اچھا مال، شیر کا جنگل۔

شَرْفَاء: (ش مفتوح، ر ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لمبا کان، وہ جانور جس کا کان لمبا اور باہر ہو سَکّار کی ضد، جیسا کہ لوگ کہتے ہیں کُلُّ سَكّار تبیض اور کُلُّ شَرْفَاء تَلِد یعنی ہر وہ جانور جس کا کان ظاہر نہ ہو انڈا دیتا ہے اور جس کا کان ظاہر اور دراز ہوتا ہے بچہ جنتا ہے۔

شُرَفَاء: (ش مضموم، ر مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بزرگ لوگ، شَرِیف کی جمع ہے۔

شَرْقَاء: (ش مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کان پھاڑا ہوا چوپایہ۔

شُرَكَاء: (ش مضموم، ر مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شریک کار، شَرِیک کی جمع ہے۔

شَطَأ: (ش مفتوح، ط مفتوح، ا موقوف) کھیتی کے پتے یا بالی، درخت خرما کے پودے، شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔

شَاطِی: (ش مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ی موقوف) دریا اور نہر کا کنارہ۔

شِعْرٰی: (ش مکسور، ع ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) دو روشن ستارے جو ستارۂ جوزا کے بعد طلوع ہوتے ہیں جن میں سے ایک کو شعرای عبور کہتے ہیں اور دوسرے کو شعرای غمیصا کہتے ہیں جن میں شعرای عبور مشہور ہے، ابو کبشہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جد مادری (نانا) زمانہ جاہلیت میں اسی کی پوجا کرتے تھے اور دوسرے قریش کی اصنام پرستی کے مخالف تھے اس وجہ سے ظہور اسلام کے بعد قریش حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن ابی کبشہ کہتے یعنی آپ اصنام پرستی میں قریش کے مخالف ہیں جس طرح ابو کبشہ مخالف تھے۔

شَعْرَاء: (ش مفتوح، ع ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ایک قسم کا آڑو، بہت درختوں والی زمین، پوستین، جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی، نیلی سرخ مکھی جو اونٹ گدھے اور چوپائے پر بیٹھتی ہے، سخت عظیم مصیبت، بری اور سخت چیز۔

شُعَرَاء: (ش مضموم، ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شاعر کی جمع ہے۔

شِفَاء: (ش مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دوا، تندرستی۔

شَفَا: (ش مفتوح، ف مفتوح، ا موقوف) کنارہ، ہر چیز کا کنارہ۔

شُفَعَاء: (ش مضموم، ف مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لوگوں کے گناہوں کی معافی کی درخواست کرنے والے، بیچ میں شفعہ کرنے والے، سفارش کرنے والے۔

شِقَاء: (ش مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بدبخت ہونا، بدبخت، شِقَا بغیر ہمزہ بھی آیا ہے۔

شَكْوٰی: (ش مفتوح، ک ساکن، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) شکایت کرنا، گلہ کرنا۔

شَلَّاء: (ش مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خشک ہاتھ، شل ہاتھ، سوکھا ہاتھ۔

شَانِئ: (ش مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ئ موقوف) دشمن، اللہ تعالیٰ کا ارشاد اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَر بے شک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے (الکوثر)

شُورٰی: (ش مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) مشورہ۔

شَوْهَاء: (ش مفتوح، و ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بدصورت، بدشکل

عورت، خوبصورت عورت، تیز دوڑنے والا گھوڑا، بڑے منہ اور چوڑی ناک والا۔

شَہْلَاء: (ش مفتوح، ہ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سیاہی مائل بھوری آنکھ والی عورت۔

شَہْبَاء: (ش مفتوح، ہ ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گھوڑا اور اونٹ جس کی سفیدی پر سیاہی غالب ہو، اسے سرخنگ کہتے ہیں۔

شَیْئ: (ش مفتوح، ی ساکن، ء موقوف) چیز، اَشْیَاء جمع ہے یا اسم جمع۔

شُیَیْئ: (ش مکسور و مضموم، ی مفتوح، ء موقوف) چھوٹی چیز، شَیْئ کی تصغیر اور شُوَی (بضم شین و بفتح واو) جو مشہور ہے غلط ہے۔

﴿فصل الشین مع الباء﴾

شُؤْبُوْب: (ش مضموم، ء ساکن، ب مضموم، و ساکن، ب موقوف) یکبارگی بارش، ہر چیز کا کنارہ، شَآبِیْب جمع ہے۔

شَاب: (ش مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) جوان مرد۔

شُبَّب: (ش مضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) جوانی، جوان لوگ، شُبَّان اسی معنی میں ہے اور یہ تینوں جمع ہیں شَاب کی۔

شَبَاب: (ش مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) جوانی، جوان لوگ، ہر چیز کی ابتدا۔

شِبَاب: (ش مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) خوشی، خوشی کی وجہ سے گھوڑے کا دونوں ہاتھ بلند کرنا، وہ چیز جس سے آگ بھڑکے۔

شَبّ: (ش مفتوح، ب مشدد موقوف) آگ روشن کرنا، جنگ، ہر چیز کی بلندی، جوان ہونا، زاک سفید جس کو ہندی میں پھٹکری کہتے ہیں، عمدہ نشتر جسے شب یمانی کہتے ہیں۔

شُبُوْب: (ش مضموم، ب مضموم، و ساکن، ب موقوف) آگ جلانا، کارزار کا گرم ہونا، جنگ کا بھڑکنا۔

شَبُوْب: (ش مفتوح، ب مضموم، و ساکن، ب موقوف) وہ چیز جس سے آگ روشن کریں، نیکی کرنے والا، برائی کرنے والا، اگلے دونوں پاؤں اٹھانے والا گھوڑا۔

شِجَاب: (ش مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) شیشی کی ڈاٹ، لکڑی کی کھونٹیاں جن پر کپڑا لٹکایا جائے، ہینگر۔

شَجْب: (ش مفتوح، ج ساکن، ب موقوف) غمگین ہونا، ہلاک ہونا، ہلاک کرنا، غمگین کرنا، مشغول کرنا، شَجَب بھی اسی معنی میں ہے، شیشی میں ڈاٹ لگانا، ضرورت، غم، گھر کا ستون، خشک مشک جس میں سنگریزوں کو رکھ کر ہلائیں اور اونٹوں کو اسی کے ذریعہ بلائیں، ایک قبیلے کے مورث اعلیٰ کا نام ہے، مشک جسے آدھا کاٹ کر ڈول بنائیں۔

شَجَب: (ش مفتوح، ج مفتوح، ب موقوف) رنج و تکلیف جو مرض یا جنگ کی وجہ سے لاحق ہو۔

شُجُب: (ش مضموم، ج مضموم، ب موقوف) لکڑی کا سرا جس پر چمڑا ہے ڈول لٹکاتے ہیں۔

شُجُوْب: (ش مضموم، ج مضموج، و ساکن، ب موقوف) ہلاک ہونا، گھر کے ستون، شَجْب کی جمع ہے۔

شُحُوْب: (ش مضموم، ح مضموم، و ساکن، ب موقوف) کمزور ہونا، کمزوری، بھوک اور سفر کی وجہ سے بدحال ہونا، کدال سے زمین کھودنا۔

شَخْب: (ش مفتوح، خ ساکن، ب موقوف) اونٹنی کے پستان سے خون اور دودھ کھینچنا، نیچے آنا۔

شُخْب: (ش مضموم، خ ساکن، ب موقوف) دوہنے کے وقت ایک بار پستان کھینچنے سے دودھ کا باہر آنا۔

شَخَب: (ش مفتوح، خ مفتوح، ب موقوف) ایک قلعہ کا نام۔

شِخَاب: (ش مکسور، خ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) تازہ دودھ۔

شَذْب: (ش مفتوح، ذ ساکن، ب موقوف) ہانکنا۔

شَذَب: (ش مفتوح، ذ مفتوح، ب موقوف) درخت کی پراگندہ شاخیں جنہیں کاٹتے ہیں، شَذَبَۃ واحد ہے، گھر کا سامان کپڑا وغیرہ، چمڑا، درخت کی چھال اور شاخیں کاٹنا، درخت سے چھلکا جدا کرنا۔

شَاذِبٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، ذ مکسور، ب موقوف) ایک جگہ سے دور ہونے والا۔

شِرْب: (ش مکسور، ر ساکن، ب موقوف) پانی، پانی کا حصہ۔

شَرْب: (ش مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) پینے والے شارِبٌ کی جمع ہے۔

شُرْب: (ش مفتوح رمکسور رمضموم، ر ساکن، ب موقوف) پینا، پلانا، پانی پینا اور اس کے علاوہ، بعض لوگوں نے کہا ہے شَرْب مصدر ہے، شُرْب اسم مصدر ہے، کھانے اور پینے کے قابل چیز۔

شَرَبٌ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) چھوٹے حوض، درخت کا اردگرد جس سے وہ پانی حاصل کرتے ہیں، سبزہ، تازہ، بہت پانی پینا۔

شَارِبٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ب موقوف) مونچھ، پانی پینے والا۔

شَرَاب: (ش مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ہر پینے کی چیز، کھانے کی چیز۔

شُزُوْب: (ش مضموم، ز مضموم، و ساکن، ب موقوف) گھوڑے کا دبلا ہونا۔

شَازِبٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ب موقوف) درست، خشک، کمزور۔

شِصْب: (ش مکسور، ص ساکن، ب موقوف) سختی و قحط۔

شُصُوْب: (ش مفتوح، ص مضموم، و ساکن، ب موقوف) زندگی کا سخت ہونا۔

شَاصِبٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ب موقوف) سخت۔

شَعْب: (ش مفتوح، ع ساکن، ب موقوف) شگاف، شگاف کو جوڑنا یا پر کرنا، جدا کرنا، باہم جوڑنا، اصلاح کرنا، فاسد کرنا، پھاڑنا، منتشر ہونا، یمن میں ایک گروہ کا نام ہے اور شعبی اسی گروہ کا مشہور دانشمند ہے، بڑا قبیلہ، لوگ کہتے ہے اول شعب ہے اس کے بعد قبیلہ ہے اس کے بعد فصلہ ہے اس کے بعد عمارہ ہے اس کے بعد بطن اس کے بعد فخذ ہے۔

شِعْب: (ش مکسور، ع ساکن، ب موقوف) پہاڑ کا درہ، وہ راستہ جو دو پہاڑوں کے درمیان ہو، زمین میں پانی جاری ہونے کی جگہ، اونٹ کا نشان، گھاٹی، شِعَاب جمع ہے۔

شَعَبٌ: (ش مفتوح، ع مفتوح، ب موقوف) چوپائے کے دونوں سینگوں کا فاصلہ، دونوں کندھوں کا درمیانی فاصلہ۔

شُعَبٌ: (ش مضموم، ع مفتوح، ب موقوف) گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر اور گردن کے بال، گروہ، جماعتیں، شُعْبَہ کی جمع ہے، شُعَب اربع دونوں ہاتھ، دونوں پاؤں، شُعَب الید ہاتھ کی انگلیاں۔

شُعَیب: (ش مضموم، ع مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) توشہ دان، ایک پیغمبر کا نام ہے، پرانی مشک۔

شَغْب: (ش مفتوح، غ ساکن رمفتوح، ب موقوف) فتنہ و فساد برپا کرنا، تباہی پھیلانا۔

شَغَبٌ: (ش مفتوح، غ مفتوح، ب موقوف) ایک عورت کا نام ہے۔

شِقْب: (ش مفتوح رمکسور، ق ساکن، ب موقوف) پست زمین، دو پہاڑوں کے درمیان اترنے کی جگہ، شِقْب (ش مکسور) پہاڑ کا شگاف، زمین اور پہاڑ کا سوراخ جس میں پرندے آشیانہ بناتے ہیں۔

شَنَبٌ: (ش مفتوح، ن مفتوح، ب موقوف) دانت کی تیزی، دانتوں کی چمک، سفیدی۔

شَوَارِبٌ: (ش مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ب موقوف) حلق کی چند رگیں، گردن میں پانی کی نلی، مونچھ کے بال۔

شَوْب: (ش مفتوح، و ساکن، ب موقوف) ملانا، شوربا، عرب کہتے ہیں مَاعِنْدَهٗ شَوْبٌ وَّلَا رَوْب اس کے پاس نہ شوربا ہے اور نہ جما ہوا دودھ، دہی۔

شَہْب: (ش مفتوح، ہ ساکن، ب موقوف) کسی چیز کی سیاہی پر سفیدی کا غالب ہونا، پہاڑ جس کے اوپر برف جمی ہو۔

شُہْب: (ش مضموم، ہ ساکن، ب موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

شَہَبٌ: (ش مفتوح، ہ مفتوح، ب موقوف) سفیدی کا سیاہی پر غالب آنا۔

شَہَاب: (ش مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) روشن ستارے، مہینے کی آخری تین راتیں۔

شِہَاب: (ش مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) آگ کا شعلہ، جنگ میں کودنے والا مرد۔

شَیْب: (ش مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) سفید بال، بال کی سفیدی، بڑھاپا۔

شِیْب: (ش مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کوڑے کا تسمہ، ایک پہاڑ کا نام ہے، پانی پینے کے وقت اونٹ کے ہونٹ کی آواز۔

﴿فصل الشین مع التاء﴾

شُبْعَۃ: (ش مضموم، ب ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ایک مرتبہ کھانے سے پیٹ بھرنے کی مقدار۔

شُبَاعَۃ: (ش مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا، زم زم کا نام۔

شَبَکَۃ: (ش مفتوح، ب مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) شکاری کا جال۔

شُبْہَۃ: (ش مضموم، ب ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) پوشیدہ، مشتبہ۔

شِبِتّ: (ش مفتوح رمکسور رمضموم، ب مکسور، ت مشدد مفتوح) مشہور ترکاری جسے شود کہتے ہیں، ہندی میں سویا۔

شَتّ: (ش مفتوح، ت مشدد موقوف) متفرق ہونا۔

شَتَات: (ش مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) پراگندہ ہونا۔

شَتِیْت: (ش مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ت موقوف) منتشر، متفرق، کشادہ دانت، شَتّٰی جمع ہے۔

شَجَاعَۃ: (ش مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) بہادر ہونا، جنگ میں بہادری دکھانا اور خوف کے وقت بہادری دکھانا۔

شِجْعَۃ: (ش مفتوح رمکسور، ج ساکن رمفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) بہادر لوگ۔

شَجَّۃ: (ش مفتوح، ج مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گرمی، حرارت، سر کا زخم۔

شُجْنَۃ: (ش مفتوح رمکسور رمضموم، ج ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ایک مرد کا نام ہے، رگیں، درخت کی منتشر جڑیں، شِجْنَۃ رحم بمعنی قرابت، یگانگت، قرب، بہت ملا ہوا، حدیث شریف میں ہے اَلرَّحْمُ شَجْنَۃٌ مِنَ اللّٰہِ رحم ماخوذ ہے رحمٰن سے یعنی خدا سے قریب۔

شِخْتَۃ: (ش مکسور، خ ساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) دشمنی کرنا، گھوڑوں کا گروہ جو جہاد کے لیے ایک جگہ باندھا گیا ہو، گھاس اور دانہ جو چوپایوں کی خاطر شب و روز کے لیے مقرر کیا جائے، وہ مرد جسے بادشاہ کسی شہر میں ضبط کار اور سیاست کے لیے مقرر کرے۔

شَحْمَۃ: (ش مفتوح، ح ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) تھوڑی چربی، چربی، شَحْمَۃُ الْاُذُن کان کی لو، شَحْمَۃُ الْاَرْض گلگٹا، سانپ کی چھتری۔

شَحَامَۃ: (ش مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) موٹا ہونا۔

شَخْت: (ش مفتوح، خ ساکن، ت موقوف) کمزور اور دبلا ہونا۔

شِدَّۃ: (ش مکسور، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سختی۔

شَدَّۃ: (ش مفتوح، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) اچانک حملہ کرنا۔

شُرْبَۃ: (ش مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ایک لقمہ، ایک گھونٹ، کھانے پینے کی مقدار، چہرے کی سرخی، ایک جگہ کا نام، شُرَبَۃ اسی معنی میں ہے۔

شُرَبَۃ: ش مضموم، ر مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) بہت زیادہ پانی پینے والا مرد۔

شَرْبَۃ: (ش مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار پینا، کھجور کا درخت جو گٹھلی سے نکلے۔

شَرَبَۃ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) بہت پینا، چھوٹا تالاب جو اپنے ارد گرد کے درختوں کو سیراب کرتا ہے، تشنگی، شدت حرارت۔

شَرَبَّۃ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) زیادہ گھاس والی زمین جس پر درخت نہ ہو، ایک جگہ کا نام ہے، طرز، طریقہ۔

شِرْکَۃ: (ش مکسور، ر ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) شریک ہونا۔

شَرَکَۃٌ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) شکاری کا جال۔

شَرْشَرَۃٌ: (ش مفتوح، ر ساکن، ش مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) پھاڑنا، لکڑی وغیرہ کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا، کنارہ، شَرَاشِر جمع ہے۔

شِرَّۃٌ: (ش مکسور، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) حرص، لالچ، جوانی کی امنگ، خوشی، برا ہونا۔

شَرَارَۃٌ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) برا ہونا، چنگاری، شَرَرَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

شُرْفَۃٌ: (ش مضموم، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) کنگرہ، شُرْفَۃُ المال منتخب مال۔

شِرْعَۃٌ: (ش مکسور، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) راستہ، بعض لوگ کہتے ہیں ظاہر اور سیدھا راستہ، اللہ تعالیٰ نے جو طریقہ لوگوں کے لیے مقرر کیا (شریعت)، مرغ سنگ خوار کے شکار کرنے کا جال، ساز کا تار، کمان کی تانت، شَرِیْعَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

شَرِیْعَۃٌ: (ش مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ظاہر سیدھا راستہ، شریعت، حق تعالیٰ کا دین جو اس نے بندوں کے لیے مقرر کیا ہے، پیالے، پانی پینے کی جگہ، گھاٹ۔

شَرْقَۃٌ: (ش مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ، پورب، آفتاب جس وقت روشن ہو، سورج کا پورب سے نکلنا۔

شُرْقَۃٌ: (ش مضموم، ر ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) غم۔

شَرَقَۃٌ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) وہ نشانی جس سے پھٹے ہوئے کان پر نشان لگائیں۔

شَرْقِیَّۃٌ: (ش مفتوح، ر ساکن، ق مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ مقام جس کا رخ پورب ہو، پورب، اللہ تعالیٰ کا فرمان مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ یعنی نہ مشرق رو ہے اور نہ مغرب رو یعنی ہمیشہ دھوپ میں ہے نہ ہمیشہ سایہ میں، ایسے ہی تازہ تر درخت اور اس کا زیادہ پکا ہوا میوہ، پاکیزہ، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ مقام ملک شام میں ہے جو نہ مشرق میں ہے نہ مغرب میں بلکہ بیچ میں واقع ہے لیکن پہلا معنی زیادہ صحیح ہے۔

شَرَاسَۃٌ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) بری عادت والا ہونا، بد خلق ہونا۔

شِرْذِمَۃٌ: (ش مکسور، ر ساکن، ذ مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) لوگوں کا چھوٹا گروہ، میوہ یہی کا ٹکڑا۔

شَرْحَۃٌ: (ش مفتوح، ر ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) کٹے ہوئے گوشت کا لمبا ٹکڑا۔

شَرِیْحَۃٌ: (ش مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) کھجور کے پتوں سے بنا ہوا ٹوکرا جس میں خربوزہ وغیرہ رکھتے ہیں، ایڑی کا پٹھا جس سے تیر پر چپکاتے ہیں، تنکے سے بنا ہوا کبوتر کا گھر، وہ کمان جو چوب شریح سے بنائیں، وہ ایسی لکڑی ہے جب اسے پھاڑتے ہیں دو ٹکڑے ہو جاتی ہے اور مڑ جاتی ہے مگر ٹوٹتی نہیں ہے۔

شَرِیْطَۃٌ: (ش مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کو معلق کرنا، عہد و پیمان، کھجور کی چھال کی بٹی ہوئی رسی۔

شُرْطَۃٌ: (ش مضموم، ر ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) لشکر اور قافلہ کا نقیب، کوتوال کا پیادہ۔

شَظِیَّۃٌ: (ش مفتوح، ظ مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ہر چیز کا ٹکڑا، پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے باہر کی طرف نکلا ہو۔

شُعْلَۃٌ: (ش مضموم، ع ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) شعلہ، آگ کی بھڑک، آگ کا شعلہ۔

شَعْوَذَۃٌ: (ش مفتوح، ع مضموم، و ساکن، ذ مفتوح، ۃ موقوف) دھوکہ، فریب، چالبازی (م) شعبدہ کا معرب ہے۔

شَعِیْرَۃٌ: (ش مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) جو کا ایک دانہ، تلوار یا چھری کا دستہ، حج کی قربانی، عبادت، رسی کی نشانی۔

شُعْبَۃٌ: (ش مضموم، ع ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پیوند، پیالہ،

برتن، ایک گروہ، ہر چیز کا ٹکڑا، جدائی۔

شَعْشَعَۃٌ: (ش مفتوح، ع ساکن، ش مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) پانی میں شراب ملانا، ایک چیز کو دوسری چیز میں ملانا، چاند کا کچھ حصہ، سورج کا عکس جیسا کہ مشہور ہے لیکن کلام عرب میں اس کی مثال نہیں۔

شَفَاعَۃٌ: (ش مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) خواہش کرنا، سفارش کرنا۔

شُفْعَۃٌ: (ش مضموم، ف ساکن ع مفتوح، ۃ موقوف) گھر اور زمین کا پڑوس۔

شَفَتٌ: (ش مفتوح، ف ساکن، ت موقوف) ہونٹ، خَفِیْفُ الشَّفَۃ کم سوال کرنے والا، بِنْتُ الشَّفَۃ بات، شِفَاۃ جمع ہے۔

شَافِئَۃٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) پیر کا وہ زخم جس کا داغنے کے علاوہ کوئی علاج نہ ہو۔

شُفْرَۃٌ: (ش مضموم، ف ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) آنکھ کا غلاف جس پر پلک کے بال اگتے ہیں۔

شَفْرَۃٌ: (ش مفتوح، ف ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) چھری، موچیوں کی رانپی، تلوار کی دھار، خادم۔

شَفْقَۃٌ: (ش مفتوح، ف ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) مہربانی۔

شُقْرَۃٌ: (ش مضموم، ق ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سیاہی ملی ہوئی سرخی۔

شَقَاوَۃٌ: (ش مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) (ش مفتوح، ق ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) بدبختی۔

شُقَّۃٌ: (ش مضموم، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آگے پھٹا ہوا کپڑا، جبہ کے علاوہ، شیروانی، کوٹ، دور کا سفر، دوری، کنارہ، مشقت، ان تینوں معنوں کے لیے شِقَّۃٌ بھی آیا ہے۔

شِقَّۃٌ: (ش مکسور، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تختی، عصا، کپڑے کا ٹکڑا۔

شَقِیْقَۃٌ: (ش مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) سر کی ایک جانب، بجلی جو افق میں پھیل جائے، ایک پرندے کا نام، بڑے قطروں والی بارش، آدھے سر کا درد، ادھکپاری، نعمان بن منذر کی دادی کا نام، دو پہاڑوں کے درمیان ریتلی جگہ جس میں گھاس ہو، شَقَائِق جمع ہے۔

شَقْشَقَۃٌ: (ش مفتوح، ق ساکن، ش مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) اونٹ اور نر پرندے کا آواز دینا، لکڑی چیرنا، بات کہنا۔

شِقْشِقَۃٌ: (ش مکسور، ق ساکن، ش مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) مستی کے وقت اونٹ کا حلق سے جھاگ نکالنا، خُطْبَۃ شِقْشِقَۃ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب خطبہ، اس لیے کہ جب امیر المومنین نے اس خطبے کا ایک حصہ پڑھا، ایک شخص اٹھا اور کوئی مسئلہ پوچھا، حضرت اس کے جواب میں مشغول ہو گئے اور پھر خطبہ نہ دیا، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کاش کہ اس خطبے کو آپ پورا کر لیتے، حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا هَیْهَاتَ تِلْکَ شِقْشِقَۃٌ هَدَرَتْ ثُمَّ قَرَّتْ یہ شقشقہ تھا کہ جس نے آواز کیا اور پھر اپنی جگہ پر قرار پا گیا یعنی چند باتیں زبان پر آئیں اور اس میں کوئی اختیار نہ تھا، کپڑے کی لمبی چٹ، چیز کا آدھا حصہ (م)۔

شُکْلَۃٌ: (ش مضموم، ک ساکن ل مفتوح، ۃ منون) آنکھ کی سُرخی اور سفیدی۔

شَاکِلَۃٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) عادت، عقل، پہلو، کوکھ، راستہ، کنارے، سفیدی، کنپٹی۔

شَکَاسَۃٌ: (ش مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن س مفتوح، ۃ موقوف) بری عادت والا ہونا۔

شِکَایَۃٌ: (ش مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) گلہ، شکوہ۔

شَکِیْمَۃٌ: (ش مفتوح، ک مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے، گوشت دیگ، طبیعت، خمیر۔

شَمَاتَۃٌ: (ش مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ت مفتوح، ت موقوف) کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔

شَامِتٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ت موقوف) کسی کی مصیبت پر خوش ہونے والا۔

شَمَّۃٌ: (ش مفتوح، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار سونگھنا،

تھوڑی خوشبو۔

شَامَۃٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بدن اور زمین پر سیاہ نشان، سیاہ کالی اونٹنی، منہ کی بدبو۔

شَامَّۃٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سونگھنے کی قوت۔

شَآمَۃٌ: (ش مفتوح، ا ممدودہ، م مفتوح، ۃ موقوف) نحوست، بدفالی۔

شَمَامَۃٌ: (ش مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) عمدہ خوشبو جو سونگھی جائے۔

شَنَاعَۃٌ: (ش مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) برا ہونا، برائی۔

شُنْعَۃٌ: (ش مضموم، ن ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) برائی۔

شَنَاءَۃٌ: (ش مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) دشمنی۔

شِنْشِنَۃٌ: (ش مکسور، ن ساکن، ش مکسور، ۃ موقوف) عادت، طبیعت۔

شَہَامَۃٌ: (ش مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بڑا ہونا، حکم جاری ہونا، چست اور مضبوط ہونا، خوش ہونا۔

شَہْقَۃٌ: (ش مفتوح، ہ ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) نعرہ لگانا۔

شَہَادَۃٌ: (ش مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) سچی خبر، سچی گواہی، شہید ہونا۔

شُہْرَۃٌ: (ش مضموم، ہ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) شہرت، ظاہر کرنا، نیام سے تلوار کھینچنا۔

شَوْصَۃٌ: (ش مفتوح، و ساکن، ص مفتوح، ۃ موقوف) پہلو اور اضلاع کا ورم، پہلو اور اضلاع کا ریاحی درد جس کو ذات الجنب کہتے ہیں۔

شَوْکَۃٌ: (ش مفتوح، و ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) کانٹا، طاقت، اسلحہ اور اس کی تیزی، جنگ کی شدت کی ہیبت، زخم، دشمنی، وہ سرخی جو کاٹنے سے ظاہر ہو، شَوْکَۃُ العقرب بچھو کا ڈنک، شَوْکَۃُ الحائِک تانا بانا درست کرنے کا آلہ۔

شَوْلَۃٌ: (ش مفتوح، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے، دو بڑے ستارے جو برج عقرب کی دم پر ہیں وہ چاند کی منزل ہے، ایک بے وقوف عورت کا نام ہے۔

شِیْمَۃٌ: (ش مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) طبیعت، شَائِمَۃ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

شَائِبَۃٌ: (ش مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ب ساکن، ۃ موقوف) ملاوٹ، آلودگی، شَوائِب جمع ہے۔

شَیْخُوخَۃٌ: (ش مفتوح، ی ساکن، خ مضموم، و ساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) پچاس سال سے اسی سال یا آخرِ عمر کا عرصہ۔

شَیَخَۃٌ: (ش مفتوح، ی ساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) بنی اسد اور بنی حنظلہ کے شہروں کی سفید ریت، شِیَخَۃ شَیْخ کی جمع ہے۔

شَیْبَۃٌ: (ش مفتوح، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) سفید بال، بال کی سفیدی، بڑھاپا۔

شِیْبَۃٌ: (ش مکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) نشان، کسی چیز کے اصل رنگ کا متغیر ہونا۔

شِیْعَۃٌ: (ش مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) پیروی کرنے والے، مددگار، علاحدہ گروہ، علاحدہ، اکیلا، اصطلاح میں علی بن ابی طالب اور ان کی اولاد سے محبت کرنے والے اور ان کی متابعت و پیروی کرنے والوں کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے، یہ لفظ واحد اور جمع دونوں کے لیے استعمال ہوا ہے۔

﴿فصل الشین مع الثاء﴾

شِبْث: (ش مکسور، ب ساکن، ث موقوف) ایک ترکاری کا نام ہے۔

شَبْث: (ش مفتوح، ب ساکن، ث موقوف) پنجہ گاڑنا، کسی چیز سے لٹکنا۔

شَبِث: (ش مفتوح، ب مکسور، ث موقوف) پنجہ گاڑنے والا۔

شَبَث: (ش مفتوح، ب مفتوح، ث موقوف) مکڑی، ایک کیڑا جس کے پیر بہت ہوتے ہیں، ایک آدمی کا نام ہے۔

شَثّ: (ش مفتوح، ث مشدد موقوف) خوشبودار تلخ گھاس جس سے دباغت دیتے ہیں، چھوٹے سیب کی طرح خوشبودار کڑوے پھل کے درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو

چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں (م) شہد کی مکھی، پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کے مانند رہ جائے۔

شَرْث: (ش مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) پرانا جوتا۔

شَرَث: (ش مفتوح، ر مفتوح، ث موقوف) پشتِ دست کا ورم اور اس کا پھٹنا۔

شَرَنْبَث: (ش مفتوح، ر مفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ث موقوف) موٹے اور سخت ہاتھوں اور پاؤں والا، شیر درندہ، بے وقوف آدمی۔

شَعَث: (ش مفتوح، ع مفتوح، ث موقوف) پراگندہ، الجھے ہوئے غبار آلود بال والا ہونا، کام کی پراگندگی، عرب کہتے ہیں لَمَّ اللّٰہُ شَعَثَکَ اللہ تعالیٰ تمہارے پراگندہ کاموں کو جمع کرے۔

شِیْث: (ش مکسور، ی ساکن، ث موقوف) ایک پیغمبر کا نام جو حضرت آدم علیہ السلام کے لڑکے ہیں۔

فصل الشین مع الجیم

شَاْج: (ش مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) کسی کام کو چھوڑ دینا۔

شَاہدَانَج: (ش مفتوح، ا ساکن، ہ موقوف، د مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ج موقوف) بیج، تخم کنب بھنگ کا بیج جس کو حبۃ الخضرا کہتے ہیں، شاہدانہ کا معرب ہے۔

شَجّ: (ش مفتوح، ج مشدد موقوف) سر کو زخمی کرنا، کشتی وغیرہ کا دریا کے پانی کو پھاڑنا، بیابان کا راستہ طے کرنا، پانی میں شراب ملانا۔

شَجِیْج: (ش مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ج موقوف) شکستہ سر آدمی، سر شکستہ کھونٹی۔

شُجَّاج: (ش مضموم، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) کوا، اونٹ، شتر مرغ کا آواز دینا، شجاج سر کے زخم، شجہ کی جمع شجاج ہے۔

شَجَاج: (ش مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) ایک دوسرے کا سر پھوڑنا۔

شَجَّاج: (ش مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) گدھے کا بچہ، اسی وجہ سے خچروں کو بنات الشجاج کہتے ہیں، سر کو بہت زیادہ زخمی کرنے والا۔

شَرْج: (ش مفتوح، ر ساکن، ج موقوف) پتھریلی زمین سے نرم زمین کی طرف پانی جاری ہونے کی جگہ، یمن میں ایک سواری ہے، ایک نہر کا نام، مانند، رنگ، گروہ، شریک ہونا، جمع کرنا، جھوٹ بولنا، ایک دوسرے کو چننا، اینٹوں کو چننا، تھیلی کو مضبوط باندھنا، شَرَج کہکشاں، وادی کی کشادگی، کمان کا شگاف، خیمہ کی رسی، ایک خصیہ کا دوسرے خصیہ سے بڑا ہو جانا۔

شِطْرَنْج: (ش مکسور، ط ساکن، ر مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) مشہور کھیل۔

شُفَارِج: (ش مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ج موقوف) بڑا طشت جس میں پیالے رکھیں، پیش پارہ کا معرب ہے، میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔

شَمْج: (ش مفتوح، م ساکن، ج موقوف) ملنا، ملانا، جلدی کرنا، کپڑے کی کچی سلائی کرنا، لنگر ڈالنا۔

شَمَاج: (ش مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) انگور کھانے کے بعد جو چیز منہ سے تھوکتے ہیں، چیز کے معنی میں بھی آیا ہے۔

شَنَج: (ش مفتوح، ن مفتوح، ج موقوف) کھال کا سکڑنا، جھری دار ہونا۔

فصل الشین مع الحاء

شَبَح: (ش مفتوح، ب مفتوح، ح موقوف) بدن، دور سے نظر آنے والا جسم، بلند عمارت کا دروازہ (م) شَبْح بھی اسی معنی میں ہے۔

شُحّ: (ش مفتوح رمکسور رمضموم، ح مشدد موقوف) لالچ، بخل، شح بالضم زیادہ مشہور ہے۔

شَحِیْح: (ش مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ح موقوف) کنجوس، لالچی۔

شَحْشَح: (ش مفتوح، ح ساکن، ش مفتوح، ح موقوف) کشادہ میدان،

ہر لازم چیز، شَحشاح بھی اسی معنی میں ہے، بدخلق، خوش بیان مقرر، بہادر، غیرت مند، شَحشاح بھی اسی معنی میں ہے، شَحّاح وہ عورت جو طاقت میں مردوں کی طرح ہو۔

شَدْح: (ش مفتوح، د ساکن، ح موقوف) موٹا ہونا۔

شَرْح: (ش مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) بیان کرنا، ظاہر کرنا، کاٹنا، کھولنا، جاننا، کسی چیز کو کھولنا، بکارت زائل کرنا۔

شَرِیح: (ش مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) گوشت کا ٹکڑا، شَرِیحَہ بھی اسی معنی میں ہے۔

شُرَیح: (ش مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) مشہور قاضی کا نام ہے۔

شَارِح: (ش مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ح موقوف) چڑیوں سے کھیتی کی حفاظت کرنے والا، نگہبانِ زراعت۔

شَطْح: (ش مفتوح، ط ساکن، ح موقوف) بے حیائی کرنا، صوفیوں کی اصطلاح میں بظاہر خلاف شرع چیزیں بیان کرنا۔

شَطّاح: (ش مفتوح، ط مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بے حیا، صوفیوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو ظاہر شرع کے خلاف بات کہے، یہ دونوں لفظ لغت کی معتبر کتابوں میں نہیں پائے جاتے، ظاہر ہے کہ یہ لفظ فارسی بھی نہیں لیکن زبانوں پر جاری ہے اور کلام عرب میں مشہور ہے۔

شَقِیح: (ش مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ح موقوف) قَبِیح کا مرادف ہے۔

شِیح: (ش مکسور، ی ساکن، ح موقوف) ایک گھاس ہے جس کو فارسی میں درمنہ ترکی کہتے ہیں، لمبی چادر، کاموں میں کوشش کرنے والا مرد۔

﴿فصل الشین مع الخاء﴾

شَخْب: (ش مفتوح، ب ساکن، خ موقوف) دودھ دوہنے کی آواز۔

شَدْخ: (ش مفتوح، د ساکن، خ موقوف) کسی چیز کو توڑنا، جھکنا، کشادہ ہونا، لمبا ہونا، پیشانی کی سفیدی۔

شَدَخ: (ش مفتوح، د مفتوح، خ موقوف) شکم سے ساقط ہونے والا ناقص بچہ۔

شَرْخ: (ش مفتوح، ر ساکن، خ موقوف) جڑ، ریشہ، کسی چیز کا ظاہر ہونے والا کنارہ، جوانی کی ابتدا، کام کی ابتدا، اونٹ کے سالانہ بچے، وہ تلوار جس کا قبضہ اور دستہ نہ بنایا گیا ہو اور اس کی دھار نہ نکالی گئی ہو، ہمزاد، مانند، جوان، شَارِخ جمع ہے، جوان ہونا، اونٹ کا دانت نکلنا۔

شَلْخ: (ش مفتوح، ل ساکن، خ موقوف) اصل، مرد کی نسل، نطفہ، عورت کی شرمگاہ۔

شَالَخ: (ش مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، خ موقوف) ابراہیم علیہ السلام کے دادا کا نام ہے۔

شَمْخ: (ش مفتوح، م ساکن، خ موقوف) بلند ہونا، تکبر کرنا، ایک قبیلے کے باپ کا نام ہے۔

شَامِخ: (ش مفتوح، ا ساکن، م مکسور، خ موقوف) متکبر آدمی، بلند چیز۔

شَمّاخ: (ش مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) چند شاعروں کے نام ہیں۔

شُمُوخ: (ش مضموم، م مضموم، و ساکن، خ موقوف) بلند ہونا، تکبر کرنا۔

شَمُوخ: (ش مفتوح، م مضموم، و ساکن، خ موقوف) دور، بیابان۔

شِمْرَاخ: (ش مکسور، م ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) انگور یا کھجور کا گچھا، پہاڑ کی چوٹی، گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو اس کے نتھنے تک پہنچتی ہو، بادل کا بالائی حصہ۔

شَیخ: (ش مفتوح، ی ساکن، خ موقوف) پیر، خواجہ، وہ شخص جس میں بڑھاپا ظاہر ہو یا وہ پچاس سال کے اوپر کا ہو یا وہ شخص جو ابھی اسی برس کا نہ ہوا ہو یا آخر عمر، شُیُوخ و مَشَائِخ و شِیخَہ جمع ہے۔

﴿فصل الشین مع الدال﴾

شَدّ: (ش مفتوح، د مشدد موقوف) دوڑنا، آفتاب کا بلند ہونا، قوی ہونا، قوت دینا۔

شَدِید: (ش مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) سخت، بہادر، بخیل، شیر

درندہ، ایک آدمی کا نام ہے۔

شُدَیْد: (ش مضموم، د مفتوح، ی ساکن، د موقوف) ایک شاعر کا نام ہے۔

شِدَاد: (ش مکسور، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) مضبوط اور مستحکم چیز، شدید جمع ہے۔

شَدَّاد: (ش مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک مشہور کافر بادشاہ کا نام جو قوم عاد سے تھا، اپنے بھائی شدید کے بعد بادشاہ بنا ضحاک تازی اسی کا بھائی تھا۔

شُرُوْد۔شِرَاد: (ش مضموم، ر مضموم، و ساکن، د موقوف) (ش مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) بھاگنا، قافیہ۔

شَرُوْد: (ش مفتوح، ر مضموم، و ساکن، د موقوف) مشہور قافیہ، بکھرا ہوا۔

شُرُد: (ش مفتوح ر مضموم، ر مفتوح ر مضموم، د موقوف) بھاگنے والے، شارد اور شرود کی جمع ہے۔

شُکْد: (ش مضموم، ک ساکن، د موقوف) عطا، شکر۔

شَکْد: (ش مفتوح، ک ساکن، د موقوف) عطا کرنا۔

شَہْد: (ش مفتوح، ہ ساکن، د موقوف) شہد۔

شُہْد: (ش مضموم، ہ ساکن، د موقوف) بھی آیا ہے، بعض لوگ کہتے ہیں، موم ملا ہوا شہد۔

شُہُوْد: (ش مضموم، ہ مضموم، و ساکن، د موقوف) حاضر ہونا، حاضر ہونے والے، گواہ شاہد کی جمع ہے۔

شَہِیْد: (ش مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، د موقوف) گواہ، شہادت میں امین، خدا کی راہ میں مقتول، وہ شخص جس کے علم سے کوئی چیز خارج نہ ہو، باری تعالیٰ کا ایک نام ہے۔

شَاہِد: (ش مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، د موقوف) گواہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں میں سے ایک نام، زبان، ملک، جمعہ کا دن، عقد ثریا، گھوڑے کی اچھی رفتار جو اس کی خوبی پر دلالت کرے، وہ زرد رطوبت جو بچے کے ساتھ ماں کے شکم سے خارج ہوتی ہے، صلوٰۃ شاھد نماز مغرب، جمعہ اور عرفہ کا مشہور دن، قیامت کا دن۔

شِیْد: (ش مکسور، ی ساکن، د موقوف) گچ وغیرہ کا پلستر۔

شَیْد: (ش مفتوح، ی ساکن، د موقوف) گچ وغیرہ سے دیوار لیپنا، پلستر کرنا۔

﴿فصل الشین مع الذال﴾

شَبَذ: (ش مفتوح، ب مفتوح، ذ موقوف) ابیورد میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

شَحْذ: (ش مفتوح، ح ساکن، ذ موقوف) چھری، تلوار وغیرہ کو تیز کرنا، سخت بھوک کا مروڑ، کسی چیز کو ہانکنا، کسی چیز کو گھورنا، جانوروں کو تیز ہانکنا، غصہ کرنا، ظلم کرنا، سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

شَحَّاذ: (ش مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف) چھری اور تلوار کو تیز کرنے والا، سوال میں اصرار کرنے والا، گداگر، سائل، عوام اس کو شحات کہتے ہیں۔

شَذّ: (ش مفتوح، ذ مشدد موقوف) اکیلا ہونا، قوم کی جمعیت سے باہر نکلنا، شذوذ اسی معنی میں ہے۔

شُذُوْذ: (ش مضموم، ذ مضموم، و ساکن، ذ موقوف) منتشر اور الگ الگ ہونا، منتشر لوگ۔

شَاذّ: (ش مفتوح، ا ساکن، ذ مشدد موقوف) الگ ہونے والا، تنہا رہ جانے والا۔

شِقْذ: (ش مکسور، ق ساکن، ذ موقوف) گرگٹ کا بچہ۔

شَقَذ: (ش مفتوح، ق مفتوح، ذ موقوف) کسی چیز کو گھورنا، نظر بد لگانا، دور ہونا، جانا۔

شَقِذ: (ش مفتوح، ق مکسور، ذ موقوف) وہ شخص جو نہ سوئے اور کسی چیز کو دیکھتا رہے۔

شَمْذ۔شِمَاذ: (ش مفتوح، م ساکن، ذ موقوف) (ش مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف) اونٹنی کا حاملہ ہونا، اونٹنی کا پونچھ اٹھانا۔

﴿فصل الشین مع الراء﴾

شِبْر: (ش مکسور، ب ساکن، ر موقوف) بالشت جس کو بدست بھی کہتے ہیں۔

شَبْر: (ش مفتوح، ب ساکن، ر موقوف) بالشت سے ناپنا، بخشنا،

عطا کرنا، نر جانور کو جفتی کے لیے دینا، نکوار دینا، نکاح کرنا، عمر، شِبر بھی اسی معنی میں آیا ہے، چمڑے کا تسمہ۔

شَبَر: (ش مفتوح، ب مفتوح، رموقوف) عطا، نیکی، عیسائی جو چیز قربانی کے لیے دیتے ہیں۔

شَبَّر: (ش مفتوح، ب مشدد مفتوح، رموقوف)

شَبِّیر: (ش مفتوح، ب مشدد مکسور، ی ساکن، رموقوف)

مُشَبِّر: (م مضموم، ش مفتوح، ب مشدد مکسور، رموقوف) یہ تینوں حضرت ہارون علیہ السلام کے بیٹوں کے نام تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نام اپنے نواسوں حسن حسین محسن رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے رکھے تھے۔

شَتْر: (ش مفتوح، ت ساکن، رموقوف) کاٹنا، ایک آدمی کا نام ہے۔

شَتَر: (ش مفتوح، ت مفتوح، رموقوف) کٹنا، اوپر اور نیچے کی پلک کا مڑنا، نیچے کی پلک کا پھٹنا یا لٹکنا، ایران کے اندر بروج و گنجہ کے درمیان ایک شہر کا نام ہے، ایک عروضی تصرف کو کہتے ہیں جس میں بحر ہزج کے مفاعیلن کو فاعلن بناتے ہیں۔

شَجْر: (ش مفتوح، ج ساکن، رموقوف) لوٹانا، دور کرنا، نیزہ مارنا، گھر میں ستون لگانا، کسی گروہ میں اختلاف پیدا ہونا، کپڑا وغیرہ تپائی پر رکھنا، منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو، چوپائے کو روکنے کے لیے لگام دینا اور چوپائے کا منہ کھولنا، منہ کا شگاف، وہ کام جس میں اختلاف اور جھگڑا پیدا ہو۔

شُجْر: (ش مضموم، ج ساکن، رموقوف) کنارے۔

شَجَر: (ش مفتوح، ج مفتوح، رموقوف) وہ درخت جو تنہ رکھتا ہو، جو درخت تنہ نہیں رکھتا ہے اسے نجم کہتے ہیں، کسی درخت کی بیل جو زمین پر پھیلے۔

شَجِیر: (ش مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، رموقوف) اجنبی آدمی، بے گانہ اونٹ، اجنبی کے تیروں کو اپنے تیروں میں ملانا، درخت سے بھری ہوئی زمین۔

شِجَار: (ش مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، رموقوف) وہ لکڑی جس سے تخت کے پائے کو مضبوط کریں، کنویں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی، اونٹ کا داغ، وہ لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگاتے ہیں تاکہ دودھ نہ پیے، ایک جگہ کا نام ہے۔

شَحْر: (ش مفتوح، ح ساکن، رموقوف) منہ کھولنا، عمان اور عدن کے درمیان دریا کا ساحل، شِحر بھی اسی معنی میں ہے۔

شَخِیر: (ش مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، رموقوف) خراٹا لینا، ناک یا حلق سے آواز کرنا، گھوڑے کی آواز۔

شِخِّیر: (ش مکسور، خ مشدد مکسور، ی ساکن، رموقوف) اسی معنی میں ہے، بہت خراٹے لینے والا۔

شَذْر: (ش مفتوح، ذ ساکن، رموقوف) سونے کا ریزہ جو سونے کی کان سے چنا جائے، ریزہ ریزہ ہونے والا مروارید، مروارید کے ریزے، شَذْرَۃ واحد ہے۔

شَرّ: (ش مفتوح / مضموم، ر مشدد موقوف) برائی، برا۔

شُرّ: (ش مضموم، ر مشدد موقوف) عیب، وہ چیز جس سے کراہیت پیدا ہو۔

شَرّ: (ش مفتوح، ر مشدد موقوف) ابلیس، بت، فقر، عیب بیان کرنا، کپڑا پھیلانا، گوشت اور پنیر خشک کرنے کے لیے دھوپ میں رکھنا۔

شَرِیر: (ش مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، رموقوف) برا، دریا کا کنارہ، دریا میں اگنے والا درخت۔

شِرِّیر: (ش مکسور، ر مشدد مکسور، ی ساکن، رموقوف) بہت برا۔

شَرَاشِر: (ش مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، رموقوف) نفس، محبت، بوجھ، پورا جسم، شَرشَرَۃ کی جمع، ایک جگہ کا نام ہے۔

شَرَار: (ش مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، رموقوف) چنگاریاں، شَرَارَۃ واحد ہے۔

شَزْر: (ش مفتوح، ز ساکن، رموقوف) غصہ یا تکبر کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھنا، دائیں بائیں دیکھنا، دائیں بائیں نیزہ مارنا، کسی کو غصے سے دیکھنا، داہنے ہاتھ کی طرف چکی گھمانا، داہنی طرف سے بائیں طرف رسی بٹنا، رسی کو بٹنا یعنی ہاتھ اوپر کر کے اس طرح بٹنا کہ ہاتھ شکم کی طرف آئے۔

شَصْر: (ش مفتوح، ص ساکن، ر موقوف) کسی چیز کو دور دور سینا، نئے پکڑے ہوئے باز کی آنکھ کو سل دینا، بیل کا سینگ مارنا، نیزہ مارنا، کپڑے میں لنگر ڈالنا۔

شَصَر: (ش مفتوح، ص مفتوح، ر موقوف) ہرن کا بچہ جس کی سینگ نکل آئے یا یہ کہ سینگ نکلے ہوئے ایک مہینہ گزر رہا ہو۔

شَطْر: (ش مفتوح، ط ساکن، ر موقوف) نصف، کسی چیز کا آدھا، جہت وسمت، ارادہ کرنا، اونٹنی اور گائے کے چار پستانوں کے آگے یا پیچھے دو پستان، بکری دوہنا، کسی چیز کے دو ٹکڑے کرنا۔

شَطِیْر: (ش مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ر موقوف) دور، نزدیک۔

شَاطِرْ: (ش مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ر موقوف) شوخ، بے باک، تھکانے والی چیز، بدخلقی اور کمینگی سے اپنوں کو رنج میں ڈالنا۔

شِعْر: (ش مکسور، ع ساکن، ر موقوف) موزوں اور مقفّٰی کلام، جاننا۔

شَعْر: (ش مفتوح، ع ساکن، ر موقوف) شعر میں کسی پر غالب آنا، اون اور اونٹ کے بال کے علاوہ بال، شَعْرۃٌ واحد ہے، اَشْعَار و شُعُور جمع ہے۔

شَاعِرْ: (ش مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ر موقوف) شعر گو، شاعر، شعر کہنے والا، عمدہ شعر۔

شِعَار: (ش مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) وہ کپڑا جو کپڑے کے نیچے پہنتے ہیں، اوپر کے کپڑے کو دثار کہتے ہیں، فوجیوں کا نشان جس کی وجہ سے ایک دوسرے کو پہچانیں۔

شَعَار: (ش مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) درخت۔

شَعَائِرْ: (ش مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ر موقوف) حج کی قربانیاں اور عبادتیں، وہ چیزیں جو ان عبادتوں کی نشانی ہوں، شَعِیْرۃٌ یا شِعَارَۃٌ کی جمع ہے۔

شَعِیْر: (ش مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ر موقوف) جو۔

شُعُوْر: (ش مضموم، ع مضموم، و ساکن، ر موقوف) جاننا، معلوم کرنا۔

شَغْر۔ شُغُوْر: (ش مفتوح، غ ساکن، ر موقوف) (ش مضموم، غ مضموم، و ساکن، ر موقوف) پیشاب کرنے کے وقت کتے کا پیر اٹھانا، آدمیوں سے شہر کا خالی ہونا، کسی کو کسی جگہ سے نکالنا۔

شِغَار: (ش مکسور، غ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) دو آدمیوں کا ایک دوسرے کی بہنوں یا بیٹیوں سے بغیر مہر کے تبادلے پر نکاح کرنا، ایسا نکاح زمانہ جاہلیت میں تھا لیکن دور اسلام میں نکاح شغار حرام قرار دیا گیا۔

شُفُر: (ش مفتوح رمضموم، ف ساکن، ر موقوف)

شَفِیْر: (ش مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ر موقوف) طرف، ہر چیز کا کنارہ، پلک کی جڑ، شَفِیْرُ الرحم و شَافِرُ الرحم پلک کا کنارہ۔

شُقُوْر: (ش مضموم، ق مضموم، و ساکن، ر موقوف) ضرورت، حاجت اہم کام۔

شَکْر: (ش مفتوح، ک ساکن، ر موقوف) عورت کی شرمگاہ۔

شُکْر: (ش مضموم، ک ساکن، ر موقوف) شکریہ ادا کرنا، منعم کے انعام کی وجہ سے اس کی تعریف کرنا۔

شَکَر: (ش مفتوح، ک مفتوح، ر موقوف) دودھ سے پستان کا بھر جانا، درخت کی جڑ سے شاخ کا نکلنا۔

شَکِیْر: (ش مفتوح، ک مکسور، ی ساکن، ر موقوف) وہ شاخ جو درخت کی جڑ سے نکلے، بچّو کا بال۔

شَاکِرْ: (ش مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ر موقوف) شکریہ ادا کرنے والا۔

شُکُوْر: (ش مضموم، ک مضموم، و ساکن، ر موقوف) شکر ادا کرنا، شکر ادا کرنے والے شَاکِر کی جمع۔

شَکُوْر: (ش مفتوح، ک مضموم، و ساکن، ر موقوف) تعریف کرنے والا، اس کے مقابلہ میں جزا (بدلہ) دینے والا، اللہ تعالیٰ کا نام، بہت شکر ادا کرنے والا، تھوڑے چارے پر اکتفا کرنے والا یا تھوڑا قبول کرنے والا۔

شَمْر: (ش مفتوح، م ساکن، ر موقوف) ناز کی چال چلنا۔

شَمِیْر: (ش مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) تیز چلنے والا۔

شَنَاتِر: (ش مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ت مفتوح، ر موقوف) انگلیاں، گوشوارے، ذُو شَنَاتِر یمن کے ایک بادشاہ کا نام ہے۔

شَنار: (ش مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ننگ، عیب، برا کام۔

شَور: (ش مفتوح، و ساکن، ر موقوف) چھتے سے شہد نکالنا، بیچنے کے لیے چوپائے کو دکھانا۔

شَوار: (ش مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گھر کا ساز و سامان، عورت کی شرمگاہ، مرد کی دبر، ہیئت، لباس۔

شَہر: (ش مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) ظاہر کرنا، شہرت دینا، نیام سے تلوار کھینچنا، ہلال، چاند جو پورا ہونے کے قریب ہو، چالاک، مہینہ یعنی سال کا بارھواں حصہ۔

شُہُور: (ش مضموم، ہ مضموم، و ساکن، ر موقوف) جمع ہے، مہینے۔

شَہِیر: (ش مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) مشہور۔

شَہرِزُور: (ش مفتوح، ہ ساکن، ر مکسور، ز مضموم، و ساکن، ر موقوف) ایک شہر کا نام جسے زور بن ضحاک نے آباد کیا، شمس الدین محمد شہر زوری مصنف تاریخ الحکما اسی شہر کے رہنے والے تھے۔

شِیَار: (ش مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) سنیچر، ہفتہ۔

﴿فصل الشین مع الزاء﴾

شَأز: (ش مفتوح، أ ساکن، ز موقوف) بے چین ہونا، سخت اور مشکل ہونا، بلند ہونا۔

شَخز: (ش مفتوح، خ ساکن، ز موقوف) بے قراری ظاہر کرنا، رنج و مشقت اٹھانا، جماعت کے درمیان فساد پیدا کرنا۔

شَرز: (ش مفتوح، ر ساکن، ز موقوف) سختی کرنا، دشواری اور سختی ظاہر کرنا، کاٹنا۔

شَکز: (ش مفتوح، ک ساکن، ز موقوف) انگلی سے کھرچنا، زبان سے آزردہ کرنا، نیزہ مارنا، جماع کرنا۔

شَمز: (ش مفتوح، م ساکن، ز موقوف) بری چیز سے نفرت کرنا۔

شِیرَاز: (ش مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) وہی جس کا پانی نکال لیا گیا ہو، شَوَارِیز جمع ہے، ایک مشہور شہر کا نام ہے جس کو شیراز بن طہمورث نے آباد کیا۔

شِیز: (ش مکسور، ی ساکن، ز موقوف) کالی لکڑی جس سے پیالہ بناتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا کہ وہ آبنوس ہے، آذربائیجان کے اطراف میں ایک گاؤں۔

شَنِیز۔ شُونِیز: (ش مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ز موقوف) (ش مضموم، و ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ز موقوف) منگریلا، کلونجی، شونیز بغداد میں ایک قبرستان کا نام ہے۔

﴿فصل الشین مع السین﴾

شَأس: (ش مفتوح، أ ساکن، س موقوف) سخت، شَأَس (ش مفتوح، أ مفتوح، س موقوف) سخت ہونا۔

شَحس: (ش مفتوح، ح ساکن، س موقوف) ایک درخت کا نام۔

شَخس: (ش مفتوح، خ ساکن، س موقوف) شخص، اختلاف اور اضطراب پیدا کرنا۔

شَرس: (ش مفتوح، ر ساکن، س موقوف) بری عادت والا، سخت، شَرِیس بھی اسی معنی میں ہے۔

شِرس: (ش مکسور، ر ساکن، س موقوف) شورہ گز، ایک قسم کا جھاڑ کا درخت، شَرَس بری عادت والا ہونا، بدخلق ہونا۔

شَکس: (ش مفتوح، ک ساکن، س موقوف) محاق یعنی مہینے کا آخری ایک یا دو دن۔

شُکُس: (ش مفتوح، ک مضموم، س موقوف) سخت عادت والا، شَکِس جمع ہے۔

شَکِس: (ش مفتوح، ک مکسور، س موقوف) بخیل۔

شَمس: (ش مفتوح، م ساکن، س موقوف) سورج، ایک قسم کا ہار، زمانہ قدیم کے ایک بت کا نام، ایک چشمے کا نام، ایک قبیلے کے باپ کا نام ہے اس قبیلے کو عبد الشمس کہتے ہیں، سخت دھوپ والا دن، دشمنی ظاہر کرنا، شِمَاس بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

شَمُوس: (ش مفتوح، م مضموم، و ساکن، س موقوف) شراب، سرکش

گھوڑا، برا آدمی۔

شُمُوس: (ش مضموم، م مضموم، و ساکن، س موقوف) سرکشی کرنا، گھوڑے کا سوار نہ ہونے دینا، شَمَاس بھی اسی معنی میں ہے۔

شَمَّاس: (ش مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) قسیس سے نیچے درجہ کا پادری جو سر کے بیچ کے بالوں کو مونڈتا ہے اور عبادت خانہ میں بیٹھتا ہے۔

شَوَس: (ش مفتوح، و مفتوح، س موقوف) تکبر یا غصے کی وجہ سے انکھیوں سے دیکھنا۔

فصل الشین مع الشین

شَاَش: (ش مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) ماوراء النہر میں ایک شہر کا نام۔

شُوش: (ش مضموم، و ساکن، ش موقوف) ایک جگہ کا نام، موصل کے نزدیک ایک قلعہ کا نام۔

فصل الشین مع الصاد

شَبَص: (ش مفتوح، ب مفتوح، ص موقوف) سختی، درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔

شَحُص: (ش مفتوح، ح ساکن/مفتوح، ص موقوف) وہ چوپایہ جو دودھ دینے سے رک جائے اور اصلاً دودھ نہ دے، وہ مادہ چوپایہ جس سے نر نے جفتی نہ کی ہو اور جو حاملہ نہ ہو، شَحص مفرد اور جمع دونوں کے لیے ہے۔

شَخص: (ش مفتوح، خ ساکن، ص موقوف) جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے، موٹا ہونا، قوی ہونا۔

شَخِیص: (ش مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، ص موقوف) موٹا، تناور، سردار۔

شُخُوص: (ش مضموم، خ مضموم، و ساکن، ص موقوف) بلند ہونا، ٹکٹکی لگانا، کوچ کرنا، ایک شہر سے دوسرے شہر جانا، موٹا ہونا، زخم کا سوجنا، تیر کا نشانے سے اوپر نکل جانا، ستارہ طلوع ہونا، منہ سے لفظ کا نکلنا، بے چین ہونا۔

شَاخِص: (ش مفتوح، ا ساکن، خ مکسور، ص موقوف) کھلا رہ جانا، وہ تیر جو نشانہ کے اوپر سے گزر جائے، ہر چیز سے اونچا۔

شِصّ: (ش مکسور، ص مشدد موقوف) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا، فارسی میں قلاب ماہی اور شست کہتے ہیں، شَص بھی آیا ہے، ماہر چور کہ جس چیز کو بھی دیکھے چرا لے، اونٹنی، بکری کا کم دودھ والا ہونا، معیشت کا تنگ ہونا۔

شِقَص: (ش مکسور، ق مفتوح، ص موقوف) حصہ، نصیب، زمین اور ہر چیز کا ٹکڑا۔

شَقِیص: (ش مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ص موقوف) شریک، تیز رفتار گھوڑا، زیادہ چیز کا تھوڑا حصہ۔

شَوص: (ش مفتوح، و ساکن، ص موقوف) دھونا، اچھی طرح صاف کرنا، سوار کرنا، ہاتھ مل کر دھلنا، دانت اور پیٹ کا درد، کسی چیز کو ہاتھ پر کھڑا کرنا، سیدھا کرنا، بچے کا ماں کے شکم میں حرکت کرنا۔

شِیص: (ش مکسور، ی ساکن، ص موقوف) وہ کھجور جس کی گٹھلی ابھی سخت نہ ہوئی ہو، خراب کھجور، پیٹ اور دانت کا درد، مچھلی کی ایک قسم، ابوالشیص قبیلہ خزاعہ کا ایک شاعر۔

فصل الشین مع الطاء

شُبَاط: (ش مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) ایک رومی مہینے کا نام، سُباط بھی اسی معنی میں ہے جیسا کہ گزرا۔

شَحط: (ش مفتوح، ح ساکن، ط موقوف) دور ہونا۔

شُحُوط: (ش مضموم، ح مضموم، و ساکن، ط موقوف) دور ہونا۔

شَرط: (ش مفتوح، ر ساکن، ط موقوف) لازم کرنا، کسی چیز کا لازم ہونا، موسم بہار، حصہ دار، نشتر چبھونا، عہد و پیمان، کمینہ، نالائق، خسیس۔

شُرَط: (ش مضموم، ر مفتوح، ط موقوف) فوج کا اگلا دستہ، باڈی گارڈ، کوتوال شہر کے پیادے۔

شَرَط: (ش مفتوح، ر مفتوح، ط موقوف) نشان، چھوٹا گھوڑا، خراب مال، بزرگ آدمی، اَشْرَاط جمع ہے، اَشْرَاطُ السَّاعَۃ قیامت کی نشانیاں۔

شَطّ: (ش مفتوح، ط مشدد موقوف) دور ہونا، دریا اور سمندر کا کنارہ، اونٹ کے کوہان کی چوٹی۔

شُطُوط: (ش مضموم، ط مضموم، و ساکن، ط موقوف) دور ہونا، شط کی جمع ہے۔

شَطُوط: (ش مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ط موقوف) بڑے کوہان والی اونٹنی۔

شِطَاط: (ش مفتوح رکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) دوری، قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔

شَطَط: (ش مفتوح، ط مفتوح، ط موقوف) ہر چیز کے اندازے میں مبالغہ کرنا، ظلم کرنا۔

شَمْط: (ش مفتوح م ساکن، ط موقوف) کسی چیز کو کسی چیز میں ملانا۔

شَمَط: (ش مفتوح، م مفتوح، ط موقوف) سیاہی میں ملی ہوئی بالوں کی سفیدی، شمط بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

شَمِيط: (ش مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ط موقوف) ملا ہوا، صبح، اولاد جن میں بعض لڑکے ہوں اور بعض لڑکیاں، سفید اور کالا بھیڑیا، وہ گھاس جس کا ایک حصہ تر اور دوسرا خشک ہو۔

شَمَاطِيط: (ش مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ی ساکن، ط موقوف) متفرق لوگ، پراگندہ، پرانا اور پھٹا کپڑا۔

شَوْط: (ش مفتوح، و ساکن، ط موقوف) دوڑ، چکر، پھیرا، شَوْطَۃ ایک مرتبہ دوڑنا، سَبْعَۃ اَشْوَاط یعنی سات پھیرے۔

شَيْط: (ش مفتوح، ی ساکن، ط موقوف) ہلاک ہونا، جوئے کے اونٹ کا تمام گوشت تقسیم ہو کر ختم ہو جانا یہاں تک کہ خصیہ بھی باقی نہ رہے، کسی چیز سے خون کو ملانا، خون کا باطل ہونا، تیل کا جلنا، تیل کھولانا، ہانڈی کا جلنا اور اس کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔

﴿فصل الشین مع الظاء﴾

شُوَاظ: (ش مکسور رمضموم، و مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) آگ کا شعلہ۔

﴿فصل الشین مع العین﴾

شَبْع: (ش مفتوح، ب ساکن، ع موقوف) آسودگی، کھانے سے آسودہ ہونا، بھر پیٹ کھانا۔

شِبْع: (ش مکسور، ب ساکن، ع موقوف) کھانے کی اتنی مقدار جو آسودہ کردے۔

شِبَع: (ش مکسور، ب مفتوح، ع موقوف) آسودگی، کھانے کی آسودہ کرنے والی مقدار۔

شَبِيع: (ش مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ع موقوف) بہت ریشم والا کپڑا، بہت عقلمند آدمی، بہت لٹوں والی رسی۔

شِبْدِع: (ش مکسور، ب ساکن، د مفتوح رکسور، ع موقوف) زبان، بچھو، سختی، بلا، مصیبت۔

شَتَع: (ش مفتوح، ت مفتوح، ع موقوف) نالہ کرنا، بیماری اور بھوک کی وجہ سے رونا۔

شُجَاع: (ش مفتوح، رکسور رمضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) شجاع مشہور ہے، دلیر، بہادر،

شُجَاع: (ش مکسور رمضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) سانپ یا نر سانپ یا چھوٹا سانپ یا سانپ کی ایک قسم، شجاع بہادر لوگ۔

شَجَع: (ش مفتوح، ج مفتوح، ع موقوف) چلنے میں اونٹ کا اپنے پیروں کو جلد جلد اٹھانا۔

شُجُع: (ش مضموم، ج مضموم، ع موقوف) درخت کی جڑیں، لکڑی کی لگام جو زمانہ جاہلیت میں بناتے تھے، شجع وہ چوپایہ جو اپنے پیر جلد جلد اٹھا کر چلے، بہادر۔

شُرُوع: (ش مضموم، ر مضموم، و ساکن، ع موقوف) کسی کام کا آغاز کرنا۔

شَرْع: (ش مفتوح، ر ساکن، ع موقوف) سیدھے راستے پر چلانا،

راستے پر گھر کا دروازہ کھولنا، اونٹ کا پانی میں اترنا، کھال ادھیڑنا، نیزے کو سیدھا کرنا، کسی چیز کو بہت بلند کرنا، صراط مستقیم جو اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لیے بنائی ہے اور اس پر چلنے کا حکم دیا۔

شِرْع: (ش مکسور، ر ساکن، ع موقوف) کمان کا چلہ، جوتے کا تسمہ، ایک جگہ کا نام ہے۔

شِرَاع: (ش مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کان پر لگی ہوئی تانت، کشتی کی بادبانی، اونٹ کی گردن، کمان کے چلے، ساز کے تار، شُرْعۃ کی جمع ہے۔

شُرَاع: (ش مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ایک مرد کا نام جو نیزے اور نیزے کی انی بہت عمدہ بناتا تھا، رمح شراعی اسی کی طرف منسوب ہے۔

شَارِع: (ش مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ع موقوف) بڑا راستہ، سڑک، دین کا راستہ بتانے والا، عالم و عامل ربانی جو لوگوں کو دین کی تعلیم دے۔

شِسْع: (ش مکسور، س ساکن، ع موقوف) جوتے کا تسمہ۔

شَسْع: (ش مفتوح، س ساکن، ع موقوف) جوتے میں تسمہ لگانا۔

شُعَاع: (ش مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) آفتاب کی روشنی۔

شَعَاع: (ش مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) خون وغیرہ کا منتشر ہونا، پراگندہ رائے، پراگندہ ہمت، پراگندہ رائے والا مرد، بالی کے دانے، زیادہ پانی میں ملا ہوا دودھ۔

شَعْشَاع: (ش مفتوح، ع ساکن، ش مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پریشان مرد، لمبا، عمدہ قد و قامت والا۔

شَفْع: (ش مفتوح، ف ساکن، ع موقوف) جوڑا، قربانی کا دن، کسی چیز کی خواہش کرنا، اونٹنی کے پیٹ میں بچے کا ہونا، وہ بھیڑ جو اپنے بچہ کو پیچھے رکھے، جفتی کرنا۔

شَفِیع: (ش مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ع موقوف) دلانے والا، لوگوں کو گناہ کی طرف بلانے والا، حق شفعہ والا، خواہش۔

شَافِع: (ش مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ع موقوف) سفارش کرنے والا، سفارشی، بچے والی اونٹنی اور بکری جن کے پیٹ میں بچہ ہو، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے (جد) دادا، وہ لوگ جو بکریوں کو جفتی سے حاملہ کریں۔

شَقْع: (ش مفتوح، ق ساکن، ع موقوف) کسی کا عیب بیان کرنا، برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔

شَکَع: (ش مفتوح، ک مفتوح، ع موقوف) درد مند ہونا، غصہ ہونا، زیادہ پیداوار والا کھیت، بہت نالہ کرنا۔

شَکِع: (ش مفتوح، ک مکسور، ع موقوف) کنجوس، کمینہ، دردناک آدمی۔

شَمْع: (ش مفتوح، م ساکن، ع موقوف) بازی کرنا، کھیلنا۔

شَمَع: (ش مفتوح، م مفتوح، ع موقوف) موم، شَمْع جیسا کہ مشہور ہے، عربوں اور عجمیوں کے اختلاط سے پیدا ہوا، اصل لغت شَمَع کے ساتھ ہے۔

شَمَّاع: (ش مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) موم کے ٹکڑے۔

شُمُوع: (ش مضموم، م مضموم، و ساکن، ع موقوف) کھیلنا۔

شَمُوع: (ش مفتوح، م مضموم، و ساکن، ع موقوف) کھلاڑی عورت، ہنسنے والی عورت۔

شُنْع: (ش مضموم، ن ساکن، ع موقوف) برا سمجھنا۔

شُنُوع: (ش مضموم، ن مضموم، و ساکن، ع موقوف) برائی، قباحت۔

شَنِیع: (ش مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ع موقوف) برا۔

شُوع: (ش مضموم، و ساکن، ع موقوف) بان کا درخت یا اس کا پھل۔

شَوَع: (ش مفتوح، و مفتوح، ع موقوف) سر کے بالوں کا بکھرنا، بالوں کا کانٹے کی طرح سخت ہونا۔

شَیْع: (ش مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) ظاہر ہونا، فاش ہونا، شُیُوع بھی اسی معنی میں ہے، کسی چیز کی مقدار اور اندازے، کسی چیز کا بقیہ حصہ، شیر درندہ کا بچہ۔

شِیَاع: (ش مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جن سے آگ جلائیں، شَیَاع بھی اسی معنی میں ہے، پیچھے رہ جانے والی بکریوں کو چرواہے کا بلانا، چرواہے کا آواز دینا۔

شَائِع: (ش مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) ظاہر، کھلا، وہ حصہ جو دوسرے حصوں سے ملا ہو، جو تقسیم نہ کیا گیا ہو، اسے مَشَاع بھی کہتے ہیں۔

﴿فصل الشین مع الفاء﴾

شُرْسُوْف: (ش مضموم، ر ساکن، س مضموم، و ساکن، ف موقوف) پسلیوں کا وہ کنارہ جو پیٹ کی جانب ہوتا ہے، شَرَاسِیْف جمع ہے، پہلو کی نرم ہڈی، بندھا ہوا اونٹ، سختی، مصیبت۔

شَرْف: (ش مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) بزرگی میں غالب آنا۔

شَرَف: (ش مفتوح، ر مفتوح، ف موقوف) بلند، بلند جگہ، بزرگی، نسب کی بلندی یا وہ بزرگی جو آباو اجداد کی طرف سے ہو، اونٹ کا کوہان، کوڑا، خیر و شر سے کسی چیز پر بڑائی حاصل کرنا۔

شَرِیْف: (ش مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف) شرف و عزت والا آدمی، شُرَفَاء اور اَشْرَاف جمع ہے۔

شُرَف: (ش مضموم، ر مفتوح، ف موقوف) کنگرے، محل شُرْفَۃ کی جمع ہے۔

شَارِف: (ش مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ف موقوف) بوڑھی اونٹنی، پرانا تیر۔

شَارُوْف: (ش مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، و ساکن، ف موقوف) جارُوب کا معرب ہے، ایک پہاڑ کا نام ہے۔

شِرْیَاف: (ش مکسور، ر ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کھیت کی پتیاں جو لمبی اور گنجان ہوں، شِرْنَاف بھی اسی معنی میں ہے۔

شُسُوْف: (ش مضموم، س مضموم، و ساکن، ف موقوف) کمزوری کی وجہ سے سوکھنا۔

شَاسِف: (ش مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ف موقوف) سوکھا ہوا۔

شَطْف: (ش مفتوح، ط ساکن، ف موقوف) جانا، دور ہونا۔

شَظْف: (ش مفتوح، ظ ساکن، ف موقوف) دور کرنا، بھیڑ کے خصیے کا باہر آنا، لاٹھی کا ٹکڑا۔

شِظْف: (ش مکسور، ظ ساکن، ف موقوف) سوکھی روٹی، کھونٹی کے مانند لکڑی۔

شَظِف: (ش مفتوح، ظ مکسور، ف موقوف) بد خلق، بد جنگجو، شَظَف بھی اسی معنی میں آیا ہے، گوشت اور پوست میں تیر پیوست ہو جانا، تنگی، سختی، تنگ حالی۔

شِظَاف: (ش مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) دوری۔

شَظَاف: (ش مفتوح، ظ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) تنگی، سختی، سخت حال۔

شَظِیْف: (ش مفتوح، ظ مکسور، ی ساکن، ف موقوف) پانی نہ پانے کی وجہ سے درخت کا سوکھ جانا۔

شَعَف: (ش مفتوح، ع مفتوح، ف موقوف) پیار، شیفتہ اور فریفتہ ہونا، کسی سے محبت کرنا، محبت کا دل پر غالب آنا، اونٹ کے جسم اور اس کے کوہان پر قطران ملنا (قطران) ایک قسم کا سیاہ بدبودار روغن ہے جو چیر کے درخت سے نکلتا ہے، ایک درخت کا چھلکا، ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے بال جھڑ جاتے ہیں۔

شَعَاف: (ش مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) دیوانگی۔

شِعَاف: (ش مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) سر کے سرخ بال۔

شَغْف: (ش مفتوح، غ ساکن، ف موقوف) محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔

شَغَف: (ش مفتوح، غ مفتوح، ف موقوف) کسی چیز کو کسی چیز میں لٹکانا۔

شَغَاف: (ش مفتوح، غ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) غلاف، دل کا پردہ، دل کا سیاہ نقطہ، اندرون دل کا پردہ۔

شُغَاف: (ش مضموم، غ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) درد دل، ایک بیماری ہے جو داہنے پہلو میں ہڈی کے نیچے پیدا ہوتی ہے۔

شِفّ: (ش مفتوح، مکسور، ف مشدد موقوف) تنگ کپڑا، زیادتی، فائدہ، نقصان۔

شَفّ: (ش مفتوح، ف مشدد موقوف) غم کی وجہ سے جسم کا کمزور ہو جانا، کپڑے کا باریک اور ہلکا ہونا، زیادہ ہونا، کم ہونا۔

شُفُوْف: (ش مضموم، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) کمزور ہونا۔

شَفِیف: (ش مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ف موقوف) کسی کو سخت ٹھنڈ لگنا، کپڑے کا اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے، ٹھنڈ کے ساتھ بارش کا ہونا، ٹھنڈی ہوا، آفتاب کی سخت گرمی، تھوڑی چیز، شفف بھی اسی معنی میں ہے۔

شَفَّاف: (ش مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) باریک چیز جس کے پیچھے رکھی ہوئی چیز نظر آئے۔

شَقْف: (ش مفتوح، ق ساکن، ف موقوف) مٹی کا برتن، ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن۔

شَقِیف: (ش مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ف موقوف) چار جگہوں کے نام ہیں۔

شُقْدُف: (ش مضموم، ق ساکن، د مضموم، ف موقوف) عورتوں کی ڈولی کا نام ہے جو حجاز میں مشہور ہے۔

شُنُف: (ش مفتوح رمضموم، ن ساکن، ف موقوف) بالی جسے کان کے اوپر پہنتے ہیں، جو بالی کان کی لَو میں پہنتے ہیں اسے قُرط کہتے ہیں، شُنُوف جمع ہے، کسی چیز کو اعتراض اور تعجب کی نظر سے دیکھنا۔

شَنَف: (ش مفتوح، ن مفتوح، ف موقوف) دشمن، ناپسند کرنا، کسی چیز کا انکار کرنا۔

شَوف: (ش مفتوح، و ساکن، ف موقوف) دینار وغیرہ کو چمکانا، طمع کرنا، لڑکی کو سنوارنا، اونٹ کے جسم پر روغن قطران ملنا، وہ بیلچہ (پھاوڑا) جس سے زمین کو زراعت کے قابل بنائیں۔

شِیَاف: (ش مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) چند دوائیں جنہیں ملا کر آنکھ وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔

﴿فصل الشین مع القاف﴾

شَبَق: (ش مفتوح، ب مفتوح، ق موقوف) جماع کا زیادہ آرزومند ہونا۔

شِدْق: (ش مفتوح رمکسور، د ساکن، ق موقوف) منہ کا کنارہ، جبڑے کی کشادگی، وادی کا کنارہ۔

شَدَق: (ش مفتوح، د مفتوح، ق موقوف) جبڑے کا چوڑا ہونا۔

شَرْق: (ش مفتوح، ر ساکن، ق موقوف) آفتاب، روشن اور چمکدار ہونا، سورج کا نکلنا، آفتاب کے نکلنے کی جگہ، وہ روشنی جو دروازے کے سوراخ سے گھر کے اندر داخل ہو، شرق بھی اسی معنی میں آیا ہے، بکری کا کان پھاڑنا۔

شَرَق: (ش مفتوح، ر مفتوح، ق موقوف) چوپائے کے کان کا پھٹا ہوا ہونا، لمبائی میں چوپائے کے کان کا پھٹا ہونا، غم واندوہ، غصہ والا ہونا، گلے میں کسی چیز کا پھنسنا (اَٹکنا) وہ گوشت جس میں چربی نہ ہو، سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا، سورج کی روشنی کا مدھم ہونا، خون کی وجہ سے آنکھ کا سرخ ہونا۔

شُرُوق: (ش مضموم، ر ساکن، و مضموم، ق موقوف) سورج کا نکلنا، بکری اور بھیڑ کے کان کو پھاڑنا۔

شَارِق: (ش مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق موقوف) سورج، زمانۂ جاہلیت کے ایک بت کا نام ہے، ایک آدمی کا لقب ہے۔

شِرْنَاق: (ش مکسور، ر ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) سرخ گوشت جو آنکھ کے گوشے میں ظاہر ہوتا ہے۔

شَفْق: (ش مفتوح، ف ساکن، ق موقوف) مہربان ہونا۔

شَفَق: (ش مفتوح، ف مفتوح، ق موقوف) سورج ڈوبنے کے بعد آسمان کے کنارے ظاہر ہونے والی لالی، خراب، تباہ۔

شَفِیق: (ش مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ق موقوف) مہربان۔

شَقّ: (ش مفتوح، ق مشدد موقوف) شگاف، صبح، پھٹن، پھاڑنا، دانت کا باہر آنا، کسی پر کام کا دشوار ہونا، مردے کی آنکھ کا کھلا رہنا، قوم سے الگ ہونا، کسی کو تکلیف میں ڈالنا، منتشر کرنا۔

شِقّ: (ش مکسور، ق مشدد موقوف) کسی چیز کا آدھا، نصف، شَق بھی اسی معنی میں آیا ہے،، کسی چیز کا کنارہ، بھائی، دوست، ایک کاہن کا نام جو کسریٰ کے زمانہ میں تھا، جن کی ایک قسم، خیبر میں ایک گاؤں، سختی، شدت، شَق بھی ان دونوں معانی کے لیے آیا ہے، لکڑی اور تختے کا ٹکڑا۔

شَقِیق: (ش مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ق موقوف) بھائی، گائے کا قوی بچہ، ہر چیز جو دو ٹکڑے ہو، اس کے ایک ٹکڑے کو شَقِیق کہتے ہیں۔

شِقَاق: (ش مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ایک طرف پڑنا، مخالفت اور دشمنی کرنا۔

شُقَاق: (ش مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) چوپائے کے دست بند کا شگاف۔

شَاق: (ش مفتوح، ا ساکن، ق مشدد موقوف) مشکل کام، رنج اٹھانے والا امر۔

شَقَائِق: (ش مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) شَقِیقَۃ کی جمع ہے، کنپٹی، آدھے سر کا درد (م)، گل لالہ کی ایک قسم جسے شقائق النعمان کہتے ہیں اس وجہ سے کہ نعمان بن منذر ایک صحرا سے گزرا جس میں لالہ کے پودے بہت زیادہ تھے چونکہ اسے یہ منظر بہت پسند آیا، حکم دیا کہ ان پھولوں کی حفاظت کی جائے۔

شِقِرّاق: (ش مکسور، ق ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ایک پرندہ ہے جو پروں میں سرخ و سبز و سفید نشان رکھتا ہے، اسی وجہ سے اسے اَخْیَل کہتے ہیں۔

شَنْق: (ش مفتوح، ن ساکن، ق موقوف) سواری کے وقت اونٹ کو مہار کھینچ کر کھڑا کرنا، مشک کو رسی سے باندھنا، رسی کو ہاتھ میں لینا، گھوڑے اور اونٹ کو درخت یا میخ (کھونٹے) وغیرہ میں باندھنا۔

شَنَق: (ش مفتوح، ن مفتوح، ق موقوف) زکوٰۃ کے دو نصاب کے درمیان کا مال جس پر زکوٰۃ معاف ہے، مقدار دیت سے کم مال۔

شِنَاق: (ش مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) دراز، لمبا، وہ رسی جس سے مشک کے سرے کو باندھیں۔

شَنَاق: (ش مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) دو نصاب کے درمیان آنے والے مال کی زکوٰۃ نہ لینا، حدیث میں ہے لَا شَنَاقَ یعنی شَنَاق جائز نہیں ہے۔

شَوْق: (ش مفتوح، و ساکن، ق موقوف) آرزو مند ہونا، سخت خواہش مند ہونا، دل کا کسی چیز کی طرف مائل ہونا، اِشْتِیَاق آرزو مند ہونا۔

شُوْق: (ش مضموم، و ساکن، ق موقوف) اَشْوَق کی جمع ہے، عاشقان، مشتاقان۔

شَہِیْق: (ش مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ق موقوف) گدھے کی آخری آواز اور اس کی پہلی آواز۔

شُہُوْق: (ش مضموم، ہ مضموم، و ساکن، ق موقوف) بلند ہونا۔

شَاہِق: (ش مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ق موقوف) اونچا پہاڑ، اونچی عمارت وغیرہ، نبض کی حرکت کا تیز ہونا، ذُوْ شَاہِق وہ آدمی جس کا غصہ بہت سخت نہ ہو۔

شُہَاق: (ش مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) رونے میں سسکی لینا، ایک پہاڑ کا نام۔

شِیْق: (ش مکسور، ی ساکن، ق موقوف) پہاڑ کی چوٹی، کسی چیز کا کنارہ، گھوڑے کی پونچھ کا بال، لمبا پہاڑ، مچھلی کی ایک قسم، ایک جگہ کا نام۔

شَیِّق: (ش مفتوح، ی مشدد مکسور، ق موقوف) مشتاق۔

﴿فصل الشین مع الکاف﴾

شَبْک: (مفتوح، ب ساکن، ک موقوف) ایک دوسرے سے ملنا، چیزوں کو ایک دوسرے میں ملانا، راستے کا مسافر پر مشتبہ ہونا۔

شَابِک: (ش مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ک موقوف) راستے کا دوسرے راستے میں ملنا، شیر کا پنجے کو ایک دوسرے میں پیوست کرنا۔

شِبَاک: (ش مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) جال، شُبَّکَۃ کی جمع ہے، جالی دار جھٹکے (م)

شِرْک: (ش مکسور، ر ساکن، ک موقوف) شرکت کرنا، خدا، وحدہٗ لا شریک کے ساتھ شرک کا عقیدہ کرنا، (نعوذ باللہ) کسی کے ساتھ شریک ہونا۔

شَرَک: (ش مفتوح، ر مفتوح، ک موقوف) شکار کا جال، راستے کا بیچ،

کھلا راستہ، ظاہر جو کسی پر پوشیدہ نہ ہو، حجاز میں ایک جگہ کا نام ہے۔

شَرِیک: (ش مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ک موقوف) شریک، ساجھی، اَشْرَاک وشُرَکَاء جمع ہے۔

شِرَاک: (ش مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) جوتے کا تسمہ جو پشتِ قدم پر پڑے، دوسرے دو تسمے جو جوتے کی لمبائی میں ہوں، ہر ایک کو قِبَال کہتے ہیں۔

شَرَائِکْ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) عورتیں جو ایک دوسرے کی شریک ہوں، شَرِیکَۃ کی جمع ہے۔

شَکّ: (ش مفتوح، ک مشدد موقوف) گمان، یقین کے برخلاف، گمان کرنا، اونٹ کا لنگڑانا، کسی چیز کا چپکنا، چوہا مارنے کی دوا۔

شَکُوک: (ش مفتوح، ک مضموم، و ساکن، ک موقوف) بہت بالوں والی اونٹنی جس کی فربہی اور لاغری معلوم نہ ہو، بہت شک کرنے والا۔

شُکُوک: (ش مضموم، ک مضموم، و ساکن، ک موقوف) گمان، شکّ کی جمع ہے۔

شَاکّ: (ش مفتوح، ا ساکن، ک مشدد موقوف) گمان کرنے والا۔

شَوک: (ش مفتوح، و ساکن، ک موقوف) کانٹا، قوت اور تیزی دکھانا، کانٹے کا چبھنا، کانٹا چبھونا، کانٹوں کے بیچ میں پڑنا، لڑکی کے پستانوں کا ابھرنا، اونٹ کا دانت نکلنا، پرندے کے پروں کا نکلنا، جوان کی مونچھ کا سخت ہونا، سر تراشنے کے بعد بالوں کا اگنا۔

شَائِک: (ش مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ک موقوف) کانٹے دار درخت، شَائِکُ السِّلَاح و شَاکِی السِّلَاح ہتھیار کی تیزی، ہتھیار کی مضبوطی۔

﴿فصل الشین مع اللام﴾

شِبْل: (ش مکسور، ب ساکن، ل موقوف) شیر کا بچہ جو شکار کر سکے، اَشْبَال اور شِبَال جمع ہے۔

شُبُول: (ش مضموم، ب مضموم، و ساکن، ل موقوف) ناز و نعم میں پرورش پانا اور جوان ہونا، شیر کے بچے، شِبْل کی جمع۔

شَاذِل: (ش مفتوح، ا ساکن، ذ مکسور، ل موقوف) ایک شخص کا نام ہے، شَاذِلَۃ مغرب میں ایک گاؤں ہے، مشہور شیخ طریقت ابوالحسن شاذلی رضی اللہ عنہ اس مقام کے رہنے والے تھے، طائفہ شاذلیہ انہیں کی طرف منسوب ہے۔

شَعَل: (ش مفتوح، ع مفتوح، ل موقوف) گھوڑے کی پونچھ کی سفیدی، گھوڑے کی پیشانی اور اس کی گردن کی سفیدی، شَعَلَۃ اسی معنی میں ہے، شُعَل شُعْلَۃ کی جمع ہے۔

شُغْل: (ش مفتوح/مضموم، غ ساکن، ل موقوف)

شُغُل: (ش مفتوح/مضموم، ل مفتوح/مضموم، ل موقوف) کام، مشغول ہونا، تنگی، کشادگی کی ضد، اَشْغَال اور شُغُول جمع ہے، مانع ہونا، روکنا، باز رکھنا، کام کا کسی کو مشغول رکھنا۔

شَقَاقُل: (ش مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ق مضموم، ل موقوف) جنگلی گاجر، مصر کی عمدہ گاجر۔

شَاقُول: (ش مفتوح، ا ساکن، ق مضموم، و ساکن، ل موقوف) وہ لکڑی جو بصرہ کے سنار رکھتے ہیں اور اس میں لوہے کو ٹیڑھا کرتے ہیں، ہیئت اور ہندسہ والوں کی کتاب میں اس پتھر کو کہتے ہیں جس میں دھاگا باندھ کر گونیاں سے لٹکاتے ہیں جس سے زمین اور دیوار کی ہمواری معلوم کرتے ہیں، ہندی میں اس کو ساہل کہتے ہیں۔

شَقْل: (ش مفتوح، ق ساکن، ل موقوف) مجامعت کرنا، تولنا، وزن کرنا، دینار و درم۔

شَکْل: (ش مفتوح، ک ساکن، ل موقوف) مانند، شِکْل کی یہی معنی ہے، وہ چیز جو کسی کے لائق اور مناسب ہو، کسی چیز کی صورت و تصویر، اَشْکَال و شُکُول جمع ہیں، چوپائے کے پاؤں کو رسی سے باندھنا، حرف پر اعراب لگانا اس طور پر کہ کوئی اشکال نہ رہے، شَکْل اور شِکْل، عورتوں کی ناز و ادا۔

شَکَل: (ش مفتوح، ک مفتوح، ل موقوف) ایک قبیلے کا باپ، بکری کے پہلو کا سفید ہونا، آنکھ وغیرہ کا سرخ و سفید ہونا۔

شِکَال: (ش مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) گھوڑے اور جانوروں کو باندھنے کی رسی، وہ رسی جس سے اونٹ کے پالان باندھتے ہیں تاکہ پالان پیچھے نہ جائے، وہ گھوڑا جس کے تین پیر سفید ہوں اور ایک پیر دوسرے رنگ کا ہو یا اس کے برعکس۔

شَارِکَل: (ش مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ل موقوف) کنپٹی کی سفیدی۔

شَلّ: (ش مفتوح، ل مشدد موقوف) ہانکنا، سینا (سلنا) کپڑا سکھانا، ہاتھ کا سکھنا (سوکھنا) ہاتھ کا بےکار ہونا۔

شِلَال: (ش مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) پراگندہ لوگ۔

شَلَل: (ش مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) کپڑے کا کالا داغ جو دھونے سے صاف نہ ہو، کسی چیز کو ہانکنا (چلانا) ہاتھ کا خشک اور تباہ (برباد) ہونا۔

شَلِیل: (ش مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) وہ پیراہن جو زرہ کے نیچے پہنتے ہیں، چھوٹی زرہ، وہ ٹاٹ جو اونٹ کی پشت پر پالان کے نیچے رکھتے ہیں، وادی میں پانی بہنے کا نالا۔

شُلْشُل: (ش مضموم، ل ساکن، ش مضموم، ل موقوف) کم گوشت والا آدمی، بارش اور خون جو مسلسل ٹپکے۔

شُمُوْل: (ش مضموم، م مضموم، و ساکن، ل موقوف) کسی چیز کو گھیرنا، تمام چیزوں کو شامل ہونا، محیط ہونا، بائیں ہاتھ کی سمت مڑنا، شالی ہوا کا چلنا۔

شَمُوْل: (ش مفتوح م مضموم، و ساکن ل موقوف) شراب یا ٹھنڈی شراب۔

شَامِل: (ش مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ل موقوف) گھیرنے والا، جمع کرنے والا۔

شَمْل: (ش مفتوح، م ساکن، ل موقوف) منتشر، جمع کرنا، گھیرنا، شراب کو ٹھنڈا کرنے کے لیے شالی ہوا میں رکھنا۔

شَمَل: (ش مفتوح، م مفتوح، ل موقوف) سمیٹنا، جفتی سے اونٹنی کا حاملہ ہونا، کسی کو خیر و شر پہنچنا، تھوڑی مقدار۔

شِمَال: (ش مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بایاں ہاتھ، عادت، طبیعت، بکری کے تھن کا غلاف، درخت پر تورس کھجوروں کا غلاف۔

شَمَال: (ش مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مشرق اور بنات النعش کے درمیان چلنے والی ہوا، (شالی قطب کے قریب سات ستارے ہیں جن میں چار کو نعش کہتے ہیں اور تین کو بنات) (م)

شَمَائِل: (ش مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) عادتیں، بایاں ہاتھ۔

شَوْل: (ش مفتوح، و ساکن، ل موقوف) اونٹنی کا پونچھ اٹھانا، اٹھی ہوئی پونچھ، ہلکی چیز، مشک میں بچا ہوا پانی، ڈول کا تھوڑا پانی۔

شَوَّال: (ش مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) عید الفطر کا مہینہ، مرو میں ایک گاؤں۔

شَہَل: (ش مفتوح، ہ مفتوح، ل موقوف) آنکھ کی سیاہی مائل بہ سرخی۔

شَائِل: (ش مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ل موقوف) اونٹنی کا حاملہ ہونے کے لیے پونچھ اٹھانا۔

شَوَاکِل: (ش مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ل موقوف) طریقے، شاکلہ کی جمع ہے۔

﴿فصل الشین مع المیم﴾

شَام: (ش مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مشہور ملک کا نام ہے، جسے سام بن نوح نے بسایا کہ عرب اس کو سام بن نوح کہتے ہیں، سریانی زبان میں شام ہے۔

شُؤم: (ش مفتوح، و ساکن، م موقوف) بد فالی، نحوست، یمن کی ضد۔

شَبَم: (ش مفتوح، ب مفتوح م موقوف) ٹھنڈک، ٹھنڈا ہونا۔

شِبْم: (ش مکسور ب ساکن، م موقوف) سرد چیز۔

شَبَام: (ش مفتوح ب مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک گھاس کا نام۔

شِبَام: (ش مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیے، ایک قبیلے کا نام ہے، شام میں ایک جگہ کا نام ہے۔

شُبْرُم: (ش مضموم، ب ساکن، ر مضموم، م موقوف) چھوٹا، کنجوس، ایک خار

دار درخت، ایک گھاس جس کا دانہ مَسُوْر کے دانہ کے برابر ہوتا ہے اور اس کی جڑ موٹی ہوتی ہے جو شیرہ دار ہوتی ہے، یہ شیرہ مُسہل (دست آور) ہے۔

شَتْم: (ش مفتوح، ت ساکن، م موقوف) گالی دینا۔

شَتِیْم: (ش مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، م موقوف) بدصورت، غضبناک شیر درندہ۔

شَحْم: (ش مفتوح، ح ساکن، م موقوف) چربی۔

شَحَم: (ش مفتوح، ح مفتوح، م موقوف) چربی کھانا۔

شَحِم: (ش مفتوح، ح مکسور، م موقوف) چربی کھانے والا، کم رس والا انگور۔

شَحِیْم: (ش مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، م موقوف) موٹا۔

شَحَّام: (ش مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چربی بیچنے والا۔

شَخْم: (ش مفتوح، خ ساکن، م موقوف) کھانے وغیرہ کا خراب اور فاسد ہونا۔

شَرَم: (ش مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) ناک کا شگاف۔

شَرْم: (ش مفتوح، ر ساکن، م موقوف) دریا کے درمیان ایک درخت اور اس کی شاخ، کسی چیز کو پھاڑنا، ناک کا بانسہ کاٹنا، اونچی گھاس جس کا سرا کھایا جاتا ہے اور اس کے درمیان کی ضرورت نہیں ہوتی۔

شُکْم: (ش مضموم، ک ساکن، م موقوف) بدلہ دینا، عطیہ دینا، عطا۔

شَکْم: (ش مفتوح، ک ساکن، م موقوف) بدلہ دینا۔

شَلْجَم: (ش مفتوح، ل ساکن، ج مفتوح، م موقوف) شَلْغَم کا معرب ہے۔

شَلَّم: (ش مفتوح، ل مشدد مفتوح، م موقوف) بیت المقدس۔

شَمّ: (ش مفتوح، م مشدد موقوف) سونگھنا، اچھی ناک والا ہونا۔

شُمّ: (ش مضموم، م مشدد موقوف) بلند چیزیں، اَشَمّ کی جمع ہے۔

شَمِیْم: (ش مفتوح، م مکسور، ی ساکن، م موقوف) سونگھنا، خوشبو، بلند چیز، عمدہ خوشبو۔

شَمَم: (ش مفتوح، م مفتوح، م موقوف) دوری، نزدیکی، پہاڑ کی بلندی، بلندی، حسن، ہمواری کے ساتھ ناک کے بانسہ کی بلندی۔

شَمَّام: (ش مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک قسم کا زرد رنگ کا چھوٹا خربوزہ جو سرخ اور سبز دھاری رکھتا ہو، اس کو فارسی میں دَسْتَنْبُو کہتے ہیں۔

شُوْم: (ش مضموم، و ساکن، م موقوف) کالی چیزیں۔

شَہِیْم: (ش مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، م موقوف) جلد، تیز فہم، تیز رفتار اور توانا گھوڑا، حکم نافذ کرنے والا پیشوا (رہنما)

شَاہِ سُپَرْغَم۔ شَاہِ سُفْرُم: (ش مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، س مضموم، ب ساکن، ر مضموم، م موقوف) (ش مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، س مضموم، ف ساکن، ر مضموم، م موقوف) پھول۔

شَیْم: (ش مفتوح، ی ساکن، م موقوف) تلوار نیام میں ڈالنا، تلوار کھینچنا، بارش کی توقع (امید) میں بجلی کو دیکھنا۔

شِیْم: (ش مکسور، ی ساکن، م موقوف) ایک مچھلی کا نام ہے۔

شِیَم: (ش مکسور، ی مفتوح، م موقوف) ہر وہ زمین جو اب تک جوتی نہ گئی ہو اور اس کی تختی باقی ہو۔

شِیَم: (ش مکسور، ی مفتوح، م موقوف) طبیعتیں، وہ مٹی جو زمین سے کھودیں، شِیْمَۃ کی جمع ہے۔

﴿فصل الشین مع النون﴾

شَان: (ش مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کام، حال، کیفیت، سر سے آنکھوں تک آنسو کی نلی، شُئُوْن جمع ہے، پہاڑی زمین جس میں درخت اور پودے لگائے جاتے ہیں، خوف نہ کرنا، کسی چیز سے واقف نہ ہونا، ارادہ کرنا۔

شُبَّان: (ش مضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) جوان لوگ، شاب کی جمع ہے۔

شَتْن: (ش مفتوح، ت ساکن، ن موقوف) بننا۔

شَتَّان: (ش مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اسم فعل

ہے،دور ہونا،دوری۔

شَثْن: (ش مفتوح،ث ساکن،ن موقوف)موٹی انگلیوں والا۔

شَثَن: (ش مفتوح،ث مفتوح،ن موقوف)ہاتھ کا موٹا اور سخت ہونا۔

شَجْن: (ش مفتوح، ج ساکن، ن موقوف)کام کی وجہ سے کسی کی ضرورت کو روکنا، غمگین کرنا، وادی کا راستہ یا وادی کے اوپر کا راستہ،شُجُون جمع ہے۔

شَجَن: (ش مفتوح، ج مفتوح، ن موقوف)غمگین ہونا،غم واندوہ، ضرورت،آپس میں ملی ہوئی شاخیں،شعبہ،ہر چیز کی شاخ،شُجُون جمع ہے،حدیث میں ہے ذُوْ شُـجُـوْن شاخوں اور راستوں کا مالک،انوری کہتا ہے ؎

ذو شجون شد حدیث درد اریم

قصۂ چرخ ازرق وزراق

شُجْعَان: (ش مکسور مضموم،ج ساکن،ع مفتوح،ا ساکن،ن موقوف) بہادروں اور سانپوں کو مارنے والا،شُجاع کی جمع ہے۔

شَحْن: (ش مفتوح، ح ساکن، ن موقوف) بھرنا، ہانکنا، باندھنا، دور کرنا۔

شُدُوْن: (ش مضموم، د مضموم، و ساکن، ن موقوف)ہرن کے بچے کا طاقتور ہونا اور اپنی ماں سے بے نیاز ہو جانا۔

شَدَن: (ش مفتوح، د مفتوح، ن موقوف) ایک درخت جس کی کلی چنبیلی کے مانند ہوتی ہے۔

شِرْیَان: (ش مکسور،ر ساکن،ی مفتوح،ا ساکن،ن موقوف)متحرک رگ،اس میں روح بہ نسبت خون کے زیادہ ہوتی ہے اور یہ رگیں دل سے نکلتی ہیں،شَرَائین جمع ہے۔

شَرَطَیْن: (ش مفتوح،ر مفتوح،ط مفتوح،ی ساکن،ن موقوف)شرط کا تثنیہ ہے،نشانی،دو ستارے،پہلا حمل جو چاند کی منزل ہے۔

شَرْن: (ش مفتوح،ر ساکن،ن موقوف)سخت چٹان کا سوراخ۔

شَرَن: (ش مفتوح،ر مفتوح،ن موقوف)طبرستان میں ایک شہر کا نام ہے۔

شَزْن: (ش مفتوح،ز ساکن،ن موقوف)

شُزُن: (ش مضموم،ز مضموم،ن موقوف) گھٹنے کی ہڈی،پنڈلی جس سے بازی کریں،بخیل۔

شَزَن: (ش مفتوح،ز مفتوح،ن موقوف)خوشی کا اظہار کرنا،ظلم اور شدت کی وجہ سے بہت تھک جانا،زمین کی سختی،زمین کی دوری،کنارہ، طرف،شُزُون بھی اسی معنی میں ہے۔

شَطْن: (ش مفتوح، ط ساکن، ن موقوف) رسی سے باندھنا، قصداً (جان بوجھ کر) مخالفت کرنا،زمین کے اندر آنا۔

شَطَن: (ش مفتوح،ط مفتوح،ن موقوف)لمبی رسی یا مطلق رسی،اَشْطَان جمع ہے۔

شَاطِن: (ش مفتوح،ا ساکن،ط مکسور،ن موقوف)خبیث،بدکار(بری عادت والا)

شُطُوْن: (ش مضموم،ط مضموم،و ساکن،ن موقوف)دور ہونا۔

شَطُوْن: (ش مفتوح،ط مضموم،و ساکن،ن موقوف)گہرا کنواں جس کا اوپری حصہ فراخ ہو اور اس کی تہہ تنگ ہو۔

شَعَن: (ش مفتوح،ع مفتوح،ن موقوف)سوکھنے کے بعد گھاس کی پتی کا ابھرنا۔

شَفْن: (ش مفتوح،ف ساکن،ن موقوف)ہوشیار،عقلمند۔

شَفِن: (ش مفتوح،ف مکسور،ن موقوف)رقیب،میراث کی حفاظت کرنے والا،انتظار کرنا۔

شُفَن: (ش مضموم،ف مفتوح،ن موقوف)بہت گھور کر دیکھنے والا۔

شُفُوْن: (ش مضموم،ف مضموم،و ساکن،ن موقوف) آنکھ کے گوشے سے دیکھنا(کنکھیوں سے دیکھنا)

شَفُوْن: (ش مفتوح،ف مضموم،و ساکن،ن موقوف)کنکھیوں سے تیز دیکھنے والا،شَافِن بھی اسی معنی میں ہے۔

شَقْن: (ش مفتوح،ق ساکن،ن موقوف)کم بخشش کرنا،تھوڑی چیز، شِقْن بھی اسی معنی میں ہے۔

شَمَن: (ش مفتوح،م مفتوح،ن موقوف)اُستر آباد میں ایک گاؤں کا نام ہے،فارسی میں شمن بت پرست کو کہتے ہیں،شَمَنُوْنِیَۃ اندلس

میں ایک شہر کا نام۔

شَنّ: (ش مفتوح، ن مشدد موقوف) چھڑکنا، پراگندہ کرنا، لشکر کا چاروں طرف سے حملہ کرنا، چھوٹی پرانی مشک، پھٹی ہوئی مشک، شِنان جمع ہے۔

شَنِین: (ش مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بوندیں، دودھ جس پر پانی ڈالیں۔

شِنَان: (ش مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شام میں ایک گاؤں کا نام۔

شَنَان: (ش مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دشمنی۔

شُنَان: (ش مضموم، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ٹھنڈا پانی، پانی برسانے والا، مشک اور درخت سے ٹپکنے والا پانی، چھڑکا ہوا پانی۔

شَنْآن: (ش مفتوح، ن ساکن، ا ممدودہ، ن موقوف) دشمنی کرنا، دشمنی رکھنا، نفرت کرنا، بغض رکھنا۔

شَنُون: (ش مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) موٹا، کمزور۔

شَوکَرَان۔ شَیکُرَان: (ش مفتوح، و ساکن، ک مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) (ش مفتوح، ی ساکن، ک مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک زہریلا پودا، بعض لوگ شوکران و شیکران کہتے ہیں۔

شَاہِین: (ش مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ایک مشہور شکاری پرندہ (باز)، ترازو کی ڈنڈی۔

شَیبَان: (ش مفتوح، ی ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اولہ، برف اور بادل کا دن، دو قبیلوں کا نام جن میں سے ہر ایک کو شَیبان کہتے ہیں۔

شَیطَان: (ش مفتوح، ی ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دیو، انسانوں اور جنوں چوپایوں میں ہر متمرد اور سرکش کو شیطان کہتے ہیں، سانپ، وہ لمبا داغ جو اونٹ کی ران پر کھینچتے ہیں، رَوثُ الشَّیَاطِین ایک گھاس کو کہتے ہیں، شَیطَان الطّاق امام محمد بن نعمان کا لقب جو طبرستان کے قلعہ طاق میں رہتا تھا اور اہل سنت اس کو اسی لقب سے یاد کرتے ہیں، امامیہ (شیعہ) اسے مومن الطاق کہتے ہیں۔

شَین: (ش مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) عیب، برائی، عیب لگانا، زَین کی ضد ہے۔

شِین: (ش مکسور، ی ساکن، ن موقوف) حروف تہجی کا ایک حرف۔

فصل الشین مع الواو

شَأو: (ش مفتوح، أ ساکن، و موقوف) انتہا، آخر، ہر چیز کی تہہ، جھولی، آگے بڑھنا، آگے ہونا، کنویں سے مٹی نکالنا، کنویں سے نکلی ہوئی مٹی، اونٹنی کی مہار۔

شَجو: (ش مفتوح، ج ساکن، و موقوف) ضرورت، غمگین کرنا، خوش کرنا۔

شَحو: (ش مفتوح، ح ساکن، و موقوف) منہ کھولنا، منہ کھلنا، گھوڑے کا قدم رکھنا،

شَدو: (ش مفتوح، د ساکن، و موقوف) ہانکنا، بلند آواز سے شعر پڑھنا، گنگنانا، دو شعر پڑھنا، تعلیم حاصل کرنا، عمدہ آداب کا ایک حصہ، کسی چیز کا ارادہ کرنا، کسی چیز کو کسی چیز کے مانند کرنا۔

شَذو: (ش مفتوح، ذ ساکن، و موقوف) مشک، مشک کی خوشبو یا رنگ۔

شَصو: (ش مفتوح، ص ساکن، و موقوف) آنکھ کا کھلنا، ابرو کا بلند ہونا، مشک کا بھرنا،

شَطو: (ش مفتوح، ط ساکن، و موقوف) جانب، طرف، کنارہ۔

شَقو: (ش مفتوح، ق ساکن، و موقوف) بدبخت ہونا۔

شَکو: (ش مفتوح، ک ساکن، و موقوف) شکایت کرنا،

شِلو: (ش مکسور، ل ساکن، و موقوف) عضو، ہر چیز کا جسم، اَشلاء جمع ہے۔

شَلو: (ش مفتوح، ل ساکن، و موقوف) سیر کرنا، کسی چیز کو بلند کرنا۔

شَمو: (ش مفتوح، م ساکن، و موقوف) کسی کے کام کا بلند ہونا۔

فصل الشین مع الہاء

شِبہ: (ش مکسور، ب ساکن، ہ موقوف) مانند، ایسے بِشبہ اور اَشباہ کا معنی بھی یہی ہے اور مَشابہ بروزن مَحاسن جمع ہے

شَبَہْ: (ش مفتوح، ب مفتوح، ہ موقوف) مانند، مانند ہونا، چاول، پیالہ، شَبَہْ چاول کا پیالہ۔

شَدْ ہ: (ش مفتوح، د ساکن، ہ موقوف) پھاڑنا، زخمی کرنا، سر، مدہوش کرنا۔

شُدَہْ: (ش مفتوح رمضموم، د مفتوح رساکن، ہ موقوف) دہشت، حیرت۔

شَرَہْ: (ش مفتوح، ر مفتوح، ہ موقوف) لالچ کا غالب ہونا۔

شَرِہْ: (ش مفتوح، ر مکسور، ہ موقوف) لالچی۔

شَفْہ: (ش مفتوح، ف ساکن، ہ موقوف) مشغول کرنا، مانگنے میں اصرار کرنا۔

شِفاہ: (ش مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ہ موقوف) ہونٹ، شِفَۃٌ کی جمع ہے، اصل میں شَفَہَۃٌ تھا، شفہی اس کی طرف منسوب ہے نہ کہ شَفَوِی جیسا کہ مشہور ہے، ہوسکتا ہے کہ شَفَوِی نسبت کے تغیر کی وجہ سے ہو گیا ہو جیسا کہ شہر غزنہ کی طرف منسوب کو غزنوی کہتے ہیں، حروف شفہی با فا اور میم ہیں،

شَوْ ہ: (ش مفتوح، و ساکن، ہ موقوف)

شَوَہْ: (ش مفتوح، و مفتوح، ہ موقوف) گردن کی لمبائی، گردن۔

شَیْہ: (ش مفتوح، ی ساکن، ہ موقوف) نظر بد لگانا (لگنا)

﴿فصل الشین مع الیاء﴾

شِیاوِی: (ش مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، و مکسور، ی موقوف) ہانکنے والا، عمدہ عادت سیکھا ہوا، بلند آواز سے پڑھنے والا (پکارنے والا)

شُرْطِی: (ش مضموم، ر ساکن، ط مکسور، ی مشدد موقوف) کوتوال کا پیادہ، کوتوال کا سپاہی۔

باب الصاد

فصل الصاد مع الالف

صِبا: (ص مکسور، ب مفتوح، اموقوف) بچپن۔

صَبا: (ص مفتوح، ب مفتوح، اموقوف) پروائی ہوا، صُباً بچوں کے ساتھ کھیلنا۔

صُبُوْء: (ص مفتوح رمضموم، ب مضموم، و ساکن، ء موقوف) بچے کا دانت نکلنا، اونٹ کے بچے کا نوکیلا دانت، ایک دین چھوڑ کر دوسرا دین قبول کرنا۔

صَابِیٔ: (ص مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، یٔ موقوف) ایک دین سے دوسرے دین میں منتقل ہونے والا، صابئون جمع ہے، یہ لوگ اہل کتاب ہیں، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ صابی نوح علیہ السلام کے پیرو یا ان کے علاوہ ہیں جو بعد میں ستارہ پرست ہوگئے۔

صَحْرَاء: (ص مفتوح، ح ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہموار زمین جو نہ نرم ہو اور نہ سخت، وہ زمین جس میں گھاس اور سبزہ نہ ہو، صَحَارَیٰ جمع ہے۔

صِحْنَاء: (ص مکسور، ح ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مچھلی کا سالن جو مصر والے بناتے ہیں اور اسے ماہیانہ کہتے ہیں، یہ سالن اس طرح بناتے ہیں کہ فربہ مچھلی کو ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہیں اور تین دن تک بغیر نمک ملائے چھوڑ دیتے ہیں پھر برتن میں نمک ڈال کر اسے دھوپ میں رکھ دیتے ہیں اور لکڑی سے ہلاتے ہیں تاکہ مچھلی میں نمک مل جائے پھر اس کی ہڈی گوشت سے الگ کرکے کھاتے ہیں۔

صَدَأ: (ص مفتوح، د مفتوح، أ موقوف) لوہے اور تانبے کا زنگ، (مورچہ) زنگ لگنا۔

صُدَأ: (ص مضموم، د مفتوح، أ موقوف) یمن میں ایک قبیلے کا نام ہے۔

صَدْآء: (ص مفتوح، د ساکن، ا ممدودہ، ء موقوف) حمراء کے وزن پر ہے بکری وغیرہ کا سرخ بچہ جو سیاہی کی طرف مائل ہو، زنگ کے رنگ کی زرہیں پہنے ہوئے سپاہی، ایک کنواں یا ایک چشمہ ہے جس کا پانی بہت میٹھا ہے عرب میں اس سے عمدہ پانی نہیں پایا جاتا۔

صَدَأ: (ص مفتوح، د مفتوح، أ موقوف) نازک بدن مرد۔

صَدَیٰ: (ص مفتوح، د مفتوح، ا مقصورہ موقوف) نرالو، پہاڑ اور گنبد سے ٹکرا کر آنے والی آواز، نازک بدن آدمی، مردہ جسم، سر اور دماغ کا درمیان، تشنگی، پیاس۔

صَرْعَیٰ: (ص مفتوح، ر ساکن، ع مفتوح، ا مقصورہ موقوف) زمین پر پچھاڑے (گرائے) ہوئے، صَرِیْع کی جمع ہے۔

صُعَدَاء: (ص مضموم، ع مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس لینا، مشقت۔

صَغْرَیٰ: (ص مفتوح، غ ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) چھوٹے، صَغِیْر کی جمع ہے۔

صُغْرَیٰ: (ص مضموم، غ ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بہت چھوٹی، اَصْغَر کی تانیث ہے۔

صَفَاء: (ص مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پاک اور بے عیب ہونا۔

صَفَا: (ص مفتوح، ف مفتوح، ا موقوف) بہت بڑا سخت پتھر، ریت، پہاڑ کا نام ہے۔

صَفْرَاء: (ص مفتوح، ف ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) اخلاط اربعہ میں سے ایک زرد رنگ کا کڑوا مادہ جسے تلخہ کہتے ہیں، زرد رنگ کی عورت، وہ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو، ریت، گھاس کا نام جس کی پتیاں کاہو کے درخت کی پتیوں کی طرح ہوتی ہیں، ایک گھوڑے کا نام ہے، دونوں حرم کے درمیان ایک وادی، حضرت شعیب علیہ السلام کی بڑی لڑکی کا نام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی تھیں۔

صَفُوْرَاء۔ صَفُوْرِیَا: (ص مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) (ص مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ا موقوف) حضرت شعیب علیہ السلام کی چھوٹی لڑکی کا نام، صاحب قاموس نے لکھا کہ یہی لڑکی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی تھیں اور یہی مشہور ہے لیکن احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام کی بڑی صاحبزادی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی تھیں۔

صَفَایَا: (ص مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) برگزیدہ لوگ، وہ مال غنیمت جو سردار کے سامنے پیش کرنے سے پہلے اپنے تصرف میں لائیں۔

صِلَاء: (ص مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بھنا ہوا۔

صَلْعَاء: (ص مفتوح، ل ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) واقعہ، مشہور بات، بلا، سختی، ادسرزمین جس میں گھاس نہ اگے، کانٹے دار درخت جس کی شاخوں کا سرا جھڑ گیا ہو۔

صُلَیْعَاء: (ص مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مردوں کی کھلی ہوئی شرمگاہ، سختی، آزمائش۔

صَمَّاء: (ص مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بہری عورت، زمانہ کی سختی، سخت پتھر۔

صَنْعَاء: (ص مفتوح، ن ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) یمن میں ایک قصبہ ہے جس میں بہت پانی اور درخت ہیں اس کی طرف نسبت کرتے ہوئے صنعانی لکھتے ہیں جو خلاف قیاس ہے۔

صَہْبَاء: (ص مفتوح، ہ ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سفید انگور سے کشید کی ہوئی شراب، خیبر میں ایک مقام کا نام ہے۔

صَیْدَاء: (ص مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سخت زمین، بحر شام کے کنارے ایک شہر ہے، شیریں پانی والا کنواں جس کو صدا بھی کہتے ہیں، ایک عورت کا نام جس پر ذوالرمہ شاعر عاشق تھا، ایک قسم کا پتھر جس سے ہانڈی بناتے ہیں۔

﴿فصل الصاد مع الباء﴾

صَبّ: (ص مفتوح، ب مشدد موقوف) بہنا، پانی کا بہہ جانا، بہنے والا پانی، عاشق۔

صُبّ: (ص مضموم، ب مشدد موقوف) کھانے وغیرہ کا گرا ہوا حصہ۔

صَبَبْ: (ص مفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) عاشق ہونا، نشیبی زمین، نیچی زمین، اوپر سے نیچے گری ہوئی ریت، نہر کے پانی کا اوپر سے نیچے آنا۔

صَبِیْب: (ص مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) کسم، برف، خون، پسینہ، سداب اور سنا کے مانند ایک درخت ہے، تل کے پتوں کا عرق، برگ حنا کا عرق، بقم کا عرق (مجیٹھ)، ایک لکڑی ہے جس سے سرخ رنگ کا عرق نکلتا ہے، سرخ رنگ، گرا ہوا پانی، عمدہ شہد، تلوار کی دھار، ایک جگہ کا نام ہے، صُبَیْب بھی اسی معنی میں ہے۔

صَاحِبْ: (ص مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ب موقوف) دوست، صحاب و صَحْب جمع ہے، اصحاب جمع الجمع ہے، ایک قبیلے کا نام ہے۔

صَخَبْ: (ص مفتوح، خ مفتوح، ب موقوف) آواز، فریاد۔

صَخَّاب: (ص مفتوح، خ مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) فریاد کرنے والا، آواز دینے والا۔

صَرُبْ: (ص مفتوح، ر ساکن، ر مفتوح، ب موقوف) گھنا دودھ، سرخ گوند، مشک میں رکھا ہوا دودھ، مشک میں دودھ کو جمع کرنا تاکہ وہ گھنا ہو جائے، پیشاب کو روکنا، بچے کا پیٹ باندھنا تاکہ فربہ ہو جائے۔

صُرُبْ: (ص مضموم، ر مضموم، ب موقوف) گھنا دودھ، صَرِیْب کی جمع ہے۔

صِرْب: (ص مکسور، ر ساکن، ب موقوف) کمزور و ناتواں، دیہاتیوں کے چھوٹے مکانات۔

صَعْب: (ص مفتوح، ع ساکن، ب موقوف) سخت، تیز، سرکش، شیر درندہ۔

صَغْب: (ص مفتوح، غ ساکن، ب موقوف) چھوٹے سر کا آدمی۔

صَقْب: (ص مفتوح، ق ساکن، ب موقوف) ہر چیز کی درازی، اونٹنی کا

بچہ، گھر کا ستون یا گھر کے بیچ کا لمبا ستون، وہ زمین جو کسی کے مکان سے متصل (ملی) ہو، کسی کو ہاتھ کی پوری قوت کے ساتھ مارنا، دیوار کو بلند کرنا، جمع کرنا، پرندوں کا بولنا، خشک اور سخت چیز پر مارنا۔

صَقَبْ: (ص مفتوح، ق مفتوح، ب موقوف) قریب ہونا، دور ہونا۔

صَقْلَاب: (ص مفتوح، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) قطب شمالی میں ایک انتہائی ٹھنڈے شہر کا نام۔

صِقْلَاب: (ص مکسور، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بہت کھانے والا، سفید گدھا، سرخ گدھا، زیادہ کھانے والا اونٹ۔

صُلْب: (ص مضموم، ل ساکن، ب موقوف) سخت، قوت، حسب، ریڑھ کی ہڈی، سخت پتھریلی زمین، ایک جگہ کا نام ہے۔

صَلْب: (ص مفتوح، ل ساکن، ب موقوف) سولی پر لٹکانا، نہ اترنے والا سخت دائمی بخار، ہڈی سے چربی نکالنا، ڈول پر صلیب کی طرح دو لکڑی باندھنا، گوشت بھننا۔

صَلَبْ: (ص مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) سخت، ہڈی کی چربی۔

صُلَّبْ: (ص مضموم، ل مشدد مفتوح، ب موقوف) سخت، سوہن، سان رکھنے کا پتھر۔

صَلِیْب: (ص مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ب موقوف) سخت، سولی پر چڑھایا ہوا، ہڈی کی چربی، صلیب کی ہمشکل وہ لکڑی جو عیسائی رکھتے ہیں اسے فارسی میں چلیپا کہتے ہیں، صُلُبْ وصُلْبان جمع ہے، اونٹ کی ران پر لگایا جانے والا داغ، چار ستارے ہیں جو نسر طائر کے پیچھے واقع ہیں نہ کہ نسر واقع کے پیچھے جیسا کہ صاحب صحاح نے کہا ہے، عُوْدُ الصَّلِیْب ایک لکڑی ہے جس کو باندھنا اور سونگھنا مرگی کے مریض کے لیے مفید ہے جسے بچوں کی گردن میں لٹکاتے ہیں، روم میں اسے فاوانیا کہتے ہیں، صُلَیْب ایک جگہ کا نام، ایک پہاڑ کا نام۔

صَالِبْ: (ص مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ب موقوف) لرزہ کے ساتھ بخار، نافض کی ضد (تیز بخار جس میں کپکپی ہو)۔

صِنَاب: (ص مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) لمبی پیٹھ اور پیٹ والا، چٹنی جو رائی اور زیتون کے تیل سے بنائی جاتی ہے، گھوڑے کی ایک قسم جو زرد اور سرخ رنگ کا ہو یا سیاہی مائل سرخ ہو۔

صَوْب: (ص مفتوح، و ساکن، ب موقوف) پانی برسنا، پانی والا بادل، درستی، خطا کی ضد ہے، بہانا، درست، میانہ روی، ایک قبیلے کا باپ۔

صَوَاب: (ص مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) نیک، لائق، خطا کی ضد ہے۔

صَائِبْ: (ص مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ب موقوف) ٹھیک کرنے والا، درمیانی چال چلنے والا۔

صَہَبْ: (ص مفتوح، ہ مفتوح، ب موقوف) سرخی مائل سیاہ رنگ یا سیاہی مائل سرخ رنگ جیسے کیت گھوڑے کا رنگ۔

صُہَیْب: (ص مضموم، ہ مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) ایک بزرگ صحابی رسول کا نام جو روم سے آکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔

صَیْب: (ص مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) کسی چیز تک پہنچنا۔

صَیِّبْ: (ص مفتوح، ی مشدد مکسور، ب موقوف) برسنے والا بادل۔

صَیْہَبْ: (ص مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، ب موقوف) گرمی کی سختی، گرم دن، لمبا آدمی، سخت پتھر، سخت زمین، پتھروں کے درمیان برابر زمین، ہر وہ جگہ جہاں آفتاب کی تپش اتنی تیز ہو کہ گوشت بھن جائے۔

﴿فصل الصاد مع التاء﴾

صَاخَّۃْ: (ص مفتوح، ا ساکن، خ مفتوح، ۃ مشدد موقوف) سخت اور کڑی آواز جو کان کو بہرا کردے، قیامت۔

صُبَابَۃْ: (ص مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) برتن کا بچا ہوا پانی۔

صَبَابَۃْ: (ص مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گرمی، عشق کی تپش، عشق اور شوق کی شدت سے دل کا تنگ ہونا، ایک دیوان کا نام ہے جس میں عشق و عاشقی کے اشعار جمع کیے گئے

ہیں جیسا کہ دیوان حماسہ بہادروں کی شجاعت میں۔

صُبْرَةٌ: (ص مضموم، ب ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) غلے کا ڈھیر جو ناپا یا تولا نہ گیا ہو۔

صَبْرَةٌ: (ص مفتوح، ب ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پیشاب، لید، گوبر، حوض میں پڑی ہوئی مینگنی، موسم سرما کا وسطی حصہ، مغرب میں ایک شہر کا نام۔

صَبَاحَۃٌ: (ص مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) خوبی، جمال۔

صُبْحَۃٌ: (ص مضموم، ب ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) چاشت کا وقت، صُبْحَۃ بھی اسی معنی میں آیا ہے، وہ چیز جو چاشت کے وقت پیتے ہیں۔

صِبْغَۃٌ: (ص مکسور، ب ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) رنگ، دین، ملت، صِبْغَۃُ اللّٰہ وہ دین فطرت جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو دیا۔

صُبَّۃٌ: (ص مضموم، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گھوڑوں کا ریوڑ، اونٹوں کا ریوڑ، دس سے چالیس کے درمیان بکریوں کی تعداد، برتن میں بچا ہوا پانی، ہر چیز کا ٹکڑا۔

صَبْوَۃٌ: (ص مفتوح، ب ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) آرزومند ہونا، خواہش کرنا (جھکنا)، جوانی کے زمانہ کی نادانی۔

صَتّ: (ص مفتوح، ت مشدد موقوف) کوٹنا۔

صُحْبَۃٌ: (ص مضموم، ح ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) یاری، دوستی۔

صَحَابَۃٌ: (ص مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) دوست ہونا، دوست۔

صِحَّۃٌ: (ص مکسور، ح مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تندرست ہونا اور عیب سے پاک ہونا۔

صِحْنَاءَۃٌ: (ص مکسور، ح ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) نمک ملی ہوئی چھوٹی مچھلی۔

صَحِیْفَۃٌ: (ص مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) کتاب۔

صُخُرَۃٌ: (ص مفتوح رمضموم، خ ساکن رمضموم، ر مفتوح، ۃ موقوف) بڑا پتھر۔

صَدَارَۃٌ: (ص مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بلندی پر بیٹھنا۔

صَدَاقَۃٌ: (ص مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) دوستی۔

صَدُقَۃٌ: (ص مفتوح، د مضموم، ق مفتوح، ۃ موقوف)

صُدُقَۃٌ: (ص مضموم، د مضموم، ق مفتوح، ۃ موقوف) مہر معجل، مہر (جو عورت کو دیں)

صَدَقَۃٌ: (ص مفتوح، د مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) بھیک جو فقیر کو دی جائے، وہ مال جو راہِ خدا میں دیا جائے۔

صُدْرَۃٌ: (ص مضموم، د ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سینہ، سینے کا بالائی حصہ، چھوٹا کپڑا جو سینے کو چھپائے۔

صَدْمَۃٌ: (ص مفتوح، د ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) دو چیزوں کا آپس میں رگڑنا اور ضرر پہنچانا۔

صُدْحَۃٌ: (ص مفتوح رمضموم، د ساکن رمفتوح، ح مفتوح، ۃ موقوف) وہ کوڑی جس کے ذریعے عورتیں مردوں پر جادو منتر کرتی ہیں۔

صَرْصَرَۃٌ: (ص مفتوح، ر ساکن، ص مفتوح، ر ساکن، ۃ موقوف) شکرے کا آواز دینا، تیز ہوا، جھکڑ۔

صِرَّۃٌ: (ص مکسور، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ٹھنڈک (سردی) ٹھنڈک کی شدت، نالہ و فریاد کی آواز۔

صَرَّۃٌ: (ص مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آواز (پکار) فریاد، لوگوں کا گروہ، سختی، غم، گرما گرمی، صَرَّۃ تھیلی۔

صَرُوْرَۃٌ: (ص مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) وہ شخص جو شادی یعنی نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے۔

صَرْحَۃٌ: (ص مفتوح، ر ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) گھر کا صحن، نالہ کرنا، چیخ و پکار، عذاب۔

صَرِیْمَۃٌ: (ص مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) عزیمت، ارادۂ قلب، دلی ارادہ، کسی کام کو قطع کرنا، ٹیلے کا حصہ، رات کا (حصہ) پہر۔

صِرْمَۃٌ: (ص مکسور، ر ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) اونٹوں کا ریوڑ جو بیس سے تیس تک یا چالیس تک یا پچاس تک ہو، بادل کا ٹکڑا، ایک آدمی کا نام ہے۔

صَرْفَۃٌ: (ص مفتوح، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ایک روشن ستارہ اور وہ چاند کی منزل ہے زہرہ کی منزل کے بعد جس کے طلوع ہونے کے وقت سردی کم ہوتی ہے اور پھر پلٹ آتی ہے، افزونی کفایت، کسی چیز کو گردش دینا۔

صِرْعَۃٌ: (ص مکسور، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) گرنا۔

صُرْعَۃٌ: (ص مضموم، ر ساکن رمفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) زمین پر پچھاڑنے والا۔

صَعْقَۃٌ: (ص مفتوح، ع ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) بیہوش ہونا۔

صَاعِقَۃٌ: (ص مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) موت، ہلاک کرنے والا عذاب، آواز، عذاب، بادلوں کے فرشتے کا کوڑا جس سے وہ بادلوں کو بحکم الٰہی چلاتا ہے، وہ آگ جو آسمان سے گرتی ہے بجلی۔

صُعُوبَۃٌ: (ص مضموم، ع مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) دشواری۔

صَعْوَۃٌ: (ص مفتوح، ع ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) گوریتے کے برابر ایک سرخ سینے والی چھوٹی چڑیا۔

صَعْصَعَۃٌ: (ص مفتوح، ع ساکن، ص مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) ہلانا، حرکت دینا، جدا کرنا، ہوازن کے ایک قبیلے کا باپ۔

صَغَانَۃٌ: (ص مفتوح، غ مفتوح، ا ساکن، ۃ مفتوح، ۃ موقوف) مشہور باجہ، چغانہ کا معرب ہے، موسیقی کا ایک پردہ۔

صَافِنَات: (ص مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) وہ گھوڑا جو تین پیروں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا ناخن زمین پر ٹیکے رہے۔

صَافَّات: (ص مفتوح، ا ساکن، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) صَف بستہ لوگ، صافات سے مراد قرآن میں وہ فرشتے ہیں جو بارگاہ الٰہی میں حکم الٰہی کے انتظار میں کھڑے ہیں۔

صُفْرَۃٌ: (ص مضموم، ف ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) زردی، سیاہی، یمامہ میں ایک گاؤں کا نام ہے صَفْرَۃٌ (ص مفتوح) بھوک، بھوکا۔

صِفْوَۃٌ: (ص مفتوح رکسور، ف ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) برگزیدہ، منتخب، جو چیز سیاہی اور کھوٹ سے پاک ہو۔

صِفَۃٌ: (ص مکسور، ف مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا حال اور نشان بیان کرنا، نشان، کسی چیز کی علامت۔

صُفَّۃٌ: (ص مضموم، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دالان جس پر چھت ہو، اہلُ الصفۃ وہ غریب مسلمان جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجد کے ایک چبوترے پر جس پر سائبان تھا زندگی بسر کرتے تھے۔

صَفْحَۃٌ: (ص مفتوح، ف ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) ورق کی ایک جانب، کسی چیز کا اوپری حصہ، صَفْحَۃُ الوجہ چہرا۔

صَفِیْحَۃٌ: (ص مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) چوڑی تلوار، چوڑے پتھر کی اوپری (بالائی) سطح، پھیلی ہوئی ہر شئی۔

صَفَاقَۃٌ: (ص مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) کپڑا بننے کی صفت۔

صَفْقَۃٌ: (ص مفتوح، ف ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) خرید وفروخت میں بیع پر ایک بار ہاتھ پھیرنا۔

صَقَالِبَۃٌ: (ص مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ب مفتوح، ۃ موقوف) ملک صقلاب کے لوگ (آدمی)، صَقلابی کی جمع۔

صَاقُوْرَۃٌ: (ص مفتوح، ا ساکن، ق مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) کاسہ سر کا اندرونی حصہ، مغز، تیسرا آسمان۔

صُقْعَۃٌ: (ص مضموم، ق ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) جانور اور چوپائے کے سر کے بیچ کی سفیدی۔

صَالِحَۃٌ: (ص مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ح مفتوح، ۃ موقوف) نیکی، نیک اعمال، نیک پارسا عورت، دمشق میں ایک پہاڑ کا نام جسے جبل صالحہ کہتے ہیں، شیخ محی الدین بن العربی کی قبر انورو ہیں ہے۔

صَالِحِیَّۃٌ: (ص مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ح مکسور، ی مشدد مفتوح،

ۃ موقوف) بغداد میں ایک محلہ کا نام ہے، بغداد و دمشق اور مصر میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

صَلَابَۃ: (ص مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) سخت ہونا۔

صَلَّایَۃ: (ص مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ پتھر جسے ہاتھ میں لے کر دوا گھسیں، ہر بڑا پتھر جس پر دوا پیسی جائے، سِل۔

صَلَعَۃ: (ص مفتوح، ل مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) گنجا سر جس پر بال نہ اگے۔

صَلٰوۃ: (ص مفتوح، ل مفتوح، ا ممدودہ، ۃ موقوف) دعا، رحمت، بخشش چاہنا، نماز، صَلوات جمع ہے، صَلوات یہودیوں کے عبادت خانہ کو بھی کہتے ہیں، عبرانی زبان میں اس کی اصل صَلوتا ہے۔

صَلَاحِیَّۃ: (ص مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کراہیت کے وزن پر ہے، نیک ہونا، نیکوکار ہونا۔

صَلْت: (ص مفتوح، ل ساکن، ت موقوف) چوڑی پیشانی، ظاہر چیز، برابر، صیقل شدہ تیز تلوار، بڑی چھری، صُلت بھی اسی معنی میں ہے، ضرورت اور کام پورا کرنے والا آدمی۔

صِلْت: (ص مکسور، ل ساکن، ت موقوف) چور۔

صَُلْت: (ص مفتوح/مضموم، ل ساکن، ت موقوف) تلوار سے مارنا، جام میں موجود چیز کو گرانا، گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

صِلَۃ: (ص مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) ملانا، بخشش کرنا، عطیہ دینا، پیوند، یگانگت۔

صَمْت۔ صُمُوت۔ صُمَات: (ص مفتوح، م ساکن، ت موقوف) (ص مضموم، م مضموم، و ساکن، ت موقوف) (ص مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) خاموش رہنا۔

صَمُوت: (ص مفتوح، م مضموم، و ساکن، ت موقوف) بڑی زرہ، تیز تلوار، ایک گھوڑے کا نام ہے۔

صَامِت: (ص مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ت موقوف) خاموش، جما ہوا دودھ، سونا، چاندی، جیسا کہ ناطق چار پایہ، بیس اونٹوں کی مقدار۔

صِمَّۃ: (ص مکسور، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بہادر، سانپ۔

صَنْعَۃ: (ص مفتوح، ن ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) کام کرنا، پیشہ اختیار کرنا، صَنعۃ الفرس گھوڑے کی خدمت کرنا۔

صِنَاعَۃ: (ص مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) پیشہ، کام۔

صَنَّاعَۃ: (ص مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی جو پانی کو روکنے کے لیے نالی میں لگادی جائے۔

صَنِیْعَۃ: (ص مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) نیکی، ہنر۔

صَوْلَۃ: (ص مفتوح، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) حملہ کرنا۔

صُوْرَۃ: (ص مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) جسم، نقش، شہرہ، کسی چیز کا نمونہ۔

صُوْفَۃ: (ص مضموم، و ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) تھوڑا اون، بال، بنی مضر کے ایک قبیلے کا باپ۔

صَوْت: (ص مفتوح، و ساکن، ت موقوف) آواز، آواز دینا۔

صَوْمِعَۃ: (ص مفتوح، و ساکن، م مکسور، ع مفتوح، ۃ موقوف) عیسائیوں کا کلیسا جس کا بالائی حصہ پتلا اور لمبا ہوتا ہے، عقاب، لمبی ٹوپی، عمارت کو بلند اور پتلی کرنا۔

صِیَانَۃ: (ص مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) حفاظت کرنا۔

صَیْرُوْرَۃ: (ص مفتوح، ی ساکن، ر مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، پھرنا۔

صِیْصِیَۃ: (ص مکسور، ی ساکن، ص مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) مرغ کے پنجے کی نوک، قلعہ، محل، مجازاً بدن کو بھی کہتے ہیں، جس کی پناہ لی جائے، بیل اور ہرن کا سینگ، بنکروں کا ایک آلہ جس سے تانہ بانہ درست کرتے ہیں اسے شَوْکَۃُ الحَائِک بھی کہتے ہیں، وہ چرواہا جو چوپایوں کی خوب خدمت کرے۔

صَیْدَلَۃ: (ص مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) خوشبو بیچنا۔

صَیَادِلَۃ: (ص مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) خوشبو (عطر) بیچنے والے، صَیدلانی کی جمع ہے۔

صِیاغَۃ: (ص مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) سناری، سونے کا زیور بنانا۔

صِیغَۃ: (ص مکسور، ی ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) سونے چاندی کو سانچے میں ڈھالنے کی ایک قسم، وہ کلمہ جو متصرف ہو جامد نہ ہو، یہ دراصل صَوْغَۃ تھا، صَوْغ سے ماخوذ ہے، خلقت، طریقت، اصل۔

صَیت: (ص مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) شہرت، ذکر خیر۔

صَیحَۃ: (ص مفتوح، ی ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) آواز، عذاب۔

﴿فصل الصاد مع الجیم﴾

صَجّ: (ص مفتوح، ج مشدد موقوف) لوہے پر لوہا مارنے کی آواز۔

صَارُوْج: (ص مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، و ساکن، ج موقوف) راکھ وغیرہ میں ملایا ہوا چونا، چارد کا معرب ہے۔

صَلْج: (ص مفتوح، ل ساکن، ج موقوف) پگھلانا، مارنا۔

صَلَج: (ص مفتوح، ل مفتوح، ج موقوف) بہرا ہونا۔

صُلُج: (ص مضموم، ل مضموم، ج موقوف) کھرے اور خالص درہم۔

صُلَّج: (ص مضموم، ل مشدد مفتوح، ج موقوف) عطاروں کی ڈبیا، ریشم کے کپڑوں کا ڈبا، سَلَہْ کا معرب ہے (م)

صَمَج: (ص مفتوح، م مفتوح، ج موقوف) لالٹین، چراغ دان، فانوس، صَمَجَہ واحد ہے، یہ لفظ روی ہے۔

صَنْج: (ص مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) دھات یا پیتل کے دو طبق جو ایک دوسرے پر ماریں (بجائیں)، مشہور باجا، چنگ کا معرب ہے، صَنْجَۃُ المِیْزَان ترازو کا باٹ۔

صَنَج: (ص مفتوح، ن مفتوح، ج موقوف) کالی لکڑی سے بنائے گئے پیالے۔

صِہْرِیج: (ص مکسور، ہ ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ج موقوف) حوض جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔

﴿فصل الصاد مع الحاء﴾

صُبْح: (ص مضموم، ب ساکن، ح موقوف) صبح، تڑکا، سویرا، دن کا ابتدائی حصہ، اُمُّ الصُّبح مکہ مکرمہ۔

صَبَح: (ص مفتوح، ب مفتوح، ح موقوف) لوہے کی چمک۔

صُبُوْح: (ص مضموم، ب مضموم، و ساکن، ح موقوف) صبح کی شراب۔

صَبَاح: (ص مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) صبح کو جانا، صبح، عمدہ، خوبصورت۔

صَبَّاح: (ص مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) حسن والا حسین، خوبرو، قندیل کا شعلہ، ایک آدمی کا نام۔

صَبِیْح: (ص مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ح موقوف) حسین و جمیل، خوب رو۔

صَحِیْح: (ص مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ح موقوف) تندرست، عیب سے پاک، مشکل راستہ، درست، ٹھیک۔

صَحَاح: (ص مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) تندرست ہونا، عیب سے پاک ہونا، تندرست، عیب سے پاک، صحیح کا مرادف۔

صِحَاح: (ص مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) تندرست لوگ، صَحِیح کی جمع ہے، صحاح، عربی میں لغت کی کتاب ہے، بعض فتحہ کے ساتھ اور بعض کسرہ کے ساتھ بولتے ہیں لیکن فتحہ کے ساتھ زیادہ صحیح ہے۔

صُحْصُوْح۔ صُحْصُح: (ص مضموم، ح ساکن، ص مضموم، و ساکن، ح موقوف) (ص مضموم، ح ساکن، ص مضموم، ح موقوف) وہ شخص جو مسائل کی باریکیوں کو تلاش کرتا ہے اور اسے معلوم کرتا ہے اور اس کو محفوظ کرتا ہے، باریک بیں مرد (م)۔

صَحَاصِح: (ص مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ح موقوف) ترہات و ترہات صَحَاصِح، باطل۔

صَحْصَاح۔ صَحْصَح: (ص مفتوح، ح ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) (ص مفتوح، ح ساکن، ص مفتوح، ح موقوف)

ہموار زمین، کشادہ زمین، برابر زمین۔
صَدْح: (ص مفتوح، د ساکن، ح موقوف) بلندی، مرغ کا آواز بلند کرنا، سریلی آواز بلند کرنا، کوے اور مرغ کا آواز دینا۔
صَدَح: (ص مفتوح، د مفتوح، ح موقوف) علم، خالی جگہ، ریت کا چھوٹا ٹیلا، چھوٹا، پتھریلا ٹیلا، عناب سے زیادہ ایک سرخ میوہ، کشادہ، چوڑا، کالی چیز۔
صَرْح: (ص مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) محل، ہر بلند مکان، بخت نصر کے محل کا نام جو بابل (شہر) کے قریب ہے، کسی چیز کو ظاہر کرنا، خالص سرمہ۔
صَرَح: (ص مفتوح، ر مفتوح، ح موقوف) ہر خالص چیز، مکھن نکالا ہوا دودھ، شریف مرد جس کا نسب دوسرے کے ساتھ خلط ملط نہ ہوا ہو۔
صُرَاح: (ص مفتوح رمضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) خالص، کھرا۔
صِرَاح: (ص مکسور رمضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) آمنے سامنے ہونا۔
صُرَاح: (ص مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) آمنے سامنے ہونا، وہ شراب جس میں پانی نہ ملا ہو۔
صَفْح: (ص مفتوح، ف ساکن، ح موقوف) ہر چیز کا کنارہ، آدمی کا پہلو، پہاڑ کا دامن، چہرے کی چوڑائی، تلوار کی چوڑائی، ضمہ کے ساتھ بھی اسی معنی میں آتا ہے، صِفاح کسرہ کے ساتھ جمع ہے، قبیلۂ بنی کلب کے ایک آدمی کا نام ہے، گناہ سے درگزر کرنا، چہرا پھیرنا، سائل کو واپس کرنا، لوٹانا، اونٹ کو حوض پر لے جا کر پانی پلانا، شراب اور پانی پلانا، کسی چیز کو پھسلانا، مصحف اور کتاب کا ورق دیکھنا، کسی کام میں نظر کرنا، کسی چیز کو چھوڑنا۔
صَفَائِح: (ص مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ح موقوف) دروازے کے کواڑ، چوڑی تلواریں، کشادہ اور تنگ پتھر، بڑے کوہان والے اونٹ۔
صِفَاح: (ص مکسور، ف مفتوح ا ساکن، ح موقوف) صَفْح کی جمع۔
صُفَّح: (ص مضموم، ف مشدد مفتوح، ح موقوف) چوڑا پتھر۔

صَفُوح: (ص مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ح موقوف) بزرگ، معاف کرنے والا، چھوڑنے والی عورت، شوہر سے چہرا پھیرنے والی عورت، صَفُوح اونٹنی کا دودھ کم کرنا۔
صَفِیح: (ص مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ح موقوف) آسمان، ہر چیز کی کشادگی اور چوڑائی۔
صُلُوح: (ص مضموم، ل مضموم، و ساکن، ح موقوف) نیک ہونا۔
صَلَاح: (ص مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) نیکی، فساد کی ضد ہے، مکہ مکرمہ کا نام ہے۔
صِلَاح: (ص مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) آپس میں صلح کرنا، مُصَالحہ اسی معنی میں ہے۔
صُلْح: (ص مضموم، ل ساکن، ح موقوف) میل جول، صُلح۔
صِلْح: (ص مکسور، ل ساکن، ح موقوف) نیک آدمی، ایک شہر کا نام۔
صَمْح: (ص مفتوح، م ساکن، ح موقوف) گرمی کا دماغ کو پگھلا دینا، کوڑا مارنا۔
صُمَاح: (ص مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بدبو، پسینہ، بغل کی بدبو، داغ۔
صَوْح: (ص مفتوح، و ساکن، ح موقوف) پھاڑنا، نہر کی دیوار، پہاڑ کا نچلا حصہ جو دیوار کی طرح سیدھا ہو۔
صُوَاح: (ص مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) گھوڑے کی بری عادت، وہ دودھ جس میں پانی زیادہ ہو، کھجور کا شگوفہ، بلند زمین، اونچی زمین۔
صَیْح: (ص مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) آواز بلند کرنا۔
صِیَاح: (ص مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بلند آواز۔
صُیَاح: (ص مکسور، مضموم، ی مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) سخت آواز کرنا، چیخنا۔
صَیَّاح: (ص مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) خوشبو، شہد، ایک آدمی کا نام۔

﴿فصل الصاد مع الخاء﴾

صَخّ: (ص مفتوح، خ مشدد موقوف) سخت آواز کا کان کو بہرا کر دینا، سخت چیز کو ٹھوس چیز پر مارنا، پتھر کی آواز، صَخیخ بھی اسی معنی میں ہے۔

صُرَاخ: (ص مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) تیز آواز۔

صَرَّاخ: (ص مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) مور، طاؤس۔

صَرِیْخ۔صَارِخ: (ص مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، خ موقوف) (ص مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، خ موقوف) فریاد سننے والا، فریادی، صارخ مرغا کے معنی میں ہے، صَرِیْخ آواز کے معنی میں آیا ہے۔

صَلَخ: (ص مفتوح، ل مفتوح، خ موقوف) اس طرح بہرا ہونا کہ کچھ سنائی نہ دے، سخت بہرا ہونا۔

صَلُوْخ: (ص مفتوح، ل مضموم، و ساکن، خ موقوف) سختی، ہلاک کرنے والی مصیبت۔

صِمَاخ: (ص مکسور، م مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) کان، کان کا سوراخ، تھوڑا پانی، سماخ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

صُمَاخ: (ص مضموم، م مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) ایک چشمے کا نام۔

صَمْخ: (ص مفتوح، م ساکن، خ موقوف) کان کے سوراخ میں کوئی چیز ڈالنا، کسی کے چہرے پر سخت دھوپ لگنا، کسی کی آنکھ پر تھپڑ مارنا۔

صِمْخ: (ص مکسور، م ساکن، خ موقوف) خشک چیز جو بکریوں کے تھن کے سوراخ میں بچہ جننے کے وقت ہوتی ہے کہ اس کے نکل جانے کے بعد دودھ اچھی طرح آنے لگتا ہے۔

﴿فصل الصاد مع الدال﴾

صَاد: (ص مفتوح، ا ساکن، د موقوف) تانبا، پیتل یا اس کی خاص قسم، اونٹ کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک رگ جس کی وجہ سے بیماری لاحق ہوتی ہے جس میں ہمیشہ اس کی ناک بہتی رہتی ہے، حرف تہجی ''ص''۔

صَخْد: (ص مفتوح، خ ساکن، د موقوف) دھوپ کا کسی چیز کو جلا دینا، چھوٹے پرندے کا آواز کرنا، چھچھوندر کا بولنا۔

صَخَدْ: (ص مفتوح، خ مفتوح، د موقوف) آگ کا سخت گرم ہونا۔

صُخُوْد: (ص مضموم، خ مضموم، و ساکن، د موقوف) سننا، کسی چیز پر کان لگانا۔

صَخُوْد: (ص مفتوح، خ مضموم، و ساکن، د موقوف) پتھر وغیرہ کی سختی۔

صَدّ: (ص مفتوح، د مشدد موقوف) باز رکھنا، واپس لوٹانا۔

صُدُوْد: (ص مضموم، د مضموم، و ساکن، د موقوف) چہرا پھیرنا۔

صَدُوْد: (ص مفتوح، د مضموم، و ساکن، د موقوف) بہت گردش دینے والا، زیادہ ملنے والی چیز، آنکھ میں ڈالنے والی چیز۔

صَدَدْ: (ص مفتوح، د مفتوح، د موقوف) کسی چیز کی نزدیکی، کسی چیز کا سامنا۔

صَدِیْد: (ص مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) کھولایا ہوا گرم اور گاڑھا پانی، زخم کا پیپ۔

صِدَاد: (ص مکسور، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) پردے جس سے عورت کو چھپائیں۔

صُدَّاد: (ص مضموم، د مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) سانپ یا چھپکلی، ایک جانور، پانی کی طرف جانے والا راستہ۔

صَرْد: (ص مفتوح، ر ساکن، د موقوف) سادہ، خالص، سَرْد کا معرب ہے، پہاڑ کی اونچی جگہ، وہ کھیل جس سے نیزے کی انی کو تیر میں پیوست کریں، بڑا لشکر، صَرَد بھی اس معنی میں آیا ہے۔

صَرَدْ: (ص مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) ٹھنڈک، سردی، گھوڑے کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔

صُرَدْ: (ص مضموم، ر مفتوح، د موقوف) بڑے سر والا پرندہ جو چھوٹی چڑیوں کا شکار کرتا ہے، زخم اچھا ہونے کے بعد گھوڑے کی پیٹھ کی سفیدی۔

صُرَّاد: (ص مضموم، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) نہ برسنے والا ہلکا بادل۔

صُعُوْد: (ص مضموم، ع مضموم، و ساکن، د موقوف) بلندی، ہبُوط کی ضد ہے، دشوار گزار گھاٹی، دوزخ میں ایک پہاڑ، وہ اونٹنی جو ناقص (ناتمام) بچہ جنے۔

صَعِید : (ص مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، د موقوف) مٹی، روئے زمین، صُعُدات جمع ہے، پہاڑی راستہ، مصر میں ایک شہر جس کی دوری پندرہ روز کی مسافت ہے، وادی القریٰ کے قریب ایک جگہ ہے جس میں پیغمبر علیہ السلام کی مسجد ہے۔

صُعْد : (ص مضموم، ع ساکن، د موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

صَعَدْ : (ص مفتوح، ع مفتوح، د موقوف) سخت عذاب۔

صَعِدْ : (ص مفتوح، ع مکسور، د موقوف) بلند ہونے والا، صَاعِدْ بھی اسی معنی میں ہے۔

صُغْد : (ص مضموم، غ ساکن، د موقوف) سمرقند میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں کے باغات بڑے دلکش ہیں اور ان کو چار جنتوں میں سے ایک جنت قرار دیا گیا ہے۔ بخارا میں ایک جگہ کا نام ہے۔

صَفْد : (ص مفتوح، ف ساکن، د موقوف) بند کرنا، مضبوط باندھنا۔

صَفَدْ : (ص مفتوح، ف مفتوح، د موقوف) بخشش، نصیحت، شام میں ایک شہر کا نام جہاں کے صلاح الدین صفدی تھے۔

صِفَاد : (ص مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، د موقوف) رسی، ہتھکڑی جس سے قیدیوں کو باندھا جائے۔

صِلْد : (ص مکسور، ل ساکن، د موقوف) سخت اور ہموار پتھر وغیرہ، وہ گھوڑا جسے پسینہ نہ آئے، دوڑنے میں گھوڑے کا دونوں پیروں کا زمین پر مارنا، پہاڑ پر چڑھنا، دانت پینے کے وقت دانتوں کا آواز کرنا۔

صُلُوْد : (ص مضموم، ل مضموم، و ساکن، د موقوف) بغیر آگ نکلے چقماق کا آواز کرنا۔

صَلُوْد : (ص مفتوح، ل مضموم، و ساکن، د موقوف) سخت، برابر، وہ گھوڑا جسے پسینہ نہ ہو، وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے، کم دودھ والی اونٹنی، وہ آدمی جو ڈر سے پہاڑ پر چلا جائے۔

صَمْد : (ص مفتوح، م ساکن، د موقوف) ارادہ کرنا، شیشی کا منہ بند کرنا، ڈاٹ لگانا، مارنا، اونچی سخت جگہ، چہرے پر دھوپ سے جھلنے کا اثر،

صَمَدْ : (ص مفتوح، م مفتوح، د موقوف) سردار جس کے بغیر مہمات اور امور پورے نہ ہوں، بے نیاز، بلند، دائم، مُصَمَّت ٹھوس، وہ شخص جو جنگ میں بھوکا پیاسا نہ ہو، وہ گروہ جو کوئی پیشہ نہ رکھتا ہو اور نہ ان کے پاس مال ہو کہ جس پر گزر بسر کریں۔

صِمَاد : (ص مکسور، م مفتوح، ا ساکن، د موقوف) شیشی کی ڈاٹ، ڈھکن، جلاد، مارنے والا، خرقہ، وہ رومال جو پگڑی کے نیچے لپیٹیں، ایک دوسرے کو کوڑا مارنا، تلوار چلانا۔

صِنْدِید : (ص مکسور، ن ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) بہادر سردار، بڑے قطروں والی بارش، بھاری، شریف جوان، صِنْدْ بھی اسی معنی میں آیا ہے، ہوا، غالب آنے والی سخت ٹھنڈک۔

صَنَادِید :(ص مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) سختیاں، بلائیں، سردار، لشکر کا گروہ۔

صَہْد : (ص مفتوح، ہ ساکن، د موقوف) آفتاب کی تپش کا جلانا۔

صَہُوْد : (ص مفتوح، ہ مضموم، و ساکن، د موقوف) صحت مند، بلند قامت۔

صَیْد : (ص مفتوح، ی ساکن، د موقوف) شکار، شکار کرنا۔

صِیَد : (ص مفتوح، مکسور، ی ساکن، مفتوح، د موقوف) ایک قسم کی بیماری جو اونٹ کو ہوتی ہے۔

صَیَدْ : (ص مفتوح، ی مفتوح، د موقوف) غرور سے سر بلند رکھنا۔

صَیُود : (ص مفتوح، ی مضموم، و ساکن، د موقوف) شکار کرنے والا، شکاری۔

صَیُّود : (ص مفتوح، ی مشدد مضموم، و ساکن، د موقوف) سیدھا چلنے والا تیر۔

﴿فصل الصاد مع الراء﴾

صَبْر : (ص مفتوح، ب ساکن، ر موقوف) صبر کرنا، کسی کو اسیر کرنا اور اسے کچھ نہ دینا تاکہ مر جائے، قسم کھلانے کے لیے قید کرنا۔

صُبْر : (ص مکسور، مضموم، ب ساکن، ر موقوف) کنارہ، طرف، کسی چیز کا کنارہ، سفید بادل۔

صُبْر : (ص مضموم، ب ساکن، ر موقوف) ختستان کا ایک قبیلہ۔

صُبُرْ : (ص مضموم، ب مضموم، ساکن، ر موقوف) پتھریلی زمین۔

صَبَرْ : (ص مفتوح، ب مفتوح، ر موقوف) اونٹ۔

صَبِرْ: (ص مفتوح، ب مکسور، رموقوف) ایک کڑوے درخت کا گوندھ، صَبِر بسکون باجائز نہیں مگر ضرورت شعری کی وجہ سے، شہر تعز کا اونچا پہاڑ۔

صَبِیْر: (ص مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، رموقوف) کفیل، ضامن جس کو فارسی میں پذرفتار کہتے ہیں، قوم کا سردار، پہاڑ، نہ برسنے والا سفید منتشر بادل۔

صِبَار: (ص مکسور، ب مفتوح، اساکن، رموقوف) سچائی، باہم صبر کرنا، درخت کا کھٹا پھل۔

صُبَّار: (ص مضموم، ب مشدد مفتوح، اساکن، رموقوف) املی۔

صَبُوْر: (ص مفتوح، ب مضموم، و ساکن، رموقوف) وہ بردبار شخص جو سزا دینے میں عجلت نہ کرے، صابر، خدائے تعالیٰ کا نام، صبر کرنے والا۔

صَحْر: (ص مفتوح، ح ساکن، رموقوف) پکنا، آفتاب کی گرمی کا دماغ میں پہنچنا۔

صُحْر: (ص مضموم، ح ساکن، رموقوف) ایک عورت کا نام جس کو احسان کے بدلے سزا دی گئی۔

صَخْر: (ص مفتوح، خ ساکن، رموقوف) بڑا پتھر، صُخُور جمع ہے، صَخْرَۃ واحد ہے، خنسا شاعرہ کے بھائی کا نام۔

صَدْر: (ص مفتوح، د ساکن، رموقوف) سینہ، اول، ہر چیز کا اوپری حصہ، جو چیز کسی کے روبرو ہو، تیر کی نوکیلی سمت، اوپر بیٹھنے والا، خیمے کا سائبان، ہر چیز کا گروہ، واپس لوٹنا۔

صَدَرْ: (ص مفتوح، د مفتوح، رموقوف) پانی سے واپس لوٹنا، حج سے لوٹنا، قربانی کا چوتھا دن، حاجیوں کی وہ جماعت جو حج سے واپس آئے۔

صِدَار: (ص مکسور، د مفتوح، اساکن، رموقوف) چھوٹا کرتا، نشان کے لیے اونٹ کے سینے پر لگایا ہوا داغ، اونٹ کی نواڑ جس سے کجاوہ باندھتے ہیں۔

صُدَار: (ص مضموم، د مفتوح، اساکن، رموقوف) مدینے کے قریب ایک بستی کا نام ہے۔

صَادِرْ: (ص مفتوح، اساکن، د مکسور، رموقوف) واپس لوٹنے والا، پانی سے لوٹنے والا۔

صِرّ: (ص مکسور، ر مشدد موقوف) ٹھنڈی، سرما کی ٹھنڈ، تیز آواز والی ہوا، سخت ٹھنڈی ہوا، بڑا، صَرّ بھی اسی معنی میں ہے۔

صُرّ: (ص مضموم، ر مشدد موقوف) گھاس پر پالا پڑنا، تھیلی، بڑا۔

صَرّ: (ص مفتوح، ر مشدد موقوف) جھولی کا منہ باندھنا، آواز کرنا، اونٹنی کے تھن کو باندھنا، گھوڑے اور گدھے کا کان کھڑا کرنا۔

صَرِیْر: (ص مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، رموقوف) گھنٹے کی آواز، قلم کی آواز، ہنڈی کی آواز۔

صِرَار: (ص مکسور، ر مفتوح، اساکن، رموقوف) وہ دھاگہ جس سے اونٹنی کے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے، ایک پہاڑ کا نام ہے، مدینے میں ایک جگہ کا نام، بلند جگہ۔

صَرَار: (ص مفتوح، ر مفتوح، اساکن، رموقوف) حجاز میں ایک وادی کا نام۔

صَرْصَرْ: (ص مفتوح، ر ساکن، ص مفتوح، رموقوف) سخت ہوا، ایک جانور کا نام، عظیم اونٹ، بڑے اونٹ۔

صَعَرْ: (ص مفتوح، ع مفتوح، رموقوف) غرور کی وجہ سے چہرے کو ٹیڑھا کرنا، چہرے کا ٹیڑھا ہونا یا ایک ہونٹ کا ٹیڑھا ہونا، ایک قسم کی بیماری جو اونٹ کی گردن کو ٹیڑھا کر دیتی ہے، چھوٹی ناف، بیوی کھانا۔

صُعْرُوْر: (ص مضموم، ع ساکن، ر مضموم، و ساکن، رموقوف) کیریلا کی گولی، پتلی گوندھ کی گولی۔

صَعْتَر: (ص مفتوح، ع ساکن، ت مفتوح، رموقوف) ایک گھاس کا نام فارسی میں آویش کہتے ہیں۔

صَغْر: (ص مفتوح، غ ساکن، رموقوف) چھوٹے۔

صُغْر: (ص مضموم، غ ساکن، رموقوف) ظلم، ذلت۔

صَغَرْ: (ص مفتوح، غ مفتوح، رموقوف) ذلیل ہونا۔

صِغَرْ: (ص مکسور، غ مفتوح، رموقوف) چھوٹا، کبر کے برخلاف۔

صَغِیر: (ص مفتوح، غ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) چھوٹا۔

صِغَار: (ص مکسور، غ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) چھوٹے۔

صُغَار: (ص مضموم، غ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) چھوٹا۔

صَغَار: (ص مفتوح، غ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ذلت، ظلم۔

صَاغِرْ: (ص مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ر موقوف) ذلیل، وہ شخص جو ذلت اور ظلم پر راضی ہو۔

صُفْر: (ص مضموم، ف ساکن، ر موقوف) چہرا، خالی چیزیں، زرد چیزیں، اَصْفَر کی جمع ہے۔

صِفْر: (ص مکسور، ف ساکن، ر موقوف) خالی، چھوٹا دائرہ جس کو ریاضی داں کسی عدد کو حفظ کرنے کے لیے لکھتے ہیں، صِفْر، صَفْر، صُفْر بھی کہتے ہیں، تینوں حرکتوں کے ساتھ۔

صَفَرْ: (ص مفتوح، ف مفتوح، ر موقوف) خالی ہونا، محرم کے بعد والا مہینہ، پیٹ کی بیماری جس میں چہرا پیلا ہو جاتا ہے، ماہِ محرم سے ماہِ صفر تک بچت کرنا، شکم کا کیڑا جو پہلو کی ہڈیوں میں چپکا رہتا ہے اور کاٹا رہتا ہے یا لمبا کیڑا ہے جو شکم میں رہتا ہے، بھوک عقل، اعتقاد۔

صَفِیر: (ص مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ر موقوف) پرندے کی آواز، مرغ وغیرہ کا آواز کرنا۔

صَافِرْ: (ص مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ر موقوف) وہ پرندہ جو شکار نہ کرے، تنہا۔

صَفَار: (ص مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) سوکھی گھاس۔

صُفَار: (ص مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پرندے کی آواز، پیٹ کا کیڑا، پیلا پانی جو پیٹ میں جمع ہو، بعض لوگوں نے صُفّار کہا ہے۔

صَفّار: (ص مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) لیث صفار ایک بادشاہ کا نام ہے جو ابتدا میں ٹھٹھیرا تھا، فصل خریف کی بارش، فصل خریف کا ایک پودا۔

صِفَار: (ص مکسور مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) خارجیوں کا ایک گروہ جو عبداللہ بن صفار کی طرف منسوب ہے۔

صَقْر: (ص مفتوح، ق ساکن، ر موقوف) شکرہ، ہر شکاری پرندہ باز اور شاہین، کھٹا دودھ، تر کھجور یا خشک انگور کا شیرہ، کلہاڑی سے لکڑی اور پتھر کاٹنا، بڑی کلہاڑی، آفتاب کا گرمی پہنچانا۔

صَقَرْ: (ص مفتوح، ق مفتوح، ر موقوف) حوض کا وہ پانی جس میں کتے اور بلیاں پیشاب کریں۔

صَقِرْ: (ص مفتوح، ق مکسور، ر موقوف) وہ کھجور جس سے شیرہ بنائیں۔

صُقَّرْ: (ص مضموم، ق مشدد مفتوح، ر موقوف) بے غیرت، بے شرم، بھڑوا۔

صَقّار: (ص مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) نکتہ چینی کرنے والا، بہت لعنت کرنے والا، انگور اور چھوہارے کا رس بیچنے والا، کافر۔

صُمْر: (ص مضموم، م ساکن، ر موقوف) پانی سے بھرا ہوا برتن۔

صِمْر: (ص مکسور، م ساکن، ر موقوف) پانی جمع ہونے کی جگہ، گڑھا۔

صَمْر: (ص مفتوح، م ساکن، ر موقوف) کنجوسی کرنا، منع کرنا، روکنا، صُمُور بھی اسی معنی میں ہے، اوپر سے نیچے کی طرف پانی کا بہنا، گندگی، تازہ مشک کی بدبو، گوشت کی مہک۔

صِنّار: (ص مکسور، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) چنار کا معرب ہے، صِنار زیادہ فصیح ہے، تکلے کا سرا۔

صُوْر: (ص مضموم، و ساکن، ر موقوف) نرسنگھا (جانور کی سینگ جسے بجاتے ہیں) صُورَۃ کی جمع ہے، وہ چیز جس کو اسرافیل علیہ السلام محشر کے دن پھونکیں گے، ایک مرتبہ کل مخلوق کے مار ڈالنے کے لیے اور دوسری بار مخلوق کو زندہ کرنے کے لیے اور ان دونوں نفخوں (پھونکوں) کے بیچ چالیس برس کا فاصلہ ہوگا، دریائے شام کے نزدیک ایک شہر کا نام جو علم ہندسہ کے بانی اقلیدس کی جائے پیدائش ہے۔

صَوْر: (ص مفتوح، و ساکن، ر موقوف) کھجور کا درخت، جمع کیا ہوا، پاروین کے نزدیک ایک قلعے کا نام ہے، نہر کا کنارہ، کھجور کی جڑ، ٹیڑھا کرنا، کسی چیز کو کسی جہت میں موڑنا، پھیرنا، کاٹنا، جدا کرنا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد فَصُرْهُنَّ اِلَیْکَ تو ان کو اپنے ساتھ ملالے۔

صَوَرْ: (ص مفتوح، و مفتوح، ر موقوف) کجی۔

صِوَار: (ص مکسور/مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گائے کی چربی، صِیَران جمع ہے، خوشبو، تھوڑا مشک۔

صِہر: (ص مکسور، ہ ساکن، ر موقوف) خسر (سُسر)، شوہر کے قرابت دار، داماد، بہنوئی، اصہار عورت کے گھر والے، شوہر کے گھر والے۔

صَہر: (ص مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) گرم چیز پگھلانا، آفتاب کا کسی کے دماغ کو کھولا دینا، چربی اور مغز کو سر پر ملنا۔

صَیر: (ص مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) پھرنا، گھمانا، کج کرنا، صَیرُورَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

صِیر: (ص مکسور، ی ساکن، ر موقوف) انتہا، کنارہ، بازگشت، ایک کھانا جو مچھلی سے بناتے ہیں جسے صحنا بھی کہتے ہیں، دروازے کی چٹخن۔

صِیَرْ: (ص مکسور، ی مفتوح، ر موقوف) بکریوں اور گایوں کے ریوڑ، صِیرَۃ کی جمع ہے۔

فصل الصاد مع الصاد

صِیص: (ص مکسور، ی ساکن، ص موقوف) وہ کھجور جس کا دانہ سخت نہ ہو، حنظل کا بے مغز دانہ۔

فصل الصاد مع الطاء

صِرَاط: (ص مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) راستہ، سِرَاط و زِرَاط بھی اسی معنی میں ہیں، جہنم کے اوپر ایک پل اور اس کی صفت حدیث میں بیان ہوئی ہے کہ وہ بال سے باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔

صُرَاط: (ص مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) لمبی تلوار۔

فصل الصاد مع العین

صَاع: (ص مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پست زمین، چوگان اور وہ جگہ جسے جھاڑیں اور وہاں کھیلیں، شتر مرغ کو زمین پر پچھاڑنے کے وقت جس جگہ اس کا سینہ لگے، ایک مشہور پیمانہ ہے وہ چار مد کے برابر ہے اور ہر مد انسان کی دو مشت کے برابر ہوتا ہے جب مستوی الخلقت انسان ہاتھ کو پھیلائے رکھے۔

صَبْع: (ص مفتوح، ب ساکن، ع موقوف) انگلی سے اشارہ کرنا، کسی کو کسی کی طرف انگلی کے اشارے سے رہنمائی کرنا، پیالے کے کنارے پر انگلی رکھنا اور دوسری طرف سے اس میں پانی ڈالنا۔

صَتَع: (ص مفتوح، ت مفتوح، ع موقوف) گردش، سختی، مضبوط سر والا شتر مرغ۔

صَدْع: (ص مفتوح، د ساکن، ع موقوف) کسی چیز کو اس طرح پھاڑنا کہ دو ٹکڑے ہو جائے یا پھٹ جائے اور جدا ہو جائے، کسی کی طرف اس کے کرم کی امید لے کر جانا، کام کو اپنے موقع پر پہنچانا، بات کو کاٹنا، کسی چیز کو ظاہر کرنا، سچی بات اعلانیہ کہنا، کسی چیز میں جدائی، سخت چیز میں سوراخ، ہلکا پھلکا آدمی، صَدَع بھی اسی معنی میں ہے، گھاس۔

صِدْع: (ص مکسور، د ساکن، ع موقوف) لوگوں کی جماعت، کسی چیز کا ٹکڑا۔

صَدَع: (ص مفتوح، د مفتوح، ع موقوف) جوان اور قوی ہرن، پہاڑی بکری، شتر (اونٹ) وغیرہ، صَدْع بھی اسی معنی میں آیا ہے، کنارہ، درازی، کوتاہی، جوانی، پیری، دوسری چیز، لوہے کا مورچہ۔

صُدَاع: (ص مضموم، د مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) سر کا درد۔

صُدُوْع: (ص مضموم، د مضموم، و ساکن، ع موقوف) مائل کرنا، مائل ہونا، کسی چیز سے پھرنا، بکریوں کا دو گروہ کرنا۔

صَدِیع: (ص مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ع موقوف) صبح، پرانے کپڑے میں نیا پیوند، اونٹوں کا ریوڑ، بکریوں کا گلہ۔

صَرْع: (ص مفتوح، ر ساکن، ع موقوف) زمین پر سر رکھنا، صِرْع بھی اسی معنی میں ہے، شعر کے دو مصرعے، گھر کے دو حصے کرنا، مشہور بیماری (مرگی)، قسم، رنگ، شکل، رسی کی لکڑی، یہ دونوں معانی صِرْع کے ساتھ آیا ہے۔

صِرَاع: (ص مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کشتی لڑنا، مُصَارَعَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

صَرِيْع: (ص مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ع موقوف) وہ پہلوان جو اپنے ہم عصروں کو پچھاڑ دے، گرا دے، کوڑا، نہ تراشی ہوئی کمان، درخت پر سوکھی ہوئی لکڑی۔

صَعْصَع: (ص مفتوح، ع ساکن، ص مفتوح، ع موقوف) متفرق، منتشر، پراگندہ۔

صَفْع: (ص مفتوح، ف ساکن، ع موقوف) تھپڑ مارنا، کسی کو پیٹھ پر گھونسا مارنا،

صَقْع: (ص مفتوح، ق ساکن، ع موقوف) تھپڑ مارنا یا کسی کے سر پر مارنا، مرغ کا آواز کرنا، رونا، زمین پر پٹکنا، جانا، راستے سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستے سے ہٹ جانا، صَقَع بھی اسی معنی میں آیا ہے، زمین پر شبنم کا گرنا، بے ہوش کرنا۔

صُقْع: (ص مضموم، ق ساکن، ع موقوف) کنارہ، زمین کا گوشہ، جانب۔

صَقَع: (ص مفتوح، ق مفتوح، ع موقوف) کنواں گر جانا، کنویں کی منڈیر کا گرنا، بے ہوش ہونا، گھوڑے اور پرندے کے سر کے درمیان سفید بال، وہ غم جو جان کو لاحق ہو، رنج، اضطراب، گرمی کی شدت کو ملامت کرنا۔

صَقِيْع: (ص مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ع موقوف) وہ شبنم جو مہینے کی اندھیری راتوں میں برف کے مانند زمین پر گرے، ایک قسم کی بھڑ۔

صِقَاع: (ص مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کپڑے کا وہ ٹکڑا جو اوڑھنی کے اوپر باندھتے ہیں تا کہ اوڑھنی گندی نہ ہو، برقع، وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھتے ہیں، اونٹ کی گدی کا داغ، وہ لوہا جو لگام کے توبرے کی جگہ باندھتے ہیں۔

صَلَع: (ص مفتوح، ل مفتوح، ع موقوف) سر کے آگے کا بال جھڑنا، سر کے اگلے حصے کا بال جھڑنا۔

صُلَّع: (ص مضموم، ل مشدد مفتوح، ع موقوف) وہ زمین جہاں گھاس نہ اگے، بڑے چوڑے پتھر، صُلَّاعٌ بھی اسی معنی میں ہے، ان دونوں کی واحد صُلَّاعَۃٌ ہے۔

صَمْع: (ص مفتوح، م ساکن، ع موقوف) لاٹھی سے مارنا، کسی گروہ پر گرنا، گفتگو میں لوگوں کو عاجز کرنا، صَمْعُ الْکُعُوْب وہ کتے جن کا ٹخنہ چھوٹا ہو۔

صِمْع: (ص مکسور، م ساکن، ع موقوف) چھوٹے کان، چھوٹے کانوں والے۔

صَمَع: (ص مفتوح، م مفتوح، ع موقوف) بات میں غلطی کرنا، کسی چیز پر بے پرواہ سوار ہونا۔

صُنْع: (ص مضموم، ن ساکن، ع موقوف) کسی کے ساتھ بھلائی کرنا، برائی کرنا، احسان، اللہ تعالیٰ کی تخلیق۔

صَنْع: (ص مفتوح، ن ساکن، ع موقوف) ایک قسم کا کیڑا یا پرندہ۔

صِنْع: (ص مکسور، ن ساکن، ع موقوف) بنی ہوئی چیز، سنج، جو چیز دستر خوان وغیرہ کے لیے بنائی جائے، درزی، بریانی، کپڑا، دستار، پانی اور بارش کے جمع ہونے کی جگہ، ایک گاؤں (مقام) کا نام۔

صَنِيْع: (ص مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ع موقوف) اچھا تربیت کیا ہوا گھوڑا، ضامن بنایا گیا، ضمانت رکھا گیا، صیقل کی ہوئی تلوار، تیز کی ہوئی تلوار، دیہات، احسان، کام، مخلوق خدا، ماہر کاریگر۔

صَنَيْع: (ص مفتوح رمکسور، ن مفتوح رمکسور، ی ساکن، ع موقوف) صَنِيْعُ الْيَدَيْن و صَنَاعُ الْيَدَيْن ماہر کاریگر، اپنا پیشہ۔

صَانِع: (ص مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ع موقوف) پیشہ ور، کاریگر، صُنَّاع جمع ہے۔

صَوْع: (ص مفتوح، و ساکن، ع موقوف) پراگندہ، جدا کرنا، صاع سے ناپنا، ڈرانا، ایک پیمانہ ہے جسے صِوَاع کہتے ہیں، صُوْع بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

صِوَاع: (ص مکسور رمضموم، و مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) شراب پینے کا بڑا پیالہ، مشہور پیمانہ جس کو صاع کہتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ صِوَاع صَاع کے علاوہ پیمانہ ہے۔

﴿فصل الصاد مع الغین﴾

صَبْغ: (ص مفتوح، ب ساکن، غ موقوف) رنگنا، پانی میں ہاتھ ڈبونا۔

صِبْغ: (ص مکسور، ب ساکن، غ موقوف) رنگ، اَصْبَاغ جمع ہے، سالن، صِبَاغ جمع ہے۔

صُبُوْغ: (ص مضموم، ب مضموم، و ساکن، غ موقوف) پستان کا دودھ سے بھر جانا، پستان کا خوش رنگ ہونا، کسی کی طرف اشارہ کرنا۔

صِبَاغ: (ص مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) سالن، رنگنے کی چیز۔

صِبَّاغ: (ص مکسور، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) رنگریز۔

صَدْغ: (ص مفتوح، د ساکن، غ موقوف) کسی کے دوش بدوش چلنا، چونٹی مارنا، کسی کام سے پھیرنا۔

صُدْغ: (ص مضموم، د ساکن، غ موقوف) کنپٹی، کنپٹی پر لٹکے ہوئے بال، الجھے ہوئے بال۔

صِدَاغ: (ص مکسور، د مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) کنپٹی پر نشان۔

صُلُوْغ: (ص مضموم، ل مضموم، و ساکن، غ موقوف) گائے اور بکری کا چھ سالہ دانت گرانا۔

صَمْغ: (ص مفتوح، م ساکن، غ موقوف) درخت کا گوند یعنی وہ لیس دار مادہ جو درخت سے ٹپکے جیسے ایلوا، بہترین گوند صَمْغ عربی ہے، درخت قرظ کا گوند ہے درخت طلح کا گوند نہیں جیسا کہ صاحب صحاح نے کہا ہے۔

صَوْغ: (ص مفتوح، و ساکن، غ موقوف) مٹی کا برتن جس میں سونا چاندی پگھلایا جاتا ہے، زمین میں پانی کا رکنا، پانی ہضم ہونا، پانی کا نیچے اترنا، پیدا کرنا، کسی چیز کا اچھے نمونے کے مطابق بنانا، ہمزاد۔

صُوَاغ: (ص مضموم، و مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) کسی چیز کو سانچے میں ڈھالنا۔

صَوَّاغ: (ص مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) سنار، جھوٹ گڑھنے والا۔

صَائِغ ۔ صَیَّاغ: (ص مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، غ موقوف) (ص مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) زرگر، سنار۔

صِیْغ: (ص مکسور، ی ساکن، غ موقوف) خراسان (ملک) کا ایک گوشہ ہے۔

صِیَغ: (ص مکسور، ی مفتوح، غ موقوف) صیغہ کی جمع ہے، صَیِّغ جھوٹا شخص جو جھوٹ کو سنوار کر پیش کرے۔

﴿فصل الصاد مع الفاء﴾

صُحُف: (ص مفتوح/مضموم، ح مفتوح/مضموم، ف موقوف) صَحِیْفَہ کی جمع بمعنی کتاب۔

صَحَائِف: (ص مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ف موقوف) صَحِیْفَہ کی جمع، کتابیں، صُحُف اور صَحَائِف دونوں صَحِیْفَہ کی جمع ہیں۔

صِحَاف: (ص مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) پانی جمع ہونا۔

صَحَّاف: (ص مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کتاب بیچنے والا (کتاب فروش)۔

صَدْف: (ص مفتوح، د ساکن، ف موقوف) چہرا پھیرنا، کسی کو پھیرنا، پھیرا ہوا، جھکا ہوا۔

صَدَف: (ص مفتوح، د مفتوح، ف موقوف) سیپ جس میں مروارید ہو، اور یہی مشہور ہے، اونچی دیوار وغیرہ، کندھا جہاں سے بازو کی ہڈی شروع ہوتی ہے، قیروان کے قریب ایک گاؤں ہے، گھوڑے کے پاؤں کا قریب اور کھر کا دور ہونا، چوپائے کا اپنے پیروں کو باہر کی طرف موڑنا، کنارہ، پہاڑ کی چوٹی، پہاڑ کی انتہا، صُدُف، صُدْف، صَدَف بھی آیا ہے، صَدَف ایک پرندہ ہے یا درندہ۔

صَدِف: (ص مفتوح، د مکسور، ف موقوف) قبیلۂ کندہ کا ایک چھوٹا قبیلہ (محلہ)۔

صُدُوْف: (ص مضموم، د مضموم، و ساکن، ف موقوف) واپس ہونا،

جھکنا، مڑنا۔

صَدُوْف: (ص مفتوح، د مضموم، و ساکن، ف موقوف) ایسی عورت جو کسی کی طرف متوجہ ہو پھر چہرہ پھیر لے۔

صِرْف: (ص مکسور، ر ساکن، ف موقوف) وہ سرخی جس سے جوتے کا تسمہ رنگیں، ہر خالص چیز۔

صَرْف: (ص مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) توبہ، حیلہ، حادثہ، زمانے کی گردش، رات دن کی گردش، مشہور فن کا نام، پھیرنا، گفتگو میں زیادتی کرنا، کسی کو جھکانا، درہم اور دینار کو خالص کرنا، سونے اور چاندی میں بعض کا بعض سے بڑھنا۔

صَرّاف: (ص مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) سونے چاندی کا کاروبار کرنے والا، صیرفی بھی اسی معنی میں ہے، علم صرف جاننے والے کو بھی کہتے ہیں۔

صَرِیْف: (ص مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف) ڈول کے چرخے کی آواز، اونٹ کے دانتوں کی آواز، خالص چاندی، دوہا ہوا تازہ دودھ۔

صُرُوْف: (ص مضموم، ر مضموم، و ساکن، ف موقوف) زمانے کی گردش، خالص شراب جس میں پانی نہ ملا ہو، کتیا اور اونٹنی کا آرزو مند ہونا، اسی معنی میں صراف بھی آیا ہے، صَرَاف دانت پیسنے والی اونٹنی۔

صِعْف: (ص مکسور، ع ساکن، ف موقوف) چھوٹا پرندہ، اہل یمن کی ایک قسم کی شراب ہے جو شہد اور انگور سے بناتے ہیں۔

صَفّ: (ص مفتوح، ف مشدد موقوف) راستہ، قطار، قطار میں کھڑا ہونا، گوشت کو طول میں کاٹنا، زمین پر چبوترہ بنانا، اونٹ کا اپنے پیروں کو قطار میں کرنا، اونٹنی کا دو یا تین پیالوں میں دودھ دوہنا، پرندے کا اپنے پروں کو کھولنا، بصرہ میں ایک گاؤں کا نام۔

صُفُوْف: (ص مضموم، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) صَفّ کی جمع ہے۔

صَفُوْف: (ص مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) وہ اونٹنی جو ایک بار دوہنے میں کئی پیالے دودھ دے۔

صَفِیْف: (ص مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ف موقوف) گوشت کو سیخ میں پرو کر بھننے کے لیے آگ پر رکھنا، سکھانے کے لیے گوشت کو دھوپ میں رکھنا۔

صَفَف: (ص مفتوح، ف مفتوح، ف موقوف) وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنیں۔

صُفَف: (ص مضموم، ف مفتوح، ف موقوف) صُفّہ کی جمع ہے۔

صَفْصَاف: (ص مفتوح، ف ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) بید کا درخت۔

صَفْصَف: (ص مفتوح، ف ساکن، ص مفتوح، ف موقوف) ہموار زمین، کشادہ زمین۔

صَافّ: (ص مفتوح، ا ساکن، ف مشدد موقوف) صف باندھنے والا۔

صَاف: (ص مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) صَافِی کا مخفف ہے۔

صَلَف: (ص مفتوح، ل مفتوح، ف موقوف) ڈینگ مارنا، اندازے سے باہر جانا، عورت کا مرد سے بے بہرہ ہونا، ایسی بات کرنا جو مخاطب کو پسند نہ آئے اور اپنی جھوٹی تعریف کرنا، کم برکت والا کھانا۔

صَلِف: (ص مفتوح، ل مکسور، ف موقوف) بے مزہ کھانا، وہ برتن جس میں پانی کم ہو، بھاری برتن، زیادہ گرجنے اور کم برسنے والا بادل، ڈینگ مارنے والا، اپنی تعریف کرنے والا۔

صَلِیْف: (ص مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ف موقوف) گردن کا کنارہ، گردن کی چوڑائی، وہ لکڑیاں جو اونٹ کے پالان کی طرف ہوں جن پر محمل ڈالیں، ان دونوں لکڑیوں کو صَلِیْفَان کہتے ہیں۔

صِنْف: (ص مفتوح و مکسور، ن ساکن، ف موقوف) رنگ، قسم، اَصْنَاف اور صُنُوْف جمع ہے۔

صِنْف: (ص مکسور، ن ساکن، ف موقوف) صفت، قسم۔

صُنْف: (ص مضموم، ن ساکن، ف موقوف) شتر مرغ جس کی ٹانگیں پھیلی ہوئی ہوں، اَصْنَف کی جمع ہے۔

صَنْف: (ص مفتوح، ن ساکن، ف موقوف) ایک مقام کا نام جس کی طرف عود صنفی منسوب ہے اور وہ سب سے خراب عود (اگر) ہے، بہترین عود قماری ہے اور متوسط درجے کا قاقلی ہے، وہ

درخت جو خشک اور تر ہوں۔

صُوْف: (ص مضموم، و ساکن، ف موقوف) بکری کا بال، گردن کی کھال، گردن پر لٹکے ہوئے بال، چوپایوں کی گردن میں بندھی ہوئی رسی۔

صَوْف: (ص مفتوح، و ساکن، ف موقوف) ایک طرف ہونا، تیر کا نشانے سے خطا کرنا، پھرنا۔

صَیْف: (ص مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) گرمی کا زمانہ، گرمی کا موسم، گرمی میں کسی جگہ ٹھہرنا۔

صَیِّف: (ص مفتوح، ی مشدد مکسور، ف موقوف) گرمی کی بارش، صَیْفِی اسی معنی میں آیا ہے، تیر کا نشانے سے اوپر گرنا۔

صَیْرَف: (ص مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ف موقوف) حیلہ گر مرد، کاموں میں تصرف کرنے والا

﴿فصل الصاد مع القاف﴾

صِدْق: (ص مفتوح رکسور، د ساکن، ق موقوف) سچائی، کذب کی ضد، ثنا، حمد، نیک نام، بعض لوگوں نے صَدْق کہا ہے، سچ بولنا۔

صِدْق: (ص مکسور، د ساکن، ق موقوف) سچائی۔

صَدْق: (ص مفتوح، د ساکن، ق موقوف) سیدھا، مضبوط نیزہ، سچا آدمی، تمام چیزوں میں کامل۔

صُدْق: (ص مضموم، د ساکن، ق موقوف) سچ بولنے والے، صِدْق کی جمع صُدْق ہے۔

صِدَاق: (ص مفتوح رکسور، د مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) وہ بری جو دولہا والے دولہن کے گھر لے جاتے ہیں، عورت کا مہر۔

صَادِق: (ص مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ق موقوف) سچ بولنے والا۔

صَدُوْق: (ص مفتوح، د مضموم، و ساکن، ق موقوف) بہت سچا۔

صَدِیْق: (ص مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ق موقوف) دوست، دوستاں، مفرد و جمع، مذکر و مونث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔

صِدِّیْق: (ص مکسور، د مشدد مکسور، ی ساکن، ق موقوف) بہت سچا، خلیفۂ اول حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب ہے۔

صَعْفُوْق: (ص مفتوح، ع ساکن، ق مضموم، و ساکن، ق موقوف) کمینہ، یمامہ میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

صَعْق: (ص مفتوح، ع ساکن، ق موقوف) بے ہوش ہونا، مرنا، بادل کا بجلی گرانا، بادل کا گرجنا، کڑک کا کسی کو بے ہوش کر دینا، ایک آدمی کا نام، اس معنی کے لیے الف لام جزو لازم ہے الصَّعق۔

صَعَق: (ص مفتوح، ع مفتوح، ق موقوف) آواز کی سختی۔

صَعِق: (ص مفتوح، ع مکسور، ق موقوف) کسی کی آواز کا بجلی کی طرح سخت ہونا، سخت گرج دار آواز۔

صُعَق: (ص مضموم، ع مفتوح، ق موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

صِفْق: (ص مکسور، ف ساکن، ق موقوف) دروازے کا کواڑ، پٹ۔

صَفْق: (ص مفتوح، ف ساکن، ق موقوف) زور سے تالی بجانا، بیعت اور بیع کے لیے کسی کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا، واپس لوٹانا، لوٹانا، دروازہ کھولنا، سارنگی کا تار، پھیرنا، سارنگی بجانا، آنکھ بند کرنا، پرندے کا دونوں پر اس طرح پھڑ پھڑانا کہ آواز آئے، جانا، ہوا کا درخت کو حرکت دینا، پیالہ بھرنا، کسی کو تلوار مارنا، کنارہ، صُفْق، صَفَق بھی اسی معنی میں ہیں، پہاڑ کی چوٹی، پہاڑ کی سطح، گردن، گھوڑے کے رخسار، نیا چمڑا جس پر پانی بہائیں تو پیلا پانی نکلے، صَلَق بھی اس معنی میں آیا ہے۔

صَفَق: (ص مفتوح، ف مفتوح، ق موقوف) وہ پانی جو نئی مشک میں بدبو دار اور زرد ہو جائے۔

صَفِیْق: (ص مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ق موقوف) وہ کپڑا جسے باریک نہ بنا گیا ہو (موٹا کپڑا)، سخت بے شرم چہرے والا۔

صَفُوْق: (ص مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ق موقوف) اونچا پہاڑ جس پر چڑھنا ممکن نہ ہو، نرم کمان، سخت بڑا پتھر جو اونچا اور برابر ہو۔

صِفَاق: (ص مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) موٹے چمڑے کے نیچے باریک جھلی جس پر بال اگتا ہے، وہ جھلی جو آنتوں اور معدے پر ہوتی ہے۔

صَفَّاق: (ص مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) بہت سفر کرنے والا آدمی، تجارت میں زیادہ ملکہ رکھنے والا۔

صَلْق: (ص مفتوح، ل ساکن، ق موقوف) سخت آواز کرنا، چیخنا، لاٹھی سے مارنا، عورت کو سلانا اور اس کے ساتھ جماع کرنا، کسی گروہ کو ناشائستہ واقعہ پیش آنا، کسی کو دھوپ لگنا۔

صَلَق: (ص مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) ہموار زمین۔

صَلَائِق: (ص مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) بھنے ہوئے گوشت، پتلی روٹیاں، صَلِیْقَۃ کی جمع ہے۔

صَلِیْق: (ص مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) واسط میں ایک شہر ہے، ہموار چیز، برابر۔

صُنْدُوق: (ص مفتوح رمضموم، ن ساکن، د مضموم، و ساکن، ق موقوف) وہ بکس جو لکڑی یا چمڑے سے بنائیں اور اس میں سامان رکھیں، سَنْدُوق، سُنْدُوق بھی آیا ہے، صَنَادِیْق جمع ہے۔

صَنَق: (ص مفتوح، ن مفتوح، ق موقوف) بغل کی تیز بدبو۔

صَنِق: (ص مفتوح، ن مکسور، ق موقوف) بہت بدبودار چیز۔

صَوْق: (ص مفتوح، و ساکن، ق موقوف) ہانکنا،

صُوْق: (ص مضموم، و ساکن، ق موقوف) بازار، مدینے کے قریب ایک گاؤں کا نام۔

صَوَاعِق: (ص مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ق موقوف) آسمان سے گرنے والی آگ، بجلیاں، صَاعِقَۃ کی جمع ہے۔

صِیْق: (ص مکسور، ی ساکن، ق موقوف) وہ غبار جو کسی چیز کے سامنے حائل ہو، گرد کا بلند ہونا، غبار کا چکر لگانا اور اس کا غلیظ ہونا، آواز، پسینہ، چوپائے کی بدبو، صِیَق جمع ہے، چڑیا (گوریا)، عرب کا ایک قبیلہ۔

صَیْدَق: (ص مفتوح، ی ساکن، د مفتوح، ق موقوف) امین، ستارۂ قطب۔

﴿فصل الصاد مع الکاف﴾

صَأْک: (ص مفتوح، أ مفتوح، ک موقوف) پسینہ جس سے بدبو پیدا ہو، خون کا جمنا، چپکنا۔

صُعْلُوْک: (ص مضموم، ع ساکن، ل مضموم، و ساکن، ک موقوف) محتاج، درویش، صَعَالِیْک جمع ہے، سعدی کہتے ہیں ؎

من و چند صعلوک صحرا نورد
بر فتیم قاصد بہ دیدار مرد

صَکّ: (ص مفتوح، ک مشدد موقوف) کوٹنا، زور سے مارنا، دروازہ بند کرنا، درد ظاہر کرنا، خط، دستاویز، چک کا معرب ہے، صُکُوْک جمع ہے۔

صِکَاک: (ص مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) دستاویز اور ضمانت نامے۔

صُکَاک: (ص مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) ہوا، فضا۔

صَکَّاک: (ص مفتوح، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) دستاویز لکھنے والا۔

صَلِیْک: (ص مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ک موقوف) ضعیف، کمزور۔

صَوْک: (ص مفتوح، و ساکن، ک موقوف) ابتدا، آغاز، جنبش، زعفران کا چپکنا، خوشبو، کپڑے یا جسم وغیرہ پر خوشبو ملنا۔

صَیْک: (ص مفتوح، ی ساکن، ک موقوف) خوشبو کا کپڑے وغیرہ میں لگنا۔

﴿فصل الصاد مع اللام﴾

صَحَل: (ص مفتوح، ح مفتوح، ل موقوف) حلق میں اٹکنا، سختی، سینے کی سختی۔

صَعْل: (ص مفتوح، ع ساکن، ل موقوف) آدمی اور شتر مرغ کا چھوٹا سر اور پتلی گردن، نخل، کھجور کا درخت، ہر لمبی چیز، وہ گدھا جس کے بال جھڑ گئے ہوں۔

صَعَل: (ص مفتوح، ع مفتوح، ل موقوف) سر اور گردن کی باریکی۔

صُقْل: (ص مضموم، ق ساکن، ل موقوف) پہلو، آسودہ شکم۔

صَقِل: (ص مفتوح، ق مکسور، ل موقوف) مختلف چال والا، کم گوشت والا گھوڑا۔

صَقْل: (ص مفتوح، ق ساکن، ل موقوف) تلوار اور آئینے کو صاف کرنا، چمکنا، اونٹنی کو کمزور کرنا، لاٹھی سے مارنا۔

صِقَال: (ص مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تلوار اور آئینے کی چمک، شکم، پہلو، گھوڑے کی حفاظت اور خدمت۔

صَقِيل: (ص مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ل موقوف) چمکایا ہوا، صیقل کیا ہوا۔

صُلْصُل: (ص مضموم، ل ساکن، ص مضموم، ل موقوف) حوض کا بچا ہوا پانی، بچا ہوا تیل اور زیتون، گھوڑے کی پیشانی کا بال، گھوڑے کی گردن کے بالوں کی سفیدی، پیالہ یا چھوٹا پیالہ، ایک پرندے کا نام ہے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ فاختہ ہے، ماہر چرواہا، مدینہ کے راستے میں ایک جگہ، یمامہ کے قریب ایک چشمے کا نام ہے۔

صَلْصَال: (ص مفتوح، ل ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) کھنکھنانے والی خشک مٹی، خشک گندھی ہوئی کچی مٹی جسے بجائیں تو آواز آئے، جب اسے پکا دیں تو فخار کہتے ہیں۔

صَلِيل: (ص مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) دریا بہنے کی آواز، لوہے کی آواز، پیاسے کی خشک آنتوں کی آواز، مشک کا خشک ہونا۔

صُلُول: (ص مضموم، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) گوشت کا سڑ جانا، بدبودار ہونا، پانی کا بدمزہ ہونا۔

صِلّ: (ص مکسور، ل مشدد موقوف) چھوٹا زرد سانپ جس پر جادو کا اثر نہیں ہوتا، بلا، سختی، تیز تلوار۔

صَلّ: (ص مفتوح، ل مشدد موقوف) شراب صاف کرنا۔

صَمْل: (ص مفتوح، م ساکن، ل موقوف) لاٹھی سے مارنا، سخت اور مضبوط ہونا، صُمُول بھی اسی معنی میں ہے، درخت کا سیراب نہ ہونا، خشکی کی وجہ سے اس کا سخت ہونا، کھانے سے باز رہنا۔

صَامِل۔ صَمِيل: (ص مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ل موقوف) (ص مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ل موقوف) خشک۔

صَنْدَل: (ص مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ل موقوف) بڑے اور مضبوط سر والا اونٹ اور گدھا، خوشبودار لکڑی، اس کی دو قسمیں ہیں، (1) سفید (2) سرخ، چندن کا معرب ہے، یَوْمُ الصَّنْدَل وہ دن جس میں عرب کے اندر ایک بڑی جنگ ہوئی تھی۔

صَوْل: (ص مفتوح، و ساکن، ل موقوف) زیادتی کرنا، کسی پر کودنا، حملہ کرنا۔

صُوْل: (ص مضموم، و ساکن، ل موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

صَائِل: (ص مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) حملہ کرنے والا۔

صَهِيل: (ص مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ل موقوف) گھوڑے کا ہنہنانا۔

صُهَال: (ص مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) گھوڑے کی ہنہناہٹ۔

صَهَّال: (ص مفتوح، ہ مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) آواز کرنے والا، ہنہنانے والا۔

صَهْل: (ص مفتوح، ہ ساکن، ل موقوف) گلا پھنسنا، آواز کی سختی۔

صَهَل: (ص مفتوح، ہ مفتوح، ل موقوف) آواز کی تیزی، آواز کا گلا پکڑنا۔

صَاهِل: (ص مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ل موقوف) ہاتھ پاؤں پٹکنے والا اونٹ۔

صَيْقَل: (ص مفتوح، ی ساکن، ق مفتوح، ل موقوف) آئینہ وغیرہ چمکانا، تلوار تیز کرنے والا، صَیاقِل، صَیاقِلَہ جمع ہے، صاحب کنز اللغات کہتا ہے صَیْقَل کا معنی چمکانے مانجھنے کا آلہ، صَیْقَل کرنا بھی آیا ہے، تحقیق یہ ہے کہ صَیْقَل صفت کا صیغہ ہے جس کا معنی مورچہ صاف کرنے والا لیکن صفائی کے آلہ کو مجازاً "زداوندۂ زنگ" مورچہ صاف کرنے والا کہا جا سکتا ہے جیسا کہ کارد چھری کو قاطع (کاٹنے والا) کہتے ہیں، اسی وجہ سے صَیْقَل کرنے والے کو صیقلی کہتے ہیں، صَیاقِلَہ صَیقلی کی جمع ہونا چاہیے نہ کہ صیقل کی۔

صِيَال: (ص مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

﴿فصل الصاد مع المیم﴾

صَأَم: (ص مفتوح، أساکن، م موقوف) کسی کا کسی کی طرف رہنمائی کرنا، لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَأُم: (ص مفتوح، اُمفتوح، م موقوف) زیادہ پانی پینا۔

صَائِم: (ص مفتوح، اساکن، ءمکسور، م موقوف) پیاسا۔

صَتْم: (ص مفتوح، ت ساکن، م موقوف) مضبوط، سخت، صَتَم بھی اسی معنی میں ہے، وہ آدمی جو بڑھاپے کے قریب پہنچ گیا ہو، مکمل، صُتم جمع ہے۔

صَدْم: (ص مفتوح، د ساکن، م موقوف) کوٹنا، کسی چیز کو کسی سخت چیز پر پٹکنا، کسی چیز تک پہنچنا، روکنا، باز رہنا۔

صِدَام: (ص مکسور، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک بیماری ہے جو چوپایوں کے سر میں ہوتی ہے، عوام اس کو صُدام کہتے ہیں، یہ مسموع نہیں اگرچہ قیاس یہی ہے۔

صَرْم: (ص مفتوح، ر ساکن، م موقوف) چرم کا معرب ہے، کاٹنا، بات کاٹنا، کھجور یا دوسرے درختوں کو جڑ سے کاٹنا۔

صُرْم: (ص مضموم، ر ساکن، م موقوف) کٹائی، کوتاہی، جماعت کا منتشر ہونا، یکجا مکانات، نعل دار جوتا۔

صُرَام: (ص مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سختی، آزمائش، جنگ، تھن میں بچا ہوا دودھ جو دوبارہ دوہا جائے، کاٹنے میں طاقتور آدمی۔

صِرَام: (ص مفتوح رمکسور، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کٹے ہوئے درخت کے ٹکڑے، کھجور کے درخت کے پھلوں کو کاٹنے کا وقت آنا۔

صَرَّام: (ص مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چمڑا بنانے والا اور بیچنے والا۔

صَارِم: (ص مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، م موقوف) کاٹنے والی تلوار، بہادر آدمی، کاموں کو انجام دینے والا آدمی۔

صَرُوْم: (ص مفتوح، ر مضموم، و ساکن، م موقوف) کاٹنے والی تلوار، کاٹنے میں قوی مرد۔

صَرِیْم: (ص مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، م موقوف) صبح، رات، رات کا حصہ، وہ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھتے ہیں تاکہ وہ دودھ نہ پیے، کالی زمین جس میں کوئی چیز نہ اگے، ایک جگہ کا نام ہے، ایک آدمی کا نام ہے، پھٹا ہوا، کاٹا ہوا، ریت کے ٹیلے کا حصہ۔

صَکْم: (ص مفتوح، ک ساکن، م موقوف) مارنا، باز رکھنا، سخت کوٹنا، زیادہ کوٹنا، زور سے کوٹنا۔

صَلْم: (ص مفتوح، ل ساکن، م موقوف) جڑ سے کان کاٹنا۔

صِلْدِم: (ص مکسور، ل ساکن، د مکسور، م موقوف) شیر درندہ، وہ چوپایہ جس کا کھر مضبوط اور سخت ہو، ہر سخت اور مضبوط چیز، گائے کا کھر۔

صَمْصَام: (ص مفتوح، م ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت کاٹنے والی تیز تلوار، ایک تلوار کا نام ہے۔

صِمْصِم: (ص مکسور، م ساکن، ص مکسور، م موقوف) برا، پست قد آدمی (ناٹا)، کام نکالنے والا بہادر آدمی، قوم کا درمیان، بیچ۔

صَمْصَم: (ص مفتوح، م ساکن، ص مفتوح، م موقوف) بخیل۔

صَمِیْم: (ص مفتوح، م مکسور، ی ساکن، م موقوف) خالص، کسی چیز کا مغز، گودا، چیز کی اصل، وہ ہڈی جس پر اعضا کا دارومدار ہے، گرمی اور ٹھنڈک کی شدت، پرندے کے انڈے کا چھلکا، مخلص آدمی، جمع و مفرد دونوں معنوں میں بولا جاتا ہے۔

صَمَم: (ص مفتوح، م مفتوح، م موقوف) بہرا پن، کان کی گرانی۔

صِمَم: (ص مکسور، م مفتوح، م موقوف) بہادر لوگ، پھاڑنے والے شیر، نر سانپ، صِمّۃ کی جمع ہے۔

صَمّ: (ص مفتوح، م مشدد موقوف) نہ سننا، بہرا ہونا۔

صُمّ: (ص مضموم، م مشدد موقوف) نہ سننے والے، بہرے، سخت پتھر، دونوں جمع اَصَمّ کی ہے۔

صِمّ: (ص مکسور، م مشدد موقوف) بہادر مرد، شیر درندہ۔

صِمَام: (ص مکسور، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ڈاٹ جس سے شیشی بند کی جاتی ہے۔

صَنَم: (ص مفتوح، ن مفتوح، م موقوف) بدبو، بت، صاحب قاموس کہتے ہیں کہ اس معنی میں شَمَن کا معرب ہے، یہ بات محل نظر ہے کیوں کہ فارسی میں شمن بت پرست کو کہتے ہیں نہ کہ بت کو۔

صَنِم: (ص مفتوح، ن مکسور، م موقوف) بدبودار آدمی۔

صَوْم: (ص مفتوح، و ساکن، م موقوف) روزہ، روزہ دار، روزہ رکھنے والے، جمع و مفرد دونوں معنوں میں ہے، درخت، گرجا گھر، شترمرغ کی بیٹ، ہوا کا رک جانا، خاموش ہونا، اپنے آپ کو کھانے پینے اور صحبت سے باز رکھنا، بے کار پڑا رہنا، چوپائے کا بے چارہ ہونا، شترمرغ کا بیٹ گرانا، وقت نصف النہار۔

صَائِم: (ص مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م موقوف) روزہ دار، روزہ داران، جمع و مفرد دونوں معنوں میں ہے۔

صِیَام: (ص مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، م موقوف) روزہ رکھنا، روزہ داران، روزہ رکھنے والے، صَائِم کی جمع ہے۔

﴿فصل الصاد مع النون﴾

صَبْن: (ص مفتوح، ب ساکن، ن موقوف) روک دینا، پھیر دینا، کسی کے ساتھ نیکی اور ہدیہ دینے سے باز رہنا، جواری کا پانسے کو پھینکنے کے لیے درست کرنا اس کے بعد پھینکنا۔

صَابُوْن: (ص مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، و ساکن، ن موقوف) معروف یہ لفظ اکثر لغت میں مشترک واقع ہوا ہے اور دوسرا نام نہیں سنا گیا ہے، صابون دراصل فارسی الاصل ہے، عربی میں اسے غاسول کہتے ہیں، ایک ٹکڑے کو صابونہ کہتے ہیں اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صبان و صابونی کہتے ہیں (مصباح) (م)

صِبْیَان: (ص مکسور، ب ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بچے، صَبی کی جمع ہے، صُبْیَان بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

صَحْن: (ص مفتوح، ح ساکن، ن موقوف) بھلائی کرنا، قوم میں صلح کرانا، مارنا، بڑا طشت، طشت میں کچھ دینا، گھر کا بیچ، طشت پر کانسے وغیرہ کا مزین طبق لگانا، اسے سَنْج کہتے ہیں اور ان دونوں طبقوں کو صَحْنَان کہتے ہیں۔

صَغَانِیَان: (ص مفتوح، غ مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ماوراء النہر میں حصار شادمان کے قریب ایک شہر ہے، چغانیان کا معرب ہے، اسی شہر کی طرف نسبت کرتے ہوئے صَغَانی و صَاغانی کہتے ہیں، صاحب مشارق الانوار حسن بن محمد صَغانی اسی شہر کی طرف نسبت رکھتے ہیں۔

صُفْن: (ص مضموم، ف ساکن، ن موقوف) دسترخوان، چمڑے کا برتن جس میں پانی رکھتے ہیں اور اس سے وضو کرتے ہیں، چرواہوں کا ٹوکرا جس میں وہ اپنے کھانے کی چیزیں رکھتے ہیں۔

صَفْن: (ص مفتوح، ف ساکن، ن موقوف) آدمی کے فوطے (خصیہ) کی تھیلی، صَفَن بھی اسی معنی میں آیا ہے، زردی، اونٹ کا بلبلانا۔

صَفَن: (ص مفتوح، ف مفتوح، ن موقوف) وہ پودا جس میں خوشہ (بالی) ہو، بھڑ وغیرہ اپنے رہنے کے لیے جو گھر بناتی ہیں۔

صِفِّیْن: (ص مکسور، ف مشدد مکسور، ی ساکن، ن موقوف) رقہ کے قریب دریائے فرات کے کنارے ایک جگہ کا نام ہے جہاں امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان جنگ ہوئی اور یہ جنگ ماہ صفر میں ہوئی، اسی وجہ سے صفر میں سفر کرنا لوگ برا اور نا مبارک سمجھتے ہیں اور سفر سے بچتے ہیں۔

صُفُوْن: (ص مضموم، ف مضموم، و ساکن، ن موقوف) گھوڑے کا تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور صرف چوتھے پاؤں کے کھر کو زمین پر لگانا، مرد کا دونوں قدم برابر زمین پر رکھنا، پیروں کو زمین پر پٹکنا۔

صَافِن: (ص مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ن موقوف) پنڈلی کے نچلے حصے میں ایک رگ، وہ گھوڑا جو تین پیروں پر کھڑا ہو اور چوتھے پیر کو زمین پر لگائے۔

صَفْوَان: (ص مفتوح، ف ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ہموار پتھر، ایک آدمی کا نام ہے جس کے ساتھ منافقوں نے ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کی نسبت کی تھی، خاقانی کہتا ہے ۔

ایں سویدای دل من کہ ضمیر اصفت ست
صافی از تہمت صفوان بخر اساں یابم

صِنّ: (ص مکسور، ن مشدد موقوف) بارہ سنگھا کا پیشاب، جاڑے کے سخت سات دنوں میں پہلا دن، سر پوش والی ٹوکری جس میں روٹی رکھتے ہیں۔

صُنَان: (ص مضموم، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بغل کی بدبو۔

صِنْوَان: (ص مکسور، ن ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ماں شریک بھائی، حقیقی بھائی، چند درخت جو ایک ہی جڑ سے نکلے ہوں، صُنوان بھی اسی معنی میں آیا ہے، صِنْو کی جمع ہے۔

صِنْوِیَن ۔ صِنْوَان: (ص مکسور، ن ساکن، و مکسور، ی ساکن، ن موقوف) (ص مکسور، ن ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دو کنویں، دو نہریں جو قریب قریب ہوں اور دونوں نہریں ایک ہی چشمے سے نکلی ہوں، کھجور کے دو درخت جو ایک ہی جڑ سے نکلے ہوں، صِنْو کا تثنیہ ہے۔

صَوْلَجَان: (ص مفتوح، و ساکن، ل مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چوگان کا معرب ہے۔

صَوْن: (ص مفتوح، و ساکن، ن موقوف) محفوظ رکھنا، نعل نہ ہونے کی وجہ سے گھوڑے کی سم (کھر) گھِس جائے اور وہ کھر کے کنارہ پر کھڑا ہو۔

صِوَان: (ص مفتوح ر مکسور ر مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سوٹ کیس، کپڑوں اور کتابوں کو محفوظ رکھنے کا تختہ، صُیان بھی اسی معنی میں ہے، صِوَان کمان کے غلاف کو کہتے ہیں۔

صَوَّان: (ص مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پتھر کی ایک قسم، صَوَّانَۃ واحد ہے۔

صَیْحَان: (ص مفتوح، ی ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مدینے میں ایک بکری کا نام ہے جس کے باڑے کے پہلو میں ایک کھجور کا درخت تھا جس کا پھل عمدہ تھا، اس کو خرمائے صیحانی کہتے ہیں۔

صَیَحَان: (ص مفتوح، ی مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) آواز دینا۔

صِیْن: (ص مکسور، ی ساکن، ن موقوف) سرزمین مشرق میں ترکوں کا ایک ملک ہے، چین کا معرب ہے، کوفہ اور اسکندریہ میں ایک جگہ کا نام ہے۔

﴿فصل الصاد مع الواو﴾

صُبُوّ: (ص مضموم، ب مضموم، و مشدد موقوف)

صَبْو: (ص مفتوح، ب ساکن، و موقوف) بے وقوفی، بے عقلی، جوانی، بچے کی طرف مائل ہونا، باد صبا کا چلنا۔

صَحْو: (ص مفتوح، ح ساکن، و موقوف) ہوشیاری، مستی سے ہوشیار ہونا، بادل کا دور ہونا، بے کار چیز چھوڑنا۔

صَعْو: (ص مفتوح، ع ساکن، و موقوف) گوریا کے مانند ایک چھوٹا پرندہ۔

صَغْو: (ص مفتوح، غ ساکن، و موقوف) خواہش کرنا، جنگ کا پلہ ایک طرف جھکنا، سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

صَفْو: (ص مفتوح، ف ساکن، و موقوف) روشنی، سیاہی (تاریکی) کا نہ ہونا، صاف، کھوٹ اور ملاوٹ سے پاک۔

صِنْو: (ص مکسور ر مضموم، ن ساکن، و موقوف) حقیقی بھائی، چچازاد بھائی، درخت کی شاخ جو دوسری شاخ کے ساتھ درخت کے ایک ہی تنے سے نکلی ہو، صَنْو (ص مفتوح الخ) دو پہاڑوں کے درمیان گہرائی جس میں تھوڑا پانی ہے، وہ پتھر جو دو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

﴿فصل الصاد مع الهاء﴾

صَهْ: (ص مفتوح، ہ موقوف) اسم فعل ہے، امر کے معنی میں ہے یعنی خاموش۔

﴿فصل الصاد مع الياء﴾

صَبِیّ: (ص مفتوح، ب مکسور، ی مشدد موقوف) وہ بچہ جس نے دودھ

پیشانہ چھوڑا ہو، آنکھ کی پتلی، کان کی ہڈی، تلوار وغیرہ کی تیزی، قوم کا سردار، داڑھ کی ہڈی کا کنارہ۔

صَابِی: (ص مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ی موقوف) کسی دین سے دوسرے دین کی طرف پھرنے والا۔

صَاحِی: (ص مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ی موقوف) ہوشیار، بے بادل والا دن۔

صَلْی (ص مفتوح، ل ساکن، ی موقوف) بھننا، آگ میں ڈالنا، ہاتھ کو آگ میں گرم کرنا، فریب دینا۔

صَفِیّ: (ص مفتوح، ف مکسور، ی مشدد موقوف) برگزیدہ، خالص دوست، خالص چیز، مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار تقسیم سے پہلے اپنے لیے خاص کر لے، زیادہ دودھ والی اونٹنی۔

صَافِی: (ص مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ی موقوف) صاف، بے کھوٹ۔

صَیْرَفِیّ: (ص مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ف مکسور، ی مشدد موقوف) نقدی کی تجارت کرنے والا، سونا پرکھنے والا۔

صَیْحَانِیّ: (ص مفتوح، ی ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی مشدد موقوف) مدینے کے خرما کی ایک قسم۔

صَیَاصِیّ: (ص مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ی مشدد موقوف) صِیصَۃ کی جمع ہے، مرغ کے پنجے کی نوک، قلعہ، محل، مجازاً بدن بھی مراد لیتے ہے، پناہ گاہ، بیل اور ہرن کی سینگ، بنکروں کا ایک آلہ جس سے کپڑے کا تانا بانا درست کریں اسے فَوْکَۃُ الحَائِکُ بھی کہتے ہیں۔

﴿ باب الضاد ﴾

﴿فصل الضاد مع الالف﴾

ضِیْزیٰ: (ض مکسور، ی ساکن، ز مفتوح، الف مقصورہ موقوف) ناقص تقسیم، ظالمانہ تقسیم۔

ضِئْضِئیٰ: (ض مکسور، ء ساکن، ض مکسور، ء مفتوح، الف مقصورہ موقوف) کان، اصل، کثرت نسل اور اس کی برکت۔

ضُحیٰ: (ض مضموم، ح مفتوح، الف مقصورہ موقوف) چاشت کا وقت۔

ضَحَاء: (ض مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پہر دن چڑھے کا وقت، ناشتے کا وقت، ناشتے کا کھانا۔

ضَحْیَاء: (ض مفتوح، ح ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سفید گھوڑیاں، ایک گھوڑے کا نام ہے۔

ضَرَّاء: (ض مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سختی، تکلیف۔

ضَنیٰ: (ض مفتوح، ن مفتوح، الف مقصورہ موقوف) لاغری، کمزوری۔

ضَنُوْء: (ض مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ء موقوف) زیادہ بچے والی عورت، مال زیادہ ہونا۔

ضِنُوْء: (ض مکسور، ن مضموم، و ساکن، ء موقوف) اصل، قرارگاہ، بنیاد۔

ضَنُوْء: (ض مفتوح / مکسور، ن مضموم، و ساکن، ء موقوف) فرزند، لڑکا۔

ضُوْء: (ض مفتوح / مضموم، و ساکن، ء موقوف) روشنی، ضیاء اور ضواء بھی اسی معنی میں ہے۔

ضَوَاء: (ض مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) روشن ہونا۔

ضَوْء: (ض مفتوح، و ساکن، ء موقوف) روشن ہونا۔

ضَہْیَاء: (ض مفتوح، ہ ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ایک درخت کا نام ہے، وہ عورت جسے حیض نہ آئے، وہ عورت جسے دودھ نہ اترے۔

ضِیَاء: (ض مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) روشنی، ضُوا بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

﴿فصل الضاد مع الباء﴾

ضَبّ: (ض مفتوح، ب مشدد موقوف) زمین پر چپکنا، بھرا ہوا، پہلو کا گوشت سے بھر جانا، خون اور منہ کے پانی کا بہنا، پورے ہاتھ سے دوہنا، کسی جگہ گوہ کا زیادہ ہونا، گوہ، خشم، کینہ، کسی چیز کو جمع کرنا، خاموش رہنا، ضِبّ بھی اسی معنی میں ہے، کہنی کی سوجن، اونٹ کے کمر کی سوجن، ایک بیماری جو اونٹ کے سینے میں ہوتی ہے، ہونٹ میں ہونے والی بیماری جس کی وجہ سے ہونٹ سے خون بہتا ہے، کھجور کا شگوفہ، ضِباب جمع ہے۔

ضَبِیْب: (ض مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پانی اور خون کا بہنا۔

ضَبَبْ: (ض مفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) اونٹ کے سینے اور قدم کا درد۔

ضَبَاب: (ض مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ہلکے بادل، شبنم کے مانند گرنے والی نمی، ضبابۃ واحد ہے۔

ضَرْب: (ض مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) مارنا، بیان کرنا، کسی چیز میں کسی چیز کو ملانا، تیز چلنا، سلانا، تیرنا، روزی طلب کرنے کے لیے زمین میں منتشر ہونا، شریک کار، کم گوشت والا، ہلکی بارش، مانند، ہر چیز کی قسم، سفید شہد، ضَرَب را کے فتحہ کے ساتھ زیادہ مشہور ہے، نظم کا آخری شعر۔

ضَرِیْب: (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) مثل، مانند۔

ضِرَاب: (ض مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) کسی کے ساتھ تلوار چلانا، نر کا مادہ پر چڑھنا۔

ضَارِبْ: (ض مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ب موقوف) درخت سے بھری ہوئی نشیبی زمین، اندھیری رات، دوہنے والے کو لات مارنے والی اونٹنی، وادی میں کشادہ زمین، مارنے والا، چلنے والا۔

﴿فصل الضاد مع التاء﴾

ضَبَابَۃٌ: (ض مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ہلکا بادل جو زمین پر شبنم کی طرح ہلکی بارش کرے۔

ضَبَّۃٌ: (ض مفتوح، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک مرد کا نام، کیل کا لوہا۔

ضَجْرَۃٌ: (ض مفتوح، ج ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) دل تنگی، غم۔

ضَجْعَۃٌ: (ض مفتوح، ج ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) خواب، نیند۔

ضُجْعَۃٌ: (ض مضموم، ج ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) رائے میں سستی، ضُجَعَۃ بھی اس معنی میں آیا ہے، بیماری، پہلو کے بل سونا۔

ضِجْعَۃٌ: (ض مکسور، ج ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) سستی، پہلو پر سونے کی ایک قسم، اِضطجاع کی کیفیت، کروٹ سونے کی کیفیت۔

ضَجَعَۃٌ: (ض مفتوح، ج مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) پہلو پر سونا۔

ضُجَعَۃ: (ض مضموم، ج مفتوح، ع ساکن، ۃ موقوف) بہت سونے والا، گھر کا نوکر جو کبھی گھر سے باہر نہ نکلے۔

ضَجَّۃٌ: (ض مفتوح، ج مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آواز۔

ضَحْوَۃٌ: (ض مفتوح، ح ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) چاشت کا وقت۔

ضَحْکَۃٌ: (ض مفتوح، ح ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) یکبارگی ہنسنا۔

ضُحْکَۃٌ: (ض مضموم، ح ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں۔

ضُحَکَۃٌ: (ض مضموم، ح مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) لوگوں پر زیادہ ہنسنے والا۔

ضَاحِکَۃٌ: (ض مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ک مفتوح، ۃ موقوف) ہنسنے والی عورت، ہنسنے کے وقت ظاہر ہونے والے دانت۔

ضَخَامَۃٌ: (ض مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) موٹے اور بھاری جسم والا ہونا۔

ضَرَارَۃٌ: (ض مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) اندھا ہونا۔

ضَرَاعَۃٌ: (ض مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ذلت و رسوائی ظاہر کرنا۔

ضَرِیْبَۃٌ: (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) طبیعت، تلوار کی دھار، عادت، تلوار، تلوار کی تیزی، تلوار سے مارا ہوا، اون کی پونی کاتنے کے لیے درست کیے ہوئے بال اور روئی۔

ضَرَّۃٌ: (ض مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سوت، ایک مرد کی دو عورتیں، فارسی میں ایباغ اور وسنی کہتے ہیں، ہر ایک کو دوسرے کی سوکن کہتے ہیں، زیادہ مال، نر کی انگلیوں کی جڑ کا گوشت، پستان اور ہتھیلی کی کھال، پستان کی جڑ، تنگ دستی، تکلیف، چکی کا ایک پتھر، چکی کے دونوں پتھروں کو ضرتان کہتے ہیں، سال، گھوڑوں اور اونٹوں کا حصہ۔

ضَرُوْرَۃٌ: (ض مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) حاجت، ضرورت۔

ضَرَاوَۃٌ: (ض مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) عادی ہونا، عادت بنانا۔

ضَغَنَۃٌ: (ض مفتوح، غ مفتوح، ۃ موقوف) رکھنا، کینہ ہونا۔

ضَغْطَۃٌ: (ض مفتوح، غ ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار نچوڑنا، ضَغْطَۃُ القبر قبر کا دبانا۔

ضُغْطَۃٌ: (ض مضموم، غ ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) سختی، تکلیف، تنگی، دباؤ۔

ضَبْغَاطَۃٌ: (ض مفتوح، ب ساکن، غ مفتوح، ا ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) سست رائے اور کمزور عقل والا ہونا۔

ضَغِیْنَۃٌ: (ض مفتوح، غ مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) کینہ۔

ضَفِیْرَۃٌ: (ض مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) لپٹے ہوئے بال، سر پر جمع کیے ہوئے بال (چوٹی)

ضَفْوَۃٌ: (ض مفتوح، ف ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) زیادتی، مکمل، کامل۔

ضِفَّۃٌ: (ض مکسور، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) نہر اور دریا کا کنارہ۔

ضَلَالَۃٌ: (ض مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) گمراہی۔

ضَالَّۃٌ: (ض مفتوح، ا ساکن، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کھوئی ہوئی چیز۔

ضَلَاعَۃٌ: (ض مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) مضبوط

ہاتھ اور مضبوط پہلو والا ہونا۔

ضِمَادَۃٌ: (ض مکسور، م مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) کپڑے کی وہ پٹی جو زخم پر دوا رکھ کر باندھتے ہیں۔

ضِنَّۃٌ: (ض مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کھجور کا درخت، پانچ قبیلوں کا نام ہے۔

ضَہْوَۃٌ: (ض مفتوح، ہ ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) پانی کا حوض۔

ضَیْقَۃٌ: (ض مفتوح رمکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) تنگدستی، درویشی، بدحالی، ضِیَق جمع ہے، چاند کی منزلوں میں ایک منزل کا نام، طائف اور حنین کے درمیان ایک جگہ کا نام۔

ضِیَافَۃٌ: (ض مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) مہمانی کے لیے کسی کے پاس جانا۔

ضَیْعَۃٌ: (ض مفتوح، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) ضائع اور ہلاک ہونا، کھیتی کی زمین، تجارت، حرفہ، پیشہ، جائداد، گاؤں، صنعت۔

﴿فصل الضاد مع الثاء﴾

ضَبْث: (ض مفتوح، ب ساکن، ث موقوف) سختی سے کسی چیز کو پکڑنا۔

ضَغْث: (ض مفتوح، غ ساکن، ث موقوف) بات میں بات ملانا، اونٹ کی کوہان کو ہاتھ سے ملنا،

ضِغْث: (ض مکسور، غ ساکن، ث موقوف) خشک اور تر گھاس کا ایک مٹھا، اَضْغَاث جمع ہے، اَضْغَاثُ اَحْلَام پریشان خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جاسکے۔

﴿فصل الضاد مع الجیم﴾

ضَجّ: (ض مفتوح، ج مشدد موقوف) آواز دینا۔

ضَجِیج: (ض مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ج موقوف) آواز کرنا۔

ضَجَاج: (ض مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) آواز، چھلکا، علاج، ایک مہرہ ہے۔

ضِجَاج: (ض مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) ایک دوسرے کو آواز دینا۔

ضَجُوج۔ ضَجِیج: (ض مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ج موقوف) (ض مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ج موقوف) دوہنے اور بوجھ لادنے کے وقت چیخنے والی اونٹنی۔

ضَرْج: (ض مفتوح، ر ساکن، ج موقوف) پھاڑنا، جمع کرنا، آلودہ کرنا۔

ضَرِیج: (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ج موقوف) سخت۔

ضَارِج: (ض مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ج موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

ضَمْج: (ض مفتوح، م ساکن، ج موقوف) ایک بدبودار جانور۔

ضَمَج: (ض مفتوح، م مفتوح، ج موقوف) انبہ اور دوسرے امراض کا ہیجان۔

ضَوْج: (ض مفتوح، و ساکن، ج موقوف) وادی کا پیچ (موڑ)، اَضْوَاج جمع ہے، تیر کا نشانے سے خطا کرنا، کشادہ ہونا۔

ضَیْج: (ض مفتوح، ی ساکن، ج موقوف) جھکنا، برگشتہ ہونا، الگ ہونا، پھر جانا، ضَیَجَان اسی معنی میں ہے۔

﴿فصل الضاد مع الحاء﴾

ضَبْح: (ض مفتوح، ب ساکن، ح موقوف) دوڑنے کے وقت گھوڑے کے سانس کی آواز، گھوڑے کا اپنی سانس کی آواز سنانا، گھوڑے کے دوڑنے کی ایک قسم، آفتاب یا آگ کا کسی چیز کو کچھ متغیر کرنا۔

ضِبْح: (ض مکسور، ب ساکن، ح موقوف) راکھ، ضَبْح بھی پڑھا جاتا ہے۔

ضُبَاح: (ض مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) لومڑی کی آواز، ایک جگہ کا نام ہے۔

ضَحْضَاح: (ض مفتوح، ح ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) اچھا، روشن، نیک، چھوٹا کپڑا جو آدمی پنڈلی اور ٹخنے تک پہنچے۔

ضِحّ: (ض مکسور، ح مشدد موقوف) سورج اور اس کی روشنی، صحرا کی بے گیاہ زمین جس پر آفتاب کی تیز دھوپ پڑتی ہے۔

ضَرْح: (ض مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) دور کرنا، کسی کی گواہی پر

جرح کرنا اور اس کو خود سے دور کرنا، رہائی دینا، میت (مردے) کے لیے قبر کھودنا۔

ضَرَحْ: (ض مفتوح، ر مفتوح، ح موقوف) برا آدمی، بری نیت، درد، چوپائے کا لات مارنا۔

ضِرَاحْ: (ض مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) لات مارنا۔

ضُرَاحْ: (ض مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بیت المعمور جو چوتھے آسمان پر فرشتوں کا قبلہ ہے۔

ضَرِیْحْ: (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) دور، قبر یا وہ گڑھا جو قبر کے اندر مردے کو لٹانے کے لیے کھودیں، لحد وہ گڑھا ہے جو اندرون قبر بغل میں مردہ کو لٹانے کے لیے کھودیں۔

ضَرُوْحْ: (ض مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ح موقوف) لات مارنے والا چوپایہ، ہاتھ پاؤں چلانے والا گھوڑا، کڑی کمان جو تیر کو دور تک پھینکے۔

ضَیْحْ: (ض مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) پانی میں دودھ ملانا، شہد، پکا ہوا شوربا، پانی ملا ہوا تھوڑا دودھ، ضَیح ضِیح کا مرادف جس کا معنی گذر گیا۔

ضِیْحْ: (ض مکسور، ی ساکن، ح موقوف) ضَح کا مرادف ہے، آفتاب کی روشنی۔

ضَیَاحْ: (ض مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) پانی ملا ہوا تھوڑا دودھ۔

ضَیَّاحْ: (ض مفتوح، ی مشدد مفتوح، ح موقوف) ایک آدمی کا نام ہے۔

﴿فصل الضاد مع الخاء﴾

ضَخّ: (ض مفتوح، خ مشدد موقوف) اشک، آنسو، پانی کا ٹپکنا، پیشاب کرنا۔

ضَمَخْ: (ض مفتوح، م مفتوح، خ موقوف) جسم پر اتنی خوشبو جو ٹپکے۔

﴿فصل الضاد مع الدال﴾

ضَادْ: (ض مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ضاد حرف تہجی جو زبان عرب کے ساتھ خاص ہے دوسری زبانوں میں نہیں پایا جاتا۔

ضَأْدْ: (ض مفتوح، أ ساکن، د موقوف) دشمنی کرنا، عورت کی شرم گاہ۔

ضُؤْدْ: (ض مضموم، ؤ مضموم ساکن، د موقوف) زکام ہونا۔

ضُؤَادْ: (ض مضموم، ؤ مفتوح، ا ساکن، د موقوف) زکام ہونا۔

ضَبْدْ: (ض مفتوح، ب ساکن، د موقوف) سوکھی اور گیلی چیز کو آپس میں ملانا، خام ترش کھجور۔

ضَبَدْ: (ض مفتوح، ب مفتوح، د موقوف) غصہ۔

ضَدّ: (ض مفتوح، د مشدد موقوف) مشک وغیرہ بھرنا، جھگڑے میں کسی پر غالب آنا، کسی سے کسی چیز کو واپس لینا۔

ضِدّ: (ض مکسور، د مشدد موقوف) مانند، مخالف، جمع اور مفرد دونوں آیا ہے۔

ضَدِیْدْ: (ض مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) مثل، مخالف۔

ضَعْدْ: (ض مفتوح، ع ساکن، د موقوف) گلا گھونٹنا، گردن مروڑنا۔

ضَفْدْ: (ض مفتوح، ف ساکن، د موقوف) کسی کو ہاتھ کی ہتھیلی سے مارنا، کسی کو تھپڑ مارنا۔

ضَمْدْ: (ض مفتوح، م ساکن، د موقوف) کسی کے سر پر لاٹھی مارنا، زخم پر مرہم باندھنا، عورت کا کسی کو دوستی میں شریک کرنا، کسی کے ساتھ برابری کرنا، ضَمَدْ بھی اسی معنی میں آیا ہے، خشک وتر، موٹا، کمزور، اچھی بکریاں، خراب بکریاں۔

ضِمْدْ: (ض مکسور، م ساکن، د موقوف) دوست۔

ضَمَدْ: (ض مفتوح، م مفتوح، د موقوف) خشک ہونا، دشمنی کرنا، قرض اور دیت کا بقیہ حصہ۔

ضِمَادْ: (ض مکسور، م مفتوح، ا ساکن، د موقوف) زخم پر کچھ باندھنا، وہ چیز جو زخم پر باندھی جائے، ایک درخت کا نام جسے عُرْفُج بھی کہتے ہیں۔

ضَهْدْ: (ض مفتوح، ہ ساکن، د موقوف) قہر کرنا۔

﴿فصل الضاد مع الراء﴾

ضِبْرْ: (ض مکسور، ب ساکن، ر موقوف) بغل۔

ضِبِرّ: (ض مکسور ب مکسور، ر مشدد موقوف) کودنے والا گھوڑا، شیر درندہ۔

ضَبر : (ض مفتوح، ب ساکن، ر موقوف) غازیوں کا گروہ، جنگلی انار جنگلی چہار مغز کا درخت، چہار مغز، اخروٹ، ضبز بھی اسی معنی میں آیا ہے، لکڑی سے بنی ہوئی چیز جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہوتا ہے جس کے اندر داخل ہو کر جنگ کے لیے قلعے کے قریب پہنچتے ہیں، کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا، پتھر، ڈھیر کرنا۔

ضُبّار : (ض مضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) درخت بلوط کے مانند ایک درخت۔

ضَبّار : (ض مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک لہار کا نام ہے۔

ضَبُور : (ض مفتوح، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) شیر درندہ۔

ضَجر : (ض مفتوح، ج ساکن، ر موقوف) تنگ جگہ، ضجز بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

ضَجَر : (ض مفتوح، ج مفتوح، ر موقوف) غم کی وجہ سے بے چین اور دل تنگ ہونا، دل کا بے قرار ہونا، دوہنے کے وقت اونٹنی کا چلانا۔

ضَجِر : (ض مفتوح، ج مکسور، ر موقوف) غمگین۔

ضَجُور : (ض مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ر موقوف) غمگین، آزردہ، دوہنے کے وقت آواز دینے والی اونٹنی۔

ضُرّ : (ض مفتوح رمضموم، ر مشدد موقوف) گزند، تکلیف، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ ضُر تکلیف پہنچانا۔

ضُرّ : (ض مضموم، ر مشدد موقوف) گزند، سختی، بدحالی، کمزوری، نقصان، ایک پانی کا نام ہے۔

ضِرّ : (ض مکسور رمضموم، ر مشدد موقوف) ایک بیوی کے ہوتے ہوئے دوسری بیوی لانا، سوکن لانا۔

ضَرَر : (ض مفتوح، ر مفتوح، ر موقوف) نقصان، تکلیف، تنگی، غار کا تنگ کنارہ۔

ضَرِیر : (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) نابینا، اندھا، بیمار، کمزور، وہ شخص جسے ضرر پہنچا ہو، وادی کا کنارہ، سرا، نفس، بچا ہوا بدن، صبر، رشک، غیرت، صابر مرد، ساکن چوپایہ، ایک دانشور کا لقب ہے جو کتاب ضریری کے مصنف کا دادا ہے، اس کو بھی ضریری کہتے ہیں۔

ضِرَار : (ض مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک دوسرے کو تکلیف پہنچانا، چند صحابہ کا نام ہے، مسجد ضرار وہ مسجد ہے جسے منافقوں نے بنایا تھا، خدا نے جس کو ڈھانے کا حکم دیا جیسا کہ قرآن میں مذکور ہے۔

ضَفر : (ض مفتوح، ف ساکن، ر موقوف) دوڑنا، کودنا، بال گوندھنا، رسی بٹنا، چوپایوں کی نواڑ بنانا، چوپائے کے منہ میں گھاس ڈالنا، وہ رسی جس سے اونٹ کو باندھیں، ریت کا ٹیلا، پتھر کی وہ عمارت جو چونے اور گارے کے بغیر بنائی جائے، جمع کرنا، بالوں کو سمیٹنا، گوندھنا۔

ضَفِیر : (ض مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ر موقوف) دریا کا کنارہ، شام میں ایک پہاڑ کا نام ہے۔

ضَمر : (ض مفتوح، م ساکن، ر موقوف) پتلا دبلا، نازک اندام آدمی، باریک ابرو والا گھوڑا۔

ضُمُر : (ض مضموم، م مضموم ر ساکن، ر موقوف) کمزوری، پیٹ کا پیٹھ سے چپک جانا۔

ضَامِر : (ض مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ر موقوف) دبلا۔

ضَمِیر : (ض مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) پوشیدہ، دل میں چھپی ہوئی بات، عمان میں ایک شہر کا نام ہے۔

ضُمَیر : (ض مضموم، م مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) شام میں ایک پہاڑ، دمشق میں ایک جگہ کا نام۔

ضِمَار : (ض مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گیا ہوا مال جس کے ملنے کی امید نہ ہو، قرض اور ایسا وعدہ جس کے پورا ہونے کی امید نہ ہو اور اس کی جگہ اور وقت معلوم نہ ہو۔

ضَوْر : (ض مفتوح، و ساکن، ر موقوف) بہت بھوک۔

ضُوْر : (ض مضموم، و ساکن، ر موقوف) کالا بادل، تکلیف پہنچانا۔

ضَہر: (ض مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) پچھوا، پہاڑ کی چوٹی۔
ضَیر: (ض مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) تکلیف، نقصان۔

﴿فصل الضاد مع الزاء﴾

ضَأز: (ض مفتوح، اَ ساکن، ز موقوف) کسی کے حق کو گھٹا دینا، ظلم کرنا۔
ضَمز: (ض مفتوح، م ساکن، ز موقوف) چپ رہنا، خاموش رہنا، کسی چیز سے چپک جانا۔
ضَامِز: (ض مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ز موقوف) خاموش، آہستہ، وہ اونٹ جس کے منہ سے بلبلانے کی آواز نہ آئے۔
ضَوز: (ض مفتوح، و ساکن، ز موقوف) کھجور چبانا، فیصلے میں ظلم کرنا، حق کو کم کر دینا۔
ضَیز: (ض مفتوح، ی ساکن، ز موقوف) ضَأز کا مرادف ہے، ظلم کرنا۔

﴿فصل الضاد مع السین﴾

ضَبَس: (ض مفتوح، ب مفتوح، س موقوف) سخت عادت والا ہونا، سست ہونا۔
ضَبِس: (ض مفتوح، ب مکسور، س موقوف) سخت مزاج، کند ذہن۔
ضِرس: (ض مکسور، ر ساکن، س موقوف) دانت، اَضرُس اور ضُرُوس جمع ہے، نماز میں زیادہ دیر تک کھڑا ہونا، چراگاہ، اونٹ کی چراگاہ، وہ پتھر جن سے کنویں کی مینڈھ بنائیں، سخت ٹیلا، تھوڑی بارش، ضُرُوس جمع ہے۔
ضَرس: (ض مفتوح، ر ساکن، س موقوف) تیز کاٹنا، دانت سے لکڑی کی نرمی اور سختی کا اندازہ کرنا، کسی پر زمانے کا سخت ہونا، رات تک خاموش رہنا۔
ضَرَس: (ض مفتوح، ر مفتوح، س موقوف) ترشی، ترشی کی وجہ سے دانت کا کند ہونا۔
ضَرِس: (ض مفتوح، ر مکسور، س موقوف) بری عادت والا، بھوک کی وجہ سے غصہ ہونا۔
ضَرُوس: (ض مفتوح، ر مضموم، و ساکن، س موقوف) کاٹنے والا، وہ اونٹنی جو نوزائیدگی کے وقت دودھ دوہنے والے کو کاٹے۔
ضُرُوس: (ض مضموم، ر مضموم، و ساکن، س موقوف) کنویں۔
ضَرِیس: (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، س موقوف) پتھر کا من بنا ہوا کنواں، ریڑھ کی ہڈیاں، بہت بھوکا۔
ضُغبُوس: (ض مضموم، غ ساکن، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) کھیرا، ککڑی، کمزور مرد، بادرنگ، عیار رفتار گھوڑا۔
ضَمس: (ض مفتوح، م ساکن، س موقوف) آہستہ آہستہ چبانا، پوشیدہ۔
ضَبُوس: (ض مفتوح، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) کھانا کھانا۔
ضَہس: (ض مفتوح، ہ ساکن، س موقوف) منہ کے اگلے حصے سے کاٹنا۔

﴿فصل الضاد مع الطاء﴾

ضَأط: (ض مفتوح، ا مفتوح، ط موقوف) کندھے اور جسم کو ہلانا۔
ضَبط: (ض مفتوح، ب ساکن، ط موقوف) ہوش کے ساتھ خوب حفاظت کرنا۔
ضَبط: (ض مفتوح، ب ساکن، ط موقوف) دونوں ہاتھ سے کام کرنا، اسی لیے اَضبَط اس شخص کو کہتے ہیں جو یکساں طور پر دونوں ہاتھ سے کام کرے۔
ضَابِط: (ض مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ط موقوف) ہوش اور احتیاط کے ساتھ حفاظت کرنے والا۔
ضَرِط: (ض مفتوح، ر مکسور، ط موقوف) گوز کرنا (پادنا)۔
ضَرَط: (ض مفتوح، ر مفتوح، ط موقوف) ہلکی داڑھی اور باریک ابرو والا۔
ضُرَاط: (ض مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) گوز کرنے والا، گوز۔
ضَرَّاط: (ض مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) زیادہ گوز کرنے والا (پادنے والا)۔
ضَعط: (ض مفتوح، ع ساکن، ط موقوف) گلا کاٹنا۔
ضُغط: (ض مضموم، غ ساکن، ط موقوف) تنگی، جبر، سختی۔
ضَاغِط: (ض مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ط موقوف) نگہبان، امانت دار،

امین، کشادگی، گوشت کی زیادتی سے اونٹ اور گوہ کی بغل کا پھٹنا، دبو چنے والا، نچوڑنے والا۔

ضَغِیط: (ض مفتوح، غ مکسور، ی ساکن، ط موقوف) عمدہ پانی والے کنویں کی بغل میں گندا کنواں بنانا تا کہ اس کنویں کا پانی بدبو دار اور بدمزہ ہو جائے، کمزور رائے، کم عقل والا۔

ضَاغُوط: (ض مفتوح، ا ساکن، غ مضموم، و ساکن، ط موقوف) کابوس جس کو عبدالجنہ بھی کہتے ہیں، ایک قسم کی بیماری۔

﴿فصل الضاد مع العین﴾

ضَبْع: (ض مفتوح، ب ساکن، ع موقوف) بازو یا بازو کا بیچ یا بغل، سخاوت کرنا، بخشش کرنا، کسی کا حصہ دوسرے کو دینا، ظلم کرنا، مارنے کے لیے ہاتھ بڑھانا، دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا، تلوار کے ساتھ ہاتھ بڑھانا، جانوروں کا چلنے میں بازوؤں کو پھیلانا، صلح کی طرف مائل ہونا، کسی چیز کو تقسیم کرنا، اونٹ کا تیز دوڑنا اور بازو کو حرکت دینا۔

ضُبْع: (ض مضموم، ب ساکن، ع موقوف) کنارہ، جانب، ضُبْع بھی اسی معنی میں ہے۔

ضَبُع: (ض مفتوح، ب مضموم، ع موقوف) قحط کا سال، ایک جگہ کا نام، تیندوا، ڈائن، ضُبْع بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

ضُبُوع۔ضَبَعَان: (ض مضموم، ب مضموم، و ساکن، ع موقوف) (ض مفتوح، ب مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چلنے میں چوپائے کا اپنے بازوؤں کو پھیلانا۔

ضِبَاع: (ض مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بہت پیچھے رہنے والے ستارے، تیندوے، بنات النعش۔

ضَجْع: (ض مفتوح، ج ساکن، ع موقوف) پہلو پر سونا، زمین پر پہلو رکھنا، صابون، ایک گھاس کا نام ہے جس سے کپڑے دھوتے ہیں۔

ضِجَع: (ض مکسور، ج مفتوح، ع موقوف) ایک موضع کا نام ہے۔

ضُجُوع: (ض مضموم، ج مضموم، و ساکن، ع موقوف) زمین پر پہلو رکھنا، بنی عامر کا ایک قبیلہ۔

ضَجُوع: (ض مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ع موقوف) وہ بھاری مشک جسے اٹھانے والا جھک جائے سیدھا نہ چل سکے، قبیلۂ بنی بکر کی وسیع زمین، کشادہ ڈول، شوہر سے اختلاف کرنے والی عورت، کمزور رائے والا، زیادہ پانی کی وجہ سے آہستہ چلنے والا بادل، چراگاہ کے کنارے پر چرنے والی اونٹنی۔

ضَجِیع: (ض مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ع موقوف) ساتھ سونے والا۔

ضَاجِع: (ض مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ع موقوف) ایک وادی کا نام ہے، بیوقوف، غروب ہونے کے لیے مائل ہونے والا ستارہ۔

ضَرْع: (ض مفتوح، ر ساکن، ع موقوف) اونٹنی، گائے، بکری کا تھن یا یہ کہ ضرع مخصوص ہے گائے اور بکری کے پستان کے لیے، اونٹنی کے پستان کو خلف کہتے ہیں۔

ضِرْع: (ض مکسور، ر ساکن، ع موقوف) مانند مدی کی مضبوطی۔

ضَرَع: (ض مفتوح، ر مفتوح، ع موقوف) سست اور کمزور، گھوڑے کا بچہ جو دوڑنے کی طاقت نہ رکھتا ہو، کم سن چیز، ذلیل، کمزور ہونا، کمزور جسم۔

ضَرِع: (ض مفتوح، ر مکسور، ع موقوف) ذلیل، برا، کمزور۔

ضَارِع: (ض مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ع موقوف) کمزور، ناتواں، ہر چیز کا چھوٹا حصہ، کم سن۔

ضُرُوع: (ض مضموم، ر مضموم، و ساکن، ع موقوف) جانور کا قریب ہونا، زندہ چیز، سورج کا ڈوبنے کے وقت نیچے جانا،

ضَرِیع: (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ع موقوف) ایک گھاس ہے جس کی انتہائی بدمزگی اور زہریلے پن کی وجہ سے چوپایہ اس کے قریب نہیں جاتا اور اسے شبرق بھی کہتے ہیں یا اس کے خشک کو ضریع اور تازہ کو شبرق کہتے ہیں یا وہ گھاس جو گندے پانی پر اگے یا وہ گھاس جسے دریا بہا کر کنارے لگاتا ہے یا جہنم میں کوئی چیز ہے جو آگ سے زیادہ گرم اور ایلوے سے زیادہ تلخ اور مردار سے زیادہ بدبودار ہے، یہی جہنمیوں کا کھانا ہوگا۔

ضَعْضَاع۔ ضَعْضَع: (ض مفتوح، ع ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) (ض مفتوح، ع ساکن، ض مفتوح، ع موقوف) ہر کمزور اور سست چیز، بغیر رائے اور تدبیر والا آدمی۔

ضِفْدِع: (ض مکسور، ف ساکن، د مکسور، ع موقوف)

ضُفْدِع: (ض مکسور/مضموم، ف ساکن، د مکسور، ع موقوف) مچی جسے غوک اور بجز بھی کہتے ہیں، مینڈک۔

ضِفْدِع: (ض مکسور، ف ساکن، د مکسور، ع موقوف) وہ ہڈی جو گھوڑے کے کھر کے بیچ میں ہوتی ہے۔

ضَلْع: (ض مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) جھکنا، ظلم کرنا، کسی کے پہلو میں مارنا، جھکاؤ، دوستی۔

ضِلْع: (ض مکسور، ل ساکن، ع موقوف) پہلو کی ہڈی، ضِلَع بھی اس معنی میں ہے، ضُلوع و اَضلاع جمع ہے۔

ضَلَع: (ض مفتوح، ل مفتوح، ع موقوف) ٹیڑھا، خلقت میں ٹیڑھا ہونا، تلوار وغیرہ کا ٹیڑھا ہونا، ضِلَع بھی اس معنی میں ہے، توانائی، بھاری بوجھ اٹھانا، مہنگا ہونا۔

ضِلَع: (ض مکسور، ل مفتوح، ع موقوف) چھوٹا اور جداگانہ پہاڑ، طائف میں ایک جگہ کا نام ہے، پسلی کی ہڈی کی طرح ٹیڑھی لکڑی۔

ضَالِع: (ض مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ع موقوف) مائل ہونے والا، ظلم کرنے والا۔

ضَلِيع: (ض مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ع موقوف) ٹیڑھا، کج، مضبوط بازوؤں والا، وہ شخص جس کے پہلو کی ہڈیاں مضبوط ہوں، بڑی سرین، لمبے عضو تناسل، لمبی کمر، کشادہ دہن اور بڑے دانتوں والا کامل الخلقت گھوڑا، وہ کمان جس کی لکڑی میں کجی ہو۔

ضَوْع: (ض مفتوح، و ساکن، ع موقوف) حرکت دینا، ہلانا، بے چین کرنا، ڈرانا، دوڑانا، ہانکنا، سفر کی وجہ سے چوپائے کا کمزور ہونا، پرندے کا اپنے بچے کو کھلانا، ہوا کا شاخ کو ہلانا، مشک وغیرہ کا ہلنا، مشک کی خوشبو پھیلنا، نیز بدبو کا پھیلنا۔

ضُوِع: (ض مضموم، و مکسور، ع موقوف)

ضِوَع: (ض مکسور، و مفتوح، ع موقوف) رات کے وقت اڑنے والوں میں سے ایک پرندہ یا ایک پرندے کا نام ہے جسے کروان کہتے ہیں یا نرالو یا کوے کی طرح چھوٹا پرندہ جس کی آواز عمدہ ہوتی ہے، کویل، بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ کوے کی ایک قسم ہے جو رات بھر آواز دیتا ہے اسے چوکک کہتے ہیں، الو۔

ضُوَاع: (ض مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ضوع پرندے کی آواز، نرالو کی آواز۔

ضَوَائِع: (ض مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ع موقوف) ضائع کی جمع ہے، ٹیلے، ایک جگہ کا نام ہے۔

ضَيْع: (ض مفتوح/مکسور، ی ساکن، ع موقوف) ضائع اور ہلاک ہونا۔

ضِيَع: (ض مکسور، ی مفتوح، ع موقوف) ضَيعة کی جمع ہے، تجارت، حرفت، پیشہ، زمین جس میں غلہ پیدا ہو۔

ضَيَاع: (ض مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ہلاک ہونا، عیال، وہ شخص جو عقیدہ نہ رکھتا ہو، خوشبو کی ایک قسم۔

ضِيَاع: (ض مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ضائع و ضَيعة کی جمع ہے۔

﴿فصل الضاد مع الفاء﴾

ضُعْف: (ض مفتوح/مضموم، ع ساکن، ف موقوف) سستی، کمزوری، قوت کی ضد ہے۔

ضَعْف: (ض مفتوح، ع ساکن، ف موقوف) کم عقلی، عقل کا نقصان۔

ضُعْف: (ض مضموم، ع ساکن، ف موقوف) کمزوری، جسم کی سستی

ضِعْف: (ض مکسور، ع ساکن، ف موقوف) مثل، یکساں، دو برابر چیزیں، دو چند سے زیادہ، دوگنا، کئی گنا۔

ضَعَف: (ض مفتوح، ع مفتوح، ف موقوف) تہہ کیے ہوئے کپڑے۔

ضَعِيف: (ض مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ف موقوف) سست، کمزور، ماندہ حال۔

ضَفَف: (ض مفتوح، ف مفتوح، ف موقوف) اولاد کی کثرت، کھانے پر

ہاتھوں کی کثرت، لوگوں کے ساتھ کھانا کھانا، تنگدستی، ضرورت، عجلت، پانی پر لوگوں کی بھیڑ، پیمانے کا بھرنے کے قریب ہونا، جلد بازی کرنا۔

ضَفّ: (ض مفتوح، ف مشدد موقوف) پوری ہتھیلی سے اونٹنی دوہنا، زور سے دوہنا۔

ضَفُوف: (ض مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) زیادہ دودھ والی اونٹنی جسے دونوں ہاتھ لگائے بغیر نہ دوہا جا سکے۔

ضُفُوف: (ض مضموم، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) کاٹنے والا جانور۔

ضَیف: (ض مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) مہمان، مہمانان، جمع و مفرد دونوں آیا ہے، کسی کی مہمان نوازی کرنا، سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا، تیر کا نشانے کے ایک طرف سے نکل جانا، غم لاحق ہونا۔

ضِیف: (ض مکسور، ی ساکن، ف موقوف) پہلو۔

﴿فصل الضاد مع القاف﴾

ضَیْق: (ض مفتوح رمکسور، ی ساکن، ق موقوف) تنگ، تنگی، تنگ ہونا۔

ضِیق: (ض مکسور، ی ساکن، ق موقوف) تنگی، بعض لوگوں کے نزدیک ضَیق بالفتح کے معنی تنگی، دل اور سینہ کی تنگی۔

ضِیق: (ض مکسور، ی ساکن، ق موقوف) گھر کے دروازے اور کپڑے کی تنگی۔

ضَیِّق: (ض مفتوح، ی مشدد مکسور، ق موقوف) بخیل، تنگ دل۔

﴿فصل الضاد مع الکاف﴾

ضِحک: (ض مفتوح رمکسور، ح ساکن، ک موقوف) ہنسنا۔

ضُحک: (ض مفتوح رمکسور رمضموم، ح ساکن، ک موقوف) ہنسنا۔

ضَحِک: (ض مفتوح، ح مکسور، ک موقوف) ہنسنا۔

ضَحک: (ض مفتوح، ح ساکن، ک موقوف) کلی، برف، مکھن، شہد، تعجب، سفید دانت، راستے کا بیچ۔

ضَحَک: (ض مفتوح، ح مفتوح، ک موقوف) عورت کا حائضہ ہونا، کسی چیز پر تعجب کرنا، ڈرنا، بادل سے بجلی کا چمکنا، بندر کا آواز کرنا۔

ضَاحِک: (ض مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ک موقوف) ہنسنے والا، بادل، بجلی، بہت سفید پتھر جو پہاڑ میں نمایاں ہو۔

ضَحُوک: (ض مفتوح، ح مضموم، و ساکن، ک موقوف) زیادہ ہنسنے والا، ظاہر اور کھلا راستہ۔

ضَحّاک: (ض مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) بہت ہنسنے والا، روشن اور آشکار راستہ، عرب کا ایک بادشاہ جو شداد کا بھانجا تھا جس نے دنیا کو فتح کیا، اس معنی میں دہ آک کا معرب ہے، یعنی دہ عیب بود یعنی دس عیب والا تھا، اس لقب سے ملقب ہوا، عربوں نے دہ آک کو بدل کر ضحاک کر دیا، صاحب قاموس کہتے ہیں اس کی ماں جنیہ تھی اس لیے وہ جن سے ملحق ہوا۔

ضَرِیک: (ض مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ک موقوف) بدحال فقیر، محتاج، اندھا، نابینا، مرد، بے وقوف، ضَرائک جمع ہے۔

ضُرَاک: (ض مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) شیر درندہ، بہت گاڑھا۔

ضَوَاحِک: (ض مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ک موقوف) ہنسنے کے وقت ظاہر ہونے والے دانت، انیاب و اضراس کے درمیان چار دانت۔

ضَکّ: (ض مفتوح، ک مشدد موقوف) نچوڑنا، دبانا، تنگ کرنا۔

ضَنک: (ض مفتوح، ن ساکن، ک موقوف) تنگ، ہر چیز میں تنگی۔

ضَنَاک: (ض مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) بدبودار کان والی عورت، ضُناک زکام، ضِناک بڑا درخت، بھاری سرین والا۔

ضَنِیک: (ض مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ک موقوف) معاشی تنگ حالی، کمزور عقل، کمزور بدن۔

﴿فصل الضاد مع اللام﴾

ضَئِیل: (ض مفتوح، ء مکسور، ی ساکن، ل موقوف) خَلِیل کے وزن پر، کمزور۔

ضَال: (ض مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) جنگلی بیری کا درخت۔

ضَالّ: (ض مفتوح، ا ساکن، ل مشدد موقوف) گمراہ۔

ضَحْل: (ض مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) تھوڑا پانی۔

ضَلَال: (ض مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) گمراہی، ضائع ہونا، ہلاک ہونا، گم ہونا، مغلوب ہونا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلَالٍ مُّبِیْن بے شک ہمارا باپ یوسف اور اس کے بھائی کی محبت میں مغلوب ہو گیا، قرآن میں ہے فَعَلْتُهَا اِذًا وَّ اَنَا مِنَ الضَّالِّیْن میں نے وہ کام کیا جب کہ مجھے راہ کی خبر نہ تھی (پ19ع5)

ضَلَلْ: (ض مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) گمراہی، پہاڑوں کے اندر بہنے والا پانی جس میں دھوپ نہ پڑے یا وہ پانی جو درختوں کے درمیان جاری ہو۔

ضَلُوْل: (ض مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) گمراہ۔

ضَلِیْل: (ض مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) گمراہ، امراء القیس کا لقب ہے۔

ضِلِّیْل: (ض مکسور، ل مشدد مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بہت گمراہ۔

ضُلّ: (ض مضموم، ل مشدد موقوف) ضُلّ بن ضُلّ فساد، ضُلّ بن ضُلّ وہ شخص جو گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔

ضَہْل: (ض مفتوح، ہ ساکن، ل موقوف) تھوڑا پانی، مقابلے یا غلبہ کے لیے کسی کی طرف مڑنا۔

ضُہُوْل: (ض مضموم، ہ مضموم، و ساکن، ل موقوف) اونٹنی اور بکری کا کم دودھ والا ہونا، شراب کا کم ہونا، تھوڑی شراب، کسی کی طرف لوٹنا، کسی کے حق کو باطل اور ناقص کرنا۔

ضَہُوْل: (ض مفتوح، ہ مضموم، و ساکن، ل موقوف) تھوڑے پانی والا کنواں، کم دودھ والی اونٹنی اور بکری۔

﴿فصل الضاد مع المیم﴾

ضَحَم: (ض مفتوح، ح مفتوح، م موقوف) منہ اور گردن کی کجی۔

ضَخْم: (ض مفتوح، خ ساکن، م موقوف) ہر موٹی چیز، ضَخُم موٹا ہونا، کشادہ راستہ۔

ضَخَام: (ض مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بڑے جسم والا ہر بڑی چیز۔

ضِرَام: (ض مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے جن سے آگ جلائی جاتی ہے، فارسی میں اسے فروزینہ کہتے ہیں۔

ضِرْم: (ض مکسور/مضموم، ر ساکن، م موقوف) ایک خوشبودار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور اس کا شگوفہ کھجور کے شگوفہ کے مانند ہوتا ہے، بعض لوگوں نے کہا کہ یونانی میں اسے اسطوخودوس کہتے ہیں۔

ضَرْم: (ض مفتوح، ر ساکن، م موقوف) کسی چیز کی گرمی کا سخت ہونا، سخت بھوک، آگ روشن کرنا، آگ جلانا، بہت غصہ ہونا،

ضَرِم: (ض مفتوح، ر مکسور، م موقوف) بھوکا، عقاب کا بچہ، تیز رفتار گھوڑا،

ضَرَم: (ض مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) آدھی جلی ہوئی چیزیں ضرمۃ واحد ہے۔

ضِرْغَام: (ض مکسور، ر ساکن، غ مفتوح، ا ساکن، م موقوف)

ضِرْغَم: (ض مفتوح/مکسور، ر ساکن، غ مفتوح، م موقوف) شیر درندہ۔

ضَغَم: (ض مفتوح، غ مفتوح، م موقوف) کاٹنا، کسی چیز کو اس طرح کاٹنا کہ وہ نہ پھٹے۔

ضَمّ: (ض مفتوح، م مشدد موقوف) کسی چیز کے ساتھ کسی چیز کو ملانا، کلمہ بنی پر پیش کی حرکت۔

ضِمّ: (ض مکسور، م مشدد موقوف) سخت مصیبت، بعض لوگوں نے اس کی تصحیح صاد مہملہ سے کی ہے یعنی صِمّ۔

ضِمَام: (ض مکسور/مضموم، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وہ چیز جس میں دوسری چیزیں منسلک کریں (پروئیں) جیسے دھاگا وغیرہ۔

ضَمْضَام: (ض مفتوح، م ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وہ چیز جو دوسری چیز پر مشتمل ہو۔

ضَیْم: (ض مفتوح، ی ساکن، م موقوف) کسی کے حق کو نقصان پہنچانا، ظلم کرنا۔

ضِیْم: (ض مکسور، ی ساکن، م موقوف) کنارہ، پہاڑ کا کنارہ، ایک جگہ کا نام ہے۔

ضَیْغَم: (ض مفتوح، ی ساکن، غ مفتوح، م موقوف) کاٹنے والا، شیر درندہ۔

﴿فصل الضاد مع النون﴾

ضَأْن: (ض مفتوح، ء ساکن، ن موقوف) بھیڑ، دنبہ، ضِأن بھیڑ کے چمڑے کی بڑی مشک۔

ضَائِن: (ض مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ن موقوف) نر بھیڑ، جمع ضَان، ضَان وضائن بھی اس معنی میں ہے۔

ضِبْن: (ض مکسور، ب ساکن، ن موقوف) بغل اور پہلو کا درمیانی حصہ، فارسی میں اسے کش کہتے ہیں، پہلو کا اول ابط (بغل) ہے اس کے بعد ضِبن ہے اس کے بعد حضن ہے، وہ چیز جس کا کھودنا لوگوں کو تھکا دے۔

ضَبْن: (ض مفتوح، ب ساکن، ن موقوف) زمین کھود کر بہنے والا پانی جس میں زیادتی نہ ہو، ضبن بھی اس معنی میں ہے۔

ضَبِن: (ض مفتوح، ب مکسور، ن موقوف) بھی اسی معنی میں ہے۔

ضَبَن: (ض مفتوح، ب مفتوح، ن موقوف) نقصان۔

ضَبْعَان: (ض مفتوح، ب ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) نر بجو، ضبعانہ مادہ بجو کو کہتے ہیں، ضبعان چوپائے کا چلنے میں اگلے پاؤں کو لمبا کرنا۔

ضَجَن: (ض مفتوح، ج مفتوح، ن موقوف) ایک پہاڑ ہے۔

ضَحَن: (ض مفتوح، ح مفتوح، ن موقوف) ایک شہر کا نام ہے۔

ضِغْن: (ض مکسور، غ ساکن، ن موقوف) کینہ، دشمنی، اونٹ کی بغل، جانب، گود، شوق، میلان، کجی۔

ضَغَن: (ض مفتوح، غ مفتوح، ن موقوف) عداوت کرنا، جھکنا، آرام کرنا۔

ضَاغِن: (ض مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ن موقوف) وہ گھوڑا جب تک اسے کوڑا نہ ماریں تیز نہ دوڑے۔

ضَفْن: (ض مفتوح، ف ساکن، ن موقوف) اونٹ کا اگلے پاؤں کو زمین پر رکھنا، مینگنی گرانا، اونٹ پر چڑھنا، آنا، کسی گروہ کے پاس بیٹھنا، کسی کی سرین پر لات مارنا، دوہنے کے لیے اونٹنی کے پستان کو پنہانا (تھن کو نرم کرنا)، قضائے حاجت کرنا، نکاح کرنا۔

ضَمْرَان: (ض مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) نجد میں ایک وادی ہے، ایک نازک درخت، ایک خوشبودار گھاس، ضُمْرَان (ض مضموم) ایک کتے کا نام ہے۔

ضَمَان: (ض مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) قبول کرنا، کفیل ہونا، کفالت کرنا، حکن، کمزوری۔

ضَامِن۔ ضَمِیْن: (ض مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ن موقوف) (ض مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ذمے دار، کفیل۔

ضِمْن: (ض مکسور، م ساکن، ن موقوف) شکن، طور، کتاب۔

ضَمَن: (ض مفتوح، م مفتوح، ن موقوف) حکن، کسی جگہ جھک جانا۔

ضَمِن: (ض مفتوح، م مکسور، ن موقوف) پرانے مرض والا، کسی مرض میں مبتلا ہونے والا، عاشق، کسی جگہ جھک جانا۔

ضِنَّن: (ض مکسور، ب مشدد مفتوح، ن موقوف) کنجوسی کرنا۔

ضَنِیْن: (ض مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بخیل، کنجوس۔

ضَوْمُرَان۔ ضَیْمُرَان: (ض مفتوح، و ساکن، م مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) (ض مفتوح، ی ساکن، م مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ریحان کی ایک قسم ہے، نازبو، ریحان دشتی، ریحان فارسی کی ایک قسم ہے۔

ضَیْزَن: (ض مفتوح، ی ساکن، ز مفتوح، ن موقوف) محافظ، معتمد، اولادِ مرد کے عیال اور اس کے شرکاء، وہ شخص جو عورت کے معاملے میں باپ کو زحمت دے، وہ شخص جو پانی پینے کے وقت کنوئیں پر بھیڑ لگائے، بت۔

ضَیْوُن: (ض مفتوح، ی ساکن، و مضموم، ن موقوف) نر بلی، بلا۔

ضِیْن: (ض مکسور، ی ساکن، ن موقوف) صنعاء یمن میں ایک بڑے پہاڑ کا نام ہے۔

﴿فصل الضاد مع الواو﴾

ضَحْو: (ض مفتوح، ح ساکن، و موقوف) چاشت کا وقت۔

باب الطاء

فصل الطاء مع الالف

طَأطَاء: (ط مفتوح، اَساکن، ط مفتوح، اساکن، ء موقوف) سَلسَال کے وزن پر، پست زمین جس میں حوض ہو، جو چھپا ہو دکھائی نہ دے۔

طَبَاطَبَا: (طمفتوح، ب مفتوح، اساکن، طمفتوح، ب مفتوح، اموقوف) اسماعیل بن ابراہیم بن حسن بن علی رضوان اللہ علیہم کا لقب اس لیے کہ وہ قاف کو طا کہتے تھے یا اس لیے کہ لوگوں نے انھیں قبادی تو انہوں نے کہا طباطبا یعنی قبا قبا۔

طَرْفَاء: (ط مفتوح، رساکن، ف مفتوح، اساکن، ء موقوف) جھاؤ کا درخت، ایک قسم کا تیر۔

طَرْاَ۔طُرُّواَ: (طمفتوح، رساکن، ءموقوف)(طمضموم، رمضموم، وساکن، اَموقوف) کسی جگہ سے آنا۔

طَسَأَ: (طمفتوح، س مفتوح، اَموقوف) کھانے کا ہضم نہ ہونا، روغن اور چربی سے متنفر ہونا، طسنأ کا یہی معنی ہے۔

طَغْوَیٰ: (طمفتوح، غ ساکن، ومفتوح، امقصورہ موقوف) حد سے گزرنا، سرکشی کرنا، حد سے آگے بڑھنا۔

طُفُوْء: (طمضموم، ف مضموم، وساکن، ء موقوف) چراغ اور آگ کا بجھنا۔

طِلَاء: (طمکسور، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) تارکول، جسم پر ملی جانے والی ہر چیز، بیکی شراب مثلث جسے پختہ بھی کہتے ہیں (انگور کا رس جسے آگ پر پکاتے اور صاف کرتے جائیں یہاں تک کہ دو حصہ جل جائے اور ایک حصہ باقی رہ جائے)، وہ رسی جس سے بکری کے بچہ کا پیر باندھتے ہیں۔

طُلَاء: (طمضموم، ل مفتوح، اساکن، ء موقوف) خون، جھلی جو خون کے اوپر ہو، طُلَاء کا یہی معنی ہے، طَلَا قطرَان میں لپٹا ہوا آدمی، سخت بیمار آدمی، ہرن، گائے اور بکری کا بچہ، ہر وہ جانور جس کا کھر پھٹا ہو، شوخی کی وجہ سے جانور کی ٹانگ باندھ کر رکھنا، قطران (ایک قسم کی دوا)، طِلاء لذت، طُلاء گردنیں اور گردنوں کی جڑ۔

طِنْوٌ: (طمکسور، ن مضموم، وَموقوف) باقی جان، منزل، فرش، جھکاؤ، کسی چیز کی خواہش، سفید اور روشن زمین، چراگاہ، حوض کا بچا ہوا پانی۔

طَنَوٌ: (طمفتوح، ن مفتوح، وَموقوف) ڈھال کا اونٹ کے پہلو سے لگنا، چپکنا۔

طِوَیٰ: (طمکسور/مضموم، ومفتوح، امقصورہ موقوف) شام میں ایک مقدس وادی جس کو وادی ایمن اور وادی مقدس کہتے ہیں۔

طُوْبَیٰ: (طمضموم، وساکن، ب مفتوح، امقصورہ موقوف) عمدہ، خوبی، جنت کے ایک درخت کا نام جس کا پھل ہر ایک بہشتی کو ملے گا اور جس کی شاخیں سب کے گھروں تک پہنچیں گی (م) بہتر، پاکیزہ تر، اطیب کی تانیث پاک چیزیں طَیِّبَۃ کی جمع۔

طَيِّئٌ: (طمفتوح، ی مشدد مکسور، ء موقوف) بروزن سید، یمن کے ایک قبیلے کا باپ جس کی طرف طائی منسوب ہے، قیاس طیی تھا مگر دوسری یا کو حذف کر دیا اور پہلی یا جو ساکن تھی اسے الف سے بدل دیا۔

فصل الطاء مع الباء

طَاب: (طمفتوح، اساکن، ب موقوف) پاک، لذیذ، خوشبو۔

طَبِيْب: (طمفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) ڈاکٹر، وہ شخص جو جسم و جان کا علاج کرے، کام میں ماہر استاد۔

طِبّ: (طمفتوح/مکسور/مضموم، ب مشدد موقوف) طبابت، جسم و جان کا علاج، نرمی، جادو، شہوت، کسی کام کا ارادہ، عادت، جادو کرنا، طَبّ عقلمند، تجربہ کار، نرچوپایہ جو جفتی کرنے میں ماہر ہو، مشک کے سوراخ کو تسمے سے چھپانا۔

طَبْطَاب: (ط مفتوح، ب ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) چوڑی لکڑی جس سے گیند کھیلیں، فارسی میں اسے تختۂ گوئے بازی کہتے ہیں (بلّا)، ایک پرندہ جس کے کان چوڑے ہوتے ہیں۔

طِحَاب: (ط مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

طُحْلُب: (ط مفتوح رمکسور رمضموم، ح ساکن، ل مکسور رمضموم رمفتوح، ب موقوف) وہ کائی جو ٹھہرے ہوئے پانی میں جمع ہو، فارسی میں اس کو جامۂ غوک و جل وزغ کہتے ہیں (مینڈک کا کپڑا)

طَرَب: (ط مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) خوشی، شادمانی، غم، حرکت، شوق، شرمساری۔

طَرِب: (ط مفتوح، ر مکسور، ب موقوف) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک گھوڑے کا نام۔

طُرْطُب: (ط مضموم، ر ساکن، ط مفتوح، ب موقوف) عورت کی ابھری ہوئی چھاتی۔

طَلَب: (ط مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) تلاش کرنا، دور ہونا، ڈھونڈنا۔

طُلَّب: (ط مضموم، ل مشدد مفتوح، ب موقوف) تلاش کرنے والے، اسی معنی میں طُلّاب ہے، دونوں طَالِب کی جمع ہیں۔

طَالِب: (ط مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ب موقوف) تلاش کرنے والا۔

طُنُب: (ط مضموم، ن مضموم، ب موقوف) خیمے کی رسی، وہ رسی جس سے زمین ناپتے ہیں، میخ، کھونٹی، اَطْنَاب جمع ہے، وہ تسمہ جو کمان کے چلے کے ساتھ باندھیں، درخت کی جڑ، جسم کا پٹھا، طَنَب نیزہ کی کجی، پشت کی لمبائی، دونوں پاؤں کی درازی وکشادگی وفاصلہ مگر یہ معیوب ہے۔

طُوب: (ط مضموم، و ساکن، ب موقوف) مصریوں کی لغت میں پکی ہوئی اینٹ۔

طِیب: (ط مکسور، ی ساکن، ب موقوف) خوشبو۔

طَیب: (ط مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) لذیذ، پاک ہونا۔

طَیِّب: (ط مفتوح، ی مشدد مکسور، ب موقوف) پاک، جائز، لذیذ، خوشگوار، خَبِیث کی ضد۔

طِیَاب: (ط مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بصرہ میں ایک کھجور کے درخت کا نام ہے۔

طَیَّاب: (ط مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بہت پاک، بہت عمدہ۔

﴿فصل الطاء مع التاء﴾

طَاءَۃ: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) چوپائے کا چراگاہ میں دور نکل جانا، مٹی، تلچھٹ۔

طَاطَأَۃ: (ط مفتوح، ا ساکن، ط مفتوح، ا مفتوح، ۃ موقوف) بروزن زلزلۃ، سامنے سر جھکانا، مال میں فضول خرچی کرنا۔

طَابَۃ: (ط مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) کھجور کی شراب، مدینہ منورہ کا نام (م)

طَاقَۃ: (ط مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) توانائی، قوت۔

طَاغِیَۃ: (ط مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) روم کا بادشاہ، جبار، متکبر، بجلی کی کڑک، حد سے آگے بڑھنا، عذاب کی چنگھاڑ۔

طَالُوت: (ط مفتوح، ا ساکن، ل مضموم، و ساکن، ت موقوف) بنی اسرائیل کے ایک مرد کا نام جو بہشتی تھا، حق تعالیٰ نے اس کو بنی اسرائیل کا سردار بنایا اور کافر جالوت پر چڑھائی کے لیے بھیجا یہاں تک کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے جو طالوت کے لشکر میں تھے جالوت کو قتل کر دیا اور بنی اسرائیل کا انتقام لیا جیسا کہ قرآن میں مذکور ہے۔

طَاغُوت: (ط مفتوح، ا ساکن، غ مضموم، و ساکن، ت موقوف) لات و عزیٰ، کاہن، شیطان، گمراہوں کا سردار، بت، خدا کے سوا کسی اور کی پرستش کرنے والا، یہ لفظ طُغْیَان سے مشتق ہے اصل میں طَغَیُوت تھا، اسے بدل کر طیغوت کیا پھر صرفی قاعدے کی رو سے یا الف سے بدل گئی طاغوت ہو گیا۔

طَاحُونَۃ: (ط مفتوح، ا ساکن، ح مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف)

چکی، بعض لوگ چکی گھر کو بھی طاحونہ کہتے ہیں۔

طَارِقَۃٌ: (ط مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) چھوٹا تخت، یگانے، قریبی لوگ۔

طَارِمَۃٌ: (ط مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی کا گھر، تارم کا معرب ہے۔

طَائِفَۃٌ: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ف مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا ٹکڑا، حصہ، آدمیوں کا گروہ، دو یا اس سے زیادہ ایک ہزار تک آدمی۔

طَایَۃٌ: (ط مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) سطح، وہ جگہ جہاں سے کھجوروں کی نگہبانی کریں اور جہاں خشک کریں، ریتیلی زمین میں بڑا پتھر۔

طَائِلَۃٌ: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) دشمنی، فضل، قدرت، امیری، کشادگی۔

طَامَّۃٌ: (ط مفتوح، ا ساکن، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سختی، بلا، قیامت،

طَائِحَۃٌ: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ح مفتوح، ۃ موقوف) مہلک حادثہ، ہلاک ہونے والا مرد۔

طُبَاخَۃٌ: (ط مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) ہانڈی کا جوش مارنا، ہانڈی کی جھاگ۔

طِبَاخَۃٌ: (ط مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) باورچی گیری۔

طَبْنَۃٌ: (ط مفتوح، ب ساکن، ۃ موقوف) ہوشیاری۔

طَبْطَابَۃٌ: (ط مفتوح، ب ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گیند کھیلنے کی چوڑی لکڑی، بلا۔

طَبْطَبَۃٌ: (ط مفتوح، ب ساکن، ط مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) پانی کی آواز، پانی بہنے کی آواز، سیلاب کے موج مارنے کی آواز۔

طِبَابَۃٌ: (ط مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) مشک کے نچلے حصے میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا جس سے سوراخ کو بند کرتے اور سلتے ہیں، طِبَۃٌ بھی اسی معنی میں ہے، کپڑا، بادل، لمبی زمین، کسی چیز کا چھلکا، کھال، طِبَۃٌ بھی اسی معنی میں ہے۔

طَثْرَۃٌ: (ط مفتوح، ث ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) تلچھٹ، گندہ پانی، دہی کے اوپر بالائی، مکھن، خوش حالی، پانی کی کائی جس کو فارسی میں جامۂ غوک (مینڈک کا کپڑا) کہتے ہیں۔

طَرَاوَتْ: (ط مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ت موقوف) تازگی۔

طُرَّۃٌ: (ط مضموم، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پیشانی کا بال، کپڑے کا نقش و نگار، کپڑے کا کنارہ، دامن، وادی کا کنارہ، ہر چیز کا کنارہ، توشہ دان، طُرّتَان پیٹھ پر دو لکیروں والی نیل گائے اور گدھا۔

طُرْفَۃٌ: (ط مضموم، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) نیا، تعجب، حیرت، ایک آدمی کا نام۔

طَرْفَۃٌ: (ط مفتوح، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار پلک جھپکانا، آنکھ میں کچھ ڈالنا جس کی وجہ سے پانی بہنے لگے، سرخ نقطہ جو آنکھ میں زخم کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے، ایک ستارے کا نام ہے، چند شاعروں کا نام، ایک صحابی کا نام جن کی ناک جنگ میں کٹ کر گر گئی تھی جب چاندی کی ناک لگائی تو ان کی ناک سڑنے لگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو اجازت دی کہ سونے کی ناک بنوائیں۔

طَرِیدَۃٌ: (ط مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) درخت کا ٹیڑھا تنہ جس پر پتی اور شاخ نہ ہو، اس کو عرجون بھی کہتے ہیں، شکاری، اونٹوں کا قافلہ۔

طَرِیقَۃٌ: (ط مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) طریقت، راستہ، مذہب، بہت اونچا درخت، بڑا فرش جسے اون وغیرہ سے بنا جاتا ہے، منتخب لوگ، قوم کے شرفا۔

طِرِّیقَۃٌ: (ط مکسور، ر مشدد مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) سستی، کمزوری۔

طُرْقَۃٌ: (ط مضموم، ر ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) کمان کی لکیر۔

طُرُقْ: (ط مضموم، ر مضموم، ق موقوف) جمع ہے، صفت، عادت، تاریکی، لالچ، تہہ بتہ پتھر۔

طَسْتْ: (ط مفتوح، س ساکن، ت موقوف) طشت، اصل میں طس تھا۔

طُعْمَۃٌ : (طا مضموم، ع ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) غذا، سالن، ذریعہ معاش۔

طِعْمَۃٌ : (طا مکسور، ع ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) کھانے کا طریقہ۔

طَعْمَۃٌ : (طا مفتوح، ع ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار چکھنا۔

طَعْنَۃٌ : (طا مفتوح، ع ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار نیزہ مارنا، طعنہ دینا، عیب بیان کرنا۔

طَفْرَۃٌ : (طا مفتوح، ف ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) کودنا۔

طُفَادَۃٌ : (طا مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) سورج اور چاند کے گرد دائرہ اور چاند کے گرد دائرہ جسے اکثر لوگ ہالہ کہتے ہیں، ہانڈی کے اوپر کی جھاگ، قیس غیلان کے قبیلے کا ایک گروہ۔

طُفِیَۃٌ : (طا مضموم، ف مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) درخت مقل کی پتی، ایک خبیث سانپ جس کی پیٹھ پر دو دھاریاں ہوتی ہیں۔

طَلَاقَۃٌ : (طا مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) کشادہ چہرا اور کشادہ زبان ہونا۔

طَلْعَۃٌ : (طا مفتوح، ل ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) دیدار، چہرا۔

طُلْعَۃٌ : (طا مضموم، ل ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز پر بہت واقف ہونا، اپنے کو زیادہ ظاہر کرنے والی عورت، زیادہ چھپنے والی عورت۔

طَلِیْعَۃٌ : (طا مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) فوج کا وہ دستہ جو پہلے بھیجا جاتا ہے تاکہ دشمن کی نقل و حرکت سے آگاہی ہو اور اسے طَلَائِعْ کہتے ہیں۔

طُلَاوَۃٌ : (طا مفتوح رمکسور رمضموم، ل مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) خوبی، رونق، قبول، دل کا قبول کرنا، جادو۔

طُلْیَۃٌ ۔ طُلَاوَۃٌ : (طا مضموم، ل ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) (طا مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) مالش کرنا۔

طَلَبَۃٌ : (طا مفتوح، ل مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) تلاش کرنے والے، طالب کی جمع ہے۔

طَلِبَۃٌ : (طا مفتوح، ل مکسور، ب مفتوح، ۃ موقوف) مطلوب، طلبۃ الطلبۃ ایک کتاب کا نام ہے۔

طَلَقَۃٌ (طا مفتوح، ل مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار طلاق دینا۔

طَلْحَۃٌ : (طا مفتوح، ل ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) ایک درخت ہے، ایک مرد کا نام ہے۔

طَمَاعَۃٌ ۔ طَمَاعِیَۃٌ : (طا مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) (طا مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) لالچ کرنا۔

طُمَانِیْنَۃٌ : (طا مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) آرام۔

طَنْطَنَۃٌ : (طا مفتوح، ن ساکن، طا مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) حکایت، طنبور وغیرہ کی آواز۔

طَنْجَنَۃٌ : (طا مفتوح، ن ساکن، ج مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) ہانڈی میں گوشت بھننا، مُطَنْجَنَۃٌ اسی سے ماخوذ ہے۔

طَنْجَۃٌ : (طا مفتوح، ن ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) بحر مغرب کے کنارے پر ایک شہر ہے۔

طِنْفِسَۃٌ : (طا مفتوح رمکسور رمضموم، ن ساکن، ف مفتوح ر مکسور رمضموم، س مفتوح، ۃ موقوف) فرش، بساط، کپڑا، طنافس جمع ہے، چٹائی کے مانند بڑا مصلیٰ جو کھجور کے پتوں سے بنایا گیا ہو۔

طِوِیْلَۃٌ : (طا مفتوح، و مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) چوپائے کے پیر باندھنے کی رسی، وہ رسی جس کے ایک سرے سے چوپائے کا پیر باندھیں اور اسے چرنے کے لیے چھوڑ دیں، رشتہ مروارید کے معنی میں بھی آیا ہے۔

طَوِیَّۃٌ : (طا مفتوح، و مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پوشیدہ، ارادہ، کنواں۔

طَہَارَۃٌ : (طا مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پاک ہونا۔

طِنِّیَّۃ: (ط مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) تھوڑی مٹی، سرشت، عادت۔

طِیَّۃ: (ط مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) لپٹا ہوا، ملفوف خط، پوشیدہ، وہ جگہ جہاں جانے کا قصد کیا گیا ہو۔

طِیْبَۃ: (ط مفتوح، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پاک ہونا، جائز ہونا، خوش طبعی۔

طَیْبَۃ: (ط مفتوح رمکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) مدینہ منورہ۔

طَیْرَۃ: (ط مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) خفت، سبکی، ندامت، دمشق میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

طِیَرَۃ: (ط مکسور، ی مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) بدفالی۔

فصل الطاء مع الثاء

طَثّ: ط مفتوح، ث مشدد موقوف) بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں اور اسے لے کر بھاگتے ہیں، اس لکڑی کو مطث کہتے ہیں۔

طَہْمُوْرَث (ط مفتوح، ہ ساکن، م مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ث موقوف) (حا) کے ساتھ بھی ہے مگر ہائے ہوّز کے ساتھ مشہور ہے، ایران کا ایک بادشاہ جس نے سات سو سال تک بادشاہی کی۔

طُرْثُوْث: (ط مضموم، ر ساکن، ث مضموم، و ساکن، ث موقوف) ایک گھاس کا نام جسے کھاتے ہیں۔

طَرْثِیْث: (ط مفتوح، ر ساکن، ث مکسور، ی ساکن، ث موقوف) نیشا پور میں ایک گاؤں۔

طَرْث: (ط مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) نگاہ کرنا، ہر نئی عمارت۔

طُرْمُوْث: (ط مضموم، ر ساکن، م مضموم، و ساکن، ث موقوف) جاہل۔

طَمْث: (ط مفتوح، م ساکن، ث موقوف) عورت کی بکارت کا زائل کرنا، چھونا، عورت کا حائضہ ہونا، میلا ہونا، کسی چیز کا فاسد ہونا۔

طَامِث: (ط مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ث موقوف) حائضہ عورت۔

فصل الطاء مع الجیم

طَبْج: (ط مفتوح، ب ساکن، ج موقوف) بے وقوف ہونا، مضبوط ہونا، کھلی جگہ پر مارنا جیسے سر وغیرہ۔

طَسُّوْج: (ط مفتوح، س مشدد مضموم، و ساکن، ج موقوف) کنارہ، جانب، چوتھائی دانگ جو دو حبہ کی مقدار کا ہوتا ہے، تسُو کا معرب ہے۔ طَسَاسِیج جمع ہے۔

طَیْہُوْج: (ط مفتوح، ی ساکن، ہ مضموم، و ساکن، ج موقوف) تیہو کا معرب ہے، چکور کے مشابہ ایک چڑیا ہے۔

فصل الطاء مع الحاء

طَحّ: (ط مفتوح، ح مشدد موقوف) کسی چیز کو کوٹنا، پیر کی ایڑی ملنا،

طَحْطَاح: (ط مفتوح، ح ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) توڑنا، پریشان کرنا، طَحْطَحَہ بھی اسی معنی میں ہے۔

طَرْح: (ط مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) ڈالنا، دور کرنا، پھینکنا۔

طِرْح: (ط مکسور، ر ساکن، ح موقوف) ڈالا ہوا، طریح بھی اسی معنی میں ہے، پھینکا ہوا۔

طَرَح: (ط مفتوح، ر مفتوح، ح موقوف) دور جگہ، دوری۔

طَرُوْح: (ط مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ح موقوف) وہ کمان جو زیادہ اوپر کرکے تیر چلانے کے لیے زیادہ کھینچی جائے، لمبی شاخوں والا درخت۔

طُرَاح: (ط مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) دور۔

طِرِمَّاح: (ط مکسور، ر مکسور، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) عالی نسب، مشہور، اونچا، کاموں میں ممتاز، عدی بن حاتم کے لڑکے کا نام جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا خط حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے، حضرت معاویہ کے ساتھ ان کا مناظرہ مشہور ہے، جہم کے لڑکے کا نام جو شاعر تھا۔

طَفْح۔ طُفُوْح: (ط مفتوح، ف ساکن، ح موقوف) (ط مضموم، ف مضموم، و ساکن، ح موقوف) لبالب، برتن کا بھرا ہونا۔

طَافِح: (ط مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ح موقوف) بدمست، شراب سے بھرا ہوا۔

طَلَح: (ط مفتوح، ل مفتوح، ح موقوف) ببول کی پتی کھانے کی وجہ

سے چوپایے کے پیٹ میں درد ہونا، نعت، ایک جگہ کا نام۔

طَلْح: (ط مفتوح، ل ساکن، ح موقوف) ریگستان میں ایک بڑا خاردار درخت ہے، طلحۃ واحد ہے، ببول، کھجور کا شگوفہ، درخت کیلہ، کھانے سے خالی پیٹ۔

طِلْح: (ط مکسور، ل ساکن، ح موقوف) تھکا ہوا چوپایہ۔

طَلَاح: (ط مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) تباہی، فساد، صَلاح کی ضد۔

طِلَاح: (ط مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بڑے درخت۔

طَالِح: (ط مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ح موقوف) بدکار، برا، صَالِح کی ضد۔

طُمُوْح: (ط مضموم، م مضموم، و ساکن، ح موقوف) بلند ہونا۔

طَامِح: (ط مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ح موقوف) بلند۔

طِمَاح: (ط مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) جماع کرنا، سرکشی کرنا۔

طَمَّاح: (ط مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) لالچی، لالچ، ایک آدمی کا نام ہے۔

طَوْح: (ط مفتوح، و ساکن، ح موقوف) ہلاک ہونا یا ہلاکت کے قریب ہونا، سرگرداں اور حیران ہونا، زمین میں آوارہ پھرنا۔

طَوَائِح: (ط مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ح موقوف) حوادث، ہلاک کرنے والے واقعات۔

﴿فصل الطاء مع الخاء﴾

طَبْخ: (ط مفتوح، ب ساکن، خ موقوف) پکانا۔

طَبِیْخ: (ط مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، خ موقوف) نیم جوشیدہ شراب، جوش دی ہوئی چیز، چونا، پکی ہوئی اینٹ۔

طِبِّیْخ: (ط مکسور، ب مکسور، ی مشدد مکسور، خ موقوف) خربوزہ، بطیخ کا مرادف ہے۔

طَابِخ: (ط مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، خ موقوف) سخت بخار۔

طُبَّاخ: (ط مفتوح رمضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) قوت، مٹاپا، مضبوطی۔

طَبَّاخ: (ط مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) پکانے والا، باورچی۔

طَخّ: (ط مفتوح، خ مشدد موقوف) ڈالنا، چھوڑنا، دور کرنا، وطی کرنا۔

طَلْخ: (ط مفتوح، ل ساکن، خ موقوف) پیشہ، سیاہ کرنا، گندگی سے آلودہ کرنا، تحریر کو ضائع کرنا۔

طَمْخ: (ط مفتوح، م ساکن، خ موقوف) تکبر۔

طَنْخ: (ط مفتوح، ن ساکن، خ موقوف) کھانے اور کسی چیز سے رنجیدہ ہونا، ناگوار ہونا، بدہضمی ہونا۔

طَوْخ: (ط مفتوح، و ساکن، خ موقوف) قول یا فعل کی تہمت لگانا۔

طُوْخ: (ط مضموم، و ساکن، خ موقوف) مصر کے چودہ مقامات کا نام۔

طِیْخ: (ط مکسور، ی ساکن، خ موقوف) برے کام سے آلودہ ہونا، تکبر کرنا، باطل میں منہمک ہونا، طیخ مزاحیہ کہانی۔

﴿فصل الطاء مع الدال﴾

طَرْدُ: (ط مفتوح، ر ساکن رمفتوح، د موقوف) ہانکنا، دور کرنا، اونٹوں کو گردونواح سے جمع کرنا۔

طَرَدْ: (ط مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) شکار کرنا۔

طَرِدْ: (ط مفتوح، ر مکسور، د موقوف) وہ پانی جس میں چوپائے غوطہ لگائیں اور بیٹھیں۔

طَرِیْد: (ط مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) دور کیا ہوا، بھگایا ہوا، کھجور کی ٹیڑھی اور بے برگ شاخ، لمبا دن۔

طِرَاد: (ط مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک دوسرے پر حملہ آور ہونا، چھوٹا نیزہ۔

طَرَّاد: (ط مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) چھوٹی تیز رفتار کشتی، کشادہ جگہ، ہموار اور کشادہ چیز۔

طُرَّاد: (ط مضموم، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک جگہ کا نام۔

طَوْد: (ط مفتوح، و ساکن، د موقوف) پہاڑ یا بڑا پہاڑ، ریت کا اونچا ٹیلا، عرفہ میں ایک اونچے پہاڑ کا نام، صعید مصر میں ایک شہر۔

﴿فصل الطاء مع الذال﴾

طَبَرْزَذْ: (طامکسور، ب مفتوح، رساکن، زمفتوح، ذموقوف) شکر کی ایک قسم، تبرزد کا معرب ہے، تبرزد اس لیے کہتے ہیں کہ انتہائی سختی کی وجہ سے اس کے کناروں کو کلباڑی سے تراشتے ہیں۔

طَنْبَذْ: (طامفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ذ موقوف) مصر میں ایک گاؤں کا نام۔

﴿فصل الطاء مع الراء﴾

طَبْر: (طامفتوح، ب ساکن، رموقوف) اچھلنا، کودنا، پوشیدہ ہونا۔

طِبْر: (طامکسور، ب ساکن، رموقوف) گھر کا ایک کونہ۔

طَبَاشِیْر: (طامفتوح، ب مفتوح، اساکن، ش مکسور، ی ساکن، رموقوف) ایک سفید مفرح قلب دوا جو بانس کی خالی جگہ میں ہوتی ہے یا یہ کہ وہ دوا بانس کی جڑ کی راکھ ہے۔

طَثْر: (طامفتوح، ث ساکن، رموقوف) قبیلۂ ازد کا ایک گروہ، دودھ کا جمنا۔

طَحْر: (طامفتوح، ح ساکن، رموقوف) آنکھ باہر نکالنا، چشمہ کا خس و خاشاک کو باہر کرنا۔

طَحُوْر: (طامفتوح، ح مضموم، وساکن، رموقوف) آنکھ، وہ چشمہ جو خس وخاشاک کو دور کردے، جلدی کرنے والا، تیر کو دور پھینکنے والی کمان۔

طُرُوْر: (طامضموم، رمضموم، وساکن، رموقوف) گھاس اگنا، بچے کی مونچھ، چھری تیز کرنا۔

طُرّ: (طامضموم، رمشدد موقوف) سب، تمام۔

طَرّ: (طامفتوح، رمشدد موقوف) تیز کرنا، کاٹنا، پھاڑنا، حوض کو مٹی سے لیپنا، اونٹوں کو تیز ہانکنا، ہانکنے کے وقت چوپایوں کو دونوں طرف سے گھیرنا، تلوار کے زخم سے ہاتھ کا لٹک جانا، ابھارنا، لے جانا، طمانچہ مارنا، گرنا۔

طَرَّار: (طامفتوح، رمشدد مفتوح، اساکن، رموقوف) جیب کترا۔

طَرِیْر: (طامفتوح، رمکسور، ی ساکن، رموقوف) خوبرو، خوبصورت مرد، تیز نیزہ وغیرہ۔

طُرْطُوْر: (طامضموم، رساکن، طامضموم، وساکن، رموقوف) لمبا پتلا مرد، لمبی نوکدار ٹوپی، کمزور پہاڑی بکری۔

طَعْر: (طامفتوح، ع ساکن، رموقوف) نکاح کرنا، قاضی کا کسی کو حکم ماننے پر مجبور کرنا۔

طَغْر: (طامفتوح، غ ساکن، رموقوف) منع کرنا، روکنا۔

طُغَرْ: (طامضموم، غ مفتوح، رموقوف) ایک پرندہ۔

طَفْر۔طُفُوْر: (طامفتوح، ف ساکن، رموقوف) (طامضموم، ف مضموم، و ساکن، ر موقوف) اچھلنا، اوپر کودنا، مکھن، بالائی۔

طَمْر: (طامفتوح، م ساکن، رموقوف) زمین میں دفن کرنا، چھپانا، اوپر یا نیچے کودنا، زخم کا سوجنا، بھرنا، مَطْمُوْرَۃٌ زمین کے اندر غلہ رکھنے کی کوٹھری۔

طِمْر: (طامکسور، م ساکن، رموقوف) پرانا کپڑا، پرانی کملی جو اونی نہ ہو۔

طَمَرْ: (طامفتوح، م مفتوح، رموقوف) ہاتھ کا سوجنا۔

طِمِرّ: (طامکسور، م مکسور، رمشدد موقوف) لمبی ٹانگوں والا گھوڑا، عربی گھوڑا، دوڑنے کودنے کے لیے تیار ہونا، گول جسم لمبے پاؤں والا۔

طُمَّرْ: (طامضموم، م مشدد مفتوح، رموقوف) اصل۔

طُمُوْر: (طامضموم، م مضموم، وساکن، رموقوف) کودنا، سفر کرنا، چلنا، زمین پر چلنا۔

طَامِرْ: (طامفتوح، اساکن، م مکسور، رموقوف) ایک گھاس ہے، پسو، طامر بن طامر جس کو اور اس کے باپ کو لوگ جانتے ہیں اور نہ پہچانتے ہیں، (ایک مجہول شخص)

طَمَار: (طامفتوح، م مفتوح، اساکن، رموقوف) کودنا۔

طَمَارِ: (طامفتوح، م مفتوح، اساکن، رمفتوح رمکسور) بلند جگہ، بلا، مصیبت، سختی۔

طُنْبُوْر۔طِنْبَار: (طامضموم، ن ساکن، ب مضموم، وساکن، رموقوف)

(ط مکسور، ن ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) مشہور باجا، ذُنْبَرَہ کا معرب یعنی بکری کے بچے کی پونچھ، اس لیے کہ وہ بکری کے بچہ کی دم کے مانند ہوتا ہے۔

طِنْجِیْر: (ط مکسور، ن ساکن، ج مکسور، ی ساکن، ر موقوف) پتیلا، دیگچہ، یہ اصل میں فارسی ہے، تجیر کا معرب۔

طَوْر: (ط مفتوح، و ساکن، ر موقوف) ایک بار، اَطْوَار جمع ہے، وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل یا کسی چیز کے کنارے ہو، دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ، اندازہ، کسی چیز کے گرد گھومنا۔

طُوْر: (ط مضموم، و ساکن، ر موقوف) پہاڑ، گھر کی دیوار، ایلہ کے نزدیک ایک پہاڑ ہے جسے طور سینین کہتے ہیں، شام میں ایک پہاڑ کا نام ہے بعض لوگ اسے طور سینا کہتے ہیں، بیت المقدس میں مسجد اقصیٰ کے داہنی طرف ایک پہاڑ اور دوسرا پہاڑ قبلہ کی سمت ہے جہاں ہارون علیہ السلام کی قبر ہے۔

طِوَار: (ط مفتوح ر مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) کشادگی، گھر کی درازی۔

طُوْمَار: (ط مضموم، و ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) خط، صحیفہ، طوامیر جمع ہے۔

طُہْر: (ط مضموم، ہ ساکن، ر موقوف) حیض وغیرہ سے پاکی۔

طَاہِر: (ط مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ر موقوف) پاک۔

طَہُوْر: (ط مفتوح، ہ مضموم، و ساکن، ر موقوف) پاک ہونا، وہ چیز جس سے پاکی حاصل کی جائے، پاک کرنے والی شئی۔

طَیْفُوْر: (ط مفتوح، ی ساکن، ف مضموم، و ساکن، ر موقوف) ایک چھوٹا پرندہ، بایزید بسطامی کا نام۔

طَائِر: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ر موقوف) پرندہ، کردار، دماغ، وہ چیز جس سے اچھی یا بری فال لیں، خط طیر، طُیُوْر جمع ہے اور اَطْیَار جمع الجمع ہے۔

طَیْر: (ط مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) پرندے، پرندہ، مفرد اور جمع دونوں آیا ہے۔

طَیَّار: (ط مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) زیادہ اڑنے والا پرندہ، تیز عقل سے کام لینے والا، جعفر بن ابی طالب کا لقب ہے اس لیے کہ وہ بہشت میں فرشتوں کے ساتھ اڑتے ہیں، طیار فتّان فتنہ انگیز کے معنی میں آیا ہے، اس معنی میں فارسی الاصل ہے۔

﴿فصل الطاء مع الزاء﴾

طِبْز: (ط مکسور، ب ساکن، ز موقوف) پہاڑ کا کنارہ، دو کوہان والا اونٹ۔

طَبْز: (ط مفتوح، ب ساکن، ز موقوف) جماع کرنا، بھری ہوئی ہر چیز۔

طَحْز: (ط مفتوح، ح ساکن، ز موقوف) جماع سے کنایہ ہے۔

طَخْز: (ط مفتوح، خ ساکن، ز موقوف) جھوٹ۔

طِرَاز: (ط مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) کپڑے کا نقش و نگار، تَرِیْز کا معرب ہے، ایک جگہ کا نام جہاں اچھے کپڑے بنے جاتے ہیں، فرش اور کپڑا جو بادشاہوں کے لیے بنایا جاتا ہے، مرو اور اصفہان میں ایک محلہ کا نام ہے، ماوراء النہر میں ایک شہر، طَرَاز بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

طَرْز: (ط مفتوح، ر ساکن، ز موقوف) ہیئت، عادت، طبیعت۔

طَرَز: (ط مفتوح، ر مفتوح، ز موقوف) بداخلاقی کے بعد خوش اخلاق ہونا، عمدہ لباس پہننا۔

طَنْز: (ط مفتوح، ن ساکن، ز موقوف) تمسخر، ہنسی، تمسخر کرنا، ہنسی اڑانا۔

طَنَّاز: ط مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) تمسخر کرنے والا۔

﴿فصل الطاء مع السین﴾

طَاؤُس: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مضموم، و ساکن، س موقوف) مشہور پرندہ، اچھا مرد، خوبصورت مرد، حسین شامیوں کی لغت میں، چاندی، ہری زمین یا شاداب زمین جو ہر قسم کے پودے رکھتی ہو، ایک آدمی کا نام ہے۔

طَاس: (ط مفتوح، ا ساکن، س موقوف) پانی اور شراب پینے کا ایک برتن۔

طِبْرِس: (ط مفتوح ر مکسور، ب ساکن، ر مفتوح ر مکسور، س موقوف) جھوٹا۔

طَبْس: (ط مفتوح، ب ساکن، س موقوف) ہر سیاہ چیز، کالی چیز۔

طِبْس: (ط مکسور، ب ساکن، س موقوف) بھیڑیا۔

طَبَس: (ط مفتوح، ب مفتوح، س موقوف) خراسان میں ایک شہر کا نام ہے۔

طَبِیْس: (ط مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، س موقوف) زیادہ پانی والا دریا۔

طَحْس: (ط مفتوح، ح ساکن، س موقوف) عورت کے ساتھ جماع کرنا۔

طِخْس: (ط مکسور، خ ساکن، س موقوف) ہر چیز کی انتہا اور اصل۔

طِرْس: (ط مکسور، ر ساکن، س موقوف) دوبارہ، کاغذ، صحیفہ، وہ کاغذ جس کی تحریر مٹا کر لکھا جائے۔

طَرَسُوْس: (ط مفتوح، ر مفتوح، س مضموم، و ساکن، س موقوف) ارمینیوں کا ایک شہر جسے مسلمانوں نے فتح کیا۔

طَرْسُوْس: (ط مفتوح، ر ساکن، س مضموم، و ساکن، س موقوف) (را کے سکون) کے ساتھ صرف شعر میں آیا ہے۔

طَرَابُلُس (ط مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، ل مضموم، س موقوف) شام میں ایک شہر کا نام ہے، مغرب میں ایک شہر ہے یا یہ کہ شام کے شہر کو طرابلس ہمزہ کی زیادتی کے ساتھ کہتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ رومی لفظ ہے، رومی زبان میں اس کا معنی تین شہر ہیں۔

طُرْمُوْس: (ط مضموم، ر ساکن، م مضموم، و ساکن، س موقوف) اچھی روٹی، میدہ، بھوبل (گرم راکھ) کی پکی ہوئی روٹی۔

طَسّ: (ط مفتوح، س مشدد موقوف) طشت، طِسوس و طِساس جمع ہے۔

طَسَّاس: (ط مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) طشت بنانے والا۔

طَعْس: (ط مفتوح، ع ساکن، س موقوف) عورت کے ساتھ وطی کرنا۔

طِغْرَس: (ط مکسور، غ ساکن، ر مفتوح، س موقوف) ہضم ہونے والا دودھ۔

طِفْس: (ط مفتوح رمکسور، ف ساکن رمفتوح، س موقوف) جسم اور کپڑے کا میل۔

طَفِس: (ط مفتوح، ف مکسور، س موقوف) گندا، میلا۔

طُفُوْس: (ط مضموم، ف مضموم، و ساکن، س موقوف) مرنا۔

طَلْس: (ط مفتوح، ل ساکن، س موقوف) مٹانا، سیاہ چادر، اصل چیز پیش کرنا، بینائی کا ختم ہونا، کسی کو قید میں ڈالنا۔

طِلْس: (ط مکسور، ل ساکن، س موقوف) پرانا، انتہائی سرخی کی وجہ سے سیاہ معلوم ہونے والا رنگ، طِرس کے معنی میں بھی آیا ہے یعنی وہ تحریر جسے مٹا کر دوبارہ لکھا جائے، کپڑے کا میل، اونٹ کی ران کی کھال جس کا بال اڑ گیا ہو، وہ بھیڑیا جس کا بال جھڑ گیا ہو۔

طِمْرَس ۔ طُمْرُوْس: (ط مکسور، م ساکن، ر مفتوح، س موقوف) (ط مضموم، م ساکن، ر مضموم، و ساکن، س موقوف) جھوٹا۔

طُمُوْس: (ط مضموم، م مضموم، و ساکن، س موقوف) غائب ہونا، پرانا ہونا، مٹانا،

طَمْس: (ط مفتوح، م ساکن، س موقوف) غائب کرنا، کسی چیز کا نشان مٹانا، نظر دور کرنا، دور ہونا، ہلاک کرنا۔

طَمِیْس: (ط مفتوح، م مکسور، ی ساکن، س موقوف) اندھا۔

طِنْفَس: (ط مکسور، ن ساکن، ف مفتوح، س موقوف) برا، خراب۔

طَوْس: (ط مفتوح، و ساکن، س موقوف) چاند، بیماری کے بعد چہرے کی رونق اور تازگی، پیر سے روندنا۔

طُوْس: (ط مضموم، و ساکن، س موقوف) دام، جال، ایک مشہور شہر، ایک دوا جو حفاظت کے لیے پی جاتی ہے۔

طَوَاس: (ط مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، س موقوف) ایک جگہ کا نام، چاند کے گھٹنے کی راتوں میں سے ایک رات۔

طُوَیْس: (ط مضموم، و مفتوح، ی ساکن، س موقوف) ایک ہجڑے کا نام جو مدینہ میں رہتا تھا، پہلے اسے طاؤس کہتے تھے جب اس کے اندر ہجڑوں کی علامت ظاہر ہوئی تو اسے طویس کہنے لگے، وہ کہتا تھا کہ اے مدینہ والو! تم لوگ دجال کے خروج کا انتظار کرو

جب تک میں تمہارے درمیان ہوں، جب میں مر جاؤں گا تو تم لوگ اس بلا سے مامون ہو جاؤ گے، اس لیے کہ میری ماں انصاری عورتوں میں پروان چڑھی تھی جب اس نے مجھے جنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا اور جس دن میرا دودھ چھڑایا خلیفہ اول نے وفات پائی اور جب میں بالغ ہوا خلیفہ دوم شہید کیے گئے اور جس دن میری شادی ہوئی خلیفہ سوم شہید ہوئے جس دن میرے گھر میں لڑکا پیدا ہوا خلیفہ چہارم شہید کیے گئے پھر مجھ جیسا عرب میں کوئی ہے؟ اسی وجہ سے وہ عرب کے اندر نحوست میں ضرب المثل ہو گیا، چنانچہ کہتے ہیں کہ اَشام مِن طُوَیس، خاقانی نے اسی حکایت کے ایک رمز کو اپنے ایک شعر میں بیان کیا۔

درغیبت من آید پیدا حسودم آری

چوں زادن مخنث درمردن پیمبر

اس کی کنیت ابوعبدالنعیم ہے جیسا کہ صاحب قاموس نے کہا، صاحب صراح کہتے ہیں کہ اس کا نام ابوعبدالنعیم ہے اور یہی زیادہ صحیح ہے جیسا کہ اس نے طویس کا ایک شعر نقل کیا جو اس پر دلالت کرتا ہے

ع انني عبد النعيم انا طاوس الجحيم

میں عبدالنعیم ہوں میں جہنم کا مور ہوں۔

﴿فصل الطاء مع الشین﴾

طَبْش: (ط مفتوح، ب ساکن، ش موقوف) لوگ، طُمش بھی اسی معنی میں ہے۔

طَجْش: (ط مفتوح، ج ساکن، ش موقوف) آنکھ کا بے نور ہونا۔

طَرْش: (ط مفتوح، ر ساکن، ش موقوف) ہلکا بہرا، معمولی بہرا۔

طَرَش: (ط مفتوح، ر مفتوح، ش موقوف) بہراپن، بہرا ہونا۔

طَشّ: (ط مفتوح، ش مشدد موقوف) پھوہار برسنا۔

طَشِیش: (ط مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ش موقوف) پھوہار برسنا، پانی برسنا۔

طُشَاش: (ط مفتوح و مضموم، ش مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) زکام کے مانند ایک بیماری ہے۔

طَفْش: (ط مفتوح، ف ساکن، ش موقوف) نکاح، گندگی۔

طَوْش: (ط مفتوح، و ساکن، ش موقوف) کم عقلی۔

طَہْش: (ط مفتوح، ہ ساکن، ش موقوف) کسی کام کو درہم برہم کرنا، کام کا درہم برہم ہونا، کام کرنے والا مرد جو اپنے ہاتھوں سے کام کو بگاڑے۔

طَیْش: (ط مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) سبکی، ہلکا ہونا، نادان ہونا، عقل کا جانا، عقل کا خطا کرنا، تیر کا نشانے سے خطا کرنا۔

طَیَّاش: (ط مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) ہلکا، جو کسی ایک چیز کا ارادہ نہ رکھے اور پریشان و سرگرداں ہو، سر پھرا، حیران ہونے والا۔

﴿فصل الطاء مع الطاء﴾

طَأْط: (ط مفتوح، أ ساکن، ط موقوف) سخت جھگڑالو آدمی، دلیر، لمبا، جفتی کھانے کے لیے مست اونٹ۔

طَرْط: (ط مفتوح، ر ساکن، ط موقوف) بے وقوفی، ابروؤں پر کم بال ہونا۔

طَرِط: (ط مفتوح، ر مکسور، ط موقوف) بے وقوف، احمق۔

طُوْط: (ط مضموم، و ساکن، ط موقوف) سانپ، روئی، لمبے قد والا آدمی، ایک پرندے کا نام جو چڑیوں کو مار کر ان کے گوشت کو کھاتا ہے، چمگادڑ، چھوٹا، ریزہ، بہت جھگڑالو مرد، جفتی کے لیے مست اور بے چین اونٹ، بہادر۔

طِیْط: (ط مکسور، ی ساکن، ط موقوف) نادان، بے وقوف، لمبا۔

طُیُوط: (ط مضموم، ی مضموم، و ساکن، ط موقوف) سختی، نر کا جفتی کے وقت برانگیختہ ہونا (مست ہونا)

﴿فصل الطاء مع العین﴾

طَبْع: (ط مفتوح، ب ساکن، ع موقوف) خصلت، طینت، جس پر

آدمی پیدا کیا گیا، نمونہ، سانچے میں ڈھالنے کی ایک قسم، سونے چاندی کا سکہ بنانا، مٹی اور خط پر مہر لگانا، تلوار بنانا، درم ڈھالنا، مٹی کا گھڑا بنانا، مشک اور ڈول بھرنا، گردن مارنے پر قادر ہونا۔

طِبْع: (ط مکسور، ب ساکن، ع موقوف) پانی بہنے کی جگہ، پیانہ، مشک اور نہر کا پانی سے بھر جانا، ایک نہر کا نام، زنگ، میلا، گندگی، طَبَع بھی اس معنی میں آیا ہے، عیب، برائی۔

طَبَع: (ط مفتوح، ب مفتوح، ع موقوف) تلوار وغیرہ کا مورچہ، تلوار وغیرہ کا زنگ آلود ہونا، میلا ہونا، کاہل ہونا۔

طَبِع: (ط مفتوح، ب مکسور، ع موقوف) کم ہمت، بزدل۔

طِبَاع: (ط مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) مرد کی نہ جانے والی عادت۔

طَبَّاع: (ط مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پیالہ بنانے والا، کمہار، تلوار بنانے والا۔

طَابِع: (ط مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ع موقوف) خلقی عادت، پیدائشی عادت، مہر لگانے والا۔

طَابَع: (ط مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ع موقوف) انگوٹھی، ہر وہ چیز جس سے مہر لگائیں، ٹیڑھا آلہ جس سے صدقہ کے جانوروں کو نشان لگاتے ہیں، طَابِع بھی اس معنی میں آیا ہے۔

طَسْع: (ط مفتوح، س ساکن، ع موقوف) نکاح کرنا، شہروں میں جانا۔

طُلُوع: (ط مضموم، ل مضموم، و ساکن، ع موقوف) سورج وغیرہ کا نکلنا، جانا، ظاہر ہونا، کسی کے سامنے آنا، غائب ہونا، بچے کو دانت نکلنا، کھجور کا شگوفہ نکلنا، زمین پر پہنچنا، پہاڑ وغیرہ پر چڑھنا۔

طَلْع: (ط مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) اندازہ، پھول کی مقدار جو پہلی بار کھجور کے درخت سے نکلے۔

طِلْع: (ط مکسور، ل ساکن، ع موقوف) راز، اطلاع، کسی چیز پر آگاہ ہونا، دیدار، کنارہ، جانب، آفتاب کے نکلنے کی جگہ، ان دونوں معنوں میں طَلْع بالفتح آیا ہے، پست زمین، وہ زمین جس میں مٹی کے ٹیلے ہوں، سانپ۔

طِلَاع: (ط مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بھری ہوئی چیز، طَلْع جمع ہے۔

طَلَّاع: (ط مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) وہ شخص جو بڑے کاموں کا ارادہ کرے اور بڑے کاموں کو انجام دے اور تجربہ کار ہو۔

طَالِع: (ط مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ع موقوف) نکلنے والا، صبح کاذب، وہ تیر جو نشانے سے ہٹ کر لگے، نیا چاند، نجومیوں کی اصطلاح میں طالع برج، وہ درجہ جو ولادت یا کسی سوال کے وقت افق سے ظاہر ہو، پہلے کو طالع ولادت اور دوسرے کو طالع مسئلہ کہتے ہیں۔

طَلَائِع: (ط مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) لشکر کا اگلا دستہ جو لشکر کی روانگی سے پہلے دشمن کی خبر حاصل کرنے کے لیے روانہ ہو، طَلِیعَہ کی جمع ہے۔

طَمْع: (ط مفتوح، م ساکن/مفتوح، ع موقوف) امید، امید رکھنا، لالچ۔

طَمَع: (ط مفتوح، م مفتوح، ع موقوف) امید، امید رکھنا، لالچ، سپاہیوں کی تنخواہ، لشکر کا روزینہ، خوراک۔

طَمِع: (ط مفتوح، م مکسور/مضموم، ع موقوف) لالچی مرد۔

طَمَّاع: (ط مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بہت زیادہ لالچی۔

طَوْع: (ط مفتوح، و ساکن، ع موقوف) فرمان لے جانا، چراگاہ میں گھاس کا زیادہ ہونا، تابع، فرماں بردار، طَوْعُ العِنَان نرم لگام والا گھوڑا۔

طَائِع: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) فرماں بردار۔

﴿فصل الطاء مع الفاء﴾

طَخْف: (ط مفتوح، خ ساکن، ف موقوف) وہ غم اور رنج جو دل کو چھوٹا کردے، دہی۔

طَخَاف: (ط مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) اونچا بادل،

طخاف بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

طِخَاف: (ط مفتوح رمکسور، خ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ہلکا بادل جس سے آسمان نظر آئے۔

طَرْف: (ط مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) آنکھ، آنکھیں، مفرد اور جمع دونوں معنوں میں آیا ہے، دیکھنا، دو ستارے جن کو عین الاسد کہتے ہیں جو چاند کی منزلوں میں سے ایک منزل ہے، واپس لوٹانا، آنکھ جھپکانا، تھپڑ مارنا، جواں مرد، سخی آدمی، ہر چیز کی انتہا، بنو طرف یمن میں ایک قوم کا نام۔

طِرْف: (ط مکسور، ر ساکن، ف موقوف) کَرِیْمُ الطَّرَفَیْن انسان وغیرہ، پہلی تقدیر پر اَطْرَاف جمع ہے اور دوسری تقدیر پر طُرُوْف جمع ہے، عمدہ گھوڑا جس کے ماں باپ عمدہ ہوں یا ایسا عمدہ گھوڑا کہ گھوڑے والے کے یہاں اس سے اچھا گھوڑا پیدا نہ ہوا ہو، نیا مال، طَرْف بھی اسی معنی میں آیا ہے، وہ گھاس جو ابھی پردے میں ہو، وہ شخص جس کے سلسلۂ نسب میں جد اعلیٰ کے درمیان بہت سے باپ ہوں۔

طَرَف: (ط مفتوح، ر مفتوح، ف موقوف) کنارہ، گروہ، بزرگ (سخی) مرد، اَطْرَاف جمع ہے، اَطْـرَافُ الـرَّجُل باپ اور بھائی، چچا، یگانے، قرابت دار، اَطْـرَاف بَـدَنْ ہاتھ، پیر، سر، اَطْـرَافِ زَمِیْن شرفا، علما، اَطْرَافُ الغَذَارِیْ انگور کی ایک قسم۔

طَرِف: (ط مفتوح، ر مکسور، ف موقوف) وہ مرد جو ایک بیوی اور ایک دوست نہ رکھتا ہو اور ثابت قدم نہ ہو، وہ اونٹ جو ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ میں جائے، طِرْف بھی اسی معنی میں آیا ہے، وہ شخص جس کے جد اعلیٰ اور اس کے درمیان بہت سے باپ گزرے ہوں (جد اعلیٰ تک جس کا سلسلۂ نسب دراز ہو)، ایک جگہ کا نام جو مدینہ منورہ سے 36 میل کے فاصلہ پر ہے۔

طَرِیْف۔ طَارِف: (ط مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف) (ط مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ف موقوف) نیا مال، وہ شخص جس کے اور اس کے جد اعلیٰ کے درمیان بہت سے باپ گزرے ہوں (جد اعلیٰ تک اس کا سلسلۂ نسب دراز ہو)، نادر میوہ وغیرہ۔

طِرَاف: (ط مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) چمڑے کا خیمہ، کھیتی کا وہ حصہ جو کناروں سے کاٹ لیا جائے، شرافت و بزرگی۔

طَرَّاف: (ط مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ایک آدمی کا نام۔

طَفِیْف: (ط مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ف موقوف) تھوڑا، ناقص۔

طَفّ: (ط مفتوح، ف مشدد موقوف) کنارے تک بھرا ہوا برتن، ہاتھ پھیرنے کے بعد پیمانے میں جو چیز باقی رہے، کوفہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے، بلند زمین (اونچی)، دریا کا کنارہ، پہلو، کنارہ۔

طِفَاف: (ط مفتوح رمکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) رات کی تاریکی، کنارے تک پیمانے کا بھرنا، ہاتھ پھیرنے کے بعد پیمانے میں جو باقی رہے۔

طُفَاف: (ط مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) برتن کا کنارہ، پیمانے سے زیادہ چیز۔

طَفَّاف: (ط مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) منہ تک بھرا ہوا برتن، ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔

طَفْطَاف: (ط مفتوح، ف ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) درخت کے کنارے۔

طَلْف: (ط مفتوح، ل ساکن، ف موقوف) بے کار، باطل، رائیگاں۔

طَلَف: (ط مفتوح، ل مفتوح، ف موقوف) داد و دہش، بخشش، آسان چیز، زائد چیز۔

طَنْف۔ طُنُف۔ طَنَف۔ طُنُف: (ط مفتوح رمضموم، ن ساکن ر مفتوح رمضموم، ف موقوف) گردن، گردن کی بلندی جو ظاہر ہو، دیوار کے سروں پر اینٹ جمانا، چھجا، گھر کا چھجا، طَنَف کھالیں، تسمے، پہاڑ کی چوٹی، تہمت، بہتان۔

طَنِف: (ط مفتوح، ن مکسور، ف موقوف) متہم کرنا، متہم ہونا، الزام لگانا۔

طَوْف: (ط مفتوح، و ساکن، ف موقوف) کسی چیز کے گرد گھومنا، پھرنا، بھیڑ کا بال نکلنا، چند مشکیں جنہیں مضبوط باندھتے ہیں جب وہ

سطح کی طرح برابر ہوجاتی ہیں اس پر سوار ہو کر دریا پار کرتے ہیں، قضائے حاجت کے لیے باہر جانا۔

طَوَاف: (ط مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کسی چیز کے گرد گھومنا، چکر لگانا۔

طَوَّاف: (ط مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ خادم جو نرمی اور مہربانی سے خدمت کرے، بہت زیادہ طواف کرنے والے آدمی کا نام۔

طَوَارِف: (ط مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ف موقوف) آنکھیں، وہ خیمہ جس کے پردے اٹھا دیے جائیں تاکہ باہر نظر آئے۔

طَہْف: (ط مفتوح، ہ ساکن، ف موقوف) خراب گھاس، طَہَف بھی آیا ہے۔

طِہْف: (ط مکسور، ہ ساکن، ف موقوف) ٹکڑا، حصہ۔

طَہَاف: (ط مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) بلند بادل، بادل۔

طَائِف: (ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ف موقوف) کوتوال، وہ بیل جو کھلیان سے قریب ہو، طواف کرنے والا، وہ خیال جو خواب میں نظر آتا ہے، سپنا، وادی میں قبیلۂ ثقیف کے چند شہروں کا نام اس لیے کہ وہ طوفان نوح میں پانی پر تیر رہے تھے یا جبرئیل علیہ السلام نے ان شہروں کو ہاتھ میں لے کر خانۂ کعبہ کے گرد طواف کیا تھا یا یہ کہ یہ شہر ملک شام میں تھے حق تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی دعا کی وجہ سے وہاں سے اکھاڑ کر زمین حجاز پر لا کر آباد کر دیا، (خانۂ کمان) کمان کا سخت حصہ جو کمان کے دستے اور سرے کے درمیان ہوتا ہے۔

طَیْف: (ط مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) غصہ، دیوانگی، وہ خیال جو نیند میں نظر آتا ہے، خواب، خواب میں خیال کا آنا۔

﴿فصل الطاء مع القاف﴾

طَاق: (ط مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) وہ عمارت جو محراب کی طرح کج اور خمیدہ بنائیں، ایک قسم کا کپڑا، سبز طِلسان یا طیلسان، بجستان میں ایک شہر کا نام، طبرستان میں ایک قلعے کا نام ہے جس میں الطاق محمد بن النعمان امامی رہتا تھا جسے اہل سنت شیطان الطاق اور امامیہ شیعہ مومن الطاق کہتے ہیں، بے مثل موتی، گل ناز بو، پہاڑ کا ظاہر ہونا، کنواں، کشتی کی دو درمیانی لکڑیاں۔

طَابَق: (ط مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ق موقوف) پکی ہوئی بڑی اینٹ، وہ برتن جس میں بکری کا پورا عضو یا آدھا عضو پکاتے ہیں، وہ برتن جس میں روٹی وغیرہ پکاتے ہیں، تابہ کا معرب ہے، با کے کسرہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

طِبْق: (ط مکسور، ب ساکن، ق موقوف) لاسا (جو درخت کے تنوں سے حاصل کیا جاتا ہے) جس سے پرندوں کا شکار کیا جاتا ہے، درخت کا پھل، لیس دار چپکنے والی چیز، دن کا پہر، آدمیوں اور ٹڈیوں کا گروہ۔

طَبْق: (ط مفتوح، ب ساکن، ق موقوف) ہاتھ کا پہلو میں چپکنا۔

طَبَق: (ط مفتوح، ب مفتوح، ق موقوف) تہ، طبقہ، پردہ، جو چیز کسی چیز کے مساوی اور برابر ہو، روئے زمین، وہ چیز جس میں کھانا پکائیں، طشت، عورتوں کی شرمگاہ، بیس سال کی مدت، زیادہ آدمی اور ٹڈیاں یا آدمیوں اور ٹڈیوں کا گروہ، چھوٹی ہڈی جو دو ہڈیوں کے درمیان میں ہو، ریڑھ کی ہڈی، عام بارش، دن، رات کا بڑا حصہ، عورت کی شرمگاہ کی پشت، ایک دوسرے کے بعد پیدا ہونے والا بکری کا بچہ، بچہ، حال، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے لَتَرْكَبُنَّ طَبَقاً عَنْ طَبَقٍ یعنی تم لوگ قیامت کے دن ایک حال سے دوسرے حال پر سوار ہوگے بِنْتُ الطَّبَق کچھوا، بَنَاتُ الطَّبَق مصیبتیں۔

طِبَاق: (ط مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) موافق کرنا، طبق پر طبق رکھنا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقاً جس نے سات آسمان بنائے ایک کے اوپر دوسرا (ملک)

طُبَّاق: (ط مضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ایک درخت جو مکہ معظمہ کے کوہستان میں ہوتا ہے، جولو اور دوسرے امراض میں مفید ہوتا ہے۔

طَرِیْق: (طمفتوح، رمکسور، ی ساکن، ق موقوف) راستہ، بہت اونچے درخت، طریقۃ واحد ہے۔

طَارِق: (طمفتوح، اساکن، رمکسور، ق موقوف) رات میں آنے والا، صبح کا ستارہ، بعض لوگوں نے ستارۂ زحل کو طارق کہا ہے، عورت یا اونٹنی جو شوہر اور اونٹ کی انتہائی شہوت میں مبتلا ہوں، امیہ بن عبدالشمس کا لڑکا جس کی بیٹیاں (بنات طارق) جو حسن میں عرب کے اندر مشہور تھیں اسی کی طرف منسوب ہیں۔

طُرُوْق: (طمضموم، رمضموم، وساکن، ق موقوف) رات میں آنا، نر کا مادہ کے ساتھ جفتی کرنا۔

طَرَائِق: (طمفتوح، رمفتوح، اساکن، ءمکسور، ق موقوف) پرانا کپڑا، اشراف، قوم کے معاصر اور ان کا گروہ، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا اے فِرَقًا مُخْتَلِفَةً یعنی ہم مختلف فرقے تھے۔

طَرْق: (طمفتوح، رساکن، ق موقوف) مارنا، ہتوڑے سے مارنا، توڑنا، کاہنوں کا فال نکالنے کے لیے جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا، اون دھنا، اون پر ڈنڈے سے مارنا تا کہ ایک دوسرے سے الگ ہو جائے، نر کا مادہ سے جفتی کھانا، رات میں آنا، کاہن کا فال نکالنے کے وقت روئی اور اون کو بنٹا، نر کی منی، عقل ورائے کی سستی، وہ پانی جس میں چوپائے داخل ہوں اور پیشاب کریں، نر جو جفتی کرنے میں قوی ہو، آواز، ساز عود کا نغمہ۔

طِرْق: (طمکسور، رساکن، ق موقوف) طاقت، مٹاپا، چربی۔

طُرُق: (طمضموم، رمضموم رساکن، ق موقوف) راستے، طریق کی جمع ہے۔

طَرَق: (طمفتوح، رمفتوح، ق موقوف) روشنی، مشک کی شکن، سستی، اونٹ کا زانو (گھٹنا)، پنڈلی کی کجی، مرغ کے پر جو ایک دوسرے پر ہوں، چوپائے کا ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا، شکاری کے جال، پے در پے اونٹ کے پیروں کا نشان ان دونوں معنوں میں طرقۃ کی جمع ہے۔

طَرَق: (طمفتوح، رمفتوح، ق موقوف) صحرائی تالاب جس میں پانی جمع ہوتا ہے، ایک دریا کا نام ہے۔

طُرَق: (طمضموم، رمفتوح، ق موقوف) کمان کے نقش و نگار، طُرقۃ کی جمع ہے۔

طِرَاق: (طمکسور، رمفتوح، اساکن، ق موقوف) لوہا چوڑا کر کے گول کریں پھر اس سے خود وغیرہ بنائیں، تسمہ جسے جوتے پر لگائیں، جوتے کا چمڑا، چمڑے کا ٹکڑا جو موزے پر لگائیں، ڈھال کے برابر چمڑا کاٹ کر ڈھال پر چپکانا۔

طُرَّاق: (طمضموم، رمشدد مفتوح، اساکن، ق موقوف) کاہن۔

طَسْق: (طمفتوح، س ساکن، ق موقوف) ایک پیمانہ ہے، وہ خراج جو زمین پر مقرر کریں، طِسق جو اہل بغداد بولتے ہیں غلط ہے۔

طَفْق۔ طُفُوْق: (طمفتوح، ف ساکن، ق موقوف) (طمضموم، ف مضموم، وساکن، ق موقوف) نزدیک ہونا، کوئی کام شروع کرنا۔

طَفَق: (طمفتوح، ف مفتوح، ق موقوف) قریب ہونا، شروع کرنا، کسی جگہ میں رہنا اور وہاں مقیم ہونا۔

طَق: (طمفتوح، ق موقوف) پتھر کے ٹکرانے کی آواز۔

طِق: (طمکسور، ق موقوف) دریا کے کنارے مینڈک کا آواز کرنا۔

طَلْق: (طمفتوح، ل ساکن، ق موقوف) ہرن، شکار کرنے والا کتا، آزاد کی ہوئی اونٹنی، معتدل رات دن، دردِ زِہ وہ درد جو پیدائش کے وقت عورتوں کو ہوتا ہے، سفید چمکدار پتھر جسے ابرک کہتے ہیں، تلک کا معرب ہے، جب اس پتھر کو رگڑتے ہیں تو آگ نہیں نکلتی ہے، اگر پانی کی طرح حل ہو جائے تو اکسیر ہو جائے گا جیسا کہ لوگوں نے کہا مَنْ حَلَّ الطَّلَقَ اِسْتَغْنیٰ عَنِ الخَلْقِ جس نے ابرک کو محلول کر لیا مخلوق سے بے نیاز ہو گیا، طِلق بھی اسی معنی میں آیا ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ طَلَق زیادہ فصیح ہے اگر چہ طلق لام کے سکون کے ساتھ مشہور ہے۔

طِلْق: (ط مکسور، ل ساکن، ق موقوف) جائز، آزاد، کسی چیز سے نکلا ہوا، آنت، اونٹ کا پالان، شبرم ایک دودھ والی قاتل گھاس ہے یا ایسی گھاس ہے جسے رنگائی کے کام میں لاتے ہیں، حصہ، گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر۔

طُلُق: (ط مفتوح رمضموم، ل ساکن، ق موقوف) بغیر ہتھکڑی کے قید کیا ہوا۔

طُلُق: (ط مضموم، ل مضموم، ق موقوف) اونٹ اور اونٹنی کے پیر کی رسی کا کھل جانا۔

طَلَق: (ط مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) گھوڑے کا دوڑنا، کھال کا بندھن، کھال کی بٹی ہوئی مضبوط رسی، اونٹ کا اگلے دونوں پیروں کو یکبارگی پانی میں ڈالنا، نصیب، حصہ، طِلِقُ الوَجْه کشادہ رو، طَلِیْقُ الوَجْه کشادہ رو، ہنس مکھ، طُلُقُ الیَدَیْن سخی، جوانمرد، طِلْقُ اللِّسَان و طَلِیْقُ اللِّسَان تیز و طرار زبان والا آدمی، فصیح و بلیغ شخص۔

طَلِق: (ط مفتوح، ل مکسور، ق موقوف) تیز زبان والا، طَلْق، طُلُق، طُلَق بھی اسی معنی میں ہیں۔

طِلَاق: (ط مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) عورت کا نکاح سے آزاد ہو جانا۔

طَالِق: (ط مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ق موقوف) قید نکاح سے آزاد عورت، اونٹنی اور بکری کا چراگاہ میں چھوڑنا، طُلَّق جمع ہے۔

طَلِیق: (ط مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) قید سے آزاد ہونے والا، آزاد کیا ہوا۔

طَوْق: (ط مفتوح، و ساکن، ق موقوف) قدرت اور توانائی کی وسعت، ہار، طوق، حلقہ، ہر گول چیز جو گلے میں پہنی جائے، ہر احاطہ کرنے والی چیز۔

طَوَارِق: (ط مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق موقوف) جادوگر عورتیں، زمانے کے حادثات جو رات کے وقت نازل ہوں، رات کو آسمان سے نازل ہونے والے حادثے، آفتیں۔

﴿فصل الطاء مع اللام﴾

طَبْل: (ط مفتوح، ب ساکن، ل موقوف) بجایا جانے والا نقارہ جس کی ایک طرف کھال ہوتی ہے جس پر لکڑی مار کر بجاتے ہیں کبھی نقارے کی دونوں طرف کھال لگی ہوتی ہے، اَطْبَال اور طُبُوْل جمع ہے، پیدا کی ہوئی مخلوق، لوگ، یمنی اور مصری کپڑے کا خراج جس میں طبل کی صورت ہوتی ہے۔

طَبَّال: (ط مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) نقارہ بجانے والا۔

طِحَال: (ط مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مشہور اندرونی عضو تلی، ایک پتھر کا نام ہے، ایک جگہ کا نام ہے۔

طُحَال: (ط مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مرض جو تلی کو لاحق ہو۔

طَحْل: (ط مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) تلی کا بڑھنا، طَحَل بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

طَحَل: (ط مفتوح، ح مفتوح، ل موقوف) بڑا ہونا، تلی کا سوجنا اور خراب ہونا، پانی کا بدبودار ہونا، کالا اور مٹیالے رنگ والا ہونا۔

طَحِل: (ط مفتوح، ح مکسور، ل موقوف) غضبناک، بھرا ہوا۔

طِرْبَال: (ط مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مینارہ، وہ علامت جو تعمیر کریں، ہر بلند عمارت، پہاڑ کا حصہ، پہاڑ کی بڑی چٹان جو فضا میں ہو، چوٹی، لمبی اونچی دیوار، دیوار کا بالائی ردہ، طَرَابِیْلُ الشَام شام کے گرجے۔

طَسْل: (ط مفتوح، س ساکن، ل موقوف) چمکنا، صحرا میں ریت کا حرکت کرنا، زمین پر بہنے والا پانی۔

طَعْل: (ط مفتوح، ع ساکن، ل موقوف) کسی کے نسب میں عیب لگانا۔

طَاعِل: (ط مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ل موقوف) سیدھا تیر۔

طَفْل: (ط مفتوح، ف ساکن، ل موقوف) ہر نازک اور تازہ چیز۔

طِفْل: (ط مکسور، ف ساکن، ل موقوف) ہر چھوٹی چیز یا آدمی اور جانور کا نوزائیدہ بچہ، جمع و مفرد دونوں معنوں میں آیا ہے، رات کے اندھیرے میں آنا، آفتاب کا ڈوبنے کے لیے جھکنا، سورج کا نکلنا،

سورج کا غروب کے وقت سرخ ہونا۔

طَفَل: (ط مفتوح، ف مفتوح، ل موقوف) دن کا آخری حصہ غروب آفتاب سے کچھ قبل اور نماز عصر کے بعد، چاشت کا وقت، تاریکی گھر میں مٹی اور گرد کا پہنچنا۔

طَفِیل: (ط مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ل موقوف) گدلا، سیاہ پانی، وہ کالی مٹی جو حوض میں رہ جائے، مکہ کا ایک پہاڑ۔

طُفَیل: (ط مضموم، ف مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) کوفہ کا ایک شاعر جو بن بلائے مہمانی میں جاتا، اسے لوگ طُفَیلُ الاَعْرَاس و طُفَیلُ العَرَائِس کہتے، طُفَیلی اسی کی طرف منسوب ہے۔

طُفَال: (ط مفتوح رمضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) خشک پھول۔

طَلّ: (ط مفتوح، ل مشدد موقوف) ہلکی بارش، پھوار، شبنم، اوس، طِلَال اور طِلَل جمع ہیں، عمدہ چیز، رات کا خوش گوار حصہ، پانی، دودھ وغیرہ، شیر درندہ، موٹا بوڑھا مرد، طِلّ بھی اسی معنی میں آیا ہے، اونٹنی کے دودھ کی قلت، طَلّ بھی اسی معنی میں ہے، کسی کا حق گھٹانا، اونٹ کو تیز ہانکنا، شبنم سے زمین کا تر ہونا، شبنم کا زمین کو تر کرنا، خون کو باطل اور رائیگاں کرنا۔

طُلّ: (ط مضموم، ل مشدد موقوف) دودھ، خون۔

طَلَل: (ط مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) ہر چیز کا جسم، ذات، ویران گھر اور سرائے کا نشان جو باقی رہ جائے، کھنڈر، اَطْلَال وطُلُول جمع ہے۔

طَلِیل: (ط مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) کینہ، دشمنی، بڑی چٹائی جو کھجور وغیرہ کے پتوں سے بنی گئی ہو۔

طَمْل: (ط مفتوح، م ساکن، ل موقوف) دنیا کی مخلوق، مخلوقات، گھوڑے کو تیز دوڑانا، چٹائی بننا اور اس میں دھاگہ ڈالنا، کپڑے کو گہرا رنگنا، روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا۔

طِمْل: (ط مکسور، م ساکن، ل موقوف) بیلن جس سے روٹی بیلیں، روٹی بیلنے کا آلہ، خون سے تیر کا آلودہ ہونا، ہر چیز کا خون یا روغن یا قیر (بروزہ) سے آلودہ ہونا۔

طِمْل: (ط مکسور، م ساکن، ل موقوف) برا مرد جو برا کام کرنے سے نہ ڈرے، گندا پانی، گاڑھے رنگ کا کپڑا، کالا کمبل، ہر کالی چیز، ہار، بے وقوف، کمینہ، چور، بدکار، پرانا کپڑا، تیرہ رنگ بھیڑیا جس کا رنگ سیاہی مائل ہو۔

طَمِیل: (ط مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بکری کا نر اور مادہ بچہ، چٹائی، تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل، ہار، حوض کی تہ میں جمی ہوئی کالی مٹی۔

طُمَیل: (ط مضموم، م مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) ننگا، کپڑے سے خالی۔

طَنْبُل۔ طَنْبُول: (ط مفتوح، ن ساکن، ب مضموم، ل موقوف) (ط مفتوح، ن ساکن، ب مضموم، و ساکن، ل موقوف) مصر میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

طُوْل: (ط مضموم، و ساکن، ل موقوف) لمبائی، لمبا ہونا۔

طَوْل: (ط مفتوح، و ساکن، ل موقوف) احسان کرنا، کسی پر بخشش کرنا، فضل و احسان میں غالب آنا، کشادگی، مال داری، قدرت۔

طَوَل: (ط مفتوح، و مفتوح، ل موقوف) اونٹ کے بالائی ہونٹ کی درازی۔

طِوَل: (ط مکسور، و مفتوح، ل موقوف) وہ رسی جس سے چوپائے کا پیر باندھتے ہیں، لمبی رسی جس میں چوپایوں کو باندھتے ہیں اور چرنے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔

طُوَل: (ط مضموم، و مفتوح، ل موقوف) لمبی چیزیں۔

طَوَّل: (ط مفتوح، و مشدد مفتوح، ل موقوف) لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ۔

طَوِیل: (ط مفتوح، و مکسور، ی ساکن، ل موقوف) دراز، طِیَال و طِوَال جمع، ایک بحر عروضی کا نام۔

طَوَال: (ط مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) دیر، عمر۔

طُوَال: (ط مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) لمبا۔

طُوَّال: (طا مضموم، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بہت زیادہ لمبا۔

طَہْل۔ طَہَل: (طا مفتوح، ہ ساکن، ل موقوف)(طا مفتوح، ہ مفتوح، ل موقوف) پانی کا بدبودار ہونا۔

طُہِل: (طا مضموم، ہ مکسور، ل موقوف) بدبودار پانی، طاہل بھی اسی معنی میں ہے۔

طَہْمَل: (طا مفتوح، ہ ساکن، م مفتوح، ل موقوف) برا جسم، بری خلقت، خلقی عیب، نازک عورت، وہ چیز جسے دونوں ہاتھوں سے پکڑیں تو جم نہ رکھتی ہو یعنی گرفت میں نہ آئے۔

طَیْل: (طا مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) ریت، باد، ہوا یا سخت ہوا، گرد، تاریک رات، زیادہ چیز۔

﴿فصل الطاء مع المیم﴾

طَخْم: (طا مفتوح، خ ساکن، م موقوف) تکبر کرنا۔

طُخُوم: (طا مضموم، خ مضموم، و ساکن، م موقوف) حدود، زمین کے کنارے، تخوم کا مرادف ہے۔

طِرَام: (طا مفتوح رکسور، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مکھن، شہد۔

طُرَام: (طا مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) انگیٹھی، بھٹی، ایک درخت کا نام ہے۔

طَرَام: (طا مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چھتے سے شہد کا جاری ہونا۔

طِرْیَم: (طا مکسور، ر ساکن، ی مفتوح، م موقوف) گھنا بادل، شہد۔

طَسْم: (طا مفتوح، س ساکن، م موقوف) قوم عاد کا ایک قبیلہ، راستے وغیرہ کا پوشیدہ ہو جانا، چھپانا۔

طَسَم: (طا مفتوح، س مفتوح، م موقوف) ناگوار ہونا، گرد و غبار، تاریکی۔

طُسُوم: (طا مضموم، س مضموم، و ساکن، م موقوف) غائب ہونا۔

طَعَام: (طا مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گیہوں، ہر کھانے کی چیز، اطعمۃ جمع ہے۔

طَعْم: (طا مفتوح، ع ساکن، م موقوف) کھانا چکھنا، کھانے کی خواہش، بھوک، وہ چیز جس کی خواہش ہو، کھانے اور شربت میں شیرینی اور کڑوا پن کی لذت۔

طُعْم: (طا مضموم، ع ساکن، م موقوف) غذا، کھانے کی چیز۔

طَعِم: (طا مفتوح، ع مکسور، م موقوف) کھانے والا، چکھنے والا، خوش خوراک، طاعم بھی اسی معنی میں ہے۔

طَغَام: (طا مفتوح، غ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کمینے لوگ، چھوٹے پرندے۔

طَغَم: (طا مفتوح، غ مفتوح، م موقوف) سمندر، بہت پانی۔

طُلْم: (طا مضموم، ل ساکن، م موقوف) دسترخوان جس پر کھانا چنیں۔

طَلَم: (طا مفتوح، ل مفتوح، م موقوف) دانت کا میل جو مسواک نہ کرنے سے ہوتا ہے۔

طَمّ: (طا مفتوح، م مشدد موقوف) پانی کا زیادہ ہونا، برتن بھرنا، کنویں کو پتھر سے پاٹ دینا، زیادہ چیز، بال کا ٹنا یا گرہ لگانا، بال گوندھنا، پرندے کا درخت پر اترنا، طُمُوم بھی اسی معنی میں ہے، ہلکا ہونا، زمین پر چلنا۔

طِمّ: (طا مکسور، م مشدد موقوف) پانی، وہ گھاس جو پانی پر ہو اور اسے پانی باہر پھینکے، دریا، بڑا عدد، ہوشیار، تعجب، وہ چیز جس سے حیرت ہو، حیرت انگیز چیز، پسندیدہ چیز، شتر مرغ، عمدہ تیز رفتار گھوڑا۔

طَمِیم: (طا مفتوح، م مکسور، ی ساکن، م موقوف) ہلکا ہونا، آہستہ دوڑنا، عمدہ تیز رفتار گھوڑا۔

طَمْطَام: (طا مفتوح، م ساکن، طا مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دریا کا بیچ، منجدھار۔

طِمْطِم: (طا مکسور، م ساکن، طا مکسور، م موقوف) غیر فصیح آدمی جس کی زبان درست نہ ہو۔

طَیْم: (طا مفتوح، ی ساکن، م موقوف) بڑے ڈیل ڈول والا ہونا، پیدائشی عادت، کسی کا کام عمدہ ہونا۔

﴿فصل الطاء مع النون﴾

طِبْن: (ط مفتوح رمکسور رمضموم، ب ساکن، ن موقوف) جمع کثیر، بہت بڑی بھیڑ، طُبن بھی اسی معنی میں ہے۔

طُبْن: (ط مضموم، ب ساکن، ن موقوف) بربط، عود باجہ، سارنگی۔

طَبْن: (ط مفتوح، ب ساکن رمفتوح، ن موقوف) ہوشیار ہونا، ہوشیاری، چالاکی۔

طَبْن: (ط مفتوح، ب ساکن، ن موقوف) لوگ، آگ کو ڈھکنا تاکہ نہ بجھے۔

طَبِن: (ط مفتوح، ب مکسور، ن موقوف) ہوشیار، چالاک۔

طُبَن: (ط مضموم، ب مفتوح، ن موقوف) ایک کھیل کا نام ہے، مردہ سڑا ہوا جانور جسے پھینک دیتے ہیں پھر اسے گدھ اور درندے کھاتے ہیں۔

طِبَن: (ط مکسور، ب مفتوح، ن موقوف) ہوشیار لوگ، طِبْنَہ کی جمع ہے۔

طَابِن: (ط مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ن موقوف) چالاک۔

طَابُون: (ط مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، و ساکن، ن موقوف) وہ جگہ جہاں آگ کو محفوظ رکھیں تاکہ نہ بجھے۔

طَاجِن۔ طَیْجَن: (ط مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ن موقوف) (ط مفتوح، ی ساکن، ج مفتوح، ن موقوف) تابَہ کا معرب ہے، روٹی پکانے کا توا۔

طَجْن: (ط مفتوح، ج ساکن، ن موقوف) بھننا۔

طَحْن: (ط مفتوح، ح ساکن، ن موقوف) آٹا پیسنا، سانپ کا کنڈلی مارنا۔

طِحْن: (ط مکسور، ح ساکن، ن موقوف) آٹا۔

طُحَن: (ط مضموم، ح مفتوح، ن موقوف) چھوٹا، چھوٹا جانور۔

طَحُون: (ط مفتوح، ح مضموم، و ساکن، ن موقوف) تین سو بکریوں کا ریوڑ، بڑا لشکر، جنگ، بہت اونٹ۔

طَحَّان: (ط مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چکی والا۔

طُرْن: (ط مضموم، ر ساکن، ن موقوف) ریشمی کپڑا۔

طَرْخَان: (ط مفتوح، ر ساکن، خ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شریف سردار، طَرَاخِنَہ جمع ہے، یہ لغت اصل میں خراسانی ہے۔

طَرْخُون: (ط مفتوح، ر ساکن، خ مضموم، و ساکن، ن موقوف) مشہور گھاس جس کی جڑ کے ریشے کو عاقر قرحا کہتے ہیں۔

طَعْن: (ط مفتوح، ع ساکن، ن موقوف) نیزہ مارنا، کسی کا عیب بیان کرنا، بیابان میں چلنا، ساری رات چلنا، گھوڑے کی لگام کھینچنا تاکہ تیز چلے۔

طَعِین: (ط مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ن موقوف) نیزہ زدہ، پلیگ زدہ، طاعون میں مبتلا شخص، مَطْعُون بھی اسی معنی میں ہے۔

طَاعِن: (ط مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ن موقوف) نیزہ مارنے والا، طعنہ دینے والا۔

طَاعُون: (ط مفتوح، ا ساکن، ع مضموم، و ساکن، ن موقوف) وبا، موت، مرگ عام (نام ایک مرض وبائی کا جس میں خصیہ یا پستان یا بغل میں پھوڑا یا گلٹی نکلتی ہے (م)، طَوَاعِین جمع ہے۔

طَغْن: (ط مفتوح، غ ساکن، ن موقوف) موت، قید، بیڑی۔

طِغْیَان: (ط مکسور رمضموم، غ ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سرکشی کرنا، طُغْوَان بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

طَالَقَان: (ط مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بلخ اور مرو کے درمیان ایک شہر کا نام، قزوین اور ابہر کے درمیان ایک شہر کا نام، اسمٰعیل بن عباد جہاں کے رہنے والے تھے۔

طَمْن: (ط مفتوح، م ساکن، ن موقوف) ساکن کرنا، آرام لینا، مُطْمَئِن بھی اسی معنی میں آیا ہے، طُمُون جمع ہے۔

طِمِّین: (ط مکسور، م مشدد مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ملک روم میں ایک شہر ہے۔

طَنِین: (ط مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) مکھی کی آواز، طشت اور لگن کی آواز، کان کا سنسنانا۔

طَنّ: (ط مفتوح، ن مشدد موقوف) بہت میٹھی سرخ کھجور، مرنا، طشت، مکھی اور کان کا آواز کرنا۔

طُنّ: (ط مضموم، ن مشدد موقوف) انسان وغیرہ کا جسم، بڑے بوجھ کے

اوپر چھوٹی گٹھری، بانس کا گٹھا، ایندھن (لکڑی) کا ڈھیر، دھنی ہوئی روئی کا بوجھ، طُنّہ واحد ہے۔

طَوَاحِن: (ط مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ن موقوف) بڑے چوڑے دانت جن سے کھانے کی چیز چبائی جاتی ہے، فارسی میں اسے آسیا دندان کہتے ہیں۔

طَوْفَان: (ط مفتوح، و ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کسی چیز کے گرد پھرنا، گھومنا۔

طُوْفَان: (ط مضموم، و ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سخت بارش، زمین سے ابلنے والا پانی جو سب کو ڈبو دے، مرنا، مارنا، غرق کرنے والا سیلاب، ہر زیادہ اور غالب چیز جو سب کو زیر کر دے۔

طِہْرَان: (ط مکسور، ہ ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اصفہان میں ایک گاؤں، رَیّ میں ایک گاؤں کا نام (ایران کا پایہ تخت)۔

طِیْن: (ط مکسور، ی ساکن، ن موقوف) مٹی۔

طَیَّان: (ط مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گارا بنانے والا، بھوکا۔

طَیَرَان: (ط مفتوح، ی مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اڑنا۔

طَیْلَسَان: (ط مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح ر مکسور ر مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مشہور فتحہ کے ساتھ ہے دروازے کا پردہ، تالَسان کا معرب ہے، طَیلَس الف اور نون کے حذف کے ساتھ آیا ہے طَیالِسَہ جمع ہے، طَیلَسان دیلم کے نواح میں ایک بڑا ملک۔

﴿فصل الطاء مع الواو﴾

طَبْو: (ط مفتوح، ب ساکن، و موقوف) بلانا، پڑھنا، پکارنا۔

طَحْو: (ط مفتوح، ح ساکن، و موقوف) پھیلانا، بچھانا، لمبا کرنا، جانا، دور ہونا، ہلاک ہونا، بائیں پہلو پر لیٹنا، کسی کو چہرے کے بل گرانا۔

طَرْو: (ط مفتوح، ر ساکن، و موقوف) دور سے آنا، اچانک آنا۔

طُفُوّ: (ط مفتوح ر مضموم، ف مضموم، و مشدد مفتوح) کسی چیز کا پانی پر ظاہر ہونا، درخت پر پتے نکلنا، ہرن کا تیز دوڑنا، زمین پر ہرن کا تیز چلنا، مرنا، کسی کام میں داخل ہونا (کسی کام کو شروع کرنا)

طَلْو: (ط مفتوح، ل ساکن، و موقوف) ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔

طَلَوّ: (ط مفتوح، ل مفتوح، و مشدد موقوف) انتظار، تاخیر۔

طَمْو: (ط مفتوح، م ساکن، و موقوف) گھاس کا بڑھنا، نہر کا لبالب ہونا، دریا کا پانی سے بھر جانا۔

طُہُوّ: (ط مفتوح ر مضموم، ہ مضموم، و مشدد موقوف) گوشت پکانا، بھننا، جانا، کام کرنا۔

﴿فصل الطاء مع الیاء﴾

طِبْی: (ط مکسور ر مضموم، ب ساکن، ی موقوف) چوپائے اور درندوں کا تھن۔

طَبَرِیّ: (ط مفتوح، ب ساکن، ر مکسور، ی مشدد موقوف) تازہ۔

طَارِی: (ط مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی موقوف) کہیں سے اترنا، کسی کے پاس اچانک جانا۔

طَرْیَانِیّ: (ط مفتوح، ر ساکن، ی مفتوح ا ساکن، ن مکسور، ی مشدد موقوف) کسی چیز کا اس طرح ظاہر ہونا کہ معلوم نہ ہو کہ کہاں سے آئی۔

طَاغِی: (ط مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ی موقوف) حد سے زیادہ بڑھنے والا۔

طُفَیْلِیّ: (ط مضموم، ف مفتوح، ی ساکن، ل مکسور، ی مشدد موقوف) جو شخص بن بلائے مہمان ہو، ایک شاعر طفیل کی طرف منسوب ہے جو دعوت دیے بغیر مہمان ہوتا۔

طَمْی: (ط مفتوح، م ساکن، ی موقوف) گھاس کا بڑھنا، نہر کا لبالب ہونا، دریا کا بھرنا۔

طَامِی: (ط مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ی موقوف) زیادہ پانی جو دریا سے باہر بہے، بھرا ہوا دریا، لبالب دریا۔

طَاہِی: (ط مفتوی، ا ساکن، ہ مکسور، ی موقوف) باورچی۔

طَیّ: (ط مفتوح، ی مشدد موقوف) لپیٹنا، لپٹی ہوئی چیز، فرش، نیت، وہ جگہ جہاں کا ارادہ کریں۔

طَاوِی: (ط مفتوح، ا ساکن، و مکسور، ی موقوف) لپٹا ہوا، بھوکا۔

باب الظاء

فصل الظاء مع الالف

ظِبَاء: (ظ مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہرن، ظَبی کی جمع ہے۔
ظُرَفَاء: (ظ مضموم، ر مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہوشیار لوگ، ظَرِیف کی جمع ہے۔
ظَرِبَّاء: (ظ مفتوح، ر مکسور، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بلی کے مانند ایک بدبودار جانور۔
ظَلَمَاء: (ظ مفتوح، ل مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) اندھیری رات، تاریکی۔
ظِمْئ: (ظ مکسور، م ساکن، ء موقوف) پیاس، دوبار اونٹ کے پانی پینے کی درمیانی مدت۔
ظَمَاء: (ظ مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پیاسا ہونا۔
ظمء: (ظ مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پیاسے لوگ، ظَمْآن کی جمع ہے۔

فصل الظاء مع الباء

ظَأَب: (ظ مفتوح، أ ساکن، ب موقوف) پکار، فریاد، شادی شدہ ہونا، ظلم کرنا، بکرے کا مستی کے وقت آواز کرنا، وہ شخص جو کسی کی بیوی کی بہن (سالی) کو اپنی بیوی بنائے، اس کو اس شخص کا سلف (ساڑھو، ہم زلف) کہتے ہیں، ظاب (الف کے ساتھ) اسی معنی میں ہے۔
ظَبْظَاب: (ظ مفتوح، ب ساکن، ظ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) درد، عیب، آنکھ کی پلک کا آبلہ۔
ظَرِبْ (ظ مفتوح، ر مکسور، ب موقوف) چوڑا پہاڑ، چھوٹا پہاڑ، ٹیلا، اونچی زمین، ظِرَاب جمع ہے۔
ظُرُبّ: (ظ مضموم، ر مضموم، ب مشدد موقوف) کوتاہ قد موٹا آدمی۔
ظِنْب: (ظ مکسور، ن ساکن، ب موقوف) درخت کی جڑ۔
ظُنْبُوب: (ظ مفتوح، ن ساکن، ب مضموم، و ساکن، ب موقوف) قدم کی طرف پنڈلی کی انتہا، پنڈلی کی ہڈی، نیزے کے سوراخ میں انی پیوست کرنے کے لیے کیل ڈالنا، پنڈلی کی ہڈی کی انتہا۔

فصل الظاء مع التاء

ظَبْيَةٌ: (ظ مفتوح، ب ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) ہرنی، عورت وغیرہ کی شرمگاہ، چھوٹا تھیلا، وادی کا پیچ وخم۔
ظُبَةٌ: (ظ مضموم، ب مفتوح، ۃ موقوف) تیر کی دم، تلوار اور نیزے کی دم۔
ظَرَافَةٌ (ظ مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) چالاک ہونا۔
ظَعِينَةٌ: (ظ مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) سفینہ کے وزن پر ہے، ہودج، کجاوہ، کجاوے میں بیٹھی ہوئی عورت، ظعائن واظعان وظُعُن جمع ہے۔
ظَفَرَةٌ: (ظ مفتوح، ف ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) فاختہ۔
ظُلْمَةٌ: (ظ مضموم، ل ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) تاریکی، ظُلُمات جمع ہے، ظُلُمَات ثَلٰثَه شکم، رحم (بچہ دانی)، مشیمہ (وہ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے) کی تاریکی، بعض لوگوں نے کہا ہے شکم، رحم اور پشت کی تاریکی، ظلمات ثلثہ حضرت یونس علیہ السلام کے لیے رات کی تاریکی، مچھلی کے پیٹ کی تاریکی، دریا کی تہہ کی تاریکی (م)
ظُلَّةٌ: (ظ مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سائبان، ہر سایہ دار چیز، ہر وہ مقام جس میں گرمی اور ٹھنڈک سے پناہ لیں، جیسے صُفّہ وغیرہ، سایہ فگن بادل۔
ظِهَارَةٌ: (ظ مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ابرہ، اوپر کا کپڑا، بِطَانَۃ (اَستر) کی ضد ہے۔
ظَهَارَةٌ: (ظ مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) مضبوط پیٹھ والا ہونا۔
ظَهِيرَةٌ: (ظ مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) موسم گرما کی دوپہر کی گرمی۔

ظَاہِرَ ۃٌ (ظا مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) باہر نکلی ہوئی آنکھ، وہ چشمہ جس کا پانی دوپہر میں پیتے ہیں، اونٹ کا دوپہر کے وقت پانی میں اترنا، مضبوط پیٹھ والی اونٹنی۔

ظِہْرَ ۃٌ: (ظا مکسور، ہ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) مددگار۔

ظَہَرَ ۃٌ: (ظا مفتوح، ہ مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) سامان، پونجی، گھر کا ساز وسامان، گھر کے لوگ۔

﴿فصل الظاء مع الراء﴾

ظَاَر: (ظا مفتوح، اُ ساکن، ر موقوف) بچے کی پرورش اور دودھ پلانے کے لیے دایہ رکھنا اور مہربان ہونا۔

ظِئْر: (ظا مکسور، ء ساکن، ر موقوف) دایہ جو انسان وحیوان کے بچے کے لیے رکھیں اور وہ دوسرے کے بچے پر مہربان ہو، وہ ستون جو دیوار کے پہلو میں بنائیں، گھر کی ایک سمت۔

ظِاَر: (ظا مکسور، ا ممدودہ، ر موقوف) اونٹنی کی ناک کو کپڑے سے باندھنا تاکہ دوسرے کے بچے کی بو محسوس نہ کر سکے۔

ظُوَار: (ظا مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) چولہا۔

ظِرّ۔ظَرَرْ: (ظا مکسور، ر مشدد موقوف) (ظا مفتوح، ر مفتوح، ر موقوف) پتھر، گول پتھر، تیز پتھر۔

ظُفْر: (ظا مضموم، ف ساکن، ر موقوف) ناخن، کمان کا گوشہ جو سوفار کمان سے اوپر ہو جس میں چلے کا سرا باندھتے ہیں، فاختہ، آنکھ کی ایک بیماری، ایک قلعہ ہے، ایک آدمی۔

ظَفْر: (ظا مفتوح، ف ساکن، ر موقوف) کسی کو دیکھنا۔

ظَفَرْ: (ظا مفتوح، ف مفتوح، ر موقوف) ہموار گھاس والی زمین، آنکھ میں ناخونہ ہونا، فتح پانا، کامیاب ہونا۔

ظَفَار: (ظا مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں کا عمدہ عود جزع (مہرۂ سلیمانی) مشہور ہے، صنعا میں ایک قلعے کا نام ہے، شام میں ایک قلعہ، یمن میں ایک قلعہ، عمدہ خوشبو جس کو اظفار کہتے ہیں اور اطبا اسے اَظْفَارُ الطِّیْب کہتے ہیں، فارسی میں اس کو ناخن دیو کہتے ہیں اور ہندی میں نکھ۔

ظُہْر: (ظا مضموم، ہ ساکن، ر موقوف) زوال کا وقت، نماز ظہر کا وقت۔

ظَہْر: (ظا مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) پیٹھ، سواری کے جانور، پرندے کے پروں کی چھوٹی سمت، ظُہْرَان جمع ہے، صحرا کا راستہ، زیادہ مال، ایک جگہ کا نام ہے، کسی چیز پر فخر کرنا، بلند سخت زمین، قرآن کے ظاہری لفظ کو ظَہر اور اس کی تاویل (معنی) کو بَطن سے تعبیر کرتے ہیں، حدیث، خبر، کسی چیز کو لوگوں سے چھپانا۔

ظَہَرْ: (ظا مفتوح، ہ مفتوح، ر موقوف) پیٹھ کا درد۔

ظَہِیْر: (ظا مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ہم پشت، مددگار، جمع و مفرد دونوں معنوں میں آیا ہے، پیٹھ میں درد والا شخص۔

ظُہَار: (ظا مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پرندے کے پر کا پتلا سرا۔

ظِہَار: (ظا مکسور، ہ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) باڈی گارڈ، محافظ، موافقت کرنے والا، مرد کا اپنی بیوی سے کہنا کہ تیری پیٹھ میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے، اس بات سے بیوی اس پر حرام ہو جائے گی جب تک کفارہ ادا نہیں کرے گا حلال نہ ہوگی۔

ظَہَار: (ظا مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پتھریلی زمین کا ظاہری حصہ۔

ظَاہِرْ: (ظا مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ر موقوف) پیدا، آشکار، باطن کی ضد ہے، حق تعالیٰ کا ایک نام، نزائل چیز۔

ظُہُوْر: (ظا مضموم، ہ مضموم، و ساکن، ر موقوف) ظاہر ہونا، غالب آنا، فتح پانا، چھت پر آنا۔

ظَوَاہِر: (ظا مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ر موقوف) زمین کی بلندیاں، زمین کی نباتات، قریش ظواہر سے ہیں کیوں کہ وہ مکہ میں وارد ہوئے۔

﴿فصل الظاء مع العین﴾

ظَلْع: (ظا مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) اونٹ کا لنگڑا کر چلنا، زمین اور جگہ کا لوگوں کی کثرت کی وجہ سے تنگ ہونا، تہمت والا ہونا۔

ظُلَعْ: (ظ مضموم، ل مفتوح، ع موقوف) قبیلۂ سلیم کا پہاڑ۔

ظَائِعْ: (ظ مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) جھکنے والا، مائل ہونے والا، تہمت زدہ، لنگڑا چوپایہ، رات میں نہ سونے والا کتا۔

ظُلَاعْ: (ظ مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) جانوروں کی ٹانگ کی بیماری۔

﴿فصل الظاء مع الفاء﴾

ظَرْف: (ظ مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) ہوشیاری، چالاک ہونا، برتن، باسن جس میں کوئی چیز رکھیں۔

ظَرِیْف: (ظ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف) چالاک، ہوشیار۔

ظُرَّاف: (ظ مضموم، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) چالاک، ہوشیار۔

ظَفّ: (ظ مفتوح، ف مشدد موقوف) باندھنا، اونٹ کے پیروں کو سیٹنا، مسلسل گرانی، تنگ زندگی۔

ظِلْف: (ظ مکسور، ل ساکن، ف موقوف) کھر، وہ کھر جو گھوڑے، بکری، گائے وغیرہ کے کھر کی طرح پھٹے ہوئے ہوں، ضرورت، چال وغیرہ میں متابعت کرنا، نقش قدم پر چلنا۔

ظَلْف: (ظ مفتوح، ل ساکن، ف موقوف) باطل، بے کار خون، ظلف بھی اس معنی میں آیا ہے، الٹ پلٹ کرنا۔

ظُلُف: (ظ مضموم، ل مضموم، ف موقوف) سخت چیزیں، تنگی عیش۔

ظَلِف: (ظ مفتوح، ل مفتوح رمکسور، ف موقوف) پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ۔

ظَلِیْف: (ظ مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ف موقوف) بدحال، ذلیل، سخت برابر زمین، سخت دشوار کام، سختی، گردن کی جڑ، بے کار چیز۔

﴿فصل الظاء مع اللام﴾

ظِلّ: (ظ مکسور، ل مشدد موقوف) سایہ، خیال، نمونہ، رات کا حصہ، جوانی کی ابتدا، گرمی کی شدت، آفتاب کو چھپانے والا بادل، پناہ، رات کی تاریکی، دن کے اول حصے کے سایہ کو ظل اور دن کے آخری حصے کے سایہ کوفی کہتے ہیں، ظِلال و اظلال جمع ہے، جنت کے معنی میں بھی آیا ہے۔

ظَلِیْل: (ظ مفتوح رمکسور، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) ہمیشہ رہنے والا سایہ، سایہ دار جگہ، ہر سایہ دار چیز، خیمہ، سمندر کی موجیں۔

ظَلَال: (ظ مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بادل کا سایہ، سایہ دار جگہ۔

ظُلَل: (ظ مضموم، ل مفتوح، ل موقوف) بہت سے سائبان، بہت سے بادل۔

ظَلَل: (ظ مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) درختوں کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

ظُلُوْل: (ظ مضموم، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) سایہ کرنا۔

﴿فصل الظاء مع المیم﴾

ظُلْم: (ظ مفتوح رمضموم، ل ساکن، م موقوف) ظلم کرنا، سیلاب کا حد سے زیادہ بڑھ جانا، پانی کا دریا کے کنارے سے اوپر ہو کر بہنا، کسی کے حق کو کم کرنا، کسی چیز کو غیر محل میں رکھنا، زمین کو بے موقع کھودنا، بیماری کے بغیر اونٹ ذبح کرنا، جمنے سے پہلے دودھ کو مشک سے پینا، گدھے کا گدھی سے جفتی کرنا۔

ظَلْم: (ظ مفتوح، ل ساکن، م موقوف) پانی، صاف، دانت اور برف کی سفیدی، ہر چیز کی ابتدا۔

ظَلَم: (ظ مفتوح، ل مفتوح، م موقوف) رات کا تاریک ہونا، پہاڑ، بدن۔

ظِلَم: (ظ مکسور، ل مفتوح، م موقوف) ایک وادی کا نام۔

ظَلَام: (ظ مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ابتدائی رات کی تاریکی۔

ظَلِیْم: (ظ مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، م موقوف) نر شتر مرغ، مظلوم، وہ دودھ جو جم کر دہی نہ ہوا ہو اور کھایا جا سکے، کنویں سے نکالی ہوئی مٹی۔

ظَالِم: (ظ مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، م موقوف) ستمگر۔

﴿فصل الظاء مع النون﴾

ظِرْبَان: (ظ مفتوح / مکسور، ر ساکن / مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بلی کے مانند ایک ایسا بدبودار جانور ہے جو کپڑے میں ہوا خارج کردے تو اس کی بدبو کپڑا اپھٹنے تک نہیں جاتی ہے۔

ظَعْن: (ظ مفتوح، ع ساکن، ن موقوف) سیر کرنا، جانا، سفر کرنا۔

ظَاعِن: (ظ مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ن موقوف) مسافر۔

ظَعَائِن (ظ مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ن موقوف) کجاوے، ہودج میں بیٹھنے والی عورتیں۔

ظَعُوْن: (ظ مفتوح، ع مضموم، و ساکن، ن موقوف) وہ اونٹ جس پر بوجھ لادتے ہیں، کام میں لاتے ہیں اور اس پر ہودج رکھتے ہیں۔

ظِعَان: (ظ مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ہودج اور بوجھ باندھنے کی رسی۔

ظَمْآن: (ظ مفتوح، م ساکن، ا ممدودہ، ن موقوف) پیاسا۔

ظَنُوْن: (ظ مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) بدگمان آدمی، کمزور مرد، وہ کنواں جس میں معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں، تھوڑے پانی والا کنواں، ایسا قرض جس کے متعلق معلوم نہ ہو سکے کہ اسے مقروض ادا کرے گا یا نہیں۔

ظَنّ: (ظ مفتوح، ن مشدد موقوف) الزام لگانا، گمان، یقین، شک۔

ظَنِیْن: (ظ مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) متہم، وہ شخص جس پر تہمت لگائی جائے۔

ظَانّ: (ظ مفتوح، ا ساکن، ن مشدد موقوف) بدگمان مرد، تہمت لگانے والا۔

ظُہْرَان (ظ مضموم، ہ ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مرغ کے پروں کے بہت باریک کنارے۔

ظَیَّان: (ظ مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) جنگلی چنبیلی، شہد، ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔

﴿فصل الظاء مع الیاء﴾

ظَبْی: (ظ مفتوح، ب ساکن، ی موقوف) ہرن۔

ظِہْرِیّ: (ظ مکسور، ہ ساکن، ر مکسور، ی مشدد موقوف) ضرورت کے لیے آمادہ اونٹ، پس پشت ڈالا ہوا کام، فراموش کیا ہوا کام۔

﴿ باب العین ﴾

﴿فصل العین مع الالف﴾

عِبْاَ: (ع مکسور، ب ساکن، ء موقوف) بوجھ، ہر چیز کا وزن، بوری، بوجھ، نظیر، مثل، عَبْاَ بھی اس معنی میں آیا ہے۔

عَبْاَ: (ع مفتوح، ب ساکن، ء موقوف) سورج کی روشنی، کسی کام کے لیے تیار کرنا، بنانا، خوشبو ملانا، لشکر کو سنوارنا اور تیار کرنا، پاک رکھنا۔

عَبَاء: (ع مفتوح، ب مفتوح، امدودہ موقوف) مشہور اونی جبہ جسے عرب پہنتے ہیں، بھاری، ناگوار، نادان۔

عُتْبیٰ: (ع مضموم، ت ساکن، ب مفتوح، اقصورہ موقوف) خوشی، خوشنودی، رضا۔

عَجْمَاء: (ع مفتوح، ج ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گونگا، بے زبان۔

عَدْوَیٰ: (ع مفتوح، د ساکن، و مفتوح، اقصورہ موقوف) متعدی مرض جو دوسروں میں سرایت کرے، تباہی، فساد پیدا کرنا۔

عُدْوَیٰ: (ع مضموم، د ساکن، و مفتوح، اقصورہ موقوف) ظلم کرنا۔

عِدَیٰ: (ع مکسور، د مفتوح، ا قصورہ موقوف) کنارہ، بے گانے لوگ، مسافر، دو لکڑیوں کے بیچ کی لکڑی، چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔

عُدَیٰ: (ع مکسور رمضموم، د مفتوح، اقصورہ موقوف) دشمن۔

عَدَاء: (ع مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لمبا، ہر چیز کی چوڑائی، دوری، کسی کام کی وجہ سے کسی چیز سے باز رکھنا، کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا، چھوٹا پتھر جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

عِدَاء: (ع مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دو شکاروں کو پے در پے مارنا اور گرانا۔

عُذْرَیٰ: (ع مضموم، ذ ساکن، ر مفتوح، اقصورہ موقوف) معذور رکھنا، معذرت کرنا۔

عِذْرَاء: (ع مفتوح رمکسور، ذ ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کنواری لڑکی، عَذَارِی جمع ہے، سوراخ نہ کیا ہوا موتی، برج سنبلہ یا برج جوزا، مدینہ مشرفہ، دمشق کے قریب ایک جگہ کا نام ہے، شام میں ایک گاؤں ہے۔

عَرَاء: (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) درخت اور پودوں سے خالی میدان جس میں پناہ لینے کے لیے کوئی چیز نہ ہو۔

عِرَیٰ: (ع مکسور، ر مفتوح، اقصورہ موقوف) کنارہ، وہ شخص جو کسی کام کا اہتمام نہ کرے۔

عَرْبَاء: (ع مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خالص عرب قوم۔

عَرَایَا: (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) کھجور کا درخت جو عاریۃً کسی محتاج کو دیا جائے تا کہ اس کا پھل اپنے مصرف میں لائے۔

عُرَفَاء: (ع مضموم، ر مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پہچاننے والے، عارِف کی جمع ہے۔

عَزَاء: (ع مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) صبر کرنا، صبر میں استقامت اختیار کرنا، شکایت کرنا۔

عُزّیٰ: (ع مضموم، ز مشدد مفتوح، اقصورہ موقوف) اَعَزّ کا مؤنث ہے، عزیز کے معنی میں بھی آیا ہے، ایک بت کا نام ہے، ایک درخت ہے قبیلۂ غطفان کے لوگ جس کی پوجا کرتے تھے، اسی درخت کے پاس انہوں نے ایک گھر بنایا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو بھیجا کہ اس مکان کو گرا دیں اور اس درخت کو جلا دیں۔

عَسَیٰ: (ع مفتوح، س مفتوح، اقصورہ موقوف) امید، قریب، نزدیک۔

عَشَاَ: (ع مفتوح، ش مفتوح، ا موقوف) رتوندھی، نادان کو بھی کہتے ہیں۔

عِشَاء: (ع مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ابتدائی رات کی تاریکی یا مغرب سے عشا تک یا زوال آفتاب سے طلوع فجر تک، عشائین

مغرب اور عشاء کی نماز۔

عَشَاء: (ع مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) رات کا کھانا۔

عَوَاء: (ع مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) اونٹنی جو تاریکی کی وجہ سے اپنے سامنے نہ دیکھے۔

عَشُوْرَیٰ۔ عَاشُوْرَا (ع مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) (ع مفتوح، ا ساکن، ش مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ماہ محرم الحرام کی نویں یا دسویں تاریخ۔

عُشَرَاء: (ع مضموم، ش مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دس مہینے کی گابھن اونٹنی۔

عَصَا: (ع مفتوح، ص مفتوح، ا موقوف) عصا، لاٹھی جسے ہاتھ میں لے کر چلتے ہیں، ایک گھوڑے کا نام، مسلمانوں کی ایک جماعت، شق العصا مسلمانوں سے مخالفت، عورتوں کی اوڑھنی، پنڈلی کی ہڈی۔

عَطَا: (ع مفتوح، ط مفتوح، ا موقوف) دینا، بخشش، داد و دہش۔

عَطَایَا: (ع مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) بخششیں، عطیے، عَطِیَّۃ کی جمع ہے۔

عَفَاء: (ع مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ہلاک ہونا، نشان کا مٹ جانا، آنکھ کی سیاہی میں سفیدی۔

عِفَاء: (ع مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شترمرغ کے زیادہ پر، لمبے بال۔

عُقْبیٰ: (ع مضموم، ق ساکن، ب مفتوح، ا مقصورہ موقوف) آخرت، اعمال کی جزا، کام کا بدلہ۔

عُقَلَاء: (ع مضموم، ق مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دانشمند لوگ۔

عَلْمَاء: (ع مفتوح، ل ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وہ عورت جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔

عُلَمَاء: (ع مضموم، ل مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) جاننے والے۔

عَلَا: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا موقوف) بلندی، ایک مرد کا نام، مدینے میں ایک جگہ کا نام۔

عَلْیَاء: (ع مفتوح، ل ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) آسمان، پہاڑ کی چوٹی، بلند جگہ، ہر چیز جو دوسری چیز سے اونچی ہو، بلند کردار و عمل والا۔

عُلْیَا: (ع مضموم، ل ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) زیادہ بلند، اَعْلیٰ کی تانیث۔

عُلیٰ: (ع مضموم، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بلند چیزیں، وادی القریٰ کے کنارے پر ایک شہر، دیار غطفان میں ایک موضع۔

عَمیٰ: (ع مفتوح، م مفتوح، ا مقصورہ موقوف) آنکھ اور دل کی روشنی کا ختم ہونا۔

عَمَاء: (ع مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گمراہی، جنگ، اونچا بادل، گھنا بادل، ہلکا بادل، برسنے والا بادل، کالا بادل، سفید بادل، وہ بادل جو پانی برسا چکا ہو۔

عُمْیَاء: (ع مضموم، م ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کرم خوردہ، چھپی ہوئی چیز۔

عُنْقَاء: (ع مضموم، ن ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لمبی گردن والی عورت، سیمرغ، بختی، مصیبت۔

عَنَاء: (ع مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) رنج، مشقت۔

عُوَاء: (ع مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کتے لومڑی اور ہرن کی آواز۔

عَوَّاء: (ع مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) زیادہ بھونکنے والا کتا، عَوّا بغیر ہمزہ کے بھی آیا ہے، مقعد، چاند کی منزلوں میں سے ایک منزل جو پانچ یا چار ستارے ہیں، بوڑھا اونٹ۔

عَیْنَاء: (ع مفتوح، ی ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) اچھی آنکھ والی عورت، مادہ نیل گائے، سبزہ، وہ مشک جو پھٹنے کے قریب ہو۔

عَیَاء: (ع مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لاعلاج مرض، کام سے تھک جانا، ناکارہ ہو جانا، گھاس کا لمبا ہونا۔

﴿فصل العین مع الباء﴾

عَبّ: (ع مفتوح، ب مشدد موقوف) مسلسل کھانا، بھر منہ پانی پینا۔

عُبّ: (ع مضموم، ب مشدد موقوف) آستین۔

عُبَاب: (ع مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) کھجور کے درخت

کا پٹنا، سیلاب کا چڑھاؤ، پانی کا بھر جانا، پانی زیادہ ہونا، ہر چیز کی ابتدا۔

عَبَابِ: (ع مفتوح، ب مفتوح، اساکن، ب مکسور) بروزن قطام یہ اسم امر کے معنی میں ہے یعنی بھر منہ پانی پی۔

عَبْعَبْ: (ع مفتوح، ب ساکن، ع مفتوح، ب موقوف) اونی کپڑا، اونٹ کا بال، کشادہ کپڑا، تھوڑا سورج گرہن، بدحالی، لمبا مرد، پہاڑی بکری، ایک بت کا نام، ایک آدمی کا نام۔

عَبْعَاب: (ع مفتوح، ب ساکن، ع مفتوح، اساکن، ب موقوف) لمبا مرد۔

عَنَبْ: (ع مفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) کا کنج کا دانہ، عِنَبُ الثَّعْلَب مکوے کا پھل۔

عُبُبْ: (ع مضموم، ب مضموم، ب موقوف) جوش مار کر بہنے والا پانی، اُبلنے والا کنواں۔

عَتْب: (ع مفتوح، ت ساکن، ب موقوف) غصہ ہونا، ملامت کرنا۔

عِتْب: (ع مکسور، ت ساکن، ب موقوف) بہت عتاب کرنے والا۔

عَتَبْ: (ع مفتوح، ت مفتوح، ب موقوف) انگشت سبابہ اور وسطیٰ کا درمیانی حصہ یا وسطیٰ اور بنصر کا بیچ، سختی، ناپسندیدہ کام، فساد، وہ لکڑیاں جو سارنگی کے عرض میں لگاتے ہیں اور وہاں سے تاروں کو عود کے سرے کی طرف لے جاتے ہیں، سختی، سخت زمین، چوکھٹیں، عَتَبَۃ کی جمع ہے۔

عِتَاب: (ع مکسور، ت مفتوح، اساکن، ب موقوف) ملامت کرنا، غصہ ہونا، ناز کرنا۔

عَتَّاب: (ع مفتوح، ت مشدد مفتوح، اساکن، ب موقوف) ایک آدمی کا نام ہے۔

عَتِیْب: (ع مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ب موقوف) یمن کے ایک قبیلے کا باپ۔

عَجْب: (ع مفتوح، ج ساکن، ب موقوف) دم کی جڑ، دیگ کی تہہ، انتہا، انجام، عُجُوب جمع ہے، ایک قبیلے کا نام۔

عُجْب: (ع مضموم، ج ساکن، ب موقوف) خود بینی، تکبر کرنا، وہ مرد جسے عورتوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور گفتگو کرنے میں دلچسپی ہو اور عورتوں کو اس آدمی کے ساتھ نشست و برخاست اور بات چیت میں لطف آئے، عُجُبٌ بھی اسی معنی میں آیا ہے، تعجب، کسی چیز کا انوکھا ہونا، اَعْجَاب جمع ہے، عَجَبٌ بھی انہیں معنوں میں ہے جیسا کہ مشہور ہے۔

عَجِیْب: (ع مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ب موقوف) انوکھا کام، عجیب وغریب چیز، عَجَائِبُ جمع ہے۔

عُجَاب: (ع مضموم، ج مفتوح، اساکن، ب موقوف) تعجب، نادر، بہت حیرت انگیز۔

عَدَاب: (ع مفتوح، د مفتوح، اساکن، ب موقوف) باریک ریت یا ریت کا چھوٹا برتن۔

عَدُوْب: (ع مفتوح، د مضموم، و ساکن، ب موقوف) زیادہ ریت۔

عَذْب: (ع مفتوح، ذ ساکن، ب موقوف) کھانے پینے والی چیز، میٹھا اور خوش گوار ہونا، سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا، منع کرنا، چھوڑنا، دور ہونا، ایک قسم کا درخت۔

عَذَبْ: (ع مفتوح، ذ مفتوح، ب موقوف) کوڑا کرکٹ، تنکا، وہ چیز جو بچہ پیدا ہونے کے بعد رحم سے باہر آتی ہے (آنول)، ایک قسم کا درخت، ترازو اٹھانے کی ڈوری جو ڈنڈی کے بیچ میں ہوتی ہے، ہر چیز کے اطراف، اونٹ کے عضو تناسل کا کنارہ، اونٹ کے پالان کے پیچھے لٹکا ہوا چمڑا، عَذَبَۃٌ واحد ہے۔

عَذِبْ: (ع مفتوح، ذ مکسور، ب موقوف) کائی، جس کو جامۂ غوک بھی کہتے ہیں۔

عَاذِبْ۔عَذُوْب: (ع مفتوح، اساکن، ذ مکسور، ب موقوف) (ع مضموم، ذ مضموم، و ساکن، ب موقوف) چوپائے کا پیاس کی شدت کی وجہ سے چارے کو چھوڑ دینا، وہ شخص جس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔

عُذَیب: (ع مضموم، ذ مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) میٹھا پانی، ایک چشمے کا نام ہے۔

عَذَاب: (ع مفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) شکنجہ کسنا،

عَذّاب: (ع مفتوح، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک گھوڑے کا نام ہے۔

عَرْب: (ع مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) خوش، عَرِبْ بھی اس معنی میں آیا ہے، زخم کا تازہ ہونا، سوجنا اور پیپ والا ہونا۔

عِرْب: (ع مکسور، ر ساکن، ب موقوف) خشک گھاس، سوکھی گھاس۔

عَرَبْ: (ع مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) معدے کا خراب ہونا، بہت صاف پانی، عَرِبْ بھی اسی معنی میں آیا ہے، مدینے کی ایک سمت، زخم اچھا ہونے کے بعد نشان کا باقی رہنا۔

عُرُبْ: (ع مفتوح رمضموم، ر ساکن رمفتوح، ب موقوف) عربی النسل لوگ یا وہ عربی لوگ جو شہروں میں رہتے ہیں، اعراب وہ لوگ جو بادیہ نشین ہوں، عَرَب عَارِبَہ وعَرُ باعرو بافصیح عربی مرد۔

عَرُوْب: (ع مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ب موقوف) وہ عورت جو اپنے شوہر کو بہت چاہے، بہت ہنسنے والی، وہ عورت جسے اس کا شوہر محبوب رکھے، عُرُبْ جمع ہے۔

عُرَیب: (ع مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) عَرَبْ کی تصغیر ہے۔

عَرِیب: (ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) ایک مرد کا نام، ایک گھوڑے کا نام۔

عِرَاب: (ع مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) عربی گھوڑے اور اونٹ، بَرَاذِین و بُختی کی ضد ہے۔

عُرقُوب: (ع مضموم، ر ساکن، ق مضموم، و ساکن، ب موقوف) انسان کی ایڑی کے اوپر کا موٹا پٹھا، چوپائے کے اگلے دو پاؤں کا پٹھا (جو ہاتھ کی منزل میں ہوتے ہیں)، وادی کی کجی اور پیچیدگی، سنگ خوار پرندے کی پنڈلی اور اس پرندے کو قطا کہتے ہیں، یہ پرندہ خوش آواز ہے جو قَطَا قَطَا بولتا ہے اور آواز نہیں بدلتا ہے اس کو سنگ خوار کہتے ہیں، تنگ پہاڑی راستہ، وادی کا موڑ، بڑا اور مشکل کام، حجت و دلیل اور حیلہ و بہانہ کو جاننا پہچاننا، ایک گھوڑے کا نام، قوم عمالقہ کے ایک شخص کا نام جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں عرب کے اندر مشہور ہے یہی وجہ ہے کہ وعدہ خلافی کرنے والے کو مَوَاعِیدِ عُرقُوب کہتے ہیں، بھائی کے ساتھ اس کی وعدہ خلافی مشہور ہے جو کتابوں میں مرقوم ہے۔

عَزَبْ: (ع مفتوح، ز مفتوح، ب موقوف) وہ مرد جس کی بیوی نہ ہو، عَزَبَۃ وہ عورت جس کا شوہر نہ ہو، عُزَّاب دونوں کی جمع ہے۔

عَازِبْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ب موقوف) دور کی چراگاہ اور پانی، ایک پہاڑ کا نام۔

عَسْب: (ع مفتوح، س ساکن، ب موقوف) مرد کا جماع کی اجرت دینا، نر کا مادہ کے اوپر چڑھنا، نر جانور کی منی اور اس کی نسل و اولاد۔

عَسِیب: (ع مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پونچھ کی ہڈی، پونچھ کے بال اگنے کی جگہ، ظاہر قدم، پشت پا، لسبا پر، کھجور کی لمبی شاخ جس کی پتیاں کاٹ دی گئی ہوں یا وہ شاخ جس میں پتیاں نہ نکلی ہوں، جس کی شاخ پر پتیاں نکلی ہوں اس کو سَعَف کہتے ہیں، پہاڑ کا درّہ، ایک مرد کا نام۔

عِسَاب: (ع مکسور، س مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) مکہ معظمہ کے قریب ایک بستی۔

عُشْب: (ع مضموم، ش ساکن، ب موقوف) تر گھاس۔

عَشَبْ: (ع مفتوح، ش مفتوح، ب موقوف) خشک ہونا، سوکھنا، عَیَالِ عَشَب بے عقل اولاد۔

عَاشِبْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ب موقوف) بہت گھاس والا شہر، گھاس کھانے والا اونٹ۔

عَصْب: (ع مفتوح، ص ساکن، ب موقوف) پگڑی، عمامہ لپیٹنا، داغ

کرنا، مضبوط باندھنا، درخت کی شاخوں کو اکٹھا کر کے کسی چیز سے اس پر مارنا تا کہ پتیاں جھڑ جائیں، بکرے اور بھیڑ کے خصیوں کو مضبوط باندھنا تا کہ کھینچے بغیر گر جائیں، ایک قسم کی چادر، سرخ بادل جو قحط سالی کے زمانہ میں ظاہر ہوتا ہے، آسمان کے کنارے کا سرخ ہونا، اونٹنی کی رانوں کو مضبوط باندھنا تا کہ زیادہ دودھ دے، غبار وغیرہ سے دانت کا میلا ہونا، کسی چیز کے گرد پھرنا، پہنچنا، پکڑنا، کسی چیز کو لینا، منہ میں پانی کا خشک ہونا، کسی چیز کا لازم ہونا، بحر وافر میں مَفَاعِلَتُنْ کے لام کو ساکن کرنا اور اسے مَفَاعِیْلُنْ کی طرف منتقل کرنا، گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا۔

عَصَبْ: (ع مفتوح، ص مفتوح، ب موقوف) پٹھے، عَصَبَۃٌ کی جمع ہے، قوم کے برگزیدہ لوگ، لبلاب عشق پیچاں کی بیل، عُصب بھی اس معنی میں آیا ہے۔

عَصِیْب: (ع مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پھیپھڑے اور آنتوں کو لپیٹ کر بھننا (ایک قسم کا کھانا)

عَضْب: (ع مفتوح، ض ساکن، ب موقوف) کاٹنا، گالی دینا، تلوار مارنا، نیزہ مارنا، بکری کو ٹوٹے ہوئے سینگ والا بنانا، پکڑنا، ابھارنا، کسی کو کمزور اور آفت رسیدہ کرنا، تیز تلوار، چرب زبان، سبک سر جوان، گائے کا بچہ جس کا سینگ نکل آیا ہو۔

عَضَبْ: (ع مفتوح، ض مفتوح، ب موقوف) نہ ٹوٹی ہوئی ران والی بھیڑ، پھٹے کانوں والی اونٹنی۔

عُضُوْب۔ عُضُوْبَۃٌ: (ع مضموم، ض مضموم، و ساکن، ب موقوف) (ع مضموم، ض مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) چرب زبان ہونا۔

عُطْبْ: (ع مضموم، ط ساکن، ر مضموم، ب موقوف) روئی۔

عَطْب: (ع مفتوح، ط ساکن، ب موقوف) نرمی، تازگی، عُطُوب بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عَطَبْ: (ع مفتوح، ط مفتوح، ب موقوف) ہلاک ہونا، ہلاک کرنا۔

عَظْب: (ع مفتوح، ظ ساکن، ب موقوف) پرندے کا اپنی دم کو جلد جلد ہلانا، کسی چیز کا لازم ہونا اور اس پر صبر کرنا، عُظُوب بھی اسی معنی میں آیا ہے، اپنے مال پر اقامت کرنا، کھڑا ہونا، سوکھی کھال، کام کرنے کی وجہ سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔

عَظَبْ (ع مفتوح، ظ مفتوح، ب موقوف) موٹا ہونا۔

عَقْب: (ع مفتوح، ق ساکن، ب موقوف) ابتدائی رفتار کے بعد گھوڑے کی رفتار و روش، فرزند، پوتا، کمان پر پٹھے کا چلہ باندھنا، کسی چیز پر پٹھا (تانت) لپیٹنا، کسی چیز کے بعد آنا، کسی کا نائب ہونا، ایڑی پر مارنا۔

عُقُبْ: (ع مضموم، ق مضموم، ب موقوف) کام کی انتہا، عافیت۔

عَقَبْ: (ع مفتوح، ق مفتوح، ب موقوف) پٹھا جس سے کمان کا چلہ اور ساز کے تار بنائیں۔

عَقِبْ (ع مفتوح، ق مکسور، ب موقوف) لڑکا، پوتا، ایڑی۔

عاقِبْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ب موقوف) پیچھے آنے والی چیز، جو شخص قوم کے سردار اور پیشوا کے بعد اس کا قائم مقام ہو، جو شخص بھلائی میں کسی کا نائب ہو، حضور خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نام کیوں کہ آپ تمام انبیا کے بعد تشریف لائے۔

عِقَاب: (ع مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) شکنجہ کسنا، سزا دینا۔

عُقَاب: (ع مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) سیاہ شکاری پرندہ، کنویں کے اندر ابھرا ہوا پتھر جو ڈول کو پھاڑتا ہے، پہاڑ کے کناروں پر بڑا پتھر جو سیڑھی کی طرح نکلا ہوا ہو، نہر جہاں سے پانی حوض میں جائے، وہ پتھر جس پر پانی دینے والا کھڑا ہوتا ہے اور پانی پلاتا ہے، مٹی کا ٹیلا، ہر اونچی چیز جو بہت اونچی نہ ہو، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا، وہ چیز جو چوپایوں کے پیر میں نکلتی ہے، چند ستارے جو عقاب کے مانند نظر آتے ہیں جنھیں عُقاب آسانی کہتے ہیں، چھوٹا دھاگہ جسے گوشوارے کے سوراخ میں ڈالیں۔

عَقْرَبْ: (ع مفتوح، ق ساکن، ر مفتوح، ب موقوف) بچھو، جوتے کا تسمہ، وہ رسی جسے چوپائے کے پیر، پونچھ اور زین میں باندھتے

ہیں، آسمان میں ایک برج، ایک گھوڑے کا نام۔

عَقَارِبُ: (ع مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ب موقوف) عَقرَب کی جمع ہے، چغلی، سختیاں، جاڑے کی سخت ٹھنڈک۔

عَکْب: (ع مفتوح، ک ساکن، ب موقوف) گرد وغبار، ہلکا، خوشی، چلنے میں سختی۔

عَکَبُ: (ع مفتوح، ک مفتوح، ب موقوف) موٹے ہونٹ، ٹھوڑی کا موٹا ہونا، پیر کے انگلیوں کی نزدیکی۔

عِکَبّ: (ع مکسور، ک مفتوح، ب مشدد موقوف) کوتاہ جسم، سرکش، سرکش جن، سرکش انسان، وہ شخص جس کی ماں دوسرے شوہر والی ہو، نعمان بن منذر کے قید خانے کا نام۔

عَاکِبُ: (ع مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ب موقوف) بھاری جماعت۔

عُکَاب: (ع مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) دھواں۔

عَکَاب: (ع مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) غبار۔

عُکُوب: (ع مضموم، ک مضموم، و ساکن، ب موقوف) بھیڑ ہونا، کھڑا ہونا، ہانڈی کا جوش مارنا، عَاکِبُ کی جمع ہے، عَکُوب گرد وغبار۔

عَلْب: (ع مفتوح، ل ساکن، ب موقوف) نشان، نشان لگانا، تلوار کے قبضے کو مضبوط بنانا، اونٹ کا موٹا ہونا، گوشت کا سخت ہونا۔

عِلْب: (ع مکسور، ل ساکن، ب موقوف) وہ مرد جس سے کسی چیز کی امید نہ رکھی جائے، وہ جگہ جہاں کبھی بارش نہ ہو اور کوئی چیز نہ اگے، علب بھی اس معنی میں آیا ہے، بیری کے درخت کے اگنے کی جگہ، عُلُوب جمع ہے۔

عَلَبُ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) ایک قسم کی بیماری جو اونٹ کی گردن کے پٹھوں میں ہوتی ہے، سختی، گوشت کا بدبودار ہونا، دستہ شمشیر کا سوراخ۔

عَلِبُ: (ع مفتوح، ل مکسور، ب موقوف) سخت چیز، گوہ اور پہاڑی بکری وغیرہ کا بوڑھا ہونا۔

عِنَبُ: (ع مکسور، ن مفتوح، ب موقوف) انگور، شراب۔

عَنَّاب: (ع مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) انگور بیچنے والا، ایک آدمی کا نام۔

عُنَّاب: (ع مضموم، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بڑی ناک والا، مکہ کے راستے میں ایک پہاڑ، فرج کا بند ہونا، ایک وادی، ایک گھوڑے کا نام، چھوٹا سیاہ پہاڑ، لمبا گول پہاڑ۔

عُنَّاب: (ع مضموم، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بیری کے مانند ایک سرخ میوہ جسے سَنجِد چیلان کہتے ہیں۔

عَنْدَلِیب: (ع مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ب موقوف) بلبل، ہزار داستان، عَنَادِل جمع ہے۔

عَیب ـ عَاب: (ع مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) (ع مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ہرن، عیب، ہنر کی ضد، فرہنگ، عیب والا ہونا، عیب بیان کرنا، دہی والا مشک۔

عَائِبُ: (ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ب موقوف) عیب لگانے والا، عیب دار، جما ہوا دودھ، دہی۔

عَیْہَبُ: (ع مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، ب موقوف) طلب ضرورت کی وجہ سے کمزور ہونے والا، بھاری ناگوار مرد، زیادہ اون والا کمبل، زیادہ بالوں والا کمبل۔

﴿فصل العین مع التاء﴾

عَاہَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) آفت، بلا، عاہات جمع ہے۔

عَادَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) عادت، خصلت، عادات جمع ہے، مثل ہے عَادَاتُ السَّادَاتِ سَادَاتُ العَادَات یعنی پیشواؤں کی عادتیں عادتوں کی پیشوا ہیں۔

عَارِیَّۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جو دی جائے اور لی جائے اور جس سے فائدہ حاصل کیا جائے، عَوَارِی یا مشدد اور اس کی تخفیف کے ساتھ جمع ہے۔

عَامِرَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) آباد کرنے

والی، محفوظ، آباد،

عَایِدَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) واپس ہونے والی، لوٹنے والی، سود، نفع، احسان، بھلائی، صلہ، مہربانی،

عَاطِفَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ف مفتوح، ۃ موقوف) محبت، یگانگت، عواطف جمع ہے، قرابت، کنبہ۔

عَاقِلَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) وہ قرابت دار جن میں دیت کا مال تقسیم کریں، وہ قوت (حس) جس سے چیزوں کو معلوم کریں، عقل مند عورت۔

عَاصِفَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ف مفتوح، ۃ موقوف) تیز ہوا، عَاصِفَات جمع ہے۔

عَاقِبَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ب مفتوح، ۃ موقوف) آخر، کسی چیز کی انتہا، لڑکے۔

عَاجِلَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) دنیا، بے مہلت، آجِلَۃ کے برخلاف۔

عَارِضَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ض مفتوح، ۃ موقوف) ضرورت، عوارض جمع ہے، غم، بیماری، مرض۔

عُبُوْدِیَّتْ (ع مضموم، ب مضموم، و ساکن، د مکسور، ی مفتوح مشدد، ت موقوف) بندگی، اطاعت۔

عِبَادَتْ: (ع مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) عبادت کرنا، پوجنا،

عِبَارَتْ: (ع مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ت موقوف) بیان کرنا، بات کی تعبیر کرنا، خواب کی تعبیر بیان کرنا۔

عِبْرَتْ: (ع مکسور، ب ساکن، ر مفتوح، ت موقوف) نصیحت، نصیحت قبول کرنا۔

عَبْرَۃٌ: (ع مفتوح، ب ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) آنسو بہانا، آنکھ کی سوزش۔

عَتَّ: (ع مفتوح، ت مشدد موقوف) تکرار کے ساتھ بات کرنا، پھیرنا، کسی چیز کے سوال میں اصرار کرنا۔

عَاتِکَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ک مفتوح، ۃ موقوف) پرانی کمان، ایک عورت کا نام، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نو دادیوں کا نام۔

عَاتِیَۃٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) حد سے آگے بڑھنے والا، سرکشی کرنے والا۔

عِتْرَۃٌ: (ع مکسور، ت ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) حمائل، چھوٹی تقطیع کا قرآن، وہ ہار جو مشک و عود و عنبر سے معطر ہو، قرابت دار، یگانے، لڑکے، مشک کا ٹکڑا، ایک چھوٹا درخت جسے مَرزَنجُوش کہتے ہیں۔

عُتْبَۃٌ: (ع مضموم، ت ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ایک آدمی کا نام۔

عَتَبَۃٌ: (ع مفتوح، ت مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) چوکھٹ کی لکڑی، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ دروازے کی بالائی لکڑی، تختی، ناپسندیدہ کام، بلی۔

عَتَمَۃٌ: (ع مفتوح، ت مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) عشاء کی نماز کا وقت، رات میں شفق غائب ہونے کی مقدار، دوہنے کے بعد بچا ہوا دودھ جو چوپائے کے تھن میں آجائے۔

عَتَاقَۃٌ: (ع مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) آزاد ہونا۔

عِثْرَۃٌ: (ع مکسور، ث ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پھسلن، سر کے بل گرنا۔

عَجُوْزَۃٌ: (ع مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) بوڑھی عاجز و کمزور عورت، عَجُوز بغیر تا فصیح ہے۔

عَجَّۃٌ: (ع مفتوح، ج مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خاگینہ، ایک قسم کا سالن جو انڈا آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔

عُجْمَۃٌ: (ع مضموم، ج ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) عجمی ہونا۔

عَجَمَۃٌ: (ع مفتوح، ج مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) کھجور کا درخت جو بیج سے پیدا ہوا ہو، سخت چٹان۔

عِجْلَۃٌ: (ع مکسور، ج ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) جلدی، مشک، رہٹ، عِجَال اور عِجَل جمع ہے، ایک قسم کی گھاس، ایک جگہ کا نام ہے۔

عَجَلَۃٌ: (ع مفتوح، ج مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) بیل گاڑی، وہ گاڑی جسے بیل کھینچتے ہیں، رہٹ، بڑا پہیا، سیدھی مضبوط لکڑی

جس پر بوجھ اٹھاتے ہیں، کنویں کی چوڑی لکڑی جس پر ڈول لٹکاتے ہیں، مٹی، کیچڑ، کائی، یمن میں ایک گاؤں، جلد، جلدی۔

عُجَالَۃٌ: (ع مکسور رمضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) جو چیز جلد حاضر کی جائے، وہ دودھ جسے چرواہے چراگاہ کے اندر عجلت میں دوہتے ہیں۔

عَجْوَۃٌ: (ع مفتوح، ج ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) مدینہ کی ایک عمدہ کھجور، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو سات عجوہ کھجور صبح کو کھائے وہ زہر اور آسیب سے محفوظ رہے گا۔

عَدَالَتْ: (ع مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ت موقوف) گواہی کے لائق ہونا، عادل ہونا، دادگر، برابری۔

عَدَاوَۃٌ: (ع مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) دشمنی۔

عُدَاوَۃٌ: (ع مضموم، د مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) دور مقام، دور جگہ۔

عُدَّۃٌ: (ع مضموم، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سامان، نغمہ، بناوٹ، تیاری۔

عِدَّۃٌ: (ع مکسور، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) شمار، عدد، گنتی۔

عَدْوَۃٌ: (ع مفتوح، د ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) نہر کا کنارہ۔

عُدْوَۃٌ: (ع مضموم، د ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) دور جگہ۔

عِدْوَۃٌ: (ع مکسور، د ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) بلند جگہ۔

عَذُوبَۃٌ: (ع مفتوح، ذ مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پانی کا ہضم ہونا، شیریں اور میٹھا پانی۔

عُذْرَۃٌ: (ع مضموم، ذ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) غلبہ خون سے گلے کا درد کرنا، گھوڑے کی پیشانی کا بال، عذر جمع ہے، یمن کا ایک قبیلہ، کہکشاں کے ستارے، دوشیزگی۔

عَذِرَۃٌ: (ع مفتوح، ذ مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) آدمیوں اور جانوروں کا گوبر۔

عُرُوبَۃٌ: (ع مضموم، ر مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) عربی زبان والا ہونا۔

عَرَبِیَّۃٌ: (ع مفتوح، ر مفتوح، ب مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) عربی زبان۔

عَرْبَدَۃٌ: (ع مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) بری عادت، جنگ جوئی۔

عَرَادَۃٌ: (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) مادہ ٹڈی، چند گھوڑوں کے نام، ایک آدمی کا نام۔

عَرَّادَۃٌ: (ع مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) منجنیق سے چھوٹا جنگی آلہ (ہتھیار)، نصیبین کے قریب ایک گاؤں۔

عَرْصَۃٌ: (ع مفتوح، ر ساکن، ص مفتوح، ۃ موقوف) گھر کی کشادگی۔

عَرْصَاتْ: (ع مفتوح، ر ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) قیامت۔

عَرِیَّۃٌ: (ع مفتوح، ر مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو، درخت کی وہ کھجوریں جنہیں درخت خرما بیچنے کے وقت محفوظ رکھیں اور انہیں کھانے کے لیے رکھیں اور فروخت نہ کریں، عَرَایَا جمع ہے۔

عُرْوَۃٌ: (ع مضموم، ر ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) ڈول اور کوزے کا دستہ، کپڑے کی گھنڈی جس پر تکمہ لگائیں۔

عَرَاضَۃٌ: (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) چوڑا ہونا۔

عُرَاضَۃٌ: (ع مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

عُرْضَۃٌ: (ع مضموم، ر ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) ہمت، حیلہ، پکڑنا، کشتی لڑانے کا داؤ، وہ چیز جو ہر شخص کے اعتراض کا نشانہ ہو۔

عَرْضَۃٌ: (ع مفتوح، ر ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) ظاہر کرنا، پیش کرنا۔

عَرِیْضَۃٌ: (ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) گذارش نامہ، عاجزانہ، درخواست، گزارش کرنا۔

عَرِیْکَۃٌ: (ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) طبیعت، غرور، اونٹ کا کوہان یا بقیہ کوہان۔

عَرَافَۃٌ: (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) شناسا ہونا، اچھے سلوک والا ہونا۔

عَرَاقَۃٌ: (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) ہر چیز کی اصل، رگ والا ہونا۔

عُزْبَۃٌ۔عُزُوْبَۃٌ: (ع مضموم، ز ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) (ع مضموم، ز مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) بے شوہر والی عورت، بے بیوی والا مرد، دور ہونا، چراگاہ میں چوپائے کا دور نکل جانا۔

عَزِیْمَۃٌ: (ع مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) دل لگانا، ارادہ، فریضۂ خدا۔

عِزْہَاۃٌ: (ع مکسور، ز ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) عورتوں اور لہو ولعب سے دور رہنے والا، وہ بوڑھی عورت جو بچپن کی عادت کی طرف مائل ہو۔

عَزَازَۃٌ: (ع مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) عزیز ہونا، عزت والا ہونا، دشوار ہونا، کامیاب ہونا، سخت ہونا، مضبوط کرنا۔

عِزَّۃٌ: (ع مکسور، ز مشدد مفتوح، ۃ موقوف) عزیز، قوت، غلبہ، ایک عورت کا نام، ہرن کا مادہ بچہ۔

عَسْکَرَۃٌ: (ع مفتوح، س ساکن، ک مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) سختی، سپاہی ہونا۔

عُسْرَۃٌ: (ع مضموم، س ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سختی، عَسَارَۃٌ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عُسَیْلَۃٌ: (ع مضموم، س مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) جماع کی لذت، منی۔

عِسَالَۃٌ: (ع مکسور، س مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) شہد کا چھتا۔

عَسَّالَۃٌ: (ع مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) شہد کی مکھی، چھتا، شہد کا چھتا۔

عِشْرَۃٌ: (ع مکسور، ش ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) صحبت کرنا، عیش کی زندگی گزارنا۔

عَشَرَۃٌ: (ع مفتوح، ش مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) دس عدد۔

عَشِیْرَۃٌ: (ع مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) قبیلہ، خاندان، اپنے، سَعْدُ الْعَشِیْرَۃ یمن کا ایک قبیلہ۔

عَشَاوَۃٌ: (ع مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) نظر کی کمزوری، روز کوری دن یا آفتاب کی روشنی میں نظر نہ آنا، رتوندھی، رات میں دکھائی نہ دینے کی بیماری۔

عُشْوَۃٌ: (ع مکسور و مضموم، ش ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) وہ آگ جو رات میں دور سے نظر آئے، انجانے کسی کام کا مرتکب ہونا، عُشْوَۃٌ بھی اس معنی میں آیا ہے۔

عَشْوَۃٌ: (ع مفتوح، ش ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) تاریکی یا اول شب سے چوتھائی رات تک۔

عِصْمَۃٌ: (ع مکسور، ص ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بچاؤ، گناہوں سے بچنے کا ملکہ، پاک دامنی۔

عُصْمَۃٌ: (ع مضموم، ص ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) گلوبند، حمائل، ہرن وغیرہ کے بازو کی سفیدی۔

عُصْبَۃٌ: (ع مضموم، ص ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) آدمی، گھوڑے، پرندے، بیس سے چالیس تک، عَصَابَۃٌ کا مرادف۔

عَصَبَۃٌ: (ع مفتوح، ص مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) وہ لوگ جو کسی کے وارث ہوں اور پدری یا پسری نسبت اس کی طرف ہو، فرائض میں عصبہ اس وارث کو کہتے ہیں جو کسی کا قرابت دار ہو اور اس کی حصہ معین اور معلوم نہ ہو اور ذی فرض وارثوں کے بعد جو کچھ بچے سب اسے ملتا ہے، کسی کی قوم جو اس کے لیے عصبیت رکھتی ہو اور اسی کی مدد کرتی ہو۔

عِصَابَۃٌ: (ع مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پٹی جس سے سر وغیرہ باندھا جائے، پگڑی کو بھی کہتے ہیں، آدمیوں، گھوڑوں اور پرندوں کا گروہ۔

عُصَارَۃٌ: (ع مضموم، ص مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا رس، وہ پانی جو نچوڑنے سے ٹپکے۔

عَصِیْدَۃٌ: (ع مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) ایک قسم کا حلوا جو آٹا اور گھی ملا کر پکاتے ہیں۔

عُضَادَۃٌ: (ع مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) دروازے کا بازو۔

عِضَادَۃٌ: (ع مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) وہ نشان جو گھوڑے کے بازو پر لگائیں۔

عِضَۃٌ: (ع مکسور، ض مفتوح، ۃ موقوف) ٹکڑا، حصہ۔

عِظَۃٌ: (ع مکسور، ظ مفتوح، ۃ موقوف) نصیحت، نصیحت کرنا۔

عَظَمَۃٌ: (ع مفتوح، ظ مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) مرتبے کی بلندی، غرور، تکبر، عَظَمُوت اسی کا مرادف ہے۔

عِفَّۃٌ: (ع مکسور، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پرہیزگاری، پارسائی۔

عُفَّۃٌ: (ع مضموم، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پستان میں بچا ہوا دودھ، بوڑھی عورت، چھوٹی سفید مچھلی جو چاول کا مزہ دیتی ہے۔

عَفَّۃٌ: (ع مفتوح، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پارسا عورت۔

عَفَافَۃٌ: (ع مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) پارسا ہونا،

عُفَافَۃٌ: (ع مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) بھرنے کے بعد تھن میں بچا ہوا دودھ۔

عِفْرِیْت: (ع مکسور، ف ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ت موقوف) خبیث لڑاکا دیو، شیطان، انتہا تک پہنچنے والا، کام میں ہوشیار۔

عُقْبَۃٌ: (ع مضموم، ق ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) نوبت، باری، بدلا، معاوضہ، کھانے کی چیز جو دیگ کے مالک کو بھیجی جائے، حسن و جمال کا اثر، عِقْبَۃٌ کسرے کے ساتھ بھی آیا ہے۔

عَقَبَۃٌ: (ع مفتوح، ق مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) پہاڑ کا دشوار گزار راستہ جس کے ذریعہ بمشکل اوپر جا سکیں۔

عُقْدَۃٌ: (ع مضموم، ق ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) گروہ، حکومت، کسی ملک پر تصرف، زیادہ پانی، زمین، نخلستان، بہت درختوں والی جگہ، گرہ۔

عُقْرَۃٌ: (ع مفتوح رمضموم، ق ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) مرد یا عورت کا بانجھ ہونا، جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا، رحم کی بیماری والی عورت، پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین (م)

عِقَّۃٌ: (ع مکسور، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بچے کا بال۔

عَقِیْقَۃٌ: (ع مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) نومولود بچے کا بال، بادل میں چمکنے والی بجلی، آسمان کی طرف پرواز کرنے والا تیر، بکری وغیرہ جو بچے کی پیدائش کے پہلے ہفتہ میں بچے کے لیے قربانی کریں، نومولود بچے کے لیے قربانی کی گئی بھیڑ یا بکری کا بال۔

عَقِیْلَۃٌ: (ع مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) پردہ نشین بزرگ، دانش مند عورت، عزیز اونٹ، قوم کا سردار، ہر عمدہ چیز، مروارید (موتی)

عُقْلَۃٌ: (ع مضموم، ق ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بندھن، اس صورت میں رمل کی ایک شکل کا نام۔

عُکَّۃٌ: (ع مضموم، ک مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تیل گھی رکھنے کا برتن، ریت کا گرم ٹیلا جس پر دھوپ پڑتی ہو، گابھن اونٹنی کا رنگ جو حاملہ ہونے کے وقت ظاہر ہو، گرمی کی شدت۔

عَکَّۃٌ: (ع مفتوح، ک مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک جگہ کا نام۔

عَکْرِمَۃٌ: (ع مفتوح، ک ساکن، ر مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) کبوتری، مادہ کبوتر، ایک قبیلے کا باپ، ایک صحابی کا نام۔

عَلَامَۃٌ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) نشان۔

عَلَّامَۃٌ: (ع مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بہت زیادہ جاننے والا۔

عُلْقَۃٌ: (ع مضموم، ل ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) آویزش، روزینہ، یومیہ خرچ، تھوڑی چیز، عِلْقَۃٌ نوزائیدہ بچے کا کپڑا، آستین کا کپڑا، اچھا کپڑا، وہ درخت جس سے دباغت دی جائے، خون کا ٹکڑا۔

عَلَقَۃٌ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) جمے ہوئے۔

عَلَاۃ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) آہرن، نہائی (جس پر لوہا کوٹا جاتا ہے)، وہ پتھر جس پر خشک کرنے کے لیے پنیر رکھا جائے۔

عَلَاقَۃٌ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) آویزش، دشمنی، دل سے دوستی، عِلَاقَۃ اسی معنی میں آیا ہے، وہ غذا جس پر دن کا گزارا ہو۔

عَلَاقَۃٌ: (ع مفتوح رمکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) کسی دوسری چیز کے ساتھ لگی یا بندھی ہوئی کوئی شئی، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ عَلَاقۃ بالفتح دوستی اور آویزش کے معنی میں ہے۔

عِلَاقَۃٌ: (ع مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) کوڑے کی رسی۔

عَلَاقِیَۃٌ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) بروزن ثمانیۃ، وہ شخص جو کسی چیز میں پنجہ مارے جس سے ہاتھ نہ نکال سکے۔

عَلِیْقَۃٌ: (ع مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) وہ چوپایہ جسے کسی کے ساتھ بھیجیں تا کہ غلہ اور بوجھ اس پر لاد کر لائے، چوپائے کا چارا۔

عُلُوْفَۃٌ: (ع مضموم، ل مضموم، و ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) گھاس، چوپایوں کا چارا، روزینہ۔

عَلَانِیَۃٌ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) ظاہر کرنا۔

عَلْقَمَۃٌ: (ع مفتوح، ل ساکن، ق مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) ایک دانشور تابعی کا نام ہے، مغرب میں ایک شہر کا نام۔

عُلَاوَۃٌ: (ع مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) بلندی۔

عِلَاوَۃٌ: (ع مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) سر اور گردن کا بالائی حصہ، بھاری بوجھ لادنے کے بعد اس کے اوپر زائد سامان رکھنا، ہر وہ چیز جو کسی چیز پر بڑھائیں، اس کو فارسی میں سر باری کہتے ہیں۔

عُلَالَۃٌ: (ع مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بہانہ، بچا ہوا دودھ، ہر چیز کا بچا ہوا حصہ۔

عِلَّۃٌ: (ع مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بیماری، وجہ، کسی چیز کا سبب۔

عَلَّۃٌ: (ع مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ عورت جو ایک عورت کے بعد لائی گئی ہو (سوتن)، عَلَّات جمع ہے، بنـــو العَلّات ایک مرد سے دو چند عورتوں کے لڑکے۔

عَلِیَّۃٌ: (ع مفتوح، ل مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بلند۔

عِلِّیَّۃٌ: (ع مکسور، ل مشدد مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جنت وغیرہ کا دریچہ، کسی چیز کا کسی چیز کی علت ہونا۔

عُمْدَۃٌ: (ع مضموم، م ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جس پر بھروسہ کیا جائے۔

عِمْلَۃٌ: (ع مکسور، م ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کام، عمل۔

عَمْلَۃٌ: (ع مفتوح، م ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) نیکی۔

عَمَلَۃٌ: (ع مفتوح، م مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) اپنے ہاتھ سے کام کرنے والے، کارکن۔

عُمْرَۃٌ: (ع مضموم، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) زیارت حج کا ایک رکن، عورت کے گھر میں شب عروسی اور عورت کو اپنے گھر لانے کو عروس کہتے ہیں۔

عَمْرَۃٌ: (ع مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) جو چیز سر پر رکھیں اور پہنیں جیسے ٹوپی، پگڑی وغیرہ۔

عِمَارَۃٌ: (ع مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) آبادی، آباد کرنا، ایک قبیلہ کا نام۔

عَمَارَۃٌ: (ع مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) جو چیز سر پر رکھیں جیسے پگڑی، ٹوپی، تاج وغیرہ۔

عُمَارَۃٌ: (ع مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ایک آدمی کا نام۔

عِمَامَۃٌ: (ع مکسور، م مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) خود، مغفر، دستار، لوہے کی ٹوپی، ہر چیز جو سر پر لپیٹی جائے۔

عَنْوَۃٌ: (ع مفتوح، ن ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) قہر، دوستی۔

عِنَایَۃٌ: (ع مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) ارادہ کرنا، کسی چیز کا اہتمام کرنا، عین کے فتحہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

عَنَتٌ: (ع مفتوح، ن مفتوح، ت موقوف) گناہ، زنا، مشکل میں پڑنا، فساد، ہلاکت۔

عَوْرَۃٌ: (ع مفتوح، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) مرد کی شرم گاہ، ہر وہ حصۂ بدن جس کو دیکھنے اور دکھانے سے شرم آئے، لشکر کی صف اور قلعہ کا شگاف جس سے خوف اور دہشت ہو۔

عَوْدَةٌ: (ع مفتوح، و ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) پھرنا، لوٹنا۔

عَوْذَةٌ: (ع مفتوح، و ساکن، ذ مفتوح، ۃ موقوف) پناہ چاہنا۔

عُہْدَةٌ: (ع مضموم، ہ ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) خرید و فروخت کی دستاویز، عہد نامہ، تیمارداری، قسم کا نوشتہ، کم عقلی اور بدقسمتی۔

عِیْشَةٌ: (ع مکسور، ی ساکن، ش مفتوح، ۃ موقوف) زندگی۔

عَیْقَةٌ: (ع مفتوح، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) نہر کا کنارہ۔

عَیْبَةٌ: (ع مفتوح، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) چمڑے کا تھیلا، سوٹ کیس جس میں کپڑا وغیرہ رکھیں، بھید کی جگہ، محل راز۔

عَیْلَةٌ: (ع مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) فقیری۔

عِیَافَةٌ: (ع مفتوح ر مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) پرندہ اڑا کر شگون لینا۔

عِیَادَةٌ: (ع مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) عیادت کرنا، بیمار پرسی کرنا۔

﴿فصل العین مع الثاء﴾

عَبْث: (ع مفتوح، ب ساکن، ث موقوف) ملانا، طعام عبیثہ بنانا اور وہ ایسا کھانا ہے جسے پکا کر اشیائے خوردنی ملاتے ہیں یا دوسری دواؤں کے ساتھ ملا ہوا پنیر یا جو کا دلیا۔

عِبْث: (ع مکسور، ب ساکن، ث موقوف) کھیلنا۔

عَبَث: (ع مفتوح، ب مفتوح، ث موقوف) کھیل، لعوبات، بے فائدہ۔

عَبِیْث: (ع مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ث موقوف) پیپ اور میل۔

عِبِّیْث: (ع مکسور، ب مشدد مکسور، ی ساکن، ث موقوف) بہت کھیلنے والا۔

عَثّ: (ع مفتوح، ث مشدد موقوف) بالوں میں جوں کا پڑنا، کسی چیز میں اصرار کرنا، سانپ کا ڈسنا۔

عَثْعَث: (ع مفتوح، ث ساکن، ع مفتوح، ث موقوف) ریت کا ٹیلا جس پر گھاس نہ ہو، نرم زمین، مدینہ میں ایک پہاڑ کا نام۔

عَلْث: (ع مفتوح، ل ساکن، ث موقوف) ملانا، جمع کرنا، مشک کی دباغت کرنا، چقماق سے آگ نہ نکلنا، بغداد اور دجلہ کے مشرق میں ایک گاؤں جو علویوں کے لیے وقف ہے۔

عَلَث: (ع مفتوح، ل مفتوح، ث موقوف) آپس میں ہمیشہ شدت کے ساتھ لڑنا۔

عَلِیْث: (ع مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ث موقوف) گیہوں اور جو کی روٹی۔

عَیْث: (ع مفتوح، ی ساکن، ث موقوف) بکریوں کے ریوڑ میں بھیڑیوں کا تباہی مچانا، سیان، نقصان، تباہی۔

﴿فصل العین مع الجیم﴾

عَاج: (ع مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) ہاتھی اور اونٹ کی نرم ہڈی، ہاتھی کا دانت، لید۔

عَاجِ: (ع مفتوح، ا ساکن، ج مکسور) وہ لفظ جسے بول کر اونٹ کو چلاتے ہیں۔

عَاجّ: (ع مفتوح، ا ساکن، ج مشدد موقوف) بھرا ہوا راستہ۔

عَجَّج۔ عَجّ: (ع مفتوح، ج مشدد مفتوح، ج موقوف) (ع مفتوح، ج مشدد موقوف) آواز بلند کرنا، ہوا کا غبار اڑانا،

عَجَاج: (ع مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) غبار، دھواں، بے وقوف۔

عَجَّاج: (ع مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) آواز، ہر آواز کرنے والی چیز جیسے پانی کی نہر، ہوا، کمان وغیرہ، ایک مشہور شاعر جوروبہ شاعر کا باپ ہے۔

عُرُوْج: (ع مضموم، ر مضموم، و ساکن، ج موقوف) اونچا ہونا، بلندی پر پہنچنا، پیر میں کسی چیز کا لگنا جس کی وجہ سے لنگ کھائے۔

عَرِج: (ع مفتوح، ر مکسور، ج موقوف) وہ اونٹ جو سیدھا پیشاب نہ کرے۔

عَرْج: (ع مفتوح، ر ساکن، ج موقوف) ایک شہر کا نام، قبیلۂ ہذیل کا ایک قبیلہ، مکہ کے راستے میں ایک منزل، اونٹ کا ریوڑ۔

عَرَج: (ع مفتوح، ر مفتوح، ج موقوف) لنگڑا ہونا، پیدائشی لنگڑا پن، سورج کا ڈوبنا، سورج کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

عَرِیج: (ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ج موقوف) کمزور کام، غیر مستحکم کام۔

عَرْفَج: (ع مفتوح، ر ساکن، ف مفتوح، ج موقوف) ایک درخت کا نام۔

عَزْج: (ع مفتوح، ز ساکن، ج موقوف) دفع کرنا، نکاح کرنا، پھاوڑے سے زمین کو پلٹنا۔

عَسْج: (ع مفتوح، س ساکن، ج موقوف) دوڑنے کے وقت اونٹ کا گردن اونچی کرنا۔

عُسْلَج: (ع مضموم، س ساکن، ل مفتوح، ج موقوف) نرم و نازک درخت کی شاخ، نیا اگا ہوا سبزہ، عُسْلُوج بھی اسی معنی میں ہے، عَسَالِج جمع ہے۔

عَسَلَّج: (ع مفتوح، س مفتوح، ل مشدد مفتوح، ج موقوف) نرم اور پاکیزہ کھانا، بحرین میں ایک گاؤں۔

عَفْج: (ع مفتوح، ف ساکن، ج موقوف) لاٹھی وغیرہ سے مارنا، جماع کرنا۔

عَفَج: (ع مفتوح رمکسور، ف مفتوح رمکسور رساکن، ج موقوف) آدمی، گھوڑے اور درندے کی وہ آنت جس میں کھانا معدے میں استقرار کے بعد منتقل ہوتا ہے۔

عَلْج: (ع مفتوح، ل ساکن، ج موقوف) کسی پر معالجہ میں غالب آنا۔

عِلْج: (ع مکسور، ل ساکن، ج سوقوف) گھوڑے کا بچہ، گدھے کا بچہ، جنگلی گدھا، ملحد، وہ کافر جو کوئی دین نہ رکھتا ہو، جلی ہوئی موٹی روٹی، عُلُوج و اَعْلَاج جمع ہے۔

عَلَج: (ع مفتوح، ل مفتوح، ج موقوف) کھجور کا چھوٹا درخت۔

عُلَج: (ع مفتوح رمضموم، ل مفتوح رمکسور، ج موقوف) سخت، شدید۔

عَالِج: (ع مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ج موقوف) صحرا میں ریتیلی جگہ، وہ اونٹ جو علجان کھاتا ہے، علجان ایک گھاس کا نام ہے۔

عِلَاج: (ع مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) علاج کرنا، آلات علاج اور دوا کا استعمال کرنا، معالجہ کرنا، علاج میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔

عَمْج: (ع مفتوح، م ساکن، ج موقوف) دوڑنا، پانی میں تیرنا۔

عَمَج۔ عُمَّج: (ع مفتوح، م مفتوح، ج موقوف) (ع مضموم، مشدد مفتوح، ج موقوف) سانپ۔

عَمُوج: (ع مفتوح، م مضموم، و ساکن، ج موقوف) پیچ و تاب کھا کر چلنے والا تیر، تیرنے والا۔

عَنْج: (ع مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) سوار کا اونٹ کی مہار کھینچنا، ایک قسم کی ورزش جس سے اونٹ تیز چلتے ہیں۔

عَنَج: (ع مفتوح، ن مفتوح، ج موقوف) اونٹ کی مہار کھینچنا۔

عِنَاج: (ع مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) بڑے ڈول کی رسی جس کو باندھ کر ڈول کے کڑے مضبوط کرتے ہیں، پیٹھ کا درد، کام، اصل کام۔

عُوْج: (ع مضموم، و ساکن، ج موقوف) مقیم ہونا، کسی کو مقیم کرنا، اونٹ کو لگام سے پھیرنا، مہار کھینچنے کی وجہ سے اونٹ کا گردن خم کرنا، کھڑا ہونا، پھرنا، ایک مشہور آدمی جو حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ میں پیدا ہوا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک زندہ تھا، اس کے باپ کا نام عُوق ہے، عُوج بن عُنُق جو مشہور ہے غلط ہے، صحیح عُوج بن عُوق ہے۔

عَوَج: (ع مفتوح، و مفتوح، ج موقوف) ٹیڑھا ہونا،

عِوَج: (ع مکسور، و مفتوح، ج موقوف) ٹیڑھاپن، بعض لوگوں نے عَوَج کہا ہے جس کے معنی ہر کھڑی ہوئی چیز کی بالائی کجی جیسے دیوار، درخت وغیرہ، دین، معیشت اور رائے کی کجی۔

عَوَّاج: (ع مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) ہاتھی دانت بیچنے والا۔

عَوْسَج: (ع مفتوح، و ساکن، س مفتوح، ج موقوف) ایک قسم کا کانٹا، ایک گھوڑے کا نام۔

عَوَاسِج: (ع مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ج موقوف) ایک قبیلہ کا نام ہے۔

عَوْہَج: (ع مفتوح، و ساکن، ہ مفتوح، ج موقوف) لمبی گردن والے ہرن، اونٹنی، شتر مرغ اور ان کے مانند۔

﴿فصل العین مع الخاء﴾

عُہْعُخ: (ع مضموم، ہ ساکن، ع مضموم، خ موقوف) ایک درخت جس کی پتی اور جڑ سے علاج کرتے ہیں، اونٹ اس درخت کو کھاتا ہے، علم معانی و بیان کی کتابوں میں عین پر خا مقدم ہے یعنی عُخْعُخ لیکن یہ غلط ہے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ دونوں صحیح نہیں بلکہ اس درخت کو خُعْخُع کہتے ہیں۔

﴿فصل العین مع الدال﴾

عَاد: (ع مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک قوم ہے جس میں حضرت ہود علیہ السلام مبعوث کیے گئے وہ عاد بن ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی اولاد سے ہے، دوسروں کو بھی عاد کہتے ہیں، عادِی یعنی پرانی چیز جو قبیلہ عاد کی طرف منسوب ہے، وہ چیز جس کی عادت بنالی جائے۔

عَبْد: (ع مفتوح، ب ساکن، د موقوف) بندہ، انسان خواہ وہ آزاد ہو یا غلام، عَبِید و عِبَاد جمع ہے، ایک خوشبودار گھاس، چھوٹا چوڑا پیکان، بنی اسد کا ایک پہاڑ، دوسرے پہاڑ کو بھی کہتے ہیں، بلاد طے میں ایک جگہ کا نام۔

عَبَدْ: (ع مفتوح، ب مفتوح، د موقوف) غصہ، غضب، ننگ، کھجلی، سخت حملہ، غم، نفس کی ملامت، حرص، کسی چیز کا انکار۔

عَبَادِیْد: (ع مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) ہر طرف جانے والے انسانوں اور گھوڑوں کے گروہ، دور تک ٹیلوں والے راستے، ایک جگہ کا نام۔

عِبَاد: (ع مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، د موقوف) خدا کے بندے، چند قبیلے جنہوں نے حِیْرَۃ میں نصرانیت پر اجماع و اتفاق کیا تھا، عَبَاد جیسا کہ صاحب صحاح نے کہا ہے غلط ہے۔

عُبَّاد: (ع مضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) خدا کی عبادت کرنے والے، صاحب بن عباد وزیر جو فصاحت و بلاغت میں مشہور تھا۔

عُبَیْد: (ع مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، د موقوف) عَبْد کی تصغیر ہے، ایک مرد کا نام، ایک گھوڑا۔

عَبِیْد: (ع مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، د موقوف) بندے، غلام، بہت سے غلام۔

عَابِدْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، د موقوف) عبادت کرنے والا، غصہ ہونے والا، شرم کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے فَاَنَا اَوَّلُ الْعَابِدِیْن تو سب سے پہلے میں پوجتا (سورۂ زخرف)

عَبُّوْد: (ع مفتوح، ب مشدد مضموم، و ساکن، د موقوف) کالا غلام جو سب سے پہلے جنت میں جائے گا اس لیے کہ ایک پیغمبر علیہ السلام جن کو ان کی قوم نے کنویں میں ڈال دیا تھا وہ سیاہ غلام ان پر ایمان لایا تھا اور اپنی قوم سے چھپ کر اس پیغمبر کی خبر گیری کرتا تھا۔

عَتَاد: (ع مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، د موقوف) آمادہ کرنا، بناوٹ، روشن، آمادگی، سامانِ سفر، بڑا پیالا۔

عَتِیْد: (ع مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، د موقوف) حاضر، آمادہ، ایک شاعر کا نام ہے۔

عُتَیْد: (ع مضموم، ت مفتوح، ی ساکن، د موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

عَتَدْ: (ع مفتوح، ت مفتوح، د موقوف) دوڑنے کے لیے تیار گھوڑا، مضبوط، محکم، تام الخلقۃ۔

عَتُوْد: (ع مفتوح، ت مضموم، و ساکن، د موقوف) یک سالہ بکری کا بچہ، بیری کا درخت، درخت کیلہ، عَتُوْد بوزن وزہم ایک وادی کا نام ہے۔

عُجْد: (ع مضموم، ج ساکن، د موقوف) منقیٰ، ایک قسم کا بڑا انگور جسے خشک کرکے دوا میں استعمال کرتے ہیں، انگور کا دانہ یا مَوِیز (منقیٰ) کے مانند ایک میوہ ہے (دانہ خشک انگور)

عَجْد: (ع مفتوح، ج ساکن، د موقوف) مٹے کا خراب دانہ۔

عَجَدْ: (ع مفتوح، ج مفتوح، د موقوف) برہنہ، ننگا۔

عَدّ: (ع مفتوح، د مشدد موقوف) شمار کرنا، گننا۔

عِدّ: (ع مکسور، د مشدد موقوف) جاری پانی جو منقطع نہ ہو جیسے چشمے وغیرہ

کا پانی، کثرت، کسی چیز کی کثرت یا زیادتی، پرانا کنواں، ہمسر۔

عَدَدْ : (ع مفتوح، د مفتوح، د موقوف) شمار، گنتی، گنا ہوا۔

عِدَدْ : (ع مکسور، د مفتوح، د موقوف) ایک سال میں زہر کا اثر ظاہر ہونا۔

عَدِیْد : (ع مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) شمار، گنتی، گنا ہوا، عدد، ہمسر، ہم مثل۔

عِدَاد : (ع مکسور، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) بخشش، عطا، شمار، کمان کی آواز، اثر کا ظاہر ہونا، ایک سال کے بعد سانپ کے کاٹے ہوئے کا درد بڑھنا، ایک سال کے بعد سانپ کے کاٹنے کا اثر ظاہر ہونا، دیوانگی کا اثر، موت کا وقت۔

عُرُوْد : (ع مضموم، ر مضموم، د ساکن، د موقوف) پودے کا نکل آنا، دانت کا باہر آنا۔

عَرْد : (ع مفتوح، ر ساکن، د موقوف) سخت و مستحکم، سیدھا کھڑا ہونا، گدھے کا مستی میں آنا اور اپنے عضو تناسل کو کھڑا کرنا، پیوند کرنے کی جگہ، جوڑ لگانے کی جگہ۔

عَرَاد : (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک گھاس کا نام ہے، ہر سخت گھاس۔

عَرَّاد : (ع مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک گھوڑے کا نام، ایک محدث کا نام۔

عَسْد : (ع مفتوح، س ساکن، د موقوف) سیر کرنا، مضبوط رسی بٹنا، جماع کرنا۔

عَسْجَدْ : (ع مفتوح، س ساکن، ج مفتوح، د موقوف) سونا، جواہر جیسے موتی یا یاقوت، بڑا اونٹ، عَسْجَدِیَّۃ ایک گھوڑے کا نام ہے، ایک جگہ کا نام ہے، بڑے بچے اور وہ اونٹ جن پر سونا لادیں، شاہی سواریاں اور یہ اصل میں ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہِ حیرہ کے لیے آراستہ کیے جاتے تھے۔

عَشْد : (ع مفتوح، ش ساکن، د موقوف) جمع کرنا۔

عَصْد : (ع مفتوح، ص ساکن، د موقوف) موڑنا، گرہ دینا، لپیٹنا، جماع کرنا، کسی کام پر مجبور کرنا، زبردستی کسی سے کام لینا۔

عَصُوْد : (ع مفتوح، ص مضموم، و ساکن، د موقوف) مرنا۔

عَاصِدْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، د موقوف) اونٹ جو مرنے کے وقت گردن کو موڑے۔

عِصْیَدْ : (ع مکسور، ص ساکن، ی مفتوح، د موقوف) کملاؤن یعنی علت مشائخ رکھنے والا شخص۔

عَضَدْ : (ع مفتوح، ض مفتوح، د موقوف) ایک قسم کا درد جو اونٹ کے بازو میں ہوتا ہے، کٹا ہوا درخت۔

عَضِدْ : (ع مفتوح، ض مکسور، د موقوف) وہ شخص جو حوض کے کنارے ہو، وہ شخص جو بازو کے درد کی وجہ سے روئے۔

عَضْد : (ع مفتوح، ض ساکن، د موقوف) مدد کرنا، بازو پر مارنا، کھجور کے درخت کو مِعْضَدْ (ایک آلہ ہے) سے کاٹنا، بازو کے درد کی وجہ سے رونا۔

عُضْد : (ع مفتوح / مکسور / مضموم، ض ساکن، د موقوف)

عَضِدْ : (ع مفتوح، ض مکسور / مضموم، د موقوف)

عُضُدْ : (ع مضموم، ض مضموم، د موقوف) بازو، کنارہ، جانب، مددگار، معین۔

عَضِیْد : (ع مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، د موقوف) کھجور کا درخت جو دسترس میں ہو، کھجور کا وہ کٹا ہوا درخت جہاں تک ہاتھ نہ پہنچے۔

عَاضِدْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، د موقوف) چوپائے کی طرف جانے والا، اونٹ جو اونٹنی کے بازو کو سلانے کے لیے پکڑے۔

عَضَاد : (ع مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، د موقوف) مرد، عورت، کوتاہ قد، بلند قد، موٹے بازو والا۔

عِضَاد : (ع مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، د موقوف) بازو بند۔

عُطَارِدْ : (ع مضموم، ط مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، د موقوف) ایک ستارے کا نام ہے، بنی تمیم کے ایک قبیلے کے باپ کا نام کہ اس گروہ کو جس کے نام سے یاد کرتے ہیں، ایک مرد کا نام جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کپڑا اور لباس بیچتا تھا۔

عَفْد : (ع مفتوح، ف ساکن، د موقوف) دونوں پیروں کو برابر کرنا، اپنی جگہ سے دوڑے بغیر اچھلنا، کبوتر یا کبوتر کے مانند ایک پرندہ۔

عَقْد : (ع مفتوح، ق ساکن، د موقوف) باندھنا، گرہ لگانا، غلیظ، گاڑھا، بیچنے والے کا انگلی موڑ کر حساب کرنا، باندھنا، کسی چیز کی طرف گردن پھیرنا، ضمان، عہد، مضبوط پیٹھ والا اونٹ۔

عِقْد : (ع مکسور، ق ساکن، د موقوف) ہار، قلادہ، مروارید کی لڑی۔

عَقَدْ : (ع مفتوح، ق مفتوح، د موقوف) دھاگے اور زبان میں گرہ لگنا، یمن کا ایک قبیلہ۔

عَقِدْ : (ع مفتوح، ق مکسور، د موقوف) دھاگے، زبان وغیرہ میں گرہ لگنا، ریت کا ٹیلا، عَقَدْ بھی آیا ہے، کوتاہ اونٹ جو کام اور بوجھ اٹھانے میں ثابت قدم ہو، آسمان پر چمکنے والے چند ستارے جو ہار کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

عُقَدْ : (ع مضموم، ق مفتوح، د موقوف) گرہیں، عُقْدَۃ کی جمع ہے۔

عَاقِدْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، د موقوف) وہ اونٹنی جو اپنی پونچھ میں گرہ لگائے اور یہ گابھن ہونے کی نشانی ہے، کنویں کی مینڈھ، عہد کرنے والا، گرہ لگانے والا۔

عَکْد : (ع مفتوح، ک ساکن، د موقوف) بیچ، درمیان، کسی کام پر قدرت دینا، کسی چیز کے لیے بے چین کرنا، مجبور کرنا۔

عَکَدْ : (ع مفتوح، ک مفتوح، د موقوف) اونٹ اور گوہ کا موٹا ہونا۔

عَکِدْ : (ع مفتوح، ک مکسور، د موقوف) خشک درخت جو ایک دوسرے پر ہوں۔

عَکَاد : (ع مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ربید کے نزدیک ایک پہاڑ جہاں کے لوگ اپنی فصاحت پر قائم ہیں اور اپنی فصیح لغت کو انہوں نے تبدیل نہیں کیا۔

عَلْد : (ع مفتوح، ل ساکن، د موقوف) گردن کا پٹھا، سخت اور مضبوط چیز، سختی، مضبوطی۔

عَمُوْد : (ع مفتوح، م مضموم، و ساکن، د موقوف) گھر کا ستون، قوم کا رہنما، جگر اور شکم کی رگ جو ناف تک آتی ہے، نیزے کا درمیان، بہت غمگین مرد، وہ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے، شتر مرغ کے دونوں پیر، صبح کی لمبی لکیر۔

عِمَاد : (ع مکسور، م مفتوح، ا ساکن، د موقوف) بلند مکانات، عِمَادَۃ کی جمع ہے، کھمبے۔

عَمْد : (ع مفتوح، م ساکن، د موقوف) ارادہ کرنا، قصد کرنا، خطا کی ضد ہے، کھمبے کو کھڑا کرنا، کمزور کرنا، دردناک کرنا، بھاری کرنا، بیماری اور عشق کا کسی کو کمزور کر دینا، ڈالنا، گرانا، کسی کا کھمبے سے ٹکرانا، گرز مارنا، کسی کے شکم پر گرز سے مارنا، غمگین کرنا۔

عَمَدْ : (ع مفتوح، م مفتوح، د موقوف) مٹی کا تر ہونا، اونٹ کی کوہان کا ٹوٹا ہوا ہونا، غصہ ہونا، کسی چیز کو لازم کرنا۔

عُمُدْ : (ع مفتوح/مضموم، م مفتوح/مضموم، د موقوف) کھمبے، عَمُود کی جمع ہے۔

عَمِدْ : (ع مفتوح، م مکسور، د موقوف) تر کی ہوئی زمین، بہت احسان کرنے والا آدمی، وہ اونٹ جس کی کوہان اندر سے ٹوٹی ہوئی ہو اور باہر سے درست ہو۔

عَامِدْ : (ع مفتوح، ا ساکن، م مکسور، د موقوف) ارادہ کرنے والا، قصد کرنے والا۔

عَمِیْد : (ع مفتوح، م مکسور، ی ساکن، د موقوف) قوم کا رہنما، عشق اور بیماری سے ٹوٹا ہوا۔

عُنْجُدْ : (ع مفتوح/مضموم، ن ساکن، ج مفتوح، د موقوف) منقیٰ یا منقیٰ کی ایک قسم یا کالا خراب منقیٰ۔

عُنُوْد : (ع مضموم، ن مضموم، و ساکن، د موقوف) حق کے خلاف کام کرنا، جان بوجھ کر حق کو رد کرنا، باطل کے لیے جنگ کرنا، جھکنا، پسینے کا اس طرح بہنا کہ نہ رکے، پسینے کا مسلسل بہنا، اونٹ کا تنہا چرنا۔

عَنُوْد : (ع مفتوح، ن مضموم، و ساکن، د موقوف) بہت برسنے والا بادل، وہ اونٹنی جو راتوں کو اطراف میں چرے، عُنُدْ جمع ہے۔

عِنَاد : (ع مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، د موقوف) جنگ کرنا، لڑنا۔

عَانِدْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، د موقوف) جنگ کرنے والا، وہ اونٹ جو راستے سے پھر جائے۔

عَنِیْد : (ع مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، د موقوف) لڑنے والا۔

عُنْد : (ع مفتوح رمکسور رمضموم، ن ساکن، دموقوف) کنارہ، نزدیک۔

عِنْد : (ع مکسور، ن ساکن، دموقوف) دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔

عَنَدْ : (ع مفتوح، ن مفتوح، دموقوف) جانب، طرف، کنارہ۔

عَنْقُوْد ۔ عِنْقَاد : (ع مفتوح، ن ساکن، ق مضموم، وساکن، دموقوف) (ع مکسور، ن ساکن، ق مفتوح، اساکن، دموقوف) کھجور، پیلو وغیرہ کے شگوفے (خوشہ) کا بڑھنا (لمبا ہونا)، عَنَاقِید جمع ہے۔

عَوْد : (ع مفتوح، وساکن، دموقوف) لوٹنا، واپس ہونا، رجوع کرنا، بیمار پرسی کرنا، کسی چیز کی عادت ڈالنا، لوٹنے والے، عَائِدْ کی جمع ہے، پرانا راستہ، سرداری، پرانی وادی کا سرا، عمر دراز اونٹ اور بکری، ایک گھوڑے کا نام ہے۔

عُوْد : (ع مضموم، وساکن، دموقوف) لکڑی، عِیْدَان جمع ہے، ایک مشہور باجا جس کو بربط کہتے ہیں، مشہور خوشبودار لکڑی جس کو ہندی میں اگر کہتے ہیں جسے جلا کر خوشبو کرتے ہیں، زبان کی جڑ کی ہڈی۔

عَوَّاد : (ع مفتوح، ومشدد مفتوح، اساکن، دموقوف) بربط بجانے والا، سارنگی بجانے والا۔

عَہْد : (ع مفتوح، ہ ساکن، دموقوف) زمانہ، ذمہ داری، قسم، پیمان، نصیحت، مہلت، پناہ، حفاظت، وہ منزل جہاں ہر طرف سے گھوم پھر کر آئیں، پہلی بارش کے بعد بارش کا ہونا، شرم، عزت کی رعایت، ملنا، ملاقات کرنا، پہچاننا، جاننا، کسی چیز کے ساتھ وفا کرنا، اللہ تعالیٰ کو ایک جاننا۔

عَہَدْ : (ع مفتوح، ہ مفتوح، دموقوف) وہ خزانہ جس کی حفاظت کا عہد کیا جائے، ولایت، کام کرنا۔

عَہِیْد : (ع مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، دموقوف) ذمے داریوں میں شریک، معاہدہ کرنے والا، ہم عصر، پرانا، دیرینہ۔

عِیْد : (ع مکسور، ی ساکن، دموقوف) بار بار آنے والی بیماری، خوف یا غم، مسلمانوں کے جشن کا دن، ایک پہاڑی درخت، عرب میں مشہور اونٹ جس کی نسل سے عمدہ اونٹ ہوں۔

عِیَاد : (ع مکسور، ی مفتوح، اساکن، دموقوف) بیمار پرسی کرنا، عیادت بھی اسی معنی میں آیا ہے جیسا کہ مشہور ہے۔

﴿فصل العین مع الذال﴾

عَوْذ : (ع مفتوح، وساکن، ذموقوف) پناہ لینا۔

عُوْذ : (ع مضموم، وساکن، ذموقوف) اونٹ، گھوڑے، بکری، ہرن کے نوزائیدہ بچے، عَائِذ کی جمع ہے۔

عَوَذْ : (ع مفتوح، ومفتوح، ذموقوف) پناہ، ٹھکانہ، ناپسندیدگی، کمینہ، خبیث آدمی۔

عُوَّذ : (ع مضموم، ومشدد مفتوح، ذموقوف) کانٹوں یا درختوں کی جڑیں یا پتھر کے نیچے کے نباتات جہاں تک چوپائے نہ پہنچ سکیں، ہڈی پر چپکا ہوا گوشت، کسی جگہ پناہ لینے والا پرندہ۔

عَوَاذ : (ع مفتوح، ومفتوح، اساکن، ذموقوف) رہن رکھنا، گروی رکھنا۔

عِیَاذ : (ع مکسور، ی مفتوح، اساکن، ذموقوف) پناہ لینا، پرندوں کا پہاڑ وغیرہ میں پناہ گاہ اور ٹھکانہ بنانا۔

عَائِذْ : (ع مفتوح، اساکن، ء مکسور، ذموقوف) نوزائیدہ اونٹ گھوڑا وغیرہ، پناہ لینے والا۔

﴿فصل العین مع الراء﴾

عَبْر : (ع مفتوح، ب ساکن، رموقوف) خواب بیان کرنا، خواب کی تعبیر اس کی حقیقت اور انجام بیان کرنا، خوف کی وجہ سے (آہستہ) بے آواز پڑھنا۔

عُبْر : (ع مضموم، ب ساکن، رموقوف) زیادہ چیز، گروہ، آگ کی گرمی، ایک قبیلے کا نام ہے، مردہ بچے والی عورت، تیز چلنے والے بادل (اڑنے والے)، عِقَاب، عذاب، سزا۔

عِبْر : (ع مکسور، ب ساکن، رموقوف) فرات کے مغربی کنارے سے بیابان عرب تک کی زمین جس کا خراج لیتے ہیں، ایک قبیلے کا نام۔

عَبْر : (ع مفتوح رمضموم، ب ساکن، رموقوف) نہر اور دریا کا کنارہ۔

عِبْر : (ع مفتوح رمکسور رمضموم، ب ساکن، رموقوف) بوجھ اٹھانے

والا، طاقتور اونٹ جو ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔

عَبِیْر: (ع مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ایک مشہور خوشبو جو مشک، صندل اور گلاب ملا کر بناتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے، عَبِیر زعفران میں ملی ہوئی خوشبو ہے، بعض لوگوں نے تنہا زعفران کو عَبِیر کہا ہے جو غلط ہے۔

عُبُوْر: (ع مضموم، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) پانی سے گزرنا۔

عَبُوْر: (ع مفتوح، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) بھیڑ اور بکری کے نومولود بچے، وہ مرد جس کا ختنہ نہ ہوا ہو۔

عَابِرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ر موقوف) راستہ طے کرنے والا۔

عَابَرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ر موقوف) سام بن نوح علیہ السلام کے پوتے کا نام۔

عَبْقَرْ: (ع مفتوح، ب ساکن، ق مفتوح، ر موقوف) جنوں کا مستقر ہے، عرب والے حسن و لطافت میں انتہا تک پہنچنے والے کو آدمیوں، کپڑوں، گھوڑوں کو اسی موضع کی طرف منسوب کرتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے، ایک گاؤں ہے جہاں کے کپڑے اور فرش بہت عمدہ ہوتے ہیں۔

عَبْهَرْ: (ع مفتوح، ب ساکن، ہ مفتوح، ر موقوف) نرگس و یاسمین کا باغ، بھرے ہوئے گوشت والا لمبا آدمی، ہر نازک اور لمبی چیز۔

عِتْرْ: (ع مکسور، ت ساکن، ر موقوف) اصل، دوا کے لیے استعمال ہونے والی گھاس، چھوٹا پودا، بت، ہر وہ جانور جو خدا کے نام پر ذبح کیا جائے، وہ بکری جس کو بتوں کے نام پر کاٹتے ہیں، ایک قبیلے کا نام ہے، پھاوڑے کا دستہ (بینٹ)، وہ لکڑی جو کلہاڑی کی چوڑائی میں لگاتے ہیں، کنواں کھودنے والا جس کی وجہ سے اپنے پیروں کو محفوظ رکھتا ہے اور اس پر سہارا لیتا ہے، بکواس کرنا۔

عَتْرْ: (ع مفتوح، ت ساکن، ر موقوف) کانپنا، نیزہ وغیرہ ہلانا، ہلنا، ابرو کا کھڑا ہونا۔

عُتُرْ: (ع مضموم، ت مضموم، ر موقوف) روشنی کا نکلنا۔

عَتَرْ: (ع مفتوح، ت مفتوح، ر موقوف) شدت، قوت، سختی۔

عَتَّار: (ع مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہادر، طاقتور گھوڑا، سخت جگہ جس سے محبت نہ ہو۔

عَثَار: (ع مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) سر کے بل گرنا۔

عَاثُوْر: (ع مفتوح، ا ساکن، ث مضموم، و ساکن، ر موقوف) ہلاک کرنے والا، سختی، برائی، وہ کنواں جو شیر وغیرہ کا شکار کرنے کے لیے کھودیں۔

عُثُوْر: (ع مضموم، ث مضموم، و ساکن، ر موقوف) مطلع ہونا، آگاہ ہونا، دیدہ ور ہونا۔

عَثْر: (ع مفتوح، ث ساکن، ر موقوف) دیدہ ور ہونا، جھوٹ بولنا، ملکِ یمن میں ایک شہر ہے۔

عُثْر: (ع مضموم، ث ساکن، ر موقوف) عذاب، جھوٹ، عُثُر بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عَثَّر: (ع مفتوح، ث مشدد مفتوح، ر موقوف) شیروں کے رہنے کی جگہ۔

عَثِیْر: (ع مفتوح، ث مکسور، ی ساکن، ر موقوف) خاک، گرد، غبار، پوشیدہ نشان۔

عَجِرْ: (ع مفتوح، ج مفتوح / مکسور، ر موقوف) موٹا، بھدا۔

عَجْر: (ع مفتوح، ج ساکن، ر موقوف) دوڑنے میں گھوڑے کا پونچھ اٹھانا، گھوڑے کا تیز چلنا، تلوار لے کر کسی کی طرف جانا، گردن موڑنا۔

عُجْر: (ع مکسور / مضموم، ج ساکن، ر موقوف) گاڑھا۔

عَجَر: (ع مفتوح، ج مفتوح، ر موقوف) موٹا اور بھدا ہونا، ہر چیز کا باہر آنا۔

عَجِیْر: (ع مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ر موقوف) نامرد، وہ مرد جو جماع کرنے پر قادر نہ ہو، عُجَیْز بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عُذْر: (ع مضموم، ذ ساکن، ر موقوف) بہانا، معذور رکھنا۔

عَذْر: (ع مفتوح، ذ ساکن، ر موقوف) باگ ڈور لگانا، گھوڑے پر لگام کسنا، ختنہ کرنا، بہت عیب اور گناہ والا ہونا، ختنہ پر دعوت دینا، کسی کی پیٹھ پر مارنا جس کی وجہ سے نشان پڑ جائے، گھر میں گوبر،

مینگنی کا زیادہ ہونا۔

عِذَار: (ع مکسور، ذ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گھوڑے کی باگ ڈور، رخسار کے دونوں جانب بال، گھوڑے کے چہرے پر لگام کا نشان، مکان کی تعمیر، ختنہ کی تقریب کے لیے ہر نئی چیز کا کھانا پکانا جو فراہم ہوتی ہو۔

عَاذِرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ذ مکسور، ر موقوف) زخم اور رگ کا نشان، استحاضے کا خون، آدمی کا پاخانہ۔

عَاذُوْر: (ع مفتوح، ا ساکن، ذ مضموم، و ساکن، ر موقوف) برائی، فساد، راستہ چلانے کے لیے چوپائے کو ٹھوکر لگانا، کوڑا یا تازیانہ مارنا۔

عَرّ: (ع مفتوح، ر مشدد موقوف) بہرا، خارش ہونا، خارش والا ہونا۔

عُرّ: (ع مضموم، ر مشدد موقوف) اونٹ کے بچوں کی گردن کی خارش، ایک بیماری جس کی وجہ سے اونٹ کے بال جھڑ جاتے ہیں، جوان، عدن میں ایک پہاڑ کا نام ہے۔

عِرَار: (ع مفتوح رمکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) نر شتر مرغ کا آواز دینا، ایک آدمی کا نام ہے۔

عَرَار: (ع مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک خوشبودار پھول جسے گاؤ چشم اور بہار کہتے ہیں، جنگلی نرگس، ایک بیل کا نام جس نے کُحَل نامی بیل کے ساتھ جنگ کی اور آپس میں ایک دوسرے نے اتنا سر ٹکرایا کہ دونوں مر گئے، یہ ایسے دو حریفوں کی مثال بن گئے جو برابر ہوں، بدلہ، ایک وادی کا نام ہے۔

عَرَرْ: (ع مفتوح، ر مفتوح، ر موقوف) اونٹ کا چھوٹا کوہان۔

عَرْعَرْ: (ع مفتوح، ر ساکن، ع مفتوح، ر موقوف) چیڑ کا درخت، یہ اصل میں فارسی ہے، ایک جگہ کا نام۔

عَزْر: (ع مفتوح، ز ساکن، ر موقوف) ملامت کرنا، منع کرنا، عقد کرنا، جبراً کسی کام پر لگانا، دین کے ابواب، فرائض اور احکام پر آگاہ کرنا، کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔

عَزُوْر: (ع مفتوح، ز مضموم، و ساکن، ر موقوف) بدخلق، دیوث، بے غیرت۔

عُزَیْر: (ع مضموم، ز مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) ایک پیغمبر کا نام ہے۔

عَازَرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ر موقوف) وہ مرد جو عیسیٰ علیہ السلام کی دعا سے زندہ ہوا۔

عُسُرْ: (ع مضموم، س ساکن رمضموم، ر موقوف) دشواری، مشکل، کام کا دشوار ہونا۔

عِسْر: (ع مکسور، س ساکن، ر موقوف) جنوں کا ایک قبیلہ، عَسر بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عَسِیْر: (ع مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ر موقوف) دشوار، وہ اونٹنی جو رام (تابع) نہ ہوئی ہو۔

عَسْکَرْ: (ع مفتوح، س ساکن، ک مفتوح، ر موقوف) لشکر، ہر چیز کی کثرت، یہ لفظ فارسی ہے، رات کی تاریکی، نیشا پور اور مصر کا محلہ، خوزستان میں ایک گاؤں، سامرہ کا نام ہے، امام علی نقی عسکری اور امام حسن عسکری رضی اللہ عنہما وہیں کے رہنے والے تھے، عَسْکَرَان عرفہ و منیٰ۔

عَشْر: (ع مفتوح، ش ساکن، ر موقوف) دسواں لینا، دسواں ہونا۔

عُشْر: (ع مضموم، ش ساکن، ر موقوف) دسواں۔

عِشْر: (ع مکسور، ش ساکن، ر موقوف) اونٹ کے پانی کی دو باری جس میں آٹھ دن کا فاصلہ ہوتا ہے اس لیے کہ پہلے اور دسویں دن پانی دیتے ہیں اس طرح بیچ میں آٹھ دن کا وقفہ ہوتا ہے، ٹوٹ کر دس ٹکڑے ہو جانے والی ہانڈی کا ایک ٹکڑا۔

عُشَرْ: (ع مضموم، ش مفتوح، ر موقوف) ایک کڑوا ہلاک کرنے والا درخت جس کو آگ اور مدار کہتے ہیں۔

مرا بہ سایۂ خود خوان کہ نخل سبز سپہر
مظلہ ایست کہ عشر عشیر آن عشر ست

عَشَرْ: (ع مفتوح، ش مفتوح، ر موقوف) دس عورتیں جیسا کہ عَشَرَۃ دس مرد۔

عُشَار: (ع مضموم، ش مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) دس دس۔

عِشَار: (ع مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) دس مہینے کی گابھن اونٹنی، عُشَراء جمع ہے۔

عَشَّار: (ع مفتوح، ش مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) دسواں حصہ، وصول کرنے والا، عُشَار بھی اس معنی میں ہے۔

عَاشِرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ر موقوف) دسواں لینے والا، دسواں حصہ، دس۔

عَشِیْر: (ع مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ر موقوف) دسواں حصہ، نزدیک، دوست، زوج، زوجہ، عورت کا شوہر، معاشر، جماعت، ہم صحبت، ایک سو چوالیس گز (شرعی) زمین کا دسواں حصہ، بجو کی آواز۔

عَاشُوْر: (ع مفتوح، ا ساکن، ش مضموم، و ساکن، ر موقوف) محرم کا نواں یا دسواں دن جسے عاشورہ و عاشوراء بھی کہتے ہیں۔

عَصْر: (ع مفتوح، ص ساکن، ر موقوف)

عِصْر۔عُصُرْ: (ع مکسور/مضموم، ص ساکن/مضموم، ر موقوف) زمانہ، رات، دن، دن کا آخری حصہ جب آفتاب سرخ ہوجائے، عَصَرْ بھی اسی معنی میں آیا ہے، بارش، صبح، قوم، اپنے، یگانے، رشتہ دار، بند کرنا، باز رکھنا، بخشا۔

عَصْر: (ع مفتوح، ص ساکن، ر موقوف) عصر کی نماز کا وقت، انگور وغیرہ کا نچوڑنا، پناہ لینا، چھٹکارا پانا۔

عَصَرْ: (ع مفتوح، ص مفتوح، ر موقوف) ٹھکانا، پناہ، گرد، غبار۔

عَصِیْر: (ع مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ر موقوف) انگور وغیرہ کا شیرہ (رس)، ہر نچوڑی ہوئی چیز، مجازاً انگوری شراب۔

عَصَار: (ع مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) زیادہ گرد۔

عَصَّار: (ع مفتوح، ص مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) تیلی، تیل نکالنے والا۔

عُصْفُرْ: (ع مضموم، ص ساکن، ف مضموم، ر موقوف) مشہور گھاس (کسمبھ) جس سے کپڑا رنگتے ہیں اور گوشت کو گلاتے ہیں اس کے بیج کو قرطم کہتے ہیں۔

عُصْفُوْر: (ع مضموم، ص ساکن، ف مضموم، و ساکن، ر موقوف) چڑیا، گوریا، نرنڈی، سر کے گودے کا حصہ، ہودج کی لکڑی جس کے سرے کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑتے ہیں، لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھ کر مضبوط کرتے ہیں، سر کے اگلے حصے کے بالوں کے اگنے کی جگہ، پیشانی کی ابھری ہوئی ہڈی، کشتی کی میخ، بادشاہ، سردار۔

عَصَافِیْر: (ع مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ی ساکن، ر موقوف) عُصْفُور کی جمع ہے، وہ درخت جو گوریا کے مانند ہوتا ہے اور وہ ایران میں زیادہ ہوتا ہے، عرب والے اس سے متعلق چند مثلیں بیان کرتے ہیں جیسے لِسَانُ العَصَافِیْر ایک درخت کا پھل ہے جسے فارسی میں اَہر کہتے ہیں اور اس کے پھل کو تخم اَہر اور زبان کنجشک کہتے ہیں اور ہندی میں اسے اندر جو کہتے ہیں، عَصَافِیْرُ المُنْذِر عمدہ اونٹ جو نعمان بن منذر رکھتا تھا۔

عُصْمُوْر: (ع مضموم، ص ساکن، م مضموم، و ساکن، ر موقوف) پانی بھرنے کی چرخی، ڈول، عَصَامِیْر جمع ہے۔

عَضْر: (ع مفتوح، ض ساکن، ر موقوف) سختی کو ظاہر کرنا، یمن کا ایک گروہ۔

عَاضِرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ر موقوف) مانع، روکنے والا۔

عَطْر: (ع مفتوح، ط ساکن، ر موقوف) خوشبودار ہونا، خوش ہونا۔

عِطْر: (ع مکسور، ط ساکن، ر موقوف) خوشبو۔

عَطَّار: (ع مفتوح، ط مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) خوشبو بیچنے والا۔

عَاطِرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ر موقوف) خوشبو کو پسند کرنے والا۔

عَظَرْ: (ع مفتوح، ظ مفتوح، ر موقوف) کسی چیز سے گریز کرنا، مشک بھرنا۔

عَفْر: (ع مفتوح، ف ساکن، ر موقوف) خاک آلود ہونا، مٹی میں لتھیڑنا، زمین میں لتھڑنا۔

عُفْر: (ع مضموم، ف ساکن، ر موقوف) مہینے کی ساتویں آٹھویں اور نویں رات، دلیر مرد (بہادر)، جلد، خونخوار، کھردرا، سخت۔

عِفْر: (ع مکسور، ف ساکن، ر موقوف) سور (خنزیر)، نر سور، خبیث اور شریر آدمی (مرد)

عَفَرْ: (ع مفتوح، ف مفتوح، ر موقوف) روئے زمین، زمین، خاک

سکون کے ساتھ بھی آیا ہے یعنی عَفْر، کھیت میں پہلی آب پاشی، مکڑی کے تاروں کی طرح لعاب جو گرمیوں میں ظاہر ہوتے ہیں اس کو شیطان کے ناک سے نکلی ہوئی شئی یعنی نیٹا، پوٹا، رینٹ کہتے ہیں۔

عُفُرُ : (ع مضموم، ف مضموم، رموقوف) زمانہ، وقت، مہینہ۔

عَفِیْر : (ع مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، رموقوف) دھوپ میں خشک کیا ہوا گوشت، بلا سالن کی روٹی، شیرینی نہ ملایا ہوا ستو، وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔

عَفَار : (ع مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، رموقوف) وہ درخت جس سے لوگ آگ حاصل کریں، کھجور کے درخت کو بار آور کرنا، گابھا لگانا، مکہ اور طائف کے درمیان ایک گاؤں کا نام ہے، بے سالن کی روٹی، وہ ستو جس میں شیرینی نہ ملائی گئی ہو۔

عَفَّار : (ع مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، رموقوف) کھجور کے درخت کو بار آور کرنے والا (گابھا لگانے والا)

عَقْر : (ع مفتوح، ق ساکن، رموقوف) بلند محل، ویران عمارت، عُقْر بھی اسی معنی میں ہے، سفید بادل، وہ بادل جو سورج اور اس کے ارد گرد کو چھپائے، شگاف، دو چیزوں کے درمیان کی کشادگی، منزل، کٹہرے کے پایوں کا وسط (کٹھرا، لکڑی کا بڑا ظرف جس میں کھانا رکھتے ہیں)، کوفہ کے نزدیک ایک جگہ کا نام ہے، بنیاد، کسی چیز کی اصل، خستہ اور مجروح کرنا، تھکانا، زخمی کرنا، چوپائے کی پیٹھ کو زخمی کرنا، زخمی ہونا، چوپائے کی کونچیں کاٹ دینا اور چلنے سے روک دینا۔

عُقْر : (ع مضموم، ق ساکن، رموقوف) عورت کا مہر، وہ مال جو وطی بالشبہ سے واجب ہوتا ہے، بانجھ، عورت کا بانجھ ہونا، محلہ، قوم، عَقْر بھی اسی معنی میں ہے، حوض کی پشت، تالاب میں پانی پینے کا گھاٹ، زیادہ آگ، زیادہ آگ اور اس کے جمع ہونے کی جگہ، گھر کا بیچ، گھر کی بنیاد، عَقْر بھی اسی معنی میں ہے، غذا، دانہ، عمدہ گھاس، قصیدے کے عمدہ اشعار، بَیْضَةُ الْعُقْر مرغی کا پہلا انڈا، وہ انڈا جس سے باکرہ عورتوں کو آزماتے ہیں، رحم کی بیماری، پہلا انڈا یا آخری انڈا یا بیچ کا انڈا، عطیے یا تحفے کا ایسی جگہ سے ملنا جہاں سے اس کی امید نہ ہو اور اس لفظ کو ندرت کے وقت استعمال کرتے ہیں، اَعْقَار جمع ہے۔

عَقَرُ : (ع مفتوح، ق مفتوح، رموقوف) خوف کی وجہ سے پیروں کا کانپنا۔

عُقَرُ : (ع مضموم، ق مفتوح، رموقوف) وہ پالان اور زین جس سے گھوڑے کی پیٹھ زخمی ہو اور سوار اس کے دکھ کی پرواہ نہ کرے۔

عَقُوْر : (ع مفتوح، ق مضموم، و ساکن، رموقوف) کاٹنے والا کتا، کاٹنے والا بھیڑیا وغیرہ۔

عُقَار : (ع مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، رموقوف) شراب، ایک قسم کا سرخ اور رنگین کپڑا۔

عَقَار : (ع مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، رموقوف) پانی، زمین، کھجور کا درخت، گھر کا ساز و سامان، بچہ نہ پیدا کرنا، بانجھ۔

عَقَّار : (ع مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، رموقوف) گھاس یا گھاس کی جڑ جسے دوا کے کام میں لاتے ہیں، عُقَّار بھی اسی معنی میں آیا ہے، وہ پودے جو چوپایوں کو زخمی کریں، عَقَّار بھی اس معنی میں آیا ہے، عَقَاقِیر جمع ہے۔

عَاقِرُ : (ع مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، رموقوف) ریت کا اونچا ٹیلا جس پر کچھ نہ اگے، نہ جننے والی عورت، لاولد مرد، بانجھ۔

عَقِیْر : (ع مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، رموقوف) بانجھ، وہ پرندہ جس کے پروں پر کوئی مرض ہو جس کی وجہ سے دوسرے پر نہیں نکلتے۔

عَکْر : (ع مفتوح، ک ساکن، رموقوف) کسی جگہ لوٹنا، جنگ سے پھرنا، اونٹ کا اپنے مالک کو اس کے خاندان اور وطن سے دور کر دینا۔

عِکْر : (ع مکسور، ک ساکن، رموقوف) ہر چیز کی اصل، زبان کی جڑ۔

عَکَرْ : (ع مفتوح، ک مفتوح، رموقوف) تیل اور شراب کی تلچھٹ، پانی کا میل جو حوض کی تہہ میں جمع ہو، تیل کا تلچھٹ والا ہونا، اونٹوں کا ریوڑ جس کی مقدار پچاس سے سو تک ہو، بعض لوگوں

نے کہا ہے کہ پچاس سے ساٹھ یا ستر تک یا دس سے پانچ سو تک، عِکَرْ بھی اسی معنی میں آیا ہے، عَکَرَۃ کی جمع ہے۔

عَکَرْ: (ع مفتوح، ک مفتوح، ر موقوف) تلوار کا مورچہ۔

عَکِرْ: (ع مفتوح، ک مکسور، ر موقوف) گدلا پانی، شراب، تیل وغیرہ کا تلچھٹ آمیز ہونا۔

عُکُوْر: (ع مضموم، ک مضموم، و ساکن، ر موقوف) پھرنا، مڑنا۔

عَکَّار: (ع مفتوح، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہت زیادہ حملہ کرنے والا، ایک قبیلے کا باپ۔

عَمْر۔ عُمْر۔ عُمُرْ: (ع مفتوح رمضموم، م ساکن رمضموم، ر موقوف) زندگی، اَعْمار جمع ہے۔

عُمْر: (ع مضموم، م ساکن، ر موقوف) مسجد، عیسائیوں اور مجوسیوں کا عبادت خانہ (گرجا گھر و کلیسا)

عَمْر: (ع مفتوح، م ساکن، ر موقوف) دین، عُمر بھی اسی معنی میں ہے، دانتوں کے درمیان کا گوشت، دانت کی جڑ کا گوشت (مسوڑہ)، عُمر بھی اسی معنی میں ہے، عُمُور جمع ہے، ایک آدمی کا نام ہے، رفع و جر کی حالت میں اس کو واو کے ساتھ لکھتے ہیں تا کہ عُمَر اور عَمْرو میں فرق کیا جا سکے اور حالت نصب میں واو کے ساتھ نہیں لکھتے، الف کی زیادتی کے سبب جو علامتِ تنوین ہے، عَمْرو غیر منصرف میں نہیں آتا اور عُمَر غیر منصرف میں آتا ہے، دونوں کا فرق ظاہر ہے۔

عَمَرْ: (ع مفتوح، م مفتوح، ر موقوف) وہ رومال جس سے شریف عورت اپنا سر ڈھکتی ہے، وہ پہاڑ جہاں سے مکہ معظمہ کی خوشبو آتی ہے۔

عُمَرْ: (ع مضموم، م مفتوح، ر موقوف) حضرت فاروق اعظم وغیرہ کا نام رضی اللہ تعالیٰ عنہم، عُمَرَہ کی جمع ہے جس کا معنی گزر چکا۔

عُمَّرْ: (ع مضموم، مشدد مفتوح، ر موقوف) واسط کے نزدیک ایک جگہ۔

عَامِرْ: (ع مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ر موقوف) آباد کرنے والا، آباد، اس تقدیر پر عامِرْ معمور کے معنی میں ہے جیسے دَافِق بمعنی مَدفُوْق، ایک آدمی کا نام ہے، بنی عامر کا ایک قبیلہ ہے۔

عَمَّار: (ع مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہت تعمیر کرنے والا، ایک آدمی کا نام ہے، روزہ، نماز اور ایمان میں قوی آدمی، کام میں ثابت قدم، گفتگو میں حلیم و بردبار، وہ شخص جو آداب نبوی کے مطابق اپنے اہل خانہ اور دوستوں کو جمع کرے، روزہ، نماز قائم کرنے والا، قوی ایمان والا، موت تک اللہ کے اوامر و نواہی پر قائم رہنے والا۔

عُمَّار: (ع مضموم، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) تعمیر کرنے والے، عُمَّارُ البَیْت گھر میں رہنے والے۔

عَمِیْر: (ع مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) بھری ہوئی جگہ، مضبوط کپڑا بننا۔

عُمَیْر: (ع مضموم، م مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) مکہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے، ایک مرد کا نام ہے، عُمَر و عَمْرو کی تصغیر ہے۔

عُنْصُرْ: (ع مضموم، ن ساکن، ص مضموم، ر موقوف) اصل، نسب، بختی، بلا، مصیبت، ضرورت، ارادہ، قصد۔

عَنْقَرْ: (ع مفتوح، ن ساکن، ق مفتوح رمضموم، ر موقوف) نَے کی جڑ جو چیز اس سے پہلے اگے اور تازہ رہے، کھجور کے درخت کا بیج، نَے یا نَے سفید (گھاس کی ایک قسم) جس سے بوریا بنتے ہیں، آدمی کی اصل، دیہاتی کی اولاد۔

عُنْتُرْ: (ع مفتوح رمضموم، ن ساکن، ت مفتوح، ر موقوف) بڑی مکھی جسے خرمگس کہتے ہیں، ایک آدمی کا نام ہے۔

عَنْبَرْ: (ع مفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، ر موقوف) بنی تمیم کا ایک قبیلہ، بَلْعَنْبَر قبیلہ عَنْبَر کے لوگ، بَنُو العَنْبَر کا مخفف ہے جیسا کہ بَلْحَارِث بَنُو الحَارِث کا مخفف ہے، عَنْبَرْ ایک مچھلی کا نام ہے جو سمندر میں ہوتی ہے، زعفران، اسپرک زرد رنگ کی گھاس جس سے کپڑا رنگتے ہیں، وہ ڈھال جو عنبر مچھلی کی کھال سے بنائی جاتی ہے، ایک مشہور خوشبو کہتے ہیں کہ یہ بحری جانور کی بیٹ ہے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ دریا میں ایک منبع اور چشمہ ہے، صحیح یہ ہے کہ ایک خوشبودار موم ہے جو ہندوستان اور چین کے

پہاڑوں میں اس شہد کی مکھی سے جو قسم قسم کی خوشبودار گھاس کھاتی ہے حاصل ہوتا ہے، اس موم کو سیلاب دریا میں بہالے جاتا ہے اور پانی پر بہتا رہتا ہے جسے اکثر سمندری جانور نگل جاتے ہیں اور ہضم نہ ہونے کی وجہ سے اسے قے کر دیتے ہے، اس وجہ سے بعض لوگوں نے اسے بحری جانور کا بیٹ خیال کیا ہے بعض ثقہ لوگوں سے سننے میں آیا ہے کہ عنبر کے اندر شہد کی مکھی پائی گئی ہے اور یہ اس بات کی علامت ہے کہ عنبر موم ہے جب عنبر کو آگ پر رکھتے ہیں تو موم کی طرح پگھلتا ہے واللہ اعلم۔

عَوَّرْ : (ع مفتوح، و ساکن رمفتوح، ر موقوف) کانا ہونا، ایک آنکھ کی بینائی ختم ہو جانا۔

عَوِرْ : (ع مفتوح، و مکسور، ر موقوف) بدباطن، بدذات، بدنفس۔

عِوَار : (ع مفتوح رمکسور رمضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) عیب، پھٹن، کپڑے کی پھٹن۔

عُوَّار : (ع مضموم، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ابابیل، کسی کی آنکھ میں تنکے کا اس طرح پڑنا کہ دیکھنا مشکل ہو جائے، ناتواں، کمزور، بددل، عواویر جمع ہے۔

عُوَیْر : (ع مضموم، و مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) ایک جگہ کا نام ہے، بری عادت۔

عَوَائِرْ : (ع مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ر موقوف) ٹڈیوں کے منتشر گروہ۔

عَہْر : (ع مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) زنا کرنا۔

عِہْر : (ع مکسور، ہ ساکن، ر موقوف) زنا کرنا۔

عَہَرْ : (ع مفتوح، ہ مفتوح، ر موقوف) زنا کرنا۔

عِیْر : (ع مکسور، ی ساکن، ر موقوف) قافلہ، وہ اونٹ جن پر غلہ لادا جاتا ہے، ہر وہ سواری جس پر غلہ لادا جاتا ہے۔

عَیْر : (ع مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) پالتو گدھا، اکثر گورخر (جنگلی گدھا، خچر) کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، مدینہ منورہ میں ایک پہاڑ کا نام، وہ ہڈی جس کے بیچ کا حصہ ابھرا ہوا ہو، ہموار چیز میں جو چیز اونچی ہو، ہودج کی اگلی لکڑی جسے پکڑ کر بیٹھتے ہیں، آنکھ کی پلک، آنکھ کا گوشہ، پتلی، آنکھ کی ہر اندرونی چیز، اونچا کان، پیر کی پشت کی بلندی، تیر کے پھل کا درمیانی حصہ، کندھے کے سرے کی بلندی، پہاڑ، ایک آبادی کا نام جو زمانہ قدیم میں آباد تھی اب ویران ہو چکی ہے، ایک کافر کا لقب جس نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تھی، قوم کا سردار، بادشاہ، ڈھول، پیٹھ کا درمیانی حصہ، پتے کے درمیان کا سفید خط، کبوتر کے مانند ایک پرندہ ہے، گھوڑے وغیرہ کا چلنا، سیر کرنا، اونٹنی کا آرام کرنے کے لیے کوئی گوشہ ڈھونڈنا، گھوڑے کا چرنے کے لیے ہر طرف جانا۔

عَیَار : (ع مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ہر چیز کا اندازہ کرنا، درہم و دینار کا ٹھپہ۔

عَیَّار : (ع مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) زیادہ آنے جانے والا آدمی، بہت چلنے والا آدمی، بہت چکر لگانے والا اونٹ، زیادہ چلنے والا، ایک گھوڑے کا نام ہے۔

﴿فصل العین مع الزاء﴾

عَجْز : (ع مفتوح، ج ساکن، ز موقوف) ناتوانی، کمزوری۔

عَجُز : (ع مفتوح رمکسور رمضموم، ج مفتوح، ز موقوف)

عَجُز۔ عَجَز : (ع مفتوح، ج مفتوح رمضموم، ز موقوف) سرین، ہر چیز کا پیچھا۔

عُجُوْز : (ع مضموم، ج مضموم، و ساکن، ز موقوف) عورت کا کمزور اور بوڑھی ہونا۔

عَجُوز : (ع مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ز موقوف) بوڑھی عورت، عام لوگ، عجوزۃ تا کی زیادتی کے ساتھ کہتے ہیں عجائز و عُجُز جمع ہے، ٹیلے کی ریت، اَیَّامُ العُجُوز سخت سردی، جاڑے کے دن جو عربوں کے نزدیک پانچ دن ہیں بعض لوگوں نے سات دن بھی کہا ہے۔

عَجِیْز : (ع مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ز موقوف) وہ شخص جو جماع پر قدرت نہیں رکھتا ہے۔

عِزّ : (ع مکسور، ز مشدد موقوف) عزت، شان، ذل کی ضد ہے۔

عَزّ : (ع مفتوح، ز مشدد موقوف) غلبہ کرنا، سخت بارش، عِزّ بھی اس معنی میں آیا ہے۔

عَزِیز : (ع مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ز موقوف) کمیاب، آرزومند، قادر، کسی پر قدرت رکھنا، غالب آنا۔

عُزُوز : (ع مضموم، ز مضموم، و ساکن، ز موقوف) چھوٹے تھن والی اونٹنی، عَزاز بھی اسی معنی میں ہے۔

عَزُوز : (ع مفتوح، ز مضموم، و ساکن، ز موقوف) چھوٹے پستان (تھن) والی اونٹنی۔

عَزَاز : (ع مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) سخت زمین۔

عَفْز : (ع مفتوح، ف ساکن، ز موقوف) اخروٹ، مشہور میوہ، مرد کا عورت کے ساتھ کھیلنا، اونٹ کو سلانا۔

عَقْز : (ع مفتوح، ق ساکن، ز موقوف) قریب قریب پیر رکھنا، چیونٹی وغیرہ کا آہستہ چلنا۔

عَکْز : (ع مفتوح، ک ساکن، ز موقوف) لاٹھی کا سہارا لینا، زمین پر نیزہ گاڑنا، کسی چیز کا سراغ پانا۔

عِکْز : (ع مکسور، ک ساکن، ز موقوف) بری عادت والا، کنجوس، منحوس۔

عَلَز : (ع مفتوح، ل مفتوح، ز موقوف) بے چینی، بکی، خفت، وہ بے چینی جو بیمار لالچی اور قیدی کو پہنچتی ہے۔

عَلِز : (ع مفتوح، ل مکسور، ز موقوف) وہ دردمند بے چین شخص جو نہ سوئے۔

عَنْز : (ع مفتوح، ن ساکن، ز موقوف) بکری، ہرنی، ایک گھوڑے کا نام، ایک تلوار کا نام، ٹیلا، ہوازن کا ایک قبیلہ، مادہ عقاب، بڑی مچھلی، ایک آبی پرندہ، مادہ گدھ، مادہ سرخاب جسے تغذری کہتے ہیں، قبیلہ طسم کی ایک عورت جسے ہودج میں بیٹھا کر قید کیا گیا تھا، انصاف کرنا، چھوٹے نیزے سے مارنا۔

عَوْز : (ع مفتوح، و ساکن، ز موقوف) انگور کا دانہ۔

عُوْز : (ع مضموم، و ساکن، ز موقوف) ایک مرد کا نام۔

عَوَز : (ع مفتوح، و مفتوح، ز موقوف) ضرورت محتاج ہونا، خالی ہاتھ ہونا۔

﴿فصل العین مع السین﴾

عَبْدُوْس : (ع مفتوح، ب ساکن، د مضموم، و ساکن، س موقوف) ایک آدمی کا نام ہے، عین کے ضمہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

عُبُوْس : (ع مضموم، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) ترش رو ہونا، ترش روئی۔

عَبُوْس : (ع مفتوح، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) بدخلق، بلی، شیر درندہ۔

عَبَّاس : (ع مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف)

عَابِس : (ع مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، س موقوف) بدخلق، بدخو، شیر درندہ۔

عَبْس : (ع مفتوح، ب ساکن، س موقوف) بدخلق ہونا، ایک گھاس ہے جس کو سینسنبر بھی کہتے ہیں، ایک پہاڑ کا نام ہے، نجد میں ایک چشمے کا نام، کوفہ میں ایک محلے کا نام، قبیلۂ قیس عیلان کا مورث اعلیٰ۔

عَبَس : (ع مفتوح، ب مفتوح، س موقوف) خشک پیشاب اور لید جو اونٹ کی پونچھ میں لپٹی ہو، خشک ہونا، آنکھ اور جسم پر میل کا بیٹھنا، ایک آدمی کا نام ہے۔

عَجْس : (ع مفتوح، ج ساکن، س موقوف) کسی کو ضرورت سے روکنا، کسی چیز کو پنجے سے پکڑنا، اونٹنی کا راستے سے پھر جانا۔

عَجُس : (ع مفتوح، ج مفتوح رمکسور رمضموم، س موقوف) کمان، رات کا پچھلا پہر یا آخری پہر۔

عَجُوْس : (ع مفتوح، ج مضموم، و ساکن، س موقوف) لگاتار برسنے والا بوجھل بادل۔

عَدْس : (ع مفتوح، د ساکن، س موقوف) زمین میں چلنا، سخت روندنا، دانائی ظاہر کرنا، اونٹ اور خچر چرانا، خچر کا آواز کرنا۔

عَدَس : (ع مفتوح، د مفتوح، س موقوف) مشہور دریا جس کو در فرس نسک کہتے ہیں اور ہندی میں مسور، جسم پر نکلنے والی پھنسیاں جو مہلک

ہوتی ہیں، مَعَدَس ایک آدمی کا نام۔

عَرُوْس: (ع مفتوح، ر مضموم، و ساکن، س موقوف) دولہن، اس کی جمع عرائس ہے، دولہا اس کی جمع عُرُس ہے، یمن میں ایک قبیلہ کا نام ہے، ایک آدمی کا نام، عرب کی مشہور مثل ہے لَا عِطْرَ بَعْدَ عَرُوْسٍ

عُرْس: (ع مضموم، ر ساکن، س موقوف) شادی کا کھانا، نکاح کرنا، عُرُس بھی اسی معنی میں ہے۔

عِرْس: (ع مکسور، ر ساکن، س موقوف) شوہر والی عورت، اونٹنی یا اونٹ، اَعْرَاس جمع ہے، ابن عرس ایک جانور ہے جسے راسو کہتے ہیں۔

عَرْس: (ع مفتوح، ر ساکن، س موقوف) اونٹ کی گردن اس کے بازو پر باندھنا، کسی چیز سے عدول کرنا، خیمہ کے بیچ کا ستون، قلعہ کے باہر چھوٹی دیوار، عُرْس بھی اس معنی میں آیا ہے، بیچ کی دیوار، گھر کی زمستانی دیوار جس کی وجہ سے گھر گرم رہتا ہے۔

عَرَس: (ع مفتوح، ر مفتوح، س موقوف) دہشت رکھنا، ملازم ہونا، نوکر ہونا، بہت خوش ہونا۔

عَرِس: (ع مفتوح، ر مکسور، س موقوف) شیر درندہ، مدہوش، کسی چیز کو لازم کرنے والا۔

عِرَاس: (ع مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، س موقوف) اونٹ کی گردن اور بازو باندھنے کی رسی۔

عَسّ: (ع مفتوح، س مشدد موقوف) رات میں پاسبانی کے لیے گھومنا، خبر کا دیر میں آنا، اونٹ کا اکیلے چرنا، لوگوں کے سامنے اونٹنی کا دودھ نہ دینا، جماعت کو تھوڑا کھلانا۔

عُسّ: (ع مضموم، س مشدد موقوف) بڑا پیالہ، قضیب، عضو تناسل، عِسَاس جمع ہے، جد و جہد، کوشش۔

عَسَّاس: (ع مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) رات میں شہر کے گرد پھرنے والا، چوکیدار، عُسَس و عُسَیس جمع ہے جیسے خادم و خَدَم، حاج و حُجَج۔

عَسُوْس: (ع مفتوح، س مضموم، و ساکن، س موقوف) وہ اونٹنی جو لوگوں کے سامنے دودھ نہ دے، شکار اور روزی تلاش کرنے والا، کم بھلائی والا مرد۔

عَطْس: (ع مفتوح، ط ساکن، س موقوف) چھینکنا، مرنا، صبح طلوع ہونا۔

عَاطِس: (ع مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، س موقوف) صبح، سامنے آنے والا ہرن، عرب والے اس سے فال لیتے ہیں، چھینکنے والا۔

عُطَاس: (ع مضموم، ط مفتوح، ا ساکن، س موقوف) چھینکنا۔

عَاطُوْس: (ع مفتوح، ا ساکن، ط مضموم، و ساکن، س موقوف) وہ چیز جس کے ذریعہ چھینک لائیں، وہ جانور جس سے بری فال لیتے ہیں۔

عَفْس: (ع مفتوح، ف ساکن، س موقوف) چوتڑ، باز رکھنا، اونٹ وغیرہ کو تیز ہانکنا، سرین پر لات مارنا، زمین کی طرف پھینکنا، بہت ملنا، چمڑے کو ملنا۔

عِفَاس: (ع مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، س موقوف) فساد۔

عَکْس: (ع مفتوح، ک ساکن، س موقوف) الٹا کرنا، بات کو پلٹنا، اونٹ کی مہار اونٹ کے بازو پر باندھنا، کھانے پر دودھ ڈالنا۔

عِکَاس: (ع مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، س موقوف) وہ رسی جس سے اونٹ کی مہار کو اس کے بازو پر باندھیں، نکیل کی رسی جو اونٹ کے زانو پر باندھ دیتے ہیں۔

عَکِیْس: (ع مفتوح، ک مکسور، ی ساکن، س موقوف) دودھ جو شوربا اور کھانے کی چیز میں ملایا جاتا ہے، ایک قسم کا کھانا جو دودھ اور آٹے سے بناتے ہیں، درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت نکلے، درخت کی قلم لگانا۔

عَلْس: (ع مفتوح، ل ساکن، س موقوف) پینا، چکھنا، ایک قسم کی چیونٹی، کھانے پینے والی چیز۔

عَلَس: (ع مفتوح، ل مفتوح، س موقوف) بڑی چیچڑی، ایک کیڑا ہے جو کتے کے جسم میں لپٹ کر خون چوستا ہے۔

عَلَس: (ع مضموم، ل ساکن، س موقوف) ایک آدمی کا نام، گیہوں کی ایک قسم جس کے ایک چھلکے میں دو دانے ہوتے ہیں۔

عُلَاس۔ عَلُوس: (ع مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، س موقوف) (ع مفتوح، ل مضموم، و ساکن، س موقوف) کھانے کی چیز۔

عَمَاس: (ع مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، س موقوف) سخت جنگ، سخت دن، تاریک رات، بے سر دپا کام جو قابو سے باہر ہو، مشکل کام، عَمُوس بھی اس معنی میں آیا ہے اور عَمُوس بے راہ رو (غلط راستہ چلنے والا) کے معنی میں ہے۔

عَمْس: (ع مفتوح، م ساکن، س موقوف) کسی کام میں اپنے آپ کو نادان بنانا، مشکل کام، سبق دینا، چھپانا، کسی چیز میں تجاہل برتنا، جان بوجھ کر انجان بننا۔

عُمَیس: (ع مضموم، م مفتوح، ی ساکن، س موقوف) ایک آدمی کا نام ہے۔

عَمْوَاس: (ع مفتوح رکسور، م ساکن، و مفتوح، ا ساکن، س موقوف) ملک شام میں ایک مقام کا نام ہے جہاں صدر اسلام میں بڑے پیمانہ پر طاعون کی بیماری پھیلی۔

عَنْس: (ع مفتوح، ن ساکن، س موقوف) بہت طاقتور اونٹنی، عقاب، یمن کے ایک قبیلہ کا باپ، اسود عنسی اسی قبیلہ کا فرد تھا جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کی شب قتل کیا گیا۔

عُنُوس۔ عِنَاس: (ع مضموم، ن مضموم، و ساکن، س موقوف) (ع مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، س موقوف) بالغ ہونے کے بعد لڑکی کا زیادہ دنوں تک بغیر شادی کے گھر میں رہنا یہاں تک کہ دوشیزگی کی حد سے باہر نکل جائے۔

عَانِس: (ع مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، س موقوف) وہ لڑکی جو زیادہ دنوں تک گھر میں بے شادی پڑی رہے، وہ مرد جو زیادہ دنوں تک غیر شادی شدہ رہے، وہ اونٹ جس کے تمام اعضا موٹے ہوں۔

عَنِیس: (ع مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، س موقوف) ایک مشہور آدمی۔

عَوْس: (ع مفتوح، و ساکن، س موقوف) رات میں کسی چیز کے گرد پھرنا، بھیڑیے کا کسی کھانے کی چیز کے پیچھے گھومنا، مال کی نگہبانی کرنا۔

عُوس: (ع مضموم، و ساکن، س موقوف) بکری کی ایک قسم۔

عَوَس: (ع مفتوح، و مفتوح، س موقوف) ہنسنے میں رخساروں پر گڈھا ہونا۔

عَیس: ((ع مفتوح، ی ساکن، س موقوف) نطفہ، منی، جفتی کرنا۔

عِیس: (ع مکسور، ی ساکن، س موقوف) سرخی مائل سفید اونٹ۔

﴿فصل العین مع الشین﴾

عَرْش: (ع مفتوح، ر ساکن، ش موقوف) عرش الٰہی اس کی کیفیت اور حد کا بیان شرع میں جائز نہیں، لوگ کہتے ہیں کہ عرش ایک سرخ یاقوت ہے جو نور الٰہی سے درخشاں ہے، تخت، گھر کی چھت، عزت، منصب، قوام (کسی چیز کی اصل)، کام کی درستی، کسی چیز کی مضبوط جہت، خیمہ اور گھر جس پر سایہ ڈالیں، رئیس، قوم کا سردار اور ان کا مدبر، چار چھوٹے ستارے جو عواکہ کی منزل کے درمیان ہیں جنہیں عرش سماک کہتے ہیں، شیر درندہ کا چوتڑ، جنازہ، وہ لکڑی جو کنویں کے کناروں پر پتھر کے بعد لگائی جائے، بلندی، قدم کی پشت کا ابھار، بانس کا سائبان، وہ لکڑی جس پر پانی دینے والا کھڑا ہوتا ہے اور پانی پلاتا ہے، پرندے کا گھونسلا، مکان کو اونچا کرنا، کسی جگہ قیام کرنا، لازم ہونا، کسی چیز کے ساتھ انصاف کرنا، کنویں کے قد آدم حصہ کو پتھر سے بنانا۔

عُرْش: (ع مضموم، ر ساکن، ش موقوف) گردن کی ایک طرف کا گوشت، عُرشان گردن کی دونوں طرف کا گوشت۔

عَرِیش: (ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ش موقوف) پالکی، عورت کا کجاوہ، ڈولا، کنارہ، چھانی جو سایہ کے لیے درخت کے پتوں اور گھاس سے بنائیں، مصر میں ایک شہر تھا جو اس زمانہ میں ویران ہو گیا۔

عَشّ: (ع مفتوح، ش مشدد موقوف) کم گوشت والا (دبلا) مرد، تھوڑی

چیز، کم بھلائی کرنا، تھوڑی بھلائی، تھوڑی بھلائی طلب کرنا، اکٹھا کرنا، کمانا، مارنا، کپڑے پر پیوند سلنا، پرندے کا اپنے گھونسلے میں رہنا۔

عُشّ: (ع مضموم، ش مشدد موقوف) وہ آشیانہ جس کو پرندہ تنکوں کو جوڑ کر درخت کی شاخ پر بنائے اور وکر اس آشیانہ کو کہتے ہیں جو دیوار میں بنائے، جو ٹھکانہ زمین کے اندر بناتا ہے اسے اُفْحوص واؤ خی کہتے ہیں، ایک شاعر کا نام، کسی کا حق۔

عَطَش: (ع مفتوح، ط مفتوح، ش موقوف) پیاسا ہونا، پیاس۔

عَطِش: (ع مفتوح، ط مکسور، ش موقوف) پیاسا، عَطْش بھی اس معنی میں آیا ہے۔

عَطِش: (ع مفتوح، ط مکسور رمضموم، ش موقوف) کم پانی والی جگہ۔

عِطَاش: (ع مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) پیاسے۔

عُطَاش: (ع مضموم، ط مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) پیاس کی بیماری جس کے اندر جتنا بھی پانی پیا جائے پیاس نہ بجھے۔

عَقْش: (ع مفتوح، ق ساکن، ش موقوف) جمع کرنا، مال جمع کرنا، لکڑی کو ٹیڑھا کرنا، درخت پیلو کا پھل، انگور کی بیلیں، ایک ساگ ہے، عَقَش بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عَکْش: (ع مفتوح، ک ساکن، ش موقوف) پیچیدہ ہونا، لپٹنا، الجھنا، لپٹے ہوئے بال، گنجان گھاس، کسی پر مہربان ہونا، حملہ کرنا، مکڑی کا جالا، کسی چیز کو جمع کرنا، کتوں کا گائے کو گھیرنا، مضبوط باندھنا۔

عُکَّاش: (ع مضموم، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) مکڑی یا زمکڑی کا جالا، ایک پہاڑ کا نام ہے۔

عَکَّاش: (ع مفتوح، ک مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) ایک آدمی کا نام ہے۔

عَمْش: (ع مفتوح، م ساکن، ش موقوف) جینا، بے ارادہ مارنا، موافق چیز۔

عَمَش: (ع مفتوح، م مفتوح، ش موقوف) نظر کی کمزوری، مرض کی وجہ سے اکثر آنسو بہنا۔

عَنَش: (ع مفتوح، ن مفتوح، ش موقوف) کسی چیز کو موڑنا، جڑ سے کھودنا، ثابت رکھنا، تیز دوڑنا، سامنے سے بھگانا۔

عَیْش: (ع مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) زندگی، جینا۔

عِیْش: (ع مکسور، ی ساکن، ش موقوف) ایک آدمی کا نام ہے۔

عَیَّاش: (ع مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) عمدہ زندگی بسر کرنے والا، ایک آدمی کا نام ہے۔

﴿فصل العین مع الصاد﴾

عَرْص: (ع مفتوح، ر ساکن، ص موقوف) فضا کا مسلسل کڑک اور چمک والا ہونا، اونٹ کا بے چین ہونا۔

عَرَص: (ع مفتوح، ر مفتوح، ص موقوف) خوش ہونا، نمی کی وجہ سے گھر اور گھاس کی مہک کا متغیر ہونا، بجلی کا کوندنا۔

عِرَاص: (ع مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) گرج چمک والا بادل، چمکنے والی بجلی، لہرانے والا نیزہ اور تلوار۔

عُصْعُص: (ع مفتوح رمضموم، ص ساکن، ع مفتوح رمضموم، ص موقوف) پونچھ کی جڑ کی ہڈی جسے دمغزہ کہتے ہیں، کم بھلائی والا مرد۔

عُصّ: (ع مضموم، ص مشدد موقوف) اصل، کسی چیز کی جڑ۔

عَصّ: (ع مفتوح، ص مشدد موقوف) سخت اور مضبوط ہونا۔

عَفْص: (ع مفتوح، ف ساکن، ص موقوف) مازو ایک مشہور پھل جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ درخت بلوط ہے جو ایک سال بلوط اور ایک سال مازو رہتا ہے، برتن کا سرا کھال کے ٹکڑے سے بند کرنا، شیشی میں چمڑے کی ڈاٹ لگانا، جھکانا، ہاتھ کو مروڑنا، اکھاڑنا۔

عَفَص: (ع مفتوح، ف مفتوح، ص موقوف) پیچیدگی، ناک کی کجی۔

عَفِص: (ع مفتوح، ف مکسور، ص موقوف) کسیلی بدمزہ چیز۔

عِفَاص: (ع مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) چمڑے کا ٹکڑا جس سے برتن کا منہ بند کریں، شیشی کی ڈاٹ، وہ ظرف جس میں چمڑے خرتے اور راستے میں پائی ہوئی چیز رکھیں۔

عَقْص: (ع مفتوح، ق ساکن، ص موقوف) چمکنا، بٹنا، بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا۔

عَقَص: (ع مفتوح، ق مفتوح، ص موقوف) کنجوس ہونا، بدخلق ہونا۔

عَقِص: (ع مفتوح، ق مکسور، ص موقوف) بدخلق، بخیل، زیادہ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

عِقَاص: (ع مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) الجھے ہوئے بال، موباف، چوٹی جس سے گیسوؤں کو باندھتے ہیں۔

عَلْص: (ع مفتوح، ک ساکن، ص موقوف) پھرنا۔

عَلَص: (ع مفتوح، ک مفتوح، ص موقوف) بدخلق ہونا، چوپائے کا سرکش ہونا۔

عَمْص: (ع مفتوح، م ساکن، ص موقوف) کھانے کی ایک قسم۔

عَمِص: (ع مفتوح، م مکسور، ص موقوف) کھٹی چیز کھانے کا حریص ہونا۔

عَوَص: (ع مفتوح، و مفتوح، ص موقوف) دشوار ہونا، کسی چیز کا سخت ہونا، دشمن پر کام کا مشکل ہونا۔

عَوِیْص: (ع مفتوح، و مکسور، ی ساکن، ص موقوف) ایسا شعر جس سے معنی کا استخراج دشوار ہو، نادر اور دشوار بات، سخت بلا، مشکل کام، سخت زمین، بلند جگہ، نفس، قوت، حرکت۔

عِیْص: (ع مکسور، ی ساکن، ص موقوف) گنجان درخت، اصل، شریف، حضرت اسحٰق علیہ السلام کے فرزند کا نام رومی جن کی اولاد ہیں۔

﴿فصل العین مع الضاد﴾

عَرْض: (ع مفتوح، ر ساکن، ض موقوف) سامان، پونجی، عَرَض بھی اس معنی میں آیا ہے، سونے چاندی کے علاوہ ہر چیز، عُرُوض جمع ہے، پہاڑ کی چوٹی، اس کے اردگرد کو اُفُق کہتے ہیں، بہت ٹڈی، پہاڑ، پہاڑ کا کنارہ، ایران میں ایک پہاڑ، کشادگی، چوڑائی، وادی، گھوڑے کا دوڑنے میں سر اور گردن کو ٹیڑھا کر کے دوڑنا، لشکر، عِرْض بھی اس معنی میں آیا ہے، دیوانگی، بیماری کے بغیر آدمی کا مرنا، رات کا ایک پہر، ابرو کا نکلنا، پیدا کرنا، کسی کو حق کے عوض کچھ دینا، چوپایوں میں مصیبت کا آنا، کسی کے سامنے کسی چیز کو بیچنے کے لیے پیش کرنا، خط اور تحریر کو سامنے رکھنا، التجا کرنا، گذارش کرنا، لشکر کو آگے بھیجنا، تکلیف اور بخار کا ہونا، مدینہ سے مکہ جانا، سامنے لانا، چوپائے کے جوڑ پر نشان لگانا۔

عِرْض: (ع مکسور، ر ساکن، ض موقوف) جسم، نفس، جسم کا ہر وہ حصہ جو پسینہ کرتا ہے، جسم کا خوشبودار پسینہ، پسینے کی بدبو، عزت، اپنی اور اپنے آبا و اجداد اور رشتہ داروں کی وہ برائیاں جو چھپائی جائیں، حسب و شرف جو باعث فخر ہو، یمامہ میں ایک وادی کا نام ہے، لشکر، وہ وادی جس میں درخت اور پانی زیادہ ہو، پیلو کا درخت، گز کا درخت، جھاؤ کا درخت، وادی اور شہر کا کنارہ، بڑا بادل، بہت ٹڈیاں، وہ آدمی جو لوگوں کے ساتھ برائی سے پیش آئے۔

عُرْض: (ع مضموم، ر ساکن، ض موقوف) ملک شام میں ایک شہر، پہاڑ کا دامن، جانب، کنارہ، ناحیہ، دریا اور نہر کا بیچ، زیادہ کلام، زیادہ آدمی، گھوڑوں کی عمدہ رفتار جسے لوگ پسند کریں اور اونٹوں میں پسند نہ کریں۔

عَرَض: (ع مفتوح، ر مفتوح، ض موقوف) بیماری، وہ تکلیف جو آدمی کو لاحق ہوتی ہے، دنیا کا مال، مال غنیمت، وہ مال جو نقد و جنس کی صورت میں نہ ہو جسے خواستہ کہتے ہیں، غیر دائمی خواہش، وہ چیز جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ قائم بالغیر ہو۔

عَرِیْض: (ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ض موقوف) چوڑا، بکری کا یک سالہ بچہ جو گابھن ہونے کے لیے آواز دے اور حرکت کرے۔

عُرُوْض: (ع مضموم، ر مضموم، و ساکن، ض موقوف) عارض ہونا، عَرْض کی جمع ہے۔

عَرُوْض: (ع مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ض موقوف) وہ اونٹنی جس نے تربیت نہ پائی ہو اور فرمانبردار نہ ہو، معنی، کلام کا مفہوم، جز، پہلے شعر کا آخری مصرع، عَرُوض ایسا علم ہے جس سے شعر کا

موزوں اور ناموزوں ہونا معلوم ہوتا ہے، پہاڑ کا راستہ، مکہ و مدینہ کا نام اور اس کے نواحی وحوالی علاقے، وہ اونٹ جو چارا نہ ملنے کی وجہ سے کانٹا کھائے، کسی چیز کا کنارہ، تفریح کے وقت حاجت کا پیش آنا، زیادہ چیز، بادل، کھانے کی چیز، بکری اور بھیڑ جس کے سامنے کانٹا آئے تو اسے کھاجائے، ایک گھوڑے کا نام۔

عَارِض: (ع مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ض موقوف) فوج کو آگے بھیجنے والا، فوج کا سردار، کسی چیز سے لاحق ہونے والی شئی، رخسار کا کنارہ یعنی وہ جگہ جہاں رخساروں پر داڑھی نکلتی ہے، افق میں منتشر بادل، ثنایا کے بعد کے دانت (رباعی)، بوڑھی بیمار اونٹنی، گردن کی سطح، دروازے کے اوپر کی لکڑی، بخشش، عطیہ۔

عِرَاض: (ع مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) کسی سے دور ہونا، پھرنا، کسی کے عمل کا بدلہ دینا، ایک کتاب کا دوسری کتاب کے ساتھ مقابلہ کرنا، کنارے، نواحی، راستے میں کسی کا سامنے آنا، اونٹنی کو اونٹ کے سامنے جفتی کے لیے لانا مُعَارضہ بھی اسی معنی میں ہے، گھوڑے کے چوتڑ پر داغ یا لکیر۔

عُرَاض: (ع مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) چوڑا، عریض۔

عَضّ: (ع مفتوح، ض مشدد موقوف) چبانا، کاٹنا، ہوشیار، لغو ہونا۔

عُضّ: (ع مضموم، ض مشدد موقوف) چوپایوں کا ایک قسم کا چارا جیسے کھجور کی کوٹی ہوئی گٹھلیاں اور کھلی وغیرہ۔

عِضّ: (ع مکسور، ض مشدد موقوف) کھل، ہوشیار، کانٹے دار درخت، سخت مشق کرنے والا، سفر پر قادر۔

عَضُوض: (ع مفتوح، ض مضموم، و ساکن، ض موقوف) وہ چیز جو کاٹی جائے، چبایا ہوا، سخت چبانے والا، کنواں، تنگ دروازہ، تنگ، زیادہ پانی۔

عَضَاض: (ع مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے، کٹائی، سخت مصیبت، سخت زبان، موٹا درخت۔

عِضَاض: (ع مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) گھوڑے کا کسی کو کاٹ کھانا۔

عَضِيض: (ع مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ض موقوف) ہمسر۔

عَوَارِض: (ع مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ض موقوف) وہ دانت جو ثنایا (اگلے دانتوں) کے بعد ہوتے ہیں، بیماریاں۔

عُوَارِض: (ع مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ض موقوف) طے کے دیار میں ایک پہاڑ جس میں حاتم کی قبر ہے۔

عَوْض: (ع مفتوح، و ساکن، ض موقوف) بدلا ہونا، بدلا دینا۔

عُوْضِ: (ع مفتوح رمضموم، و ساکن، ض مفتوح رمکسور رمضموم) ہرگز، عوض یہ مستقبل منفی کے لیے خاص ہے جیسا کہ قَطُّ خاص ہے ماضی منفی کے لیے۔

عِوَض: (ع مکسور، و مفتوح، ض موقوف) کسی چیز کا بدلا۔

﴿فصل العین مع الطاء﴾

عَبْط: (ع مفتوح، ب ساکن، ط موقوف) بغیر بیماری کے چوپائے کا ہلاک ہونا، کسی کا غائب ہونا، زمین میں اس جگہ کو کھودنا جسے پہلے نہ کھودا گیا ہو، جھوٹ باندھنا، بلاوجہ اپنے کو جنگ میں ڈالنا، مٹی اڑانا، پسینہ بہانا، پستان کو خون آلود کرنا، کپڑا وغیرہ پھاڑنا، پھٹا ہونا، مصیبتیں آنا، کسی پر بلاسبب مصیبتوں کا آنا۔

عَبِيْط: (ع مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ط موقوف) گوشت، تازہ خون، بے سبب ہلاک کیا ہوا چوپایہ، بہانہ، پھٹا ہوا۔

عُرْفُط: (ع مضموم، ر ساکن، ف مفتوح، ط موقوف) ایک خاردار صحرائی درخت۔

عَضْرَفُوْط: (ع مفتوح، ض ساکن، ر مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ط موقوف) سفید اور نرم جانور جس سے لڑکیوں کی انگلیوں کو تشبیہ دیتے ہیں یا چھپکلی کے مانند ایک جانور۔

عَطّ: (ع مفتوح، ط مشدد موقوف) لمبائی یا چوڑائی میں کپڑا پھاڑنا، غالب ہونا، کسی کو زمین پر پٹکنا۔

عَطَاط: (ع مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) دلیر، طاقتور، شیر درندہ۔

عِلَاط: (ع مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) گردن کا کنارہ، کبوتر کا طوق، اونٹ کی گردن کی رسی، اونٹ کی گردن کی چوڑائی پر داغ۔

عَلْط: (ع مفتوح، ل ساکن، ط موقوف) اونٹ کی گردن پر نشان لگانا، کسی کو برائی کے ساتھ یاد کرنا، تیر سے مارنا۔

عُلْط: (ع مضموم، ل ساکن، ط موقوف) گردن بند، ہار، حمائل۔

عُلُط: (ع مضموم، ل مضموم، ط موقوف) بے نشان اور بے مہار اونٹنی۔

عَوْط: (ع مفتوح، و ساکن، ط موقوف) پہلے ہی سال اونٹنی کا حاملہ ہونا۔

عَيَط: (ع مفتوح، ی مفتوح، ط موقوف) گردن کی لمبائی۔

فصل العین مع الظاء

عَظّ: (ع مفتوح، ظ مشدد موقوف) زمین میں چپکنا۔

عِظَاظ: (ع مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) جنگ کی شدت، مشقت اٹھانا، زیادہ گالی دینا۔

عَكْظ: (ع مفتوح، ک ساکن، ظ موقوف) باز رکھنا، عزل کرنا، قہر کرنا، فخریہ مقابلہ میں کسی کو مغلوب کرنا۔

عُكَاظ: (ع مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) مکہ کے اطراف میں طائف اور نخلہ کے درمیان ایک بازار ہے، زمانۂ جاہلیت میں ماہ ذیقعدہ میں جہاں خرید وفروخت ہوتی تھی جب بیس دن باقی رہ جاتے تو قبیلے ہر طرف سے آکر وہاں جمع ہوکر اشعار خوانی کرتے اور اپنے آباواجداد کے تفاخر کو ظاہر کرتے، یہ رسم دور اسلام میں ختم ہوگئی، اَدِیم عُکاظی اسی بازار کی طرف منسوب ہے۔

فصل العین مع الفاء

عِتْرِيف: (ع مکسور، ت ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف)

عُتْرُوف: (ع مضموم، ت ساکن، ر مضموم، و ساکن، ف موقوف) کارگزار بہادر مرد، خبیث فاجر، بہت ظالم، مضبوط اونٹ۔

عَتْف: (ع مفتوح، ت ساکن، ف موقوف) بال وغیرہ اکھاڑنا۔

عِتْف: (ع مکسور، ت ساکن، ف موقوف) رات کا حصہ۔

عَجْف: (ع مفتوح، ج ساکن، ف موقوف) کھانے سے خود کو باز رکھنا تاکہ بھوکا شخص کھائے، بیمار کی تکلیف پر صبر کرنا اور اس کے کام کو درست کرنا، کسی کے ظلم کو برداشت کرنا اور گرفت نہ کرنا۔

عُجْف: (ع مکسور/مضموم، ج ساکن، ف موقوف) چوپایوں کی لاغری۔

عَجَف: (ع مفتوح، ج مفتوح، ف موقوف) کمزور ہونا، پیکان وسنان کے سرے کا تنگ ہونا۔

عِجَاف: (ع مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کمزور، تنگ نیزے، ایلوا، روزگار، زمانہ۔

عُجَاف: (ع مضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کھجور کی ایک قسم۔

عَذْف: (ع مفتوح، د ساکن، ف موقوف) تھوڑی بخشش، کھانا، تھوڑی گھاس۔

عِذْف: (ع مکسور، د ساکن، ف موقوف) رات کا حصہ، لوگوں کا گروہ، کسی چیز کا ٹکڑا، دس سے پچاس تک مرد۔

عُذْف: (ع مضموم، د ساکن، ف موقوف) عَذُوف کی جمع ہے یعنی چکھی جانے والی چیز۔

عَذَف: (ع مفتوح، د مفتوح، ف موقوف) آنکھ میں پڑنے والا تنکا۔

عُذَاف: (ع مضموم، د مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) تھوڑی چیز، ان تمام معانی کے لیے عذاف بذال معجمہ بھی آیا ہے۔

عُذَاف: (ع مضموم، ذ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) زہر قاتل۔

عِرْف: (ع مکسور، ر ساکن، ف موقوف) صبر، شکیب۔

عَرْف: (ع مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) خوشبو، بدبو، اکثر اس لفظ کا استعمال خوشبو کے لیے ہوتا ہے، گناہ کا اقرار کرنا، بدلہ دینا، مرغ کے سر کا تاج (کلغی)، ہتھیلی میں زخم پیدا ہونا، کسی چیز سے اعراض کرنا، ایک گھاس کا نام ہے، ہتھیلی کا پھوڑا۔

عُرْف: (ع مضموم، ر ساکن، ف موقوف) پہچان، بھلائی، احسان، جو چیز بخشش کریں اور عطا کریں، دریا کی موج، اعتراف، گھوڑے کے بازو کے بال، عُرُف بھی اسی معنی میں آیا ہے، ایک جگہ

کا نام، ایک آدمی کا نام، ریت کا ٹیلا، اونچی جگہ، اعراض کرنا، عُرْف بھی اسی معنی میں آیا ہے، ایک قسم کی کھجور کا درخت، بحرین میں کھجور کا ایک درخت، ترنج کا درخت (چکوترا)، ایک قسم کا بڑا لیمو، صبر کرنے والے، عُرُوف کی جمع ہے، گھوڑے، پردار سانپ، اَعْرَف کی جمع ہے، بجو، وہ اونٹ جن کی گردنوں پر زیادہ بال ہوں، عُرْفاء کی جمع ہے، بعض بعض کے بعد آنے والے (لگاتار) اسی سے اَلْمُرْسَلاتِ عُرْفاً ہے، قسم ان کی جو بھیجی جاتی ہیں لگاتار (سورۂ مرسلات)

عَرَّاف: (ع مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) بہت پہچاننے والا، کاہن، طبیب۔

عَرُوْف: (ع مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ف موقوف) صبر کرنے والا، زیادہ پہچاننے والا۔

عَارِف: (ع مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ف موقوف) پہچاننے والا، صبر کرنے والا۔

عَرِیْف: (ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف) پہچاننے والا، جاننے والا، عالم۔

عِرِّیْف: (ع مکسور، ر مشدد مکسور، ی ساکن، ف موقوف) زیادہ جاننے والا، زیادہ پہچاننے والا، رئیس، قوم کا سردار، نقیب۔

عُرُوْف: (ع مضموم، ر مضموم، و ساکن، ف موقوف) کسی چیز سے چہرے کو پھیرنا، دل ٹھنڈا ہونا۔

عَزْف: (ع مفتوح، ز ساکن، ف موقوف) کھانے اور پینے میں مداومت کرنا۔

عُزْف: (ع مضموم، ز ساکن، ف موقوف) جنگلی کبوتر۔

عَزِیْف ۔ عَزْف: (ع مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ف موقوف) (ع مفتوح، ز ساکن، ف موقوف) جنوں کی آواز جو رات کو جنگلوں میں سنائی دے۔

عَزَّاف: (ع مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) بہت گرجنے والا بادل، ایک قبیلے کا نام، بنی سعد کا ریگستان، مدینے سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑ۔

عَازِف: (ع مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ف موقوف) گانے والا، ساز (باجا) بجانے والا، ایک جگہ کا نام۔

عَسْف: (ع مفتوح، س ساکن، ف موقوف) راستے سے ہٹ کر چلنا، سیدھے راستے سے پھر جانا، بادشاہ کا ناانصافی کرنا، کسی کو خدمت میں رکھنا، چوپایوں کا گھاس چرنا، کسی کے کام کا کافی ہونا، کسی کے لیے کام کرنا، غدہ کی وجہ سے اونٹ کا موت کے قریب ہونا، یہ عساف کی بیماری ہے جس میں اونٹ تیز تیز سانس لیتا ہے، موت، بڑا پیالا۔

عَسُوْف: (ع مفتوح، س مضموم، و ساکن، ف موقوف) بے راہ، ظالم۔

عَاسِف: (ع مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ف موقوف) موت کے قریب پہنچ کر تیزی سے پونچھ ہلانے والی اونٹنی، عُساف کی بیماری والا اونٹ۔

عَسِیْف: (ع مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ف موقوف) مزدور، بندہ کام میں جس کی مدد کی جائے۔

عُسَاف: (ع مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) مرنے کے وقت اونٹ کی گردن کا تیز سانس لینے کی وجہ سے ہلنا۔

عَصْف: (ع مفتوح، ص ساکن، ف موقوف) کھیت کے پتے، کھیتی کو تیار ہونے سے پہلے کاٹنا، ہوا کا تیز چلنا، کمانا، تیز چلنا، تباہ کرنا، ہوا اور جنگ کا کسی کو تباہ و برباد کر دینا، اونٹ کا تالاب کے گرد پھرنا، وہ کھیتی جس کا غلہ کھایا جائے اور گھاس کو چھوڑ دیا جائے یا وہ پودا جس کا دانہ کھایا جائے۔

عَاصِف: (ع مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ف موقوف) تیز ہوا، نشانے سے زیادہ خطا کرنے والا تیر، جو چیز کسی چیز کی طرف مائل ہو، وہ دن جس میں تیز ہوا چلے، تیز رفتار اونٹنی اور شتر مرغ۔

عُصُوْف: (ع مضموم، ص مضموم، و ساکن، ف موقوف) ہوا کا تیز چلنا۔

عَصُوْف: (ع مفتوح، ص مضموم، و ساکن، ف موقوف) تیز چلنے والی ہوا۔

عَطْف: (ع مفتوح، ط ساکن، ف موقوف) میل کرنا، لکڑی کو ٹیڑھا

کرنا، تکیے کو دہرا کرنا، حرف عطف کے ذریعے ایک کلمے کو دوسرے کلمے سے جوڑنا، جھکانا، مہربانی کرنا، کسی چیز پر جھکنا، حملہ کرنا۔

عِطف: (ع مکسور، ط ساکن، ف موقوف) جانب، ہر چیز کا کنارہ، راستے کا بیچ، کمان کا قبضہ، بغل۔

عُطف: (ع مضموم، ط ساکن، ف موقوف) عاطِف کی جمع ہے۔

عَطَف: (ع مفتوح، ط مفتوح، ف موقوف) پلکوں کی درازی۔

عَطِیف: (ع مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ف موقوف) فرمانبردار، نرم طبیعت عورت جو مغرور نہ ہو۔

عُطَیف: (ع مضموم، ط مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) ایک آدمی کا نام ہے۔

عَطُوف: (ع مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ف موقوف) مہربان، اپنے بچے پر مہربانی کرنے والی اونٹنی، شکاری کا جال جس کی لکڑی جھکی ہوئی ہو، وہ تیر جسے دوسرے تیروں پر لپیٹیں جس کی وجہ سے تیر باہر آئیں جیسا کہ عرب کا کھیل ہے، تکلیف۔

عَاطِف: (ع مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ف موقوف) مہربانی کرنے والا، لوٹانے والا، گھڑ دوڑ کے دس گھوڑوں میں سے چھٹا گھوڑا، وہ ہرن جو بیٹھنے کے وقت اپنی گردن ٹیڑھی کرے۔

عِطَاف: (ع مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) چادر، ازار، تلوار، ایک کتے کا نام ہے۔

عَطَّاف: (ع مفتوح، ط مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ تیر جسے عرب لوگ جوئے میں دوسرے تیروں میں لپیٹیں تاکہ جو تیر مقصود ہے نکالیں یا وہ تیر جو نہ فائدہ رکھتا ہو اور نہ نقصان یا وہ تیر جسے چند بار ترکش میں لوٹائیں۔

عَفّ: (ع مفتوح، ف مشدد موقوف) عِفّۃ (ع مکسور، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پارسائی، حرام کام کرنے سے باز رہنا۔

عَفَاف: (ع مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) پارسائی۔

عِفَاف: (ع مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) دوا۔

عَفِیف: (ع مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ف موقوف) پارسا۔

عَقَف: (ع مفتوح، ق مفتوح، ف موقوف) کسی چیز کو ٹیڑھا کرنا، لومڑی۔

عُقَاف: (ع مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ بیماری جو چوپایوں کے پیروں کو ٹیڑھا کر دیتی ہے۔

عَکف: (ع مفتوح، ک ساکن، ف موقوف) پھیرنا، موڑنا۔

عَکِف: (ع مفتوح، ک مکسور، ف موقوف) گھنگھرالے بال۔

عُکُوف: (ع مضموم، ک مضموم، و ساکن، ف موقوف) کسی چیز پر قیام کرنا، ہمیشہ لازم پکڑنا، کسی چیز کی طرف چہرہ کرنا، مسجد میں عبادت کے لیے بیٹھنا، رعایت کرنا، اصلاح کرنا، پیچھے ہونا۔

عَاکِف: (ع مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ف موقوف) مقیم، کسی چیز کی طرف گھومنے والا، مسجد میں عبادت کے لیے بیٹھنے والا۔

عَلف: (ع مفتوح، ل ساکن، ف موقوف) بہت پینا، چوپائے کو گھاس اور دانہ دینا۔

عِلف: (ع مکسور، ل ساکن، ف موقوف) زیادہ کھانے والا، یمن میں ایک درخت جس کے پتے انگور کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں جس کو خشک کر کے گوشت میں پکاتے ہیں۔

عُلُف: (ع مضموم، ل ساکن/مضموم، ف موقوف) عَلُوفۃ کی جمع ہے، وہ چیز جو چوپائے کھائیں۔

عَلَف: (ع مفتوح، ل مفتوح، ف موقوف) چوپائے وغیرہ کا چارا، دانہ، چارا۔

عُلَّف: (ع مضموم، ل مشدد مضموم، ف موقوف) درخت کیلہ کی پھلی جسے اونٹ کھاتا ہے جو تازہ باقلا کے مانند ہوتی ہے۔

عِلَاف: (ع مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) قبیلۂ قضاعہ کے ایک شخص کا نام جس کی طرف علافی پالان منسوب ہیں۔

عَلَّاف: (ع مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) گھاس، چارا بیچنے والا، ایک معتزلی عالم کا نام ہے۔

عُنف: (ع مفتوح/مکسور/مضموم، ن ساکن، ف موقوف) عُنف زیادہ مشہور ہے، سختی، رفق (نرمی) کی ضد، سختی دکھانا۔

عَنِیف: (ع مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ف موقوف) سخت بات، سخت چال، وہ سوار جو گھوڑوں کے ساتھ نرمی نہ کرے۔

عَوْف: (ع مفتوح، و ساکن، ف موقوف) حال، کام، جوتا، مہمان، نصیب، حصہ، ایک پرندہ، مرغ، شیر درندہ، ایک پہاڑ کا نام، بھیڑیا، رعایت، بال بچوں کی خبر گیری کرنا، خوشبودار گھاس، ایک آدمی کا نام، ایک بت کا نام، پرندے کا پانی اور مردار کے گرد پھرنا۔

عُوَاف: (ع مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ چیز جو شیر درندہ رات میں پائے اور کھائے، ہر پائی جانے والی چیز۔

عَیْف: (ع مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) کھانے، پینے کی چیزوں کو ناپسند اور ناگوار سمجھنا، گفتگو میں پرندوں کا نام لینا اور پرندوں کے پائے جانے کی جگہ بیان کرنا، اہل عرب اس سے اچھی، بری فال لیتے ہیں۔

عِیَاف: (ع مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کھانے وغیرہ کو ناپسند کرنا، عَیَافَۃ ناراض رکھنا۔

عَیَاف: (ع مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) عرب کا ایک کھیل۔

عَائِف: (ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ف موقوف) پرندے وغیرہ سے شگون لینے والا۔

عَیُوْف: (ع مفتوح، ی مضموم، و ساکن، ف موقوف) پیاسا اونٹ جو پانی سونگھتا ہے اور نہیں پیتا، ایک عورت کا نام۔

﴿فصل العین مع القاف﴾

عَبَق: (ع مفتوح، ب مفتوح، ق موقوف) خوشبو، بدن اور کپڑے پر خوشبو لگانا، کسی جگہ قیام کرنا، کسی چیز کی لالچ کرنا، ایک مرد کا نام۔

عَبِق: (ع مفتوح، ب مکسور، ق موقوف) وہ شخص جو تھوڑی خوشبو لگاتا ہے مگر وہ زیادہ دنوں تک باقی رہتی ہے۔

عِتْق: (ع مکسور، ت ساکن، ق موقوف) کرم، جمال، شرافت، آزادی، آزاد مرد، آزاد ہونا، عِتق بالکسر آزادی، عَتق بالفتح آزاد ہونا، گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے آگے بڑھنا۔

عِتْق۔ عُتُق: (ع مکسور/مضموم، ت ساکن/مضموم، ق موقوف) ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔

عُتُق: (ع مضموم، ت ساکن، ق موقوف) عَتِیق وعَاتِق کی جمع ہے۔

عَتْق: (ع مفتوح، ت ساکن، ق موقوف) پرانا ہونا، کاٹنا، مال کو درست کرنا، مال کا درست ہونا، گھوڑے کو تیز دوڑانا، رنج اور ظلم اٹھانے کے بعد چہرے کا درست ہونا۔

عَتَاق: (ع مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) آزاد ہونا۔

عِتَاق: (ع مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) شکاری پرندے، عمدہ گھوڑے۔

عَاتِق: (ع مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ق موقوف) کندھا، کندھے پر چادر رکھنے کی جگہ، آزاد، پرانی شراب، کشادہ مشک، دوشیزہ عورت، کنواری عورت،، ادھیڑ عورت، پرانی کمان، پرندے کا بچہ جو اڑنے کے قابل اور خودسر ہوگیا ہو، سنگ خوار پرندے کا بچہ، کبوتر کا کمزور بچہ جو طاقتور نہ ہو، غیر جاندار پرانی چیز جیسے شراب، کھجور، عَوَاتِق جمع ہے۔

عَتِیق: (ع مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ق موقوف) آزاد، ہر پرانی چیز، معزز، آزاد کیا ہوا، منتخب، عمدہ گھوڑا، ہر خوبصورت اور عمدہ چیز، شراب، کھجور کا رس، دودھ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب اس لیے کہ وہ نیک اور خوبرو تھے یا اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے بارے میں فرمایا اَنْتَ عَتِیْقٌ مِنَ النَّار یعنی تم آتش جہنم سے آزاد ہو یا اس لیے کہ آپ کی والدہ اسی لقب سے آپ کو پکارتی تھیں، بَیْت عَتِیْق کعبہ شریف اس لیے کہ طوفان نوح کے بعد پہلا گھر ہے جو تعمیر کیا گیا ہے یا یہ گھر طوفان نوح میں ڈوبنے سے محفوظ رہا یا حبشیوں کی تاراجی سے محفوظ رہا یا جبابرہ کے ظلم سے یا اس لیے کہ کوئی اس گھر کا مالک نہیں۔

عَذْق: (ع مفتوح، د ساکن، ق موقوف) اکٹھا کرنا۔

عَدَق: (ع مفتوح، د مفتوح، ق موقوف) کسی چیز کو تلاش کرنے کے لیے حوض میں پانی ڈالنا، کسی چیز کا گمان کرنا، ایسی بات سوچنا جس کا یقین نہ ہو۔

عَذْق: (ع مفتوح، ذ ساکن، ق موقوف) پھل دار کھجور کا درخت، کھجور کی شاخیں کاٹنا، علامت کے لیے بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اون سے باندھنا، باہر آنا، گدھے سے گھاس کے گٹھر کا کھل جانا، کسی پر برائی کا الزام لگانا، کسی چیز کی طرف منسوب کرنا۔

عِذْق: (ع مکسور، ذ ساکن، ق موقوف) کھجور کا گچھا، انگور کا گچھا، مدینے میں ایک حصار کا نام، شاخ دار ٹہنی۔

عِذَق۔عَذَق: (ع مفتوح رمکسور، ذ مفتوح، ق موقوف) بہت پانی والی جگہ، بیری کا درخت۔

عَذِق: (ع مفتوح، ذ مکسور، ق موقوف) کام میں عقل مند آدمی، تیز خوشبو۔

عَرْق: (ع مفتوح، ر ساکن، ق موقوف) ہڈی سے گوشت چھڑانا، وہ ہڈی جس سے گوشت الگ کر دیا گیا ہو، وہ راستہ جسے لوگ نہ پہچانیں، اجنبی راستہ۔

عِرْق: (ع مکسور، ر ساکن، ق موقوف) درخت کی باریک جڑیں، جسم کی رگ، پودا لگانا، غیر کی زمین میں کھیتی کرنا تاکہ اس زمین کا متصرف اور مالک ہو جائے، ہر چیز کی اصل، اوسر (بنجر) زمین جس میں کچھ نہ اگے، سخت پہاڑ جس پر بمشکل چڑھ سکیں، چھوٹا پہاڑ، جسم، ایک جگہ کا نام، پینے کا دودھ، زیادہ بچے، وہ بنجر زمین جس میں جھاؤ کا درخت اگے، اونچی جگہ، ذاتِ عِرْق ایک مقام جہاں سے اہل عراق احرام باندھتے ہیں۔

عَرَق: (ع مفتوح، ر مفتوح، ق موقوف) انسان اور تمام جانوروں کا پسینہ کبھی مجازاً غیر جاندار چیزوں کے مسامات کے ترشح کو بھی عَرَق کہتے ہے جیسے ترشح کوزہ وغیرہ، عمارت کی ذوری، چڑیوں اور گھوڑوں کی قطار، ہر صف بستہ چیز، کھجور کی پتیوں سے بنا ہوا تھیلا۔

عَرِق: (ع مفتوح، ر مکسور، ق موقوف) وہ دودھ جس کا مزہ خراب ہو گیا ہو۔

عُرُق: (ع مضموم، ر مضموم، ق موقوف) عَرَاق کی جمع ہے، دریا کا کنارہ۔

عُرَاق: (ع مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) وہ ہڈی جس کا گوشت کھایا جا چکا ہو، عَرق بالفتح اور عُرق بالضم بھی اس معنی میں آتا ہے عِراق بالکسر جمع ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے عَرق گوشت دار ہڈی ہے اور عِراق بے گوشت کی ہڈی ہے یا عَرق و عِراق گوشت دار اور بے گوشت دونوں ہڈیوں کو کہتے ہیں نطفہ، زیادہ بارش۔

عِرَاق: (ع مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) پرندے کے پر کا کنارہ، ایک چشمے کا نام، پانی کا کنارہ، دریا کا کنارہ، پانی کی مشک، مشہور ملک جو طول (لمبائی) میں عَبَادان سے موصل تک اور چوڑائی میں قادسیہ سے حلوان تک ہے اس لیے کہ یہ ملک فرات اور دجلہ کے کنارے پر واقع ہے، عِرَاقَین کوفہ و بصرہ کو کہتے ہیں۔

عُرُوْق: (ع مضموم، ر مضموم، و ساکن، ق موقوف) سفر کرنا، عُــــرُوْق الصُّفرْ پیلی لکڑی، عُرُوْق الحَمُر مجیٹھ جس سے سرخ رنگ رنگا جاتا ہے، عُـرُوْق البِیْض ایک گھاس جسے عورتیں مٹاپے کے لیے کھاتی ہیں۔

عَزْق: (ع مفتوح، ز ساکن، ق موقوف) زمین کھودنا، جلدی کرنا، دوڑنا، بھلائی سے دور رکھنا، مبالغہ کرنا، زیادہ مارنا۔

عَزَق: (ع مفتوح، ز مفتوح، ق موقوف) کسی چیز سے چپکنا۔

عُزُق: (ع مضموم، ز مضموم، ق موقوف) بدخلق لوگ۔

عَزِق: (ع مفتوح، ز مکسور، ق موقوف) بدخلق۔

عَسْق: (ع مفتوح، س ساکن، ق موقوف) پیچیدہ ہونا، بدخلق، تنگ خو ہونا۔

عَسَق: (ع مفتوح، س مفتوح، ق موقوف) لالچی ہونا، چپکنا، کسی چیز کے طلب کرنے میں اصرار کرنا۔

عُسُق: (ع مضموم، س مضموم، ق موقوف) اپنے قرض داروں پر سختی کرنے والے لوگ۔

عِشق: (ع مفتوح رمکسور، ش ساکن، ق موقوف) حد سے زیادہ محبت کرنا یا محبوب کے عیوب سے چشم پوشی کرنا یا سوداوی بیماری جو کسی کی صورت دیکھنے سے دماغ پر غالب آئے۔

عَشَق: (ع مفتوح، ش مفتوح، ق موقوف) بہت محبوب رکھنا، چمٹنا، لگے رہنا۔

عَاشِق: (ع مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ق موقوف) بہت دوست رکھنے والا، عُشّاق جمع ہے۔

عِشِّیق: (ع مکسور، ش مشدد مکسور، ی ساکن، ق موقوف) بہت دوست رکھنے والا۔

عَفق: (ع مفتوح، ف ساکن، ق موقوف) غائب ہونا، گدھے کا زیادہ جفتی کرنا، گوز مارنا، زیادہ کوڑے مارنا، کم سونا، کام ٹھیک نہ کرنا، اونٹ کا زیادہ پانی پر جانا، اکٹھا کرنا، کام سے باز رکھنا، منع کرنا، روکنا، کسی چیز سے مارنا۔

عُفُق: (ع مضموم، ف مضموم، ق موقوف) شہد کی مکھی۔

عَقِیق: (ع مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ق موقوف) سرخ منکا اور مشہور مخطط پتھر جو یمن کی طرف سے لاتے ہیں، وادی، پانی کی وہ گزرگاہ جسے سیلاب کھود ڈالے اور گڑھا بنا دے، مدینہ، یمامہ، نجد، طائف اور تہامہ میں ایک مقام ہے، جانوروں اور انسانوں کے نوزائیدہ بچوں کے بال۔

عُقُوق: (ع مضموم، ق مضموم، و ساکن، ق موقوف) ماں اور باپ کی نافرمانی کرنا، والدین کو ستانا یا دکھ پہنچانا۔

عَقُوق: (ع مفتوح، ق مضموم، و ساکن، ق موقوف) باردار اور کبھی غیر باردار کو بھی شگون لینے کے لیے کہتے ہیں۔

عَاق: (ع مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ماں باپ کا نافرمان لڑکا، عَقَقَہ جمع ہے۔

عَقّ: (ع مفتوح، ق مشدد موقوف) پھاڑنا، بچے کا بال مونڈنا، آسمان کی طرف تیر چلانا، بچہ کا عقیقہ کرنا۔

عِقّ: (ع مکسور، ق مشدد موقوف) گہرا گڑھا۔

عُقَاق: (ع مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) کڑوا پانی۔

عِقَاق: (ع مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) حمل، پیٹھ کا بوجھ۔

عَقَاق: (ع مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) عقوق، سرکشی۔

عِقَاق: (ع مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) چوپایوں کا گابھن ہونا، انگور اور کھجور کی جڑ سے جو چیز نکلتی ہے۔

عَقَائِق: (ع مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) عَقِیق کی جمع ہے، چمکنے والی تلواریں۔

عَقْعَق: (ع مفتوح، ق ساکن، ع مفتوح، ق موقوف) ایک سیاہ و سفید پرندہ جس کی آواز لفظ عَق کے مانند ہوتی ہے جسے عَکّہ اور جنگلی کوا کہتے ہیں۔

عِلْق: (ع مکسور، ل ساکن، ق موقوف) عمدہ، قیمتی چیز، چمڑے کا تھیلا، نعمت دان، آخری دو معانی کے لیے عَلَق بھی آیا ہے، شراب یا پرانی شراب، عمدہ کپڑا، ڈھال، تلوار۔

عَلْق: (ع مفتوح، ل ساکن، ق موقوف) محبت وغیرہ میں الجھ جانا، عورت کی محبت میں گرفتار ہونا، ہرن کو جال میں پھنسانا، اونٹ کا خار دار درختوں کے سر کا کھانا، پانی پینے کے وقت چوپایوں کے گلے میں جونک کا چپک جانا، آویزش، اتنی گھاس جو چوپائے کے لیے ایک دن کی خوراک ہو، بڑا گروہ۔

عَلَق: (ع مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) خون، گاڑھا خون، جما ہوا خون، عَلَقَہ خون کا جما ہوا ٹکڑا، کالا آبی کیڑا جو جسم کی کھال سے خون چوسے جسے جونک کہتے ہیں، ہر چپکنے والی چیز، ہاتھ میں چپکنے والی مٹی، محبت اور دشمنی جو ختم نہ ہو، ہر گھاس جس کو چوپایہ نگل لے۔

عَلَاق: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) راستہ، پانی کھینچنے والا رہٹ، ڈول، ڈول کا محور، وہ رسی جو ڈول میں بندھی ہو، محبت، خواہش۔

عُلُوق: (ع مضموم، ل مضموم، و ساکن، ق موقوف) لپٹنا، الجھنا، دوست رکھنا، وہ چیز جس میں کوئی چیز لٹکائیں۔

عَلُوق: (ع مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ق موقوف) گڑھا، سختی، مصیبت، موت، ہر وہ چیز جسے اونٹ چریں، وہ درخت جسے دس ماہ کی اونٹنی گابھن ہونے کے لیے کھائے، لوگوں کے جسم پر لپٹنے والی چیز، وہ اونٹنی جس کو دوسری اونٹنی کے بچے پر مہربان کریں تاکہ دودھ دے اور اسے سونگھے اور پہچانے مگر دودھ نہ دے اور اسے دور کرے، وہ عورت جو اپنے شوہر کے علاوہ کسی کو دوست نہ رکھے، محبت نہ کرنے والی اونٹنی، بچے کو نہ چاہنے والی اونٹنی، وہ عورت جو غیر کے بچے کو دودھ پلائے، تھوڑا دودھ۔

عَلَائِق: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) رشتہ یا تعلق رکھنے والے۔

عَلِیق: (ع مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) جو، گھوڑے کا چارا۔

عُلَّیق: (ع مضموم، ل مشدد مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) وہ گھاس جو درخت میں لپٹی ہو، اس کا فائدہ بہت ہے۔

عَمق: (ع مفتوح، م ساکن، ق موقوف) کنویں کی گہرائی۔

عُمق: (ع مضموم، م ساکن، ق موقوف) کنویں کی گہرائی۔

عُمُق: (ع مضموم، م مضموم، ق موقوف) کنویں کی گہرائی، بیابان کا کنارہ جو دیکھنے میں دور ہو۔

عُمق: (ع مضموم، م ساکن، ق موقوف) گہرا ہونا، گہرائی۔

عَمق: (ع مفتوح، م ساکن، ق موقوف) کسی چیز میں گہرائی سے نظر کرنا، کچی کھجور جسے روغن میں پکائیں تاکہ خشک ہو جائے، طائف کی ایک وادی، ایک جگہ، ایک شہر اور ایک قلعے کا نام ہے۔

عُمَق: (ع مضموم، م مفتوح، ق موقوف) مکہ کے راستہ میں ذاتِ عرق کے قریب ایک منزل، عُمُق ضمتین کے ساتھ بھی آیا ہے بعض لوگوں نے کہا ہے ضمتین کے ساتھ غلط ہے یعنی عُمُق۔

عَمَق: (ع مفتوح، م مفتوح، ق موقوف) کسی کا کسی چیز میں حق۔

عَمِیق: (ع مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ق موقوف) گہرا، گہرا کنواں، دور، دور دراز راستہ۔

عِمْلِیق۔ عِمْلَاق: (ع مکسور، م ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) (ع مکسور، م ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) لاوذ بن ازم بن سام بن نوح کا لڑکا۔

عَمَالِیق۔ عَمَالِقَۃ: (ع مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) (ع مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ق مفتوح، ۃ موقوف) عِملیق کی اولاد کا نام جو شہروں میں پھیلی ہوئی تھی۔

عُنُق (ع مضموم، ن ساکن/مضموم/مفتوح، ق موقوف) گردن، لوگوں کا گروہ، قوم کے سردار، جھکنے والے، معدے کا نچلا حصہ، روٹی کا ٹکڑا، گزشتہ زمانہ، پرانہ زمانہ، عوام میں جو مشہور ہے کہ عُنُق عوج کی ماں کا نام ہے غلط ہے بلکہ صحیح عُوج بن عُوق ہے اور عُوق عُوج کا باپ ہے۔

عَنَق: (ع مفتوح، ن مفتوح، ق موقوف) اونٹ کی گردن کی لمبائی (چوڑائی)

عِنَاق: (ع مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ہاتھ ایک دوسرے کی گردن میں ڈالنا۔

عَنَاق: (ع مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) بکری کا مادہ بچہ، عُنُوق بالضم جمع ہے، سختی، بلا، دشوار اور مشکل کام، اچھی گردن والا گھوڑا، ایک جانور کا نام جس کو سیاہ گوش (بن بلاو) کہتے ہیں، بنات النعش کے درمیان ایک ستارہ ہے، دو سال کی زکوٰۃ، ایک گھوڑے کا نام، ایک جگہ کا نام، ایک وادی کا نام۔

عَنِیق: (ع مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ق موقوف) گردن، کسی کی گردن میں باہیں ڈالنے والا۔

عَوْہَق: (ع مفتوح، و ساکن، ہ مفتوح، ق موقوف) دراز، لمبا، ایک اونٹ کا نام جس کی نسل سے عمدہ اونٹ ہیں، سیاہی مائل نیل، پہاڑی ابابیل، کالا کوا، لاجورد (نیلے رنگ کا پتھر) یا لاجورد کے مشابہ رنگ، نیلا سیاہی مائل رنگ، کالا اونٹ، عَوْہَقین فرقدین کے

پہلو میں دو ستارے ہیں۔

عَوِیْق: (ع مفتوح، و مکسور، ی ساکن، ق موقوف) شیطان، حریص کتیا اور بھیڑیا، بھوک، طَوِیْلُ العَوِیْق یعنی لمبی پونچھ والا۔

عَوْق: (ع مفتوح، و ساکن، ق موقوف) باز رکھنا، پھیرنا، قید میں ڈالنا، وہ آدمی جس میں بھلائی نہ ہو، عُوق بالضم بھی اسی معنی میں ہے، وہ آدمی جو لوگوں کو بھلائی سے روکے، ضمے کے ساتھ بھی آیا ہے،

عُوْق: (ع مضموم، و ساکن، ق موقوف) لوگوں کو بھلائی سے روکنے والا آدمی۔

عَوْج: (ع مفتوح رمضموم، و ساکن، ج موقوف)

عَوِج: (ع مفتوح رمضموم، و مفتوح رمکسور، ج موقوف) باز رکھنے والا، روکنے والا۔

عَوَج: (ع مفتوح، و مفتوح، ج موقوف) بھوک، بنی عبدالقیس کے ایک گروہ کا نام۔

عَوَائِق: (ع مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) روکنے والی چیزیں، حادثے۔

عَائِق: (ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ق موقوف) باز رکھنے والا، روکنے والا۔

عَیُّوق: (ع مفتوح، ی مشدد مضموم، و ساکن، ق موقوف) سرخ رنگ کا ایک روشن ستارہ جو کہکشاں کی داہنی جانب ثریا کے پیچھے طلوع ہوتا ہے اور اس سے آگے بڑھ جاتا ہے۔

عَیْق: (ع مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) باز رکھنا، پانی کا حصہ۔

عِیْق: (ع مکسور، ی ساکن، ق موقوف) کلمۂ تنبیہ۔

﴿فصل العین مع الکاف﴾

عَبْک: (ع مفتوح، ب ساکن، ک موقوف) ایک چیز کو دوسری چیز میں ملانا۔

عَتْک: (ع مفتوح، ت ساکن، ک موقوف) دوبارہ جنگ کرنا، کاٹنے کے لیے گھوڑے کا حملہ کرنا، خوشبو وغیرہ ملنا، اونٹ کی ران پر پیشاب اور پاخانے کا خشک ہونا، دودھ اور شراب کا کھٹا ہونا، کسی جگہ کا رخ کرنا، کمان کا پرانا ہونا، روزگار، ایک پہاڑ کا نام۔

عُتُوْک: (ع مضموم، ت مضموم، و ساکن، ک موقوف) کسی جگہ تنہا جانا، جھوٹی قسم کھانا، کسی کے سامنے اچھائی اور برائی کے ساتھ پیش آنا، عورت کا اپنے شوہر کی نافرمانی کرنا، کمان کا پرانا ہونا۔

عَاتِک: (ع مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ک موقوف) کریم، خالص رنگ، ضدی مرد، ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھرنے والا، شفاف شراب، خالص شراب۔

عَتِیْک: (ع مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ک موقوف) انتہائی گرم دن، قبیلۂ ازد کا ایک گروہ۔

عَتَک۔ عُتُک۔ عُتَک: (ع مفتوح رمضموم، ت مفتوح رمضموم، ک موقوف) کھجور کے درخت کی جڑیں، ریشے، گروہ۔

عَدْک: (ع مفتوح، د ساکن، ک موقوف) اون دھننے کے لیے ڈنڈے سے مارنا۔

عَرْک: (ع مفتوح، ر ساکن، ک موقوف) ملنا، کان مروڑنا، کسی چیز کو گھستے گھستے مٹادینا، چوپائے کا گھاس کھانا، عورت کا حائضہ ہونا۔

عَرَک: (ع مفتوح، ر مفتوح، ک موقوف) حاجت روائی، خار دار درختوں کے کھانے میں اونٹ کا کامیاب ہونا، جنگ کرنا، ملاحوں اور مچھیروں کی آواز، عَرَکی واحد ہے۔

عَرِک: (ع مفتوح، ر مکسور، ک موقوف) میدان کارزار میں مرد کی سخت گرجدار آواز، جنگ میں لوگوں کا اندازہ کرنا۔

عِرَاک: (ع مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) بھیڑ کرنا، ایک تابعی کا نام ہے۔

عَرَّاک: (ع مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) اچھی طرح ملنے والا، کان مروڑنے والا، جنگ کرنے والا۔

عُرُوْک: (ع مضموم، ر مضموم، و ساکن، ک موقوف) عورت کا حائض ہونا۔

عَرُوْک: (ع مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ک موقوف) زیادہ بالوں والی اونٹنی جس کی وجہ سے اس کا موٹا یا دبلا ہونا معلوم نہ ہو سکے۔

عَسْک: (ع مفتوح، س ساکن، ک موقوف) لازم ہونا، چپکنا۔

عَفْکٌ: (ع مفتوح، ف ساکن، ک موقوف) بہت بے وقوف ہونا۔

عَفَکٌ: (ع مفتوح، ف مفتوح، ک موقوف) بہت بے وقوف ہونا، بے وقوف ہونا۔

عَفِکٌ: (ع مفتوح، ف مکسور، ک موقوف) بہت نادان۔

عَکٌّ: (ع مفتوح، ک مشدد موقوف) ضرورت سے روکنا، غفلت برتنا، کسی کے حق کو باطل کرنا، دو بار یا تین بار بات کہنا، کوڑے سے مارنا، کسی کے ساتھ بار بار برائی کرنا، قید میں ڈالنا، دلیل سے غالب ہونا، کسی پر غضب کرنا، کسی چیز کو پھیرنا، گفتگو کرنا، ایک مرد کا نام ہے جس کو عک بن عدثان بن عبداللہ بن ازد کہتے ہیں، صاحب صحاح نے عک بن عدنان معد بنون کا بھائی گمان کیا ہے جو غلط ہے۔

عَلْکٌ: (ع مفتوح، ل ساکن، ک موقوف) گوند وغیرہ چبانا، گھوڑے کا لگام چبانا علِک بھی کہا گیا ہے، ہر لیسدار چپکنے والی چیز۔

عَلَکٌ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ک موقوف) حجاز میں ایک درخت کا نام جسے عِلَاک بھی کہتے ہیں، علاک ہر چبائی جانے والی لیسدار چیز۔

عَلِکٌ: (ع مفتوح، ل مکسور، ک موقوف) سخت اور کڑا کھانا، عالِکٌ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عَنْکٌ: (ع مفتوح، ن ساکن، ک موقوف) جمنا، دودھ کا گاڑھا ہونا، ریت کا سخت ہونا، عورت کا نافرمانی کرنا، چلنا، زمین میں سیر کرنا، پھرنا، گھوڑے کا حملہ کرنا، دروازہ بند کرنا، ریت میں پڑنا، خون کا بہت سرخ ہونا، ریت میں اونٹ کا چلنا، عُنُوک بھی اسی معنی میں آیا ہے، ہر زیادہ چیز، گھر کا دروازہ، ایک جگہ کا نام۔

عُنْکٌ: (ع مضموم، ن ساکن، ک موقوف) ریت کے سخت ٹیلے، عَنِیک کی جمع ہے۔

عِنْکٌ: (ع مکسور، ن ساکن، ک موقوف) کسی چیز کی جڑ۔

عَنَکٌ: (ع مفتوح، ن مفتوح، ک موقوف) کسی چیز کی جڑ، رات کا آخری تہائی حصہ یا رات کا اول حصہ یا رات کا حصہ، عِنک (تینوں حرکتوں کے ساتھ) بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عُنَکٌ: (ع مضموم، ن مفتوح، ک موقوف) بحرین میں ایک گاؤں کا نام ہے۔

عَانِکٌ: (ع مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ک موقوف) ریت کے سخت ٹیلے۔

عَوْک: (ع مفتوح، و ساکن، ک موقوف) مہربان ہونا، دروازے کا کھلنا، کسی چیز کو لانا، عورت کا گھر کی طرف لوٹنا اور جو کچھ گھر میں میسر ہوا سے کھانا، اوّل عَوْک وَعَوْک یعنی اول چیز، پہلی چیز۔

عَوَکٌ: (ع مفتوح، و مفتوح، ک ساکن) جنبش، حرکت۔

﴿فصل العین مع اللام﴾

عَبْلٌ: (ع مفتوح، ب ساکن، ل موقوف) موٹا، بھدا، عَبِیل بھی اسی معنی میں آیا ہے عَبْـلُ الـذِّرَاعَیـن موٹے بازو والا، رسی بٹنا، درخت کی پتی کاٹنا، تیر میں پیکان لگانا، پتیوں کا درخت سے جھڑنا، پتیوں کا درخت پر اگنا، باز رکھنا، واپس لوٹانا، کاٹنا، کسی چیز کو لے جانا۔

عَبَلٌ: (ع مفتوح، ب مفتوح، ل موقوف) پیچیدہ اور نہ کھلی ہوئی پتی جیسے جھاؤ کے درخت کے پتے، ریت میں لپٹے ہوئے پتے، درخت سے گرا ہوا پتا، نکلنے والے پتے، بٹے ہوئے ریشے، درخت ارطی کا بڑا پھل جو چمڑے کی دباغت کے قابل ہو۔

عَبَال: (ع مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ایک قسم کا پہاڑی پھول جب اس کا تنا موٹا ہوجاتا ہے تو اس سے عصا بناتے ہیں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ عصائے موسیٰ علیہ السلام اسی کا تھا۔

عِبَال: (ع مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) سفید بھاری پتھر، عَبْلَاء کی جمع ہے جیسے بَطْحَاء و بِطَاح۔

عَتْلٌ: (ع مفتوح، ت ساکن، ل موقوف) کسی چیز کو تیز کھینچنا، اٹھانا، برائی میں جلدی کرنا، برائی میں جلدی کرنے والا۔

عُتُلّ: (ع مضموم، ت مضموم، ل مشدد موقوف) بہت ذلیل، سخت، ستمگر،

ظالم، سخت کلامی کرنے والا، بھاری نیزہ۔

عَتِیْل: (ع مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بااجرت مزدور، خادم۔

عُشْکُوْل۔ عِشْکَال: (ع مضموم، ش ساکن، ک مضموم، و ساکن، ل موقوف) (ع مکسور، ش ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) کھجور کا گچھا۔

عِجْل: (ع مکسور، ج ساکن، ل موقوف) گائے کا بچھڑا، ایک قبیلے کا نام ہے۔

عُجْل: (ع مضموم، ج ساکن، ل موقوف) جلد لائی جانے والی چیز، وہ چیز جس کے لیے جلدی کی جائے۔

عَجَلْ: (ع مفتوح، ج مفتوح، ل موقوف) تیز رفتاری، جلدی، مٹی، کائی۔

عَجِلْ: (ع مفتوح، ج ساکن مکسور، ل موقوف) جلد بازی کرنے والا۔

عَجُوْل: (ع مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ل موقوف) بہت زیادہ جلد باز، بہت دوڑنے والا۔

عَجُّوْل: (ع مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بچھڑا، عَجَاجِیْل جمع ہے۔

عَدْل: (ع مفتوح، د ساکن، ل موقوف) انصاف، انصاف کرنے والا، نیک مرد، شائستہ آدمی، گواہی، انصاف دینا، کسی چیز کو کسی چیز کے برابر کرنا، مثل، نظیر، فدیہ، فریضہ، یکساں بال، سچائی، بدلہ دینا، ناپنا، ایک بہت بڑے قاتل بے رحم اور ظالم کا نام۔

عِدْل: (ع مکسور، د ساکن، ل موقوف) مثل، یک طرفہ بوجھ، فارسی میں جسے تنگ کہتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ عَدْل ایسی چیز کے مانند جو اس کی جنس سے نہ ہو، عِدْل، کسی ایسی چیز کے مانند جو اس کی جنس سے ہو۔

عَدِیْل: (ع مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ل موقوف) نظیر، مثل، ردیف، قدر و مرتبہ میں برابر۔

عُدُوْل: (ع مضموم، د مضموم، و ساکن، ل موقوف) راستے سے پھرنا، میل کرنا، جماع ترک کرنا، نر کا جفتی سے باز رہنا۔

عَادِلْ: (ع مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ل موقوف) انصاف کرنے والا، مشرک جو غیر اللہ کو اللہ کا شریک ٹھہرائے۔

عَذْل: (ع مفتوح، ذ ساکن، ل موقوف) سرزنش کرنا، ملامت کرنا۔

عَذَلْ: (ع مفتوح، ذ مفتوح، ل موقوف) سرزنش، ملامت۔

عُذُلْ: (ع مضموم، ذ مضموم، ل موقوف) سخت گرمی والے دن۔

عَاذِلْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ذ مکسور، ل موقوف) ملامت کرنے والا، خون استحاضہ کی رگ، ایک چشمے کا نام، ایک جگہ کا نام، زمانۂ جاہلیت میں ماہِ شعبان یا ماہِ شوال کا نام۔

عَذَّال: (ع مفتوح، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بہت ملامت کرنے والا۔

عُذَّال: (ع مضموم، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ملامت کرنے والے، عاذِل کی جمع ہے۔

عَزْل: (ع مفتوح، ز ساکن، ل موقوف) کسی کا جنگ کرنا، جدا کرنا، کنیز اور عورت سے دور رہنا اور ان سے اولاد نہ چاہنا۔

عُزْل: (ع مضموم، ز ساکن، ل موقوف) بے ہتھیار لوگ، اَعزَل کی جمع ہے۔

عُزُلْ: (ع مضموم، ز مضموم، ل موقوف) بے ہتھیار۔

عَزَلْ: (ع مفتوح، ز مفتوح، ل موقوف) بے ہتھیار ہونا۔

عَسْل: (ع مفتوح، س ساکن، ل موقوف) کھانے میں شہد ملانا، کسی کی عمدہ تعریف کرنا، عقد کرنا، نیزے کو زیادہ حرکت دینا، تیز دوڑنا، گھوڑے کا سر ہلانا، اونگھنا، ہوا کا پانی کو حرکت دینا یہاں تک کہ لہریں مارنے لگے اور بہنے لگے، راہ نما کا بیابان میں دوڑنا، تیز رفتار اونٹنی، ایک جگہ کا نام ہے۔

عِسْل: (ع مکسور، س ساکن، ل موقوف) جنوں کا ایک قبیلہ، بنُو عِسْل ایک قبیلے کا نام ہے۔

عَسَلْ: (ع مفتوح، س مفتوح، ل موقوف) کھانا چکھنا، شیریں، حق تعالیٰ کا کسی کو مخلوق کی نظر میں محبوب بنانا، بہتے پانی کا بلبلا، شہد، یہ شہد کی مکھی کا لعاب ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ بھاپ ہے جو اٹھتی ہے اور فضا کے اندر پختہ ہو کر پانی بن جاتی ہے پھر گاڑھی

ہوکر شبنم کی طرح پھولوں اور درختوں پر گرتی ہے اور اسے شہد کی مکھی چنتی ہے پھر اسے اپنے چھتے میں محفوظ رکھتی ہے اور کبھی مکھی کے چوسے بغیر کانٹے وغیرہ سے لوگ چنتے ہیں اور اسے ترنجبین اور شیرخشت بھی کہتے ہیں۔

عَاسِل:(ع مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ل موقوف) شہد نکالنے والا، تیز نیزہ چلانے والا، عَسّال بھی اسی معنی میں ہے۔

عَسِیْل:(ع مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بہت مارنے والا مرد، ہاتھ مارنے میں داہنے ہاتھ کو جلد جلد چلانے والا، عَطّار کا جھاڑو، پرندے کا پر جس سے مشک وعنبر کو اس کی جگہ سے جدا کریں، اونٹ اور ہاتھی کا عضو تناسل، عُسُل جمع ہے، عُسُل بضمتین نیک لوگوں کے معنی میں بھی آیا ہے، ایسی صورت میں عاسل کی جمع ہے۔

عَصَل:(ع مفتوح، ص مفتوح، ل موقوف) ٹیڑھی چیز، آنت، ہڈی کی کجی، بھیڑیے کا مغز، درخت کی جڑ اور گھوڑے کی دم کی کجی، ایک درخت ہے جسے کھانے کے بعد اونٹ کا پیٹ جاری ہوجاتا ہے، دانتوں کی کجی۔

عِصَال: (ع مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ٹیڑھا، ٹیڑھا تیر، ایک جگہ کا نام ہے۔

عُصْل:(ع مضموم، ص ساکن، ل موقوف) اَعْصَل کی جمع ہے، پنڈلی کی کجی، کسی چیز کو لازم کرنے والا۔

عَضْل:(ع مفتوح، ض ساکن، ل موقوف) بیوہ کو دوسری شادی سے باز رکھنا، کسی پر کام کا تنگ ہونا، کام کا دشوار ہونا۔

عِضْل:(ع مکسور، ض ساکن، ل موقوف) بہت برا۔

عُضْل۔ عُضَل: (ع مضموم، ض ساکن/مفتوح، ل موقوف) سختیاں، بلائیں، عُضْلَۃٌ واحد ہے۔

عَضَل:(ع مفتوح، ض مفتوح، ل موقوف) جنگل میں ایک جگہ ہے جہاں مچھر زیادہ ہوتے ہیں، ایک قبیلے کا باپ، بڑا چوہا، پٹھا جس کی وجہ سے گوشت موٹا ہوتا ہے، گوشت اور پٹھے کا مجموعہ، عَضَلَۃٌ واحد ہے، ارنڈ کرنے والا۔

عَضِل:(ع مفتوح، ض مکسور، ل موقوف) گوشت اور موٹے پٹھے والا آدمی۔

عُضَال: (ع مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مشکل کام، سخت بیماری۔

عُطْل: (ع مضموم، ط ساکن/مضموم، ل موقوف) بے زر و مال اور بے ادب آدمی، بے چلے کی کمان، بے لباس۔

عُطُل: (ع مضموم، ط مضموم، ل موقوف) گھوڑا اور اونٹ جس پر داغ نہ ہو، بے ہتھیار آدمی، بے زیور و زیبائش عورت، اَعْطَال جمع ہے۔

عَطَل: (ع مفتوح، ط مفتوح، ل موقوف) بھاری جسم والا ہونا، آدمی، عورت، گردن، قامت اور کھجور کے گچھے کا بے زینت ہونا۔

عَاطِل: (ع مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ل موقوف) زینت و زیور سے خالی۔

عَظْل: (ع مفتوح، ظ ساکن، ل موقوف) کتوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔

عُظُل: (ع مضموم، ظ مضموم، ل موقوف) علت مشائخ رکھنے والے لوگ۔

عِظَال:(ع مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) شعر کے قافیے میں ایک قسم کا تصرف، کتے کا سوار ہونا، بعض ہڈیوں کا بعض ہڈیوں پر سوار ہونا، نر کا مادہ پر مسلسل سوار ہونا۔

عَقْل: (ع مفتوح، ق ساکن، ل موقوف) بکری کے پیروں کے درمیان ہاتھ ڈالنا تاکہ اس کا وزن معلوم ہوسکے یا معلوم کرسکیں۔

عَقَل: (ع مفتوح، ق مفتوح، ل موقوف) خصی اور بیل کے دو پیروں میں زیادہ پٹھوں کا ہونا، وہ لکیر جو مقعد اور عضو تناسل کے بیچ میں ہوتی ہے، بکرے کے خصیے اور اس کے اردگرد کے پٹھے۔

عَقْل: (ع مفتوح، ق ساکن، ل موقوف) خرد، دانش، نیکی بدی اور خیر و شر کے درمیان تمیز، لوگوں نے کہا ہے کہ نفس کی ایک قوت ہے جو چیزوں کی تمیز کرتی ہے اور ان کے اغراض ومصالح کو جانتی ہے اور اس قوت کی ابتدا وقت ختنہ سے ہے اور تکمیل بلوغ کے وقت ہوتی ہے، ریت، سرخ دھاری دار کپڑا، قلعہ، دل، پناہ، اونٹ کے بازو اور پنڈلی کو آپس میں باندھنا، دوا کا قبض پیدا کرنا،

معلوم کرنا، مقتول کی دیت دینا، قصاص کو دیت کی وجہ سے چھوڑنا، کسی کی طرف سے دیت کا جرمانہ قبول کرنا، ادا کرنا، ہرن کا اوپر جانا، دوپہر کے وقت سایہ کا ٹھہر جانا، کسی جگہ پناہ لینا، مفاعیلن سے یا کو ساقط کرنا۔

عَقَلْ: (ع مفتوح، ق مفتوح، ل موقوف) زانو کا کوفتہ ہونا، پیچیدگی، اونٹ کے پیر کا مڑنا۔

عُقُلْ: (ع مضموم، ق مضموم، ل موقوف) عقال کی جمع ہے۔

عُقُوْل: (ع مضموم، ق مضموم، و ساکن، ل موقوف) ہرن کا پہاڑ پر جانا اور کسی جگہ پناہ لینا، عَقْل کی جمع ہے۔

عَقُوْل: (ع مفتوح، ق مضموم، و ساکن، ل موقوف) قابض دوا جو دست روک دے۔

عَاقِلْ: (ع مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ل موقوف) عقل مند، پہاڑ کے اوپر جانے والا ہرن، ایک پہاڑ کا نام۔

عِقَال: (ع مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) وہ رسی جس سے اونٹ کی ران اور ٹانگ ملا کر باندھیں، ایک سال کا صدقہ اور زکوۃ، شریف مرد جب اسیر ہوتا ہے تو اس کا فدیہ چند اونٹ ہوتے ہیں، ایک مرد کا نام۔

عُقَّال: (ع مضموم، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) گھوڑے کا لنگڑانا۔

عَاقُوْل: (ع مفتوح، ا ساکن، ق مضموم، و ساکن، ل موقوف) دریا کے پانی کا بڑا حصہ، موج، وادی اور نہر کا پیچ و خم جس پر راستہ نہ مل سکے، ایک گھاس کا نام، پوشیدہ اور مشتبہ کام، عَوَاقِیْل جمع ہے، دَیْر عَاقُوْل نہروان میں ایک شہر، مغرب میں ایک شہر، موصل میں ایک گاؤں کا نام، عاقولا توریت میں کوفہ کا نام۔

عَقِیْل: (ع مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ل موقوف) ابوطالب بن عبد المطلب کے لڑکے کا نام جو قریش میں بہت بڑے دانش مند اور ان کے واقعات کے جاننے والے تھے، ایک دوسرے صحابی کا بھی نام۔

عُقَیْل: (ع مضموم، ق مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) خوزستان میں ایک گاؤں، ایک مرد کا نام، ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

عَقَنْقَلْ: (ع مفتوح، ق مفتوح، ن ساکن، ق مفتوح، ل موقوف) بڑی کشادہ وادی، ریت کا ٹوٹا ہوا ٹیلا، گوہ کا پوٹہ جس میں وہ دانہ جمع کرتا ہے، تلوار، پیالہ۔

عَکْل: (ع مفتوح، ک ساکن، ل موقوف) سامان درہم برہم کرنے کے بعد تہ بتہ رکھنا اور چننا، قید میں ڈالنا، جلد معلوم کرنا، روغن میں تلچھٹ اور چراغ دان میں میل کا جمع ہونا، اونٹ کو بغل سے ہانکنا، کسی کام میں اپنے لیے کسی چیز کے بارے میں کہنا، کام کا پوشیدہ ہونا، ڈالنا، کسی کام میں کوشش کرنا، مرنا۔

عِکْل: (ع مکسور، مضموم، ک ساکن، ل موقوف) کمینہ، اَعْکَال جمع ہے۔

عُکْل: (ع مضموم، ک ساکن، ل موقوف) ایک قبیلہ کا جد اعلیٰ۔

عِکَال: (ع مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) اونٹ کے زانو باندھنے کی رسی، ایک آدمی کا نام۔

عَلّ: (ع مفتوح، ل مشدد موقوف) کمزور بوڑھا مرد، جسم کے ٹکڑے، عمر رسیدہ شخص، ہر کمزور چیز، وہ شخص جو عورتوں کے پاس زیادہ جاتا ہو، بوڑھا موٹا بکرا، کمزور جسم والا، بیمار ہونا، بہت زیادہ مارنا، دوسری بار پانی پینا، گھونٹ گھونٹ پینا۔

عَلَلْ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) پانی کو دوبار پینا، دوبارہ پینا، سیراب ہونا، پیاسا ہونا، پہلی بار پانی پینا، دوبارہ پلانا۔

عِلَلْ: (ع مکسور، ل مفتوح، ل موقوف) بیماریاں، اسباب، عِلَّت کی جمع ہے۔

عَلِیْل: (ع مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بیمار، معلول بمعنی بیمار جیسا کہ مشہور ہے اور زبانوں پر جاری ہے لیکن کلام عرب میں نہیں آیا ہے۔

عَمَلْ: (ع مفتوح، م مفتوح، ل موقوف) ایک مرد کا نام، کام کرنا، کام، مسلسل چمکنا، عامل کا اسم کو اعراب دینا۔

عَمِلْ: (ع مفتوح، م مکسور، ل موقوف) کارگزار، عمل دار۔

عَمُوْل: (ع مفتوح، م مضموم، و ساکن، ل موقوف) بہت کام کرنے والا۔

عَنْدَل: (ع مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، ل موقوف) بڑے لمبے سر والا اونٹ۔

عَنَادِل: (ع مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ل موقوف) عندلیب کی جمع ہے، بلبل۔

عُنْصُل: (ع مضموم، ن ساکن، ص مضموم، ل موقوف) بن پیاز، جنگلی پیاز جس کو پیاز نرگس اور پیاز موش کہتے ہیں۔

عَوِیْل: (ع مفتوح، و مکسور، ی ساکن، ل موقوف) رونے کی آواز۔

عَوْل: (ع مفتوح، و ساکن، ل موقوف) ظلم کرنا، حق سے پھرنا، ترازو کا کم اور زیادہ ہونا اور ترازو کا جھکنا، کام کا مشکل ہونا، کسی پر غالب آنا، کسی پر تہمت لگانا، بڑھنا، اوپر جانا، زیادہ کرنا، میراث میں ذی فرض وارثوں کے حصوں کے مجموعے کا مخرج پر بڑھ جانا، مال میراث میں نقصان، زیادہ بال بچوں والا ہونا، اہل و عیال کو نفقہ اور روزینہ دینا، رونے میں آواز اونچی کرنا، وہ شخص جو کسی اور کی اولاد ہو اور مدد کسی دوسرے سے طلب کرے، اہل و عیال کا نفقہ اور روزینہ۔

عَوَل: (ع مفتوح، و مفتوح، ل موقوف) رونے کی آواز۔

عِوَل: (ع مکسور، و مفتوح، ل موقوف) کسی پر اعتماد اور بھروسہ کرنا، مدد، استعانت۔

عُوَال: (ع مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ایک قبیلہ کا نام، ایک جگہ کا نام۔

عَوَّال: (ع مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ایک مرد کا نام۔

عَاہِل: (ع مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ل موقوف) بڑا بادشاہ، بے شوہر والی عورت۔

عِیَال: (ع مکسور ی مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) وہ لوگ جن لوگوں کا تکفل و تعہد اور کھانے کپڑے اور نفقے کا انتظام کرنا لوگوں پر واجب ہے۔

عَیْہَل: (ع مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، ل موقوف) تیز رفتار اونٹنی۔

عَیْل: (ع مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) آدمی اور گھوڑے کا نزاکت کے ساتھ چلنا، درویش ہونا، سیر کرنا، پھرنا، گھومنا۔

عَیِّل: (ع مفتوح، ی مشدد مکسور، ل موقوف) نزاکت کی چال چلنے والا مرد، عمدہ چال والا گھوڑا۔

عَیَل: (ع مفتوح، ی مفتوح، ل موقوف) اپنی بات ایسے شخص کے سامنے پیش کرنا جو توجہ نہ دے اور سننا نہ چاہے۔

عَائِل: (ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) درویش، فقیر۔

عُیُوْل: (ع مضموم، ی مضموم، و ساکن، ل موقوف) فقیری۔

عُیُوْل: (ع مفتوح مضموم، ی مضموم، و ساکن، ل موقوف) سیر کرنا، پھرنا۔

﴿فصل العین مع المیم﴾

عَامّ: (ع مفتوح، ا ساکن، م مشدد موقوف) سب کے پاس پہنچنے والا، عام لوگ، خاص کی ضد ہے، عام سال۔

عَبَام: (ع مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زیادہ تھکن۔

عُبَام: (ع مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زیادہ پانی۔

عَتْم: (ع مفتوح، ت ساکن، م موقوف) تاخیر، دیر کرنا، کام سے روکنا، رک جانا، رات کے ایک حصے کا گزرنا، عشا کے وقت اونٹنی کا دودھ دوہنا، بال اکھاڑنا، عشا کے وقت جانا یا لانا، عشا کے وقت کوئی چیز بھیجنا۔

عُتْم: (ع مضموم، ت ساکن، م موقوف) ایک آدمی کا نام، ایک گھوڑے کا نام۔

عُتْم۔ عُتُم: (ع مضموم، ت ساکن، م موقوف) (ع مضموم، ت مضموم، م موقوف) جنگلی زیتون۔

عَتُوْم: (ع مفتوح، ت مضموم، و ساکن، م موقوف) وہ اونٹنی جو عشا کے وقت دودھ دے۔

عَاتِم: (ع مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، م موقوف) تاخیر کرنے والا۔

عَثْم: (ع مفتوح، ث ساکن، م موقوف) ٹوٹی ہوئی ہڈی کو ٹیڑھا باندھنا، ہڈی کا ٹیڑھا جڑنا، توشہ دان کو کمزور سلنا، ٹوٹی ہوئی ہڈی یا

ہاتھ کی ٹوٹی ہوئی ہڈی جسے درست نہ بیٹھایا گیا ہو۔

عَجْم: (ع مفتوح، ج ساکن، م موقوف) پونچھ کی جڑ کی ہڈی جسے عُجْب اور عُصْعُص بھی کہتے ہیں، عُجْم بھی اس معنی میں آیا ہے، کم سن اونٹ، عُجُوم جمع ہے، لکڑی میں دانت دھنسانا تاکہ اس کی نرمی اور سختی معلوم کریں، کاٹنا، کھانے کے لیے چبانا یا امتحان کے لیے کسی کو دیکھنا، آزمانے کے لیے تلوار ہلانا، حرف پر نقطہ لگانا۔

عُجْم: (ع مضموم، ج ساکن، م موقوف) کند زبان اور ہکلانے والا حیوان اور انسان، اَعْجَم کی جمع ہے۔

عَجْم/عُجْم: (ع مفتوح/مضموم، ج ساکن/مفتوح، م موقوف) غیر عرب آدمی۔

عَجَم: (ع مفتوح، ج مفتوح، م موقوف) دانہ، انگور اور کھجور کا دانہ، ہر چیز کا دانہ۔

عُجَام: (ع مضموم، ج مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ہر چیز کا دانہ۔

عَجَّام: (ع مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) شیرہ، ابابیل۔

عَدْم: (ع مفتوح، د ساکن، م موقوف)

عُدُم۔عَدَم: (ع مضموم، د مضموم، م موقوف) (ع مفتوح، د مفتوح، م موقوف) نہ ہونا، فقیری، محتاجی، گم کرنا، روکنا۔

عَدِم: (ع مفتوح، د مکسور، م موقوف) درویش، محتاج، ضرورت مند۔

عَدِیم: (ع مفتوح، د مکسور، ی ساکن، م موقوف) فقیر، تنگ حال، نادان، بے وقوف، پاگل۔

عَدَام: (ع مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک قسم کی کھجور جو مدینہ میں ہوتی ہے۔

عَذْم: (ع مفتوح، ذ ساکن، م موقوف) کھانا، گھوڑے وغیرہ کا سختی سے کاٹنا، کمینگی کرنا، عورت کا مرد کو گالی دینا، اپنے سے دور کرنا۔

عَذِم: (ع مفتوح، ذ مکسور، م موقوف) بہت کاٹنے والا، سخت کاٹنے والا۔

عَذَم: (ع مفتوح، ذ مفتوح، م موقوف) یمن میں ایک وادی ہے، ایک گھاس کا نام ہے۔

عَذَّام: (ع مفتوح، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لوگوں کو کاٹنے والا پٹو۔

عُذَّام: (ع مضموم، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک خاردار جنگلی درخت۔

عَرْم: (ع مفتوح، ر ساکن، م موقوف) ہڈی چبانا، چوپائے کا درخت چبانا۔

عَرِم: (ع مفتوح، ر مکسور، م موقوف) ندی، وہ بند جو ندی کے پانی کو روکنے کے لیے بناتے ہیں، سخت بارش، بڑا صحرائی چوہا۔

عَرَم: (ع مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) گوشت، سیاہی جو سفیدی سے ملی ہوئی ہو۔

عُرَام: (ع مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) درخت اور ہڈی کو چبانا، شوخی، بچے کا ناز، لشکر کی کثرت، لشکر کی تیاری، لشکر کی مضبوطی، وہ ہڈی جس کا گوشت د پوست جدا کر دیا گیا ہو، وہ درخت جس کی چھال اور گوند الگ کر دی گئی ہو۔

عَزْم/عُزْم: (ع مفتوح/مضموم، ز ساکن، م موقوف) ارادہ کرنا، کسی چیز پر دل لگانا، راستے پر چلنا، کسی کو قسم دینا، اُولُو الْعَزْم یعنی حوصلہ مند لوگ، اُولُو الْعَزْم وہ پیغمبر ہیں جنہوں نے خدا کے حکم پر دل لگایا اور اسی وعدے پر قائم رہے جو انہوں نے کیا تھا، لوگوں نے بیان کیا ہے کہ وہ چار پیغمبر ہوئے ہیں (1) حضرت نوح (2) حضرت ابراہیم (3) حضرت موسیٰ (4) حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اُولُو الْعَزْم وہ ہیں جنہوں نے کوشش کی اور ثابت قدم رہے اور بلا و مصیبت پر صبر کیا، لوگوں نے کہا ہے کہ وہ نو پیغمبر ہوئے (1) حضرت نوح (2) حضرت ابراہیم (3) حضرت اسحٰق (4) حضرت یعقوب (5) حضرت یوسف (6) حضرت ایوب (7) حضرت موسیٰ (6) حضرت داؤد (9) حضرت عیسیٰ علیہم السلام۔

عَزَائِم: (ع مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م موقوف) جادو منتر، قرآن مجید کی آیتیں جو بیماری سے شفا پانے کے لیے پڑھتے ہیں، وہ فرائض جو خدا نے اپنے بندوں پر واجب کیے ہیں۔

عَزِیم: (ع مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، م موقوف) سخت دشمن۔

عَزْ وْم۔ عَوْ زَم: (ع مفتوح، ز مضموم، و ساکن، م موقوف)(ع مفتوح، و ساکن، ز مفتوح، م موقوف) بوڑھی اونٹنی، بوڑھی عورت۔

عَسْم: (ع مفتوح، س ساکن، م موقوف) لالچ رکھنا، لڑائی اور صف کارزار میں بے باکی کے ساتھ داخل ہونا، کام سیکھنا، کوشش کرنا۔

عَسَم: (ع مفتوح، س مفتوح، م موقوف) ہاتھ اور پیر کے بند کا خشک ہونا اور ان کا ٹیڑھا ہونا۔

عَشَم: (ع مفتوح، ش مفتوح، م موقوف) خشک روٹی، سوکھی روٹی۔

عَصْم: (ع مفتوح، ص ساکن، م موقوف) منتخب کرنا، اختیار کرنا، کام سیکھنا، باز رکھنا، پنجہ گاڑنا، محفوظ رکھنا۔

عُصْم: (ع مضموم، ص ساکن، م موقوف) ایک قلعے کا نام، ایک پہاڑ کا نام۔

عُصُم: (ع مضموم، ص ساکن/مضموم، م موقوف) مہندی اور خضاب وغیرہ کا اثر، بچا ہوا، ہر چیز کا باقی۔

عِصَم: (ع مکسور، ص مفتوح، م موقوف) بہت سے ہار، عِصْمَۃ کی جمع ہے۔

عُصْم: (ع مکسور/مضموم، ص ساکن، م موقوف) عصمتیں، عِصْمَۃ کی جمع ہے۔

عَصِیْم: (ع مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، م موقوف) خصلت، عادت، میل، پیشاب جو اونٹ کی ران پر خشک ہو جائے، بچی ہوئی چیز مہندی اور خضاب کا اثر جو باقی رہے۔

عِصَام: (ع مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مشک کا تسمہ جس کے ذریعے مشکیزے کو اٹھائیں، ڈول کی رسی، آفتابہ، لوٹا، مشربہ (پیالہ) کی رسی، پونچھ کا پتلا حصہ، نعمان بن منذر کے حاجب کا نام۔

عَاصِم: (ع مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، م موقوف) باز رکھنے والا، حفاظت کرنے والا، بلاد ہذیل میں ایک مقام۔

عَصُوْم: (ع مفتوح، ص مضموم، و ساکن، م موقوف) بہت کھانے والا۔

عَضْم: (ع مفتوح، ض ساکن، م موقوف) سراماج، گیہوں صاف کرنے کی پنجالی (گیہوں صاف کرنے کا چوبی آلہ)، کمان کا قبضہ۔

عُضْم: (ع مضموم، ض ساکن، م موقوف) مغزِ شتر (اونٹ کا گودہ)

عَضُوْم: (ع مفتوح، ض مضموم، و ساکن، م موقوف) بہت کھانے والا، عَصُوْم کا مرادف۔

عُطْم: (ع مضموم، ط ساکن، م موقوف) دھنکا ہوا اون، اون کے ریشوں کو جدا کرنا۔

عُطُم: (ع مضموم، ط مضموم، م موقوف) ہلاک ہونے والے، اس کا واحد عَطِیْم و عَاطِم ہے۔

عَظْم: (ع مفتوح، ظ ساکن، م موقوف) ہڈی یا گوشت والی ہڈی، بڑا ہونا۔

عُظْم: (ع مضموم، ظ ساکن، م موقوف) بزرگی، چیز کا زیادہ ہونا، عَظْم بھی اس معنی میں آیا ہے۔

عِظَم: (ع مکسور، ظ مفتوح، م موقوف) بزرگی، صغر کی ضد ہے۔

عَظِیْم: (ع مفتوح، ظ مکسور، ی ساکن، م موقوف) بزرگ، بڑا۔

عِظَام: (ع مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ہڈیاں، بڑے لوگ، عَظْم اور عَظِیْم کی جمع ہے۔

عَظَام: (ع مفتوح، ظ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ملکِ شام میں ایک جگہ کا نام۔

عُظَّام: (ع مضموم، ظ مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بزرگ، بڑا، ظا کی تخفیف کے ساتھ اسی معنی میں ہے۔

عُقْم: (ع مفتوح/مضموم، ق ساکن، م موقوف) بانجھ پن۔

عِقْم: (ع مفتوح/مکسور، ق ساکن، م موقوف) نقش و نگار کی ایک قسم۔

عُقْم: (ع مضموم، ق ساکن، م موقوف) سرخ کمبل، لال کپڑا، عُقْم عَقِیْم کی جمع ہے، بانجھ (مرد یا عورت)

عُقَام: (ع مفتوح/مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بانجھ، سخت جنگ، سخت دن، بری عادت والا آدمی، سخت بیماری، جوان مضبوط اونٹنی۔

عَقِیْم: (ع مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، م موقوف) بانجھ مرد و عورت، ہوا، قیامت کا دن، سخت جنگ۔

عَکْم: (ع مفتوح، ک ساکن، م موقوف) سامان کی مضبوط گٹھری باندھنا اور مرد کی پیٹھ پر رکھنا، کسی کی زیارت سے پھرنا، کسی کے پاس واپس آنا (لوٹنا)، حملہ کرنا، کسی کی گالی سے رک جانا، اونٹ کا موٹا ہونا، اونٹ کا چربی دار ہونا، اندرونِ پہلو، انتظار کرنا۔

عِکْم: (ع مکسور، ک ساکن، م موقوف) گٹھری، بنڈل، بوری، وہ چیز جس سے بوجھ باندھیں، عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔

عَکُوْم: (ع مفتوح، ک مضموم، و ساکن، م موقوف) پھرنے والا، بالضم عُکُوم عِکْم کی جمع ہے۔

عُکَیْم: (ع مضموم، ک مفتوح، ی ساکن، م موقوف) ایک آدمی کا نام۔

عِکَام: (ع مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بوجھ باندھنے کی رسی۔

عِلْم: (ع مکسور، ل ساکن، م موقوف) آگاہ ہونا، جاننا، دانش، آگاہی۔

عَلْم: (ع مفتوح، ل ساکن، م موقوف) اوپر کا ہونٹ پھاڑنا، نشان کرنا۔

عَلَم: (ع مفتوح، ل مفتوح، م موقوف) اوپر کے ہونٹ یا اس کے ایک طرف کی پھٹن، پہاڑ یا لمبا پہاڑ، نشان، کپڑے کا نقش جس پر زری وغیرہ کا کام کیا گیا ہو، جھنڈا، جو چیز نیزے پر باندھیں، سردار، نشان، وہ نام جس سے آدمی مشہور ہوتا ہے۔

عَالِم: (ع مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، م موقوف) جاننے والا۔

عَالَم: (ع مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، م موقوف) تمام مخلوقات اور وہ تمام چیزیں جو فلکُ الافلاک کے درمیان ہیں۔

عَلِیْم: (ع مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، م موقوف) جاننے والا۔

عُلَیْم: (ع مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، م موقوف) ایک آدمی کا نام۔

عُلَام: (ع مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آسمان، ایک شکاری پرندے کا نام، عُلّام بھی آیا ہے۔

عَلَّام: (ع مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لوگوں کی نسبت بہت زیادہ جاننے اور پہچاننے والا۔

عُلَّام: (ع مضموم، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت جاننے والا، علم الانساب کا ماہر، حِنا جس سے رنگائی کرتے ہیں، عَلَّامَۃ اور عَلَّامی بہت زیادہ جاننے والا، یہاں تا تانیث اور یا نسبت کے لیے نہیں ہے بلکہ مبالغہ کے لیے ہے یا یہ کہ دوبارا اس صیغے میں مبالغہ ہے جس کا اطلاق حق تعالیٰ پر نہیں کرتے تانیث اور نسبت کے شائبے کی وجہ سے۔

عَلْقَم: (ع مفتوح، ل ساکن، ق مفتوح، م موقوف) حنظل، اندرائن، تلخ مزہ درخت، ہر کڑوی چیز۔

عُلْجُوْم: (ع مضموم، ل ساکن، ج مضموم، و ساکن، م موقوف) نر مینڈک، مینڈھا، زیادہ پانی، سمندر کی موج، رات کی تاریکی، مضبوط اونٹ، کاٹنے والا اونٹ، حقیقت، ہرن، شتر مرغ، پہاڑی بکری بکرا، بوڑھا بیل، نر بطخ، نر شتر مرغ، نر پرندہ، جھاڑی، لوگوں کی جماعت، عَلَاجِیْم جمع ہے۔

عَلْجَم: (ع مفتوح، ل ساکن، ج مفتوح، م موقوف) دراز، لمبا۔

عُلْکُوْم: (ع مضموم، ل ساکن، ک مضموم، و ساکن، م موقوف) مضبوط اونٹ، طاقتور اونٹ۔

عَلْکَم: (ع مفتوح، ل ساکن، ک مفتوح، م موقوف) بروزن عَلْجَم، ایک آدمی کا نام۔

عَمّ: (ع مفتوح، م مشدد موقوف) باپ کے بھائی یعنی چچا، آدمیوں کا گروہ۔

عَمِیْم: (ع مفتوح، م مکسور، ی ساکن، م موقوف) تمام، مکمل، دراز، لمبا، سب کو اکٹھا کرنے والا، زیادہ بھیڑ، لوگوں کی کثرت (ہجوم)، عُمُم عَمِیْم کی جمع ہے۔

عُمُوْم: (ع مضموم، م مضموم، و ساکن، م موقوف) سب کو حاصل کرنا، قبضے میں لینا۔

عَمَائِم: (ع مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م موقوف) پگڑیاں، خود، ہر وہ چیز جو سر پر لپیٹیں، عِمَامَۃ کی جمع ہے۔

عَمَم: (ع مفتوح، م مفتوح، م موقوف) کثرت، ہجوم، بڑے قد و قامت والا، انسان وغیرہ کی خلقت، ہر مکمل اور شامل چیز، تمام لوگ۔

عَنْدَم: (ع مفتوح، ن ساکن، د مفتوح، م موقوف) سرخ لکڑی جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے، کالا خون، شوکت و عظمت۔

عَنَم: (ع مفتوح، ن مفتوح، م موقوف) سرزمینِ حجاز میں ایک درخت ہے جس کا پھل سرخ رنگ کا ہوتا ہے اس سے خضاب آلود انگلی کو تشبیہ دیتے ہیں، خرنوب شامی کے کنارے انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹٹی کی لکڑیوں میں لپٹ جاتے ہیں، گرگٹ کی ایک قسم۔

عَوْم: (ع مفتوح، و ساکن، م موقوف) تیرنا، کشتی، اونٹ کی رفتار۔

عُوَم: (ع مضموم، و مفتوح، م موقوف) پانی پر تیرنے والے سیاہ کیڑے، عُوَمَۃ کی جمع ہے۔

عُوَام: (ع مضموم، و مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک جگہ کا نام۔

عَوَّام: (ع مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) خوش رفتار گھوڑا، حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی کے والد بزرگوار کا نام۔

عُوَیم: (ع مضموم، و مفتوح، ی ساکن، م موقوف) ایک آدمی کا نام۔

عَیْم: (ع مفتوح، ی ساکن، م موقوف) دودھ کا خواہش مند ہونا، پیاسا ہونا۔

عَیَام: (ع مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، م موقوف) روز (دن)

﴿فصل العین مع النون﴾

عَبَّادَان: (ع مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک جزیرہ ہے جس کے دو حصے دریائے دجلہ سے گھرے ہوئے ہیں اور دریائے دجلہ بحر فارس میں گرتا ہے اس جزیرے کے بعد کوئی آبادی نہیں ہے۔

عَبْن: (ع مفتوح، ب ساکن، ن موقوف) جسم کی مضبوطی، موٹاپا۔

عُبُن: (ع مضموم، ب مضموم، ن موقوف) ملیح، خوبصورت، موٹا آدمی۔

عَبَنّ: (ع مفتوح، ب مفتوح، ن مشدد موقوف) بڑا موٹا گدھا اور اونٹ۔

عَتْن: (ع مفتوح، ت ساکن، ن موقوف) شدت و سختی کے ساتھ قید میں لے جانا قرض دار کو ستانا۔

عُتُن: (ع مضموم، ت مضموم، ن موقوف) سخت آدمی۔

عِثْن: (ع مکسور، ث ساکن، ن موقوف) کھجور کے بڑے درخت کی ایک قسم جس کو اونٹ چرتے ہیں، اصلاح کرنے والا، اونٹ اور بھیڑ کی رعایت کرنے والا۔

عَثَن: (ع مفتوح، ث مفتوح، ن موقوف) دھواں، چھوٹا بت، کپڑے کا خوشبودار ہونا، (دھونی دینا)

عَثِن: (ع مفتوح، ث مکسور، ن موقوف) کھانے میں کیڑا پڑ جانے کی وجہ سے اس کا خراب اور بدمزہ ہونا۔

عُثَان: (ع مضموم، ث مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) غبار، دھواں، ایک جگہ کا نام، آگ کو دور کرنا، عُثُون اسی معنی میں ہے۔

عَجِین: (ع مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ن موقوف) خمیر، مخنث۔

عَجْن: (ع مفتوح، ج ساکن، ن موقوف) گوندھنا، ہر چیز کو گوندھنا، چلنے میں اونٹ کا زمین پر اگلے پاؤں کو پٹکنا، کمزوری اور بڑھاپے کی وجہ سے اٹھنے کے وقت زمین پر ہاتھ رکھنا۔

عَجَن: (ع مفتوح، ج مفتوح، ن موقوف) موٹا ہونا، اونٹنی کی فرج اور دبر کے درمیان ورم ہونا۔

عَجِن: (ع مفتوح، ج مکسور، ن موقوف) موٹا، موٹا اور مضبوط اونٹ، گوشت۔

عَاجِن: (ع مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ن موقوف) اونٹنی جس کے پیٹ میں بچہ برقرار نہ رہے، قبل از وقت ساقط ہو جائے۔

عِجَان: (ع مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گردن، مقعد، زخم کا اندرونی حصہ، جیسے اور ذکر کا بیچ، خصیتین اور دبر کا درمیانی حصہ۔

عَجَّان: (ع مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) احمق، بےوقوف۔

عَدْن: (ع مفتوح، د ساکن، ن موقوف) اقامت کرنا، ایک جگہ ہمیشہ رہنا، جَنّٰتُ عَدْنٍ جنت کے باغات جن میں لوگ ہمیشہ رہیں گے، پتھر توڑنا، درخت کو تیر وغیرہ سے کاٹنا، اونٹ کا ہمیشہ خاردار درخت کھانا۔

عَدَن: (ع مفتوح، د مفتوح، ن موقوف) یمن میں ایک جزیرے کا نام۔

عَادِن: (ع مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ن موقوف) ایک ہی چراگاہ میں مقیم رہنے والا اونٹ۔

عَدَان: (ع مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) نہر کا کنارہ، دریا کے سلسلے، سات سال کی مدت، ایک جگہ کا نام۔

عَدْنَان: (ع مفتوح، د ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جد اعلیٰ کا نام جو فصاحت میں مشہور تھے۔

عِدْوَان: (ع مکسور، مضموم، د ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کسی پر ظلم و ستم کرنا، واپس کرنا، کودنا، حد سے آگے بڑھنا، ترک کرنا، چھوڑنا۔

عَدَوَان: (ع مفتوح، د مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دوڑنا، واپس لوٹانا، سخت دشمنی، حد سے گزرا ہوا قرض، حد سے زیادہ قرض۔

عِرْفَان:(ع مکسور، ر ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پہچاننا۔

عِرْنِین:(ع مکسور، ر ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ہر چیز، قوم کا سردار، ابرو کے قریب ناک کی جڑ یا ناک، ناک کی سخت ہڈی۔

عَرِین:(ع مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ن موقوف) شیر درندہ کا جنگل، کفتار (بجو) بھیڑیے اور سانپ کے رہنے کی جگہ، جنگل، گوشت، بنی تمیم کا ایک گروہ، فاختہ کی آواز، گھر اور شہر کی چہار دیواری، کانٹا، گوہ کا بل۔

عِرَان:(ع مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اونٹ کے ناک کی لکڑی، وہ بیماری جو چوپائے کے پچھلے پیر میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے بال جھڑ جاتے ہیں، ہاتھ اور پیر کی پھٹن، سختی، گھوڑے کے سر بند کی سختی، دوری، دور دراز مکانات، رہٹ کے درمیان کی لکڑی، جنگ کرنا، کفتار کی خواب گاہ، بجو کا بھٹ، شاخ، کھونٹی، کپڑا۔

عِرْنَان: (ع مکسور، ر ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک پہاڑ کا نام۔

عِرْن: (ع مکسور، ر ساکن، ن موقوف) پکی ہوئی چیز کی خوشبو۔

عَرَن: (ع مفتوح، ر مفتوح، ن موقوف) اونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا، ایک بیماری جو چوپایوں کے پیر میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے بال گر جاتے ہیں، چوپائے کے پیروں کا پھٹنا، زخمی ہونا، چوپائے کی ایڑی کی پھٹن، پکی ہوئی چیز کی مہک، دھواں، ایک درخت ہے جس کی کھال سے چمڑا پکاتے ہیں، پکا ہوا گوشت۔

عَرِن: (ع مفتوح، ر مکسور، ن موقوف) ہمیشہ جوا کھیلنے والا مرد یہاں تک کہ اس کو جوے کے اونٹ کا گوشت کھلاتے ہیں، ایک گھوڑے کا نام۔

عُرْجُون: (ع مضموم، ر ساکن، ج مضموم، و ساکن، ن موقوف) کھجور کی لکڑی یا وہ لکڑی جو ٹیڑھی اور سوکھی ہو جس کی شاخیں کٹی ہوئی ہوں، ایک گھاس کا نام۔

عَسْن: (ع مفتوح، س ساکن، ن موقوف) بالوں کی لمبائی اور خوبصورتی مع سفیدی، ایک جگہ کا نام۔

عِسْن: (ع مکسور، س ساکن، ن موقوف) مثل، نظیر، چربی، عُسْن بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

عُسْن: (ع مضموم، س ساکن، ن موقوف) مٹاپا۔

عُسُن: (ع مضموم، س مضموم، ن موقوف)

عَسَن: (ع مفتوح، س مفتوح، ن موقوف) چوپائے کے پیٹ میں گھاس کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔

عَسِن: (ع مفتوح، س مکسور، ن موقوف) تھوڑی گھاس کو پسند کرنے والا چوپایہ۔

عَسْقَلَان: (ع مفتوح، س ساکن، ق مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دریائے شام کے ساحل پر ایک شہر، عَسْقَلَانُ الرَّاس سر کا کنارہ۔

عَشْن: (ع مفتوح، ش ساکن، ن موقوف) اپنی رائے اور خواہش کے مطابق کچھ کہنا۔

عَطْن: (ع مفتوح، ط ساکن، ن موقوف) کھال کو دباغت کے لیے نمک میں ڈالنا تاکہ بال جھڑ جائیں۔

عَطَن: (ع مفتوح، ط مفتوح، ن موقوف) کھال کا عمدہ ہونا، تالاب کے کنارے اونٹوں کا باڑا، پانی کے قریب بکریوں کی چراگاہ، رَحِبُ العَطَن زیادہ مال، کشادہ دست دیا۔

عِطَان:(ع مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) لید گوبر، کھال میں نمک ڈالنا تاکہ نہ سڑے۔

عُطُون: (ع مضموم، ط مضموم، و ساکن، ن موقوف) اونٹنی کا سیراب ہونا، پانی پلانے کے بعد اونٹنی کو آرام دینا اور دوبارہ پانی پلانا، اونٹ کا سونا۔

عَفْن: (ع مفتوح، ف ساکن، ن موقوف) پہاڑ پر چڑھنا، متغیر کرنا، بدلنا، گوشت وغیرہ کو بدمزہ کرنا۔

عَفَن: (ع مفتوح، ف مفتوح، ن موقوف) ہوا، گوشت وغیرہ کا بدبودار ہونا۔

عَفَّان:(ع مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک مرد کا نام، اگر عَفَن سے ماخوذ ہے تو نون اصلی اور منصرف ہے

اوراگر عِفۃ سے ماخوذ ہےتو نون زائداور غیر منصرف ہے۔

عِقْیَان: (ع مکسور، ق ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سونا۔

عِقْنُون: (ع مکسور، ق ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) عرش کے نیچے ہوا کا سمندر ہے جس میں ہوا کے فرشتے رہتے ہیں اور ان کے پاس ہوا کے نیزے ہیں وہ عرش کے نگراں ہیں، جن کی تسبیح سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّنَا الاَعْلیٰ ہے۔

عِکَان: (ع مکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گردن (گلا)

عُکَن: (ع مفتوح رمضموم، ک مفتوح، ن موقوف) مٹاپے کی وجہ سے شکم کے بل اور پیچ، پیٹ کی سلوٹ، عُکْنَۃ بالضم کی جمع ہے۔

عَلَن: (ع مفتوح، ل مفتوح، ن موقوف)

عُلُوْن: (ع مضموم، ل مضموم، و ساکن، ن موقوف)

عَلَانِیَۃ: (ع مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ہ موقوف) آشکارا کرنا، ظاہر، کھلم کھلا۔

عِلَان: (ع مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اعلان کرنا، ظاہر کرنا، مقام صَنْعَا کے نزدیک ایک قلعے کا نام۔

عُلْوَان: (ع مضموم، ل ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پہلی کتاب، کتاب کا عنوان، مضمون کی سرخی، قدیم لغت میں عنوان کی جگہ علوان استعمال ہے۔

عِلِّیِّیْن: (ع مکسور ل مشدد مکسور، ی مشدد مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بہشت کی اونچی کھڑکیاں، جمع ہے عِلِّیَّۃ کی، نیک بندوں کے اعمال نامے۔

عِمْرَان: (ع مکسور، م ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام، حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے باپ کا نام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت ابو طالب کا نام۔

عَمْرَان: (ع مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) عمرو بن جابر اور عمرو بن نذر مراد لیے جاتے ہیں، تالو میں لٹکے ہوئے گوشت کے دو ٹکڑے۔

عُمَرَان: (ع مضموم، م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ابوبکر و عمر یا عمر بن الخطاب اور عمر بن عبدالعزیز مراد ہیں۔

عَمْن: (ع مفتوح، م ساکن، ن موقوف) کسی جگہ ٹھہرنا، اقامت کرنا۔

عُمُن: (ع مضموم، م مضموم، ن موقوف) کسی جگہ کے ٹھہرنے والے، کسی جگہ کے باشندے۔

عُمَان: (ع مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ملک یمن کا ایک شہر، عَمّان شام کا ایک شہر۔

عِنْوَان ـ عِنْیَان: (ع مکسور رمضموم، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) (ع مکسور رمضموم، ن ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کتاب کا دیباچہ اور اس کا نشان، کسی چیز کا اول (پہلا) حصہ اور وہ چیز جس کے ذریعے کسی چیز پر دلیل حاصل کرتے ہیں، وہ چیز جو کسی چیز کے ذریعے سمجھی اور معلوم کی جائے۔

عُنُوْن: (ع مضموم، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) سامنے آنا، آگے بڑھ جانا، ظاہر ہونا۔

عَنُوْن: (ع مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) چلنے میں چوپائے کا آگے بڑھ جانا۔

عَنّ: (ع مفتوح، ن مشدد موقوف) کسی چیز کا سامنے ظاہر ہونا، پیش آنا۔

عُنّ: (ع مضموم، ن مشدد موقوف) ایک قبیلہ، ایک جگہ کا نام۔

عَنْ: (ع مفتوح، ن موقوف) حرف ہے از (سے) کے معنی میں، جانب کے معنی میں، کنارہ۔

عَنَن: (ع مفتوح، ن مفتوح، ن موقوف) سامنے اور سامنے آنے والی چیز۔

عَنِیْن: (ع مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن موقوف) جو کسی کو روکنے پر قادر نہ ہو۔

عِنِّیْن: (ع مکسور، ن مشدد مکسور، ی ساکن، ن موقوف) نامرد، وہ شخص جو عورتوں کے ساتھ مجامعت (صحبت) پر قادر نہ ہو۔

عِنَان: (ع مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) لگام کا تسمہ، سامنے، سامنے آنا، معارضہ، مقابلہ، روبرو ہونا، کسی کے ساتھ خرید و فروخت میں شریک ہونا، گھر کا کنارہ، آسمان کی طرف دیکھنے میں جو نظر آئے، پیٹھ کی رگ (نس)، عِنَانَان دو رگیں۔

عَنَان: (ع مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بادل، وہ بادل

جو پانی کو محفوظ رکھتا ہے، ایک وادی کا نام ہے، آسمان کے اطراف، افق۔

عَنَّان: (ع مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بھلائی میں تاخیر کرنے والا، بہت سبقت لے جانے والا۔

عُنْفُوَان: (ع مضموم، ن ساکن، ف مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ہر چیز کی ابتدا، عُنْفُوَانُ الشَّبَاب وَالنَّبَات جوانی کی ابتدا اور گھاس کا اگنا۔

عَوْن: (ع مفتوح، و ساکن، ن موقوف) مددگار، پشت پناہ، واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے، مدد کرنا، دوستی۔

عَوَنْ: (ع مفتوح، و مفتوح، ن موقوف) ادھیڑ عمر والا، منجھلا۔

عَوَان: (ع مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سخت جنگ، شوہر والی عورت، ادھیڑ عمر کی گائے اور عورت، ہر درمیانی چیز، عُوْن جمع ہے، دریائے یمن کے ساحل پر ایک شہر کا نام، وہ زمین جس میں بارش ہوئی ہو۔

عِہْن: (ع مکسور، ہ ساکن، ن موقوف) اون یا رنگ برنگ اون، عُہُوْن جمع ہے۔

عَہْن: (ع مفتوح، ہ ساکن، ن موقوف) کسی جگہ قیام کرنا، کسی جگہ سے باہر آنا (نکلنا)، کسی کام میں کوشش کرنا، کسی کو جلد پورا کرنا، کھجور کے پتوں کا خشک ہونا۔

عَاہِن: (ع مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ن موقوف) محتاج، نیا مال، حاضر، مقیم، ایک جگہ مقیم، ثابت قدم رہنے والا، سست اور کاہل مرد، درخت کی شاخ جو تنے کے قریب ہو، لچک دار شاخ، آدمی کا بے سوچے سمجھے بات کہنا، اونٹنی کے رحم کی نس، عَوَاہِن جمع ہے۔

عَیْن: (ع مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) آنکھ (چشم) اَعْیَان، اَعْیُن اور عُیُوْن جمع ہے، اہل شہر، اہل خانہ، کسی چیز کو گھور کر دیکھنا اور کسی چیز کو آنکھ میں ڈالنا، آدمی، ایک شخص، ہذیل کا ایک شہر ہے، بلادِ ہذیل میں ایک جگہ کا نام ہے، ملک شام میں ایک گاؤں ہے، کوہِ لکام کے نیچے ملک یمن کا ایک گاؤں، پانی کا جاری ہونا، وہ چمڑا جو کمان کے چلّے کے بیچ میں لگاتے ہیں اور اس میں غلولہ رکھ کر چلاتے ہیں، گروہ، مال، ہر موجود چیز، مشہور حرف ہے، ہر منتخب چیز، کھال پر چھوٹے چھوٹے آبلے، پاسبان، جاسوس، کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے، دینار، سونا، ہر چیز کی ذات اور نفس، حقیقت، قبلہ اور پیشوا کی ذات، قبلہ کی طرف سے اٹھنے والا بادل یا قبلۂ عراق کی جانب سے اٹھنے والا بادل یا وہ بادل جو عراق کے قبلے کی داہنی جانب سے نمودار ہو، سورج، سورج کی کرن، ایک پرندہ، انگور، قوم کے اکثر لوگ، اکثر مال، گندی نالی کے پانی کے بہنے کی جگہ، چند روزہ بارش کا جمع ہوا پانی، کنویں کے پانی کے جاری ہونے کی جگہ، مرد کا دیدار، کجی، ترازو کا جھکاؤ، کنارہ، پانی کا چشمہ، سات دینار کا آدھا دانگ (دانگ چھٹا حصہ)، نظر کرنا، گڑھا، زانو کا چھوٹا گڑھا (گھٹنا)، حقیقی بھائی جن کے ماں باپ ایک ہوں، ذوالعین حضرت قتادہ صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کی ایک آنکھ باہر آگئی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دوبارہ چشم خانہ میں رکھ دیا جس کی وجہ سے وہ آنکھ دوسری آنکھ سے زیادہ عمدہ دیکھتی تھی، عَیْنُ الشَّمْس مصر میں ایک مقام جہاں بلسان کا درخت ہوتا ہے۔

عِیْن: (ع مکسور، ی ساکن، ن موقوف) نیل گائیں، وہ عورتیں جن کی آنکھوں کی سفیدی اور سیاہی حد کمال کو پہنچی ہو، عَیْنَاء کی جمع ہے۔

عَیَنْ: (ع مفتوح، ی مفتوح، ن موقوف) اچھی آنکھ والا ہونا۔

عَیُوْن: (ع مفتوح، ی مضموم، و ساکن، ن موقوف) بہت نظر لگانے والا، عِیْن اور عُیُن جمع ہے۔

عُیُوْن: (ع مضموم، ی مضموم، و ساکن، ن موقوف) عَیْن کی جمع ہے، حکمت میں شیخ ابو علی سینا کی ایک کتاب، انوری کہتا ہے۔

ایا سرای محامد غرض محامد تست
عیون غیر عیوں را فسانہ دان و فسوں

اندلس میں ایک شہر کا نام ہے، بحرین میں ایک گاؤں کا نام، عُیُوْنُ البقر کالا گول انگور اور آلو سیاہ (گل مینا) (م)

عَیْنَیْن: (ع مفتوح، ی ساکن، ن مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) بحرین میں ایک گاؤں۔

عِثْنِیْن : (ع مفتوح رمکسور، ن مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) احد کے قریب ایک پہاڑ ہے جس پر کھڑے ہوکر شیطان لعین نے پکارا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم قتل کردیے گئے۔

عِیَان : (ع مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) آنکھ سے دیکھنا، تیر کا پھل (لوہا)، کھیت جوتنے کا ہل جس کے ذریعہ زمین کو قابل زراعت بناتے ہیں۔

﴿فصل العین مع الواو﴾

عُتُوّ : (ع مضموم، ت مضموم، و مشدد مفتوح) غرور، سرکشی کرنا، حد سے آگے بڑھنا، بہت بوڑھا ہونا۔

عُثُو : (ع مضموم، ث ساکن، و موقوف) تباہی اور فساد برپا کرنا۔

عَجْو : (ع مفتوح، ج ساکن، و موقوف) بچے کو دودھ پلانا۔

عَدْو : (ع مفتوح، د ساکن، و موقوف) دوڑنا، کسی پر ظلم کرنا، کسی کام میں مشغول ہونا، کسی چیز پر چھلانگ لگانا، کسی چیز سے آگے بڑھنا، ترک کرنا، چھوڑنا۔

عَدُوّ : (ع مفتوح، د مضموم، و مشدد موقوف) دشمن، جمع اور مفرد دونوں آیا ہے، مذکر اور مونث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، ظلم کرنا، حد سے گزرنا۔

عَرْو : (ع مفتوح، ر ساکن، و موقوف) عطیہ مانگنے کے لیے قصد کرنا، سوال کے لیے کسی کے پاس جانا۔

عَزْو : (ع مفتوح، ز ساکن، و موقوف) کسی چیز کو کسی چیز سے نسبت دینا۔

عَسْو : (ع مفتوح، س ساکن، و موقوف) بوڑھا ہونا، گھاس کا موٹا ہونا، رات کی سخت تاریکی، موم کے معنی میں بھی آیا ہے۔

عَشْو : (ع مفتوح، ش ساکن، و موقوف) رات میں دور سے آگ دیکھنا اور اس کی طرف جانا، کسی کو رات کا کھانا کھلانا، عشا کے وقت کچھ کھانا۔

عِشْو : (ع مکسور، ش ساکن، و موقوف) دودھ کا پیالہ جو بکریوں کے صحرا میں جانے کے وقت پیا جائے یا اس کے بعد پیا جائے۔

عَصْو : (ع مفتوح، ص ساکن، و موقوف) کسی چیز سے زخم باندھنا، بھلائی یا برائی پر لوگوں کو جمع کرنا، لاٹھی سے مارنا۔

عَضْو : (ع مفتوح، ض ساکن، و موقوف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

عِضْو : (ع مکسور رمضموم، ض ساکن، و موقوف) ہڈی میں لگا ہوا زیادہ گوشت، جسم کا حصہ، فارسی میں جسے اَندام کہتے ہیں۔

عَطْو : (ع مفتوح، ط ساکن، و موقوف) ہاتھ سے پکڑنا، غالب ہونا، سر اور دونوں ہاتھ اٹھانا۔

عِطْو : (ع مفتوح رمکسور رمضموم، ط ساکن، و موقوف)

عَطُوّ : (ع مفتوح، ط مضموم، و مشدد موقوف) وہ ہرن جو درخت کی طرف گردن اٹھائے تاکہ اس کی پتیاں کھائے۔

عَظْو : (ع مفتوح، ظ ساکن، و موقوف) غمگین کرنا، زہر پلانا، بھلائی سے پھیرنا، گالی دینا، غیبت کرنا۔

عَفْو : (ع مفتوح، ف ساکن، و موقوف) گناہ سے درگزر کرنا، معاف کرنا، کسی کی غلطی سے اعراض کرنا، سزا نہ دینا، کسی چیز کا نشان مٹانا، عمدہ اور اچھا مال، عمدہ اور منتخب چیز، زیادہ، احسان، بخشش، زیادہ پانی، وہ زمین اور شہر جس میں عمارت اور زراعت کا اثر نہ ہو، گدھے کا بچہ، اس معنی میں تینوں حرکتوں کے ساتھ عُفو بھی آیا ہے، کسی کے گناہ سے درگزر کرنے والا مرد، اونٹ کا چراگاہ میں چرنا، اونٹ کے بالوں کا گھنا اور لمبا ہونا اس طرح کہ اس کی دبر چھپ جائے، زیادہ عقل والا ہونا، گھاس کا زمین کو چھپا لینا، اون کاتنا، پانی میں ایسی چیز نہ ڈالنا جو اس کو گندا کردے۔

عَفُوّ : (ع مفتوح، ف مضموم، و مشدد موقوف) گناہوں سے زیادہ درگزر کرنے والا۔

عَقْو : (ع مفتوح، ق ساکن، و موقوف) کنواں کھودنا، جھنڈے کا بلند ہونا، کسی چیز کو ناپسند کرنا۔

عِلْو : (ع مفتوح رمکسور رمضموم، ل ساکن، و موقوف) بلندی۔

عُلُوّ : (ع مضموم، ل مضموم، و مشدد موقوف) بلند ہونا۔

عَمْو : (ع مفتوح، م ساکن، و موقوف) گمراہی، ذلت، انکساری، عاجزی۔

عَنْو : (ع مفتوح، ن ساکن، و موقوف) قید ہونا، عاجزی ظاہر کرنا، گھاس کا زمین کو ظاہر کرنا، کتے کا آنا اور کسی چیز کو سونگھنا، کام کا

مشکل ہونا، کسی پر حکم کا نازل ہونا، کثرت کی وجہ سے مشک کا پانی کو محفوظ نہ رکھنا، آسمان کا کنارہ، مختلف قبائل کے گروہ کا ایک آدمی۔

عِنْو : (ع مکسور، ن ساکن، و موقوف) گدھے اور اونٹ کا بچہ۔

﴿فصل العین مع الہاء﴾

عَمُتَہ : (ع مفتوح رمضموم، ت ساکن، ہ موقوف)

عَتَہٌ : (ع مفتوح، ت مفتوح، ہ موقوف) کم عقل ہونا، کسی چیز پر حریص ہونا، کسی کی آرزو میں حریص ہونا، کسی کی بات کو بیان کرنا۔

عَتِیْہ : (ع مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ہ موقوف) عاشق زار، بے عقل، مَعْتُوہ بھی اسی معنی میں ہے۔

عَضْہٌ : (ع مفتوح، ض ساکن رمفتوح، ہ موقوف) جھوٹ، بہتان، عیب، جادو کرنا۔

عَضِہٌ : (ع مفتوح، ض مکسور، ہ موقوف) بڑا درخت، کانٹے دار درخت، جھوٹ، بہتان، جادو۔

عَاضِہٌ : (ع مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ہ موقوف) جادوگر، ایسا سانپ جب وہ کسی کو کاٹے وہ آدمی فوراً مر جائے۔

عَلَہٌ : (ع مفتوح، ل مفتوح، ہ موقوف) سرگشتہ اور بے ہوش ہونا، ملامت میں پڑا ہوا، خُمار کی تکلیف میں پڑنا، بھوکا ہونا، کسی چیز میں دھنس جانا، خوف و امید میں آنا جانا۔

عَمْہ : (ع مفتوح، م ساکن، ہ موقوف) حیران و پریشان ہونا۔

عَمَہٌ : (ع مفتوح، م مفتوح، ہ موقوف) راستے میں حیران و پریشان ہونا، دلیل اور حجت نہ جاننا، دور ہونا

﴿فصل العین مع الیاء﴾

عَاتِیْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ی موقوف) حد سے زیادہ بڑھنے والا، سرکش، مغرور۔

عَادِیْ : (ع مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی موقوف) دشمن، حد سے زیادہ آگے بڑھنے (گزرنے) والا، ظلم کرنے والا۔

عَارِیْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی موقوف) برہنہ، ننگا۔

عَاسِیْ : (ع مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ی موقوف) سن رسیدہ (زیادہ عمر والا) بوڑھا۔

عَاصِیْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ی موقوف) وہ رگ پچھنا لگانے میں جس کا خون نہ رکے، نافرمان، باغی۔

عَافِیْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ی موقوف) گناہ سے درگزر کرنے والا، لمبی داڑھی والا۔

عَالِیْ ۔ عَلِیْ (ع مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ی موقوف) (ع مفتوح، ل مکسور، ی موقوف) بلند، اونچا۔

عَانِیْ : (ع مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی موقوف) قیدی، بہنے والا خون۔

عَبْقَرِیْ : (ع مفتوح، ب ساکن، ق مفتوح، ر مکسور، ی مشدد موقوف) لطیف، عجیب و غریب کپڑے، ہر عمدہ اور نفیس چیز، اس کی تحقیق عبقر میں گزر چکی ہے۔

عُتِیّ : (ع مکسور رمضموم، ت مکسور، ی مشدد موقوف) حد سے گزرنا، بہت بوڑھا ہونا۔

عَدِیّ : (ع مفتوح، د مکسور، ی مشدد موقوف) دوڑنے والا، وہ جماعت جو جنگ کے لیے تیار ہو، ایک قبیلے کا نام، حاتم طائی کے بیٹے کا نام جو صحابی رسول تھے اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے خواص میں سے تھے۔

عَرِیّ : (ع مفتوح، ر مکسور، ی مشدد موقوف) ننگا، خالی۔

عَشِیّ : (ع مفتوح، ش مکسور، ی مشدد موقوف) دن کا اخیر حصہ۔

عِشِیّ : (ع مکسور، ش مکسور، ی مشدد موقوف) رات کا کھانا۔

عَصْی : (ع مفتوح، ص ساکن، ی موقوف) نافرمانی کرنا۔

عُمْی : (ع مضموم، م ساکن، ی موقوف) اندھے۔

عِیّ : (ع مکسور، ی مشدد موقوف) عاجزی، تھکن، عاجز ہونا، گفتگو میں عاجز ہونا، بیان کی ضد ہے، کسی چیز تک نہ پہنچنا، کسی چیز کے استحکام سے عاجز رہنا۔

عَیّ : (ع مفتوح، ی مشدد موقوف) عدنان کے بھائیوں کا نام۔

باب الغین

فصل الغین مع الالف

غَبْرَاء: (غ مفتوح، ب ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) زمین، مادہ چکور، بہت درختوں والی زمین، ایک گھوڑے کا نام، ایک درخت جس کے پھل کو غُبَیْرا کہتے ہیں۔

غُبَیْرَاء: (غ مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) چینا کی شراب، ایک پھل جس کو سنجد کہتے ہیں اور اس کے درخت کو غبرا کہتے ہیں، بعض لوگوں نے برعکس کہا ہے۔

غُثَاء: (غ مضموم، ث مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سوکھی گھاس، وہ کوڑا کرکٹ جسے سیلاب بہا کر لائے، جھاگ، ہلاک، ٹوٹی ہوئی کشتی اور سامان جو سیلاب کی جھاگ میں شامل ہو، ثا کی تشدید کے ساتھ بھی آیا ہے۔

غَدَاء: (غ مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دن کا کھانا، عِشا کی ضد۔

غَذَّاء: (غ مفتوح، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ایک آدمی کا نام۔

غِذَاء: (غ مکسور، ذ مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کھانا جس سے جسم کی نشوونما ہوتی ہے اور وہ قوام بدن ہے، بھیڑ اور بکری کے بچے، اس معنی میں غِذِیّ کی جمع ہے غَنِیّ کے وزن پر۔

غَذَا: (غ مفتوح، ذ مفتوح، ا موقوف) اونٹ کا پیشاب۔

غُرَبَاء: (غ مضموم، ر مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مسافر لوگ۔

غُرَمَاء: (غ مضموم، ر مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) قرض دار، قرض خواہ۔

غِرَاء: (غ مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سریش (ایک قسم کا لیس دار مادہ جس سے لکڑی چپکاتے ہیں)، وہ شخص جس کے پاس چوپائے نہ ہوں۔

غَرَا: (غ مفتوح، ر مفتوح، ا موقوف) ملنے کی چیز، ہر چپکنے والی چیز، وہ سریش جو مچھلی سے نکالتے ہیں، گائے کا بچہ، ہر چیز کا بچہ، کمزور۔

غَزَاء: (غ مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کافروں سے جنگ کے لیے جانا۔

غِشَاء: (غ مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پردہ، زین اور تلوار وغیرہ کا سنہرا غلاف۔

غَضَا: (غ مفتوح، ض مفتوح، ا موقوف) غضاۃ کی جمع ہے، ایک جنگلی درخت جو بیری کے درخت کے مانند ہوتا ہے۔

غِطَاء: (غ مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ڈھکن، وہ چیز جس سے کسی چیز کو ڈھانکا جائے۔

غَلَاء: (غ مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مال کی قیمت کا گراں ہونا، چھوٹی مچھلی، تیر کو انتہائی دور پھینکنے والا، وہ تیر جو اوپر اڑے اور دور جائے۔

غُمَیْصَاء: (غ مضموم، م مفتوح، ی ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دو شعری ستاروں میں سے ایک ستارہ۔

غَمَیٰ: (غ مفتوح، م مفتوح، ی مقصورہ موقوف) بے ہوش آدمی، جمع اور مفرد دونوں کے لیے ہے، وہ چیز جو گھوڑے کو اڑھائیں تا کہ پسینہ دے۔

غِمَاء: (غ مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گھر وغیرہ کی چھت یا وہ چیز جو گھر کے اوپر رکھیں۔

غَنَاء: (غ مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) فائدہ، نفع، بے نیازی، زور، قوت۔

غِنَاء: (غ مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گیت، نغمہ، راگ۔

غِنَیٰ: (غ مکسور، ن مفتوح، ی مقصورہ موقوف) مال داری، بے نیازی۔

غَوْغَا: (غ مفتوح، و ساکن، غ مفتوح، ا موقوف) زیادہ ٹڈیاں، بہت لوگوں کی ملی جلی بھیڑ، کمینہ آدمی، غَاغَۃ بھی اس معنی میں ہے۔

فصل الغین مع الباء

غَاب: (غ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) شیر کا جنگل، غَابَۃ کی جمع ہے۔

غِبّ: (غ مکسور، ب مشدد موقوف) انجام، کسی چیز کی انتہا، اونٹ کا ایک دن پانی پینا اور ایک دن پیاسا رہنا، ہفتے میں کسی کی ایک بار زیارت کرنا، ایک روز کے ناغے سے بخار آنا، جو شخص ایک دن آئے اور ایک دن نہ آئے۔

غَبّ: (غ مفتوح، ب مشدد موقوف) چوپائے کا ایک دن کے ناغے سے پانی پینا۔

غُبّ: (غ مضموم، ب مشدد موقوف) موج زن دریا جو ساحل سے گزر کر صحرا تک بہے، نیچی زمین۔

غَبْغَبْ: (غ مفتوح، ب ساکن، غ مفتوح، ب موقوف) ایک بت کا نام، منیٰ میں ایک پہاڑی کا نام، ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا گوشت جسے طوق گلو کہتے ہیں، اس معنی میں غَبَبْ بفتحتین ہے۔

غُبَیْب: (غ مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) مدینہ میں ایک جگہ کا نام ہے، یمامہ میں ایک گاؤں۔

غَرْب: (غ مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) بڑا ڈول اور وہ برتن جس سے پانی نکالیں، تلوار کی تیزی، زبان کی تیزی، گھوڑے کی تیز رفتاری یا پہلی رفتار، تیز رفتار گھوڑا، سورج اور چاند کے ڈوبنے کی جگہ، دور ہونا، چیز کی ابتدا، کنارہ، جانا، تیزی، آنکھ میں ایک رگ ہے جس سے ہمیشہ پانی بہتا ہے اور رکتا نہیں ہے جیسے ناسور، آنسو، آنسو بہنے کی جگہ، آنکھ سے آنسو بہنے کی جگہ، آنکھ کا آبلہ، تھوک کی کثرت، عرب میں ایک بڑا خاردار درخت، پانی پلانے کا دن، آنکھ کا اگلا اور پچھلا حصہ، جدائی، دوری۔

غُرْب: (غ مضموم، ر ساکن، ب موقوف) وطن سے باہر جانا، اپنے مقام سے دور نکل جانا۔

غَرَبْ: (غ مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) ایک درخت جس کو فارسی میں بدو کہتے ہیں، شراب، سونا، چاندی، نقرئی جام، پیالہ، ایک بیماری جو بکری اور بھیڑ کو ہوتی ہے، وہ پانی جو ڈول سے حوض میں گرتا ہے، گھوڑے کی آنکھ کی پھنسی، گوشۂ چشم کا ورم، کیچڑ کی مہک، سَهْمُ غَرَبٍ بطریق اضافت سے اور سَهْمٌ غَرَبٌ بطریق صفت یعنی وہ تیر جس کا چلانے والا معلوم نہ ہو۔

غُرُبْ: (غ مضموم، ر مضموم، ب موقوف) غریب، ایک جگہ کا نام۔

غُرَّبْ: (غ مضموم، ر مشدد مفتوح، ب موقوف) ملک شام میں ایک پہاڑ۔

غُرُوْب: (غ مضموم، ر مضموم، و ساکن، ب موقوف) سورج اور چاند کا ڈوبنا، آنسو کی نلیاں، دانت کی تیزی، دانت کی چمک، ان دونوں معنوں میں غَرْب کی جمع ہے۔

غَارِبْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ب موقوف) اونٹ کے کوہان اور گردن کے بیچ کا حصہ، اونٹ کی گردن اور دونوں کندھوں کا درمیانی حصہ، غَوَارِب جمع ہے، غَوَارِبُ السَّمَاء یعنی پانی کی موجوں کی تیزی۔

غُرَاب: (غ مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) کوا، غِرْبَان جمع ہے، تیر کی تیزی، برف، ایک آدمی کا لقب، ایک پہاڑ کا نام، دمشق میں ایک محلّہ، ایک گھوڑے کا نام، گردن اور سر کا پچھلا حصہ، اونٹ اور گھوڑے وغیرہ کی سرین کی ہڈی کا کنارہ جو ران سے ملا ہوا ہے، دونوں کناروں کو غُرَابَان کہتے ہیں، رِجْلُ الغُرَاب وہ چیز جسے اونٹنی کے تھن پر باندھتے ہیں تاکہ اس کا بچہ دودھ نہ پیے، ایک بہت نفع بخش گھاس جس کو بربری زبان میں اِطْرِیْلال کہتے ہیں جو جسم کے دھبے (چھائیں) اور برص کے ازالے کے لیے مجرب ہے۔

غَرِیْب: (غ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) دور، بیگانہ، مسافر، انوکھی چیز۔

غَرْبِیْب: (غ مفتوح، ر ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) بہت کالا، غَرَابِیْب جمع ہے۔

غِرْبِیْب: (غ مکسور، ر ساکن، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) اچھے انگور کی ایک قسم۔

غَصَبْ: (غ مفتوح، ص مفتوح، ب موقوف) کسی چیز کو زبردستی لینا، کسی پر ظلم (جبر) کرنا، سختی کے ساتھ کھال سے بال اور اون اکھاڑنا۔

غَضْب: (غ مفتوح، ض ساکن، ب موقوف) بیل، شیر، بہت سرخ چیز،

گاڑھا سرخ رنگ، سخت پتھر۔

غَضَبْ: (غ مفتوح، ض مفتوح، ب موقوف) غصہ کرنا، ناراض ہونا۔

غَضُوْب: (غ مفتوح، ض مضموم، و ساکن، ب موقوف) بہت غضبناک آدمی، کاٹنے والا سانپ، بری عادت والی اونٹنی اور عورت، ایک عورت کا نام۔

غِضَاب: (غ مکسور/مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) آنکھ میں پڑنے والا تنکا، ایک بیماری، جسم پر نکلنے والی پھنسیاں۔

غِضَاب: (غ مکسور/مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک گاؤں کا نام۔

غُلْب: (غ مضموم، ل ساکن، ب موقوف) بہت گھنا باغ جس کے درخت باہم پیوست اور ملے ہوئے ہوں۔

غَلْبْ: (غ مفتوح، ل ساکن/مفتوح، ب موقوف) موٹی گردن والا ہونا۔

غَلِبْ: (غ مفتوح، ل مکسور، ب موقوف) بہادر، موٹی گردن والا آدمی۔

غَلَبْ: (غ مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) غالب ہونا۔

غَلَاب: (غ مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک آدمی کا نام، ایک عورت کا نام، اس تقدیر پر مبنی بکسر ہے۔

غَلَّاب: (غ مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بہت غالب آنے والا بہادر مرد۔

غَالِبْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ب موقوف) بہادر، زبردست، طاقتور، ایک آدمی کا نام، مصر زیریں میں ایک موضع کا نام۔

غَہَبْ: (غ مفتوح، ہ مفتوح، ب موقوف) غفلت، لاعلمی، بھولنا، بے ارادہ۔

غَیْہَبْ: (غ مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، ب موقوف) تاریکی (اندھیرا)، رات، بہت کالا گھوڑا وغیرہ، غافل مرد، بھاری، ناگوار، بے عقل، بہت بالوں والا کپڑا۔

غَیْب: (غ مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) پوشیدہ ہونا، نیچی زمین، شک، گمان، چربی۔

غُیَّبْ: (غ مفتوح/مضموم، ی مشدد مفتوح، ب موقوف) غائب ہونے والے لوگ، غائب کی جمع ہے۔

﴿فصل الغین مع التاء﴾

غَادِیَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) صبح کے وقت اٹھنے والا بادل یا صبح کی بارش، غادیات اور غوادی جمع ہے۔

غَائِلَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) شر، برائی، تکلیف۔

غَارَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) برباد، تاراج کرنے والے گھوڑے۔

غَاغَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) منتشر جماعتیں، مختلف جماعت کے ملے جلے لوگوں کا ہجوم۔

غَانِیَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ عورت جو حسن و جوانی کی وجہ سے زیور اور زینت سے بے نیاز ہو، وہ عورت جو اپنے شوہر کے علاوہ دوسرے مردوں کی پرواہ نہ کرے، جوان، پارسا، پردہ نشین، عورت جو مرد کی خواہش نہ رکھے خواہ شوہر والی ہو یا نہ ہو۔

غَایَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کی انتہا، آخر، جھنڈا، نشان، غرض، مطلب۔

غَابَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) جنگل، حجاز میں ایک جگہ کا نام ہے، گڈھا۔

غَاشِیَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) قیامت، دوزخ کی آگ، وہ بیماری جو جسم کے اندر ہو، وہ چمڑا جو شمشیر کے قبضے پر لگاتے ہیں، سوال کرنے والے، زیارت کرنے والے، کسی کے پاس آنے والے دوست، وہ لوہا جو پالان کی پچھلی لکڑی کے اوپر ہوتا ہے، بے ہوش کرنے والے، پہنانے والے۔

غَالِیَۃْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) مشہور خوشبو ہے جو عنبر، دہن البان، مشک اور کافور وغیرہ ملا کر

بناتے ہیں، دُهْنُ البان بید مشک کا تیل (روغن بید مشک) (م)۔

غَبَاوَةٌ: (غ مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) احمق، نادان اور کند ذہن ہونا۔

غِبْطَۃٌ: (غ مفتوح ر مکسور، ب ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) رشک، کسی کی خوشحالی کی تمنا کرنا اس کی خوشحالی کا زوال نہ چاہتے ہوئے، حسد کی ضد۔

غُبْرَةٌ: (غ مضموم، ب ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سیاہی۔

غَبْرَةٌ: (غ مفتوح، ب ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گرد و غبار، زیادہ درختوں والی زمین۔

غَبِيْثَۃٌ: (غ مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) ہَرِیْثَۃ کے وزن پر ہے، ملا جلا مکھن اور پنیر۔

غَثَاثَۃٌ ـ غُثُوْثَۃٌ: (غ مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) (غ مضموم، ث مضموم، و ساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) کمزور ہونا۔

غُدَّةٌ: (غ مضموم، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گوشت کا گول ٹکڑا جو گوشت میں ہوتا ہے، غدود، پٹھے سے ملا ہوا سخت ٹکڑا۔

غُدْوَةٌ: (غ مضموم، د ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) طلوع فجر اور طلوع آفتاب کا درمیانی وقت۔

غَدَاوَةٌ: (غ مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) صبح۔

غِرَّةٌ: (غ مکسور، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) فریفتگی، ناتجربہ کاری۔

غُرَّةٌ: (غ مضموم، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) مہینہ، قوم کا سردار، گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو درم سے بڑی ہو، اول، ہر بہتر چیز، غلام، لونڈی۔

غَرِيْزَةٌ: (غ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) خصلت، طبیعت۔

غَرَارَةٌ: (غ مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) ناآزمودہ اور ناتجربہ کار ہونا، فریب کھانا۔

غِرَارَةٌ: (غ مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بوری، تھیلا، غَرَائِر جمع ہے، صاحب صراح کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ اس معنی میں یہ لفظ فارسی ہے۔

غَرْغَرَةٌ: (غ مفتوح، ر ساکن، غ مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) موت کے وقت حلق میں آواز کا گرگر کرنا، پانی سے غرغرہ کرنا، آواز گلوگیر نکالنا، ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا، ناک کی ہڈی اور شیشی کے سرے کو توڑنا، وہ چھوٹا برتن جس میں پرندے کا چینا ڈالتے ہیں، جانور کا پوٹا جس میں وہ کھانا جمع کر لیتا ہے (م)، غُرغُرة بھی اس معنی میں ہے، چرواہے کی آواز کی حکایت۔

غَرَامَۃٌ: (غ مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) تاوان، تاوان زدہ ہونا، وہ چیز جس کا ادا کرنا ضروری ہو، جرمانا، ڈنڈ۔

غُرْبَۃٌ: (غ مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) اپنے وطن اور شہر سے دور ہونا۔

غَرْفَۃٌ: (غ مفتوح، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ہاتھ سے ایک بار پانی اٹھانا۔

غِرْفَۃٌ: (غ مکسور، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) چلو سے پانی اٹھانے کی ایک قسم۔

غُرْفَۃٌ: (غ مضموم، ر ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ایک چلو پانی، چھت کے کنارے پر بالا خانہ جسے فارسی میں پروارہ کہتے ہیں یعنی وہ بالا خانہ جس میں ہوا کے لیے چاروں طرف کھڑکیاں ہوں، غُرْفات جمع ہے۔

غَرْبَلَۃٌ: (غ مفتوح، ر ساکن، ب مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) چھلنی میں چھاننا، کاٹنا، پھرنا۔

غَزَارَةٌ: (غ مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) زیادتی، دودھ، پانی، میوہ وغیرہ کا زیادہ ہونا۔

غَزَالَۃٌ: (غ مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) سورج، ہرن کا مادہ بچہ، غَزَالَةُ الضُّحیٰ اول چاشت۔

غَزَّةٌ: (غ مفتوح، ز مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ملک شام میں فلسطین

کے قریب ایک شہر جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا جناب ہاشم کا مدفن ہے اور امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مولد ہے۔

غُسَالَۃٌ: (غ مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) وہ پانی جس سے ہاتھ منہ دھویا گیا ہو، استعمال کیا ہوا پانی، دھون، وہ پانی جو دھونے کے وقت کسی جگہ گرے۔

غِشَاوَۃٌ: (غ مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) پردہ، غُشَاوَۃٌ بھی اس معنی میں ہے۔

غُصَّۃٌ: (غ مضموم، ص مشدد مفتوح، ۃ موقوف) رنج و غم۔

غَضَارَۃٌ: (غ مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) چپکنے والی مٹی، نعمت، خوش حالی، ارزانی، پتھر کھانے والا پرندہ، ایک قبیلے کا نام ہے۔

غَضَاضَۃٌ۔غُضُوْضَۃٌ: (غ مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) (غ مضموم، ض مضموم، و ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) تازگی، تازہ ہونا۔

غِفَارَۃٌ: (غ مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پہاڑ پر چھایا ہوا بادل، چمڑے کا ٹکڑا جو گوشۂ کمان کے سوراخ میں ڈالتے ہیں اور چلے کا سرا اس میں سلتے ہیں، وہ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں۔

غِلْظَۃٌ۔غِلَاظَۃٌ: (غ مکسور، ل ساکن، ظ مفتوح، ۃ موقوف) (غ مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ظ مفتوح، ۃ موقوف) موٹاپا، سختی، غلیظ، غَلْظَۃٌ بھی اس معنی میں آیا ہے۔

غَلَّۃٌ: (غ مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) غلہ و نقد وغیرہ جو درآمد ہو لیکن اکثر اس لفظ کا استعمال غلوں کی درآمد میں ہوتا ہے۔

غُلَّۃٌ: (غ مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تشنگی، پیاس، اندرونی حلق، زرہ کے نیچے کا لباس۔

غِلَالَۃٌ: (غ مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) وہ کپڑا جو زرہ اور پیراہن کے نیچے پہنتے ہیں۔

غُلْمَۃٌ: (غ مضموم، ل ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) زیادہ شہوت والا ہونا۔

غَلْمَۃٌ: (غ مفتوح، ل ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) شہوت کی تیزی، شہوت کا غلبہ۔

غِلْمَۃٌ: (غ مکسور، ل ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) وہ لڑکے جو حد بلوغ کے قریب ہوں، غلام کی ضد ہے۔

غَلْوَۃٌ: (غ مفتوح، ل ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) تیر پھینکنے کی مسافت۔

غَلَتٌ: (غ مفتوح، ل مفتوح، ت موقوف) سہو، غلطی کرنا۔

غَلَبَۃٌ: (غ مفتوح، ل مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) غالب اور زبردست ہونا۔

غَلْغَلَۃٌ: (غ مفتوح، ل ساکن، غ مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) تیز تیز چلنا، ایک جگہ کا نام ہے۔

غُلْغُلَۃٌ: (غ مضموم، ل ساکن، غ مضموم، ل مفتوح، ۃ موقوف) شور و غوغا، اس معنی میں فارسی ہے۔

غُمَّۃٌ: (غ مضموم، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) غم، پوشیدہ کام، دریا کی تہ، ہر چیز کی گہرائی۔

غَمَامَۃٌ: (غ مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) سفید بادل۔

غِمَامَۃٌ: (غ مکسور، م مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) اونٹ کے منہ کا چھینکا، گھوڑے کے منہ کا چھینکا۔

غُمُوْضَۃٌ: (غ مضموم، م مضموم، و ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) زمین کا پست ہونا، پوشیدہ ہونا، کلام کا دقیق ہونا، بات کا نا قابل فہم ہونا۔

غَمْرَۃٌ: (غ مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سختی، لوگوں کا ہجوم، بھیڑ، زیادہ پانی۔

غِمْرَۃٌ: (غ مکسور، م ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پیاس۔

غَمَارَۃٌ: (غ مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) لوگوں کا ہجوم ہونا، پانی کا زیادہ ہونا۔

غَمْزَۃٌ: (غ مفتوح، م ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) آنکھ اور ابرو سے اشارہ کرنا، بہت نچوڑنا۔

غُنَّۃٌ: (غ مضموم، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ناک کی آواز۔

غَنِیْمَۃٌ: (غ مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) وہ مال جو

کافروں سے جنگ میں ہاتھ آئے، مُغْتَنَم کا مرادف ہے۔

غَوَایَۃ: (غ مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) گمراہی۔

غَیَابَۃ: (غ مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جو دوسری چیز کو چھپائے، غائب ہونا، کنویں اور وادی کی تہ، غَیَابَاتُ الجُب، کنویں کی گہرائی جس میں آدمی چھپ جائے۔

غَیْبَۃ: (غ مفتوح، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) چھپ جانا۔

غِیْبَۃ: (غ مکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پیٹھ پیچھے لوگوں کی برائی بیان کرنا، اچھا یا برا کام، اکثر برائی کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

غَیْضَۃ: (غ مفتوح، ی ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) بیشہ، جنگل، صحرا۔

غَیْرَۃ: (غ مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) رشک کرنا۔

غِیْرَۃ: (غ مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) رشک، دیت۔

﴿فصل الغین مع الثاء﴾

غَافِث: (غ مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ث موقوف) ایک دوا کا نام ہے۔

غَبْث: (غ مفتوح، ب ساکن، ث موقوف) مکھن اور پنیر کو ملانا۔

غَثّ: (غ مفتوح، ث مشدد موقوف) کمزور، کسی چیز کا فاسد و تباہ ہونا، زخم سے خون اور پیپ کا بہنا، غَثِیث بھی اس معنی میں آیا ہے۔

غَرْث: (غ مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) بھوکا ہونا۔

غَرَث: (غ مفتوح، ر مفتوح، ث موقوف) بھوک۔

غِرَاث: (غ مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) بھوکے۔

غَلْث: (غ مفتوح، ل ساکن، ث موقوف) ملانا، چقماق (پتھر) سے آگ نہ نکلنا۔

غَلِیث: (غ مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ث موقوف) ملا جلا جو اور گیہوں، ہر ملی ہوئی چیز۔

غَوْث: (غ مفتوح، و ساکن، ث موقوف) فریاد، فریادرس، یمن کا ایک قبیلہ۔

غُوَاث: (غ مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) فریاد، فریاد سننے والا۔

غِیَاث: (غ مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) فریادرسی، فریاد سننے والا۔

غَیْث: (غ مفتوح، ی ساکن، ث موقوف) بارش، برسنا، برسانا۔

﴿فصل الغین مع الجیم﴾

غَجّ: (غ مفتوح، ج موقوف) بادل کا پانی کو نگل جانا۔

غَلْج: (غ مفتوح، ل ساکن، ج موقوف) گھوڑے کا ہموار اور برابر چلنا۔

غَمْج: (غ مفتوح، م ساکن، ج موقوف) پانی نگل جانا۔

غُنُج: (غ مضموم، ن ساکن مضموم، ج موقوف) کرشمہ، ناز۔

غَنَج: (غ مفتوح، ن مفتوح، ج موقوف) کرشمہ، ناز کرنا، بوڑھا آدمی۔

غَوْج: (غ مفتوح، و ساکن، ج موقوف) کبڑا ہونا، ٹیڑھا ہونا، جھکنا، فَرَسٌ غَوْجُ اللَّبَان چوڑے سینے والا گھوڑا۔

﴿فصل الغین مع الدال﴾

غُدَد: (غ مضموم، د مفتوح، د موقوف) گوشت کی گرہیں غُدَّۃ کی جمع ہے۔

غَدَد: (غ مفتوح، د مفتوح، د موقوف) مرگی، اونٹوں کا طاعون۔

غِرْد: (غ مفتوح، مکسور، ر ساکن، د موقوف) ککرمتا کی ایک قسم، وہ عمارت جو خلیفہ متوکل عباسی نے سامرہ میں تعمیر کرائی تھی۔

غَرَد: (غ مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) حلق میں آواز کا گردش کرنا، گانا، طرب انگیز آواز بلند کرنا، گا کر خوش کرنا، ککرمتا کی ایک قسم، غِرَاد بھی اس معنی میں ہے۔

غَرْقَد: (غ مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، د موقوف) ایک بڑا درخت جس کو بعض لوگ عَوسَج کہتے ہیں، پرندے کے انڈے میں زردی کے اوپر کی سفیدی، بَقِیْعُ الغَرْقَد مدینہ کا قبرستان جس میں غرقد کے درخت بہت زیادہ ہیں، عَوسَج ایک خاردار درخت ہے جس کے پھول مختلف رنگ کے اور پھل گول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

غِمْد: (غ مکسور، م ساکن، د موقوف) خنجر اور تلوار کی نیام، غِمَاد و غُمُود جمع ہے۔

غَمْد: (غ مفتوح، م ساکن، د موقوف) تلوار وغیرہ کو غلاف میں رکھنا،

کسی کے عیب کو چھپانا، کنویں کے پانی کا اونچا ہونا، غَرْقَد کے درخت کا زیادہ شاخ والا ہونا اس طرح کہ اس کے کانٹے نظر نہ آئیں، کنویں کے پانی کا سوکھ جانا۔

غَمَدْ: (غ مفتوح، م مفتوح، دموقوف) کنویں کے پانی کا زیادہ ہونا، کنویں کے پانی کا کم ہونا۔

غَامِدْ: (غ مفتوح، ا ساکن، م مکسور، دموقوف) بھری ہوئی کشتی، وہ کنواں جس کا پانی ابلتا ہو، ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

غَیَدْ: (غ مفتوح، ی مفتوح، دموقوف) ٹیڑھا ہونا، جھکنا، جسم کا نرم و نازک ہونا۔

﴿فصل الغین مع الذال﴾

غَذّ: (غ مفتوح، ذ مشدد موقوف) زخم میں پیپ پیدا ہونا اور اس کا زخم سے بہنا۔

غَاذّ: (غ مفتوح، ا ساکن، ذ مشدد موقوف) آنکھ کی وہ رگ جس سے ہمیشہ پیپ نکلے اور اس کا نکلنا بند نہ ہو، ناسور۔

غَلِیْذ: (غ مفتوح، ل مکسور ی، ساکن، ذ موقوف) غَلِیْظ کے معنی میں ہے، گاڑھا۔

غَانِذْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ذ موقوف) حلق، آواز نکلنے کی جگہ۔

﴿فصل الغین مع الراء﴾

غَار: (غ مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پہاڑ کا غار جو گھر کے مانند ہو، پہاڑ میں گہرا غار جو پستی کی طرف ہو، پست زمین، وہ بھٹ جس کے اندر جنگلی جانور رہتے ہیں، فوج، آدمیوں کا بڑا ہجوم، انگور کے درخت کی پتی، منہ کا اندرونی حصہ، ایک آدمی کا نام، اہل نسق کا ایک پیمانہ جو سو قفیز کے برابر ہوتا ہے، رشک، اس معنی میں غَیْرَت کا مرادف ہے، ایک بڑا نفع بخش درخت جو سانپ کے زہر کا علاج ہے اور اس کا تیل بہت مفید ہے، منہ اور فرج کی گہرائی، وہ ہڈی جس کے اندر آنکھ ہوتی ہے، چشم خانہ۔

غَائِرْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ر موقوف) پست زمین، ہر چیز کی گہرائی۔

غُبْر: (غ مضموم، ب ساکن، ر موقوف) تھن میں بچا ہوا دودھ، باقی خونِ حیض، ہر چیز کا بچا ہوا حصہ۔

غِبْر: (غ مکسور، ب ساکن، ر موقوف) کینہ، کھال ادھیڑنا، زخم کا مندمل ہونا اس کے بعد پھٹ جانا، تباہ ہونا، اونٹ کے قدم کی بیماری، ایک چشمے کا نام، دَاهِیَةُ الْغِبْر بڑی بلا جس کی نظیر نہ ہو، وہ شخص جو پہلے دشمنی کرے پھر دشمنی سے باز آئے اور دوسرے کی بات کا اقرار کرے۔

غَبِرْ: (غ مفتوح، ب مکسور، ر موقوف) وہ زخم جو مندمل اور اچھا ہونے کے بعد پھٹ جائے اور تباہ ہو جائے۔

غُبَرْ: (غ مضموم، ب مفتوح، ر موقوف) ایک آدمی کا نام، مچھلی کی ایک قسم، غُبَّرُ الْحَوْض حوض کا بچا ہوا پانی، غُبَّرُ اللَّیْل رات کا بقیہ حصہ، جانے والے، آنے والے، باقی رہ جانے والے، غَابِرْ کی جمع ہے۔

غُبُوْر: (غ مضموم، ب مضموم، و ساکن، ر موقوف) باقی رہنا، دیر کرنا، سستی کرنا، انتظار کرنا، بخش دینا، آنا۔

غَابِرْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ر موقوف) آنے والا، جانے والا، ایک آدمی کا نام، بچا ہوا۔

غُبَار: (غ مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گرد، ایک آدمی کا نام۔

غُثْر: (غ مضموم، ث ساکن، ر موقوف) کمینہ آدمی، ذلیل آدمی۔

غَدْر: (غ مفتوح، د ساکن، ر موقوف) بے وفائی کرنا، آنسو پینا۔

غُدْر: (غ مضموم، د ساکن، ر موقوف) بے وفا۔

غَدَرْ: (غ مفتوح، د مفتوح، ر موقوف) سخت پتھریلی زمین جس کے اندر جانور بل نہ بنا سکے، سرنگ، زمین دوز راستے، رات کا تاریک ہونا، بارش کا پانی پینا، بکری کا چراگاہ میں آسودہ ہونا، کسی جگہ پتھریلی زمین کا زیادہ ہونا، اونٹنی کا اونٹ سے پیچھے رہ جانا، رَجُلٌ ثَبْتُ الْغَدَر وہ آدمی جو لڑائی، جھگڑے میں ثابت قدم رہے۔

غُدَرْ: (غ مضموم، د مفتوح، ر موقوف) ملک یمن میں ایک شہر کا نام۔

غَادِرْ: (غ مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ر موقوف) بے وفا۔

غَدُوْر۔غَدَّار: (غ مفتوح، د مضموم، و ساکن، ر موقوف) (غ مفتوح،

دمشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بڑا بے وفا۔

غَدِیر: (غ مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ر موقوف) سیلاب کے پانی کا بچا ہوا حصہ جو کسی جگہ جمع ہو گیا ہو، تلوار، ایک آدمی کا نام، دیار مصر میں ایک وادی کا نام۔

غِدِّیر: (غ مکسور، د مشدد مکسور، ی ساکن، ر موقوف) بڑا بے وفا۔

غَدَائِرُ: (غ مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ر موقوف) بٹی ہوئی چوٹی، غَدِیرَۃ کی جمع ہے۔

غَرّ: (غ مفتوح، ر مشدد موقوف) فریب دینا، وہ دانہ جسے چڑیا بچے کے منہ میں ڈالتی ہے، زمین کا شگاف، زمین میں چھوٹی نہر، کپڑے کی شکن، چمڑے کی شکن، بادیہ میں ایک مقام، تلوار کی تیزی۔

غِرّ: (غ مکسور، ر مشدد موقوف) ناتجربہ کار مرد۔

غُرّ: (غ مضموم، ر مشدد موقوف) پانی میں رہنے والا ایک پرندہ، باطل چیزیں، غار کی جمع ہے، خوبصورت سفید رنگ والا ہونا، بزرگوار، مشاہیر، اَغَرّ کی جمع ہے۔

غُرُوْر: (غ مضموم، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) فریب دینا، مکر، کپڑے وغیرہ کی شکن، غَرّ کی جمع ہے جیسا کہ مذکور ہوا۔

غَرُوْر: (غ مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) فریب دینے والا، دنیا، شیطان، وہ دوائیں جن سے غرغرہ کرتے ہیں۔

غَرِیر: (غ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) اچھی عادت والا، ضامن، تجربہ کار جوان۔

غَرَرْ: (غ مفتوح، ر مفتوح، ر موقوف) قدر، عظمت، گرہ، وہ شرط جو بیع وغیرہ میں کریں، بیع وغیرہ کی شرط۔

غُرَرْ: (غ مضموم، ر مفتوح، ر موقوف) غُرَّۃ کی جمع ہے، جس کا معنی گزر گیا۔

غِرَار: (غ مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) کمی، نقصان، کم ہونا، رکوع و سجود میں کمی کرنا، سلام میں کمی کرنا، روش و طرز، نمونہ، مختصر نیند، جلدی، تلوار، نیزہ اور تیر وغیرہ کی تیزی، وہ تیر جسے دیکھ کر دوسرے تیروں کو سیدھا کریں، کسی چیز کی مقدار و مدت، دودھ کا کم ہونا، بازار کا بے رونق ہونا، مندا، چڑیے کا بچے کو غذا دینا۔

غُرَار: (غ مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) تہامہ میں ایک پہاڑ ہے۔

غِزْغِز: (غ مکسور، ر ساکن، غ مکسور، ر موقوف) ایک گھاس، جنگلی مرغیاں، حبشہ کی مرغیاں۔

غَزِیر: (غ مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ہر چیز کی کثرت، زیادہ بارش، کنواں، زیادہ پانی والا چشمہ، زیادہ آنسو بہانے والی آنکھ۔

غَسْر: (غ مفتوح، س ساکن، ر موقوف) قرض داروں پر سختی اور دشواری کرنا، اونٹ کا بغیر شہوت اونٹنی سے جفتی کرنا، کسی کام کا پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

غَسِرْ: (غ مفتوح، س مکسور، ر موقوف) پوشیدہ اور مشتبہ کام۔

غَسَرْ: (غ مفتوح، س مفتوح، ر موقوف) وہ لکڑی اور تنکا جسے ہوا آنکھ میں ڈال دے۔

غَضَار: (غ مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) چپکنے والی مٹی، چکنی مٹی۔

غُضَار: (غ مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک پہاڑ کا نام۔

غَضْوَرْ: (غ مفتوح، ض ساکن، و مفتوح، ر موقوف) جَعْفَر کے وزن پر ہے، چپکنے والی مٹی، ایک درخت کا نام، قبیلۂ طے کے چشمے کا نام۔

غَضَوَّر: (غ مفتوح، ض مفتوح، و مشدد مفتوح، ر موقوف) شیر درندہ۔

غَضِیرْ: (غ مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ہر سبز و نازک چیز۔

غَاضِرْ: (غ مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ر موقوف) عمدہ دباغت کی ہوئی کھال، کام کی طلب اور اپنی ضروریات کے لیے صبح سویرے جانا۔

غَضْر: (غ مفتوح، ض ساکن، ر موقوف) کسی چیز سے پھر جانا، باز رکھنا، کسی کو منع کرنا، کسی چیز کو کاٹنا، کسی پر مہربان ہونا، کسی کے لیے اس کے مال کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔

غَضَرْ: (غ مفتوح، ض مفتوح، ر موقوف) تنگی اور گرانی کے بعد فراوانی ہونا۔

غَضَنْفَرْ : (غ مفتوح، ض مفتوح، ن ساکن، ف مفتوح، ر موقوف) شیر درندہ، موٹے جسم والا مرد، سخت آدمی۔

غَفْر : (غ مفتوح، ف ساکن، ر موقوف) چھپانا، گناہ بخشنا، اندر لانا، اپنے ظرف میں سامان کو چھپانا، زخم کا ہرا ہونا، بیماری کا لوٹ آنا، سفید بالوں میں خضاب لگانا، غَفَرْ بھی اس معنی میں ہے، چاند کی ایک منزل اور وہ میزان میں تین چھوٹے ستارے ہیں، تھیلے کے مانند ایک چیز، پنڈلی کا زرد بال، عورت کی پیشانی، غَفَر بھی اس معنی میں آیا ہے۔

غُفْر : (غ مضموم، ف ساکن، ر موقوف) پہاڑی بھیڑ کا بچہ، یمن میں ایک قلعہ۔

غِفْر : (غ مکسور، ف ساکن، ر موقوف) گائے کا بچہ، چھوٹا جانور۔

غَفَرْ : (غ مفتوح، ف مفتوح، ر موقوف) چھوٹی گھاسیں، داڑھی کے دونوں طرف کا بال، کپڑے کو چیتھڑا کرنا، کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

غَافِرْ : (غ مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ر موقوف) چھپانے والا، بخشنے والا۔

غَفُوْر : (غ مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ر موقوف) زیادہ بخشنے والا، رحم دل، غُفُرْ جمع ہے، اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے۔

غُفَیْر : (غ مضموم، ف مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) ایک مرد کا نام ہے۔

غَفِیْر : (غ مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ر موقوف) لوہے کی خود (ٹوپی) جو پورے سر کو ڈھک لے، جَمِّ غَفِیْر لوگوں کا بڑا ہجوم جو زمین کو ڈھک لے یا ایسا ہجوم کہ اس کا کنارہ نظر نہ آئے، جماء غفیر بھی کہتے ہیں۔

غِفَار : (غ مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک قبیلے کے جد اعلیٰ کا نام، ابوذر غفاری اسی قبیلے کے تھے۔

غُفَار : (غ مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) پنڈلی اور پیشانی کا زرد بال، رُواں، گردن اور گدی کا بال، داڑھی کے دونوں طرف کا بال۔

غَفَّار : (غ مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہت چھپانے والا، بہت بخشنے والا، اللہ تعالیٰ کا نام ہے۔

غَمْر : (غ مفتوح، م ساکن، ر موقوف) زیادہ پانی، پانی کا لہریں مارنا، کثرت کی وجہ سے پانی کا نیچے اوپر ہونا، دشمنی کرنا، پیاسا ہونا، غَمَرْ بھی اس معنی میں ہے، اچھی خصلت والا جوان، عمدہ گھوڑا، زیادہ پانی والا دریا، سمندر، کامل کپڑا، لوگوں کو جمع کرنے والا، بے وقوف، ناتجربہ کار، غَمر غِمر غُمر تینوں حرکتوں کے ساتھ ہے، اَغْمار جمع ہے، غَـمْرُ البُرْد و غَـمْرُ الخَلُق چوڑی چادر، چوڑا خود، بہت سخی جوان۔

غُمْر : (غ مضموم، م ساکن، ر موقوف) زعفران۔

غِمْر : (غ مکسور، م ساکن، ر موقوف) دشمنی، پیاس۔

غَمَرْ : (غ مفتوح، م مفتوح، ر موقوف) لوگوں کو جمع کرنے والا، اکٹھا کرنے والا، ناتجربہ کار آدمی، سڑے ہوئے گوشت کی بدبو، ہاتھ میں چپکنے والی چربی، ہاتھ میں چربی کا لپٹنا، دشمنی کرنا۔

غُمَرْ : (غ مضموم، م مفتوح، ر موقوف) سختیاں، غُمْرَۃ کی جمع ہے، چھوٹا پیالہ۔

غَامِرْ : (غ مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ر موقوف) خراب زمین، وہ زمین جو پانی کے نیچے ہو، عامِرْ کی ضد ہے، وہ آدمی جو اپنے آپ کو سختی اور بھیڑ میں ڈالے۔

غَمِیْر : (غ مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ر موقوف) سبز گھاس جو سوکھی گھاس کے نیچے اُگی ہوئی ہو۔

غُنْجَار : (غ مضموم، ن ساکن، ج مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) محمد بن احمد بخاری صاحب تاریخ بخارا کا لقب۔

غُنْدُرْ : (غ مضموم، ن ساکن، د مفتوح رمضموم، ر موقوف) موٹا، خوبصورت موٹا آدمی، محکم، مضبوط، گوگڑانے والا، ایک مرد کا لقب ہے۔

غَوْر : (غ مفتوح، و ساکن، ر موقوف) گہرائی، ہر چیز کی تہ، نیچی زمین، یمن کے قریب تہامہ کی زمین، زمین میں پانی کا جذب ہونا، پانی کا نیچے جانا، آنکھ کا حلقے میں دھنس جانا، زمین کے اندر جانا، سورج کا ڈوبنا، دن کا گرم ہونا، فائدہ پہنچانا۔

غُوْر: (غ مضموم، و ساکن، رموقوف) ملک عجم کی سرحد، خوارزمیوں کا پیمائشی آلہ جس سے زمین ناپتے ہیں اور وہ بارہ فرسخ کی مقدار ہے۔

غُوَیْر: (غ مضموم، و مفتوح، ی ساکن، رموقوف) قبیلۂ بنی کلب کے چشمے کا نام، چھوٹا غار۔

غَیْر: (غ مفتوح، ی ساکن، رموقوف) فائدہ پہنچانا، بارش ہونا، پانی پلانا، بارش کا زمین کو سیراب کرنا، یہ لفظ جز، دیگر اور مغائر کے معنی میں ہے۔

غَیُوْر: (غ مفتوح، ی مضموم، و ساکن، رموقوف) گھر والوں اور دوسروں پر رشک کرنے والا۔

غِیَار: (غ مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، رموقوف) ایک دوسرے کا غیر ہونا، مبادلہ کرنا، اہل کتاب کی علامت جیسے زنار اور زرد رنگ کا ٹکڑا جو پیراہن میں کندھے کے پاس سلتے ہیں۔

﴿فصل الغین مع الزاء﴾

غَرْز: (غ مفتوح، رساکن، ز موقوف) چمڑے کی رکاب جو پالان پر باندھتے ہیں، سوئی چبھونا، سوئی سے سلنا، اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا، رکاب میں پیر ڈالنا، نافرمانی کے بعد بادشاہ کی اطاعت قبول کرنا، ٹڈی کا اپنی دم کو زمین میں انڈا دینے کے لیے گاڑ دینا، وہ شاخ جسے انگور کی شاخوں میں گوندھتے ہیں تاکہ اس سے پیوند لگائیں، قلم کرنا، غُرُوْز جمع ہے۔

غَرَز: (غ مفتوح، رمفتوح، ز موقوف) گیاہ ثمام کی ایک قسم جو گیاہ اذخر کے مانند ہوتی ہے۔

غُرَیْز: (غ مضموم، رمفتوح، ی ساکن، ز موقوف) ایک چشمے کا نام۔

غَرَاز: (غ مفتوح، رمفتوح، ا ساکن، ز موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

غَارِز: (غ مفتوح، ا ساکن، رمکسور، ز موقوف) کم دودھ والی اونٹنی، وہ ٹڈی جو انڈا دینے کے لیے زمین پر پر کو گاڑ دے۔

غُزّ: (غ مضموم، ز مشدد موقوف) جبڑا، ترکوں کا ایک گروہ جس نے سلطان سنجر کے زمانے میں خراسان کے اندر بغاوت کی اور سلطان کو قید کر لیا ایک مدت تک وہاں حکومت کی جس سے خراسان کے اندر ایک عظیم فتنہ پیدا ہوا۔

غَمْز: (غ مفتوح، م ساکن، ز موقوف) آنکھ، ابرو پلک سے اشارہ کرنا، کسی کو طعنہ دینا، کسی کا عیب بیان کرنا، کسی چیز میں انگلی گاڑنا، نچوڑنا، جانور کا لنگڑانا اور پیر گھسیٹنا، بکری کی پیٹھ پر ہاتھ رکھنا تاکہ اس کا دبلا اور موٹا ہونا معلوم ہو۔

غَمَز: (غ مفتوح، م مفتوح، ز موقوف) گھٹیا مال، خراب مال، کمزور آدمی۔

غَمُوْز: (غ مفتوح، م مضموم، و ساکن، ز موقوف) اونٹنی جس کے کوہان پر اس کی لاغری اور فربہی معلوم کرنے کے لیے ہاتھ رکھیں، غَرُوْک اور شَکُوْک کا مرادف ہے۔

غَمَّاز: (غ مفتوح، م مشدد و مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) عیب جوئی، کسی کے سامنے لوگوں کی چغل خوری کرنا، (باتیں لے جانا)

غَوْز: (غ مفتوح، و ساکن، ز موقوف) ارادہ، قصد، نیت، قصد کرنا۔

﴿فصل الغین مع السین﴾

غَبْس: (غ مفتوح، ب ساکن، س موقوف) ایک اونٹنی کا نام ہے۔

غَبَس: (غ مفتوح، ب مفتوح، س موقوف) مٹیالا اور خاکستری رنگ کا ہونا۔

غُبَیْس: (غ مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، س موقوف) ہرگز، ہمیشہ۔

غَرْس: (غ مفتوح، رساکن، س موقوف) درخت لگانا، زمین میں لگایا ہوا پودا، اَغْرَاس و غِرَاس جمع ہے، بِئْر غَرْس مدینہ منورہ میں ایک کنویں کا نام، وَادِی الغَرْس فدک کے قریب ایک وادی کا نام ہے۔

غِرْس: (غ مکسور، رساکن، س موقوف) ناک کی رینٹ کے مانند گاڑھا پانی جو بچے کے ساتھ رحم سے باہر آئے، باریک جھلی جو اونٹ وغیرہ کے بچے کے جسم پر پیدائش کے وقت ہوتی ہے، اَغْرَاس جمع ہے، کالا کوا۔

غَرَاس: (غ مفتوح، رمفتوح، ا ساکن، س موقوف) شراب یا دوا پینے والے کے منہ سے پینے کے وقت دوا کا جو حصہ گرے۔

غِرَاس: (غ مکسور، رمفتوح، اساکن، س موقوف) پودا لگانے کا وقت، لگایا ہوا پودا۔

غَرِیس: (غ مفتوح، رمکسور، ی ساکن، س موقوف) وہ بھیڑ جس کو دو ہنے کے وقت غَرس غَرس کہہ کر پکارا جائے۔

غُس: (غ مضموم، س مشدد موقوف) کمزور، کمینہ، نالائق۔

غَس: (غ مفتوح، س مشدد موقوف) شہروں میں آنا اور جانا، عیب بیان کرنا، پانی میں کشتی ڈبونا، غَس غَس کہہ کر بلی کو بھگانا، ہانکنا۔

غُسَاس: (غ مضموم، س مفتوح، اساکن، س موقوف) اونٹ کی بیماری۔

غَسِیس: (غ مفتوح، س مکسور، ی ساکن، س موقوف) خراب کھجور۔

غِطْرَس۔ غِطْرِیس: (غ مکسور، ط ساکن، رمفتوح، س موقوف) (غ مکسور، ط ساکن، رمکسور، ی ساکن، س موقوف) ظالم، متکبر آدمی۔

غَطْس: (غ مفتوح، ط ساکن، س موقوف) پانی میں ڈوبنا، ڈبونا، برتن میں منہ ڈال کر پانی پینا۔

غَطُوس: (غ مفتوح، ط مضموم، و ساکن، س موقوف) بہادر مرد، سختی اور جنگ میں قدم آگے بڑھانے والا آدمی۔

غَلَس: (غ مفتوح، ل مفتوح، س موقوف) آخری شب کی تاریکی۔

غَمْس: (غ مفتوح، م ساکن، س موقوف) پانی میں ڈبونا، ستارے کا ڈوبنا۔

غَمُوس: (غ مفتوح، م مضموم، و ساکن، س موقوف) جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا جو قسم کھانے والے کو گناہ میں ڈبودے اور جہنم میں لے جائے، وہ جھوٹی قسم جس سے کسی کا حق مارا جائے یا کسی کا مال ضائع ہو جائے، مشکل کام، گہرا یا آر پار زخم، وہ اونٹنی جس کا حمل بچہ دینے کے وقت ظاہر نہ ہو۔

غَمِیس: (غ مفتوح، م مکسور، ی ساکن، س موقوف) زمین کو چھپا دینے والی گھاس، تنگ گلی، چھوٹا راستہ، سبزہ زار کی پتلی نہریں، درخت اور گھاس سے بھرا ہوا جنگل، اندھیری رات، تاریکی، وہ چیز جو لوگوں پر ظاہر و آشکارا نہ ہو۔

غُمَیس: (غ مضموم، م مفتوح، ی ساکن، س موقوف) ایک حوض کا نام۔

﴿فصل الغین مع الشین﴾

غَبَش: (غ مفتوح، ب مفتوح، ش موقوف) بقیہ رات، آخری شب کی تاریکی۔

غَرْش: (غ مفتوح، رساکن، ش موقوف) ایک درخت کا میوہ ہے۔

غَشّ: (غ مفتوح، ش مشدد موقوف) خیانت کرنا، خالص اور بے غرض خیر خواہی نہ کرنا، وہ بات ظاہر کرنا جس کے خلاف دل میں ہو، رَجُلٌ غَشٌّ بڑی ناف والا آدمی۔

غِشّ: (غ مکسور، ش مشدد موقوف) خیانت، عدم خیر خواہی، کھوٹ، کدورت، باطنی خیانت (دل کی برائی)

غُشّ: (غ مضموم، ش مشدد موقوف) منافق، بدخواہ، خیانت کرنے والا۔

غَشَاش: (غ مفتوح رمکسور، ش مفتوح، اساکن، ش موقوف) جلدی۔

غَشَش: (غ مفتوح، ش مفتوح، ش موقوف) تاریکی، تیرگی۔

غِشَاش: (غ مفتوح رمکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) جلدی، غِشَاش تاریکی کی ابتدا اور آخر، تھوڑی چیز۔

غَطْش: (غ مفتوح، ط ساکن، ش موقوف) رات کا تاریک ہونا، بیماری اور بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ چلنا۔

غَطَش: (غ مفتوح، ط مفتوح، ش موقوف) آنکھ کی کمزوری۔

غَمْش: (غ مفتوح، م ساکن، ش موقوف) بھوک اور پیاس کی وجہ سے آنکھوں میں اندھیرا چھا جانا، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ عین مہملہ کے ساتھ وہ ضعف بصر جو ذاتی ہو اور غین معجمہ کے ساتھ وہ ضعف چشم جو عارضی ہو۔

﴿فصل الغین مع الصاد﴾

غَبَص: (غ مفتوح، ب مفتوح، ص موقوف) آنکھ کی کیچ کا زیادہ ہونا۔

غَصَص: (غ مفتوح، ص مفتوح، ص موقوف) کھانے وغیرہ کا گلے میں پھنس جانا۔

غُصَص: (غ مضموم، ص مفتوح، ص موقوف) غُصّہ کی جمع ہے، جس کا معنی گزر گیا۔

غَمْص۔ غَمَص: (غ مفتوح، م ساکن رمفتوح، ص موقوف) چھوٹا اور حقیر سمجھنا، کسی کے حق میں سستی کرنا، عیب لگانا، نعمت کا شکر یہ ادا نہ کرنا۔

غَمَص: (غ مفتوح، م مفتوح، ص موقوف) آنکھ سے کیچڑ بہنا۔

غَمُوْص: (غ مفتوح، م مضموم، و ساکن، ص موقوف) جھوٹی قسم، خیبر کے سات قلعوں میں سے ایک قلعے کا نام جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کافروں سے فتح کیا، ایک ستارہ کا نام ہے اور وہ شعری غمیصا ہے جو نظر نہیں آتا، شعری عبور دوسرا ستارہ ہے جو نظر آتا ہے۔

غَوْص: (غ مفتوح، و ساکن، ص موقوف) پانی میں ڈوبنا، اچانک کسی چیز پر اترنا۔

غَوَّاص: (غ مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) سمندر میں مروارید تلاش کرنے کے لیے غوطہ لگانے والا۔

غَائِص: (غ مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ص موقوف) پانی میں غوطہ لگانے والا۔

﴿فصل الغین مع الضاد﴾

غَرْض: (غ مفتوح، ر ساکن، ض موقوف) اونٹ کا پیش بند باندھنا، وقت سے پہلے بکری کے بچے کا دودھ چھڑا دینا، برتن کو پانی سے بھرنا، برتن کو پورا نہ بھرنا، برتن کو آدھا کرنا، میوہ کو تازہ چننا اور تازہ میوہ کاٹنا، پیش بند، پالان کی رسی، غرضہ کا مرادف ہے۔

غِرْض: (غ مکسور رمضموم، ر ساکن، ض موقوف) تازہ چیز۔

غَرَض: (غ مفتوح، ر مفتوح، ض موقوف) تیر کا نشانہ، نیت، ارادہ، تنگ دل اور رنجیدہ ہونا، ملول ہونا، رنجیدہ ہونا، آرزومند ہونا، ڈرنا۔

غَرِیْض: (غ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ض موقوف) تازہ، بارش کا پانی، نئی شراب، کلی، ہر تازہ سفید چیز۔

غَضّ: (غ مفتوح، ض مشدد موقوف) آنکھ کا جھپکنا، سونا، آواز پست کرنا، آہستہ بولنا، برداشت کرنا، ناپسندیدہ بات برداشت کرنا، نقصان کرنا، کسی کی قدر گھٹانا، غضاض بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

غِضّ: (غ مکسور، ض مشدد موقوف) جوانی، تازہ چیز، گائے کا نوزائیدہ بچہ، نازک کلی۔

غَضِیْض: (غ مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ض موقوف) تازہ اور نازک کلی۔

غُضَاض: (غ مفتوح رمضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) ناک کا بیچ۔

غَامِض: (غ مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ض موقوف) پست زمین، گڑھا، حملہ کرنے میں سست آدمی، پوشیدہ کلام جو دوراز فہم ہو، گمنام، ذلیل، مرد کا گفتگو میں سست ہونا۔

غُمُوْض: (غ مضموم، م مضموم، و ساکن، ض موقوف) زمین کا پست اور گڑھے والی ہونا، پوشیدہ، گفتگو کا پوشیدہ اور غیر واضح ہونا۔

غَمْض: (غ مفتوح، م ساکن، ض موقوف) پست زمین، گڑھا، غموض جمع ہے، سیر کرنا، زمین میں چلنا، تلوار کا گوشت میں گھس جانا۔

غُمْض: (غ مضموم، م ساکن، ض موقوف) اونگھنا۔

غِمَاض: (غ مفتوح رمکسور، م مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) اونگھنا۔

غَیْض: (غ مفتوح، ی ساکن، ض موقوف) پانی کم ہونا، زمین میں جذب ہونا، پانی کا نیچے جانا، سامان کی قیمت گھٹنا، کم ہونا، بزرگ لوگ، ناقص الخلقت بچہ جو پیٹ سے ساقط ہو۔

غِیْض: (غ مکسور، ی ساکن، ض موقوف) شگوفہ، کلی۔

﴿فصل الغین مع الطاء﴾

غَبْط: (غ مفتوح، ب ساکن، ط موقوف) فربہی اور لاغری جاننے کے لیے بکری کی دم اور اس کی کوکھ پر ہاتھ رکھنا۔

غِبْط: (غ مکسور، ب ساکن، ط موقوف) خوش حالی، شادی، خوشی، کسی کی زوال نعمت کے بغیر خوش حالی کی آرزو کرنا۔

غَبِیْط: (غ مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ط موقوف) ہموار زمین، ایک وادی کا نام ہے، اونٹ کا پالان جس پر کجاوہ باندھتے ہیں، غُبُط جمع ہے۔

غَطّ: (غ مفتوح، ط مشدد موقوف) پانی میں ڈبونا، اونٹ کا آواز کرنا۔

غَطِیط :(غ مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ط موقوف) اونٹ کا بلبلانا، سونے میں خرخر کی آواز کرنا، سونے والے کا خراٹے لینا، گلا گھونٹا ہوا۔

غَطَاط :(غ مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) سنگ خوار پرندہ، مرغ سنگ خوار کی ایک قسم جس کی پیٹھ اور شکم کا رنگ خیالا ہو اور اس کے اندرونی بال (پر) کالے ہوں۔

غُطَاط : (غ مضموم، ط مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) صبح، باقی رات کی سیاہی، صبح کی ابتدا۔

غَلَط : (غ مفتوح، ل مفتوح، ط موقوف) گفتگو اور حساب وغیرہ میں غلطی کرنا، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ غلت تائے فوقانی سے بمعنی خطائے حساب کتاب کے ہیں اور غلط طائے حطی سے خطائے سخن کے معنی میں مستعمل ہے۔

غَمْط : (غ مفتوح، م ساکن، ط موقوف) کسی کو ذلیل سمجھنا اور صحت و عافیت کا شکریہ ادا نہ کرنا اور حقیر سمجھنا، نعمت کا شکر ادا نہ کرنا (کفران نعمت)، چوپائے کو قتل کرنا، چلو سے زیادہ پانی پینا، پست گہری زمین۔

غَوْط : (غ مفتوح، و ساکن، ط موقوف) کسی چیز میں دھنسنا، کسی چیز کا کسی چیز میں داخل ہونا، غُوط جمع ہے۔

غَائِط : (غ مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ط موقوف) کشادہ پست گڑھے والی زمین، مجازاً اور کنایۃً لید، گوبر کو بھی کہتے ہیں لیکن یہ لفظ اکثر آدمی کے پاخانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

﴿فصل الغین مع الظاء﴾

غَلْظ : (غ مفتوح، ل ساکن، ظ موقوف) سخت اور ناہموار زمین۔

غِلَظ : (غ مکسور، ل مفتوح، ظ موقوف) مٹاپا، موٹا ہونا۔

غَلِیظ ۔ غُلَاظ : (غ مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ظ موقوف) (غ مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) بھدا، سخت، غِلَاظ جمع ہے۔

غَنْظ : (غ مفتوح، ن ساکن، ظ موقوف) سخت رنج، دائمی غم، غنظ بھی اسی معنی میں آیا ہے، ہلاکت کے قریب ہونا، ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔

غَیْظ : (غ مفتوح، ی ساکن، ظ موقوف) غصے میں لانا، غصہ، سخت غصہ، غصہ کی تیزی، غصہ کی ابتدا، ایک آدمی کا نام۔

﴿فصل الغین مع الفاء﴾

غَاف : (غ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ایک درخت ہے جس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔

غُدَاف : (غ مضموم، د مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کالا کوا، زیادہ پروں والا گدھ، لمبے بال، پرندے کے سیاہ پر، ایک آدمی کا نام۔

غَادِف :(غ مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ف موقوف) ملاح، کشتی بان۔

غَادُوف : (غ مفتوح، ا ساکن، د مضموم، و ساکن، ف موقوف) چپو وہ لکڑی جسے کشتی کے اطراف میں باندھتے ہیں جس سے کشتی چلاتے ہیں اور اس کو فارسی میں بال کشتی کہتے ہیں۔

غَدْف : (غ مفتوح، د ساکن، ف موقوف) بہت بخشش کرنا۔

غَدَف : (غ مفتوح، د مفتوح، ف موقوف) نعمت، ارزانی، کشادگی۔

غَرْف : (غ مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) وہ درخت جس سے چمڑے کو دباغت دی جائے، غَرَف بھی اس معنی میں ہے، اس درخت سے کھال کو رنگتے ہیں (یہ درخت جزیرہ عرب مصر و افریقہ اور ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے اس کے نوکیلے لمبے پتے ہوتے ہیں اور نارنگی رنگ کا گودے والا پھل ہوتا ہے)، پیشانی کے بالوں کو کاٹنا، ہر چیز کو کاٹنا، چلو میں پانی لینا۔

غَرَف :(غ مفتوح، ر مفتوح، ف موقوف) درخت غرف کے کھانے کی وجہ سے اونٹ کا بیمار ہونا، زیادہ گھاس یا تمام سبز و تازہ گھاس۔

غُرَف :(غ مضموم، ر مفتوح، ف موقوف) غُرْفَۃ کی جمع ہے، جس کا معنی گزر گیا ہے۔

غِرَاف : (غ مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) غَرْفَۃ کی جمع ہے، ایک بڑا پیمانہ۔

غَرِیف : (غ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف) نرکل، جنگل، ہر

قسم کے الجھے ہوئے گھنے درخت۔

غَسَف: (غ مفتوح، س مفتوح، ف موقوف) تاریکی، اندھیرا۔

غُضْرُوف۔ غُرْضُوف: (غ مضموم، ض ساکن، ر مضموم، و ساکن، ف موقوف) (غ مضموم، ر ساکن، ض مضموم، و ساکن، ف موقوف) پہلو کی ہڈیوں کا سرا، کندھے اور سینے کی ہڈی کا سرا، بالائے گوشت کا اندرونی حصہ، کھائی جانے والی ہر نرم ہڈی۔

غَضْف: (غ مفتوح، ض ساکن، ف موقوف) لکڑی توڑنا، کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا، اور اس کو توڑنا، غَضَف بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

غُضْف: (غ مضموم، ض ساکن، ف موقوف) سیاہ سنگ خوار پرندہ۔

غَضَف: (غ مفتوح، ض مفتوح، ف موقوف) رات کا تاریک ہونا، کان کا سست ہونا، ہندوستان میں ایک درخت کا نام جو کھجور کے مانند ہوتا ہے۔

غَاضِف: (غ مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ف موقوف) خوش حال، خوش عیش۔

غِطْرِیْف: (غ مکسور، ط ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ف موقوف) مہتر (سردار) شریف، جوان آدمی، مکھی، باز کا بچہ (شاہین پرندے کا بچہ)

غَطَف: (غ مفتوح، ط مفتوح، ف موقوف) آنکھ کی کشادگی، پلکوں کی درازی۔

غَفّ: (غ مفتوح ف مشدد موقوف) شاداب اور ہرے درخت کی سوکھی پتی۔

غِلَاف: (غ مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) آئینہ، تلوار اور شیشے وغیرہ کا پردہ۔

غَلْف: (غ مفتوح، ل ساکن، ف موقوف) داڑھی اور سر کے بالوں میں خوشبو لگانا، کسی شئی کو غلاف میں رکھنا، عُرف کے درخت کے مانند ایک درخت۔

غُلُف: (غ مضموم، ل ساکن رمضموم، ف موقوف) غِلاف کی جمع ہے۔

غَلَف: (غ مفتوح، ل مفتوح، ف موقوف) ختنہ نہ کرنا، خوش حالی، فراخی عیش، بہت خوش حالی کا سال۔

غَیْف: (غ مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) پرندوں کا جھنڈ (گروہ، ٹولی، ٹکڑی وغیرہ)

غَیَّاف: (غ مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) لمبی داڑھی والا ہونا، بڑی داڑھی۔

﴿فصل الغین مع القاف﴾

غاق: (غ مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) آبی پرندہ، کوا۔

غاقِ: (غ مفتوح، ا ساکن، ق مکسور) کوے کی آواز کی حکایت (کائیں کائیں)

غَبُوق: (غ مفتوح، ب مضموم، و ساکن، ق موقوف) شام اور رات کی شراب۔

غَدَق: (غ مفتوح، د مفتوح، ق موقوف) زیادہ پانی۔

غَرَق: (غ مفتوح، ر مفتوح، ق موقوف) پانی کا سر سے اونچا ہونا، مشہور را کے سکون کے ساتھ ہے، غَرق وہ مرد پانی جس کے سر سے اونچا ہو جائے، ڈوبا ہوا مرد۔

غَارِق۔ غَرِیْق (غ مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق موقوف) (غ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ق موقوف) ڈوب جانے والا آدمی۔

غَرْنِیق۔ غُرْنُوق: (غ مفتوح، ر ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ق موقوف) (غ مکسور رمضموم، ر ساکن، ن مفتوح رمضموم، و ساکن، ق موقوف) ایک سیاہ لمبی گردن والا آبی پرندہ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ کلنگ یا اس کے مشابہ پرندہ، گورا خوبصورت نازک اندام جوان، ایک بت کا نام، غُرْنُوق گھنگرالے بال، بالوں کی چوٹی کو بھی کہتے ہیں، غَرانِیق جمع ہے۔

غَسْق: (غ مفتوح، س ساکن، ق موقوف) آنکھ کا تاریک ہونا، آنسو بہانا، رات کا سخت تاریک ہونا، غَسَق بھی اس معنی میں آیا ہے، بادل سے بارش کا ٹپکنا، تھن سے دودھ کا بہنا۔

غَسَق: (غ مفتوح، س مفتوح، ق موقوف) ابتدائی رات کی تاریکی، کھانے کی معمولی چیز جیسے ارزن (چینا)

غَاسِق: (غ مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ق موقوف) چاند، شب، پروین، ایک ستارہ، قضیب۔

غَسّاق: (غ مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ٹھنڈا بدبو دار پانی، پیپ۔

غَشْق: (غ مفتوح، ش ساکن، ق موقوف) نرم چیز پر مارنا جیسے گوشت وغیرہ۔

غَفْق: (غ مفتوح، ف ساکن، ق موقوف) آواز دے کر کسی کو ڈھونڈھنا، کسی کو کوڑے سے بہت مارنا، ہر وقت اونٹ کو پانی میں لانا، گدھی پر پے در پے سوار ہونا، پھرنا، کسی چیز پر مجمع کرنا، ہلکی بارش۔

غَافِق: (غ مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ق موقوف) اندلس میں ایک قلعہ ہے۔

غَقّ: (غ مفتوح، ق مشدد موقوف) ہانڈی کا جوش مارنا اور اس کی آواز کا سنائی دینا، چرغ (ایک شکاری پرندہ) کا آواز کرنا، کشادہ جگہ سے تنگ جگہ میں داخل ہونے کے وقت پانی کی آواز، کوے کی حکایت کی آواز جب اس کی آواز بھدی ہو جائے۔

غِقّ: (غ مکسور، ق مشدد موقوف) دیگ کے جوش مارنے کی آواز۔

غَلْفَق: (غ مفتوح، ل ساکن، ف مفتوح، ق موقوف) جعفر کے وزن پر ہے، مینڈک کا کپڑا، کائی، چوڑی پتیوں والی ایک گھاس جو پانی میں ہوتی ہے، خوش حال زندگی، نرم کمان، کھجور کے درخت کی کھال، انگور کی پتی جو درخت پر ہو۔

غَلْق: (غ مفتوح، ل ساکن، ق موقوف) دروازہ بند کرنا، دور جانا، کراہیت، لکنت، ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنا، تنگی، مرد، بوڑھا کمزور اونٹ یا بوڑھا کمزور سرخ اونٹ۔

غُلُق: (غ مضموم، ل مضموم، ق موقوف) بند دروازہ۔

غَلَق: (غ مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) وہ چیز جس سے دروازہ بند کریں اس کو مغلاق بھی کہتے ہیں، فارسی میں اسے کلیدان کہتے ہیں، رہن کا مالک اور مستحق ہونا اور رہن لینے والا اور یہ اسی وقت جبکہ وعدے کے مطابق گروی کی رقم ادا نہ کی جائے، اونٹ کی پیٹھ کا ایسا زخم جو اچھا نہ ہو۔

غَلِق: (غ مفتوح، ل مکسور، ق موقوف) مشکل مبہم بات۔

غَلَاق: (غ مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ایک جگہ کا نام۔

غَلّاق: (غ مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ایک مرد کا نام ہے۔

غَمَق: (غ مفتوح، م مفتوح، ق موقوف) زمین کی اوپری سطح کا نم ہونا۔

غَمِق: (غ مفتوح، م مکسور، ق موقوف) سبزی اور گھاس جو نمی کی کثرت سے بدبودار اور خراب ہو جائے۔

غَہِق: (غ مفتوح، ہ مکسور، ق موقوف) لمبا اونٹ۔

غَہِیق: (غ مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ق موقوف) نشاط، دیوانگی، لمبا اونٹ۔

﴿فصل الغین مع اللام﴾

غَرِل: (غ مفتوح، ر مکسور، ل موقوف) لمبا نیزہ، نازک جسم والا آدمی، سست، پیدائشی کاہل۔

غِرْبَال: (غ مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) چھلنی، سخن چین (چغلخور) آدمی، دف کے معنی میں بھی آیا ہے۔

غَزَال: (غ مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ہرن کا بچہ جو چلنے اور دوڑنے کے قابل ہو گیا ہو، سورج، سورج کی کرن، دَمُ الغزال ایک گھاس جس سے سرخ رنگ رنگتے ہیں، کعبُ الغزال ایک قسم کی سفید شکر۔

غَزّال: (غ مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) دھاگا بیچنے والا۔

غَزْل: (غ مفتوح، ز ساکن، ل موقوف) سوت کاتنا۔

غَزَل: (غ مفتوح، ز مفتوح، ل موقوف) عورتوں سے بات کرنا، عورتوں سے محبت کی باتیں کرنا، عشق بازی کرنا، عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف اور ان کے عشق میں جو بات کہی جائے، ست ہونا، ہرن کے بچے کا پیچھا کرتے ہوئے اس کے پاس پہنچ جانے کے بعد کتے کا ڈر کر رک جانا۔

غَزِل: (غ مفتوح، ز مکسور، ل موقوف) وہ آدمی جو عورتوں کے حسن و محبت کی بات کرے۔

غَسْل: (غ مفتوح، س ساکن، ل موقوف) دھونا، تکلیف دہ طریقے سے کسی کو مارنا، عورت سے بہت زیادہ جماع کرنا، نر کا مادہ کے ساتھ زیادہ جفتی کرنا۔

غِسْل: (غ مکسور، س ساکن، ل موقوف) زیادہ جفتی کرنے والا نر، ایک جگہ کا نام۔

غُسْل: (غ مضموم، س ساکن ر مضموم، ل موقوف) پورے بدن کا دھونا، سر دھونے کی چیز۔

غِسْل: (غ مکسور ر مضموم، س ساکن، ل موقوف) پورے بدن کا دھونا، سر دھونے کی چیز، خطمی اور گل زرد۔

غَسُّول: (غ مفتوح، س مشدد مضموم، و ساکن، ل موقوف) وہ پانی جس سے کوئی چیز دھوئی جائے، ہاتھ اور سر دھونے کی چیز جیسے خطمی اور اذخر وغیرہ۔

غَسِیل: (غ مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ل موقوف) دھویا ہوا، غَسِیلُ الْمَلَائِکَۃ حضرت حنظلہ بن عامر الراہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب جو غزوۂ احد میں شہید ہوئے چوں کہ وہ حالت جنابت میں گھر سے میدان جنگ میں آئے تھے اس لیے شہادت کے بعد فرشتوں نے انھیں غسل دیا۔

غَطْل: (غ مفتوح، ط ساکن، ل موقوف) پورے آسمان پر دھواں چھا جانا، بادل کی تاریکی کا تہ بتہ ہونا۔

غَطَل: (غ مفتوح، ط مفتوح، ل موقوف) رات کی تاریکی کا دنیا کو ڈھک لینا۔

غُفُول: (غ مضموم، ف مضموم، و ساکن، ل موقوف) بے خبر ہونا، کسی چیز کو بھولنا، کسی چیز کو چھوڑ دینا۔

غَفُول: (غ مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ل موقوف) بے خبر اونٹنی، بہت بے خبر آدمی۔

غُفْل: (غ مضموم، ف ساکن، ل موقوف) وہ شخص جس سے خیر کی امید اور شر کا خوف نہ ہو، جوئے کا تیر جو نشان اور علامت نہ رکھتا ہو، ہر بے نشان چیز، وہ زمین جس میں عمارت کا اثر نہ ہو، بے داغ گھوڑا، ناتجربہ کار آدمی، وہ آدمی جو جوئے کے تیر کو حاصل نہ کر سکے اور تیر کا تاوان نہ رکھتا ہو، بے حسب آدمی، وہ شعر جس کا کہنے والا غیر معروف ہو، اونٹ کی لید۔

غَفَل: (غ مفتوح، ف مفتوح، ل موقوف) کسی چیز سے بے خبر ہونا، بھول جانا، غفلۃ کا مرادف ہے، عیش کی فراخی۔

غَافِل: (غ مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ل موقوف) بے خبر، بے وقوف۔

غِلّ: (غ مکسور، ل مشدد موقوف) کینہ، دشمنی، دشمنی رکھنا۔

غَلّ: (غ مفتوح، ل مشدد موقوف) اندر آنا، اندر لانا۔

غُلّ: (غ مضموم، ل مشدد موقوف) گلے میں طوق ڈالنا، پیاس، پیاس کی شدت، دل کی سوزش۔

غَلِیل: (غ مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) دشمنی، پیاس، پیاس کی شدت، دل کی جلن، کھجور کے بیج کو چوپایوں کے لیے کوٹ کر زم کرنا۔

غَلَل: (غ مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) پیاس، سوزش، جلن۔

غُلُول: (غ مضموم، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) غنیمت میں خیانت کرنا۔

غَلُول: (غ مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) بوڑھے اور کمزور آدمی کے پیٹ میں ہضم ہونے والی غذا۔

غَالّ: (غ مفتوح، ا ساکن، ل مشدد موقوف) پست زیادہ درختوں والی زمین، درخت سلم و طلح کے اگنے کی جگہ، ایک گھاس کا نام ہے۔

غَمْل: (غ مفتوح، م ساکن، ل موقوف) چمڑے کو خراب کرنا اور چمڑے کو تہ بتہ لپیٹ کر کسی جگہ رکھ دینا تاکہ نرم ہو جائے اور اس کا بال جھڑ جائے، کچی کھجور اور پھل کی پال ڈالنا تاکہ پک جائے، پسینہ لانے کے لیے کسی کو کچھ اڑھانا، کسی چیز کی اصلاح کرنا، انگور کو تہ بتہ رکھنا، کٹی ہوئی گھاس کا تہہ بتہ گٹھا باندھنا، ایک جگہ کا نام۔

غَمَل: (غ مفتوح، م مفتوح، ل موقوف) زخم کی خرابی، زخم کا پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔

غَوْل: (غ مفتوح، و ساکن، ل موقوف) اچانک پکڑنا، اچانک لے جانا، ہلاک کرنا، مار ڈالنا، دردسر، مستی، بیابان کی لمبائی، رنج، مشقت، پست زمین، کیلے کے درخت، زیادہ مٹی، ایک جگہ کا نام۔

غُوْل: (غ مضموم، و ساکن، ل موقوف) ہلاک، سختی، بلا، جو چیز اچانک پکڑ لے، وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے، سانپ، موت، وہ شیطان جو لوگوں کو مختلف شکلوں میں نظر آئے، شیطان، جادوگر، لوگوں کو کھانے والا دیو۔

غَوَائِل: (غ مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) سختیاں، برائیاں، بلائیں، مصیبتیں۔

غِیْل: (غ مکسور، ی ساکن، ل موقوف) جنگل، نیستان، نرکل کا جنگل، درختوں کے جھنڈ، پانی والی وادی۔

غَیْل: (غ مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) جماع کے وقت عورت کا بچے کو دودھ پلانا، یہ بہت مضر ہے، گوشت سے بھرا ہوا موٹا بازو، موٹا بڑا بچہ، زمین پر بہنے والا پانی جو کھیتوں کی آبیاری کرے، کسی چیز پر کھینچی ہوئی لکیر، اس چشمے کا نام جو کوہ ابو قبیس کے نیچے جاری ہے، دھوبی جس میں کپڑے دھلتے ہیں، ہر وادی جس میں چشمہ جاری ہو، وہ چیز جو بظاہر قریب نظر آتی ہے اور حقیقۃً دور ہوتی ہے، چند جگہوں کا نام، کپڑے کا جھنڈا، چوڑا کپڑا۔

﴿فصل الغین مع المیم﴾

غَتْم: (غ مفتوح، ت ساکن، م موقوف) گرمی کی شدت جو پریشان کر دے۔

غَثْم: (غ مفتوح، ث ساکن، م موقوف) مال کا اچھا حصہ کسی کو دینا۔

غُثْم: (غ مضموم، ث ساکن، م موقوف) کھائے جانے والے روٹی کے ٹکڑے۔

غَذْم: (غ مفتوح، ذ ساکن، م موقوف) عمدہ مال کا حصہ دینا، کسی چیز کو دشواری و سختی و حرص کے ساتھ کھانا۔

غَذَم: (غ مفتوح، ذ مفتوح، م موقوف) ایک گھاس کا نام۔

غُذَم: (غ مضموم، ذ مفتوح، م موقوف) ایک دوسری گھاس کا نام۔

غَرَام: (غ مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دائمی مسلسل برائی، شیفتگی، کسی چیز کی لالچ، ہلاک، عذاب۔

غَرِیْم: (غ مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، م موقوف) قرض دار، قرض خواہ۔

غُرْم: (غ مضموم، ر ساکن، م موقوف) جرمانا، وہ چیز جس کا ادا کرنا ضروری ہو، غرامت کا مرادف ہے۔

غَسْم: (غ مفتوح، س ساکن، م موقوف) رات کا تاریک ہونا، اندھیری رات۔

غَسَم: (غ مفتوح، س مفتوح، م موقوف) رات کی تاریکی، تاریکی چھاجانا۔

غُسَم: (غ مضموم، س مفتوح، م موقوف) بادل کے ٹکڑے۔

غَشْم: (غ مفتوح، ش ساکن، م موقوف) اونٹ کے پورے جسم پر قطران ملنا، رات میں لکڑی چننا۔

غَطْم۔ غَطَمْطَم: (غ مفتوح، ط ساکن، م موقوف) (غ مفتوح، ط مفتوح، م ساکن، ط مفتوح، م موقوف) بحرِ عظیم، بڑا سمندر۔

غُلَام: (غ مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وہ لڑکا جس کا سبزۂ خط نکل آیا ہو، بعض لوگوں نے کہا کہ غُلَام پیدائش کے وقت سے جوان ہونے کے وقت تک، غِلْمان، اَغْلِمَۃ جمع ہے، رقیق غلام بوڑھا ہو یا جوان۔

غَلِم: (غ مفتوح، ل مکسور، م موقوف) زیادہ شہوت والا۔

غُلَیم: (غ مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، م موقوف) غلام کی تصغیر ہے، ایک آدمی کا نام۔

غِلِّیم: (غ مکسور، ل مشدد مکسور، ی ساکن، م موقوف) بہت زیادہ شہوت والا۔

غَمّ: (غ مفتوح، م مشدد موقوف) اندوہ، غم، بہت گرم رات دن جو پریشان کردیں، غمگین کرنا، گدھے کے منہ پر چھینکا باندھنا، چھپانا، فضا کا ابر آلود ہونا۔

غُمُوم: (غ مضموم، م مضموم، و ساکن، م موقوف) غم کی جمع ہے، چھوٹے مخفی ستارے۔

غَمَم: (غ مفتوح، م مفتوح، م موقوف) پیشانی اور گدی کے بالوں کو لٹکانا۔

غَمِیم: (غ مفتوح، م مکسور، ی ساکن، م موقوف) سوکھی گھاس میں ترگھاس، ملی ہوئی خشک و تر گھاس، گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ، کَرَاعُ الغَمِیم مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک وادی جو مکہ سے دو منزلوں کی مسافت پر ہے۔

غُمَیم: (غ مضموم، م مفتوح، ی ساکن، م موقوف) دیار حنظلہ میں ایک وادی۔

غَمَام: (غ مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بادل یا سفید بادل، حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تلوار کا نام، ایک گھوڑے کا نام۔

غُمَام: (غ مضموم، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زکام۔

غَنْم: (غ مفتوح، ن ساکن، م موقوف) قبیلۂ ثعلب کے ایک گروہ کا مورث اعلیٰ۔

غُنْم: (غ مضموم، ن ساکن، م موقوف) غنیمت حاصل کرنا، غُنم غَنَم بھی اس معنی میں آیا ہے۔

غَنَم: (غ مفتوح، ن مفتوح، م موقوف) بکری، بھیڑ۔

غَنَام: (غ مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، م موقوف) اونٹ کی ایک قسم کا نام۔

غَنَّام: (غ مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دو صحابیوں کے نام۔

غُنَیم: (غ مضموم، ن مفتوح، ی ساکن، م موقوف) ایک مرد کا نام۔

غَیْم: (غ مفتوح، ی ساکن، م موقوف) بادل، تشنگی، آنکھ کے اندر کی سوزش، اونٹ کی ایک بیماری۔

غَیْلَم: (غ مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، م موقوف) کنویں کے پانی کا چشمہ، بالغ لڑکی، کوا، نہر، کچھوا، ایک جگہ کا نام۔

غَہِیْم: (غ مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، م موقوف) تاریکی، اندھیرا۔

﴿فصل الغین مع النون﴾

غَبْن: (غ مفتوح، ب ساکن، ن موقوف) فریفتہ ہونا، نقصان پہنچانا، خرید و فروخت میں گھاٹا دینا، بھولنا۔

غَبَن: (غ مفتوح، ب مفتوح، ن موقوف) عقل اور رائے میں نقصان، کمزور رائے ہونا، فراموش کرنا، غافل کرنا۔

غَبِیْن: (غ مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ن موقوف) کمزور رائے والا۔

غَابِن: (غ مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ن موقوف) کام میں سست۔

غَثَیَان: (غ مفتوح، ث مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دل کا برہم اور شوریدہ ہونا۔

غَدَن: (غ مفتوح، د مفتوح، ن موقوف) نعمت، نرمی، خواب، اونگھ، سستی۔

غَرَن: (غ مفتوح، ر مفتوح، ن موقوف) ایک پرندہ ہے، کیکڑا، عقاب یا عقاب کے مانند ایک پرندہ۔

غَرِن: (غ مفتوح، ر مکسور، ن موقوف) کمزور آدمی۔

غُرَان: (غ مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک جگہ کا نام۔

غَسْن: (غ مفتوح، س ساکن، ن موقوف) چبانا۔

غُسْن: (غ مضموم، س ساکن، ن موقوف) کمزور، غُسَّن جمع ہے۔

غِسَان: (غ مکسور، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) وہ کھال جسے بچے پہنتے ہیں۔

غُسَان: (غ مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دل کی گہرائی۔

غَسَّان: (غ مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) جوانی کی تیزی، یمن کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ، غسانی بادشاہ اسی کی اولاد سے ہیں، ایک عورت کا نام ہے، ایک چشمہ کا نام جس پر قبیلۂ ازد کی ایک جماعت وارد ہوئی اور یہ چشمہ انہیں کے نام سے منسوب ہوگیا ہے۔

غَسَقَان: (غ مفتوح، س مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) زخم سے پیپ بہنا۔

غِسْلِیْن (غ مکسور، س ساکن، ل مکسور، ی ساکن، ن موقوف) وہ پانی جو کسی چیز کے دھونے اور استعمال کرنے کے بعد کسی جگہ جمع ہو، غُسَالہ کا مرادف ہے، پسینہ اور پیپ جو جہنیوں کے جسم سے بہے گا، غَسَاق کا مرادف ہے، سخت گرمی، جہنم کا ایک درخت۔

غَشْن: (غ مفتوح، ش ساکن، ن موقوف) لاٹھی اور تلوار سے مارنا۔

غُصْن: (غ مضموم، ص ساکن، ن موقوف) درخت کی چھوٹی یا بڑی شاخ، غُصْنَۃ چھوٹی شاخ، اَغْصَان و غُصُوْن جمع ہے، ایک مرد کا نام ہے۔

غَصْن: (غ مفتوح، ص ساکن، ن موقوف) کاٹنا، لینا، کسی کو ضرورت سے باز رکھنا۔

غَضْن: (غ مفتوح، ض ساکن، ن موقوف) باز رکھنا، قید کرنا۔

غَضَن: (غ مفتوح، ض مفتوح، ن موقوف) چمڑے کے نقش و نگار، زرہ اور کپڑے کی شکن۔

غَطَفَان: (غ مفتوح، ط مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) قبیلۂ قیس کا ایک گروہ۔

غَلَیَان: (غ مفتوح، ل مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) جوش مارنا، ابلنا۔

غِلْمَان: (غ مکسور، ل ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) غُلام کی جمع ہے، امرد لڑکے۔

غَمْن: (غ مفتوح، م ساکن، ن موقوف) بکری کی کھال کو کسی چیز میں ڈالنا تاکہ اس کے بال صاف ہوجائیں، کچے پھل کو کسی جگہ پکنے کے لیے رکھنا، کسی کے جسم پر کپڑا ڈالنا تاکہ اسے پسینہ آئے، غَمْل کا مرادف ہے جیسا کہ گزرا۔

غُمْدَان: (غ مضموم، م ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) یمن میں ایک محل کا نام جس کو لال، سفید، پیلے، ہرے رنگوں سے منقش کیا گیا ہے اس قصر کے بیچ میں ایک عمارت ہے جس میں سات چھتیں ہیں اور دو چھتوں کے درمیان چالیس ستون ہیں، (سیف بن ذی یزن کا محل)

غَیَسَان: (غ مفتوح، ی ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) جوانی کا جوش۔

غَیْن: (غ مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) بادل، پیاس، تشنگی، تیرگی، تاریکی، مشہور حرف۔

غِیْن: (غ مکسور، ی ساکن، ن موقوف) زیادہ گھاس والی جگہ۔

غَیْلَان: (غ مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک مشہور شاعر کا نام جسے ذی الرُّمَّۃ کہتے ہیں۔

غِیْلَان: (غ مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) غُول کی جمع ہے، اُمّ غِیْلان ایک کانٹے دار جنگلی درخت جو درخت بیری کے مانند ہوتا ہے اور اس کو مغیلان بھی کہتے ہیں (ببول)

﴿فصل الغین مع الواو﴾

غُدُوّ: (غ مضموم، د مضموم، و مشدد موقوف) صبح کرنا، غُدْوَۃ کی جمع ہے، رواح (شام) کی ضد۔

غَرْو: (غ مفتوح، ر ساکن، و موقوف) تعجب کرنا، سریش سے کسی چیز کو چپکانا، کسی جگہ سریش لگانا۔

غَزْو: (غ مفتوح، ز ساکن، و موقوف) ارادہ، قصد کرنا، کسی سے جنگ اور تاراجی کے لیے جانا۔

غُسُوّ: (غ مضموم، س مضموم، و مشدد موقوف) رات کا تاریک ہونا۔

غَطْو۔ غُطُوّ: (غ مفتوح، ط ساکن، و موقوف) (غ مضموم، ط مضموم،

ومشدد موقوف) اندھیری رات، پانی کا بلند ہونا اور کسی چیز کو چھپانا، ڈبونا۔

غَفْو: (غ مفتوح، ف ساکن، و موقوف) بلند ٹیلے والی زمین۔

غَفْو۔ غُفُوّ: (غ مفتوح، ف ساکن، و موقوف) (غ مضموم، ف مضموم ومشدد موقوف) سونا، تیرنا،

غَلْو: (غ مفتوح، ل ساکن، و موقوف) کسی چیز سے تیر پرتاب کی مسافت کی مقدار دور ہونا۔

غُلُوّ: (غ مضموم، ل مضموم، و مشدد موقوف) ہاتھ اتنا اونچا کرنا جتنا وہ بلند ہو سکے۔

فصل الغین مع الیاء

غَازِی: (غ مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ی موقوف) جنگ کرنے والا۔

غَالِی: (غ مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ی موقوف) گراں، حد سے گزرنے والا۔

غَاوِی: (غ مفتوح، ا ساکن، و مکسور، ی موقوف) گمراہ۔

غَبِیّ: (غ مفتوح، ب مکسور، ی مشدد موقوف) کند ذہن، بے وقوف۔

غَشْی: (غ مفتوح، ث ساکن، ی موقوف) دل کا پریشان ہونا۔

غَرْبِیّ: (غ مفتوح، ر ساکن، ب مکسور، ی مشدد موقوف) سرخ رنگ، کھجور کی نبیذ، مغرب سے منسوب چیز۔

غَشْی: (غ مفتوح، ش ساکن، ی موقوف) بے ہوش ہونا، بے ہوش کرنا، چھپانا، کوڑے سے مارنا، عورت کے ساتھ ہمبستری کرنا، کسی کے قریب آنا۔

غَلْی: (غ مفتوح، ل ساکن، ی موقوف) ہانڈی وغیرہ کا جوش مارنا۔

غَنِیّ: (غ مفتوح، ن مکسور، ی مشدد موقوف) مال دار، بے نیاز، قبیلۂ غطفان کا ایک گروہ۔

غَوَانِی: (غ مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی موقوف) غانیۃ کی جمع ہے، وہ عورتیں جو حسن وجوانی کی وجہ سے زیورات سے بے نیاز ہوں۔

غَوَاشِی: (غ مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ی موقوف) پردے، غاشیۃ کی جمع ہے۔

غَوِیّ: (غ مفتوح، و مکسور، ی مشدد موقوف) گمراہ۔

غَیّ: (غ مفتوح، ی مشدد موقوف) گمراہ ہونا، گمراہی، مایوسی، جہنم میں ایک وادی۔

باب الفاء

فصل الفاء مع الالف

فَتَاً: (ف مفتوح، ت ساکن، اَ موقوف) جوان ہونا، جواں مرد ہونا۔

فَتیٰ: (ف مفتوح، ت مفتوح، ا مقصورہ موقوف) جوان، جوان مرد، بخشش کرنے والا۔

فَتْوٰی۔ فُتْیَا: (ف مفتوح ت ساکن و مفتوح ا مقصورہ موقوف) (ف مضموم ت ساکن ی مفتوح ا موقوف) فقیہ کا بیان کردہ دینی مسئلہ اور حکم۔

فَتَاء: (ف مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) نیست ہونا، زائل ہونا، ٹوٹنا، آگ بجھانا، لَا تَفْتَؤُ یعنی دائمی، ہمیشہ، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ اس آیت میں لا محذوف ہے یعنی لَاتَفْتَؤا۔

فَثْأ: (ف مفتوح، ث ساکن، اَ موقوف) غصہ پینا، غصہ کی تیزی کو ختم کرنا، گرمی کا ختم ہونا، دشمن کو بات سے زیر کرنا، کسی پر پھونک مارنا، دودھ کا کھولنا اور جھاگ دینا۔

فَجْأ: (ف مفتوح، ج ساکن، اَ موقوف) کسی کو اچانک پکڑنا، کسی پر ہجوم کرنا۔

فَجیٰ: (ف مفتوح، ج مفتوح، ا مقصورہ موقوف) فتیٰ کے وزن پر ہے، رانوں کی دورانوں، دو زانو، دو پنڈلیوں اور دو پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔

فَجْوَاء: (ف مفتوح، ج ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) شگاف، پھٹن، کشادہ زمین، وہ کمان جس کا چلہ دور ہو۔

فَحْشَاء: (ف مفتوح، ح ساکن، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) برا کام، زنا۔

فَحْوَاء۔ فَحْوٰی: (ف مفتوح، ح ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) (ف مفتوح، ح ساکن، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) کلام کا معنی، کلام کا مضمون۔

فَخیٰ: (ف مفتوح، خ مفتوح، ا مقصورہ موقوف) خوشبودار اشیا جو کھانے میں ڈالتے ہیں جیسے بھنی ہوئی پیاز، لہسن، دھنیا اور زیرہ وغیرہ۔ فحی بھی اسی معنی میں ہے۔

فِدَاء: (ف مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وہ فدیہ جس کے ذریعہ قیدی رہائی حاصل کرتا ہے اور اس کو سربہا (زرفدیہ) کہتے ہیں، چھٹکارا دینا، اپنی ذات کو مال کے ذریعہ خریدنا، فدیٰ بالفتح والکسر بھی اسی معنی میں ہے۔

فَدَاء: (ف مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) غلے کا ڈھیر، نئے کا چھوٹا ٹکڑا، غذا مثلاً جو اور کھجور، کسی چیز کا حجم۔

فِرَاء: (ف مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پوستین، فَرْوَۃ کی جمع۔

فَرَاء: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) نیل گائے، فرا جمع ہے كُلُّ الصَّيْدِ فِیْ جَوْفِ الْفَرَاءِ یعنی تمام شکار گورخر کے درمیان میں ہیں، یہ مثال ان چیزوں میں دی جاتی ہے جو دوسری چیزوں پر مشتمل ہوں۔

فَرَّاء: (ف مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) پوستین سلنے والا، مشہور نحوی کا لقب ہے، محی السنہ صاحب مصابیح صاحب شرح السنۃ۔

فَرَاَ: (ف مفتوح، ر مفتوح، اَ موقوف) گورخر، جنگلی گدھا، ایک جزیرے کا نام۔

فُرَادٰی: (ف مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ا مقصورہ موقوف) تنہا تنہا لوگ، جدا جدا لوگ، فَرْد کی جمع ہے۔

فَرٰی: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) جھوٹ گڑھنا، متحیر ہونا، مدہوش ہونا۔

فُسَاء: (ف مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بے آواز ہوا خارج ہونا، فسکی، فارسی میں اس کو تُس کہتے ہیں۔

فَسَاَ: (ف مفتوح، س ساکن، اَ موقوف) فارس میں ایک شہر کا نام، ابوعلی نحوی وہیں کا رہنے والا تھا، فسوی فسا کا معرب ہے۔

فَشَاء: (ف مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مویشیوں کا توالد و تناسل اور ان کی کثرت۔

فَضَاء: (ف مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) جگہ کا کشادہ ہونا، ہتھیلی میں درہم نہ رکھنا، گھر کی بناوٹ، کشادہ زمین، مدینہ میں ایک موضع کا نام۔

فِضَاء: (ف مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) زمین پر بہنے والا پانی، فتیٰ کے وزن پر، آنگن کا سرا، ملی ہوئی چیز۔

فُضْلیٰ: (ف مضموم، ض ساکن، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بہت زیادہ، اَفْضَل کی تانیث۔

فُضَلاَء: (ف مضموم، ض مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) فَاضِل کی جمع ہے۔

فَقْوَ: (ف مفتوح، ق ساکن، ء موقوف) اندھا کرنا، آنکھ نکال لینا، وہ جھلی جو بچے کے ساتھ رحم سے باہر آتی ہے۔

فَنَاء: (ف مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) خاتمہ ہونا، انجام کو پہنچنا، معدوم ہونا۔

فِناء: (ف مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) گھر کے سامنے کا کشادہ صحن، گھر کا اردگرد۔

فَنَا: (ف مفتوح، ن مفتوح، ا موقوف) سلنکور جس کو عنب الثعلب (مکو) کہتے ہیں، نجد میں ایک پہاڑ۔

فَوْضَیٰ: (ف مفتوح، و ساکن، ض مفتوح، ا مقصورہ موقوف) یکساں اور برابر لوگوں کا گروہ جس کا کوئی سردار نہ ہو، پراگندہ لوگ، باہم ملے جلے لوگ، وہ کام جو کسی گروہ کے درمیان مشترک ہو۔

فَیْءَ: (ف مفتوح، ی ساکن، ء موقوف) لوٹنا، چڑیوں کی ٹولی، خراج، ٹیکس، غنیمت، بعض لوگوں نے کہا کہ غنیمت وہ مال ہے جو جنگ میں کفار سے حاصل کیا جائے اور فَے کفار کا وہ مال ہے جو جنگ کیے بغیر حاصل ہو، زوال کے وقت کا سایہ، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ فَیٔ دوپہر کا سایہ، نصف النہار سے پہلے کا سایہ، اَفْیَاء و فُیُوء جمع۔

﴿فصل الفاء مع الباء﴾

فَارَاب: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) دریائے سیحون کی دوسری طرف کا کنارہ جو ابونصر فارابی کی جائے پیدائش ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ فاراب اترار کا شہر ہے۔

فَارِیَاب ۔ فِرْیَاب: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) (ف مکسور، ر ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بلخ میں ایک گاؤں ہے۔

فَرَاب: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) سمرقند کے قریب ایک گاؤں۔

فَرّاب: (ف مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) اصفہان میں ایک گاؤں۔

فُرْقُبْ: (ف مضموم، ر ساکن، ق مضموم، ب موقوف) ایک جگہ کا نام جہاں کا کپڑا زیادہ اچھا ہوتا ہے، قُرْقُبْ بھی آیا ہے، ثُرْقُبْ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فِرْنَبْ: (ف مکسور، ر ساکن، ن مفتوح، ب موقوف) چوہا، چوہے کا بچہ جو یَرْبُوع سے حاصل ہو، یَرْبُوع بھاری جسم والا چوہا ہے، یَرْبُوع جنگلی خرگوش کو بھی کہتے ہیں۔

فِرْیَاب: (ف مکسور، ر ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) خراسان کا ایک گاؤں جسے فاریاب بھی کہتے ہیں۔

﴿فصل الفاء مع التاء﴾

فَاقَۃ: (ف مفتوح، ا ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) فقیری، محتاجی۔

فَاتِحَۃ: (ف مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ح مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا اول، شروع، سورۃ الحمد۔

فَائِدَۃ: (ف مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) منفعت جو مال اور عقل سے حاصل کی جائے۔

فَاضِلَۃ: (ف مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) عطا،

صاحب فضیلت عورت، فَوَاضِل جمع ہے۔

فَاحِشَۃٌ: (ف مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ش مفتوح، ۃ موقوف) برا کام، زانیہ عورت، بہت برا گناہ، وہ چیز جو شریعت میں ممنوع ہے۔

فَاقِرَۃٌ: (ف مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) حادثہ کام کی ابتدا۔

فَاصِلَۃٌ: (ف مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) بڑا اور چھوٹا پرویا ہوا موتی، ہار کے دو مہروں کے درمیان دوسرے رنگ کا مہرہ (م)، علم عروض کی اصطلاح میں تین حروف متحرک اور چوتھا ساکن جیسے ضَرَبَتْ اسے فاصلۂ صغریٰ کہتے ہیں یا چار ابتدائی حروف متحرک ہوں اور پانچواں ساکن ہو جیسے ضَرَبَکُم اسے فاصلۂ کبریٰ کہتے ہیں، نفقہ (خرچ) جو فرق کرتا ہے کفر و ایمان کے درمیان اور اس کا ثواب دوسرے صدقوں کی بنسبت سات سو گنا زیادہ ہے۔

فَارَۃٌ: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) چوہا، نافۂ مشک، کستوری کی تھیلی جو ہرن کی ناف سے نکلتی ہے (م)

فَاطِمَۃٌ: (ف مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) وہ عورت جو بچے کا دودھ پینا چھڑا دے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دختر نیک اختر کا نام مبارک۔

فَاغِیَۃٌ: (ف مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) حنا کی کلی یا یہ کہ درخت حنا کی شاخ کو زمین میں گاڑ دیں پھر اس سے انتہائی خوشبودار شگوفہ نکلتا ہے جسے فَاغِیَۃ کہتے ہیں۔

فِئَۃٌ: (ف مکسور، ء مکسور، ۃ موقوف) گروہ، جماعت۔

فُتُوَّۃٌ: (ف مضموم، ت مضموم، و مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جوانمردی، بہادری۔

فِتْیَۃٌ: (ف مکسور، ت ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) جوان لوگ، فَتیٰ کی جمع ہے۔

فَتِیَّۃٌ: (ف مفتوح، ت مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جوان عورت۔

فَتّ: (ف مفتوح، ت مشدد موقوف) روٹی کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

فَتَات: (ف مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) جوان عورت۔

فَتْرَۃٌ: (ف مفتوح، ت ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) سستی، دو پیغمبروں کی آمد کے درمیان کا زمانہ، ایک مچھلی ہے جسے پیر پر ملیں تو اعضا سست ہو جائیں۔

فِتْنَۃٌ: (ف مکسور، ت ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) آزمائش، حیرت، گمراہی، کفر، رسوائی، عذاب، سونے اور چاندی کو پگھلانا، گمراہ کرنا، مال اور اولاد میں دیوانہ ہونا، لوگوں کا اپنے راستوں میں مختلف ہونا۔

فُجَاءَۃٌ: (ف مضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) یکا یک، اچانک۔

فَجَاجَۃٌ: (ف مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) کچا پن، نادانی، بے وقوفی۔

فَجْوَۃٌ: (ف مفتوح، ج ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) دو پہاڑوں کے درمیان کا شگاف، درہ، کشادہ زمین، گھر کا آنگن، گھر کا صحن۔

فَجِیْعَۃٌ: (ف مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) سخت تکلیف اور مصیبت۔

فَخَامَۃٌ: (ف مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) موٹاپا، بلندی، بزرگی۔

فِدْیَۃٌ: (ف مکسور، د ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ مال جو کسی قیدی کی رہائی کے عوض دیں۔

فَدَامَۃٌ۔ فُدُوْمَۃٌ (ف مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) (ف مضموم، د مضموم، و ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) سخت اور جفا کار ہونا، سختی، ظلم و ستم۔

فَرَاسَۃٌ: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) شہسواری میں ماہر ہونا، سواری کرنا، جاننا۔

فِرَاسَۃٌ: (ف مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) چالاکی، دانائی، نشان و نظر کی پہچان، ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا۔

فُرُوْسَۃٌ۔ فُرُوْسِیَّۃٌ (ف مفتوح، ر مضموم، و ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) (ف مفتوح، ر مضموم، و ساکن، س مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سواری، گھوڑا پہچاننا۔

فَرْسَۃٌ: (ف مفتوح، ر ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) وہ ریاح جو گردن اور پیٹھ میں جم جاتی ہے اور اسے جھکا دیتی ہے۔

فَرِیْسَۃٌ: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) وہ شکار جس کی گردن شیر توڑ دے۔

فَرْصَۃٌ: (ف مفتوح، ر ساکن، ص مفتوح، ۃ موقوف) پیٹھ ٹیڑھی کرنے والی ریاح۔

فُرْصَۃٌ: (ف مضموم، ر ساکن، ص مفتوح، ۃ موقوف) کام کی فرصت، کسی چیز کی باری، پانی کا ایک حصہ، ایک بیماری جس کی وجہ سے پیٹھ جھک جائے، کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے حائضہ عورت خود کو پاک کرے۔

فَرِیْصَۃٌ: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ص مفتوح، ۃ موقوف) انسان اور چوپایوں کے مونڈھے کا گوشت، گردن کی رگ۔

فُرْجَۃٌ: (ف مضموم، ر ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) سوراخ، کشادگی۔

فَرْجَۃٌ: (ف مفتوح، ر ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) کھولنا۔

فَرِیْضَۃٌ: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) خدائے تعالیٰ کا فرمان، نماز، روزہ وغیرہ۔

فُرْضَۃٌ: (ف مضموم، ر ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) نہر کا دہانہ، بندرگاہ جس میں جہاز ٹھہرتے ہیں، دوات کا منہ، لکڑی جس میں دروازے کی چول ہو۔

فَرْحَۃٌ: (ف مفتوح، ر ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) خوشی، خرمی۔

فِرْقَۃٌ: (ف مکسور، ر ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) بھری ہوئی مشک، لوگوں کا گروہ، فَرِیْق اس سے بڑے گروہ کو کہتے ہیں۔

فُرْقَۃٌ: (ف مضموم، ر ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) جدائی۔

فِرْیَۃٌ: (ف مکسور، ر ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) جھوٹ، افترا۔

فَرْوَۃٌ: (ف مفتوح، ر ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) سر کی کھال، پوستین، ایک شخص کا نام، سوکھی گھاس۔

فُِرَارَۃٌ: (ف مفتوح ر مکسور ر مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) چوپائے کا چاروں دانت دکھانا تاکہ اس کا سال معلوم ہو، ضرب المثل ہے عَیْنُہٗ فُرَارَۃٌ یعنی اس کی ذات اور اس کا منظر دانتوں کو کھولنے سے بے نیاز کرتا ہے۔

فَرَاہَۃٌ: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) چالاک اور ماہر ہونا، گھوڑے کا تیز دوڑنا، بجستان میں ایک شہر کا نام ہے جسے اب فراہ کہتے ہیں، صاحب نصاب الصبیان ابونصر فراہی یہیں

کے رہنے والے تھے۔

فَرَاغَۃٌ: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) کام سے فارغ ہونا،

فُرَاغَۃٌ: (ف مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) آب منی۔

فُرَات: (ف مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) اچھا پانی، کوفہ کے نزدیک ایک دریا ہے۔

فَرَاشَۃٌ: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ش مفتوح، ۃ موقوف) پروانہ، زمین سے پانی بہہ جانے کے بعد مٹی کا خشک ہونا۔

فِرْزَۃٌ: (ف مکسور، ر ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کے ٹکڑے کو جدا کرنا۔

فُرْزَۃٌ: (ف مضموم، ر ساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) باری، فرصت، ریت کے ٹیلوں کے بیچ کا راستہ۔

فُسْحَۃٌ: (ف مضموم، س ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) کشادگی۔

فَصَاحَۃٌ: (ف مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) خوش بیان ہونا، تیز زبان ہونا۔

فَصِیْلَۃٌ: (ف مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) خوبی، قریبی رشتے دار۔

فَضِیْحَۃٌ: (ف مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) رسوائی۔

فِضَّۃٌ: (ف مکسور، ض مشدد مفتوح، ۃ موقوف) چاندی۔

فَضِیْلَۃٌ: (ف مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) زیادتی، بڑھنا، نَقِیْصَۃٌ کی ضد، ہنر، بلند مرتبہ۔

فُضْلَۃٌ: (ف مضموم، ض ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) زیادہ بچی ہوئی چیز۔

فُضَالَۃٌ: (ف مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) ہر شئی کا زائد اور بیکار حصہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام کا نام۔

فِطْرَۃٌ: (ف مکسور، ط ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) آفرینش، دین، اسلام، صدقۂ فطر، عید کے دن کی زکوٰۃ (صدقہ)

فِطْنَۃٌ: (ف مکسور، ط ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) چالاکی، دانائی۔

فَطَانَۃٌ: (ف مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ہوشیار ہونا، فُطُوْنَۃٌ اور فَطَانِیَۃٌ بھی اسی معنی میں ہے۔

فَظَاعَۃٌ: (ف مفتوح، ظ مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) قباحت۔

فَظَاظَۃٌ: (ف مفتوح، ظ مفتوح، ا ساکن، ظ مفتوح، ۃ موقوف) سختی، غلظت۔

فَقَاہَۃٌ: (ف مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) عقل مند ہونا، معلوم کرنا، جاننا،

فِقْرَۃٌ: (ف مکسور، ق ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پیٹھ کی ہڈی کا مہرہ، ریڑھ، وہ زیور جو صلب کے مہرے کے مانند بناتے ہیں، نثر کا ٹکڑا جو شعر کے ایک مصرع کے قائم مقام ہو، عبارت کا جملہ۔

فَکَاہَۃٌ: (ف مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) خوش طبع ہونا۔

فُکَاہَۃٌ: (ف مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) خوش طبعی۔

فِکْرَۃٌ: (ف مکسور، ک ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) اندیشہ۔

فَکَّۃٌ: (ف مفتوح، ک مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سستی، کمزوری، نادان ہونا، سماک رامح کے پیچھے ستاروں کا جمع ہونا اور دائرہ بنانا جس کو عرب کے بچے قصعۃ المساکین کہتے ہیں۔

فَلَاۃٌ: (ف مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) آب و گیاہ سے خالی میدان، کشادہ صحرا۔

فِلْذَۃٌ: (ف مکسور، ل ساکن، ذ مفتوح، ۃ موقوف) جگر کا ٹکڑا۔

فَلْسَفَۃٌ: (ف مفتوح، ل ساکن، س مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) حکیم اور دانش مند ہونا،

فَلْکَۃٌ: (ف مفتوح، ل ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) چرخے کا دمڑکا، تکلا، زمین کے گول ٹکڑے، ریت کا گول ٹیلا، تکلے کے سوراخ میں پیوست لمبی کیل جس کو سوت کاتنے کے وقت گردش دیتے ہیں، گول لکڑی جس پر خیمے کے ستون کا سر رکھتے ہیں۔

فِلَاحَۃٌ: (ف مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) کاشت کاری، کھیتی۔

فَلْتَۃٌ: (ف مفتوح، ل ساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) بے اندیشہ کام، اچانک کام۔

فَوْت: (ف مفتوح، و ساکن، ت موقوف) نیست ہونا، فنا ہونا، کسی چیز کا جانا۔

فَوَات: (ف مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) فنا۔

فُوَّۃٌ: (ف مضموم، و مشدد مفتوح، ۃ موقوف) قُوَّۃ کے وزن پر ہے، مجیٹھ جس سے رنگا جاتا ہے، اسے رَوْ ین اور رُوْ ذ نگ کہتے ہیں، ایک دو میٹر لمبا پودا جس کے پتے تیز اور اس کے پھول چھوٹے اور زرد ہوتے ہیں اور اس کی جڑ سرخ ہوتی ہے اور اس سے مادۂ آلیزارین حاصل کیا جاتا ہے جسے رنگائی کے کام میں لاتے ہیں (م)۔

فُوَارَۃٌ: (ف مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) دیگ میں جوش مارنے والی چیز۔

فَوَّارَۃٌ: (ف مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بہت جوش مارنے والا۔

فَیْلَۃٌ۔ فَیْلُوْلَۃٌ: (ف مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) (ف مفتوح، ی ساکن، ل مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) رائے اور عقل کا خطا کرنا، عقل کا کمزور ہونا، رائے کا کمزور ہونا۔

﴿فصل الفاء مع الثاء﴾

فَثّ: (ف مفتوح، ث مشدد موقوف) حنظل کا درخت، ایک گھاس جس کے دانے سے قحط سالی میں روٹی پکاتے ہیں اور کھاتے ہیں۔

فَحْث: (ف مفتوح، ح ساکن، ث موقوف) تلاش کرنا۔

فَحِث: (ف مفتوح، ح مکسور، ث موقوف) اوجھڑی کے ہزار خانے۔

فَرْث: (ف مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) اوجھڑی کا گوبر، فُرُوْث جمع ہے، حاملہ عورت کا جی متلانا، کھجور کی بوری کا پھٹنا اور اس میں موجود چیز کا بکھر جانا، آدمی کو اس طرح مارنا کہ اس کا جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے، محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

﴿فصل الفاء مع الجیم﴾

فَالُوْ ذَج: (ف مفتوح، ا ساکن، ل مضموم، و ساکن، ذ مفتوح، ج موقوف) پَالُوْدَہ کا معرب ہے لیکن فصیح نہیں ہے، دراصل کلام عرب میں نہیں آتا ہے، بلکہ فَالُوْذَق وَفَالُوْذ آتا ہے۔

فَاشِج: (ف مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ج موقوف) موٹی حاملہ اونٹنی، موٹی اونٹنی جو حاملہ نہ ہو۔

فَثْج: (ف مفتوح، ث ساکن، ج موقوف) کم کرنا، گرم پانی کو ٹھنڈے پانی سے سرد کرنا۔

فَجّ: (ف مفتوح، ج مشدد موقوف) دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ، فِجَاج جمع ہے۔

فَجّ: (ف مفتوح، ج مشدد موقوف) کچا تربوز جس کو بطیخ شامی کہتے ہیں۔

فَحَج: (ف مفتوح، ح مفتوح، ج موقوف) چلنے میں دونوں پیروں کے درمیان کا فاصلہ، کمان کے چلے کو قبضے سے دور اور جدا کرنا۔

فَرْج: (ف مفتوح، ر ساکن، ج موقوف) شرمگاہ، اندام خاص، سوراخ، پھٹن، خوف اور خطرے کی جگہ، گھوڑے کے دو پیروں کے درمیان کا فاصلہ، موصل میں ایک شہر ہے، غم کا دور ہونا، شرم گاہ کا کھل جانا۔

فُرْج: (ف مضموم، ر ساکن، ج موقوف) فارس میں ایک شہر ہے۔

فِرْج: (ف مکسور، ر ساکن، ج موقوف) وہ آدمی جو راز پوشیدہ نہ رکھتا ہو۔

فُرُج: (ف مضموم، ر مضموم، ج موقوف) وہ کمان جس کے دونوں خانے کشادہ ہوں، وہ آدمی جو راز کو پوشیدہ نہ رکھے۔

فَرَج: (ف مفتوح، ر مفتوح، ج موقوف) کشادگی، ہمیشہ ستر کو کھلا رکھنا، آدمی کے چوتڑوں کا بھاری ہونے کی وجہ سے آپس میں نہ ملنا۔

فُرَج: (ف مضموم، ر مفتوح، ج موقوف) سوراخ، فُرْجَۃ کی جمع۔

فَرُوْج: (ف مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ج موقوف) وہ کمان جس کے دونوں خانے کشادہ ہوں، فُرُوج فَرْج کی جمع ہے۔

فَرُّوْج: (ف مفتوح، ر مشدد مضموم، و ساکن، ج موقوف) چھوٹا پیراہن، قبا جس میں سر کے پیچھے پھاڑا گیا ہو، مرغی کا چوزہ، فُرُّوْج بھی اس معنی میں آیا ہے۔

فَارِج: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ج موقوف) وہ کمان جس کے دونوں خانے کشادہ ہوں، وہ اونٹنی شہوت کی وجہ سے جس کی سرینیں کشادہ ہوں اور اونٹ اسے ناپسند کرتا ہو۔

فِرْنَاج: (ف مکسور، ر ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) اونٹ کے نشان کی ایک قسم، بلادِ طے میں ایک گاؤں۔

فَشْج: (ف مفتوح، ش ساکن، ج موقوف) چلنے میں پیر کو دور دور رکھنا۔

فَلْج: (ف مفتوح، ل ساکن، ج موقوف) ایک موضع کا نام ہے، فتح مندی اور رستگاری حاصل کرنا، تقسیم کرنا، دو ٹکڑے کرنا، کھیتی کے لیے زمین جوتنا، خراج اور ٹیکس مقرر کرنا۔

فِلْج: (ف مکسور، ل ساکن، ج موقوف) مشہور پیمانہ، کسی چیز کا آدھا حصہ، فَلْج بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فُلْج: (ف مضموم، ل ساکن، ج موقوف) فتح مندی و رستگاری۔

فَلَج: (ف مفتوح، ل مفتوح، ج موقوف) چھوٹی نہر، کشادگی، اگلے دانت، دو قدموں کے درمیان دوری اور کشادگی۔

فَالِج: (ف مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ج موقوف) موٹا دو کوہان والا اونٹ، نشانے پر لگنے والا تیر، خلط بلغم کی وجہ سے آدمی کے آدھے جسم کا ڈھیلا اور سست ہو جانا جس کی وجہ سے چلنے پھرنے سے باز رہے، اسے فَلَج کہتے ہیں، ایک پیمانے کا نام بھی فَلْج ہے، ایک مرد کا نام ہے۔

فُلُّوْج: (ف مضموم، ل مشدد مضموم، و ساکن، ج موقوف) کاتب، ایک جگہ کا نام ہے۔

فَنَج: (ف مفتوح، ن مفتوح، ج موقوف) پنگ کا معرب ہے۔

فُنُج: (ف مضموم، ن مضموم، ج موقوف) پیر کشادہ رکھنا۔

فَنْزَج: (ف مفتوح، ن ساکن، ز مفتوح، ج موقوف) اہل عجم کا ایک قسم کا رقص جس میں لوگ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر ناچتے ہیں، اسے پنجہ کہتے ہیں۔

فَوْتَنْج: (ف مفتوح، وساکن، ت مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) پودنہ کا معرب ہے، پودینہ۔

فَوْج: (ف مفتوح، وساکن، ج موقوف) آدمی وغیرہ کا گروہ، مشک کی خوشبو کا پھیلنا، دن کا ٹھنڈا ہونا۔

فَہْرَج: (ف مفتوح، ہ ساکن، ر مفتوح، ج موقوف) اصطخر میں بیابان کے کنارے ایک شہر ہے، فَہْرَہ کا معرب ہے۔

فَیْہَج: (ف مفتوح، ی ساکن، ہ مفتوح، ج موقوف) صَیْقَل کے وزن پر شراب، شراب کا پیانہ، وہ چیز جس سے شراب صاف کرتے ہیں۔

فَیْج: (ف مفتوح، ی ساکن، ج موقوف) پیک کا معرب ہے، شاطر، لوگوں کا گروہ، نیچی پست زمین۔

﴿فصل الفاء مع الحاء﴾

فَتْح: (ف مفتوح، ت ساکن، ح موقوف) کھولنا، کشائش، نصرت، مدد، چشمہ وغیرہ سے بہنے والا پانی، دار الحرب کو فتح کرنا، حبۃ الخضرا کے مشابہ ایک میوہ ہے، موسم بہار کی پہلی بارش، دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ کرنا۔

فُتُح: (ف مضموم، ت مضموم، ح موقوف) کشادہ چوڑا دروازہ، کشادہ منہ والی شیشی، وہ شیشی جس کی ڈاٹ اور منہ بند کرنے کا ڈھکن یا روئی نہ ہو۔

فَاتِح: (ف مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ح موقوف) فتح کرنے والا، فیصلہ دینے والا۔

فَتَّاح: (ف مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) حکم کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک نام، ایک پرندے کا نام۔

فَتُوح: (ف مفتوح، ت مضموم، و ساکن، ح موقوف) بہار کی پہلی بارش، وہ اونٹنی جس کے تھن کا سوراخ کشادہ ہو۔

فُتُوح: (ف مضموم، ت مضموم، و ساکن، ح موقوف) کشادگیاں، فتح کی جمع ہے۔

فُجْح: (ف مضموم، ج ساکن، ح موقوف) ایک قبیلہ ہے۔

فَجُوح: (ف مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ح موقوف) ایک قبیلے کے جد اعلیٰ کا نام۔

فَحِیح: (ف مفتوح، ح مکسور، ی ساکن ح موقوف) سانپ کے منہ کی آواز، زمین پر رینگنے کے وقت سانپ کی کھال کی آواز۔

فَحْفَاح: (ف مفتوح، ح ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بہشت کی ایک نہر کا نام۔

فَدْح: (ف مفتوح، د ساکن، ح موقوف) کسی کے قرض کو بھاری بنا دینا۔

فَادِح: (ف مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ح موقوف) گراں بار، دشوار۔

فَرَح: (ف مفتوح، ر مفتوح، ح موقوف) شادی، سرور، خوشی ظاہر کرنا۔

فَرِح: (ف مفتوح، ر مکسور، ح موقوف) خوشی۔

فُسُح۔ فَسِیح: (ف مضموم، س مضموم، ح موقوف) (ف مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ح موقوف) کشادہ، فراخ، چوڑا۔

فَسْح: (ف مفتوح، س ساکن، ح موقوف) دور دور قدم رکھنا،

فَشْح: (ف مفتوح، ش ساکن، ح موقوف) دو پیروں کے بیچ کا فاصلہ، کسی چیز سے عدول کرنا۔

فَشَاح: (ف مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بجو۔

فَصْح: (ف مفتوح، ص ساکن، ح موقوف) فصیح اور صحیح زبان بولنے والا، ظاہر اور واضح گفتگو کرنے والا، فَصَاحَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

فِصْح: (ف مکسور، ص ساکن، ح موقوف) نصرانیوں اور مجوسیوں کی عید۔

فَصِیح: (ف مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ح موقوف) درست اور رواں زبان بولنے والا، درست اور صاف زبان والا، چرب زبان مرد، درست بات کرنے والا۔

فَضْح: (ف مفتوح، ض ساکن، ح موقوف) کسی کے عیب اور برائی کو ظاہر کرنا۔

فَضَح: (ف مفتوح، ض مفتوح، ح موقوف) تہ کا انتہائی سفید ہونا، آنکھ کی سفیدی جو سرخی رکھتی ہو، دھندلی سیاہی، خیالی سیاہی۔

فَضُوح۔ فِضَاح: (ف مفتوح، ض مضموم، و ساکن، ح موقوف) (ف مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) فضیحت، ذلت و رسوائی۔

فَضَائح: (ف مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ح موقوف) رسوائیاں، ذلتیں۔

فَضِیح: (ف مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ح موقوف) رسوا، وہ شخص جو اپنے مال کی خوب حفاظت نہیں کرتا ہے۔

فَطْح: (ف مفتوح، ط ساکن، ح موقوف) کشادہ کرنا، لاٹھی سے مارنا، عورت کا بچے کو ساقط کرنا، حمل کو ساقط کرنا، چھیلنا، لکڑی کو چوڑا کرنا۔

فَطَح: (ف مفتوح، ط مفتوح، ح موقوف) سر اور ناک کا چوڑا ہونا، درخت کا بارآور ہونا۔

فَطُوح: (ف مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ح موقوف) بڑے پیٹ والی اونٹنی۔

فِقَاح: (ف مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) فقحہ کی جمع ہے، فقحہ دبر کا حلقہ۔

فُقَّاح: (ف مضموم، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) پھول، اذخر (ایک خوشبودار گھاس) کی کلی، ہر چیز کی کلی۔

فَقْح: (ف مفتوح، ق ساکن، ح موقوف) کتے کے بچے کا آنکھ کھولنا، گھاس کا شگوفہ والی ہونا، دبر کے حلقے پر مارنا۔

فَلْح: (ف مفتوح، ل ساکن، ح موقوف) پھاڑنا، مکر کرنا، فریب دینا، قیمت میں اتنا اضافہ کر دینا کہ کوئی اس قیمت پر خرید نہ سکے، سوراخ، پھٹن، فلوح جمع ہے۔

فَلَح: (ف مفتوح، ل مفتوح، ح موقوف) رستگاری، فتح مندی، فلاح کا مرادف ہے، نچلے ہونٹ کی پھٹن۔

فَلَاح: (ف مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) رستگاری، فتح مندی، بقا، نیکی اور بھلائی کے کام میں رہنا، طعام سحری، ایک مرد کا نام ہے۔

فَلَّاح: (ف مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) کاشتکار، کھیتی باڑی کرنے والا۔

فَنْح: (ف مفتوح، ن ساکن، ح موقوف) گھوڑے کا اتنا کم پانی پینا جس سے وہ آسودہ نہ ہو۔

فَوْح: (ف مفتوح، و ساکن، ح موقوف) مشک کی خوشبو کا اٹھنا اور پھیلنا، ہر خوشبودار چیز بعض لوگوں نے کہا ہے کہ ہر خوشبو یا ہر بدبو، ہانڈی کا جوش مارنا، خون کا رواں ہونا، زخم کا خون پھینکنا۔

فَیْح: (ف مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) خوشبو پھیلنا، فصل بہار کی بہتات، شہروں میں فراخی اور ارزانی۔

فَیَح: (ف مفتوح، ی مفتوح، ح موقوف) کشادہ (چوڑا) ہونا۔

فَیَاحِ: (ف مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ح مکسور) غارت۔

فَیَّاح: (ف مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) چوڑا دریا۔

فصل الفاء مع الخاء

فَتْخ: (ف مفتوح، ت ساکن، خ موقوف) بیٹھنے کے وقت انگلیوں کو موڑنا۔

فَتَخ: (ف مفتوح، ت مفتوح، خ موقوف) اعضا کی سستی اور نرمی، ہاتھ کی ہتھیلی اور پاؤں کے تلوے کا کشادہ اور نرم ہونا۔

فَخّ: (ف مفتوح، خ مشدد موقوف) شکار کا جال، فخاخ اور فخوخ جمع ہے، مکہ میں ایک جگہ کا نام ہے، دونوں پیروں کی سستی، فخ بھی اسی معنی میں ہے، خوشبو کا پھیلنا، سونے والے مرد کی آواز، خرانا، فخیخ بھی اسی معنی میں ہے، فخ فخیخ کا مرادف ہے۔

فَدْخ: (ف مفتوح، د ساکن، خ موقوف) سر کو پتھر سے توڑنا۔

فَرْسَخ: (ف مفتوح، ر ساکن، س مفتوح، خ موقوف) تین میل کی مقدار، فرسنگ کا معرب ہے، میل چلنے والے کے چار ہزار قدموں کی مقدار کو کہتے ہیں۔

فَرْفَخ: (ف مفتوح، ر ساکن، ف مفتوح، خ موقوف) خرقہ، پرپہن کا معرب ہے، اس کا اصل معنی عریض الجناح ہے یعنی لمبے پروں والا پرندہ۔

فَرْخ: (ف مفتوح، ر ساکن، خ موقوف) چڑیے کا چوزہ، جانور کا بچہ،

پودے کی نئی شاخ، اَفْرَاخ وفُرُوْخ جمع ہے، وہ کھیتی جس میں دانے آنے لگے ہوں قریب ہے کہ خوشہ والی ہوجائے، ذلیل آدمی، دھتکارا ہوا آدمی، سر کا اگلا حصہ، ایک مرد کا نام ہے۔

فَرَخ: (ف مفتوح، رمفتوح، خ موقوف) خوف اور ڈر کا دور ہونا۔

فَسْخ: (ف مفتوح، س ساکن، خ موقوف) ڈھیلا اور کمزور ہونا، نہ جاننا، عقل میں تباہی اور فساد پیدا کرنا، ویران کرنا، بیع اور نکاح کو مسترد کرنا، ارادے کا ٹوٹنا، منتشر کرنا، ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا، کپڑا وغیرہ اتار دینا، قرآن بھول جانا، بے وقوف آدمی، کمزور آدمی، جو شخص اپنی ضرورت اور مطلب تک نہ پہنچ سکے، اور اپنے کام کی اصلاح نہ کرے۔

فَسَخ: (ف مفتوح، س مفتوح، خ موقوف) تباہ اور فاسد ہونا،

فَشْخ: (ف مفتوح، ش ساکن، خ موقوف) ظلم کرنا، ہاتھ سے سر پر مارنا۔

فَصْخ: (ف مفتوح، ص ساکن، خ موقوف) بیع میں نقصان کرنا۔

فَضْخ: (ف مفتوح، ض ساکن، خ موقوف) سر توڑنا، کھوکھلی چیز کو توڑنا، آنکھ پھوڑنا، ڈول کا چھلکنا۔

فَضِیْخ: (ف مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، خ موقوف) کچی کھجور کی شراب، انگور کا شیرہ، بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

فَضُوْخ: (ف مفتوح، ض مضموم، و ساکن، خ موقوف) وہ شراب جو پینے والے کو مست کر دیتی ہے۔

فَنْخ: (ف مفتوح، ن ساکن، خ موقوف) غالب ہونا، قہر کرنا، ذلیل کرنا۔

فَوْخ۔ فِیْخ: (ف مفتوح، و ساکن، خ موقوف) (ف مکسور، ی ساکن، خ موقوف) آدمی اور جانوروں کی ہوا کا آواز کے ساتھ خارج ہونا، خوشبو پھیلنا، فوح کا مرادف ہے، ہوا کا آواز کے ساتھ نکلنا یا وہ ہوا جو بے آواز خارج ہو۔

﴿فصل الفاء مع الدال﴾

فَأَد: (ف مفتوح، ا ساکن، د موقوف) راکھ میں روٹی گرم کرنا، آگ پر گوشت بھننا، دل میں درد ہونا، بد دل کرنا، خوف اور ڈر۔

فَأَدْ: (ف مفتوح، ا مفتوح، د موقوف) دل کا درد کرنا اور اس کی وجہ سے رونا۔

فُؤَاد: (ف مضموم، ء مفتوح، ا ساکن، د موقوف) دل، اَفْئِدَة اَسْئِلَة کے وزن پر جمع ہے۔

فَوَاد: (ف مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، د موقوف) یہ لفظ دل کے معنی میں درست نہیں ہے۔

فَدِیْد: (ف مفتوح، د مکسور ی ساکن، د موقوف) آواز یا سخت آواز یا بکری اور بھیڑ کے دوڑنے کی آواز۔

فَدَّاد: (ف مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) تیز آواز کرنے والا، سخت گفتگو کرنے والا آدمی، متکبر، سو اونٹ سے ہزار تک کا مالک۔

فُدْفُدْ: (ف مضموم، د ساکن، ف مضموم، د موقوف) بلند آواز، گفتگو میں سخت۔

فَدْفَدْ: (ف مفتوح، د ساکن، ف مفتوح، د موقوف) صحرا، سخت زمین، برابر زمین۔

فَرْد: (ف مفتوح، ر ساکن، د موقوف) اکیلا، تنہا، طاق، زوج کی ضد ہے، اَفْرَاد وفُرَادیٰ جمع ہے۔

فَرِیْد: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) یگانہ، بڑا موتی، ہر عمدہ موتی جو بے مثل ہو۔

فَارَدْ: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، د موقوف) یگانہ، جدا، ہرنی جو ریوڑ سے جدا ہو جائے، سفید عمدہ شکر، نجد میں ایک پہاڑ۔

فِرْصَاد: (ف مکسور، ر ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، د موقوف) توت یا سرخ توت یا میوۂ توت، شہتوت، سرخ رنگ۔

فِرْصَدْ: (ف مکسور، ر ساکن، ص مفتوح، د موقوف) منقی یا انگور کا دانہ، ایک قسم کا بڑا انگور جس کو خشک کر کے دوا میں استعمال کرتے ہیں۔

فَرْقَدْ: (ف مفتوح، رساکن، ق مفتوح، دموقوف) گائے کا بچہ، بچھڑا، قطب کی طرف کے دوستاروں میں سے ایک ستارہ جس کی وجہ سے راستہ نہ پہچانا جاسکے اور ان دونوں ستاروں کو فرقدان کہتے ہیں، بخارا میں ایک گاؤں۔

فِرِنْد: (ف مکسور، رمکسور، ن ساکن، دموقوف) تلوار، تلوار کی تیزی اور اس کا نقش ونگارا سے اِفْرِند بھی کہتے ہیں، مشہور ریشمی کپڑا، پرند کا معرب ہے، انار کا دانہ۔

فِرْنِدْ: (ف مکسور، رساکن، ن مکسور، دموقوف) گرم مسالا جو کھانے میں ڈالتے ہیں۔

فُرْہُدْ: (ف مضموم، رساکن، ہ مضموم، دموقوف) سخت، جلد بازی کرنے والا، شیر درندہ کا بچہ، موٹا تازہ لڑکا، فَرہَدْ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فُرْہُوْد: (ف مضموم، رساکن، ہ مضموم، وساکن، دموقوف) فُرہُدْ کا ہم معنی، پہاڑی بکری، نجد کے ایک قبیلے کے جداعلیٰ کا نام، خلیل بن احمد عروضی اسی خاندان سے تھے۔

فَرْہَاد: (ف مفتوح، رساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، دموقوف) ایک مشہور آدمی کا نام۔

فَرْہَادْجُرْد: (ف مفتوح، رساکن، ہ مفتوح، اساکن، دموقوف) (ج مضموم، رساکن، دموقوف) مرو میں ایک گاؤں کا نام۔

فَسَاد: (ف مفتوح، س مفتوح، اساکن، دموقوف) تباہی، تباہ ہونا، صلاح کی ضد ہے، ظلم وتعدی سے مال لینا (چھیننا)

فَاسِدْ: (ف مفتوح، اساکن، س مکسور، دموقوف) تباہ۔

فَصْد: (ف مفتوح، ص ساکن، دموقوف) رگ کھولنا، کسی کے لیے بخشش جاری کرنا، عطیہ دینا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

فَصِیْد: (ف مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، دموقوف) رگ کھولا ہوا، نشتر لگایا ہوا، آنت اور خون ملا کر بھنا ہوا کھانا جس سے ایامِ جاہلیت میں مہمان نوازی کرتے تھے۔

فَصَّاد: (ف مفتوح، ص مشدد مفتوح، اساکن، دموقوف) نشتر لگانے والا، حجام۔

فَقْد: (ف مفتوح، ق ساکن، دموقوف) گم کرنا، فُقْدان بھی اسی معنی میں آیا ہے، ایک گھاس کا نام، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ گھاس کی بالی جسے پنج انگشت کہتے ہیں، انگور یا شہد سے بنائی ہوئی شراب۔

فَاقِدْ: (ف مفتوح، اساکن، ق مکسور، دموقوف) وہ عورت جس کا شوہر یا لڑکا مرگیا ہو، کسی چیز کا نہ پانا، نایاب ہونا۔

فِنْد: (ف مکسور، ن ساکن، دموقوف) بڑا پہاڑ، پہاڑ کا لمبا ٹکڑا، فِنْد بھی اسی معنی میں ہے، حرمین شریفین کے درمیان ایک پہاڑ، ایک آدمی کا نام اور ایک شاعر کا لقب ہے، وہ زمین جہاں بارش نہیں ہوتی ہے، درخت کی شاخ، جمع شدہ گروہ، قسم، طرح۔

فَنَدْ: (ف مفتوح، ن مفتوح، دموقوف) جھوٹ، عقل کی کمزوری، رائے کی غلطی، کلام کا نقص، بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے عقل کی کمزوری۔

فَوْد: (ف مفتوح، وساکن، دموقوف) سر کا ایک کنارہ (کنپٹی)، کنپٹی کے زیادہ بال، ایک طرف بوجھ والا بورا جسے تنگ بار کہتے یں، ملانا، مرنا۔

فَوَاد: (ف مفتوح، و مفتوح، اساکن، دموقوف) دل، فُؤاد کا مرادف ہے۔

فَہْد: (ف مفتوح، ہ ساکن، دموقوف) چیتا، فُہُود جمع ہے، چیتے کے مانند ہونا، تندوے جیسا ہونا، غافل ہونا، لمبا کھینچنا، ابنِ فَہد فرقۂ امامیہ کا ایک فقیہ ہے۔

فَہَدْ: (ف مفتوح، ہ مفتوح، دموقوف) سونا، کسی چیز سے غافل ہونا۔

فَہِدْ: (ف مفتوح رمکسور، ہ مکسور، دموقوف) خواب اور سستی میں تندوے کے مانند آدمی۔

فَیْد: (ف مفتوح، ی ساکن، دموقوف) آہستہ چلنا، مرنا، مال کا جانا، مال کا کسی کے لیے ثابت وسالم ہونا، بھگونا، گھسنا، گھسی ہوئی زعفران، گھوڑے کے لمبے بال جو اس کے چہرے پر نکلتے ہیں، مکہ کے راستے میں ایک قلعہ ہے جس کو فَیْد نامی ایک شخص نے بنایا تھا۔

فَیَّاد: (ف مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ناز سے چلنے والا آدمی، نرالو۔

﴿فصل الفاء مع الذال﴾

فَانِیذ: (ف مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی ساکن، ذ موقوف) ایک قسم کا حلوا، پانید کا معرب ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ سفید بڑے دانے والی شکر۔

فَالُوذ: (ف مفتوح، ا ساکن، ل مضموم، و ساکن، ذ موقوف) فَالُوذَہ پَالُودہ کا معرب ہے، فَالُوذج درست نہیں ہے، دراصل کلام عرب میں نہیں آتا۔

فَخْذ: (ف مفتوح، خ ساکن، ذ موقوف) ران، فِخْذ بھی اس معنی میں ہے، ران پر مارنا، کسی چیز کو ران پر رکھنا، اپنوں اور بھائیوں کا چھوٹا خاندان، عرب والے بڑے قبیلے کو شعب کہتے ہیں اس کے بعد قبیلہ پھر عمارہ اس کے بعد بطن اس کے بعد فَخْذ۔

فَذّ: (ف مفتوح، ذ مشدد موقوف) تنہا، بے مثل، اَفْذَان و فُذُوْذ ان جمع ہے، عرب کے جوے کے تیروں میں پہلا تیر، پراگندہ بکھری ہوئی چیزیں، تیز دوڑانا۔

فَلْذ: (ف مفتوح، ل ساکن، ذ موقوف) بے مہلت اور بے تاخیر، بے وعدہ عطا کرنا، بہت بخشش کرنا، کچھ دینا۔

فِلْذ: (ف مکسور، ل ساکن، ذ موقوف) اونٹ کا جگر، اَفْلَاذ جمع ہے، فِلَذ جگر اور گوشت کے ٹکڑے، سونے، چاندی وغیرہ کے ٹکڑے، فِلْذَۃ کی جمع ہے۔

فُوْلَاذ: (ف مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف) پُولاد کا معرب ہے، فالوذ بھی اسی معنی میں ہے، لوہا۔

﴿فصل الفاء مع الراء﴾

فَأْر: (ف مفتوح، ء ساکن، ر موقوف) مٹی کھودنا، دفن کرنا، چوہے، واحد فَارَۃ ہے، وہ ریاح جو چوپائے کے بازو میں جم جائے جس کی وجہ سے وہ لنگڑانے لگے، اونٹ سے آنے والی خوشبو، جب اس نے پھول کھایا ہو اسے فَارَۃُ الِابِل کہتے ہیں، نافۂ مشک، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ ان دونوں معانی میں "فار" درست ہوگا۔

فَار: (ف مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) وہ گوشت جو اعضا کے جوڑ میں ہو اور اعضا کو جوڑے۔

فُتُوْر: (ف مضموم، ت مضموم، و ساکن، ر موقوف) سختی کے بعد نرم ہونا، جوش کے بعد ساکن ہونا، کام میں سستی کرنا، نرم ہونا، جوڑوں کا سست ہونا۔

فِتْر: (ف مکسور، ت ساکن، ر موقوف) انگوٹھے اور سبابہ کے درمیان کا فاصلہ۔

فَتْر: (ف مفتوح، ت ساکن، ر موقورف) ایک عورت کا نام، پانی کی گرمی (حرارت) کا کم ہونا۔

فُتْر: (ف مضموم، ت ساکن، ر موقوف) آٹا چھاننے کے لیے کھجور کی چٹائی۔

فَتَر: (ف مفتوح، ت مفتوح، ر موقوف) کھانے کی مقدار معلوم، سستی، کمزوری، جوڑوں کے درمیان کا گوشت جس سے اعضا جڑے رہتے ہیں۔

فَتَار: (ف مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) فُتُور کے معنی میں ہے۔

فُتَار: (ف مضموم، ت مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ابتدائی نشو ونما۔

فَاتِر: (ف مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ر موقوف) کمزور، نیم گرم پانی، وہ آنکھ جس کی روشنی کمزور نہ ہو۔

فَاثُوْر: (ف مفتوح، ا ساکن، ث مضموم، و ساکن، ر موقوف) سنگ مرمر، چاندی، سونے کا طشت وغیرہ، وہ برتن جس میں شراب وغیرہ رکھتے ہیں، قرص آفتاب، ایک گاؤں کا نام، وہ جماعت جسے سرحد پر دشمنوں کی نقل و حرکت دیکھنے کے لیے بھیجتے ہیں، جاسوس، ایک منزل ہے۔

فَجْر: (ف مفتوح، ج ساکن، ر موقوف) پانی بہانا، صبح کا اجالا، رات کی تاریکی میں وہ سورج کی سرخی ہے، گناہوں میں مبتلا ہونا۔

فَجَر: (ف مفتوح، ج مفتوح، ر موقوف) بہادری، احسان، بخششیں،

بھلائی، مال، مال کی زیادتی۔

فُجُر: (ف مضموم، ج مضموم، رموقوف) فاجر کی جمع ہے۔

فُجُور: (ف مضموم، ج مضموم، وساکن، رموقوف) حق سے پھرنا، دین وغیرہ سے منحرف ہوجانا، بیماری سے شفا پانا، بینائی کا کمزور ہونا، جھوٹ بولنا، نافرمانی کرنا، تباہی پھیلانا، نماز چھوڑنا، گناہ کرنا، زنا کرنا۔

فَجُور: (ف مفتوح، ج مضموم، وساکن، رموقوف) بڑا بدکار۔

فَاجِر: (ف مفتوح، اساکن، ج مکسور، رموقوف) برا کام کرنے والا، مالدار، جادوگر۔

فَجَارِ: (ف مفتوح، ج مفتوح، اساکن، رمکسور) بدکار، فاحشہ عورت۔

فِجَار: (ف مکسور، ج مفتوح، اساکن، رموقوف) وہ دن جس میں قبیلۂ قریش اور قبیلۂ قیس کے درمیان جنگ ہوئی تھی۔

فُجَّار: (ف مضموم، ج مشدد مفتوح، اساکن، رموقوف) بدکار لوگ۔

فَخْر۔فَخَر: (ف مفتوح، خ ساکن، رموقوف) (ف مفتوح، خ مفتوح، رموقوف) کسی چیز پر ناز کرنا، اِفْتِخار بھی اس معنی میں ہے۔

فَخَر: (ف مفتوح، خ مفتوح، رموقوف) ننگ سمجھنا۔

فُخُور: (ف مضموم، خ مضموم، وساکن، رموقوف) ناز کرنا۔

فَخُور: (ف مفتوح، خ مضموم، وساکن، رموقوف) زیادہ ناز کرنے والا، بڑے تھن اور کم دودھ والی اونٹنی، موٹا تنگ سوراخ، کم دودھ والا تھن، موٹے پتوں والا کھجور کا بہت بڑا درخت، لمبے عضو تناسل والا بڑا گھوڑا۔

فَاخِر: (ف مفتوح، اساکن، خ مکسور، رموقوف) بیش قیمت، گراں مایہ، ہر عمدہ چیز، بڑی اور بے دانہ کچی کھجور۔

فَخِير: (ف مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، رموقوف) کسی کے ساتھ فخر کرنے والا، برا، فخر میں مغلوب ہونے والا۔

فِخِّير: (ف مکسور، خ مشدد مکسور، ی ساکن، رموقوف) زیادہ فخر کرنے والا۔

فَخَار: (ف مفتوح، خ مفتوح، اساکن، رموقوف) ناز کرنا۔

فَخَّار: (ف مفتوح، خ مشدد مفتوح، اساکن، رموقوف) مٹی کا برتن، گھڑا۔

فَادِر: (ف مفتوح، اساکن، دمکسور، رموقوف) بوڑھی پہاڑی بکری، پہاڑ پر آسودہ رہنے والا، جوان و درست خلقت پہاڑی بکری، اونٹوں سے الگ ہوجانے والی اونٹنی، فُدْر و فُدُور جمع ہے۔

فُدُور: (ف مضموم، د مضموم، وساکن، رموقوف) نر کا جفتی کرنے سے باز رہنا۔

فَدْر: (ف مفتوح، دساکن، رموقوف) نر کا جماع سے رک جانا۔

فَدَر: (ف مفتوح، دمفتوح، رموقوف) جوان پہاڑی بکرا۔

فَدِر: (ف مفتوح، دمکسور، رموقوف) نادان، وہ لکڑی جو جلد ٹوٹ جائے۔

فُدُرّ: (ف مضموم، دمضموم، رمشدد موقوف) چاندی، موٹا لڑکا یا حد بلوغ کو پہنچنے والا لڑکا۔

فِرَار: (ف مکسور، رمفتوح، اساکن، رموقوف) بھاگنا، ڈرنا۔

فُرَار: (ف مضموم، رمفتوح، اساکن، رموقوف) بکری اور بھیڑ کا بچہ، نیل گائے کا بچہ۔

فِرَار: (ف مفتوح رمکسور رمضموم، رمفتوح، اساکن، رموقوف) چوپائے کا دانت کھولنا تاکہ اس کی عمر معلوم ہو۔

فَرّار: (ف مفتوح، رمشدد مفتوح، اساکن، رموقوف) زیادہ بھاگنے والا۔

فَرّ: (ف مفتوح، رمشدد موقوف) چوپائے کا دانت دیکھنا تاکہ اس کی عمر معلوم ہو، کھودنا، کریدنا، کسی کام کی تفتیش کرنا، بھاگنے والا، بھاگنے والے، جمع اور مفرد دونوں آیا ہے۔

فَرِير۔فُرُور: (ف مفتوح، رمکسور، ی ساکن، رموقوف) (ف مفتوح، رمضموم، وساکن، رموقوف) فُرار کے معنی میں ہے، فَرِير بمعنی منہ، گھوڑے کی پہچان کے لیے رگ پکڑنے کی جگہ، فُرُور بمعنی مرد سے بھاگنے والی عورت۔

فُرْفُور: (ف مضموم، رساکن، ف مضموم، وساکن، رموقوف) ایک پرندے کا نام ہے۔

فَرْفَر: (ف مفتوح، رساکن، ف مفتوح، رموقوف) ایک پرندے کا نام ہے۔

فَرْفَار: (ف مفتوح، رساکن، ف مفتوح، اساکن، رموقوف) تیز رفتار

مرد، وہ آدمی جو ہر چیز کو توڑ دے۔

فِزْر: (ف مکسور، ز ساکن، ر موقوف) بنی تمیم کے ایک مرد کا لقب ہے۔

فَزْر: (ف مفتوح، ز ساکن، ر موقوف) پھٹنا، کپڑے کا پرانا ہونا، کپڑے کا پھٹنا، کسی کی پیٹھ پر لاٹھی مارنا، کسی کے سینے یا پیٹھ کا ابھرنا، کسی چیز کی اصل، دس سے چالیس اور تین سے دس تک کا بکریوں کا ریوڑ، ایک مرد کا نام، غدود کے مانند ایک چیز جو آدمی کی ران کے اوپری حصے پر ہوتی ہے، فَزْر کبڑا ہونا، فِزْر سوراخ۔

فَازِرْ: (ف مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ر موقوف) کشادہ راستہ، کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔

فَسْر: (ف مفتوح، س ساکن، ر موقوف) کلام کا معنی ظاہر کرنا، چھپی ہوئی چیز کو ظاہر کرنا تفسیر کا مرادف ہے، طبیب کا بیمار کے پیشاب کو دیکھنا۔

فَشَار: (ف مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بکواس، بیہودہ باتیں کرنا، یہ لفظ فارسی ہے۔

فَطْر: (ف مفتوح، ط ساکن، ر موقوف) پھاڑنا، پیدا کرنا، کام شروع کرنا، بے نظیر چیز پیدا کرنا، روزہ دار کا روزہ کھولنا۔

فِطْر: (ف مکسور، ط ساکن، ر موقوف) انگور جس کا سرا نمایاں ہو، روزہ کھولنے والا، روزہ کھولنے والے، جمع اور مفرد دونوں آیا ہے۔

فُطْر۔ فُطُرْ: (ف مضموم، ط ساکن/مضموم، ر موقوف) سفید بڑا گکرمتا (سانپ کی چھتری) جو ہلاک کرنے والا ہوتا ہے، دوہنے کے وقت دودھ کا کچھ زیادہ ہونا، اونٹ کے دانت ظاہر ہونا، انگوٹھے اور سبابہ یا انگلی کے سرے سے دودھ دوہنا، خمیر ہونے سے پہلے آٹے کی روٹی پکانا۔

فَطُوْر: (ف مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ر موقوف) وہ چیز جس سے افطار کریں۔

فَطِیر: (ف مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ر موقوف) وہ آٹا جو خمیر نہ ہوا ہو، خمیر کی ضد، وہ چیز جس میں قبل از وقت جلدی کی جائے، سختی، بلا، مصیبت، جلد ہاتھ آنے والی چیز (م)

فُطَیر: (ف مضموم، ط مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) ایک آدمی کا نام، ایک گھوڑے کا نام۔

فُطَار: (ف مضموم، ط مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) نیزہ اور تلوار جس میں سوراخ اور پھٹن ہو۔

فَغْر: (ف مفتوح، غ ساکن، ر موقوف) منہ کھولنا، منہ کا کھلنا، کھلا ہوا پھول۔

فَقْر: (ف مفتوح/مضموم، ق ساکن، ر موقوف) محتاجی، فقیری۔

فَقْر: (ف مفتوح، ق ساکن، ر موقوف) ہڈی تک اونٹ کی ناک کاٹنا تاکہ وہ مطیع ہوجائے، زمین کھودنا، موتی میں دھاگا پرونے کے لیے سوراخ کرنا۔

فُقْر: (ف مضموم، ق ساکن، ر موقوف) کنارہ، فُقَر جمع ہے۔

فِقَرْ: (ف مکسور، ق مفتوح، ر موقوف) ریڑھ، ریڑھ کی ہڈی کے مہرے، فِقْرَۃ کی جمع ہے۔

فَقِرْ: (ف مفتوح، ق مکسور، ر موقوف) مفلس، فقیر۔

فَقِیر: (ف مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ر موقوف) فقیر وہ ہے جو اہل و عیال کے لیے ایک دن کی غذا اور خرچ رکھتا ہو، مسکین وہ ہے جو اہل و عیال کے لیے کچھ بھی نہ رکھتا ہو، فقیر وہ جو مجموعی لحاظ سے محتاج ہو، مسکین وہ ہے جو بہت محتاج ہو یا فقیر وہ جس کے پاس زمین ہو اور پیشہ نہ ہو، مسکین وہ ہے جو پیشے والا ہو لیکن اس کی کمائی اتنی نہ ہو جو روزینہ کے لیے کفایت کرے، وہ مرد جس کی پیٹھ ٹوٹ گئی ہو، کھیت میں آب پاشی کی نالی، پودے کے اردگرد کی نہر۔

فَقَار: (ف مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) گردن سے کمر تک ریڑھ کے مہرے، قصیدے کے تین بیت، ایک پہاڑ کا نام، ذُوْ الفَقَار، عاص بن منبہ کی تلوار جو بدر کے دن قتل ہوا اور وہ تلوار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ کو حاصل ہوئی، ایک مرد کا لقب ہے۔

فِکْر: (ف مکسور، ک ساکن، ر موقوف) اندیشہ، فکر کرنا، سوچنا، فِکَر بھی اس معنی میں ہے۔

فَکُر: (ف مفتوح رمکسور، ک ساکن، رموقوف) حاجت، ضرورت۔

فَکِیر: (ف مفتوح، ک مکسور، ی ساکن، رموقوف) زیادہ سوچ بچار کرنے والا۔

فَوْر: (ف مفتوح، وساکن، رموقوف) ہانڈی اور چشمے وغیرہ کا ابلنا، اگنا، مشک کی خوشبو کا پھیلنا، یمامہ میں ایک جگہ کا نام ہے، فُوْر بھی اس معنی میں آیا ہے، بحر ہند کے ساحل پر ایک شہر، پُور کا معرب ہے۔

فُوْر: (ف مضموم، وساکن، رموقوف) ایک آدمی کا نام ہے، ہرن کے بچے، فَائِر کی جمع ہے۔

فِہر: (ف مکسور، ہ ساکن، رموقوف) اخروٹ وغیرہ پیسنے کا پتھر، وہ پتھر جو مٹھی کو بھر دے، قریش کے ایک قبیلے کا جد اعلیٰ۔

فَہر۔فَہَر: (ف مفتوح، ہ ساکن، رموقوف) (ف مفتوح، ہ مفتوح، رموقوف) کسی بیوی کے ساتھ بے انزال جماع کرنا اور دوسری کے ساتھ انزال کرنا جو شریعت میں ممنوع ہے۔

فُہر: (ف مضموم، ہ ساکن، رموقوف) یہودیوں کا مدرسہ جس میں عید کے دن وہ جمع ہوتے ہیں یا وہ دن جس میں عمدہ کھانے کھاتے شراب پیتے ہیں اور جشن مناتے ہیں، پُہر کا معرب ہے جو عبرانی لفظ ہے۔

فَہِیر: (ف مفتوح، ہ مکسور ی ساکن، رموقوف) آٹے اور دودھ کو ملا کر پکا ہوا ایک قسم کا کھانا۔

﴿فصل الفاء مع الزاء﴾

فَحز: (ف مفتوح، ح ساکن، زموقوف) تکبر کرنا۔

فَخز: (ف مفتوح، خ ساکن، ز موقوف) تکبر کرنا، زیادہ ہونا، احسان کرنا۔

فَرْز: (ف مفتوح، رساکن، زموقوف) برابر پست زمین، کسی چیز کو کسی چیز سے جدا کرنا۔

فِرْز: (ف مکسور، رساکن، زموقوف) اونچی زمین اور ریت کے ٹیلوں کے درمیان کا راستہ۔

فَارِزْ: (ف مفتوح، اساکن، رمکسور، زموقوف) فصیح زبان، روشن اور واضح کلام۔

فَزّ: (ف مفتوح، زمشدد موقوف) جھکنا، تنہا ہونا، ہرن کا ڈرنا، کسی کا اپنی زمین کھودنا، ہلکا پھلکا آدمی، نیل گائے کا بچہ۔

فُزّ: (ف مفتوح، زمشدد موقوف) نیشاپور میں ایک محلہ ہے۔

فَزِیز: (ف مفتوح، زمکسور، ی ساکن، ز موقوف) تر ہونا، زخم سے خون کا بہنا۔

فِلِزّ۔فُلُز۔فِلَز: (ف مکسور، ل مکسور، ز مشدد موقوف) (ف مضموم، ل مضموم، ز موقوف) (ف مکسور، ل مفتوح، ز موقوف) پگھلے ہوئے کان کے مادے یا جواہر مطلق یا سفید تانبا جس سے دیگیں بنائی جاتی ہیں یا لوہے یا پتھر کا میل، سخت آدمی، بخیل آدمی، کنجوس آدمی، تکلے پر دھاگا وغیرہ لپیٹ کر تلوار سے آزمانا۔

فَوْز: (ف مفتوح، وساکن، زموقوف) چھٹکارا پانا، کامیاب ہونا، خوبی تک پہنچنا، ہلاک ہونا۔

فَیرُوْز: (ف مکسور، ی ساکن، رمضموم، وساکن، زموقوف) ایک صحابی کا نام جنہوں نے اسود عنسی کو قتل کیا جس نے یمن میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا انہیں فیروز دیلمی بھی کہتے ہیں، فیروز آباد، فَیرُوز بھی اس معنی میں آیا ہے، فارس میں ایک شہر کا نام جو صاحب قاموس کا مولد ہے، فارس میں مروشت کے قریب ایک گاؤں ہے، آذربائیجان میں ایک مضبوط قلعہ ہے، ہرات کے نواح میں ایک گاؤں، کرمان کے قریب ایک دیہات، ہندوستان میں ایک شہر کا نام ہے۔

﴿فصل الفاء مع السین﴾

فَأْس: (ف مفتوح، ء ساکن، س موقوف) کلہاڑی، تیر، فُؤوس جمع ہے، پھاڑنا، تیر چلانا، دراز سیدھا لوہا جو لگام کے منہ میں ہوتا ہے، سر کا پچھلا حصہ جو گردن سے ملا ہوا ہے، مغرب میں بہت بڑا شہر، فاس بالف زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

فَجْس: (ف مفتوح، ج ساکن، س موقوف) تکبر کرنا، قہر کرنا۔

فَحْس: (ف مفتوح، ح ساکن، س موقوف) ہونٹوں سے زبان کو پکڑنا، پانی وغیرہ چاٹنا۔

فِرْدَوْس: (ف مکسور، رساکن، دمفتوح، وساکن، س موقوف) ایسی وادیاں جن میں قسم قسم کے پودے اگیں، ایسا باغ جس میں وہ تمام چیزیں ہوں جو باغوں میں ہوتی ہیں، اور اس میں انگور، کھجور وغیرہ کے درخت ہوں، یمامہ کے قریب بنی یربوع کا ایک باغ، کوفہ کے قریب بنی تمیم کا ایک چشمہ، قزدین میں ایک قلعہ، جنت کا نام، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ جنت کا اعلیٰ طبقہ ہے۔

فُرْدُوْس: (ف مضموم، رساکن، دمضموم، وساکن، س موقوف) وہ چیز جو مہمان کے لیے تیار کریں اور کھانے کے بعد اس کے سامنے پیش کریں۔

فَرَادِیْس: (ف مفتوح، رمفتوح، اساکن، دمکسور، ی ساکن، س موقوف) فُرْدُوْس کی جمع ہے، دمشق کے قریب ایک موضع، حلب کے قریب ایک موضع۔

فَرَس: (ف مفتوح، رمفتوح، س موقوف) نر یا مادہ گھوڑا، اَفْرَاس، فُرُوس جمع ہے۔

فِرْس: (ف مکسور، رساکن، س موقوف) ایک گھاس کا نام۔

فُرْس: (ف مضموم، رساکن، س موقوف) ملک فارس کے لوگ۔

فَرْس: (ف مفتوح، رساکن، س موقوف) شیر کا شکار کو گرانا اور نیچے دبا کر اس کی گردن کی ہڈی کو توڑنا، مارنا، گھوڑے کا ہمیشہ گھاس کھانا، گھوڑے کو چرانا اور اس کی نگہبانی کرنا۔

فَرِیْس: (ف مفتوح، رمکسور، ی ساکن، س موقوف) لکڑی کا حلقہ، قتل کیا ہوا، ایک آدمی کا نام۔

فَارِس: (ف مفتوح، اساکن، رمفتوح، س موقوف) گھڑسوار، گھوڑے کا مالک، فَوَارِس جمع ہے، مشہور ملک جسے پارس کہتے ہیں یا اس ملک کے باشندے جنہیں فرس بھی کہتے ہیں۔

فَرَاس: (ف مفتوح، رمفتوح، اساکن، س موقوف) سیاہ کھجور، شیر درندہ، اَبُو فَرَاس فرزدق کی کنیت ہے، ربیعہ بن کعب صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت۔

فَرَائِس: (ف مفتوح، رمفتوح، اساکن، ءمکسور، س موقوف) فَرِیْسَۃ کی جمع ہے، وہ جانور جن کا شکار کریں۔

فِرْنَاس: (ف مکسور، رساکن، ن مفتوح، اساکن، س موقوف) موٹی گردن والا، دیہاتیوں کا سردار، کھیا، شیر درندہ، بہت بہادر آدمی، فُرَانِس بھی اس معنی میں ہے، ایک آدمی کا نام۔

فِرْطَاس: (ف مکسور، رساکن، ط مفتوح، اساکن، س موقوف) چوڑا، کشادہ۔

فَرْطَس: (ف مفتوح، رساکن، ط مفتوح، س موقوف) بغداد میں ایک گاؤں۔

فِیْس: (ف مکسور، ی ساکن، س موقوف) کمزور عقل والا، کمزور بدن والا۔

فَسْفَاس: (ف مفتوح، س ساکن، ف مفتوح، اساکن، س موقوف) بڑا بے وقوف، زیادہ بدبودار گھاس، کندنکوار۔

فَطْس: (ف مفتوح، ط ساکن، س موقوف) درخت آس کا دانہ جس کا چھلکا نہ اتارا گیا ہو، جادو کی کوڑی جس سے کسی کو پکڑیں اور فرمانبردار بنائیں، لوہے کو چوڑا کرنا، کسی کے سامنے بات کہنا۔

فَطَس: (ف مفتوح، ط مفتوح، س موقوف) چوڑی ناک والا ہونا۔

فِطِّیْس: (ف مکسور، ط مشدد مکسور، ی ساکن، س موقوف) بڑا ہتھوڑا جسے ہندی میں گھن کہتے ہیں۔

فُطُوْس: (ف مضموم، ط مضموم، و ساکن، س موقوف) مرنا۔

فُقُوْس: (ف مضموم، ق مضموم، و ساکن، س موقوف) مرنا، مرغ کے انڈے کو توڑنا اور جو کچھ اس کے اندر ہے باہر لانا، تباہ کرنا، جانور کو مارنا، کسی کے بال کو نیچے کھینچنا۔

فَقُّوْس: (ف مفتوح، ق مشدد مضموم، و ساکن، س موقوف) تربوز۔

فَقْعَس: (ف مفتوح، ق ساکن، ع مفتوح، س موقوف) بنی اسد کے ایک قبیلے کا باپ، ایک آدمی کا نام۔

فَلْحَس: (ف مفتوح، ل ساکن، ح مفتوح، س موقوف) لالچی، کتا، بوڑھا بھالو، بنی شیبان کے ایک آدمی کا نام کہ جب اسے مال غنیمت سے حصہ دیتے تو اپنی بیوی کا حصہ بھی مانگتا پھر اپنی اونٹنی کا حصہ مانگتا، اس طرح وہ عرب میں لالچی مشہور ہوگیا۔

فِلْحَاس: (ف مکسور، ل ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، س موقوف) بُرا، بدمزہ۔

فَلْس: (ف مفتوح، ل ساکن، س موقوف) پشیز یعنی چھوٹا درہم، (پیسہ)، فلوس جمع ہے۔

فِلْس: (ف مکسور، ل ساکن، س موقوف) قبیلۂ طے کے بت کا نام۔

فَلَس: (ف مفتوح، ل مفتوح، س موقوف) کسی چیز کو نہ پانا، فلّاس پیسہ بیچنے والا۔

فَنَس: (ف مفتوح، ن مفتوح، س موقوف) محتاجی، درویشی۔

فَانُوس: (ف مفتوح، ا ساکن، ن مضموم، و ساکن، س موقوف) چغل خور، مخبر، شمع کو فانوس اس لیے کہتے ہیں کہ اس سے روشنی پھیلتی ہے۔

فِنْطَاس: (ف مکسور، ن ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، س موقوف) وہ حوض جو کشتی میں ہو، ہاتھ دھونے کا پانی اور ماءِ مستعمل جس کے اندر جمع ہو، وہ برتن جو لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں پینے کا پانی رکھتے ہیں، وہ برتن جس سے پینے کا پانی تقسیم کریں۔

فِنْطِیس: (ف مکسور، ن ساکن، ط مکسور، ی ساکن، س موقوف) چوڑی چپٹی ناک والا آدمی، پیدائشی کمینہ، عضو تناسل، ڈنڈا۔

فِہْرِس: (ف مکسور، ہ ساکن، ر مکسور، س موقوف) وہ تحریر (نوشتہ) جس میں ابواب اور فصول درج کریں، فہرست کا معرب ہے۔

﴿فصل الفاء مع الشین﴾

فَتْش: (ف مفتوح، ت ساکن، ش موقوف) تلاش کرنا، کھودنا، کریدنا۔

فَجْش: (ف مفتوح، ج ساکن، ش موقوف) سوراخ اور زخم کرنا، کسی چیز کو چوڑا کرنا۔

فُحْش: (ف مضموم، ح ساکن، ش موقوف) برائی میں حد سے آگے بڑھنا، بری بات کہنا، جواب میں اندازہ سے آگے بڑھنا۔

فَاحِش: (ف مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ش موقوف) بہت کنجوس، بہت غالب آنے والا، حد سے بڑھی ہوئی برائی، بدکلام اور بدکردار آدمی۔

فَحَّاش: (ف مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) بہت بڑا بدگو اور بدکردار آدمی۔

فَخْش: (ف مفتوح، خ ساکن، ش موقوف) کسی کام کو ضائع کرنا۔

فَدْش: (ف مفتوح، د ساکن، ش موقوف) سر پھوڑنا۔

فَرْش: (ف مفتوح، ر ساکن، ش موقوف) فرش بچھانا، وہ کھیتی جس کے پتے چوڑے ہوں، کشادہ فضا، چھوٹے اونٹ، زیادہ گھاس والی جگہ، درخت، لکڑی اور گھاس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، گائے، بکری، وہ جانور جو ذبح کیے جاتے ہیں، پھیلانا، منتشر کرنا، کام کو پھیلانا، کم چوڑا ہونا، چوڑا ہونا، چوپائے کے کھر کا برابر ہونا، جھوٹ بولنا، ایک وادی کا نام جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اترے تھے۔

فَرَاش: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) پروانۂ چراغ، فراشۃ جمع ہے، پانی گزرنے کے بعد زمین پر مٹی کا خشک ہونا (کیچڑ) شراب اور نبیذ کے جھاگ، پسینے کی بوندیں، زبان کے نیچے دو سبز رگیں، دو چھوٹے لوہے جن سے لگام کو باندھتے ہیں۔

فِرَاش: (ف مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) قالین اور چٹائی وغیرہ بچھانا، عورت، پھیلانا، کسی پر کام کو آسان کرنا، پرندے کا گھونسلا، منہ کی تہ (جڑ) میں زبان کی جگہ۔

فَرَّاش: (ف مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) بستر اور فرش بچھانے والا۔

فَرِیش: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ش موقوف) بچہ جننے کے بعد چوپایوں کی سات راتیں جو بوجھ لادنے کے لیے بہتر ہیں، اونٹنی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔

فَشّ: (ف مفتوح، ش مشدد موقوف) مشک کی خوشبو کا باہر آنا، اونٹنی کا جلد جلد دودھ دوہنا، ڈکارنا، چغل خوری کرنا، پیروی کرنا، جلدی کرنا، کمینہ، بے وقوف، ایک درخت کا پھل، موٹا ٹاٹ، باریک

دھاگا، پانی جمع ہونے کی جگہ۔

فُشّ: (ف مضموم، ش مشدد موقوف) ایک مرد کا نام ہے۔

فَشُوش: (ف مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ش موقوف) پراگندہ تھن والی اونٹنی، موٹا کمبل، باطل پر فخر کرنے والا آدمی۔

فَقْش: (ف مفتوح، ق ساکن، ش موقوف) اپنے ہاتھ سے پرندے کا انڈا توڑنا۔

فَيْش: (ف مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) گدھے کا گدھی پر سوار ہونا، ناز کرنا، تکبر کرنا، کسی کا ایسی چیز کو دیکھنا جو سامنے نہ ہو، عضو تناسل کا سرا، حشفہ۔

﴿فصل الفاء مع الصاد﴾

فَحْص: (ف مفتوح، ح ساکن، ص موقوف) کسی چیز کو کریدنا، تفتیش کرنا، تلاش کرنا، بارش کا زمین کو تر کرنا، جلدی کرنا، بچے کے اگلے دانت کا ہلنا، سنگ خوار پرندے کا زمین میں آشیانہ بنانا، وہ جگہ جہاں مرغ سنگ خوار رہتا ہے، زمین مغرب میں چند مقامات کے نام۔

فَرْص: (ف مفتوح، ر ساکن، ص موقوف) کاٹنا، سوراخ کرنا، پھاڑنا، گلے کی رگ کا زخمی ہونا۔

فَرِيص: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ص موقوف) پانی کا شریک، گردن کی رگیں، فَرِیصَۃ واحد ہے، پہلو کا گوشت، کندھے کا گوشت جو ہمیشہ ہلتا رہتا ہے، فَرائِص جمع ہے، مثانہ کے گوشت میں درد ہونا۔

فِرَاص: (ف مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) سخت، سخت لال، بہت سرخ، ایک مرد کا نام۔

فَرَّاص: (ف مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) قبیلۂ باہلہ کے ایک گروہ کا جد اعلیٰ۔

فَصّ: (ف مفتوح، ص مشدد موقوف) نگینہ، فِص بھی اسی معنی میں آیا ہے، فُصُوص جمع ہے، ہڈی کا جوڑ، مفصل، کام ختم کرنا، آنکھ کا حلقہ، درخت مقل کا دانا، لہسن کا جو۔

فَصَّاص: (ف مفتوح، ص مشدد مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) نگینہ بنانے والا، ایک مرد کا نام ہے۔

فَصِيص: (ف مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ص موقوف) تر ہونا، زخم سے پیپ بہنا، کسی چیز کو کسی چیز سے الگ کرنا، باہر کھینچنا، ٹڈی کا آواز کرنا، بچے کا کمزور آواز سے رونا، روغن ملی ہوئی گٹھلی کی طرح چکنی گٹھلی۔

فَقْص: (ف مفتوح، ق ساکن، ص موقوف) پرندے کا انڈا توڑنا۔

فَقِيص: (ف مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ص موقوف) ہل کے لوہے کا پھل۔

فَقُّوص: (ف مفتوح، ق مشدد مضموم، و ساکن، ص موقوف) کچا خربوزہ۔

فَيْص: (ف مفتوح، ی ساکن، ص موقوف) جانا، زائل ہونا۔

﴿فصل الفاء مع الضاد﴾

فَحْض: (ف مفتوح، ح ساکن، ض موقوف) تر چیز کو پھاڑنا جیسے کھیرا، خربوزہ۔

فَرْض: (ف مفتوح، ر ساکن، ض موقوف) متعین کرنا، کسی چیز کا وقت مقرر کرنا، مرسوم کرنا، عطیہ دینا، اندازہ کرنا، کاٹنا، خدائے تعالیٰ کا فرمایا ہوا، واجب کیا ہوا، کھجور کی ایک قسم، سوفار یعنی کمان کے گوشے کا سوراخ، ڈھال، گھر کی لکڑی، کپڑا، مرسوم و مقرر بخشش، چقماق سے کسی جگہ آگ لگانا، جوے کا تیر۔

فُرُوض: (ف مضموم، ر مضموم، و ساکن، ض موقوف) گائے وغیرہ کا بوڑھا ہونا۔

فَارِض: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ض موقوف) بوڑھا بیل، ہر بڑے جسم والی چیز۔

فِرَاض: (ف مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) فُرض کی جمع ہے، چقماق، نہر کا دہانہ، مختصر لباس۔

فَرِيض: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ض موقوف) سوراخ (سوفار) کیا ہوا تیر اور کمان۔

فَرائِض: (ف مفتوح، رمفتوح، اساکن، ءمکسور، ض موقوف) حق تعالیٰ کے فرض کیے ہوئے اعمال جیسے نماز، روزہ، زکوٰۃ، فَرِیْضَۃ کی جمع ہے، تقسیم میراث کا علم۔

فَضّ: (ف مفتوح، ض مشدد موقوف) کسی چیز کو اس طرح توڑنا کہ جدا ہو جائے، خط کی مہر کو توڑنا۔

فُضَاض: (ف مضموم، ض مفتوح، اساکن، ض موقوف) ٹوٹا ہوا، ریزہ ریزہ، فَضَض بفتحتین بھی اسی معنی میں ہے۔

فَضّاض: (ف مفتوح، ض مشدد مفتوح، اساکن، ض موقوف) چاندی بنانے والا، ایک مرد کا لقب ہے۔

فَضِیْض: (ف مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ض موقوف) عمدہ بہنے والا پانی، کلی جو پہلے ظاہر ہو (نکلے)، ہر منتشر اور پراگندہ چیز۔

فَضْفَاض: (ف مفتوح، ض ساکن، ف مفتوح، اساکن، ض موقوف) کشادہ پیراہن۔

فَیْض: (ف مفتوح، ی ساکن، ض موقوف) دریائے نیل، دریائے بصرہ، خبر کا عام ہونا، راز کھل جانا، کسی چیز کا زیادہ ہونا، دریا کا لبالب بہنا، پانی کا اتنا زیادہ ہونا کہ کناروں سے چھلکے (سیلاب)، مرنا، جان نکلنا، تیز رفتار گھوڑا، زیادہ چیز۔

فَیّاض: (ف مفتوح، ی مشدد مفتوح، اساکن، ض موقوف) پانی سے بھری ہوئی نہر، بہت بخشش کرنے والا جوان مرد، زیادہ پانی جو کناروں سے چھلکے، سیلاب۔

فُیُوض: (ف مضموم، ی مضموم، وساکن، ض موقوف) فَیض کی جمع ہے، پانی کا اس طرح زیادہ ہونا کہ بہنے لگے، مرنا، جان نکلنا۔

﴿فصل الفاء مع الطاء﴾

فَرْط: (ف مفتوح، رساکن، ط موقوف) کام میں غلطی کرنا، ضائع کرنا، فنا کرنا، زیادتی کرنا، گفتگو میں کسی پر غالب ہونا، کسی کے چھوٹے بچوں کا مرنا، کسی کے پاس قاصد بھیجنا، درخت کا بار آور نہ ہونا یہاں تک کہ شگوفہ نکلنے کا وقت آجائے، پیش دستی کرنا، پانی کے معاملے میں قوم کے پاس جانا، تالاب اور ڈول کی اصلاح اور حفاظت کے لیے لوگوں کے پاس جانا، کام میں کسی سے آگے بڑھنا، ایک مدت کے بعد کسی کے پاس آنے کا وقت اور وہ مدت پندرہ روز سے زیادہ اور تین روز سے کم نہ ہو، زیادتی، غلبہ، پہاڑی یا ریت کا ٹیلا، سیدھا نشان جس کی مدد سے راستہ پایا جاسکے، تہامہ کا راستہ یا موضع۔

فَرَط: (ف مفتوح، رمفتوح، ط موقوف) وہ شخص جو پانی کے لیے آگے جائے یا گھاٹ کا سامان جیسے ڈول، رسی وغیرہ، کنویں کو پاک کرنا، مفرد اور جمع دونوں معنوں میں آیا ہے، وہ پانی جو دوسرے پانیوں پر آگے اور مقدم ہوتا کہ جو پہلے آئے اس کا حق ہو، ہر عمل صالح اور ثواب جو پہلے بھیجا جائے، وہ لڑکا جو بالغ ہونے سے پہلے مر جائے۔

فُرُط: (ف مضموم، رمضموم، ط موقوف) ظلم کرنا، حد سے آگے بڑھانا، وہ کام جس میں حد سے آگے بڑھا جائے، چھوٹا ہوا باقی ماندہ کام، اونچا ٹیلا، تیز رفتار گھوڑا جو دوسرے گھوڑوں کے بیچ سے آگے بڑھ جائے۔

فارِط: (ف مفتوح، اساکن، رمکسور، ط موقوف) پانی کے لیے آگے جانے والا، فُرّاط جمع ہے، ان دو ستاروں میں سے ایک ستارہ جو بنات النعش سے پہلے واقع ہیں ان دونوں ستاروں کو فارطان کہتے ہیں، فرط القطا پانی اور وادی کی طرف آگے جانے والے مرغ سنگ خوار۔

فُرُوط: (ف مضموم، رمضموم، وساکن، ط موقوف) کام میں آگے بڑھنا، سبقت لے جانا۔

فِراط: (ف مکسور، رمفتوح، اساکن، ط موقوف) آگے بڑھنا، پہلے بات کرنا، وہ پانی کہ قبیلے کا جو فرد پہلے آئے اس کا ہو۔

فُسْطَاط: (ف مضموم، س ساکن، ط مفتوح، اساکن، ط موقوف) مصر کا پرانا شہر جسے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے تعمیر کیا، خیمہ، بڑا خیمہ، سراپردہ، اہل شہر کا انبوہ، شہر والوں کی بڑی بھیڑ۔

فَسِيط: (ف مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ط موقوف) وہ چیز جو ناخن سے پکڑیں اور پھینکیں۔

فَلْط: (ف مفتوح، ل ساکن، ط موقوف) تلوار سے مدہوش اور حیران ہونا۔

فَلَط: (ف مفتوح، ل مفتوح، ط موقوف) اچانک۔

فِلَاط: (ف مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) یکا یک، کسی سے اچھی بات کرنا۔

﴿فصل الفاء مع الظاء﴾

فَظّ: (ف مفتوح، ظ مشدد موقوف) بری عادت والا، سخت دل، سخت بات کرنے والا، اوجھڑی کا پانی جسے نچوڑیں اور صحرا میں پانی نہ ہونے کے وقت اسے پییں، اوجھڑی کو نچوڑنا اور اس سے پانی کھینچنا۔

فَظَظ: (ف مفتوح، ظ مفتوح، ظ موقوف) بری عادت والا ہونا، سخت بات کرنے والا، فظاظ بھی اسی معنی میں ہے۔

فَظِيظ: (ف مفتوح، ظ مکسور، ی ساکن، ظ موقوف) مرد یا عورت کی منی۔

فَوْظ۔فَيْظ: (ف مفتوح، و ساکن، ظ موقوف) (ف مفتوح، ی ساکن، ظ موقوف) مرنا، جان نکلنا، جان دینا۔

﴿فصل الفاء مع العین﴾

فَجْع: (ف مفتوح، ج ساکن، ع موقوف) درد میں مبتلا کرنا، مصیبت زدہ کرنا، کسی چیز کو لے جانا جو اس کے نزدیک عزیز اور کریم ہو، فنا کرنا۔

فَاجِع: (ف مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ع موقوف) مصیبت زدہ، کالا کوا جسے غُرابُ البَین کہتے ہیں۔

فَدَع: (ف مفتوح، د مفتوح، ع موقوف) ہاتھ اور پیر کے جوڑ کی کجی اس طرح کہ ہتھیلی اور تلوا مڑ جائے، پیر کی پشت پر چلنا، قدم کے بیچ کی اونچائی۔

فَرْع: (ف مفتوح، ر ساکن، ع موقوف) بلندی، ہر چیز کی بلندی، قوم کا سردار و بزرگ، منفعت بخش مال، پورے بال، درخت کی شاخ، وہ کمان جو درخت کی شاخ سے بنائیں، وہ کمان جس کی شاخ کے جوڑ پھاڑے نہ گئے ہوں، سر پر لاٹھی مارنا، بزرگی اور حسن میں اپنی قوم سے برتر ہونا، گھوڑے کو روکنے کے لیے لگام کھینچنا، باز رکھنا، پانی کا پہاڑ کی گھاٹی کی طرف بہنا۔

فُرْع: (ف مضموم، ر ساکن، ع موقوف) ایک چشمے کا نام، عرفات کے نزدیک مدینہ منورہ کی جانب ایک گاؤں، زیادہ بالوں والا آدمی، اَفْرَع کی جمع ہے، اَصْلَع کی ضد ہے۔

فَرَع: (ف مفتوح، ر مفتوح، ع موقوف) اونٹنی اور بکری کا پہلا بچہ جسے عرب والے بتوں کے لیے ذبح کرتے ہیں، فُرْع جمع ہے، بصرہ اور کوفہ کے درمیان ایک گاؤں، زیادہ بالوں والا ہونا، پورے سر پر بال والا ہونا، سر کی جوں، فَرْع بھی اسی معنی میں ہے فَرَعَۃ واحد ہے، وہ چمڑا جو مشک میں زیادہ لگائیں۔

فَزْع۔فِزْع۔فَزَع: (ف مفتوح رمکسور، ز ساکن رمفتوح، ع موقوف) ڈرنا، فریاد رسی کرنا، فریاد چاہنا، پناہ ڈھونڈنا، فَزِع بفتحتین خوف وڈر۔

فَصْع: (ف مفتوح، ص ساکن، ع موقوف) کھجور کو دبانا اور کھال سے باہر نکالنا، نرم کرنے کے لیے کسی چیز کو انگلی سے ملنا، کچھ عطا کرنا، حشفہ ظاہر کرنے کے لیے بچے کے عضو تناسل سے چمڑا ہٹانا، سر سے پگڑی کھولنا، چوپائے کا حمل کو ظاہر کرنا پھر چھپالینا۔

فَظِيع: (ف مفتوح، ظ مکسور، ی ساکن، ع موقوف) بری چیز، اتنی بری چیز جو حد سے زیادہ بری ہو، عمدہ ہضم ہونے والا پانی۔

فَظَع: (ف مفتوح، ظ مفتوح، ع موقوف) کسی کام کو بھاری سمجھنا جس کے اٹھانے کی طاقت نہ رکھتا ہو، برتن کا بھر جانا، کسی کام سے تنگ آنا۔

فِقْع: (ف مفتوح رمکسور، ق ساکن، ع موقوف) سفید نرم ککرمتا، تیز دوڑنا۔

فَقْع: (ف مفتوح، ق ساکن، ع موقوف) جلدی کرنا، جلد دینا، بہت پیلا، خالص ہونا، اگنا، بچے کا بالغ ہونا، گرمی سے مرنا۔

فُقْع: (ف مضموم، ق ساکن، ع موقوف) زیادہ سفید چیزیں، اَفْقَع کی جمع ہے۔

فُقُوْع: (ف مضموم، ق مضموم، و ساکن، ع موقوف) بہت پیلا ہونا، خالص زرد ہونا۔

فَاقِع: (ف مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ع موقوف) زیادہ پیلا۔

فُقَاع: (ف مفتوح رمضموم، ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) سرخ رنگ کا آدمی، فَقِیع بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فُقَّاع: (ف مضموم، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) جو وغیرہ سے کشید کی ہوئی شراب جسے پیتے ہیں، وہ گھاس جو خشک ہونے کے بعد سخت اور چوپایوں کے سینگ کے مانند ہو جائے۔

فَقَّاع: (ف مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بہت شریر، بد باطن۔

فَقَاقِیع: (ف مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ی ساکن، ع موقوف) پانی کے بلبلے۔

فَکْع: (ف مفتوح، ک ساکن، ع موقوف) رنج اور غصے کی وجہ سے سر جھکانا، کہیں جانا۔

فَلْع: (ف مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) پھاڑنا، کاٹنا، پاؤں وغیرہ کی پھٹن، فِلْع بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فُلُوْع: (ف مضموم، ل مضموم، و ساکن، ع موقوف) فَلْع کی جمع ہے۔

فَلُوْع: (ف مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ع موقوف) کاٹنے والی تلوار۔

فَنَع: (ف مفتوح، ن مفتوح، ع موقوف) زیادہ ہونا، مال، بھلائی اور کرم کا زیادہ ہونا، اضافہ، مشک کی مہک کی تیزی، ذکر خیر۔

فَنِع: (ف مفتوح، ن مکسور، ع موقوف) زیادہ مال، بڑھنے والا مال، فَنِیع بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فَوْع: (ف مفتوح، و ساکن، ع موقوف) خوشبو کا پھیلنا۔

فَیْع: (ف مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) کام کی ابتدا۔

فصل الفاء مع الغین

فَتْغ: (ف مفتوح، ت ساکن، غ موقوف) کسی چیز کو اس طرح ملنا کہ ٹوٹ جائے۔

فَثْغ: (ف مفتوح، ث ساکن، غ موقوف) سر پھوڑنا،

فَدْغ: (ف مفتوح، د ساکن، غ موقوف) کسی چیز کو پھاڑنا یا کھوکھلی چیز کو توڑنا، کھانا ہضم کرنا۔

فَدَغ: (ف مفتوح، د مفتوح، غ موقوف) قدم موڑنا۔

فَرْغ: (ف مفتوح، ر ساکن، غ موقوف) راستے کے پانی کو پھینکنا۔

فِرْغ: (ف مکسور، ر ساکن، غ موقوف) برے اور بے کار کام سے الگ ہونا، فُرْغ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فَرَغ: (ف مفتوح، ر مفتوح، غ موقوف) پانی گرانا، ڈول کا منہ جس سے پانی گرایا جائے، دو روشن ستارے جن کے درمیان دیکھنے میں ایک نیزہ نظر آتا ہے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ پانچ ہاتھ لمبا ہے اور وہ دونوں ستارے چاند کی منزلیں ہیں، ایک کو فرغ مقدم اور دوسرے کو فرغ موخر کہتے ہیں۔

فَرَاغ: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) کسی کام کو سنوارنا، کسی کام سے فارغ ہونا۔

فِرَاغ: (ف مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) ڈول کا منہ، وہ برتن جس میں کھجور یا انگور کا رس رکھا جائے، دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا، وہ آشیانہ جہاں ہر ایک کی رسائی نہ ہو، بڑا اور چوڑا حوض جو چمڑے سے بنایا جاتا ہے، بہت دودھ والی اونٹنی، وہ کمان جس کا تیر تیز رفتار ہوتا ہے، بڑا پیالہ جو اٹھایا نہ جا سکے، چوڑا نیزہ۔

فُرُوْغ: (ف مضموم، ر مضموم، و ساکن، غ موقوف) کام سے فارغ ہونا، ڈول کے کنارے، فَرْغ کی جمع ہے۔

فَرِیْغ: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، غ موقوف) کشادہ قدم والا گھوڑا، بڑا زخم، ہموار زمین۔

فَشْغ: (ف مفتوح، ش ساکن، غ موقوف) اوپر سے ڈھک لینا، کوڑے سے مارنا، بلند ہونا، کسی چیز کو چھپانا۔

فُشَاغ: (ف مضموم، ش مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) چمڑے کا ٹکڑا جسے مشک میں سلیں، ایک بیلدار گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور درخت کو سکھا دیتی ہے، آکاس بیل، فُشَاغ بھی اسی معنی

میں آیا ہے۔

فِشَاغ: (ف مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) کاہلی، سستی۔

﴿فصل الفاء مع الفاء﴾

فَوْف: (ف مفتوح، و ساکن، ف موقوف) گائے کا کندھا۔

فُوْف: (ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) ناخن کی سفیدی، کھجور (چھوہارے) کا سرخ پوست، ہر پوست اور چھوہارے کی سفیدی، یمنی چادر کی ایک قسم، سویدائے دل کی جھلی، تھوڑی چیز۔

فَیْف: (ف مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) برابر زمین، بے آب صحرا، وہ سرزمین جہاں مختلف ہوائیں چلتی ہیں، ایک مقام کا نام ہے۔

﴿فصل الفاء مع القاف﴾

فَتْق: (ف مفتوح، ت ساکن، ق موقوف) پھاڑنا، نافۂ مشک کو پھاڑنا، گروہ کا پراگندہ اور مختلف ہونا، لوگوں کے درمیان جھگڑا اور اختلاف پیدا ہونا، نشان، صبح، فَتَق بھی آیا ہے، وہ جگہ جہاں بارش نہیں ہوتی اور اس کے اردگرد بارش ہوتی ہے، خصیے کی وہ سوجن جس کا علاج آپریشن سے ہوتا ہے۔

فَتَق: (ف مفتوح، ت مفتوح، ق موقوف) عورت کی شرمگاہ کا کشادہ ہونا، کشادگی، ارزانی سال۔

فَاتِق: (ف مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ق موقوف) پھاڑنے والا۔

فَتِیق: (ف مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ق موقوف) تیز زبان آدمی، اونٹ جو فربہی کی وجہ سے چوڑا ہو جائے، چمکنے والی صبح، دوشاخہ نیزہ و تیر۔

فَرَزْدَق: (ف مفتوح، ر مفتوح، ز ساکن، د مفتوح، ق موقوف) وہ روٹی جو تنور میں گر پڑے، روٹی کے ٹکڑے، گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا، مشہور شاعر ہمام بن غالب کا لقب۔

فَرْق: (ف مفتوح، ر ساکن، ق موقوف) جدا کرنا، کھولنا، مانگ سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر جسے فَرْقِ سَر کہتے، اہل مدینہ کا ایک پیمانہ جو تین صاع کی مقدار ہوتا ہے یا سولہ رطل کی مقدار، فَرَق بھی اسی معنی میں آیا ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ فَرَق فَرْق سے زیادہ فصیح ہے۔

فِرْق: (ف مکسور، ر ساکن، ق موقوف) بکری، گائے اور ہرن کا ریوڑ، پہاڑ، ٹیلا، موج، کشادگی، پھٹی ہوئی چیز کے بیچ کا شگاف، کسی چیز کا ٹکڑا۔

فُرْق: (ف مضموم، ر ساکن، ق موقوف) جدائی، قرآن۔

فَرَق: (ف مفتوح، ر مفتوح، ق موقوف) ڈرنا، صبح یا صبح کی سفیدی، نہروں کے بیچ میں آنا، دو چیزوں کے درمیان کی دوری، اونٹ کے دونوں کھروں کے بیچ کی دوری، گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی، اگلے دانتوں کی آپس میں جدائی اور دوری، مرغ کی کلغی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا، ناصیہ اور داڑھی کے بالوں کا ایک دوسرے سے دور ہونا۔

فَرِق: (ف مفتوح، ر مکسور، ق موقوف) چھوٹی پراگندہ گھاس جو زمین کو چھپائے، ڈرنے والا۔

فِرَق: (ف مکسور، ر مفتوح، ق موقوف) لوگوں کے گروہ، فِرْقَہ کی جمع ہے۔

فَرِیْق: (ف مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ق موقوف) فرقہ سے بڑا گروہ، بحرین کے قریب ایک صحرا۔

فُرَیْق: (ف مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) تہامہ کے قریب ایک صحرا۔

فَارِق: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق موقوف) جدا کرنے والا، اونٹنی گدھی اور عورت جسے دردزہ ہو، ابر کا ٹکڑا جو بادلوں سے جدا ہو۔

فَارُوْق: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، و ساکن، ق موقوف) دو چیزوں کے درمیان فرق کرنے والا، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا لقب اس لیے کہ حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرتے تھے یا یہ کہ انہوں نے مکہ میں جبکہ اسلام کمزور تھا اسلام کو ظاہر کیا پس

انھوں نے کفر واسلام کے درمیان فرق کیا، تِریَاقِ فَارُوْق عمدہ تریاق، عمدہ معجون ومرکبات اس لیے کہ یہ چیزیں مرض اور صحت میں فرق کرتی ہیں۔

فِرَاق: (ف مکسور، رمفتوح، اساکن، ق موقوف) ایک دوسرے سے جدا ہونا۔

فَرَاق: (ف مفتوح رمکسور، رمفتوح، اساکن، ق موقوف) جدائی۔

فُرُوْق: (ف مضموم، رمضموم، وساکن، ق موقوف) بھیگنا، دردزہ کی وجہ سے اونٹنی اور گدھی کا تڑپنا، ایک موضع کا نام ہے۔

فَرُوْق: (ف مفتوح، رمضموم، وساکن، ق موقوف) ایک جگہ کا نام ہے، شہر قسطنطنیہ کا لقب ہے۔

فُرَانِق: (ف مضموم، رمفتوح، اساکن، ن مکسور، ق موقوف) شیر درندہ، وہ جانور جو شیر کے آگے آگے رہتا ہے اور ڈراتا ہے جسے سیاہ گوش کہتے ہیں، پرداتگ کا معرب ہے، پروانہ، لشکر کا راہبر، وہ شخص جو شاہی نامہ بر کی رہنمائی کرے۔

فِسْق: (ف مکسور، س ساکن، ق موقوف) بندے کا نافرمان ہونا، کھجور کا چھلکے سے باہر آنا، خدا کے حکم کو ترک کرنا، راہِ راست سے الگ ہونا، برا کام کرنا، فُسُوْق بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فُسَق: (ف مضموم، س مفتوح، ق موقوف) مسلسل فِسْق کرنے والا آدمی، فِسِّیْق بھی اسی معنی میں ہے۔

فُسْتُق: (ف مضموم، س ساکن، ت مفتوح رمضموم، ق موقوف) پستہ کا معرب ہے، مشہور میوہ ہے۔

فَشْق: (ف مفتوح، ش ساکن، ق موقوف) توڑنا، تنگ دستی کے زمانے میں کھانے کی ایک قسم، مال ودولت کی فراوانی کی وجہ سے کسی کا لہو ولعب میں مشغول ہونا۔

فَشَق: (ف مفتوح، ش مفتوح، ق موقوف) نشاط، خواہش، خوش دلی، نفس کا پراگندہ ہونا، بھاگنا، دوڑنا، دوسینگوں کے درمیان کی دوری، گلے کی اول وآخر نلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

فَلْق: (ف مفتوح، ل ساکن، ق موقوف) پھاڑنا۔

فِلْق: (ف مکسور، ل ساکن، ق موقوف) ہر چیز کا شگاف، فَلَق بھی آتا ہے، فُلُوْق جمع ہے، سختی، بلا، انوکھا کام، وہ لکڑی جسے کمان بنانے کے لیے پھاڑیں، ہر ایک لکڑی کو فلق کہتے ہیں۔

فَلَق: (ف مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) صبح، سپیدہ دم جسے عمودِ صبح کہتے ہیں، مخلوقات، جہنم، دوزخ کا ایک کنواں، پست زمین، زمین کے دو ٹیلے، ریت کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادہ فضا، بڑی سنگین لکڑی جس میں پنڈلی کی فراخی کی مقدار بہت سے سوراخ ہوتے ہیں اور قیدیوں کو ان کے اندر قطار میں کھڑا کرکے سزا دیتے ہیں، پیالے کی تلی کا دودھ، پہاڑ کا شگاف، دودھ جو ترشی کی وجہ سے پھٹ جائے، پھٹا ہوا دودھ، یمن میں ایک گاؤں۔

فِلَق: (ف مکسور، ل مفتوح، ق موقوف) نیشاپور میں ایک گاؤں۔

فَالِق: (ف مفتوح، اساکن، ل مکسور، ق موقوف) پھاڑنے والا، کسی چیز کو کسی چیز سے باہر لانے والا، پیدا کرنے والا، ایک جگہ کا نام ہے، وہ درخت جس کا شگوفہ پھاڑ دیا گیا ہو اور اس کا پھل ظاہر ہو، فَالِقُ الحَبّ دانہ سے نکلنے والی چیاں، فَالِقُ الاِصْبَاح رات کی تاریکی میں سفیدیٔ صبح کا ظاہر ہونا۔

فُلَاق: (ف مضموم، ل مفتوح، اساکن، ق موقوف) وہ دودھ جو پنیر ہوجائے، فِلْوْق بھی اسی معنی میں آیا ہے، گاڑھا ہونا، کھٹا ہونا، پھٹا ہوا دودھ۔

فِلَاق: (ف مکسور رمضموم، ل مفتوح، اساکن، ق موقوف) پرندے کے انڈے کا پھٹنا اور اس سے بچے کا باہر نکلنا۔

فَلِیْق: (ف مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ق موقوف) انوکھا کام، طائف میں ایک گاؤں کا نام، گردن کی ایک رگ جو بازو سے دور ہے، اونٹ کی گردن کے سامنے گڈھا۔

فَلَّیْق: (ف مفتوح، ل مشدد مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) آڑو (پھل) کا پھٹا ہوا دانہ۔

فُنْدُق: (ف مضموم، ن ساکن، دمضموم، ق موقوف) مشہور میوہ ہے جسے

بُنْدُق بھی کہتے ہیں، کاروان سرا جو راستے کے کنارے پر ہو (سرائے)، ایک جگہ کا نام۔

فُنْدَاق: (ف مضموم، ن ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) حساب کا رجسٹر۔

فَنِیق: (ف مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ق موقوف) وہ عمدہ اونٹ جس پر سواری نہ کریں اور تکلیف نہ پہنچائیں بلکہ عزیز رکھیں۔

فُنُبق: (ف مضموم، ن مضموم، ب ساکن، ق موقوف) ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی اونٹنی اور عورت۔

فُوْق: (ف مضموم، و ساکن، ق موقوف) تیر کا دَہن، ناخن کی سفیدی، پہلا راستہ جس پر چلیں، ایک پرندہ ہے، کلام کی ایک قسم، عورت کی شرمگاہ، زبان کی نوک، تیر کے چلۂ کمان پر رکھنے کی جگہ، فُوقُ الذکر سرِ ذکر، حشفہ۔

فَوْق: (ف مفتوح، و ساکن، ق موقوف) بالا، اوپر، تحت کی ضد، بڑھنا، دوسروں پر بلند ہونا۔

فُوَاق: (ف مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) سینے کی ہوا، جانکنی کے وقت کی ہچکی، روح کا نکلنا یا وقت جانکنی، اونٹنی کے تھن میں دودھ کا جمع ہونا ہچکی آنا، وقت نزع کی حالت، دو دفعہ دودھ دوہنے کا وقفہ جس میں اونٹ کے بچے کو دودھ پلائیں تاکہ دودھ اتر آئے یا دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقفہ، فَوَاق بالفتح بھی اسی معنی میں ہے۔

فَہْق: (ف مفتوح، ہ ساکن، ق موقوف) برتن کا بھر کر چھلکنا، فَہَق بھی اسی معنی میں ہے، گردن کی جڑ کی ہڈی۔

فَہِیق: (ف مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ق موقوف) ہر فراخ اور کشادہ چیز، عمدہ اونٹنی، برگزیدہ۔

فَائِق: (ف مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ق موقوف) کسی پر بڑھنا، آگے ہونا، ہر منتخب (عمدہ) چہرہ، گردن اور سر کے جڑنے کی جگہ، سر اور گردن کا جوڑ۔

فَیْلَق: (ف مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، ق موقوف) لشکر، فَیَالِق جمع ہے، مرد بزرگ۔

فَیْق: (ف مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) مرغی کی آواز۔

فِیْق: (ف مکسور، ی ساکن، ق موقوف) کوہِ قاف جو دنیا کے گرد احاطہ کیے ہوئے ہے، لمبا آدمی، ایک جگہ کا نام، دوہنے کے وقت تھن میں جمع ہونے والا دودھ، فِیق بھی اسی معنی میں آیا ہے، فِیقَہ کی جمع ہے۔

﴿فصل الفاء مع الکاف﴾

فَتْک: (ف مفتوح، مکسور، مضموم، ت ساکن، ک موقوف) پکڑنا، اچانک قتل کرنا، بڑے کام کا مرتکب ہونا، غدر کرنا، بہادر ہونا، فُتُوک بھی اسی معنی میں آیا ہے، فرصت پانا، قتل کرنا، زخمی کرنا، کسی کام میں اصرار کرنا۔

فَاتِک: (ف مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ک موقوف) نڈر، ہمت والا، فُتَّاک جمع ہے۔

فَدَک: (ف مفتوح، د مفتوح، ک موقوف) خیبر میں ایک گاؤں۔

فُدَیْک: (ف مضموم، د مفتوح، ی ساکن، ک موقوف) ایک جگہ کا نام۔

فَرْک: (ف مفتوح، ر ساکن، ک موقوف) کپڑے اور خوشے کو ملنا، دشمن رکھنا یا عورت کا مرد کو دشمن رکھنا اور مرد کا عورت کو دشمن رکھنا، فُرُوک بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فِرْک: (ف مکسور، ر ساکن، ک موقوف) بغض یا بغض زوجین، فُرک بھی اس معنی میں آیا ہے، ایک گاؤں کا نام۔

فَرَک: (ف مفتوح، ر مفتوح، ک موقوف) کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا، کان کا ڈھیلا ہونا، اصفہان میں ایک گاؤں کا نام۔

فِرَک: (ف مکسور، ر مفتوح، ک موقوف) ایک جگہ کا نام۔

فَرِک: (ف مفتوح، ر مکسور، ک موقوف) وہ چیز جس کا چھلکا صاف کر دیا گیا ہو۔

فَارِک ـ فُرُوک: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ک موقوف)

(ف مفتوح، رمضموم، و ساکن، ک موقوف) مرد سے بغض رکھنے والی عورت۔

فَرِیک: (ف مفتوح، رمکسور، ی ساکن، ک موقوف) دانہ اور غذا جس کو مل کر صاف کر دیا گیا ہو اور اس میں روغن وغیرہ ملایا گیا ہو۔

فَکّ: (ف مفتوح، ک مشدد موقوف) دو ملی ہوئی چیزوں کو جدا کرنا، قیدی کو آزاد کرنا، بچے کے منہ میں دوا ڈالنا، رہن کو چھڑانا، غلام کو آزاد کرنا، فُکُوک بھی اسی معنی میں آیا ہے، دونوں جبڑے، اوپر کے جبڑے کو فَکّ اَعْلیٰ اور نیچے کے جبڑے کو فَکّ اَسْفَلْ کہتے ہیں، بہت بوڑھا ہونا، درست چیز کے لیے ہاتھ کھولنا۔

فَاکّ: (ف مفتوح، ا ساکن، ک مشدد موقوف) بہت بوڑھا، بہت بیوقوف۔

فِکَاک: (ف مفتوح رمکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) وہ چیز جس کے ذریعہ رہن کو چھڑایا جائے، قیدی کا قید سے آزاد ہونا۔

فَکَک: (ف مفتوح، ک مفتوح، ک موقوف) کمزوری کی وجہ سے کندھے کے جوڑ کا الگ ہونا، ٹھوڑی کے کنارے کا ٹوٹنا، پیر کا سوجنا۔

فُلْک: (ف مضموم، ل ساکن، ک موقوف) کشتی، کشتیاں، مفرد اور جمع دونوں آیا ہے۔

فَلَک: (ف مفتوح، ل مفتوح، ک موقوف) آسمان، افلاک و فُلُک جمع ہے، سوت کا بڑا چرخا، ہر گول چیز، دریا کی موج، وہ پانی جسے ہوا متحرک کر دے، ریت کا گول ٹیلا، مٹی کا گول ٹیلا جو اردگرد کی زمین سے اونچا ہو فَلَکَۃٌ واحد ہے۔

فُنُوک: (ف مضموم، ن مضموم، و ساکن، ک موقوف) جھگڑا کرنا، کسی جگہ مقیم ہونا، کسی کام میں مصروف ہونا، جھوٹ بولنا۔

فَنْک: (ف مفتوح، ن ساکن، ک موقوف) تعجب، فَنَک بھی اسی معنی میں آیا ہے، زیادتی، تعدی، جنگ، لڑائی، غلبہ، جھوٹ۔

فِنْک: (ف مکسور، ن ساکن، ک موقوف) گھر کا دروازہ، رائے کا ایک حصہ، فنک بھی اسی معنی میں آیا ہے، مسلسل کھانا کھانا اور اس کو ناپسند کرنا۔

فَنَک: (ف مفتوح، ن مفتوح، ک موقوف) ایک جانور جسے فارسی میں دَلَہ کہتے ہیں یہ جنگلی بلی ہے جس کی کھال بہت عمدہ ہوتی ہے اس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں جو عمدہ ترین پوستین ہوتی ہے اور ہر مزاج کے موافق و معتدل ہے، مجازاً اسے فنک کہتے ہیں، سمرقند میں ایک گاؤں، ایک قلعے کا نام۔

﴿فصل الفاء مع اللام﴾

فَأْل: (ف مفتوح، ء ساکن، ل موقوف) نیک فال، کبھی یہ لفظ بدشگونی کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

فَال: (ف مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) فارس میں ایک دیہات، پال کا معرب ہے، مولف تقریب قطب الدین فالی یہیں کے رہنے والے تھے، خوزستان میں ایک شہر کا نام، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ فالَہ ہے۔

فِآل: (ف مکسور، ا ممدودہ، ل موقوف) ایک قسم کا کھیل وہ چیز جسے مٹی میں چھپائیں پھر خاک کو تقسیم کریں یہاں تک کہ کسی ایک آدمی کے حصہ کی مٹی میں وہ چیز پائی جائے۔

فَتْل: (ف مفتوح، ت ساکن، ل موقوف) بٹنا، بھرنا۔

فَتَل: (ف مفتوح، ت مفتوح، ل موقوف) اونٹ کی کہنی اور پہلو کی دوری۔

فَتِیل: (ف مفتوح، ت مکسور ی ساکن، ل موقوف) بٹی ہوئی چیز، کھجور کی چھال کی باریک رسی، کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی، انگلیوں کے بیچ کا میل۔

فُجُل: (ف مضموم، ج ساکن رمضموم، ل موقوف) مولی۔

فَجَل: (ف مفتوح، ج ساکن رمفتوح، ل موقوف) ڈھیلا یا سست ہونا، موٹا ہونا۔

فَحْل: (ف مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) نر، نر جانور کو مادہ جانوروں میں چھوڑنا، ستارۂ سہیل، ایک مرد کا نام، درخت خرما کے

ریشوں سے بُنی ہوئی چٹائی، فُحُول جمع ہے، شام میں ایک مقام۔

فَحْل: (ف مفتوح ر مکسور، ح ساکن، ل موقوف) چند مقامات کا نام ہے فَحْل فَحِیل شریف و نجیب مرد۔

فِحَال: (ف مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) فَحْل کی جمع ہے۔

فُحَّال: (ف مضموم، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) کھجور کا شاداب درخت جو پھل نہ لاتا ہو۔

فُرْعُل: (ف مضموم، ر ساکن، ع مفتوح، ل موقوف) بجو کا بچہ۔

فَسْل: (ف مفتوح، س ساکن، ل موقوف) نالائق بے مروت آدمی، فُسُول اور اَفْسَال جمع ہے، انگور کے درخت کی شاخیں جو دوسری جگہ پودا لگانے کے لیے ہوں، بچے کا دودھ چھڑانا۔

فِسْل: (ف مکسور، س ساکن، ل موقوف) بے وقوف، نادان۔

فَسِیل: (ف مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ل موقوف) پودا۔

فِسْکِل: (ف مکسور، س ساکن، ک مکسور، ل موقوف) کاہل اور کمینہ آدمی۔

فُسْکِل: (ف مکسور/مضموم، س ساکن، ک مکسور، ل موقوف) دسواں گھوڑا جو میدان میں پیچھے آئے، عرب دس گھوڑوں کو شرط لگا کر میدان میں دوڑاتے ہیں اور ان کے نام ترتیب وار اس طرح ہیں، مجلی، مصلی، مسلی، یہ تینوں مُکْرِج کے وزن پر ہیں، تالی عاطف، مُرتاج، موئل خطی، لطیم، سکیت۔

فُسْکَل: (ف مضموم، س ساکن، ک مفتوح، ل موقوف) جسے فُسْکَل و قاشور بھی کہتے ہیں۔

فَشْل: (ف مفتوح، ش ساکن، ل موقوف) کمزور اور سست ہونا، ڈرنے والا، بدول مرد۔

فِشْل: (ف مکسور، ش ساکن، ل موقوف) ہودج، عورت جو چیز ہودج میں بچھا کر بیٹھتی ہے، پالکی کا پردہ۔

فَشَل: (ف مفتوح، ش مفتوح، ل موقوف) بدول اور ڈرنے والا ہونا۔

فَصْل: (ف مفتوح، ص ساکن، ل موقوف) سال کے چار موسموں میں سے ایک موسم، کلام وغیرہ کا حصہ، فُصُول جمع ہے، جدا کرنا، جدا ہونا، دو چیزوں کے درمیان حجاب، جسم کی ہڈی کا جوڑ، اعضا کے جڑنے کی جگہ، سچی بات، ظاہر بات، صحیح حکم، حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا، بچے کا دودھ چھڑانا، باز رکھنا، کاٹنا، وہ تغیر جو شعر کے قافیہ میں واقع ہو اور ایک حرف متحرک یا زیادہ کا جدا کرنا اور ایسا کرنا بیت میں جائز نہیں ہے، فَصْلُ الخطاب وہ کلام جو روشن اور فصیح ہو اور حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والا ہو، کلمہ اَمَّا بَعْد، کلام معجز نظام جیسے اَلْبَیِّنَۃ عَلَی الْمُدَّعِی وَ الْیَمِیْنُ عَلیٰ مَنْ اَنْکَر مدعی پر گواہی پیش کرنا اور مدعا علیہ پر قسم ہے۔

فِصَال: (ف مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بچے کو دودھ پینے سے باز رکھنا، فَصِیْل کی جمع ہے۔

فَاصِل: (ف مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ل موقوف) دو چیزوں کے درمیان فرق کرنے والا۔

فَصِیْل: (ف مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ل موقوف) قلعے کے باہر کی دیوار یا شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار، اونٹ جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اور اسے ماں سے الگ کر دیا گیا ہو۔

فُصُوْل: (ف مضموم، ص مضموم، و ساکن، ل موقوف) شہر سے نکلنا، فَصْل کی جمع ہے۔

فَضْل: (ف مفتوح، ض ساکن، ل موقوف) زیادتی، فَضِیْلَت بھی اسی معنی میں ہے، زیادہ ہونا، بخشش کرنا، فضیلت میں کسی پر غالب آ جانا۔

فُضُل: (ف مضموم، ض مضموم، ل موقوف) وہ مرد یا عورت جو گھر میں خراب اور بے آستین کپڑا کام کرنے کے لیے پہنے۔

فَاضِل: (ف مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ل موقوف) فضل میں بڑھنے والا، عقل مند آدمی، عالم، صاحب فضل۔

فَضَائِل: (ف مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) فضیلتیں، ہنر، محاسن، خوبیاں، بلند درجے، فضیلت کی جمع ہے۔

فُضُوْل: (ف مضموم، ض مضموم، و ساکن، ل موقوف) زیادتیاں، افزونیاں، فَضْل کی جمع ہے، فضولی وہ شخص جو لایعنی کاموں میں

مشغول ہو، رات کو زیادہ چلنے والا۔

فِضَال: (ف مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) فضیلت میں کسی پر غلبہ تلاش کرنا اور اس کے بارے میں جھگڑا کرنا۔

فُضَّال: (ف مضموم، ض مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) زیادہ فضیلت والا آدمی۔

فَعْل: (ف مفتوح، ع ساکن، ل موقوف) کرنا۔

فِعْل: (ف مکسور، ع ساکن، ل موقوف) کام، کردار، حرکت، مرد کی جنبش، اونٹنی کی شرمگاہ، ہر مادہ کی شرمگاہ۔

فَعَال: (ف مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) نیک کام، سخاوت، مروت، ہر اچھا یا برا کام۔

فِعَال: (ف مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) کردار، کام، فِعْل کی جمع ہے، مل جل کر کام کرنا، کلہاڑی کا دستہ، فُعُل جمع ہے۔

فَعَّال: (ف مفتوح، ع مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) زیادہ کام کرنے والا، حق تعالیٰ کا نام، عقل فعّال یعنی عقل عاشر۔

فَلّ: (ف مفتوح، ل مشدد موقوف) قلم کا شگاف، تلوار کی دھار کا دندانہ، فُلُول جمع ہے، لشکر کو شکست دینا، شکست خوردہ قوم کو شکست دینا، مفرد اور جمع دونوں آیا ہے۔

فِلّ: (ف مکسور، ل مشدد موقوف) خشک زمین جس میں گھاس نہ اُگے اور بارش نہ ہو۔

فَلِيل: (ف مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) درختوں کا جھنڈ، اونٹ کے دندانہ دار دانت کا شگاف۔

فُل: (ف مضموم، ل موقوف) فلاں کا مخفف۔

فِلْفِل: (ف مکسور مضموم، ل ساکن، ف مکسور مضموم، ل موقوف) پِپَّل کا معرب ہے، مرچ، اس کی دو قسمیں ہیں (1) گول (2) لمبی، گول کی بھی دو قسمیں ہیں (1) فلفل سیاہ (2) فلفل سفید۔

فُلْفُل: (ف مضموم، ل ساکن، ف مضموم، ل موقوف) ہوشیار خدمت گار، دار فلفل مشہور دوا، درخت فُلفُل جو پہلی بار پھل لائے۔

فَوْفَل: (ف مفتوح مضموم، و ساکن، ف مفتوح مضموم، ل موقوف) ڈلی، سپاری جس کا درخت ناریل کے درخت کے مانند ہوتا ہے۔

فُوْل: (ف مضموم، و ساکن، ل موقوف) لوبیا، چنے کے مانند ایک دانہ ہے، چنے کو بھی کہتے ہیں۔

فَوَّال: (ف مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) لوبیا بیچنے والا۔

فَوَاصِل: (ف مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ل موقوف) قرآن کی آیتوں کا آخری لفظ جو بمنزلۂ قافیہ شعر ہے۔

فَوَاضِل: (ف مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ل موقوف) بڑی بخششیں، عمدہ عطیے۔

فِيْل: (ف مکسور، ی ساکن، ل موقوف) پیل کا معرب ہے، بخیل، بھاری، فُیُول اور اَفْیَال جمع ہے۔

فَيِل: (ف مفتوح رمکسور، ی ساکن، ل موقوف) کم عقل۔

فَيَّال: (ف مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) پیل بان، ہاتھی والا، مہاوت۔

فَائِل: (ف مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) ران کی رگ، سرین کا گوشت۔

فَيْصَل: (ف مفتوح، ی ساکن، ص مفتوح، ل موقوف) حاکم، حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا، اس معنی میں حاکم کو فَیْصَلی بھی کہتے ہیں۔

﴿فصل الفاء مع المیم﴾

فَأْم: (ف مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سیراب ہونا، اونٹ کا منہ کو گھاس سے بھر لینا۔

فِئَام: (ف مکسور، ا ممدودہ، م موقوف) فُؤم جمع ہے، لوگوں کا گروہ، وہ کمبل اور چادر جو ہودج پر لگائیں، عوام اسے یا کے ساتھ بولتے ہیں ہمزہ کے ساتھ نہیں بولتے۔

فَحْم: (ف مفتوح، ح ساکن، م موقوف) اس طرح چپ ہونا کہ جواب نہ دے سکے، ٹھہرا ہوا پانی جو نہ بہے۔

فَحْمَ: (ف مفتوح، ح ساکن رمفتوح، م موقوف) کوئلہ، فَحْمَۃ رات کا پہلا پہر یا ایک حصہ یا رات کی تاریکی۔

فَاحِم: (ف مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، م موقوف) سخت کالا، آواز دینے والی بھیڑ۔

فَحِیم: (ف مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، م موقوف) کوئلہ، سخت کالا۔

فُحُوم: (ف مضموم، ح مضموم، و ساکن، م موقوف) سیاہ رنگ ہونا، بچے کا روتے روتے نیلگوں ہوجانا۔

فُحَام: (ف مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کنویں کے پانی کا جاری ہونا۔

فَخِیم: (ف مفتوح، خ مکسور، ی ساکن، م موقوف) عظیم المرتبہ، ہر بڑی چیز۔

فَدْم: (ف مفتوح، د ساکن، م موقوف) تھکن، بھاری، زبان کی لکنت، کم فہمی، بے وقوف آدمی، سختی اور ظلم کرنے والا، سرخ اور ہرے رنگ کی ایک چیز یا وہ چیز جو زیادہ سرخ نہ ہو، فِدَام جمع ہے، منہ پر چھینکا باندھنا، برتن پر سرپوش رکھنا۔

فِدَّام: (ف مکسور، د مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مجوسیوں کا ذہن بند جسے وہ پانی پینے کے وقت منہ پر باندھتے ہیں اور وہ کپڑا یا چھلنی جو پانی اور شراب کو صاف کرنے کے لیے پیالے اور برتن کے منہ پر باندھتے ہیں۔

فِدَام: (ف مکسور، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دستار۔

فُرْزُم: (ف مضموم، ر ساکن، ز مضموم، م موقوف) جوتے کا فرمہ۔

فُرْطُوم: (ف مضموم، ر ساکن، ط مضموم، و ساکن، م موقوف) موزے کا سرا۔

فَصْم: (ف مفتوح، ص ساکن، م موقوف) کسی چیز کو اس طرح توڑنا کہ الگ نہ ہو، توڑنا، کاٹنا، گھر کا ویران ہونا۔

فِطَام: (ف مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، م موقوف) جدائی، بچے کا دودھ چھڑانا۔

فَطِیم: (ف مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، م موقوف) وہ بچہ جس نے دودھ چھوڑ دیا ہو، عادت سے روکا ہوا، فُطُم بضمتین جمع ہے۔

فَاطِم: (ف مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، م موقوف) وہ اونٹنی جس کا ایک سالہ بچہ اس سے جدا کردیں۔

فَطْم: (ف مفتوح، ط ساکن، م موقوف) دو سال سے پہلے بچے کا دودھ چھڑانا، پہاڑ وغیرہ کاٹنا، عادت سے باز رکھنا۔

فَعْم: (ف مفتوح، ع ساکن، م موقوف) بھرا ہوا، پُر، خوشبو سے ناک کو بھرنا، ایک درخت یا پھول کا نام ہے۔

فَغْم: (ف مفتوح، غ ساکن، م موقوف) باندھنا، خوشبو کا ناک کے سوراخ کو کھول دینا، عورت کو بوسہ دینا، بکری کے بچے کا دودھ پینا۔

فَغَم: (ف مفتوح، غ مفتوح، م موقوف) کسی جگہ مقیم ہونا اور اس کو لازم کرنا، کسی چیز کا حریص ہونا۔

فَقْم: (ف مفتوح رمضموم، ق ساکن، م موقوف) ٹھوڑی یا ٹھوڑی کا کنارہ۔

فَقْم: (ف مفتوح، ق ساکن، م موقوف) زبان کی جنبش سے دانتوں کا باہر آنا۔

فَقَم: (ف مفتوح، ق مفتوح، م موقوف) بھرنا، اوپر کے اگلے دانتوں کا باہر آنا اور بہت خوش حال ہونا، مال کا زیادہ ہونا، مال کا کم ہونا۔

فُقُم: (ف مضموم، ق مضموم، م موقوف) منہ۔

فَقِم: (ف مفتوح، ق مکسور، م موقوف) عقل مند آدمی جو گفتگو میں حریفوں پر غالب آئے۔

فُقَیم: (ف مضموم، ق مفتوح، ی ساکن، م موقوف) بنی کنانہ کا ایک گروہ۔

فُم: (ف مفتوح رمکسور رمضموم، م موقوف) منہ، فَم بھی اسی معنی میں ہے۔

فُوم: (ف مضموم، و ساکن، م موقوف) لہسن، چنا، گیہوں، روٹی، ہر وہ دانہ (غلہ) جس کی روٹی پکاتے ہیں، پیاز اور لہسن کی گانٹھ، بڑا لقمہ۔

فَہْم: (ف مفتوح، ہ ساکن، م موقوف) جاننا، معلوم کرنا، فَہَم بھی اسی معنی میں آیا ہے، ایک قبیلے کا باپ۔

فَہِم: (ف مفتوح، ہ مکسور، م موقوف) جلد اور اچھی طرح معلوم کرنے والا۔

فَیِّم: (ف مفتوح، ی ساکن، م موقوف) سخت آدی، فَیُّوم جمع ہے۔
فَیُّوم: (ف مفتوح، ی مشدد مضموم، و ساکن، م موقوف) مصر میں ایک شہر۔
فَیْلَم: (ف مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، م موقوف) بزرگ آدی، بدل آدی، کشادہ کنواں، کنگھا، دستر خوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا، زیادہ لشکر۔

فصل الفاء مع النون

فَاہَان: (ف مفتوح، ا ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک پہاڑ کا نام جو توریت میں مذکور ہے۔
فُتُون: (ف مضموم، ت مضموم، و ساکن، ن موقوف) آزمانا، فتنہ میں ڈالنا، کسی چیز پر تعجب کرنا،
فَتْن: (ف مفتوح، ت ساکن، ن موقوف) جلانا، کسی چیز کو آزمانا، کیفیت، حال، فِتَن جمع ہے فِتْنَۃ کی جس کے معنی گزر گئے ہیں۔
فِتَان: (ف مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چمڑے اور کھال کا غلاف جو پیر میں پہنتے ہیں۔
فَتَّان: (ف مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شیطان، فتنہ انگیز، سنار، پیشہ ور۔
فَتِین: (ف مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ن موقوف) آگ سے گلی ہوئی چاندی، گھڑا، مٹکا۔
فَاتِن: (ف مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ن موقوف) گمراہ کرنے والا، شیطان۔
فِتْیَان: (ف مکسور، ت ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) جوانان، بہادر لوگ۔
فَتَیَان: (ف مفتوح، ت مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دو دن، رات اور دن۔
فَدَن: (ف مفتوح، د مفتوح، ن موقوف) سرخ رنگ، بڑا اور بہت اونچا محل۔

فُدَیْن: (ف مضموم، د مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) ایک گاؤں کا نام ہے۔
فَدَّان: (ف مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ہل چلانے کے لیے ایک یا دو بیلوں کو باندھنا، بیج بونا، کھیت جوتنے کے لیے بیلوں کو ہل میں باندھنا، فَدَان بغیر تشدید کے بھی ہے، فَدَادِیْن جمع ہے۔
فَرْفِیُون: (ف مفتوح، ر ساکن، ف مکسور، ی مضموم، و ساکن، ن موقوف) مشہور دوا۔
فُرْن: (ف مضموم، ر ساکن، ن موقوف) روٹی پکانے کے لیے زمین کا گڑھا جو تنور کے علاوہ ہے جس میں روٹی پکاتے ہیں اسے فُرْنی کہتے ہیں، نیز فرنی بمعنی سخت اور موٹا آدی، موٹا کتا۔
فَرَان: (ف مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک چشمے کا نام۔
فَرَّان: (ف مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) زمین مغرب میں ایک وسیع شہر۔
فُرَیْن: (ف مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) شام میں ایک دیہات کا نام ہے۔
فِرِّین: (ف مکسور، ر مشدد مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔
فِرْزَان: (ف مکسور، ر ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) فرزین کا معرب ہے، ہوشیار، عقلمند، فَرَازِین جمع ہے۔
فَرْقَدَان: (ف مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) قطب کے نزدیک دو ستارے ہیں۔
فُرْقَان: (ف مضموم، ر ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) قرآن، ہر وہ چیز جس کے ذریعہ حق و باطل کے درمیان فرق کریں، سحر، صبح، توریت، دریا کا پھٹنا، یَوْمُ الفُرْقَان غزوۂ بدر۔
فِرْسِن: (ف مکسور، ر ساکن، س مکسور، ن موقوف) اونٹ کا کھر۔
فُرَاسِن: (ف مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ن موقوف) شیر، دودھ۔
فِرْجَون: (ف مکسور، ر ساکن، ج مفتوح، و ساکن، ن موقوف) کھریرا، گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی کنگھا۔

فَرَاسِیُوْن: (ف مفتوح، رمفتوح، اساکن، س مکسور، ی مضموم، وساکن، ن موقوف) پہاڑی گندنا، لہسن کے مانند ایک سبزی۔

فِرْعَوْن: (ف مکسور، رساکن، ع مفتوح، وساکن، ن موقوف) گھڑیال، مگرمچھ، ولید بن مصعب بادشاہِ مصر کا لقب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہم عصر تھا، ہر بادشاہِ مصر کا لقب، وہ شخص جو سرکش اور متمرد ہو، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام کے باپ یا ان کے لڑکے کا نام۔

فُشْن: (ف مضموم، ش ساکن، ن موقوف) مصر میں ایک دیہات کا نام۔

فَاشَان: (ف مفتوح، اساکن، ش مفتوح، اساکن، ن موقوف) مَرْو میں ایک گاؤں کا نام۔

فِطْن۔ فَطَن۔ فُطُن: (ف مفتوح رمکسور رمضموم، ط ساکن، ن موقوف) (ف مفتوح، ط مفتوح، ن موقوف) (ف مضموم، ط مضموم، ن موقوف) چالاک ہونا، ہوشیاری۔

فَطِن: (ف مفتوح، ط مکسور، ن موقوف) چالاک، عقلمند، عَذِل اور عَطِد کے وزن پر بھی آیا ہے، فَاطِن، فَطِیْن، فَطُون بھی اس معنی میں آیا ہے، فُطُن جمع ہے۔

فِقْدَان: (ف مکسور رمضموم، ق ساکن، د مفتوح، اساکن، ن موقوف) ضائع کرنا، گم کرنا۔

فُلَان۔ فُلَانَۃ: (ف مضموم، ل مفتوح، اساکن، ن موقوف) (ف مضموم، ل مفتوح، اساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) آدمی سے کنایہ ہے، الف اور لام کے ساتھ چوپائے سے کنایہ ہے، کبھی ایک کو فُل اور دو کو فُلاں کہتے ہیں، دو سے زیادہ یعنی جمع کے لیے فُلُون ہے۔

فَنّ: (ف مفتوح، ن مشدد موقوف) حال، قسم، ایک قسم کی چیز ہانکنا۔

فَنَن: (ف مفتوح، ن مفتوح، ن موقوف) شاخ، ڈالی، اَفْنَان جمع ہے، اَفَانِیْن جمع الجمع ہے۔

فَوَرَان: (ف مفتوح، و مفتوح، ر مفتوح، اساکن، ن موقوف) جوش مارنا۔

فَیَضَان: (ف مفتوح، ی مفتوح، ض مفتوح، اساکن، ن موقوف) مرنا، زیادتی کی وجہ سے پانی کا چھلکنا، خبر کا عام ہونا۔

فَیْحَن (ف مفتوح، ی ساکن، ح مفتوح، ن موقوف) سُذاب، پودینہ کے مثل ایک گھاس ہے، ہندی میں تتلی کہتے ہیں، یہ گھاس اسقاطِ حمل کے لیے کام میں لاتے ہیں۔

﴿فصل الفاء مع الواو﴾

فَأْو: (ف مفتوح، ء ساکن، و موقوف) مارنا، شمشیر کی ضرب سے سر کا پھٹنا، ہر چیز کا پھٹنا، دو پہاڑوں کے درمیان شگاف۔

فَجْو: (ف مفتوح، ج ساکن، و موقوف) چلے کا کمان سے دور ہونا۔

فَرْو: (ف مفتوح، ر ساکن، و موقوف) پوستین پہننا، پوستین۔

فَسْو: (ف مفتوح، س ساکن، و موقوف) ہوا خارج کرنا (پادنا)، قبیلۂ عبدالقیس کا ایک گروہ۔

فَشْو۔ فُشُوّ: (ف مفتوح، ش ساکن، و موقوف) (ف مضموم، ش مضموم، و مشدد موقوف) خبر کا ظاہر اور آشکارا ہونا، کسی چیز کی مہک کا پھیلنا۔

فَصْو: (ف مفتوح، ص ساکن، و موقوف) مکان کا کشادہ ہونا، درم کو تھیلی میں نہ رکھنا۔

فَطْو: (ف مفتوح، ط ساکن، و موقوف) تیز ہانکنا۔

فَغْو: (ف مفتوح، غ ساکن، و موقوف) مہندی کا شگوفہ، فَاغِیَہ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

فَقْو: (ف مفتوح، ق ساکن، و موقوف) کسی کے پیچھے چلنا، ایک جگہ کا نام۔

فَلْو: (ف مفتوح، ل ساکن، و موقوف) بچے اور گھوڑے کے بچھڑے کا دودھ چھڑانا، تلوار سے مارنا، مسافر ہونا، نادانی کے بعد ہوشیار ہونا۔

فَلُوّ: (ف مفتوح، ل مفتوح، و مشدد موقوف) گدھے کا بچہ اور گھوڑے کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو یا یہ کہ بچہ ایک سال کا ہو گیا ہو۔

فَہو: (ف مفتوح، ہ ساکن، و موقوف) خطا کرنا، بھولنا۔

فصل الفاء مع الہاء

فَارَہْ: (ف مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ہ موقوف) ہوشیار آدمی۔

فَرَہْ: (ف مفتوح، ر مفتوح، ہ موقوف) بہت خوش ہونا، بجستان کے قریب ایک مشہور شہر ہے، لیکن زیادہ صحیح یہ ہے کہ وہ صحابہ کے وزن پر فُرَلہہ ہے۔

فَرِہْ: (ف مفتوح، ر مکسور، ہ موقوف) زیادہ خوش آدمی، فَرِہین و فارہین جمع ہے۔

فِقْہ: (ف مکسور، ق ساکن، ہ موقوف) معلوم کرنا، کسی چیز کو جاننا، علم، دین، شریعت۔

فَقِہْ: (ف مفتوح، ق مکسور، ہ موقوف) دانش مند، عقل مند، فَقِیہ بھی اسی معنی میں ہے۔

فَکَہْ: (ف مفتوح، ک مفتوح، ہ موقوف) خوش طبع اور ظریف ہونا، زیادہ خوش ہونا۔

فَاکِہْ۔ فَکِہْ: (ف مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ہ موقوف) (ف مفتوح، ک مکسور، ہ موقوف) شاداں، خوش طبع، ظریف، دانا، عقل مند۔

فَوَاکِہْ: (ف مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ہ موقوف) میوے، فَاکِہَۃ کی جمع ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ کھجور، انگور، اور انار ہے لیکن یہ غلط ہے۔

فُوہ۔ فَاہ: (ف مضموم، و ساکن، ہ موقوف) (ف مفتوح، ا ساکن، ہ موقوف) منہ، اَفْوَاہ جمع ہے۔

فَوَہْ: (ف مفتوح، و مفتوح، ہ موقوف) چوڑے منہ والا ہونا۔

فُوَّہْ: (ف مضموم، و مشدد مفتوح، ہ موقوف) رودنگ (مجیٹھ جس سے سرخ رنگ رنگتے ہیں)، اسے رُوْنَاس بھی کہتے ہیں۔

فصل الفاء مع الیاء

فَرْی: (ف مفتوح، ر ساکن، ی موقوف) کسی چیز کو پھاڑنا، جھوٹ بولنا۔

فَرِیّ: (ف مفتوح، ر مکسور، ی مشدد موقوف) جھوٹ بولا ہوا، گڑھی ہوئی بات۔

﴿ باب القاف ﴾

﴿فصل القاف مع الالف﴾

قَبَاء: (ق مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دولائی، دہرا کپڑا، ایک قسم کا آگے سے کھلا ہوا کوٹ، شیروانی۔

قَبَا: (ق مفتوح، ب مفتوح، ا موقوف) ایک قسم کی گھاس، ٹیڑھا کرنا، کمان کی شکل کا بنانا۔

قُبَاء: (ق مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مدینہ کے قریب ایک جگہ کا نام، مکہ اور بصرہ کے درمیان ایک موضع۔

قُبَا: (ق مضموم، ب مفتوح، ا موقوف) فرغانہ میں ایک شہر۔

قُبَيْطَىٰ: (ق مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، ط مفتوح، ا مقصورہ موقوف) ایک مشہور حلوا جس کو قُبَيط اور قُبَاط بھی کہتے ہیں۔

قَبَعْثَرَىٰ: (ق مفتوح، ب مفتوح، ع ساکن، ث مفتوح، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بڑا اونٹ، اونٹ کا کمزور بچہ، ایک دریائی جانور، بڑی اور سخت چیز، ایک شاعر کا نام جو فصاحت میں مشہور ہے، کہتے ہیں انگور کے موسم میں ظریف شاعروں کی جماعت کے ساتھ ایک باغ میں آیا، اثنائے گفتگو حجاج کا ذکر چل پڑا، قبعثریٰ نے کہا اَللّٰهُمَّ سَوِّدْ وَجْهَهٗ وَاقْطَعْ عُنُقَهٗ وَ اسْقِنِيْ مِنْ دَمِهٖ خداوندا! اس (حجاج) کے چہرے کو کالا کر اس کی گردن اڑا دے اس کے خون سے مجھے سیراب کردے، جب حجاج تک یہ خبر پہنچی فوراً اس کو حاضر کرنے کا حکم دیا، جب قبعثریٰ حجاج کے سامنے آیا تو اس نے حجاج کے غصہ اور تہدید (دھمکی، ڈرانا) کو دیکھ کر فی البدیہہ کہا چوں کہ انگور پکنے کے قریب تھا اس لیے میں نے شوق و آرزو کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ انگور پکے اور سیاہ ہو تا کہ میں اس کے شیرے سے سیراب ہوں، دشمنوں نے دشمنی کی وجہ سے دوسری طرح بیان کیا ہے، جب حجاج دیر تک گفتگو سن کر کمال فصاحت سے عاجز ہوگیا، مارے غصہ کے کہا لَاَحْمِلَنَّكَ عَلَى الْاَدْهَمِ میں تجھ کو ہر صورت میں لوہے کی بیڑی پر سوار کردوں گا، قبعثریٰ نے اس کو سیاہ گھوڑے پر محمول کرتے ہوئے کہا مِثْلُ الْاَمِيْرِ يَحْمِلُ عَلَى الْاَشْهَبِ وَالْاَدْهَمِ امیر اس بات کا مستحق ہے کہ اشہب (سفید رنگ کے گھوڑے) یا ادہم (سیاہ رنگ کے گھوڑے) پر سوار کرے، حجاج نے پھر کہا اَرَدْتُ حَدِيْدًا میری مراد ادھم سے حدید یعنی لوہے کی بیڑی ہے، قبعثریٰ نے حدید کو دوسرے معنی پر محمول کرتے ہوئے جواباً کہا اَنْ يَكُوْنَ حَدِيْدًا خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ بَلِيْدًا تیز رو سیاہ گھوڑا بہتر ہے سست رفتار گھوڑے سے، حجاج اس کے کمال فصاحت اور حاضر جوابی کی تیزی دیکھ کر دنگ رہ گیا اور عاجز ہو کر اس کے جرم کو معاف کردیا۔

قَتْلَىٰ: (ق مفتوح، ت ساکن، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) قتل کیے ہوئے، قتیل کی جمع ہے۔

قُثَّاء۔ قِثَّاء: (ق مفتوح، ث مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) (ق مکسور، ث مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) لمبا کھیرا (ککڑی) جو لمبا اور پتلا ہونے کی وجہ سے ٹیڑھا ہوجائے، قسم چھوٹی ککڑی جس کو خیار بادرنگ کہتے ہیں۔

قَذَىٰ: (ق مفتوح، ذ مفتوح، ا مقصورہ موقوف) تنکا جو آنکھ یا پینے کی چیز میں پڑ جائے، گاڑھا پانی جو بچہ جننے کے بعد اونٹنی، بکری اور بھیڑ کے رحم سے نکلے۔

قِذَىٰ: (ق مکسور، ذ مفتوح، ا مقصورہ موقوف) باریک مٹی۔

قُرْبَىٰ: (ق مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ا مقصورہ موقوف) رشتہ داری، قربی، قریب اور رشتہ دار ہونا۔

قِرَىٰ: (ق مکسور، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) مہمانی، مہمان نوازی کرنا۔

قُرَىٰ: (ق مضموم، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) گاؤں، قَرْيَة کی جمع ہے۔

قَرَاء: (ق مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مہمان کی میزبانی کرنا۔

قُرَّاء: (ق مضموم، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) قرآن پڑھنے والے، قاری کی جمع ہے، عبادت گزار، پرہیزگار، اس معنی میں مفرد ہے۔

قَرَّاء: (ق مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) اچھا پڑھنے والا۔

قَرْأ: (ق مفتوح، ر ساکن، ا موقوف) ہوا کا اپنے وقت پر چلنا، آب منی کا اونٹنی کے رحم میں ٹھہر جانا، پھرنا، قریب ہونا، پیچھے ہونا، بعد میں ہونا، واپس ہونا، عبادت کرنا، اونٹنی کا حاملہ ہونا، جمع کرنا، اکٹھا کرنا، حاملہ کا بچہ جننا، حیض کا ختم ہونا، عورت کی پاکی کا وقت، دو حیضوں کے درمیان واقع ہونے والا حیض وطہر، ان دو معنوں میں قُرء بھی آیا ہے، وقت، قافیہ، اقْرَاء و قُرُوْء جمع ہے، بعض لوگوں نے کہا وہ قرء جس کا معنی حیض ہے اس کی جمع اقراء اور جو طہر کے معنی میں ہے اس کی جمع قُرُوْء ہے۔

قُصَارَیٰ: (ق مضموم، ص مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) آخر، انتہا۔

قَضَاء: (ق مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کھانا، بند ہونا، مشک کا بدبودار ہونا، گرنا، آنکھ کا لال ہونا، آنکھ کا خراب ہونا، رسی کا پرانا ہونا، رسی کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا، حکم کرنا، واجب کو ادا کرنا، پورا کرنا، پیدا کرنا، بیان کرنا، وہ عبادت جس کا وقت گزر گیا ہو۔

قَضَّاء: (ق مفتوح، ض مشدد مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مضبوط زرہ۔

قَضَایَا: (ق مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ا موقوف) احکام، فرامین، خبریں، قَضِیَّہ کی جمع ہے۔

قَطَا: (ق مفتوح، ط مفتوح، ا موقوف) کبوتر کے برابر ایک ریگستانی پرندہ جس کو فارسی میں سنگ خوار کہتے ہیں، جنگل میں اس کے بولنے سے مسافروں کو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہاں کسی جگہ پر پانی کا چشمہ ضرور ہے (م)

قَفَا: (ق مفتوح، ف مفتوح، ا موقوف) گردن کا پچھلا حصہ، گدی۔

قِلَیٰ ۔ قَلَا: (ق مکسور، ل مفتوح، ا مقصورہ موقوف) (ق مفتوح، ل مفتوح، ا موقوف) کسی کو دشمن سمجھنا۔

قُمُوْ: (ق مفتوح، م مضموم، و موقوف) چوپائے کا موٹا ہونا، ذلیل ہونا۔

قَمْرَاء: (ق مفتوح، م ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) چاند کی روشنی، ایک چڑیا، چاندنی رات۔

قَیٔ: (ق مفتوح، ی موقوف) متلی کے ساتھ کھائی ہوئی چیز اگل دینا، الٹی کرنا۔

﴿فصل القاف مع الباء﴾

قَأْب: (ق مفتوح، ء ساکن، ب موقوف) کھانا کھانا، پانی پینا، سیر ہو کر پینا، سیر ہو کر کھانا۔

قَابْ: (ق مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) قبضہ کمان اور کمان کے بیچ کا فاصلہ، کسی چیز کی مقدار، قِب بھی اسی معنی میں ہے۔

قُبُوب: (ق مضموم، ب مضموم، و ساکن، ب موقوف) فریاد کرنا، لڑائی جھگڑے میں شور مچانا، گوشت اور کھجور کے چھلکے کا خشک ہونا، زخم کا سوکھ جانا۔

قَبْقَبْ: (ق مفتوح، ب ساکن، ق مفتوح، ب موقوف) شکم، پیٹ۔

قِبْقِبْ: (ق مکسور، ب ساکن، ق مکسور، ب موقوف) ایک دریائی سیپ۔

قَبّ: (ق مفتوح، ب مشدد موقوف) شیر درندہ اور اونٹ کے دانت بجانے کی آواز سننا، شیر کے دانتوں کے بجنے کی آواز، قَبِیْب کا بھی یہی معنی ہے، گھاس کا خشک ہونا، سانڈ اونٹ، قوی الباہ آدمی، وہ ٹکڑے جو پیراہن کی جیب میں لگاتے ہیں، وہ سوراخ جس میں رہٹ کا محور گھومتا ہے یا ڈول کی چرخی کے بیچ کا سوراخ، کنویں کی چرخی، وہ لکڑی جو ڈول کی چرخی کے بیچ میں لگاتے ہیں، رئیس، سردار، بادشاہ، خلیفہ، دونوں چوتڑ اور سرین کا درمیانی حصہ۔

قِبّ: (ق مکسور، ب مشدد موقوف) دونوں سرین کے درمیان ابھری ہوئی ہڈی، قوم کا بزرگ آدمی۔

قُبّ: (ق مضموم، ب مشدد موقوف) پتلی کمر والی عورتیں، قَبَّاء کی جمع ہے۔

قُبَبْ: (ق مفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) قُبَّہ کی جمع ہے، گنبد کے مثل گول عمارت۔

قُبَاب: (ق مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) مدینہ میں ایک قلعہ، بہت کاٹنے والی تیز تلوار، بڑی موٹی ناک۔

قِبَاب: (ق مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) سمرقند میں ایک موضع، نیشاپور کا ایک محلہ، بصرہ کے حاجیوں کی گزرگاہ پر ایک موضع، مصر اور یعقوبا کے درمیان ایک گاؤں، ایک قسم کی مچھلی، قُبّہ کی جمع۔

قَبَاب: (ق مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) درندہ شیر، آذربائیجان میں ایک موضع۔

قَبْقَاب: (ق مفتوح، ب ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) جھوٹا، کھڑاؤں، چیخنے والا مست اونٹ، فراخ اندام (کشادہ شرمگاہ والی) عورت، ایک مہرہ جس سے کپڑا چکنا اور صاف کرتے ہیں، بہت بولنے والا، نر کے دانتوں کی آواز، قَبْقَبَہ کا یہی معنی ہے۔

قِتْب: (ق مکسور، ت ساکن، ب موقوف) آنت، اوزار، سامان، پانی کھینچنے والا بیل، اقتاب جمع ہے، بعض لوگوں نے کہا اَقْتَاب آنت کے اردگرد کی چربی وغیرہ ہے، آنتوں کو قِتْب کہتے ہیں۔

قَتْب: (ق مفتوح، ت ساکن، ب موقوف) بھنی آنتیں اور چربی کھلانا۔

قَتَب: (ق مفتوح، ت مفتوح، ب موقوف) پالان، گدھے کا پالان، اونٹ کے کوہان کی مقدار، قَتْب (ت ساکن) بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

قَتِب: (ق مفتوح، ت مکسور، ب موقوف) چڑچڑا، جلدی غصہ ہونے والا۔

قَحْب: (ق مفتوح، ح ساکن، ب موقوف) عمر دراز، بوڑھا کھانستا، کھانسی کا مریض۔

قُحَاب: (ق مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) اونٹ گھوڑے اور انسان کی کھانسی۔

قُرْب: (ق مضموم، ر ساکن، ب موقوف) نزدیکی، نزدیک ہونا، ایک موضع کا نام۔

قَرْب: (ق مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) تلوار غلاف میں ڈالنا، تلوار کا غلاف بنانا۔

قُرْب۔ قُرُب: (ق مضموم، ر ساکن، ب موقوف) (ق مضموم، ر مضموم، ب موقوف) کمر۔

قَرَب: (ق مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) کمر کے درد کے سبب رونا، اگلی صبح چشمہ کے کنارے پہنچنے کے لیے رات ہی میں سفر کرنا۔

قِرَب: (ق مکسور، ر مفتوح، ب موقوف) مشکیں، قِرْبَۃ کی جمع ہے۔

قِرَاب: (ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک دوسرے کے قریب ہونا، تلوار کی نیام، وہ برتن جو تلوار کے ساتھ نیام میں رکھیں، جماع کے لیے پیر اٹھانا۔

قَرَاب: (ق مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) نزدیکی۔

قَارِب: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ب موقوف) چھوٹی کشتی جو جانوروں کو سوار کرنے کے لیے بڑی کشتی کے بغل میں رکھتے ہیں، رات میں پانی تلاش کرنے والا، قارب الصخرہ ایک لالچی کا نام ہے اس کی لالچ کے متعلق لکھا ہے کہ اس نے ایک پتھر پر لکھا ہوا دیکھا کہ اس پتھر کے نیچے سونا ہے اس نے پتھر پر اس قدر مارا کہ مر گیا پھر اس لقب سے مشہور ہو گیا۔

قَرِیب: (ق مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ب موقوف) نزدیک، ایک نمکین مچھلی۔

قُرَیب: (ق مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) ایک شخص کا نام، اصمعی کے والد کا لقب، خوارج کے سردار کا لقب۔

قِرْطَعَب: (ق مکسور، ر ساکن، ط مفتوح، ع مفتوح، ب موقوف) کم یا زیادہ چیز۔

قَزْب: (ق مفتوح، ز ساکن، ب موقوف) کثرت جماع۔

قَزَب: (ق مفتوح، ز مفتوح، ب موقوف) سختی، سخت ہونا۔

قَازِب: (ق مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ب موقوف) لالچی سوداگر۔

قَسْب: (ق مفتوح، س ساکن، ب موقوف) سخت چیز، خشک کھجور جو منہ میں ریزہ ریزہ ہو جائے، پانی کا جاری ہونا۔

قُسُوب: (ق مضموم، س مضموم، و ساکن، ب موقوف) سخت ہونا۔

قَشِیب: (ق مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ب موقوف) پانی کی رفتار، پانی کی آواز۔

قَشْب: (ق مفتوح، ش ساکن، ب موقوف) ملانا، زہر دینا، تکلیف پہنچانا، برباد کرنا، کسی چیز سے ملانا، نیک نامی یا بدنامی کمانا، جھوٹ بولنا، سرزنش کرنا، تلوار کو چمکانا، ہوش اڑانا۔

قِشْب: (ق مکسور، ش ساکن، ب موقوف) نفس، ایک شخص کا نام، ایک گھاس، بے خبر (ناواقف) آدمی، تلوار وغیرہ کا زنگ، زہر، قَشَب کا بھی یہی معنی ہے۔

قَشِیْب: (ق مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ب موقوف) تیز تلوار، چمک دار تلوار، زنگ آلود تلوار، نیا، پرانا، یمن میں ایک محل۔

قَصْب: (ق مفتوح، ص ساکن، ب موقوف) کاٹنا، سیراب ہونے سے پہلے ہی اونٹ کو پانی پینے سے روک دینا۔

قُصْب: (ق مضموم، ص ساکن، ب موقوف) پیٹھ، آنت، اَقْصَاب جمع ہے۔

قَصَبْ: (ق مفتوح، ص مفتوح، ب موقوف) بانسری، ہر وہ پودا جس کا بیچ کھوکھلا ہو اور اس میں پوریں اور گرہیں ہوں، ٹونٹی اور ہر وہ چیز جو ٹونٹی کی طرح کھوکھلی ہو جیسے ہڈی، وہ چیز جو چاندی اور پیتل سے بنائیں جس کا بیچ کھوکھلا ہو، انگلی، حلق اور سانس نکلنے کے راستہ کی ہڈی، چھرگیں، پانی کا چشمہ جاری ہونے کی جگہ، آنسو بہنے کی جگہ، کتان کا نازک کپڑا، چمک دار موتی، یاقوت سے مرصع زبرجد، گرہ دار جڑیں، جواہرات کے انبوہ، حدیث میں ہے بَشِّرْ خَدِيْجَةَ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ خدیجہ کو جنت میں یاقوت اور لال و جواہر سے مرصع محل کی بشارت دے دیں۔

قُصَّاب: (ق مضموم، ص مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بانس، بانس کی جڑ، قُصَّابَۃٌ کی جمع ہے۔

قَصَّاب: (ق مفتوح، ص مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بانسری بجانے والا، گوشت اور آنت کاٹنے والا، قَاصِب کا بھی یہی معنی ہے نیز قاصب بمعنی آواز کرنے والی کڑک۔

قَضْب: (ق مفتوح، ض ساکن، ب موقوف) کوڑے اور ڈنڈے سے مارنا، کاٹنا، ہر درخت جو بلند اور بہت شاخوں والا ہو، وہ شاخیں جو تیر و کمان بنانے کے لیے کاٹی گئی ہوں، وہ درخت جس سے کمان بنائیں، ایک قسم کی گھاس۔

قَضِیْب: (ق مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ب موقوف) درخت کی شاخ، وہ اونٹنی جو فرمانبردار نہ ہو، بادل، نازک تلوار، تیز تلوار، کوڑا، کمان جو درخت کی شاخ سے بنائیں، یمن اور یمامہ میں ایک وادی، ایک شخص کا نام۔

قَاضِبْ: (ق مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ب موقوف) تیز تلوار، قَوَاضِب جمع ہے۔

قَطْب: (ق مفتوح، ط ساکن، ب موقوف) چہرہ پھیرنا، بھوؤں کے درمیان شکن ڈالنا، ترش ہونا، کاٹنا، جمع کرنا، پانی میں شراب ملانا، غصہ دلانا، برتن بھرنا، گون کا ایک کنارہ دوسرے کنارہ میں باندھنا، گون کو لپیٹنا، گروہ کا جمع ہونا، دو گروہوں کے درمیان دشمنی پیدا کرنا، وہ کھونٹی جس پر چکی گھومتی ہے، اس معنی میں ق کی تینوں حرکتوں کے ساتھ آیا ہے۔

قُطْب: (ق مضموم، ط ساکن، ب موقوف) ایک ستارہ مسجد کا قبلہ جس پر درست کرتے ہیں، قوم کا سردار، سپہ سالار جس پر کام کا مدار ہو، ہر چیز کی اصل اور مدار۔

قُطُوْب: (ق مضموم، ط مضموم، و ساکن، ب موقوف) ترش رو ہونا، تیوری چڑھانا۔

قَطُوْب: (ق مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ب موقوف) ترش رو، درندہ شیر۔

قِطَاب: (ق مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ملاوٹ، گریبان۔

قُطْرُبْ: (ق مضموم، ط ساکن، ر مضموم، ب موقوف) چوہا، وہ بھیڑیا جس کا بال گر گیا ہو، جاہل، بددل، بے وقوف، مرگی کا مریض، ایک قسم کا جنون، مالیخولیا کی ایک قسم، پلے، چھوٹے جنات، ایک چڑیا، ایک کیڑا جو حرکت کرتا رہتا ہے، بعض لوگوں نے کہا ایک کالا کیڑا جو پانی پر تیرتا ہے، ایک نحوی دانشور کا نام جو سیبویہ کا شاگرد تھا اور ہمیشہ علم کی طلب میں لگا رہتا تھا۔

قَعْب: (ق مفتوح، ع ساکن ب موقوف) لکڑی کا بڑا پیالہ، پیالہ جو ایک شخص کو سیراب کر دے۔

قَلْب: (ق مفتوح، ل ساکن ب موقوف) دل، عقل، ہر خالص چیز، لشکر کا بیچ، چاند کی ایک منزل اور وہ ایک بڑا استارہ ہے جو قلب عقرب پر واقع ہے، پھرانا، کپڑے وغیرہ کو پلٹنا، دل پر مارنا، دل میں کسی چیز کا اثر کرنا، کھجور کے درخت کا مغز باہر نکالنا، پکی کھجور کا سرخ ہونا، مار ڈالنا۔

قُلْب: (ق مضموم، ل ساکن ب موقوف) کنگن، ہاتھ میں پہننے کا زیور، سفید سانپ، کھجور کے درخت کا مغز، کھجور کی عمدہ پتی، اس معنی کے لیے قِلْب بھی آیا ہے۔

قُلَّبْ: (ق مضموم، ل مشدد مفتوح، ب موقوف) چالاک، بہانہ باز، کاموں کو پھیرنے میں ہوشیار آدمی۔

قَلَبْ: (ق مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) ہونٹ کا پھرنا۔

قَلِیْب: (ق مفتوح، ل مکسور، ی ساکن ب موقوف) کنواں، پرانا کنواں پتھر سے جس کی مینڈھ نہ بنائی گئی ہو،

قَالِبْ: (ق مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ب موقوف) پھیرنے والا، اوندھا کرنے والا، پکی کھجور جو سرخ ہوگئی ہو، وہ بچہ جس کا رنگ ماں کے رنگ سے الگ ہو۔

قَالَبْ: (ق مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ب موقوف) جوتے کا فرما، اینٹ سونا چاندی ڈھالنے کا سانچا، قَالِبْ بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

قُلَاب: (ق مضموم، ل مفتوح، ا ساکن ب موقوف) ایک پہاڑ، درد دل، ایک بیماری جس سے اونٹ فوراً مر جاتا ہے۔

قُنْب: (ق مضموم، ن ساکن ب موقوف) چوپائے کے عضو تناسل کا غلاف یا سم دار چوپایوں مثلاً گھوڑے وغیرہ کے قضیب کا غلاف، بڑی گھوڑی۔

قَنِیْب: (ق مفتوح، ن مکسور، ی ساکن ب موقوف) بادل، مردوں کی جماعت۔

قَوْب: (ق مفتوح، و ساکن ب موقوف) زمین کھودنا، پرندے کا اپنا انڈا پھوڑنا۔

قُوْب: (ق مضموم، و ساکن ب موقوف) چوزہ۔

قَہْب: (ق مفتوح، ہ ساکن ب موقوف) سیاہ مائل سفید، بڑا پہاڑ، عمر دراز اونٹ۔

﴿فصل القاف مع التاء﴾

قَافِلَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) مسافروں اور تاجروں کا گروہ، کارواں، سفر سے واپس ہونے والی جماعت۔

قَابِلَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) لائق عورت، دائی جنائی، بچوں کی پرورش کرنے والی، آنے والی رات، مبارک رات۔

قَافِیَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) گردن کا پچھلا حصہ، پیچھے آنے والا، شعر کا آخری کلمہ جس کے بغیر شعر درست نہیں ہو سکتا۔

قَاطِبَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ب مفتوح، ۃ موقوف) تمام، جملہ، سب۔

قَاعِدَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) بنیاد، بیٹھنے والی عورت۔

قَاذُوْرَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ذ مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) بد اخلاق، گندگی، قَاذُوْرَات جمع ہے۔

قَارِعَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ع مفتوح، ۃ موقوف) زمانہ کا حادثہ، سختی، ٹھوکنے والا، قیامت۔

قَانِت: (ق مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ت موقوف) پیغام لے جانے والا، نماز میں دعا کرنے والا، خاموش۔

قَارُوْرَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) شیشی، ہر وہ چیز جس میں شراب وغیرہ رکھیں، وہ گول شیشی جو بصورت مثانہ بنا کر مریض کا پیشاب اس میں رکھ کر طبیب کو دکھاتے ہیں (م)، مریض کا وہ پیشاب جو طبیب کے پاس لے جاتے ہیں، آنکھ کی سیاہی۔

قَائِلَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) قیلولہ کا وقت۔

قُبْلَۃٌ: (ق مضموم، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بوسہ۔

قِبْلَۃٌ: (ق مکسور، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کعبہ جس کی طرف نماز میں چہرہ کرتے ہیں۔

قَبْلَۃٌ: (ق مفتوح، ب ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) گول لکڑی جو چرخی کے دوک میں ڈالتے ہیں۔

قُبَّرَۃٌ۔ قُنْبَرَۃٌ: (ق مضموم، ب مشدد مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) (ق مضموم، ن ساکن، ب مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) ایک خوش آواز پرندہ جس کے سر پر تاج ہوتا ہے، ہندی میں اسے چنڈول کہتے ہیں، عوام جسے ابابیل کے نام سے جانتے ہیں۔

قَبْضَۃٌ: (ق مفتوح، ب ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) ہاتھ کی ہتھیلی،

قُبْضَۃٌ: (ق مضموم، ب ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا دستہ، مٹھی بھر ہاتھ میں پکڑی ہوئی چیز۔

قُبَّۃٌ: (ق مضموم، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گنبد کی طرح بنائی ہوئی عمارت، ہر وہ چیز جو گنبد کی طرح بنائی جائے جیسے قبہ سپر (خیمہ)، قبہ عماری (عماری)، قِباب جمع، قُبَّۃُ الاِسْلام بصرہ، قُبَّۃُ الشَاۃ حیوانوں کی اوجھڑی کے ہزار خانے۔

قَبِیْعَۃٌ: (ق مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) چھری اور تلوار کے قبضہ کے کنارے چاندی یا سونے کا ٹکڑا، سوراخ، سور کی ناک۔

قَبَالَۃٌ: (ق مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) ضامن ہونا، بادِ صبا، صبح کی ٹھنڈی ہوا جو شمال مشرق کی طرف سے آتی ہے۔

قِبَالَۃٌ: (ق مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) عورت کا دائی جنائی کا پیشہ کرنا۔

قَتَرَۃٌ: (ق مفتوح، ت مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) گرد و غبار، سیاہی کا نشان۔

قَتَّات: (ق مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) چغلخور، جھوٹ بولنے والا۔

قَتّ: (ق مفتوح، ت مشدد موقوف) ناک کاٹنا، کپڑا کاٹنا، چغلخوری کرنا، جھوٹ بولنا، تیل کو پھولوں سے خوشبودار بنانا۔

قَحْبَۃٌ: (ق مفتوح، ح ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) درد کی وجہ سے دل کا تباہ ہونا، بدکار عورت، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ اس معنی میں عربی نہیں ہے۔

قُدْرَۃٌ: (ق مضموم، د ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) طاقتور ہونا، مالدار ہونا۔

قُدْوَۃٌ۔ قِدْوَۃٌ: (ق مضموم، د ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) (ق مکسور، د ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) پیشوا۔

قُرْحَۃٌ: (ق مضموم، ر ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) زخم۔

قَرِیْحَۃٌ: (ق مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) پہلا پانی جو کنویں سے نکالا جائے، ہر پہلی چیز، آدمی کی طبیعت، عمدہ مال،

قُرْبَۃٌ: (ق مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) رشتہ داری، نزدیکی، نزدیک ہونا۔

قِرْبَۃٌ: (ق مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) مشک، قِرَب، عِنَب کے وزن پر جمع ہے۔

قَرْیَۃٌ: (ق مفتوح، ر ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) دیہات، گاؤں، شہر۔

قُرْعَۃٌ: (ق مضموم، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) لکڑی وغیرہ کے ٹکڑے جس سے فال نکالتے ہیں،

قَرْعَۃٌ: (ق مفتوح، ر ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) کدو، مشہور ترکاری، لوکی۔

قُرْطَۃٌ: (ق مضموم، ر ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) کان کی بالی۔

قَرْقَسَۃٌ: (ق مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، س مفتوح، ۃ موقوف) جانوروں کو بلانا۔

قَرْقَرَۃٌ: (ق مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) پیٹ کا گڑگڑانا، زور سے ہنسنا، آواز پھرانا۔

قَرْمَطَۃٌ: (ق مفتوح، ر ساکن، م مفتوح، ط مفتوح، ۃ موقوف) چھوٹا،

قریب، چھوٹے قدم سے چلنا۔

قُراضَۃٌ: (ق مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ض مفتوح، ۃ موقوف) سونے چاندی کے ریزے۔

قِراءَۃٌ: (ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) پڑھنا،

قُرَّۃٌ: (ق مضموم، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آنکھ کی روشنی، ٹھنڈک۔

قَسْوَۃٌ۔قَسَاوَۃٌ: (ق مفتوح، س ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) (ق مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) سخت دل ہونا، سیاہ دل ہونا،

قَسْوَرَۃٌ: (ق مفتوح، س ساکن، و مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) شیر درندہ۔

قِسْمَۃٌ: (ق مکسور، س ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) حصہ۔

قَسِمَۃٌ: (ق مفتوح، س مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) حسن، چہرہ۔

قَسَامَۃٌ: (ق مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) حسن، مسلمان اور کفار کے درمیان مصالحت، قَسَامَات جمع ہے، وہ جماعت جو کسی چیز پر حلف اٹھا کر اسے لے لے تا کہ گواہ لائیں، نیز جب گاؤں میں کسی کو قتل کر دیا گیا ہو اور گاؤں والے کہیں کہ قاتل ہمیں معلوم نہیں تو گاؤں کے چالیس آدمیوں سے قسم لیں گے۔

قِشْدَۃٌ۔قِلْدَۃٌ (ق مکسور، ش ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) (ق مکسور، ل ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) مکھن یا گھی کی تلچھٹ، فارسی میں اسے دوغ کہتے ہیں۔

قَصَاعَۃٌ: (ق مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) بچے کے جوان ہونے میں تاخیر ہونا۔

قَصَبَۃٌ: (ق مفتوح، ص مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) شہر، دیہات، بانسری، ہڈی، سونے اور چاندی سے بنائی گئی کھوکھلی چیز جیسے کان کی بالی۔

قَصَارَۃٌ: (ق مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) کپڑا دھلنا۔

قَضَامَۃٌ: (ق مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) خشک ہونا، سوکھ جانا، کمزور ہونا۔

قَضِیَّۃٌ: (ق مفتوح، ض مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) فیصلہ کرنا، خبر، حکم۔

قَضَاعَۃٌ: (ق مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) یمن کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ، کتے کی شکل کا ایک جانور جو پانی میں رہتا ہے۔

قَطِیْعَۃٌ: (ق مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) گائے اور بکری وغیرہ کا ریوڑ۔

قَطِیْفَۃٌ: (ق مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) مخمل کا کپڑا۔

قَعْقَعَۃٌ: (ق مفتوح، ع ساکن، ق مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) ہتھیار کا آواز کرنا، کاغذ کا آواز کرنا، خشک کھال کا آواز کرنا۔

قِعْدَۃٌ: (ق مکسور، ع ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) بیٹھنے کی ایک قسم، مکان کا وہ حصہ جس میں بیٹھنے والا بیٹھتا ہے، نشستگاہ، بیٹھک، قَعدَۃ بالفتح بھی اسی معنی میں ہے، آخری لڑکا۔

قُعْدَۃٌ: (ق مضموم، ع ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) وہ سواری جس پر چرواہا سوار ہوتا ہے، سواری کا گدھا، زین، پالان۔

قُعَدَۃٌ: (ق مضموم، ع مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) بہت بیٹھنے والا۔

قُلَۃٌ: (ق مضموم، ل مفتوح، ۃ موقوف) چھوٹی لکڑی (گلی) جسے لڑکے بڑے ڈنڈے سے کھیلتے ہیں۔

قُلَّۃٌ: (ق مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بڑا مٹکا، قُلَّتین دو مٹکا پانی، امام شافعی کے نزدیک وہ مائے کثیر کی مقدار ہے، ہر چیز کا اوپری سرا، اونٹ کا کوہان، پہاڑ کی چوٹی، تلوار کا قبضہ۔

قِلَّۃٌ: (ق مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کمی، کثرت کی ضد، لرزہ۔

قَلَّۃٌ: (ق مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) اچھا ہونا، بیماری سے اٹھنا، چھٹکارا پانا محتاجی سے رہائی پانا۔

قِلْعَۃٌ: (ق مکسور، ل ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) بادل کا ٹکڑا، وہ مکان جو پتھر سے بنایا گیا ہو۔

قَلَنْسُوَۃ: (ق مفتوح، ل مفتوح، ن ساکن، س مضموم، و مفتوح، ۃ موقوف) ٹوپی۔

قَلْقَلَۃ: (ق مفتوح، ل ساکن، ق مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) آواز کرنا، ہلانا۔

قُلْفَۃ: (ق مضموم، ل ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ختنہ نہ کیے ہوئے عضو تناسل کا سرا۔

قَلْفَۃ: (ق مفتوح، ل ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) بے ختنہ ہونا۔

قُمَّۃ: (ق مضموم، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ہر چیز کا سرا، گردہ۔

قُمَامَۃ: (ق مضموم، م مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) کوڑا کرکٹ جو گھر سے جھاڑا جائے، آدمی کا گروہ۔

قُمْقُمَۃ: (ق مضموم، م ساکن، ق مضموم، م مفتوح، ۃ موقوف) ایک مشہور برتن۔

قُنُوت: (ق مضموم، ن مضموم، و ساکن، ت موقوف) حکم ماننا، پیغام پہنچانا، دعا کرنا، کھڑا ہونا، نماز میں خاموش رہنا۔

قَنْطَرَۃ: (ق مفتوح، ن ساکن، ط مفتوح، ر مفتوح، ۃ موقوف) مضبوط پل بنانا، پورا کرنا، بڑا پل، بلند عمارت۔

قَنَات: (ق مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) کھیتوں میں پانی دینے کی نالی، پیٹھ کے مہرہ کی ہڈی۔

قِنْيَۃ: (ق مکسور، ن ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) سرمایہ۔

قَنَاعَۃ: (ق مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) تھوڑی چیز پر خوش رہنا،

قَنِيْنَۃ: (ق مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) بروزن سکینہ، شراب بنانے کا برتن۔

قِنَانَۃ: (ق مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) عراق عرب کے ایک گاؤں میں ایک نہر ہے۔

قُنَّۃ: (ق مضموم، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پہاڑ کی چوٹی، کسی چیز کا اوپری حصہ۔

قِنَّۃ: (ق مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سوت، دھاگا، ایک دوا جسے فارسی میں بیرزد کہتے ہیں۔

قُوَّۃ: (ق مضموم، و مشدد مفتوح، ۃ موقوف) طاقت، زور، دھاگے کا ایک تار۔

قُوْت: (ق مضموم، و ساکن، ت موقوف) رزق۔

قَوْمَۃ: (ق مفتوح، و ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) کبھی اٹھنا کبھی بیٹھنا۔

قَوْمَرَّۃ: (ق مفتوح، و ساکن، م مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کھجور کا ٹوکرا، زن سے کنایہ ہے۔

قُوَارَۃ: (ق مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گول کپڑا جو درزی گریبان وغیرہ سے چھانٹ کر نکالتا ہے، کسی بھی چیز کا گول ٹکڑا، چمڑے سے کاٹا ہوا گول ٹکڑا، بصرہ اور مدینہ کے درمیان ایک جگہ۔

قَاہِرَۃ: (ق مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ر مفتوح، ۃ موقوف) دیار مصر میں ایک پرانا شہر۔

قَيْلُوْلَۃ۔ قَائِلَۃ: (ق مفتوح، ی ساکن، ل مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) (ق مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) چاشت کے وقت سونا۔

قَبِيْنَۃ: (ق مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) لونڈی۔

قِيْعَۃ: (ق مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) بیابان، وہ جگہیں جہاں درخت اور گھاس نہ اگیں، قاع کی جمع ہے۔

﴿فصل القاف مع الجیم﴾

قَبْج: (ق مفتوح، ب ساکن، ج موقوف) چکور مشہور پرندہ، قبجہ واحد ہے۔

قِنَّوْج: (ق مکسور، ن مشدد مفتوح، و ساکن، ج موقوف) ہندوستان کا مشہور شہر جسے سلطان محمود غازی نے فتح کیا تھا۔

قُوْلَنْج: (ق مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) ایک مشہور بیماری جو آنت میں پیدا ہوتی ہے، انتڑیوں کا درد۔

﴿فصل القاف مع الحاء﴾

قُبْح: (ق مضموم، ب ساکن، ح موقوف) بھدا، بھدا ہونا، برا، براہونا، حسن کی ضد ہے، قبح بھی اسی معنی میں ہے۔

قَبِیح: (ق مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ح موقوف) برا، بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملا ہوا ہے، پنڈلی اور ران کا ملا ہوا حصہ۔

قَبَاح: (ق مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) براہونا، کہنی کا کنارہ، ران اور پنڈلی کا پیوند۔

قُبَّاح: (ق مضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) گونگا آدمی۔

قُحّ: (ق مضموم، ح مشدد موقوف) سادہ، بے ملاوٹ، خالص، نیکی، برائی، سخت، ظلم کرنے والا، کچا خربوزہ۔

قِدْح: (ق مکسور، د ساکن، ح موقوف) آدھا تراشا ہوا تیر، پھل نہ لگایا ہوا تیر، جوے کا تیر اور وہ بارہ تیر ہیں عرب والے جن سے کھیلتے ہیں، قِداح جمع ہے۔

قَدْح: (ق مفتوح، د ساکن، ح موقوف) کفگیر (کرچھل) سے شوربا نکالنا، آگ جلانا، کسی کے نسب میں طعنہ کرنا، کیڑے کا لکڑی اور دانت کھاجانا، خراب پانی کو چشمہ سے نکالنا، تیر کی لکڑی کو پھاڑنا تا کہ پیکان میں لگائیں، آنکھ کا دھنسنا، گیہوں یا جو کھلانے کے بعد گھوڑے کو گھاس کے چارے کے پاس باندھنا، تضمیر کا ہم معنی، خورہ جو پیڑ یا دانت میں پڑ جائے اور اسے نابود کردے، لکڑی کا شگاف، قادح کا مرادف، قادح طعنہ دینے والا۔

قَدَح: (ق مفتوح، د مفتوح، ح موقوف) چھوٹا یا بڑا پیالہ، وہ پیالہ جو دو آدمی کو سیراب کردے، اَقْدَاح جمع ہے۔

قَدِیح: (ق مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ح موقوف) شوربا یا وہ چیز جو دیگ کی تہ میں رہ جائے اور اسے مشقت کے ساتھ چمچے سے نکالیں۔

قَدُوْح: (ق مفتوح، د مضموم، و ساکن، ح موقوف) وہ کنواں جس سے ہاتھ کے ذریعہ پانی نکال لیں۔

قِدَاح: (ق مکسور، د مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) پتھر، لوہے کا چقماق۔

قَدَّاح: (ق مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) پیالہ بیچنے والا، تیر تراشنے والا، تازہ گھاس کے اطراف۔

قَرْح: (ق مفتوح، ر ساکن، ح موقوف) زخمی کرنا، بوسیدہ کرنا، زخم کا باہر نکلنا، حق کے لیے آگے بڑھنا، وہ زخم جو بگڑ جائے، سخت خارش جو اونٹ کے بچے کو ہلاک کردے۔

قُرْح: (ق مضموم، ر ساکن، ح موقوف) ایک وادی کا نام، ہر چیز کا اول، ہر مہینہ کی تین راتیں، زخمی کرنا، ایسی زرہ پہننا جو بدن کو زخمی کردے یا قَرْح بمعنی ہتھیار سے پہنچنے والا زخم اور قُرْح ہتھیار سے پہنچنے والا درد۔

قَرَح: (ق مفتوح، ر مفتوح، ح موقوف) پھوڑا ہونا، چھوٹی پھنسیوں کا نکلنا۔

قُرُوْح: (ق مضموم، ر مضموم، و ساکن، ح موقوف) قُرْحَہ کی جمع ہے، اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا، جانور مثلاً گھوڑے کا پورے دانتوں والا ہونا یا خچر وغیرہ کا مکمل دانتوں والا ہونا۔

قَرِیح: (ق مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) زخم، خالص چیز۔

قَرَاح: (ق مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ہر خالص چیز، وہ پانی جس میں ستو وغیرہ نہ ملا ہو، وہ زمین جس میں پانی اور سبزہ (درخت) نہ ہو، وہ زمین جو کھیتی باڑی اور درخت لگانے کے لیے ہو۔

قُرَاح۔ (ق مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ایک گاؤں، خراش لگانے والی تلوار۔

قِزْح: (ق مکسور، ز ساکن، ح موقوف) پیاز کا بیج، ہانڈی کا مسالہ، سانپ کا پاخانہ۔

قَزْح: (ق مفتوح، ز ساکن، ح موقوف) دیگ میں گرم مسالہ ڈالنا، شعر کا بلند ہونا، کتے کا پیشاب کرنا۔

قُزَح: (ق مضموم، ز مفتوح، ح موقوف) مزدلفہ میں ایک پہاڑ کا نام، ایک فرشتہ جو بادل پر مقرر ہے، عجم کے بادشاہوں میں سے

کسی کا نام، قوس و قزح رنگین کمان جو ہوا میں ظاہر ہو جس کو کمان رستم اور کمان شیطان کہتے ہیں اس کو قوس وقزح اس لیے کہتے ہیں کہ قزح قزحہ سے ماخوذ ہے جو زرد سرخ راستہ کے معنی میں ہے یا وہ جو بلند ہے قزح سے ماخوذ ہے ارتفاع کے معنی میں یا منسوب ہے اس فرشتہ کی طرف جو ابر کا موکل ہے یا منسوب ہے عجمی بادشاہ کی طرف۔

قُزَاح: (ق مضموم، ز مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ایک بیماری جو بکریوں کو لاحق ہوتی ہے۔

قِلْح: (ق مکسور، ل ساکن، ح موقوف) میلا کپڑا۔

قَلْح: (ق مفتوح، ل ساکن، ح موقوف) عمر دراز گدھا۔

قُلُح: (ق مضموم، ل مضموم، ح موقوف) پیلا پن، دانت کا پیلا ہونا، قلاح کا ہم معنی ہے۔

قَمْح: (ق مفتوح، م ساکن، ح موقوف) خشک دوا کی طرح گیہوں اور خشک ستو کھانا۔

قُمُوح: (ق مضموم، م مضموم، و ساکن، ح موقوف) کھانے یا پینے کے بعد اونٹ کا سر کو باہر نکالنا۔

قِمَاح۔ قُمَاح: (ق مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) (ق مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) سخت سردی کے دو مہینے۔

قَنْح: (ق مفتوح، ن ساکن، ح موقوف) چوگان کی طرح کسی چیز کو ٹیڑھا کرنا، دروازہ کے لیے کنجی تالی درست کرنا، اونٹ کا سیراب ہونا، پانی سے سیراب ہونے کے لیے سر اٹھانا، پانی پینے پر زور دینا۔

قُنَّاح: (ق مضموم، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) لمبی ٹیڑھی کنجی۔

قَوْح: (ق مفتوح، و ساکن، ح موقوف) زخم میں میل اور پیپ ہونا، گھر میں جھاڑو دینا، مدینہ کے قریب ایک جگہ۔

قَیْح: (ق مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) زخم میں پیپ اور پیلا پانی بھرنا۔

﴿فصل القاف مع الخاء﴾

قَلْخ: (ق مفتوح، ل ساکن، خ موقوف) اونٹ کا بلبلانا، نر کا آواز کرنا، خشک چیز کو خشک چیز پر مارنا، درخت اکھاڑنا، قلخ کا مرادف، عمر دراز گدھا، سست نر، کھوکھلی بانسری۔

قُلَاخ: (ق مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) یمن میں ایک جگہ کا نام، ایک شاعر کا نام۔

قَوْخ: (ق مفتوح، و ساکن، خ موقوف) بیماری کی وجہ سے منہ کا خراب ہونا۔

﴿فصل القاف مع الدال﴾

قَتَد: (ق مفتوح، ت مفتوح، د موقوف) پالان کی لکڑی، اونٹ کا رونا، اونٹ کا درخت قتاد کھانا۔

قَتَاد: (ق مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک سخت درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی طرح ہوتے ہیں۔

قَثْد: (ق مفتوح، ث ساکن، د موقوف) کھیرا کھانا،

قَثَد: (ق مفتوح، ث مفتوح، د موقوف) کھیرا، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ کھیرے کی طرح ایک چیز ہے۔

قِثْد: (ق مکسور، ث ساکن، د موقوف) بڑے کوہان والا اونٹ۔

قَدّ: (ق مفتوح، د مشدد موقوف) لمبائی میں چیرنا، لمبائی میں کاٹنا، جڑ سے کاٹنا، بات کو مختصر کرنا، میدان طے کرنا، اوپر، قامت، تقطیع، اعتدال، بکری کے بچہ کی کھال جس سے برتن بناتے ہیں، اقداد جمع ہے۔

قِدّ: (ق مکسور، د مشدد موقوف) تسمہ کی طرح لمبی کٹی ہوئی کھال، برتن جو کھال سے بنائیں، راستہ، لوگوں کی جماعت جس کا ہر فرد اپنی خواہش سے خود سر ہو۔

قُدّ: (ق مضموم، د مشدد موقوف) سمندر میں ایک مچھلی۔

قَدْ: (ق مفتوح، د موقوف) ایک حرف ہے تحقیق و تقلیل کے معنی میں اور پھر کے معنی میں بھی آیا ہے۔

قَدِید: (ق مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) سکھایا ہوا گوشت، وہ

گوشت جو لمبائی میں کاٹا گیا ہو، پرانا کپڑا۔

قُدَیْد: (ق مضموم، د مفتوح، ی ساکن، د موقوف) حجاز میں ایک چشمہ کا نام ہے۔

قُدَاد: (ق مضموم، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) پیٹ میں ہونے والا درد۔

قَدَاد: (ق مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ساہی ایک جانور جس کے بدن پر کانٹے ہوتے ہیں، بڑا جنگلی چوہا۔

قِدَدْ: (ق مکسور، د مفتوح، د موقوف) مختلف راستے، لوگوں کی جماعت قدۃ کی جمع ہے۔

قِرْد: (ق مکسور، ر ساکن، د موقوف) بندر، اس کو کپی بھی کہتے ہیں۔

قَرْد: (ق مفتوح، ر ساکن، د موقوف) جمع کرنا، کمانا، مشک میں تیل اکٹھا کرنا، چھوٹی چیز۔

قَرَدْ: (ق مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) عاجزی کی وجہ سے خاموش ہوجانا، بال کا گھنگھرالا ہونا، اون کا تہ بتہ لپٹنا، بال کا نمدہ ہونا، بال کا ایک پر ایک جم کر نمدہ (اون کا بنا ہوا کپڑا) جیسا ہوجانا، الجھے ہوئے بال، کھجور کی شاخ جس کے پتے الگ کردیے گئے ہوں، دانت کا چھوٹا ہونا، مصطگی (زرد گوند) کا مزہ خراب ہونا۔

قَرِدْ: (ق مفتوح، ر مکسور، د موقوف) تہہ بتہ بادل۔

قُرَدْ: (ق مضموم، ر مفتوح، د موقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

قُرَاد: (ق مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) گناہ، پستان کا سرا، گھوڑے کے عضو تناسل کا سرا۔

قَصْد: (ق مفتوح، ص ساکن، د موقوف) ارادہ کرنا، راستے کی سیدھ، سیدھا راستہ چلنا، لکڑی توڑنا، درمیانی چال چلنا، ہر درمیانی چیز، شاعر کو قصیدہ پڑھنے پر انعام دینا، وہ آدمی جو نہ موٹا ہو نہ دبلا۔

قُصَدْ۔ قِصَدْ: (ق مضموم، ص مفتوح، د موقوف) (ق مکسور، ص مفتوح، د موقوف) ٹوٹی ہوئی چیزوں کے ٹکڑے، قصدۃ کی جمع ہے۔

قَصِدْ: (ق مفتوح، ص مکسور، د موقوف) ٹوٹی ہوئی چیز۔

قَصِیْد: (ق مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، د موقوف) ٹوٹا ہوا، موٹا مغز، خشک کھال، تین اشعار سے زیادہ کی نظم، قصیدہ واحد ہے۔

قَاصِدْ: (ق مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، د موقوف) ارادہ کرنے والا، قریب، معتدل آدمی، آسان۔

قُعُوْد: (ق مضموم، ع مضموم، و ساکن، د موقوف) بیٹھنا، اٹھنے سے بیٹھنا، جلوس سونے سے بیٹھنا،

قَعُوْد: (ق مفتوح، ع مضموم، و ساکن، د موقوف) جوان اونٹ جو پہلی بار بوجھ لادنے یا سواری کرنے کے لیے آیا ہو۔

قَعِیْد: (ق مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، د موقوف) ہم نشیں، ٹڈی جس نے پر سیدھا نہ کیا ہو، پیچھے سے آنے والا جانور، قطیح کی ضد ہے۔

قَاعِدْ: (ق مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، د موقوف) بیٹھنے والا، وہ عورت جو حیض اور بچوں سے محروم ہو، کھجور کا وہ درخت جس تک ہاتھ پہنچ جائے۔

قَفْد: (ق مفتوح، ف ساکن، د موقوف) پگڑی باندھنے کی ایک قسم۔

قَفَدْ: (ق مفتوح، ف مفتوح، د موقوف) پنجوں کے بل چلنا، جانور کا کھروں پر چلنا، جانور کا کھر جھکانا، جانور کا دایاں اگلا پیر۔

قَلْد: (ق مفتوح، ل ساکن، د موقوف) رسی بٹنا۔

قِلْد: (ق مکسور، ل ساکن، د موقوف) چار دنوں میں ایک روز پانی کی باری۔

قَلِیْد: (ق مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) بٹی ہوئی رسی، مقلود کا بھی یہی معنی ہے۔

قَلَائِدْ: (ق مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، د موقوف) قربانی کے اونٹ جن کی گردن میں درخت وغیرہ کی چھال کے قلادے باندھے گئے ہوں، وہ چیزیں جو قربانی کے جانور یا اونٹ کی گردن میں ڈالیں۔

قَنْد: (ق مفتوح، ن ساکن، د موقوف) شکر، چینی۔

قَنَّاد: (ق مفتوح، ن مشدد ومفتوح، اساکن، دموقوف) شکر بنانے والا، حلوائی۔

قَوْد: (ق مفتوح، وساکن، دموقوف) جانور کو آگے سے کھینچنا۔

قُوْد: (ق مضموم، وساکن، دموقوف) گھوڑے۔

قَوَدْ: (ق مفتوح، ومفتوح، دموقوف) قاتل کو قصاص میں قتل کرنا، گردن اور پیٹھ کی لمبائی۔

قَوُود: (ق مفتوح، ومضموم، وساکن، دموقوف) کھینچنے کے لیے سدھایا ہوا گھوڑا۔

قَوَاعِدْ: (ق مفتوح، ومفتوح، اساکن، ع مکسور، دموقوف) بوڑھی عورتیں جو بچہ جننے سے مایوس ہوچکی ہوں، جانور، بنیادیں، قاعِدَہ کی جمع ہے۔

قَائِدْ: (ق مفتوح، اساکن، ہ مکسور، دموقوف) اندھے کو اس کی لاٹھی پکڑ کر لے جانے والا، سپہ سالار، جانور کو آگے کھینچنے والا، پہاڑ کی چوٹی، لمبے ٹیلے والی زمین، پہاڑ، وہ لکڑی جو کھیتی کرنے والے بیل پر باندھیں، بنات النعش صغریٰ کا پہلا ستارہ۔

قَہد: (ق مفتوح، ہ ساکن، دموقوف) سفید، کالا رنگ والا، ایک قسم کی بھیڑی، وہ جس کا سینگ نہ ہو، گائے کا بچہ، بکری کا بچہ۔

قِہد: (ق مکسور، ہ ساکن، دموقوف) عمر دراز بڈھا۔

قَہَدْ: (ق مفتوح، ہ مفتوح، دموقوف) ایک جگہ کا نام ہے۔

قِید: (ق مکسور، ی ساکن، دموقوف) مقدار، قاد کا مرادف ہے۔

قَید: (ق مفتوح، ی ساکن، دموقوف) بیڑی، قُیُود اَقْیَاد جمع ہے، ایک گھوڑے کا نام ہے، پالان کو مضبوط باندھنے کا تسمہ، تلوار کا تسمہ، قید الفرس داغ جو اونٹ کی گردن پر لگاتے ہیں، قید الاوابد گھوڑا جو جانوروں کو دوڑانے کے لیے تلاش کرتا ہے، قید الاسنان دانت کی جڑ کا گوشت جسے مسوڑھا کہتے ہیں،

﴿فصل القاف مع الذال﴾

قُبَاذ: (ق مضموم، ب مفتوح، اساکن، ذموقوف) نوشیرواں کا باپ۔

قُذَذْ: (ق مضموم، ذمفتوح، ذموقوف) تیر کے پر، قُذَہ کی جمع ہے۔

قَذّ: (ق مفتوح، ذمشدد موقوف) تیر کو بھرنا۔

قُنْفُذْ: (ق مضموم، ن ساکن، ف مفتوح ر مضموم، ذموقوف) ساہی ایک کانٹے دار جانور، اونٹ کے گوشت کا پچھلا حصہ، وہ جگہ جہاں بہت گھاس اگے، ریت کا ٹیلا، وہ درخت جو ریگستان میں ہو۔

﴿فصل القاف مع الراء﴾

قَار: (ق مفتوح، اساکن، رموقوف) ایک قسم کا تیل جو خارش زدہ اونٹ کو ملا جاتا ہے، اونٹ جس پر قار ملا گیا ہو، اونٹوں کا بڑا ریوڑ، ایک کڑوا درخت ہے، مدینہ منورہ میں ایک دیہات ہے۔

قَبْر: (ق مفتوح، ب ساکن، رموقوف) قبر، گور، قُبُور جمع ہے، قبر میں دفن کرنا۔

قُبَرْ: (ق مضموم، ب مفتوح، رموقوف) ایک مشہور چڑیا ہے، اس کا واحد قُبَرَۃ آتی ہے جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں اور چنڈول ہندی میں۔

قُتْر۔قُتُر: (ق مضموم، ت ساکن، رموقوف) (ق مضموم، ت مضموم، رموقوف) کنارہ، وہ گڑھا جس میں شکاری شکار پکڑنے کے لیے چھپ کر بیٹھتا ہے۔

قِتْر: (ق مکسور، ت ساکن، رموقوف) ایک طرح کا پھل (تیر کا) جو نشانہ کے لیے بناتے ہیں، تیر کانٹے جو نشانہ پر مارتے ہیں۔

قَتْر: (ق مفتوح، ت ساکن، رموقوف) بھنی (بریانی) ہوئی چیز کی مہک، تنگی روزی، نفقہ کی کمی، اولاد کے نفقہ میں کمی کرنا۔

قَتَرْ: (ق مفتوح، ت مفتوح، رموقوف) گرد وغبار، اس کا واحد قترۃ آتا ہے۔

قَتِرْ: (ق مفتوح، ت مکسور، رموقوف) متکبر، مغرور۔

قُتُور: (ق مضموم، ت مضموم، وساکن، رموقوف) تنگی عیش، عیال پر نفقہ میں کمی کرنا۔

قَتُور: (ق مفتوح، ت مضموم، وساکن، رموقوف) کنجوس، بخیل، اولاد

پر نفقہ میں کمی کرنے والا۔

قُتَار: (ق مضموم، ت مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بھوننے کی بو، مہک، عود کی خوشبو، ہانڈی کی خوشبو۔

قَتِیْر: (ق مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ر موقوف) زرہ کی میخوں کے سرے، بوڑھاپا بڑھاپے کی ابتدا۔

قَدْر: (ق مفتوح، د ساکن، ر موقوف) کسی چیز کا اندازہ، اندازہ کرنا، ہانڈی میں کوئی چیز پکانا، تنگ کرنا، طاقتور ہونا، بڑا سمجھنا، حصے کی روزی، مالداری، بے نیازی، طاقت۔

قِدْر: (ق مکسور، د ساکن، ر موقوف) دیگ، ہانڈی۔

قَدَرْ: (ق مفتوح، د مفتوح، ر موقوف) قضا، حکم، فیصلہ، انتہا، اندازہ، طاقت، قَدْر بسکون دال بھی اسی معنی میں ہے، وہ چیز جو اللہ نے بندہ کے لیے مقرر فرمادی، تقدیر کا ہم معنی، کوتاہی کرنا۔

قُدَرْ: (ق مضموم، د مفتوح، ر موقوف) طاقتیں، قُدْرَة کی جمع ہے۔

قَدِیْر۔قَادِرْ: (ق مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ر موقوف) (ق مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ر موقوف) طاقت ور، وہ چیز جو دیگ میں پکائی جائے، دونوں اللہ تعالیٰ کے نام ہیں۔

قُدَار: (ق مضموم، د مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) درمیانی قد والا، پکانے والا آدمی، شتربان، اونٹ ہانکنے والا، طباخ، کھانا پکانے والا، دسترخوان، سپہ سالار، ایک شخص کا نام جس نے تیز رفتار اونٹنی کا پیچھا کیا تھا جسے قدار بن سالف کہتے ہیں، بڑا سانپ۔

قَدَار: (ق مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک جگہ کا نام۔

قَذَرْ: (ق مفتوح، ذ مفتوح، ر موقوف) گندگی۔

قَذِرْ: (ق مفتوح، ذ مکسور، ر موقوف) گندا۔

قَذُوْر: (ق مفتوح، ذ مضموم، و ساکن، ر موقوف) گندگی سے دور رہنے والی عورت، اونٹوں سے دور رہنے والی اونٹنی۔

قُرُوْر: (ق مضموم، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) ٹھنڈا ہونا، آنکھ کا ٹھنڈا ہونا۔

قَرُوْر: (ق مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) ٹھنڈا پانی۔

قَرِیْر: (ق مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) وہ شخص جس کی آنکھ خوشی سے ٹھنڈی ہوگئی ہو،

قُرّ: (ق مضموم، ر مشدد موقوف) ٹھنڈک، سردی کے موسم کی ٹھنڈک۔

قَرّ: (ق مفتوح، ر مشدد موقوف) کجاوہ، ہودج جس میں سوار ہوتے ہیں، ٹھنڈا پانی بہانا، شکن، روشنی، کپڑا۔

قَرَار: (ق مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) آرام، اطمینان۔

قُرْقُوْر: (ق مضموم، ر ساکن، ق مضموم، و ساکن، ر موقوف) بڑی اور چوڑی کشتی۔

قَسْر: (ق مفتوح، س ساکن، ر موقوف) زبردستی کسی کو کسی کام پر رکھنا، قبیلہ بجیلہ کا ایک گروہ۔

قَاسِرْ: (ق مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ر موقوف) زبردستی کسی کام پر رکھنے والا، بے گار لینے والا۔

قِشْر: (ق مکسور، ش ساکن، ر موقوف) درخت کی چھال، جانور کی کھال، کسی چیز کا پردہ قدرتی ہو یا مصنوعی، ہر چھپانے والی چیز۔

قُشْر: (ق مضموم، ش ساکن، ر موقوف) ایک بالشت کے برابر مچھلی۔

قَشْر: (ق مفتوح، ش ساکن، ر موقوف) ایک پہاڑ کا نام ہے، کسی کو منحوس سمجھنا، درخت سے چھلکا جدا کرنا، حیوان کی کھال اتارنا۔

قَشِرْ: (ق مفتوح، ش مکسور، ر موقوف) بہت چھلکا رکھنے والا میوہ وغیرہ۔

قُشَیْر: (ق مضموم، ش مفتوح، ی ساکن، ر موقوف) ہوازن کے ایک قبیلے کے مورث اعلیٰ۔

قَاشُوْر: (ق مفتوح، ا ساکن، ش مضموم، و ساکن، ر موقوف) سخت قحط کا سال جو ہر چیز کا چھلکا اتار دے، منحوس، دس گھوڑوں میں سے دسواں گھوڑا جو تمام گھوڑوں کے پیچھے دوڑے، اسے قَاشِر اور فِسْکِل بھی کہتے ہیں۔

قَشُوْر: (ق مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ر موقوف) ایک دوا جو چہرے پر ملتے ہیں تاکہ چہرہ صاف ستھرا رہے۔

قُشُوْر: (ق مضموم، ش مضموم، و ساکن، ر موقوف) کھالیں، قِشْر کی جمع ہے۔

قَشْوَرْ: (ق مفتوح، ش ساکن، و مفتوح، ر موقوف) وہ عورت جس کو

حیض نہ آئے۔

قَاشِرُ: (ق مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، رموقوف) کھال ادھیڑنے والا، سانڈ اونٹ جو عرب کے اندر نحوست میں مشہور ہے۔

قَشَار: (ق مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، رموقوف) مضبوط لاٹھی، لمبی داڑھی والا آدمی۔

قَصر: (ق مفتوح، ص ساکن، رموقوف) محل یعنی بڑا گھر جو پتھر وغیرہ سے بنایا جائے، کوتاہی، روکنا، شام کرنا، پردہ، چھوڑ دینا، چھوٹا کرنا، چھوٹا ہونا، کسی جگہ کھڑا ہونا اور وہاں سے نہ ہٹنا، کسی چیز پر کفایت کرنا، کپڑا دھلنا، دھوبی کا پیشہ اپنانا، تاریکی ملی ہوئی روشنی، مختصر نماز ادا کرنا، بال کم کرنا، کلمہ کو مقصور کرنا، مد کی ضد۔

قَصَرُ: (ق مفتوح، ص مفتوح، رموقوف) کھجور کے درخت کی جڑیں اور اس کے بقیہ حصے، اونٹ اور انسان کی گردن کی جڑ، قَصَرَۃ کی جمع، وہ خشکی جو گردن کی جڑ میں پیدا ہوتی ہے، گردن کا خشک ہونا، گردن کا درد کرنا۔

قِصَرُ: (ق مکسور، ص مفتوح، رموقوف) کوتاہی، چھوٹا پن، طول کی ضد۔

قَصِیرُ: (ق مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، رموقوف) چھوٹا، وہ گھوڑا جس کو محبت کی وجہ سے اپنے پاس باندھے رکھیں اور چرنے کے لیے نہ چھوڑیں، قَصِیرُ النَّسَب وہ شخص جس کا باپ مشہور ہو اور اس کی پہچان کے لیے دادا کے ذکر کی ضرورت نہ ہو۔

قُصَیرُ: (ق مضموم، ص مفتوح، ی ساکن، رموقوف) دریائے یمن کے مصری ساحل پر ایک شہر ہے، دمشق میں ایک دیہات ہے، ایک چھوٹا جزیرہ جو ابدال کا مقام ہے۔

قُصُوُر: (ق مضموم، ص مضموم، و ساکن، رموقوف) کسی چیز سے عاجز و لاچار ہونا، شام کا وقت ہونا، نیچے بیٹھنا، درد کا ختم ہونا، غصہ ختم ہونا، کسی چیز کا نہ پانا اور اس کو چھوڑ دینا، قَصر کی جمع۔

قُصَار: (ق مضموم، ص مفتوح، ا ساکن، رموقوف) انتہا، غایت۔

قَصَار: (ق مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، رموقوف) لوہے اور لکڑی کا ٹکڑا۔

قِصَار: (ق مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، رموقوف) گردن کی جڑ کا داغ، بال وغیرہ کا چھوٹا ہونا، قِصَرَۃ کی جمع ہے۔

قَصَّار: (ق مفتوح، ص مشدد مفتوح، ا ساکن، رموقوف) دھوبی۔

قَاصِرُ: (ق مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، رموقوف) کوتاہی کرنے والا، ٹھنڈا پانی۔

قَطر: (ق مفتوح، ط ساکن، رموقوف) بارش، قِطار جمع، قَطرَۃ واحد، پانی وغیرہ ٹپکنا، ٹپکانا، اونٹوں کا قطار (صف) میں ایک ہی روش پر چلنا، واسط اور بصرہ کے درمیان ایک موضع، شیراز اور کرمان کے درمیان ایک گاؤں۔

قِطر: (ق مکسور، ط ساکن، رموقوف) پگھلا ہوا تانبا، ایک قسم کا تانبا، ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

قُطر: (ق مضموم، ط ساکن، رموقوف) کنارہ، اَقطار جمع، عود وغیرہ کی لکڑی جس سے خوشبو بناتے ہیں، علمائے ریاضی کی اصطلاح میں وہ لکیر جو دائرے کے مرکز سے گزرتی ہے۔

قَطَرُ: (ق مفتوح، ط مفتوح، رموقوف) وزن کرنا، حساب لگانا، ایک گون کھجور یا غلہ تولنا اور باقی کو وزن نہ کرنا بلکہ تولے ہوئے گون کے مطابق اس کا حساب کرنا، قطیف اور کمان کے درمیان ایک شہر، ثیاب قَطَرِیہ اور شتران قَطَریات اسی کی طرف منسوب ہیں۔

قَطُوُر: (ق مفتوح، ط مضموم، و ساکن، رموقوف) وہ دوا جو آنکھ، ناک اور کان وغیرہ میں ٹپکائیں۔

قُطُوُر: (ق مضموم، ط مضموم، و ساکن، رموقوف) جانا، دوڑنا، کسی کو تختی میں ڈالنا، کپڑا اسلنا، کچھ لینا، جاری ہونا، پانی وغیرہ ٹپکنا۔

قِطَار: (ق مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، رموقوف) ایک قطار میں ایک ہی روش پر چلنے والے اونٹ۔

قِطمِیر: (ق مکسور، ط ساکن، م مکسور، ی ساکن، رموقوف) اصحاب کہف کے کتے کا نام، باریک کھال، کھجور کی گٹھلی، سفید نقطہ جو کھجور کی گٹھلی کی پشت پر ہو جس سے کھجور کا پودا اگتا ہے، کھجور کی گٹھلی کا شگاف، دھاگا جو کھجور کے شگاف میں ہو، قِطمَار کا مرادف۔

قَعْر: (ق مفتوح، ع ساکن، رموقوف) کسی چیز کی تہہ، کسی چیز کو جڑ سے کھودنا، کسی چیز کا گہرائی اور تہہ میں پہنچنا، جو کچھ پیالے میں ہو پی جانا، تہہ سے کھرچن نکال کر کھانا، جڑ سے کھجور کا ٹنا، کسی کو گرانا، بکری کا کچا بچہ گرانا، پیالا۔

قَعِیْر: (ق مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، رموقوف) گہری تہہ۔

قَعُوْر: (ق مفتوح، ع مضموم، و ساکن، رموقوف) گہری تہہ۔

قَعُّوْر: (ق مفتوح، ع مشدد مضموم، و ساکن، رموقوف) گہرا کنواں۔

قَفْر: (ق مفتوح، ف ساکن، رموقوف) وہ چیز جس کے ساتھ روٹی کھائیں، گھاس اور پانی سے خالی زمین، سالن، کسی کے پیچھے بھاگنا، بھوکا، خالی پیٹ رہنا، گائے کا بچہ کھیتی کے لیے جس کو ماں سے جدا کر دیں۔

قَفَر: (ق مفتوح، ف مفتوح، رموقوف) مال کا گم ہونا، بغیر روٹی کا سالن۔

قَفِر: (ق مفتوح، ف مکسور، رموقوف) کم بالوں والا بھیڑیا، بے آب وگیاہ، بیابان، بے سالن کی روٹی۔

قَفَار: (ق مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، رموقوف) چینی نہ ملا ہوا ستو۔

قَفِیْر: (ق مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، رموقوف) وہ کھانا جس میں سالن نہ ہو، تھیلا، کھجور کی پتیوں کا بڑا ٹوکرا جس میں کھجور رکھتے ہیں، شام کے راستے میں ایک چشمہ۔

قَفُّوْر: (ق مفتوح، ف مشدد مضموم، و ساکن، رموقوف) کھجور کے شگوفہ کا غلاف، ایک گھاس۔

قَمْطَرِیْر: (ق مفتوح، م ساکن، ط مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، رموقوف) سخت دن، اِقْمَاطِر کا بھی یہی معنی ہے۔

قِمَطْر: (ق مکسور، م مفتوح، ط ساکن، رموقوف) موٹا اور طاقتور اونٹ، چھوٹا آدمی، پست قد، وہ صندوق جس میں کتاب محفوظ رکھیں، چینی وغیرہ رکھنے کا برتن، قِمَطْرَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

قَمْر: (ق مفتوح، م ساکن، رموقوف) جوئے میں کسی پر غالب آنا، شادی کرنا۔

قُمْر: (ق مضموم، م ساکن، رموقوف) روشن اور سفید چیزیں، اَقْمَر کی جمع، قُمْرِی کی جمع بھی ہے جیسے روم اور رومی، ملک حبشہ کی دوسری طرف ایک جگہ ہے اور جبال قمر اسی جگہ چند پہاڑ ہیں جنوب کی طرف جو سیلاب کے پانی کا منبع (چشمہ) ہے۔

قَمَر: (ق مفتوح، م مفتوح، رموقوف) آنکھ کا برف اور سفیدی دیکھنے سے چکاچوند ہو جانا، اونٹ کا گھاس اور پانی سے سیراب ہونا، چاندنی میں بیدار ہونا اور اس کے بعد سو جانا، بنو قمر ایک گروہ ہے، چاند کی چاندنی کی وجہ سے مشک کی سوختگی، تین رات کے بعد باقی راتوں کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔

قَمِیْر: (ق مفتوح، م مکسور، ی ساکن، رموقوف) ساتھ میں جوا کھیلنے والا، مقابل، حریف۔

قُمَیْر: (ق مضموم، م مفتوح، ی ساکن، رموقوف) قَمَر کی تصغیر، بنو قمیر ایک گروہ کا نام۔

قِمَار: (ق مکسور، م مفتوح، ا ساکن، رموقوف) شرط لگا کر چوسر (شطرنج) کھیلنا، ہارنا، شرط پر کوئی چیز ہارنا۔

قَمَار: (ق مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، رموقوف) ہندوستان کے کسی شہر میں ایک جگہ کا نام، عود قماری اسی کی طرف منسوب ہے۔

قَنْبَر: (ق مفتوح، ن ساکن، ب مفتوح، رموقوف) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام کا نام۔

قِنْبِیْر: (ق مکسور، ن ساکن، ب مکسور، ی ساکن، رموقوف) ایک گھاس۔

قَنْتَر: (ق مفتوح، ن ساکن، ت مفتوح، رموقوف) چھوٹا، قُنْعُر بھی اسی معنی میں ہے۔

قَنْذَفِیْر: (ق مفتوح، ن ساکن، ذ مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، رموقوف) زَنْجَبِیْل کے وزن پر، بڑھیا، گندہ پیر کا معرب۔

قِنْطِیْر: (ق مکسور، ن ساکن، ط مکسور، ی ساکن، رموقوف) سختی، مصیبت، ایک خاکی رنگ پرندہ۔

قِنْطَار: (ق مکسور، ن ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، رموقوف) سونے سے بھری ہوئی گائے کی ایک کھال، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ

ایک ہزار دینار کی مقدار ہے، حضرت معاذ بن جبل سے منقول ہے کہ قنطار ایک ہزار بائیس اوقیہ کو کہتے ہیں اور ایک اوقیہ ساڑھے سات مثقال کا ہوتا ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ ایک سو بیس رطل یا سو رطل سونے چاندی کو کہتے ہیں، چالیس اوقیہ طلا یا ایک ہزار بیس دینار یا ستر ہزار دینار یا اسی ہزار درہم۔

قَوْر: (ق مفتوح، و ساکن، ر موقوف) پنجوں کے بل چلنا تا کہ کوئی پیر کی آواز سن نہ سکے، شکار کو دھوکا دینا، کسی چیز کے بیچ کا ٹکڑا کاٹنا، عورت کا ختنہ کرنا، مضبوط رسی، روئی کا بیج، نئی روئی۔

قَہر: (ق مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) تسلط پانا، غالب ہونا۔

قَہّار: (ق مفتوح، ہ مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہت غالب آنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

قِیر۔قَار: (ق مکسور، ی ساکن، ر موقوف) (ق مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) ایک قسم کا تیل جو کشتیوں، مشکوں اور اونٹوں پر ملتے ہیں، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ صنوبر کے درخت کی چپکنے والی گوند۔

قَیُّور: (ق مفتوح، ی مشدد مضموم، و ساکن، ر موقوف) مجہول النسب آدمی جس کے خاندان کا کوئی پتہ نہ ہو۔

قَیّار: (ق مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) تارکول کا مالک، تارکول بیچنے والا، ایک شخص کا نام، ایک شاعر کے اونٹ یا گھوڑے کا نام، ایک دیہات کا نام۔

﴿فصل القاف مع الزاء﴾

قِبز: (ق مکسور، ب ساکن، ز موقوف) کوتاہ، بخیل، کنجوس۔

قَحز: (ق مفتوح، ح ساکن، ز موقوف) کودنا، مضطرب ہونا، پریشان ہونا، لاٹھی سے مارنا، کسی کو گرانا۔

قُحُوز: (ق مضموم، ح مضموم، و ساکن، ز موقوف) گرنا، تیر اس طرح پھینکنا کہ ہاتھ کے سامنے گرے۔

قُحَاز: (ق مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) بکری کی بیماری، اونٹ کی کھانسی۔

قُربُز: (ق مضموم، ر ساکن، ب مضموم، ز موقوف) کربز کا معرب۔

قِرمَز: (ق مکسور، ر ساکن، م مفتوح، ز موقوف) سرخ رنگ جو ملک ارمن کے جنگلات کے ایک کیڑے سے نچوڑتے ہیں اور اسے جوش دیتے ہیں۔

قَرز: (ق مفتوح، ر ساکن، ز موقوف) مٹی کو انگلیوں سے لینا، کاٹنا، مٹی کا ٹیلا، سخت زمین۔

قُرز: (ق مضموم، ر ساکن، ز موقوف) پچھنا لگانے والے کی تیل کی ڈبیا۔

قَزّ: (ق مفتوح، ز مشدد موقوف) ریشم، کودنا، نواڑ کے تسے کا الگ ہونا اور پکڑا جانا، کسی چیز سے انکار کرنا۔

قُزّ: (ق مضموم، ز مشدد موقوف) گندگی اور آلودگی سے دوری، قُز گندگیوں سے دور رہنے والا آدمی۔

قَزَز: (ق مفتوح، ز مفتوح، ز موقوف) چالاک، برائیوں سے دور رہنے والا آدمی۔

قَزاز: (ق مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) بڑا سانپ، چھوٹا سانپ۔

قَزّاز: (ق مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) ریشم بیچنے والا۔

قُزّاز: (ق مضموم، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) گناہوں سے دور رہنے والا، عیوب سے بچنے والا۔

قَزَز: (ق مفتوح، ز مفتوح، ز موقوف) چالاک آدمی، عیوب سے بچنے والا۔

قَعز: (ق مفتوح، ع ساکن، ز موقوف) کسی چیز کو پانی وغیرہ سے بھرنا، جو کچھ برتن میں ہو اس کو پینا۔

قَفز: (ق مفتوح، ف ساکن، ز موقوف) کودنا، قُفُوز کا مرادف، مرنا۔

قَفِیز: (ق مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ز موقوف) بارہ صاع کی مقدار کا ایک پیمانہ، ایک سو چوالیس شرعی گز زمین کی مقدار۔

قُفّاز: (ق مضموم، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) دستانہ جس میں روئی لگاتے ہیں جسے عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں، وہ زیور

جو ہاتھ پاؤں کے لیے بنائیں، ایک مڑا ہوا لوہا جس پر شکاری باز بیٹھتا ہے۔

قَاز: (ق مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) پینے کی ایک قسم، مارنا، گرانا، خوشی منانا، کودنا، لنگڑا ہونا، کمزور پتلا آدمی، لاٹھی سے زمین کھودنا۔

قَمز: (ق مفتوح، م ساکن، ز موقوف) جمع کرنا، انگلی کے کناروں سے کوئی چیز پکڑنا۔

قَمَز: (ق مفتوح، م مفتوح، ز موقوف) بے قیمت، حقیر چیز، لاخیرا، حقیر آدمی۔

قِنز: (ق مکسور، ن ساکن، ز موقوف) چھوٹا مٹکا۔

قَوز: (ق مفتوح، و ساکن، ز موقوف) بلند ریت کا ٹیلا، ریت کا چھوٹا گول ٹیلا۔

قَہز: (ق مفتوح، ہ ساکن، ز موقوف) کودنا، سرخ اون کا ایک کپڑا، قِہزا اسی معنی میں ہے۔

قُہُنْدُز: (ق مضموم، ہ مضموم، ن ساکن، د مضموم، ز موقوف) چار جگہوں کا نام ہے کہندز کا معرب ہے۔

﴿فصل القاف مع السین﴾

قُبرُس: (ق مضموم، ب ساکن، ر مفتوح، س موقوف) ایک قسم کا بہت عمدہ تانبا، روم میں ایک بڑا جزیرہ ہے۔

قَبس: (ق مفتوح، ب ساکن، س موقوف) آگ لینا، علم سیکھنا، استفادہ کرنا۔

قِبس: (ق مکسور، ب ساکن، س موقوف) اصل، بنیاد، کسی چیز کی جڑ۔

قَبَس: (ق مفتوح، ب مفتوح، س موقوف) زیادہ آگ سے لیا ہوا آگ کا ٹکڑا، انگارہ جلد جفتی کرنا، نر کا حاملہ کر دینا۔

قَبِس: (ق مفتوح، ب مکسور، س موقوف) وہ نر جو مادہ کو جلد حاملہ کر دیتا ہے، قَبِیس کا مرادف۔

قَابِس: (ق مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، س موقوف) مغرب میں ایک شہر۔

قَابُوس: (ق مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) خوبصورت آدمی، اچھے رنگ والا، ایک بادشاہ کا نام ہے، کاؤس کا معرب، ابوقابوس نعمان بن منذر کی کنیت ہے۔

قُبَیس: (ق مضموم، ب مفتوح، ی ساکن، س موقوف) قَبس کی تصغیر ہے، ایک شخص کا نام ہے، ابوقبیس ایک پہاڑ کا نام ہے اس پہاڑ کو امین بھی کہتے ہیں اس لیے کہ حجر اسود کو اس میں امانتاً رکھا گیا تھا، ایک لوہار کا نام ہے جس نے سب سے پہلے اس میں گھر بنایا، حلب کے ایک قلعے کا نام۔

قُدس۔قُدُس: (ق مضموم، د ساکن، س موقوف) (ق مضموم، د مضموم، س موقوف) پاکی، پاک ہونا، نجد میں ایک بڑا پہاڑ ہے، بیت المقدس، خلیل کے شہر قدس کا نام، جبریل کا نام، روح القدس بھی کہتے ہیں، قدس اسود اور قدس ابیض دو پہاڑوں کے نام۔

قَدَس: (ق مفتوح، د مفتوح، س موقوف) رطل، طشت، حمص کے قریب ایک شہر ہے۔

قُدَس: (ق مضموم، د مفتوح، س موقوف) بڑا پیالہ، قَدَس کا یہی معنی ہے۔

قَدِیس: (ق مفتوح، د مکسور، ی ساکن، س موقوف) موتی۔

قُدَاس: (ق مضموم، د مفتوح، ا ساکن، س موقوف) ایک شخص کا نام، مہرہ جو مروارید کے برابر چاندی سے بنایا جاتا ہے، وہ پتھر جو حوض میں پانی بہانے کی جگہ گاڑتے ہیں، قدّاس بھی اسی معنی میں ہے، وہ پتھر جو اونٹوں کے پانی پینے کے حوض میں ڈالیں تاکہ سب کو پانی مل جائے۔

قَادِس: (ق مفتوح، ا ساکن، د مکسور، س موقوف) بڑی کشتی، اندلس میں ایک جزیرہ، ہرات میں ایک قصبہ۔

قَدُوس: (ق مفتوح، د مضموم، و ساکن، س موقوف) کسی پر تلوار سے سخت حملہ کرنے والا۔

قُدُّوس: (ق مضموم، د مشدد مضموم، و ساکن، س موقوف) بہت پاک، مبارک، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

قَرَبُوس: (ق مفتوح، ر مفتوح، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) زین کے آگے اور پیچھے کی بلندی، زین کی دونوں طرف کی بلندیوں کو

قربوسان کہتے ہیں، را مشدد آتا ہے ساکن نہیں ہاں ضرورت شعری کی وجہ سے ساکن بھی آتا ہے، علمائے فارس ساکن ہی استعمال کرتے ہیں۔

قَرْس: (ق مفتوح، رساکن، س موقوف) سخت ٹھنڈک، ٹھنڈی چیز، جاڑے کا بہت ٹھنڈ ہونا، پانی کا جمنا۔

قِرْس: (ق مکسور، رساکن، س موقوف) چھوٹے ٹیلے۔

قَرَس: (ق مفتوح، ر مفتوح، س موقوف) جما ہوا، جمنا، ٹھنڈک کا سخت ہونا۔

قَارِس: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، س موقوف) سخت ٹھنڈک، پرانی چیز، جما ہوا، بندھا ہوا، قَرِیس بھی اس معنی میں ہے۔

قِرْطَاس: (ق مفتوح ر مکسور ر مضموم، رساکن، ط مفتوح، ا ساکن، س موقوف) کاغذ، قَرَاطِیس جمع، نشانہ، گندمی رنگ کا اونٹ، دراز قامت خوبصورت گوری لڑکی، ہر چیز کا چہرہ، جوان اونٹنی، دھاری دار مصری کپڑا۔

قَرْطَس: (ق مفتوح، رساکن، ط مفتوح، س موقوف) مصر میں ایک گاؤں ہے، کاغذ، قرطس بھی اسی معنی میں ہے۔

قُرْنَاس۔قِرْنَاس: (ق مضموم، رساکن، ن مفتوح، ا ساکن، س موقوف) (ق مکسور، رساکن، ن مفتوح، ا ساکن، س موقوف) پہاڑ کی چوٹی۔

قِسّ: (ق مفتوح ر مکسور ر مضموم، س مشدد موقوف) کسی چیز کو تلاش کرنا اور اس کے پیچھے پڑنا، چغلخوری کرنا، جانور کا تنہا چرنا۔

قَسّ: (ق مفتوح، س مشدد موقوف) اونٹوں کا مالک جو اپنے اونٹوں سے الگ نہ ہو، رئیس، نصرانیوں کا سردار، قِسِّیس بھی اسی معنی میں ہے، مصر میں ایک شہر کا نام جہاں کا کپڑا عمدہ ہوتا ہے۔

قُسّ: (ق مضموم، س مشدد موقوف) زمانۂ جاہلیت کا بلیغ البیان شخص جسے قس بن ساعدہ بھی کہتے ہیں۔

قَسُوس: (ق مفتوح، س مضموم، و ساکن، س موقوف) تنہا چرنے والی اونٹنی۔

قُسَاس: (ق مضموم، س مفتوح، ا ساکن، س موقوف) آرمینیہ میں ایک پہاڑ ہے جس میں لوہے کی کان ہے، جس کی تلوار بہت عمدہ ہوتی ہے، ایک پہاڑ کا نام۔

قِسْطَان: (ق مکسور ر مضموم، س ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، س موقوف) ترازو، بڑی ترازو، عدل کی ترازو، یہ رومی لفظ ہے۔

قَعْسَن: (ق مفتوح، ع ساکن، س مفتوح، ن موقوف) بدبودار شراب۔

قَعَسَن: (ق مفتوح، ع مفتوح، س مفتوح، ن موقوف) سینے کا ابھرنا، پیٹھ کا دھنسنا، حدب کی ضد۔

قَفْس: (ق مفتوح، ف ساکن، س موقوف) مرنا، ہرن کا ہاتھ پاؤں باندھنا، کسی کا بال مونڈنا، کسی سے کوئی چیز چھیننا، کسی کو غصے میں پکڑنا، قَلُوس کا مرادف ہے۔

قُفْس: (ق مضموم، ف ساکن، س موقوف) کُردوں کی طرح کرمان میں ایک قوم۔

قَفَس: (ق مفتوح، ف مفتوح، س موقوف) ناک کی نوک کا بلند ہونا۔

قَلْس: (ق مفتوح، ل ساکن، س موقوف) کشتی کی موٹی رسی جو کھجور کی چھال اور اس کے پتوں سے بناتے ہیں، وہ منہ بھر یا اس سے کم کھانا جو ایک ہی دفعہ گلے سے باہر آئے، اور جو کھانا دو مرتبہ یا تین مرتبہ باہر آئے اسے قے کہتے ہیں، ناچنا، گانا، عمدہ گانا، بہت نبیذ پینا، مستی، دل کی ناراضگی، نہر اور شراب کے جام کا بھر جانے کی وجہ سے چھلکنا۔

قَلَّاس: (ق مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) موجیں مارنے والا بھرا ہوا دریا۔

قَلِیس: (ق مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، س موقوف) بخیل، کنجوس۔

قِلِّیس: (ق مکسور، ل مشدد مکسور، ی ساکن، س موقوف) وہ گرجا گھر جس کو ابرہہ نے یمن کے شہر صنعا میں بنایا تھا اور حکم دیا تھا کہ ہر سال لوگ اس جگہ آئیں بالآخر عرب کے ایک شخص نے وہاں پیشاب کر دیا جب ابرہہ کو اس کی خبر ہوئی محمود نامی ہاتھی اور دوسرے ہاتھیوں کے ساتھ ایک لشکر آراستہ کر کے خانۂ کعبہ کو ویران کرنے کے لیے آمادہ ہوا، اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول

صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے زمانہ کی قربت کی برکت سے اور کعبہ شریف کی حرمت کے سبب پرندوں کا ایک لشکر بھیجا جس نے اس کا مغز اور بھوسا نکال دیا، چنانچہ قرآن مجید نے اس کو بیان کیا ہے اور اس سال کو عام الفیل کہتے ہیں، اسی سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔

قَمس: (ق مفتوح، م ساکن، س موقوف) پانی میں غوطہ کھانا، پانی میں غوطہ دینا، بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔

قُمّس: (ق مضموم، م مشدد مفتوح، س موقوف) شریف آدمی۔

قَمّاس: (ق مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) غوطہ زن، غوطہ کھانے والا۔

قَامُوس: (ق مفتوح، ا ساکن، م مضموم، و ساکن، س موقوف) دریا، دریا میں بہت گہری جگہ، دریا کا بہت پانی، لغت میں محمد بن یعقوب کی تالیف کردہ ایک مشہور کتاب کا نام۔

قَمُوس: (ق مفتوح، م مضموم، و ساکن، س موقوف) کنواں جس کے پانی کی کثرت کے سبب ڈول ڈوب جائے۔

قَنس: (ق مفتوح، ن ساکن، س موقوف) اصل، جڑ، قِنس بالکسر بھی اس معنی میں ہے۔

قِنس: (ق مکسور، ن ساکن، س موقوف) سر کا اوپری حصہ۔

قَنَس: (ق مفتوح، ن مفتوح، س موقوف) تھوڑی تے، ایک کثیر النفع (بے حد مفید) خوشبودار گھاس ہے جسے فارسی میں راس کہتے ہیں۔

قَومَس: (ق مفتوح، و ساکن، م مفتوح، س موقوف) سردار، دریا کا بہت پانی۔

قُومَس: (ق مضموم، و ساکن، م مفتوح، س موقوف) خراسان کے قریب ایک بڑا علاقہ، اندلس میں ایک شہر ہے۔

قُونَس: (ق مضموم، و ساکن، ن مفتوح، س موقوف) لوہے کی خود کا سر، گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان کی ابھری ہوئی ہڈی، سڑک۔

قُوس: (ق مضموم، و ساکن، س موقوف) مجوسیوں کا عبادت خانہ، شکاری کا جھونپڑا، کتے کو ہانکنا، ایک وادی کا نام۔

قَوس: (ق مفتوح، و ساکن، س موقوف) کمان، گز جس سے ناپتے ہیں، وہ کھجور جو کھجور کے برتن کی تہہ میں بچی رہ جائے، ایک برج کا نام، آگے بڑھنا، کسی چیز کو کسی سے اندازہ کرنا، قاب قوسین دو کمانوں کی مقدار یا دو گز کی مقدار۔

قَوَس: (ق مفتوح، و مفتوح، س موقوف) جھکی ہوئی پیٹھ، پیٹھ کا جھکنا۔

قَوِس: (ق مفتوح، و مکسور، س موقوف) ریت کا اونچا ٹیلا، لسبادن، اقوس کا مرادف ہے۔

قَہبَلِس: (ق مفتوح، ہ ساکن، ب مفتوح، ل مکسور، س موقوف) بروزن جَحمَرِش، مرد کا عضو تناسل، بڑا، موٹا، چھوٹی جوں، موٹی عورت، وہ سفید چیز جس پر گدلا پن ظاہر ہو۔

قِیس: (ق مکسور، ی ساکن، س موقوف) مقدار، اندازہ، قیاس کا بھی یہی معنی ہے۔

قَیس: (ق مفتوح، ی ساکن، س موقوف) کسی چیز کا اندازہ کرنا، ایک چیز کا دوسری چیز سے اندازہ کرنا، بنی مضر کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ جس کو قیس غیلانی کہتے ہیں، قبیلۂ طے کے دو مورث اعلیٰ کا نام، عامر مجنوں کا نام جو لیلیٰ کا عاشق تھا، مصر میں ایک شہر کا نام جو اپنے پانی کی طرف منسوب ہوا، بحر عمان میں ایک جزیرہ، کیش کا معرب ہے۔

قِیَاس: (ق مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، س موقوف) دو چیزوں کے درمیان اندازہ کرنا، قیاس میں کسی کی برابری کرنا، قوس کی جمع ہے۔

﴿فصل القاف مع الشین﴾

قَرش: (ق مفتوح، ر ساکن، ش موقوف) کسب کرنا، کمانا، جمع کرنا، کسی چیز کو دوسری چیز سے ملانا،

قُرَیش: (ق مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) قرش کا مصغر، ایک دریائی جانور جس سے تمام جانور ڈرتے ہیں، شتر سوار،

اونٹ پر سوار ہونے والا، ایک مشہور قبیلے کا نام، اس قبیلے کا مورث اعلیٰ نضر بن کنانہ ہے جو رسول اللہ کے اجداد سے ہے، ایک آدمی کا نام جو عرب کے ایک قافلہ کا سردار تھا۔

قَشّ: (ق مفتوح، ش مشدد موقوف) آدمی اور جانور کا کمزوری کے بعد موٹا اور اچھا ہونا، فربہ، موٹا، جانور اور آدمی کا کمزوری کے بعد صحت پانا، یہاں وہاں سے کھانا، لپیٹنا، دسترخوان پر چنے ہوئے ان کھانوں کو کھانا جہاں تک ہاتھ پہنچ سکے، کوئی چیز جمع کرنا، اونٹنی کو جلدی دوہنا، کسی چیز کو ہاتھ سے اس طرح کھرچنا کہ وہ چیز کٹ جائے، جانا، کمزوروں کی چال، گھٹیا کھجوریں، بڑا ڈول۔

قَشِیْش: (ق مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ش موقوف) زمین سے اٹھائی ہوئی چیز جس کو لُقاطہ کہتے ہیں۔

قَعْش: (ق مفتوح، ع ساکن، ش موقوف) جمع کرنا، گھر کو برباد کرنا، لکڑی کا سرا اپنی طرف کرنا، ہودج کی طرح سواری کی جگہ، قُعُوش جمع ہے۔

قَفْش: (ق مفتوح، ف ساکن، ش موقوف) کفش کا معرب ہے، پکڑنا، جمع کرنا، گرنا، لاٹھی اور تلوار سے مارنا، جلدی دوہنا، جو کچھ پستان میں ہو اسے جلدی نکال دینا، بہت زیادہ کرنا،

قَفَش: (ق مفتوح، ف مفتوح، ش موقوف) چور۔

قَلَاش: (ق مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) چھوٹا، پکڑا ہوا، تنگ دل، قلّاش بتشدید لام کلمۂ فارسی ہے۔

قَلَّاش: (ق مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) مفلس، لُچا۔

قَمْش: (ق مفتوح، م ساکن، ش موقوف) جمع کرنا، روئے زمین پر ریزہ ریزہ بکھری ہوئی چیزیں۔

قُمَاش: (ق مضموم، م مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) گھر کا ساز وسامان، ریزہ ریزہ اور چھوٹی چیزیں، بے وقوف اور ناچیز آدمی، گھٹیا چیزیں۔

قُوْش: (ق مضموم، و ساکن، ش موقوف) چھوٹے جسم والا مرد، کوچک کا معرب ہے، ترکی میں ایک شکاری جانور۔

﴿فصل القاف مع الصاد﴾

قَبْص: (ق مفتوح، ب ساکن، ص موقوف) انگلیوں کے سرے سے کسی چیز کو پکڑنا، سیراب ہونے سے پہلے ہی پانی پینے سے روک دینا، نر کا مادہ سے جفتی کرنا، شلوار میں بندھن لگانا، بندھن (ازار بند) کھینچنا۔

قِبْص: (ق مکسور، ب ساکن، ص موقوف) لوگوں کی بڑی تعداد، اصل، جمع ہونے کی جگہ، بہت بالو، قَبص بالفتح بھی اسی معنی میں ہے۔

قَبَص: (ق مفتوح، ب مفتوح، ص موقوف) پیٹ کا درد، جگر کا درد، نہار منہ کھجور کھانے سے پیٹ کا درد کرنا، اکٹھا ہونا، اونٹنی کے رحم کا بند ہونا، خوشی، بزرگی، سر کی مانگ، بڑی مانگ۔

قَبِص: (ق مفتوح، ب مکسور، ص موقوف) بادشاہ، وہ آدمی جس کو کھجور کھانے سے درد ہو۔

قَحْص: (ق مفتوح، ح ساکن، ص موقوف) تیزی سے گزرنا، گھر میں جھاڑو دینا، کسی کو لات مارنا، دوڑنا۔

قَرْص: (ق مفتوح، ر ساکن، ص موقوف) پسو کا کاٹنا، آدمی کے گوشت کو انگلیوں کے سرے سے پکڑنا، کاٹنا، پکڑنا، خمیر سے ٹکیہ بنانا۔

قُرْص: (ق مضموم، ر ساکن، ص موقوف) روٹی، سرزمین غسان میں ایک گاؤں ہے۔

قَارِص: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ص موقوف) مچھر کی طرح ایک کیڑا، دودھ جو زبان کاٹ دیتا ہے، کھٹا دودھ جس میں بہت زیادہ تازہ دودھ ڈالیں تاکہ اس کی ترشی ختم ہو جائے۔

قَرِیْص: (ق مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ص موقوف) ایک قسم کا سالن جس کے ساتھ روٹی کھائی جاتی ہے۔

قَصّ: (ق مفتوح، ص مشدد موقوف) کسی کے پیچھے جانا، خبر دینا، کسی کو مرنے کے قریب پہنچانا، مرنے کے قریب پہنچنا، بال کاٹنا، اون کاٹنا، پرندے کا پر کاٹنا، بکری کا حمل ظاہر ہونا، سینہ، سینے کا سرا، سینے کا درمیانی حصہ، سینے کی ہڈی، قِصَاص جمع ہے، وہ حصہ جو

بکری کے بال سے کاتا جائے۔

قَصَص: (ق مفتوح، ص مفتوح، ص موقوف) قَصّ کا مرادف ہے اس کے تمام معنوں میں۔

قِصَص: (ق مکسور، ص مفتوح، ص موقوف) قِصّہ کی جمع ہے معنی گزر چکا ہے۔

قِصَاص: (ق مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) قاتل کو مقتول کے بدلے قتل کرنا، وہ چیز جو تاوان میں دیں۔

قُصَاص: (ق مضموم، ص مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) پیشانی کا بال، ایک پہاڑ ہے۔

قَصَاص: (ق مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) ایک درخت شہد کی مکھی جس کو کھاتی ہے اور اس سے شہد حاصل ہوتا ہے، سر کے آگے بال اگنے کی آخری جگہ، گردن کی گدی، دونوں سرین کا سرا۔

قَاصّ: (ق مفتوح، ا ساکن، ص مشدد موقوف) قصہ کہنے والا، کسی کے پیچھے آنے والا، خبر دینے والا۔

قَعْص: (ق مفتوح، ع ساکن، ص موقوف) اپنی جگہ بے حرکت مرنا۔

قُعَاص: (ق مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) بکری کو ہلاک کر دینے والی بیماری۔

قَفْص: (ق مفتوح، ف ساکن، ص موقوف) پنجرے میں رکھنا، ہرن کا ہاتھ پاؤں باندھنا، ایک چیز کے ٹکڑے کو دوسری چیز کے ٹکڑے کے قریب ہونا، بلند ہونا، اونچا اٹھنا،

قُفْص: (ق مضموم، ف ساکن، ص موقوف) کرمان میں ایک پہاڑ ہے، بغداد میں ایک گاؤں ہے۔

قَفَص: (ق مفتوح، ف مفتوح، ص موقوف) پنجرا جس میں وحشی جانور رکھتے ہیں، برتن جس میں گیہوں رکھ کر خرمن سے لاتے ہیں، خوشی، گلے کی حرارت، کھجور کھانے کے بعد پانی پینے کی وجہ سے معدے کی ترشی۔

قُفَاص: (ق مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) پہاڑی بکری، ایک بیماری ہے جو حیوان کو لاحق ہوتی ہے اور ان کے قوائم کو خشک کر دیتی ہے۔

قُلُوص: (ق مضموم، ل مضموم، و ساکن، ص موقوف) کودنا، سایہ کا سمٹ آنا، کنویں میں پانی نکلنا،

قَلُوص: (ق مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ص موقوف) جوان اونٹنی، اونٹنی جس پر سوار ہو سکیں، لمبے ہاتھ پاؤں والی اونٹنی، مادہ شتر مرغ کا بچہ۔

قَمْص: (ق مفتوح، م ساکن، ص موقوف) گھوڑے وغیرہ کا کودنا، گھوڑے وغیرہ کا اپنے دونوں اگلے پیروں کو ایک ساتھ اٹھانا، ایک بار گزارنا، حرکت دینا، دریا کا موجوں کے ذریعہ کشتی کو ہچکولے دینا۔

قَمَص: (ق مفتوح، م مفتوح، ص موقوف) چھوٹے مچھر، چھوٹے مچھر جو پانی کی سطح پر تیرتے ہیں، انڈے سے باہر آنے والی ٹڈی۔

قُمَاص: (ق مضموم و مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) دریا کی موجوں کا کشتی کو حرکت دینا، گھوڑے کا دونوں اگلے پیروں کو ایک ساتھ اٹھانے اور زمین پر رکھنے کی عادت بنالینا۔

قِمَاص: (ق مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) کودنا، پریشانی، بے اطمینانی۔

قَمُوص: (ق مفتوح، م مضموم، و ساکن، ص موقوف) وہ چوپایہ جس پر سوار ہوں تو کودے اور اپنے اگلے پیر اٹھادے، درندہ شیر، مضطرب، خیبر کا پہاڑ جس پر قلعہ ہے، اس کو بھی قموص کہتے ہیں۔

قَمِیص: (ق مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ص موقوف) سواری کے وقت کودنے والا چوپایہ، بچے دانی، دل کا غلاف، لباس، بعض لوگوں کے نزدیک قمیص روئی والا لباس ہے اور اگر روئی نہ ہو تو اسے قمیص نہیں کہیں گے۔

قِنْص: (ق مکسور، ن ساکن، ص موقوف) اصل، جڑ۔

قَنْص: (ق مفتوح، ن ساکن، ص موقوف) شکار کرنا۔

قَنَص: (ق مفتوح، ن مفتوح، ص موقوف) شکار، بنو قنص معد بن عدنان کی اولاد۔

قَنِیص: (ق مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ص موقوف) شکار۔

قَانِص: (ق مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ص موقوف) شکار کرنے والا۔

قَوَانِص: (ق مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ص موقوف) پرندے کا پوٹا، قَانِصَة کی جمع ہے۔

قُوص: (ق مضموم، و ساکن، ص موقوف) سعید مصر میں ایک قصبہ ہے دیارِ مصر میں شہر فسطاط کے بعد اس سے زیادہ کشادہ اور بڑا کوئی دوسرا شہر اور قصبہ نہیں ہے، ایک دوسرے گاؤں کا نام۔

قَيص: (ق مفتوح، ی ساکن، ص موقوف) دانت کا جڑ سے اکھڑنا، پیٹ کی جنبش اور حرکت۔

﴿فصل القاف مع الضاد﴾

قَبض: (ق مفتوح، ب ساکن، ض موقوف) پنجہ سے پکڑنا، پکڑ، پرندے کا تیز اڑنا، تیز ہانکنا، تیز ہنکانا، بسط کی ضد ہے۔

قَبَض: (ق مفتوح، ب مفتوح، ض موقوف) لوگوں کا وہ مال جو لے لیا گیا ہو۔

قُبَّض: (ق مضموم ب مشدد مفتوح ض موقوف) کچھوے کی طرح ایک جانور۔

قَابِض: (ق مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ض موقوف) تیز چلنے والا، تیز بھگانے والا، اڑنے والا پرندہ۔

قَبِيض: (ق مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ض موقوف) تیز دوڑنے والا۔

قَرض: (ق مفتوح، ر ساکن، ض موقوف) وام دینا، بدلہ دینا، کاٹنا، شعر کہنا، مرنا، مرنے کے قریب ہونا، دائیں بائیں جھکنا، کسی جگہ سے ہٹ جانا، ہر نیک اور برا کام جو کر چکا ہو، وہ مال جو قرض کی ادائیگی کے لیے دیا جائے، قرض بھی اسی معنی میں ہے۔

قَرِيض: (ق مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ض موقوف) شعر، اونٹ کی جگالی۔

قَضّ: (ق مفتوح، ض مشدد موقوف) کھانے کا کنکری دار ہونا، دانت کی کھوکھلی جگہ میں کنکری پڑنا، پردۂ بکارت زائل کرنا، موتی میں سوراخ کرنا۔

قَضَض: (ق مفتوح، ض مفتوح، ض موقوف) چھوٹی کنکری، وہ مٹی جو فرش پر گری ہو۔

قَضِض: (ق مفتوح، ض مکسور، ض موقوف) کنکری دار کھانا۔

قَضِيض: (ق مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ض موقوف) بڑی کنکری۔

قِضَاض: (ق مکسور، ض مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) تہہ بہ تہہ پتھر۔

قَعض: (ق مفتوح، ع ساکن، ض موقوف) لکڑی کو ہلانا، ٹیڑھی کی ہوئی لکڑی۔

قَوض: (ق مفتوح، و ساکن، ض موقوف) عمارت کو تباہ و برباد کرنا۔

قَيض: (ق مفتوح، ی ساکن، ض موقوف) پھاڑنا، پھاڑا جانا، مانند، عوض، انڈے کا چھلکا، وہ بچہ یا پانی جو انڈے سے نکلے۔

﴿فصل القاف مع الطاء﴾

قَبط: (ق مفتوح، ب ساکن، ط موقوف) جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔

قِبط: (ق مکسور، ب ساکن، ط موقوف) وہ اہل مصر جن کے آباؤ اجداد مصر کے باشندے تھے، بنط کے برخلاف جو یعقوب علیہ السلام کی اولاد سے ہیں جنہوں نے یہاں نشو و نما پائی، ثیاب قُبطیہ سفید باریک کتان جو قبط کی طرف منسوب ہے۔

قَحط: (ق مفتوح، ح ساکن، ط موقوف) خشک سال، بہت تیز مارنا، بارش کا رکنا۔

قُحط: (ق مضموم، ح ساکن، ط موقوف) ایک گھاس۔

قُحُوط: (ق مضموم، ح مضموم، و ساکن، ط موقوف) بارش کا رکنا۔

قُرط: (ق مضموم، ر ساکن، ط موقوف) کان کی بالیاں، قُرطہ واحد ہے، آگ کا شعلہ، ایک گھاس جو بریم کے مشابہ ہے، ایک شخص کا نام، ایک شمشیر کا نام۔

قِرط: (ق مکسور، ر ساکن، ط موقوف) ایک قسم کا لہسن جس کو کراث مائدہ کہتے ہیں۔

قِرَاط: (ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) کان کی بالیاں، قُرط کی جمع، چراغ، چراغ کی روشنی، چراغ کی لو۔

قُرطَاط۔قِرطَاط: (ق مضموم، ر ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) (ق مکسور، ر ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) زین کا نمدہ، جھول جس کے نیچے پالان رکھتے ہیں۔

قَسْط : (ق مفتوح، س ساکن، ط موقوف) ظلم و ستم کرنا، بکھرا ہوا، جدا کرنا۔

قِسْط : (ق مکسور، س ساکن، ط موقوف) انصاف، حصہ، نصیبہ، کسی چیز کا ٹکڑا، اندازہ، روزی، ترازو۔

قُسْط : (ق مضموم، س ساکن، ط موقوف) ایک لکڑی جو بیماریوں کے لیے نفع بخش ہے اور وہ دو قسم کی ہوتی ہے، ہندی اور عربی۔

قَسَط : (ق مفتوح، س مفتوح، ط ساکن) وہ خشکی جو گردن میں پیدا ہوتی ہے، پیر کا سیدھا ہونا، چوپائے کی پنڈلی کی ہڈیاں، پنڈلی کی ہڈی کا سیدھا ہونا اور یہ عیب ہے، نصف صاع کی مقدار کا ایک پیمانہ جس سے وضو کرتے ہیں جو ایک فرق کا چھٹا حصہ ہوتا ہے، فَرَق ایک پیمانہ ہے، حدیث میں ہے اِنَّ النِّسَاءَ مِنَ اَسْفَهِ السُّفَهَاءِ اِلاصَاحِبَهُ الْقِسْطِ وَ السِّرَاجِ یعنی عورتیں بہت ناقص العقل ہیں مگر وہ جو وضو کا پانی لاتی ہیں اور شوہر کے لیے چراغ ہاتھ سے روشن کرتی ہیں اور خدمت کرتی ہیں۔

قُسُوط : (ق مضموم، س مضموم، و ساکن، ط موقوف) ظلم کرنا، حق سے پھرنا، بکھرا ہوا، جدا کرنا۔

قَاسِط : (ق مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ط موقوف) ظالم، ستمگر، ایک قبیلے کے مورث اعلیٰ کا نام، انصاف ور کے معنی میں بھی آیا ہے۔

قَشْط : (ق مفتوح، ش ساکن، ط موقوف) کھال ادھیڑنا، ظاہر کرنا، چھلکا جو کسی چیز سے دور کیا گیا ہو۔

قِشَاط : (ق مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) ظاہر کرنا، وہ چمڑا جو کسی چیز سے دور کیا جائے۔

قَطّ : (ق مفتوح، ط مشدد موقوف) چھوٹا اور گھنگھر والا بال کاٹنا، سخت چیز کاٹنا، چوڑائی میں کاٹنا، اسی وجہ سے کہتے ہیں قط قلم حدیث میں ہے کَانَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنْهُ اِذَا اعْتَلیٰ قَدَّ وَاِذَا اعْتَرَضَ قَطَّ جب لمبائی میں کاٹا جائے تو قد کہتے ہیں اور جب چوڑائی میں کاٹا جائے تو قط کہتے ہیں، قیمت کا بڑھنا۔

قِطّ : (ق مکسور، ط مشدد و موقوف) حصہ، نصیبہ، مکان وغیرہ کا سرکاری کاغذ، محاسبہ نامہ، خط، قُطُوط جمع، نر بلی (بلا)، قِطاط جمع۔

قَطُّ ـ قُطُّ : (ق مفتوح رمضموم، ط مشدد موقوف) ہرگز، ہمیشہ، یہ کلمہ گذرے ہوئے زمانہ کا خاصہ ہے۔

قَطْ : (ق مفتوح، ط موقوف) پس، اسی وجہ سے، فقط کہتے ہیں۔

قُطُوط : (ق مضموم، ط مضموم، و ساکن، ط موقوف) قلم کا قط بنانا۔

قَطَط : (ق مفتوح، ط مفتوح، ط موقوف) چھوٹا بال، گھنگھر والا بال، الجھا ہوا بال، بال کا الجھنا۔

قَاطِط : (ق مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ط موقوف) لمبے ابھرے ہوئے بال۔

قَعْط : (ق مفتوح، ع ساکن، ط موقوف) سخت، قرض دار پر سختی کرنا، تنگی کرنا، مضبوط باندھنا، بددلی، گرانا، تیز آواز کرنا، سواری کو تیز بھگانا، دور کرنا، ظاہر کرنا، دستار باندھنا، ذلیل، مہمان ہونا۔

قِعَاط : (ق مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) چوپائے کو تیز بھگانے والا۔

قِفْط : (ق مکسور، ف ساکن، ط موقوف) سرزمین مصر میں ایک شہر ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے علویوں کے لیے وقف کیا گیا۔

قُلَاط : (ق مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) جن اور شیاطین کی اولاد، قَلَط کا بھی یہی معنی ہے۔

قِلَاط : (ق مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) قزوین اور خلخال کے درمیان ایک قلعہ۔

قَمْط : (ق مفتوح، م ساکن، ط موقوف) بچے کا ہاتھ پاؤں باندھنا، جھولے میں رکھنا، قیدی کا ہاتھ پاؤں باندھنا، ذبح کرنے کے لیے بکری کا ہاتھ پاؤں باندھنا، جفتی اور جماع کرنا، پکڑنا، چکھنا، اونٹ کو قطران ملنا (ایک روغن جو نہایت سیاہ اور بدبودار ہوتا ہے اور خارشی اونٹوں کی جلد پر ملا جاتا ہے)۔

قِمْط : (ق مکسور، م ساکن، ط موقوف) وہ رسی جس سے بکری کو ذبح کرنے کے لیے اس کے پاؤں باندھیں، وہ رسی جس سے کسی کا ہاتھ پیر باندھتے ہیں۔

قِمَاط : (ق مکسور، م مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) وہ رسی جس سے قیدی اور بکری کے ہاتھ پاؤں باندھیں، وہ کپڑے کا ٹکڑا جس سے بچے کا ہاتھ پاؤں باندھیں اور جھولے میں سلائیں۔

قَمِیط: (ق مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ط موقوف) پورا سال، درست۔

قُنُوط: (ق مضموم، ن مضموم، و ساکن، ط موقوف) ناامید ہونا۔

قَنَط: (ق مفتوح، ن مفتوح، ط موقوف) ناامید ہونا، قَنِط کا بھی یہی معنی ہے۔

قِنُوط: (ق مکسور، ن مضموم، و ساکن، ط موقوف) ناامید، قانِط کا بھی یہی معنی ہے۔

قُنَّیط: (ق مضموم، ن مشدد مفتوح، ی ساکن، ط موقوف) کرم کلہ کی ایک قسم جو منجر اور مغلظ ہے۔

قَوط: (ق مفتوح، و ساکن، ط موقوف) بکریوں کا ریوڑ، سو کی تعداد میں بکریوں کا ریوڑ۔

قُوط: (ق مضموم، و ساکن، ط موقوف) بلخ میں ایک گاؤں، ایک محدث کا نام۔

قَوَّاط: (ق مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) بکریوں کے ریوڑ کا چرواہا۔

قِرَاط: (ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) آدھا دانگ، ایک دانگ کا وزن چھ رتی ہے، یہ لفظ اصل میں قِرَّاط ہے را کی تشدید کے ساتھ جیسے دِنّار اور دینار، اسی لیے جمع قَرَارِیط ہے، دَنَانِیر کی طرح، صاحب قاموس کہتے ہیں، قِرَاط اور قیراط شہروں کی وجہ سے وزن میں مختلف ہوتے ہیں مکہ میں ربع اور سدس دینار عراق میں ساڑھے دس دینار۔

فصل القاف مع الظاء

قَرَظ: (ق مفتوح، ر مفتوح، ظ موقوف) درخت سلم کا پتہ جس سے کھال کو دباغت دیتے ہیں یا ایک پھل ہے جس کو نچوڑتے ہیں اور اس کا شیرہ لیتے ہیں اسے اقاقیا کہتے ہیں، قرظی جوتا قرظی چمڑا یعنی ادیم یمنی اور قوج یمنی اس لیے کہ یمن میں درخت سلم بہت ہوتا ہے جس کے پتوں سے چمڑے کو دباغت دی جاتی ہے۔

قَارِظ: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ظ موقوف) قرظ کو چننے والا، درخت سلم کے پتے چننے والا۔

قَرَّاظ: (ق مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) قرظ بیچنے والا، درخت سلم کے پتوں کو بیچنے والا۔

قَیظ: (ق مفتوح، ی ساکن، ظ موقوف) موسم گرما کی گرمی اور طلوع ثریا سے طلوع سہیل کا درمیانی زمانہ، دن کا بہت گرم ہونا، کسی جگہ قیام کرنا۔

فصل القاف مع العین

قَاع: (ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ہموار زمین، قِیعَان اور اَقْوَاع جمع ہے، قِیعَہ واحد ہے، بعض لوگوں نے کہا قِیعَہ بھی قاع کی جمع ہے۔

قُبُوع: (ق مضموم، ب مضموم، و ساکن، ع موقوف) سیپی کا اپنی کھال میں سر چھپانا، گریبان میں سر چھپانا، زمین پر چلنا، بدبختی ظاہر کرنا، سور کا ناک چھڑکنا، رنج کی وجہ سے چہرے کا کالا ہونا، دوستوں سے جدا ہونا۔

قَبع: (ق مفتوح، ب ساکن، ع موقوف) سور کا ناک جھاڑنا، کسی چیز کی آواز، ہاتھی کی چنگھاڑ، سجدے میں سر جھکانا۔

قُبع: (ق مضموم، ب ساکن، ع موقوف) چھالے جو بدن پر نکلیں۔

قِبَاع: (ق مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ناک چھڑکنا، ناک صاف کرنا۔

قُبَاع: (ق مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ناک جھاڑنا، بیوقوف آدمی، ایک بڑا پیمانہ، ایک شخص کا لقب جس نے اس پیمانہ کو وضع کیا۔

قَبَّاع: (ق مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) بد دل سور۔

قَتَع: (ق مفتوح، ت مفتوح، ع موقوف) سرخ کیڑے (دیمک) جو لکڑی کھا جاتے ہیں۔

قُتُوع: (ق مضموم، ت مضموم، و ساکن، ع موقوف) ذلیل ہونا۔

قُشْع: (ق مضموم، ش ساکن، ع موقوف) وہ چھالے جو بدن پر نکلتے ہیں۔

قَدْع: (ق مفتوح، دساکن، ع موقوف) گھوڑے کو لگام لگانا، کسی کو کسی سے روکنا۔

قَدَع: (ق مفتوح، دمفتوح، ع موقوف) آنکھ کا کمزور ہونا، کم بولنے والا، عورت کا شرمیلی ہونا، گھوڑے کا بدچشم ہونا، سال کا قریب ہونا۔

قَدُوْع: (ق مفتوح، دمضموم، وساکن، ع موقوف) ضرورت کے وقت گھوڑے کو لگام کھینچ کر روکنا، ذلیل آدمی۔

قَذْع: (ق مفتوح، ذ ساکن، ع موقوف) فحش بات کہنا، بری بات کہنا، گالی دینا۔

قَذَع: (ق مفتوح، ذمفتوح، ع موقوف) فحش، ناپاکی، گالی۔

قَرْع: (ق مفتوح، رساکن، ع موقوف) کدو، کدو کی ترکاری، قرعہ سے فال نکالنا، قرعہ میں غالب ہونا، دروازہ کھٹکھٹانا، سر پر لاٹھی مارنا، جو کچھ پیالے میں ہے اس کو اس طرح کھانا کہ پیالے کا کنارہ پیشانی سے لگ جائے، جانور کا جفتی کرنا۔

قَرَع: (ق مفتوح، رمفتوح، ع موقوف) بیماری کا سر کے بال اڑا دینا، مشورہ قبول کرنا، حکم پر عمل کرنے سے باز رہنا، درگاہ کا لوگوں سے خالی ہونا، خادموں سے دربار کا خالی ہونا۔

قِرَاع: (ق مکسور، رمفتوح، اساکن، ع موقوف) سانڈ کا جفتی کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ قرعہ ڈالنا، تلوار مارنا۔

قَرِیْع: (ق مفتوح، رمکسور، ی ساکن، ع موقوف) حریف، مدمقابل، مانند، منتخب، سردار، نراونٹ، اونٹ جس کے جسم پر چھالے ہوں۔

قُزُوْع: (ق مضموم، زمضموم، وساکن، ع موقوف) ہلکا ہونا، ہرن کا بھاگنے میں تیز دوڑنا۔

قَزَع: (ق مفتوح، زمفتوح، ع موقوف) ہلکے بادل کے ٹکڑے، قزعۃ واحد ہے، چھوٹے اونٹ، بچہ کا سر مونڈنے کی جگہ۔

قَشْع: (ق مفتوح، ش ساکن، ع موقوف) خشک کھالیں، وہ گھر جو کھال سے بنائیں، ہوا کا بادل کو دور کرنا، بکھیرنا۔

قِصَاع: (ق مکسور، ص مفتوح، اساکن، ع موقوف) بڑے پیالے۔

قَصْع: (ق مفتوح، ص ساکن، ع موقوف) لوگوں کا پانی کے گھونٹ نگلنا، جگالی کرنے والا اونٹ، جگالی کرنے والے اونٹ کا آہستہ اور اچھی طرح چبانا، دو ناخنوں سے جوئیں مارنا، پانی کا پیاس بجھانا، ذلیل اور حقیر سمجھنا، سر پر ہتھیلی سے مارنا، ریزہ، بچہ کا چھوٹا رہنا اور بڑا نہ ہونا۔

قَصِیْع: (ق مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ع موقوف) وہ بچہ جو ناتا اور چھوٹا رہے بڑا نہ ہو۔

قَطْع: (ق مفتوح، ط ساکن، ع موقوف) کاٹنا، گلا گھونٹنا۔

قُطْع: (ق مضموم، ط ساکن، ع موقوف) سانس پھولنا، پیٹ کا درد اور مروڑ، ماسہ جو مٹاپے کی وجہ سے ہو۔

قِطْع: (ق مکسور، ط ساکن، ع موقوف) آخری رات کی تاریکی، چھوٹی کملی جو اونٹ کے پالان پر سواری کے لیے رکھیں، چھوٹا اور ناتا پیکان (تیر کا پھل) لگانا۔

قِطَع: (ق مکسور، طمفتوح، ع موقوف) ٹکڑے، قِطعَۃ کی جمع ہے۔

قَاطِع: (ق مفتوح، اساکن، طمکسور، ع موقوف) کاٹنے والا، کھٹا دودھ، کاٹا ہوا۔

قِطَاع۔قَطَاع: (ق مکسور، طمفتوح، اساکن، ع موقوف) (ق مفتوح، طمفتوح، اساکن، ع موقوف) انگور اور کھجور وغیرہ کاٹنا۔

قَطَاع: (ق مفتوح، طمفتوح، اساکن، ع موقوف) کنویں کا پانی ختم ہونا، پرندوں کا ٹھنڈے ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا یا اس کے برعکس۔

قُطَّاع: (ق مضموم، ط مشدد مفتوح، اساکن، ع موقوف) پرندے، قُطَّاعُ الطَّرِیْق ڈاکو۔

قَطِیْع: (ق مفتوح، طمکسور، ی ساکن، ع موقوف) بکریوں اور گایوں کا ریوڑ، کوڑا، وہ آدمی جو کمزوری یا مٹاپے کی وجہ سے اٹھ نہ سکے۔

قُطُوْع: (ق مضموم، طمضموم، وساکن، ع موقوف) نہر سے گزرنا، کٹنا، پانی کا ختم ہونا، کنویں کا پانی ختم ہونے کے قریب ہونا، وحشی

پرندوں کا سرد علاقے سے گرم علاقے کی طرف یا گرم علاقے سے سرد علاقے کی طرف جانا، قِطاع کا بھی یہی معنی ہے۔

قِعْقَاع: (ق مکسور، ع ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ہتھیار کی آواز، جانا، قَعْو کا مرادف۔

قَعْقَاع: (ق مفتوح، ع ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ایک شخص کا نام، یمامہ سے کوفہ کا راستہ، خشک کھجور، لرزہ، بخار، مشکل راستہ۔

قَفْع: (ق مفتوح، ف ساکن، ع موقوف) ہاتھ پاؤں کھنچنا۔

قُفْع: (ق مضموم، ف ساکن، ع موقوف) وہ جن کی انگلیاں پھری ہوئی ہوں، اَقْفَع کی جمع ہے۔

قَلْع: (ق مفتوح، ل ساکن، ع موقوف) چرواہوں کا توشہ دان، ایک کان کا نام جس سے رانگا نکلتا ہے، قلعی اسی کی طرف منسوب ہے، اکھاڑنا، کسی کو منصب سے گرانا۔

قِلْع: (ق مکسور، ل ساکن، ع موقوف) کشتی کا بادبان۔

قَلَع: (ق مفتوح، ل مفتوح، ع موقوف) کشتی میں ست ہونا، بادل کا بڑا ٹکڑا، قَلَعَۃ کی جمع ہے

قَلِع: (ق مفتوح، ل مکسور، ع موقوف) ست پاؤں، بے اطمینان۔

قِلَاع: (ق مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کشتی کے بادبان، قلعے

قَلَاع: (ق مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) گل تراشہ، مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو، جانوروں کی ایک قسم کی بیماری جو منہ میں ہوتی ہے اور اکثر بچے اس کا شکار ہوتے ہیں۔

قُلَّاع: (ق مضموم، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) سپاہی، عمل دار، مددگار۔

قَمْع: (ق مفتوح، م ساکن، ع موقوف) آنکس سے مارنا، توڑنا، قہر کرنا، ذلیل کرنا، آنکس سے اون اور روئی دھنا۔

قِمْع: (ق مکسور، م ساکن، ع موقوف) کھجور کا پچھلا حصہ، گچھے دار کھجوریں اور میوے۔

قَمَع: (ق مفتوح، م مفتوح، ع موقوف) اونٹ کے کوہان کا سرا، چھالے کی طرح آنکھ پر نکلنے والی پھنسی، وہ مٹاپا جو گھوڑے کے ایک زانو پر ہو، نیلگوں مکھی، بکھا، تیل کا برتن جس کا منہ تنگ ہو، غلاف۔

قُنُوع: (ق مضموم، ن مضموم، و ساکن، ع موقوف) چاہنا، خواری، سوال میں عاجزی کرنا، پسند کرنا، خوشی ظاہر کرنا، چوپایوں کا چراگاہ کی طرف جانا، خواب گاہ۔

قَنُوع: (ق مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ع موقوف) بہت قناعت کرنے والا، راضی۔

قَانِع: (ق مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ع موقوف) کسی چیز کو کافی سمجھنے والا، ذلیل، سوال میں گریہ وزاری کرنے والا۔

قِنَاع: (ق مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) پردہ، وہ پردہ جو اوڑھنی کے اوپر ہو، کھجور کا بڑا طبق، بعض نے کہا قناع مقنعۃ کا مرادف ہے۔

قَنْع: (ق مفتوح، ن ساکن، ع موقوف) بوجھ والا کرنا، کسی طرف جھکنا۔

قِنْع: (ق مکسور، ن ساکن، ع موقوف) کھجور کا بڑا طبق۔

قَوْع: (ق مفتوح، و ساکن، ع موقوف) نر کا مادہ کے ساتھ جفتی کرنا، قِیَاع کا بھی یہی معنی ہے۔

﴿فصل القاف مع الفاء﴾

قَاف: (ق مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) حرف تہجی، زمین کے اردگرد کا پہاڑ، کہتے ہیں کہ وہ زمرد کا پہاڑ ہے اور کوئی پہاڑ نہیں ہے جس میں اس کی رگ نہیں ہے، قَافُ الرَّقَبَۃ بکری کی گردن کی کھال، بکری کی گردن کے لٹکے ہوئے بال۔

قِحْف: (ق مکسور، ح ساکن، ف موقوف) کھوپڑی، لکڑی کا پیالہ۔

قَحْف: (ق مفتوح، ح ساکن، ف موقوف) کھوپڑی پر مارنا، لکڑی کے پیالے سے پانی پینا، جو کچھ پیالہ میں ہے اسے کھانا اور پینا۔

قُحَاف: (ق مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ایسا سیلاب جو ہر چیز کو بہالے جائے، قُعَاف اور جُحَاف کا بھی یہی معنی ہے۔

قَاحِف: (ق مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ف موقوف) سخت بارش۔

قَذْف: (ق مفتوح، ذ ساکن، ف موقوف) پتھر گرانا، قے کرنا، گالی دینا، زنا یا برائی کی طرف کسی کو منسوب کرنا۔

قَذَف۔ قُذُف: (ق مفتوح رمضموم، ذ مفتوح رمضموم، ف موقوف) کشادہ میدان، لوگوں کو گرانے والا، دور کی منزل۔

قُذَف: (ق مضموم، ذ مفتوح، ف موقوف) کنگرے، قُذْفة کی جمع ہے۔

قِذَاف: (ق مکسور، ذ مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) تیز رفتاری۔

قِرْف: (ق مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) کسی چیز کی کھال۔

قُرْف: (ق مضموم، ر ساکن، ف موقوف) تنور کی تہہ میں پڑی ہوئی جلی روٹی۔

قَرْف: (ق مفتوح، ر ساکن، ف موقوف) اونٹ اور گائے کی دباغت کی ہوئی کھال کا کنارہ کہ جس میں بھنا ہوا گوشت مسالہ میں پکا کر رکھتے ہیں، کھال ادھیڑنا، تہمت لگانا، عیب لگانا، نیکی یا برائی کرنا، کمانا، زخم کا سرا، زخم کو تازہ کرنا۔

قِرَاف: (ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) گناہ وغیرہ میں لپٹنا، جماع کرنا۔

قَرْطَف: (ق مفتوح، ر ساکن، ط مفتوح، ف موقوف) لپٹی ہوئی چیز، مخمل کا کپڑا جس کو قَطِیفَہ کہتے ہیں۔

قَرْقَف: (ق مفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ف موقوف) شراب، مجوسیوں کی تین کتابوں کا نام جو تین قوموں کے بارے میں ہے۔

قِشْف: (ق مکسور، ش ساکن، ف موقوف) متغیر شدہ چیز، بڑھاپے کی وجہ سے یا دھوپ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔

قَشَف: (ق مفتوح، ش مفتوح، ف موقوف) چہرے کا دھوپ کی وجہ سے جلنا، بڑھاپے، فقیری اور تنگی معاش کی وجہ سے چہرے کا متغیر ہونا، تنگی معاش۔

قَصْف: (ق مفتوح، ص ساکن، ف موقوف) ہوا کا کشتی کو توڑنا، ہر چیز توڑنا، دستک دینا، کھیلنا، رعد کا ڈراونی آواز کرنا۔

قَصَف: (ق مفتوح، ص مفتوح، ف موقوف) چھپا ہوا، درخت کا جلد ٹوٹ جانا۔

قَاصِف: (ق مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ف موقوف) توڑنے والا، سخت بادل، سخت آواز کرنے والی کڑک۔

قَصِیف: (ق مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ف موقوف) رعد کا آواز کرنا، جو چیز درخت سے گر جائے، اونٹ کی آواز، جلد توڑنے والا آدمی۔

قَضَف: (ق مفتوح، ض مفتوح، ف موقوف) تنگی، باریکی۔

قَضِیف: (ق مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ف موقوف) کمزور، ناتواں، لاغر۔

قَطْف: (ق مفتوح، ط ساکن، ف موقوف) انگور کا خوشہ کاٹنا، میوہ توڑنا، خراش لگانا، چوپایہ کا آہستہ چلنا۔

قَطَف: (ق مفتوح، ط مفتوح، ف موقوف) ایک گھاس جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں، اسے اسفناخ رومی اور سرمق کہتے ہیں۔

قُطُوف: (ق مضموم، ط مضموم، و ساکن، ف موقوف) خراشیں، میوے، قَطْف کی جمع ہے۔

قَطُوف: (ق مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ف موقوف) آہستہ چلنے والا، نزدیک قدم رکھنے والا جانور۔

قَطِیف: (ق مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ف موقوف) بحرین میں ایک موضع کا نام۔

قِطَاف: (ق مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) کھیتی کاٹنے کا وقت، انگور توڑنے کا وقت۔

قَطَائِف: (ق مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ف موقوف) لپٹی ہوئی چادریں، قَطِیفَہ کی جمع ہے، مخمل کے کپڑے، بادام کی گری کا حلوا، ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے، ریشہ جو خمیر سے بناتے ہیں، اسے قطائف کہتے ہیں اور عرب اس کو کنافہ کہتے ہیں، قطائف نہیں کہتے۔

قُعَاف: (ق مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ سیلاب جو ہر چیز بہا لے جائے۔

قَاعِف: (ق مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ف موقوف) سخت بارش۔

قَعْف: (ق مفتوح، ع ساکن، ف موقوف) درخت کو جڑ سے اکھاڑنا، جو کچھ پیالہ میں ہو اسے کھانا، قُحف کا مرادف ہے۔

قَفّ: (ق مفتوح، ف مشدد موقوف) ترکاری، خشک سبزی، بلند زمین، قِفاف جمع ہے۔

قُفُوف: (ق مضموم، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) دھلے ہوئے کپڑے کا سوکھنا، گھاس کا سوکھنا، جسم کے رونگٹے کا خوف کی وجہ سے کھڑا ہونا، انگلیوں سے الٹ پلٹ کر سونا چاندی دیکھنا۔

قَفّاف: (ق مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) سیم وزر۔

قَفِيف: (ق مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ف موقوف) خشک گھاس۔

قَلْف: (ق مفتوح، ل ساکن، ف موقوف) عضو تناسل کا سرا کاٹنا، حشفہ کے اوپر کا چمڑا کاٹنا، درخت کو تراشنا، جھکی ہوئی شاخ گل کو اٹھانا، کشتی کے تختوں کو جوڑنا اور اس کے سوراخوں میں تیر (تارکول) لگانا۔

قَلِيف: (ق مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ف موقوف) کھجور کا غلاف۔

قَنَف: (ق مفتوح، ن مفتوح، ف موقوف) کان کا چھوٹا ہونا، گھوڑے کی گردن کی سفیدی۔

قَنِيف: (ق مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ف موقوف) لوگوں کی جماعت، بہت پانی والا بادل، رات کا حصہ۔

قُنَاف: (ق مضموم، ن مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ناک کا بڑا ہونا، کثرت، لمبی داڑھی والا، آلۂ تناسل کے سرے کا موٹا ہونا۔

قَوَاصِف: (ق مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ف موقوف) بہت زیادہ لوگ، اتنا کثیر انبوہ (بھیڑ) کہ معلوم ہو کہ بعض بعض کو قتل کر رہا ہے۔

قُوف: (ق مضموم، و ساکن، ف موقوف) کان کا اوپری حصہ، قُوفُ الرَّقَبَة بکری کی گردن کے لٹکے ہوئے بال۔

قَوف: (ق مفتوح، و ساکن، ف موقوف) نقش قدم پہچاننا، پیچھے چلنا۔

قَائِف: (ق مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ف موقوف) نقش قدم پہچاننے والا۔

فصل القاف مع القاف

قَاق: (ق مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) بہت لمبا آدمی۔

قُرْبَق: (ق مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ق موقوف) بقال کی دوکان، کربہ یعنی کلبہ کا معرب ہے۔

قُرْطَق: (ق مضموم، ر ساکن، ط مفتوح، ق موقوف) مشہور لباس، کرتہ کا معرب ہے۔

قَرْق: (ق مفتوح، ر ساکن، ق موقوف) مرغی کی آواز۔

قِرْق: (ق مکسور، ر ساکن، ق موقوف) جڑ، اصل، عادت، پست قد آدمی، ایک کھیل ہے جس میں کہ زمین پر 24 خط کھینچتے ہیں اور اس میں کنکری رکھ کر بچے کھیلتے ہیں، یہ مشہور کھیل ہے۔

قَرِق: (ق مفتوح، ر مکسور، ق موقوف) ہموار جگہ۔

قَرَق: (ق مفتوح، ر مفتوح، ق موقوف) جنگل میں ناہموار جگہ سیر کرنا۔

قَلَق: (ق مفتوح، ل مفتوح، ق موقوف) بے چینی، بے اطمینانی۔

قُوق: (ق مضموم، و ساکن، ق موقوف) بہت لمبا آدمی، ایک دریائی پرندہ ہے جس کی گردن لمبی ہوتی ہے، عورت کی شرمگاہ۔

قَوق: (ق مفتوح، و ساکن، ق موقوف) روم کے ایک بادشاہ کا لقب کہ قوقیہ دینار جس کی طرف منسوب ہیں، مستی کے وقت مرغی کا آواز کرنا اور مرغا طلب کرنا۔

قِيق: (ق مکسور، ی ساکن، ق موقوف) بے وقوف، کم عقل، کوہ قاف۔

قَيق: (ق مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) مرغی کی آواز۔

فصل القاف مع اللام

قَبْل: (ق مفتوح، ب ساکن، ل موقوف) زمانۂ حال سے کچھ پہلے کا زمانہ، بَعْد کی نقیض۔

قُبْل۔ قُبُل: (ق مضموم، ب ساکن، ل موقوف) (ق مضموم، ب مضموم، ل موقوف) کسی چیز سے پہلے، آگے کی شرمگاہ (فرج)، دُبُر کی نقیض، کسی چیز کا اول، پہاڑ کا نچلا حصہ۔

قُبُل: (ق مضموم، ب مضموم، ل موقوف) جماعتیں، قَبِیل کی جمع ہے۔

قَبَلْ: (ق مفتوح، ب مفتوح، ل موقوف) زمین کے اگلے حصے کی بلندی، دونوں پیروں کا پھسلنا، ایڑی کا باہر آنا، استحضار اور اندیشے کے بغیر گفتگو کرنا، گائے اور بکری کے سینگ کا چہرے کی طرف گردن کے برابر مڑنا، چہرہ کھولنا، آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا، اونٹ کا اس طرح پانی پینا کہ پانی اس کے سر سے ٹپکے، گول لکڑیاں جنہیں دوک کے سوراخ میں ڈالتے ہیں، وہ مہرہ جو گھوڑے کی گردن پر نظر بد اور جادو سے حفاظت کے لیے باندھتے ہیں، اعیان، پیش رو، قِبَل بھی اس معنی میں ہے۔

قِبَلْ: (ق مکسور، ب مفتوح، ل موقوف) نزد، قریب، جانب، طاقت۔

قُبُوْل: (ق مضموم، ب مضموم، و ساکن، ل موقوف) سامنے آنا، بادصبا کا چلنا، ڈول کو کنویں میں ڈالنا۔

قَبُوْل: (ق مفتوح، ب مضموم، و ساکن، ل موقوف) قبول کرنا، بادصبا، دائی جنائی۔

قَبِیْل: (ق مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ل موقوف) فرمانبردار، لوگوں کا گروہ جو تین جماعتوں سے زیادہ ہو جیسے روم، زنج، عرب، قُبُل جمع ہے، وہ رسی جسے بٹنے کے وقت ہاتھ سینے اور چہرے کی طرف آئے، کام میں چالاک، قوم کو پہچاننے والا، دبیر اور نقیب کی ضد ہے، برابر، سامنے، دائی جنائی جو حاملہ عورت کو بچہ پیدا کراتی ہے۔

قَبَائِلْ: (ق مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) جماعتیں قَبِیْلَۃ کی جمع ہے، سر کی کھوپڑی کے حصے جو چار ہڈیوں پر مشتمل ہیں۔

قِبَال: (ق مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) وہ تسمہ جو جوتیوں کے طول میں سلیں اور وہ دہرا ہوتا ہے، چمڑے کا وہ تسمہ جو جوتے کے عرض میں سلتے ہیں۔

قَابِلْ: (ق مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ل موقوف) قبول کرنے والا، اگلا سال، لائق، پسندیدہ، ضامن۔

قَتْل: (ق مفتوح، ت ساکن، ل موقوف) مارنا، کسی چیز کو اچھا سمجھنا، شراب ملانا۔

قِتْل: (ق مکسور، ت ساکن، ل موقوف) دشمن، مثل، اقتال جمع ہے۔

قَتِیْل: (ق مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ل موقوف) مقتول مرد یا عورت۔

قِتَال: (ق مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) آپس میں جنگ کرنا، آپس میں لڑنا، لڑائی کرنا۔

قَتَال: (ق مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تن، جسم۔

قُحُول: (ق مضموم، ح مضموم، و ساکن، ل موقوف) خشک ہونا۔

قِحْل: (ق مکسور، ح ساکن، ل موقوف) سن رسیدہ بوڑھا۔

قَحِلْ۔ قَحْل: (ق مفتوح، ح مکسور، ل موقوف)(ق مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) وہ بڈھا جس کی کھال ہڈیوں پر سوکھ گئی ہو۔

قَحَلْ: (ق مفتوح، ح مفتوح، ل موقوف) سوکھے جسم والا ہونا، بدحال ہونا۔

قُحَال: (ق مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بکری کی بیماری۔

قَذَال: (ق مفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) گدی، سر کا پچھلا حصہ، گھوڑے کی کنپٹی۔

قَذْل: (ق مفتوح، ذ ساکن، ل موقوف) ظلم کرنا، سر کی گدی پر مارنا۔

قُذَعْمِلْ: (ق مضموم، ذ مفتوح، ع ساکن، م مکسور، ل موقوف) موٹا اونٹ۔

قَرْمَلْ: (ق مفتوح، ر ساکن، م مفتوح، ل موقوف) بے کانٹے والا درخت۔

قِرْمِلْ: (ق مکسور، ر ساکن، م مکسور، ل موقوف) دو کوہان والا اونٹ، بہت اون والا اونٹ کا بچہ (م)، بختی اونٹ کا بچہ۔

قَرَامِلْ: (ق مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ل موقوف) دو کوہان والا اونٹ، عورتوں کا موباف۔

قَزَلْ: (ق مفتوح، ز مفتوح، ل موقوف) بہت لنگڑانا۔

قِصْل: (ق مکسور، ص ساکن، ل موقوف) ایک جگہ کا نام ہے، کمینہ۔

قُفْل: (ق مضموم، ف ساکن، ل موقوف) تالا۔

قَفْل: (ق مفتوح، ف ساکن، ل موقوف) درخت کا سوکھا ہوا حصہ۔

قَفَلْ: (ق مفتوح، ف مفتوح، ل موقوف) سفر سے لوٹنا یا کسی جگہ سے لوٹنا۔

قَفِیْل: (ق مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ل موقوف) خشک درخت، ایک گھاس کا نام۔

قُفُول: (ق مضموم، ف مضموم، و ساکن، ل موقوف) سفر سے لوٹنا، خشک ہونا۔

قَفَّال: (ق مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تالا بنانے والا، مذہب امام شافعی کے عالموں میں سے ایک عالم کا نام۔

قَلِیْل: (ق مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) تھوڑا، مفرد و جمع دونوں آیا ہے، کوتاہ، کمزور۔

قُلّ: (ق مکسور، مضموم، ل مشدد موقوف) کمی۔

قِلّ: (ق مکسور، ل مشدد موقوف) لرزہ، کھجور کا دانہ جو تنہا اگے اور کمزور و ناتواں ہو۔

قُلَال: (ق مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تھوڑا۔

قِلَال: (ق مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) گھڑے، ہر چیز کی بلندی، چوٹی، دونوں قِلَّۃ کی جمع ہے، نیز قِلَال وہ لکڑیاں جو انگور کی بیل پھیلانے یا سایہ کے لیے کھڑی کی جاتی ہیں۔

قُلْقُل: (ق مضموم، ل ساکن، ق مضموم، ل موقوف) سبک گھوڑا، سبک مرد۔

قِلْقِل: (ق مکسور، ل ساکن، ق مکسور، ل موقوف) ایک گھاس جس کا بیج سیاہ ہوتا ہے جس کو سختی کی وجہ سے کوٹ کر باریک نہیں کیا جا سکتا، اس پر ایک مثل بیان کی جاتی ہے دَقُّکَ حَبَّ الْقِلْقِلْ

قِلْقَال: (ق مکسور، ل ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) آواز کرنا، ہلانا، قِلْقِلَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

قَلْقَال: (ق مفتوح، ل ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) جنبش۔

قَمْل: (ق مفتوح، م ساکن، ل موقوف) جوں۔

قَمَل: (ق مفتوح، م مفتوح، ل موقوف) جوں ہونا، پیٹ بھاری ہونا۔

قُمَّل: (ق مضموم، م مشدد مفتوح، ل موقوف) چھوٹی چیونٹی، ٹڈیاں، قَمْلَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

قَنْقَل: (ق مفتوح، ن ساکن، ق مفتوح، ل موقوف) بڑا پیمانہ، شاہِ ایران (کسریٰ) کے تاج کا نام۔

قِنْدِیْل: (ق مکسور، ن ساکن، د مکسور، ی ساکن، ل موقوف) لالٹین، قَنَادِیْل جمع ہے۔

قَنْدِیْل: (ق مفتوح، ن ساکن، د مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بڑے اور لمبے سر والا، قَنْدَل بھی اسی معنی میں ہے۔

قَوَافِل: (ق مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ل موقوف) پتلی کمر والے گھوڑے، سفر سے لوٹنے والے گروہ، قَافِلۃ کی جمع ہے، خزرج کا ایک قبیلہ۔

قَوُول: (ق مفتوح، و مضموم، و ساکن، ل موقوف) بہت بولنے والا۔

قَوْل: (ق مفتوح، و ساکن، ل موقوف) کہنا، گفتار۔

قُوَّل: (ق مضموم، و مشدد مفتوح، ل موقوف) کہنے والے، بولنے والے، قَائِل کی جمع ہے۔

قَوَل: (ق مفتوح، و ساکن، مفتوح، ل موقوف) بولنے والے۔

قَوَّال: (ق مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) زبان آور آدمی، بہت بولنے والا آدمی۔

قَائِل: (ق مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) بولنے والا، دوپہر میں سونے والا (قیلولہ)

قِیَال: (ق مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) صحرا میں ایک اونچے پہاڑ کا نام ہے۔

قِیْفَال: (ق مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) رگ سر اور جس کے اندر آنکھ کی بیماری میں فصد لگاتے ہیں۔

قَیْل: (ق مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) ایک مرد کا نام ہے، مہتر، سردار، قیلولہ کرنے والے، دوپہر کے وقت شراب پینا، (یمن کی لغت میں) ملک اور بادشاہ، یمن کے بادشاہ کا لقب، اَقْیَال جمع ہے، قِیْل و قَال اچھی، بری گفتگو۔

﴿فصل القاف مع المیم﴾

قَتَام: (ق مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، م موقوف) غبار۔

قَاتِم: (ق مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، م موقوف) سیاہ، اُقْتُم کا مرادف ہے۔

قُتُوم: (ق مضموم، ت مضموم، و ساکن، م موقوف) غبار کا بلند ہونا۔

قَثْم: (ق مفتوح، ث ساکن، م موقوف) کسی کو مال کا ایک حصہ دینا۔

قُثَم: (ق مضموم، ث مفتوح، م موقوف) بہت بخشش کرنے والا، بھلائی اور نیکیوں کو جمع کرنے والا، حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے لڑکے کا نام، بجو کا ایک نام۔

قَثَام: (ق مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، م موقوف) مادہ بجو، باندی، زیادہ مال غنیمت۔

قَحْم: (ق مفتوح، ح ساکن، م موقوف) پیر فرتوت، بہت بوڑھا آدمی۔

قُحْم: (ق مضموم، ح ساکن، م موقوف) ہلاکت کی جگہ، سخت سال، قحط، تنگی، قُحَمُ الطَّرِیْق راستے کی مشکلیں، بیابان میں دوڑنا، کسی چیز کے قریب ہونا۔

قُحُوم: (ق مضموم، ح مضموم، و ساکن، م موقوف) بے سوچے سمجھے خود کو اچانک کسی کام میں ڈال دینا، اچانک کسی چیز میں داخل ہو جانا۔

قُدُوم: (ق مضموم، د مضموم، و ساکن، م موقوف) سفر سے واپس ہونا، کسی جگہ سے آنا۔

قَدُوم: (ق مفتوح، د مضموم، و ساکن، م موقوف) کلہاڑی، بہت پیش قدمی کرنے والا، ایک جگہ کا نام جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ کیا تھا، قَدُّوم بھی اسی معنی میں آیا ہے، یمن میں ایک قلعے کا نام، حلب میں ایک گاؤں کا نام، مدینہ میں ایک پہاڑ کا نام۔

قَدَام: (ق مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک گھوڑے کا نام۔

قُدَام: (ق مضموم، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) پرانا، دیرینہ، بادشاہ، سردار، شرافت کی وجہ سے لوگوں پر مقدم ہونے والا آدمی، قُدّام بھی اس معنی میں آیا ہے۔

قُدَّام: (ق مضموم، د مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) آگے، کسی چیز کا اگلا حصہ، سفر یا کسی جگہ سے واپس لوٹنے والے۔

قَادِم: (ق مفتوح، ا ساکن، د مکسور، م موقوف) سفر سے آنے والا، قَادِمُ الاِنْسَان آدمی کا سر۔

قُدْم: (ق مضموم، د ساکن، م موقوف) سامنے آنا۔

قَدَم: (ق مفتوح، د مفتوح، م موقوف) آگے چلنا۔

قِدَم: (ق مکسور، د مفتوح، م موقوف) پرانا ہونا، کہنگی، پرانا پن۔

قَدَم: (ق مفتوح، د مفتوح، م موقوف) اگلا پیر، نقش قدم، خیر و شر کے سابقہ کام اور عمل، اشرار و اخیار کے گروہ جنہیں اللہ تعالٰی سب سے پہلے جہنم اور جنت میں بھیجے گا، حدیث میں ہے حَتّٰی یَضَعَ رَبُّ الْعِزَّةِ فِیْهَا قَدَمَهٗ وَ قَدَمَ صِدْقٍ، نیک مقصد، سابقہ بھلائی۔

قَدِم: (ق مفتوح، د مکسور، م موقوف) کسی کام پر زیادہ اقدام کرنے والا۔

قُدَم: (ق مضموم، د مفتوح، م موقوف) ملک یمن میں ایک قبیلہ، ایک جگہ کا نام۔

قَدِیْم: (ق مفتوح، د مکسور، ی ساکن، م موقوف) پرانا، دیرینہ۔

قِدِّیْم: (ق مکسور، د مشدد مکسور، ی ساکن، م موقوف) بادشاہ، سردار، بزرگی کی وجہ سے لوگوں کی پیشوائی کرنے والا۔

قِرْطِم: (ق مکسور/مضموم، ر ساکن، ط مکسور/مضموم، م موقوف) کسلھ کا بیج۔

قِرَام: (ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) رنگین اون سے منقش پردہ یا تنک اور سرخ پردہ۔

قَرْم: (ق مفتوح، ر ساکن، م موقوف) نر اونٹ یا وہ اونٹ جس نے ابھی جفتی نہ کی ہو، سردار،

قُرْم: (ق مضموم، ر ساکن، م موقوف) سبزی و سفیدی میں کھیرے، ککڑی کے درخت کی طرح ایک درخت جو دریا کے اندر اگتا ہے۔

قَرَم: (ق مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) گوشت کی بہت زیادہ خواہش کرنا۔

قَزَم: (ق مفتوح، ز مفتوح، م موقوف) کمینگی، کمینے لوگ، جمع و مفرد دونوں آیا ہے۔

قِزَام: (ق مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کمینے لوگ۔

قَسْم: (ق مفتوح، س ساکن، م موقوف) حصہ کرنا، اندازہ کرنا،

عورتوں کے درمیان نوبت (باری) کا خیال کرنا یا رکھنا۔

قِسْم: (ق مکسور، س ساکن، م موقوف) کسی چیز کا حصہ۔

قَسَم: (ق مفتوح، س مفتوح، م موقوف) سوگند، قسم۔

قَسَام: (ق مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) خوبی، قَسَامَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

قَسَّام: (ق مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) حصہ کرنے والا، تقسیم کرنے والا۔

قَسِیْم: (ق مفتوح، س مکسور، ی ساکن، م موقوف) خوبصورت، جمیل، حصے میں کسی کا شریک، کسی چیز کی ضد، قَسِیْم تقسیم کرنے والے کے معنی میں عربی زبان میں نہیں آیا ہے۔

قَصْم: (ق مفتوح، ص ساکن، م موقوف) توڑنا۔

قَصَم: (ق مفتوح، ص مفتوح، م موقوف) دانت کا ٹوٹنا۔

قَصِم: (ق مفتوح، ص مکسور، م موقوف) جلد توڑنے والا۔

قُصَم: (ق مضموم، ص مفتوح، م موقوف) وہ شخص جو کسی چیز کو دیکھے تو ٹکڑے ٹکڑے کر دے۔

قَضْم: (ق مفتوح، ض ساکن، م موقوف) چوپائے کا گھاس اور جو کھانا اور چبانا، کسی چیز کو کھانا، دانت کے اطراف کا ٹوٹنا، ٹوٹنا۔

قَضِیْم: (ق مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، م موقوف) سفید کھال جس پر کچھ لکھا جائے، چوپائے کی گھاس اور جو۔

قَطْم: (ق مفتوح، ط ساکن، م موقوف) کاٹنا، چکھنا۔

قَطَم: (ق مفتوح، ط مفتوح، م موقوف) شہوت کی تیزی، گوشت کی خواہش۔

قُطِم: (ق مضموم، ط مکسور، م موقوف) گوشت کی آرزو کرنے والا، جماع کی خواہش کرنے والا۔

قَطَام: (ق مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک عورت کا نام ہے۔

قَعَم: (ق مفتوح، ع مفتوح، م موقوف) ناک کا ٹیڑھا پن۔

قَلْم: (ق مفتوح، ل ساکن، م موقوف) ناخن کاٹنا۔

قَلَم: (ق مفتوح، ل مفتوح، م موقوف) تراشیدہ قلم، جوے کا تیر، چاقو، خنجر، تلوار اور ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو کاٹیں۔

قِلَام: (ق مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) قَلَم کی جمع ہے۔

قُلَّام: (ق مضموم، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چوپائے کا ایک قسم کا چارہ۔

قُلْزُم: (ق مضموم، ل ساکن، ز مضموم، م موقوف) مصر اور مکہ کے درمیان کوہ طور کے نزدیک ایک شہر ہے جس کی طرف بحر قلزم منسوب ہے۔

قَمّ: (ق مفتوح، م مشدد موقوف) گھر کو جھاڑ دینا۔

قُمَام: (ق مضموم، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کوڑا کرکٹ، قُمَامَۃ واحد ہے، دَارُ الْقُمَامَۃ وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ، لید، گوبر پھینکا جائے۔

قَمِیْم: (ق مفتوح، م مکسور، ی ساکن، م موقوف) خشک سبزی۔

قَمْقَام: (ق مفتوح، م ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دریا، سردار، بڑی تعداد، چھوٹی چڑیاں، ایک قسم کی جوئیں۔

قُمَامُم: (ق مضموم، م مفتوح، ا ساکن، م مضموم، م موقوف) بڑا فیاض سردار۔

قَنَم: (ق مفتوح، ن مفتوح، م موقوف) ہاتھ میں روغن اور چربی کی مہک کا لگنا، مشک کی خوشبو پھیلنا، چار مغز کا خراب اور فاسد ہونا۔

قَوْم: (ق مفتوح، و ساکن، م موقوف) لوگوں کا گروہ، کبھی عورتوں کو بھی تبعیت اور تغلیب کی وجہ سے مردوں میں داخل کرتے ہیں، اَقْوَام جمع ہے اور اَقَاوِم جمع الجمع ہے۔

قَوَام: (ق مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سچائی، مردوں کی حاکیت، قامت کا مرادف ہے۔

قِوَام: (ق مکسور، و مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کسی چیز کا نظام، مدار، وہ اصل جس پر شئی کا مدار ہو۔

قُوَام: (ق مضموم، و مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وہ بیماری جو چوپایوں کے پیروں میں پیدا ہوتی ہے۔

قِیَم: (ق مکسور، ی مفتوح، م موقوف) قیمت کی جمع ہے۔

قَیِّم: (ق مفتوح، ی مشدد مکسور، م موقوف) قائم کرنے والا، اللہ تعالیٰ

کاایک نام۔

قَیُّوم۔قَیَّام: (ق مفتوح، ی مشدد مضموم، و ساکن، م موقوف) (ق مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زیادہ حفاظت کرنے والا، کسی چیز کو قائم کرنے والا، خدائے تعالیٰ کا نام۔

﴿فصل القاف مع النون﴾

قَاسَان: (ق مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک مشہور شہر جو قُم کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے، قَاشَان بھی اسی معنی میں آیا ہے، ماوراء النہر میں ایک شہر، قَاسَان مشہور کے علاوہ اصفہان میں ایک گاؤں۔

قَانُون: (ق مفتوح، ا ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) ہر چیز کی اصل، قَوَانِین جمع ہے، یہ کلمہ اصل میں رومی ہے جو مسطر کے معنی میں ہے، مسطر وہ کاغذ ہے جس پر لکیریں ہوں۔

قُبُون: (ق مضموم، ب مضموم، و ساکن، ن موقوف) جانا۔

قَبَّان: (ق مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک پلے کا ترازو، کَپَان کا معرب ہے، حُمَار قبان ایک چھوٹا جانور ہے، صاحب صراح نے ملخ سبز لکھا ہے۔

قَتِین: (ق مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ن موقوف) کم کھانے والا، کم مرد و عورت، پرانا۔

قِرْن: (ق مکسور، ر ساکن، ن موقوف) بہادری، کشتی، ہنر، جنگ میں برابر ہونا۔

قَرْن: (ق مفتوح، ر ساکن، ن موقوف) سینگ، گیسو، تنہا اور جدا چھوٹا پہاڑ، گھوڑے کی دوڑ، روزگار، زمانہ، تیس سال یا اسی سال یا ایک سو بیس سال یا سو سال کی مدت یہی درست ہے کیوں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچہ کے بارے میں دعا کی عِش قَرْناً اور وہ لڑکا سو سال زندہ رہا، ہودج کا ایک کنارہ، سر کا ایک کنارہ، آفتاب کا کنارہ جو پہلے افق سے ظاہر ہو، کنویں کے کنارے پر ایک ستون جو رہٹ کی لکڑی رکھنے کے لیے بناتے ہیں اور کنویں کے دونوں ستونوں کو قَرْنَان کہتے ہیں، طائف کے قریب ایک گاؤں جو اہل نجد کا میقات ہے اسے قَرْنُ المَنَازِل کہتے ہیں، دو چوپایوں کو ایک ساتھ باندھنا، گھوڑے کے پچھلے پیر کا کھر اگلے پاؤں کی جگہ پڑنا، جانا، کسی چیز کو کسی چیز سے ملانا۔

قَرَن: (ق مفتوح، ر مفتوح، ن موقوف) چمڑے کا ترکش، تلوار، پیکان والا تیر، وہ رسی جس میں دو چوپایوں کو باندھیں، وہ اونٹ جو دوسرے اونٹ پر باندھا گیا ہو، یمن کے ایک قبیلے کا باپ، اُوَیس قَرَنی اسی قبیلہ سے تھے، ملی ہوئی بھنووں والا ہونا، بھووں کا پیوستہ ہونا۔

قَرِین: (ق مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ساتھی، دوست۔

قِرَان: (ق مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کسی چیز کا کسی چیز سے ملنا، ایک ہی احرام سے حج اور عمرہ ادا کرنا، دو ستاروں کا ایک برج میں ایک ہی درجہ میں جمع ہونا، دو کھجوروں کو ملا کر کھانا، وہ تیر جو ایک ہی شخص کے تراشے ہوئے ہوں، وہ رسی جس میں دو چوپائے بندھے ہوئے ہوں۔

قُرُون: (ق مضموم، ر مضموم، و ساکن، ن موقوف) قَرْن کی جمع ہے۔

قَرُون: (ق مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ن موقوف) وہ اونٹنی جو دوہنے کے وقت پستان میں دودھ جمع کرے، پسینہ کرنے والا چوپایہ، چلنے میں اگلے پیروں کی جگہ پچھلے پیر کو رکھنے والا چوپایہ، وہ اونٹ چلنے میں جس کے دونوں گھٹنے مل جائیں، وہ اونٹنی جو اگلے پستانوں کو پچھلے دو پستانوں کے قریب لانے والی ہو، دو کھجوریں ایک ساتھ کھانے والا۔

قَرَائِن: (ق مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ن موقوف) کسی چیز سے ملی ہوئی چیزیں، قَرِیْنَۃ کی جمع ہے۔

قَارُون: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مضموم، و ساکن، ن موقوف) موسیٰ علیہ السلام کا چچیرا بھائی جس نے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ گستاخی کی تو خداوند تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا۔

قَرْطَبَان: (ق مفتوح، رساکن، ط مفتوح، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) بھڑوا، بے غیرت۔

قَارِنْ: (ق مفتوح، اساکن، ر مکسور، ن موقوف) تیر اور تلوار والا آدمی، وہ شخص جو ایک ہی احرام سے حج اور عمرہ کرے۔

قَارَنْ: (ق مفتوح، اساکن، ر مفتوح، ن موقوف) کاوۂ لوہار کے بیٹے کا نام ہے۔

قُرْآن: (ق مضموم، رساکن، ا ممدودہ، ن موقوف) پڑھنا، جمع کرنا، کلام الٰہی جو ہمارے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوا اور فارسی میں اسے نُبی بضم نون کہتے ہیں۔

قُرْبَان: (ق مضموم، رساکن، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) وہ چیز جو خدا کی راہ میں صدقہ کی جائے اور اس کے ذریعہ خدائے تعالیٰ کا قرب ڈھونڈیں، ہم نشیں، خاصۂ ملک، قُرْبَان بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

قِرْبَان: (ق مکسور، رساکن، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) قریب ہونا، کنایۂ جماع بھی مراد لیا جاتا ہے۔

قَرْبَان: (ق مفتوح، رساکن، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) وہ پیالہ جو بھرنے کے قریب ہو۔

قِضْبَان: (ق مکسور، مضموم، ض ساکن، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) شاخیں، قَضِیْب کی جمع ہے۔

قَطِرَان: (ق مفتوح، مکسور، ط مکسور، ر مفتوح، اساکن، ن موقوف) ایک کالی دوا جسے اونٹ پر ملتے ہیں اور وہ چیڑ کے درخت کا تیل ہے۔

قُطُوْن: (ق مضموم، ط مضموم، و ساکن، ن موقوف) کسی جگہ قیام کرنا۔

قَاطِنْ: (ق مفتوح، اساکن، ط مکسور، ن موقوف) مقیم، قُطَّان جمع ہے۔

قَطِيْن: (ق مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ن موقوف) مقیم، نوکر۔

قُطْنُ: (ق مضموم، ط ساکن، ر مضموم، ن موقوف) روئی، پنبہ زار۔

قَطَنْ: (ق مفتوح، ط مفتوح، ن موقوف) پرندے کی دورانوں کا درمیان، دونوں سرین کے درمیان کی ہڈی، پرندے کی پونچھ کی جڑ، ایک پہاڑ کا نام ہے۔

قُعَيْن: (ق مضموم، ع مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) بنی اسد کا ایک گروہ۔

قَفْن: (ق مفتوح، ف ساکن، ن موقوف) بکری کو پشت کی طرف سے ذبح کرنا۔

قَفَنّ: (ق مفتوح، ف مفتوح، ن مشدد موقوف) موضع قف سر کا پچھلا حصہ۔

قَفَّان: (ق مفتوح، ف مشدد مفتوح، اساکن، ن موقوف) کَپان کا معرب ہے۔

قُلُوْن: (ق مضموم، ل مضموم، و ساکن، ن موقوف) قُلَّۃ کی جمع ہے، لام کی تخفیف کے ساتھ جس کا معنی گزر گیا ہے۔

قُلْتَبَان: (ق مضموم، ل ساکن، ت مفتوح، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) بھڑوا، بے حمیت، بے غیرت، قُرْطَبَان بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

قُمْقُمَان: (ق مضموم، م ساکن، ق مضموم، م مفتوح، اساکن، ن موقوف) بڑا دریا، بہت دشمن۔

قَمِيْن: (ق مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) سزاوار۔

قِنْوَان: (ق مکسور، ن ساکن، و مفتوح، اساکن، ن موقوف) تازہ کھجوروں کی شاخیں، قِنْو کی جمع ہے، کھجور کے دو خوشے، اس معنی میں قِنْو کا تثنیہ ہے۔

قِنّ: (ق مکسور، ن مشدد موقوف) وہ غلام جس کے والدین غلام ہوں، جمع و مفرد دونوں آیا ہے، فقہا کی اصطلاح میں وہ غلام جو رقیت میں کامل ہو، مدبّر اور مکاتب کی ضد ہے، قِنُّ الْقَمِيْص کرتے کی آستین۔

قَنَان: (ق مفتوح، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) بنی اسد کا ایک پہاڑ ہے۔

قُنَان: (ق مضموم، ن مفتوح، اساکن، ن موقوف) بغل کی بدبو، کرتے کی آستین۔

قِنْقِنْ: (ق مکسور، ن ساکن، ق مکسور، ن موقوف) صحرائی چوہے کی ایک قسم، راہ نما، صحرا میں پانی کی جگہ پہچاننے والا۔

قَهْرَمَان: (ق مفتوح، ہ ساکن، ر مفتوح، م مفتوح، اساکن، ن موقوف)

کسی کے کاموں کو قائم رکھنے والا، خزانہ رکھنے والا، وکیل، اپنے زیر تصرف چیزوں کی حفاظت کرنے والا، یہ لفظ اصل میں فارسی ہے اور صاحب قاموس نے اس کا ذکر نہیں کیا ہے اور نہایہ میں ذکر کیا گیا ہے۔

قِیْن: (ق مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بندہ، یمن میں ایک گاؤں کا نام ہے، لوہار، لوہاری، کسی چیز کو درست کرنا، برتن کے سوراخ کو جوڑنا۔

قِنْیَان: (ق مکسور، ن ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) گانے والی لونڈیاں، قِنْیَۃ کی جمع ہے۔

قِیْعَان: (ق مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ہموار زمینیں، قَاع کی جمع ہے۔

قَیْرُوَان: (ق مفتوح، ی ساکن، ر مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کارواں کا معرب ہے، مغرب میں ایک شہر کا نام۔

فصل القاف مع الواو

قَبْو: (ق مفتوح، ب ساکن، و موقوف) حرف کو ملانا۔

قَثْو: (ق مفتوح، ث ساکن، و موقوف) خدمت کرنا۔

قَدْو: (ق مفتوح، د ساکن، و موقوف) گوشت کا ذائقہ دار اور خوشبودار ہونا۔

قَرْو: (ق مفتوح، ر ساکن، و موقوف) خصیہ کی کھال کا بڑا ہونا، لکڑی کا پیالہ، کتے کے پانی پینے کا پیالہ، درخت کی جڑ جس کے بیچ سے گودا نکال لیں اور اس میں نبیذ بنائیں، وہ لکڑی جس سے تیلی کسی چیز کو نچوڑتا اور تیل نکالتا ہے۔

قِلْو: (ق مکسور، ل ساکن، و موقوف) چست رفتار اونٹ۔

قَلْو: (ق مفتوح، ل ساکن، و موقوف) گیہوں اور گوشت وغیرہ توے پر بھننا، آگے جانا، سیاہ گھوڑے سے بازی کرنا۔

قُلَہ: (ق مضموم، ل مفتوح، ہ موقوف) وہ لکڑی جس سے کسی لکڑی کو دور پھینکیں، اس لکڑی کو مُقلا کہتے ہیں اور بعض لوگ دونوں لکڑیوں کو قلہ کہتے ہیں۔

قِنْو: (ق مکسور، ن ساکن، و موقوف) کھجور کا خوشہ۔

فصل القاف مع الہاء

قَاہ: (ق مفتوح، ا ساکن، ہ موقوف) فرمانبرداری، اطاعت۔

قَمْہ: (ق مفتوح، م ساکن، ہ موقوف) پانی میں ڈوبنا اور باہر آنا، اونٹ کا پانی پینے سے سر اٹھانا۔

قَامِہْ: (ق مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ہ موقوف) فضا میں سر اٹھانے والا اونٹ، قُمَّہ جمع ہے۔

قُوْہ: (ق مضموم، و ساکن، ہ موقوف) بدمزہ دودھ۔

فصل القاف مع الیاء

قَدْی: (ق مفتوح، د ساکن، ی موقوف) گوشت اور کھانے کا خوشبودار ہونا۔

قَذْی: (ق مفتوح، ذ ساکن، ی موقوف) تنکا باہر نکالنا۔

قَارِی: (ق مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ی موقوف) پڑھنے والا،

قِسِیّ: (ق مکسور، س مکسور، ی مشدد موقوف) کمانیں، قَوس کی جمع ہے۔

قَاسِی: (ق مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ی موقوف) سخت دل۔

قَسَاسِیّ: (ق مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ی مشدد موقوف) وہ تلوار جو قَسَاس کی طرف منسوب ہو، قَسَاس لوہے کی ایک کان (معدن) ہے۔

قَاصِی: (ق مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ی موقوف) انتہا کو پہنچنے والا۔

قَاضِی: (ق مفتوح، ا ساکن، ض مکسور، ی موقوف) قرض وغیرہ ادا کرنے والا، طاقتور، حاکم، مضبوط، توانا۔

قَفِیّ: (ق مفتوح، ف مکسور، ی مشدد موقوف) کھانے کی عمدہ قسم جو مہمان کے لیے تیار کریں، مہمان عزیز۔

قَلْی: (ق مفتوح، ل ساکن، ی موقوف) توے پر کسی چیز کو بھننا، وہ قُلْیَا جس سے صابون پکاتے ہیں۔

قَانِی: (ق مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ی موقوف) سرخ، لال۔

قِیْرُوْطِی: (ق مکسور، ی ساکن، ر مضموم، و ساکن، ط مکسور، ی موقوف) موم روغن، موم۔

باب الکاف

فصل الکاف مع الالف

کَذَا: (ک مفتوح، ذ مفتوح، ا موقوف) اسی طرح، ایسا۔

کَرَیٰ: (ک مفتوح، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) مرغابی کے برابر ایک نر پرندہ، سرخاب، نیند کی ابتدا۔

کِرَاء: (ک مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کرایہ دینا، کرایہ۔

کَسَیٰ: (ک مفتوح، س مفتوح، ا مقصورہ موقوف) کپڑا پہننا، ماضی کَسِیَ اور مضارع یَکسیٰ آتا ہے، باب عَلِمَ یَعْلَمُ سے۔

کِفَاء: (ک مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بدلہ دینا، ایک دوسرے کی مانند ہونا۔

کَفأَ: (ک مفتوح، ف ساکن، ء موقوف) چہرے کے بل گرانا، اوندھا کرنا، الٹنا۔

کَلأَ: (ک مفتوح، ل ساکن، ء موقوف) گھاس کھانا، حفاظت کرنا، نگہبانی کرنا، کوڑے سے مارنا، قرض کی ادائیگی میں دیر کرنا، زمین میں گھاس کا زیادہ ہونا، کسی چیز کو بار بار دیکھنا، عمر کا ختم ہونا۔

کَلَأَ: (ک مفتوح، ل مفتوح، اُ موقوف) گھاس، زمین کا سبزہ والی ہونا۔

کِلَأَ: (ک مکسور، ل مفتوح، اُ موقوف) حفاظت کرنا۔

کَلَّأَ: (ک مفتوح، ل مشدد مفتوح، اُ موقوف) کشتی باندھنے کی جگہ جسے خور (بندرگاہ) کہتے ہیں، دریا کا کنارہ، بصرہ میں ایک جگہ جو کشتیوں کی بندرگاہ ہے۔

کُلُوْء: (ک مضموم، ل مضموم، و ساکن، ء موقوف) قبول کے وزن پر، بہت بیدار چشم آدمی جس کی آنکھوں پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔

کَالِی: (ک مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ی موقوف) ادھار، نقد کی ضد۔

کُلَیٰ: (ک مضموم، ل مفتوح، ی مقصورہ موقوف) گردے، کُلْیَۃ کی جمع۔

کُمَّثَرَیٰ: (ک مضموم، م مشدد مفتوح، ث مفتوح، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) امرود۔

کِیْمِیَا: (ک مکسور، ی ساکن، م مکسور، ی مفتوح، ا موقوف) سونا بنانے کی صنعت، سناری کا پیشہ۔

فصل الکاف مع الباء

کَئِیْب: (ک مفتوح، ء مکسور، ی ساکن، ب موقوف) غریب کے وزن پر، غمگین، غم والم سے نڈھال، بدحال۔

کَبّ: (ک مفتوح، ب مشدد موقوف) اوندھا کرنا، کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا۔

کَبْکَبُ: (ک مفتوح، ب ساکن، ک مفتوح، ب موقوف) ایک پہاڑ کا نام۔

کُبَاب: (ک مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) تہ بہ تہ ریت کا ٹیلا۔

کَبَاب: (ک مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بھوننے کے لیے لمبائی میں کاٹا ہوا گوشت، گوشت کو کاٹ کر بھوننا۔

کِتَاب: (ک مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) نوشتہ، تحریر، لکھا ہوا خط، نامہ، کُتُب جمع ہے، حکم، اندازہ، فرض کیا ہوا، ضروری قرار دینا، اندازہ کرنا، لکھنا، غلام اور لونڈی کو مال کے عوض آزاد کرنا اس طرح کہ آقا غلام سے کہے اگر اس مدت میں تو نے اتنا روپیہ دے دیا تو آزاد ہے اگر اس غلام نے مقرر کردہ روپیہ مکمل ادا کر دیا تو آزاد ہو گیا، ورنہ غلام ہی رہا اور اس نے رقم کا جو حصہ آقا کو دیا ہے واپس نہیں لے سکتا۔

کُتَّاب: (ک مضموم، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) لکھنے والے، چھوٹے سر کا تیر جو نوآموز تیر انداز چلاتے ہیں اور بچے اس سے تیر اندازی سیکھتے ہیں، مکتب، کتابت گاہ، کُتَاب بھی اس معنی میں ہے، کَتَاتِیب جمع ہے۔

کَتَائِبُ: (ک مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ب موقوف) لشکر، کَتِیْبَۃ کی جمع ہے۔

کَاتِبْ: (ک مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ب موقوف) عقلمند، نثر نگار، دبیر، لکھنے والا۔

کَتْب: (ک مفتوح، ت ساکن، ب موقوف) اکٹھا کرنا، حکم دینا، فیصلہ کرنا، جمع کرنا، لکھنا، مشک کا شگاف بند کرنا، مشک کی پھٹن سلنا، جانا، تیار کرنا، جاننے والے، کاتب کی جمع ہے۔

کَثْب: (ک مفتوح، ث ساکن، ب موقوف) جمع کرنا۔

کَثَبْ: (ک مفتوح، ث مفتوح، ب موقوف) قریبی۔

کَثِیب: (ک مفتوح، ث مکسور، ی ساکن، ب موقوف) تہہ بہ تہہ ریت کا بلند ٹیلا۔

کِذْب۔ کَذِبْ: (ک مکسور، ذ ساکن، ب موقوف) (ک مفتوح، ذ مکسور، ب موقوف) جھوٹ بولنا، جھوٹ۔

کَذْب: (ک مفتوح، ذ ساکن، ب موقوف) واجب ہونا، دیر کرنا۔

کِذَّاب: (ک مکسور، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) جھوٹ بولنا۔

کَذَّاب: (ک مفتوح، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بہت جھوٹ بولنے والا۔

کَذُوب: (ک مفتوح، ذ مضموم، و ساکن، ب موقوف) بہت جھوٹ بولنے والا، کُذُبْ جمع ہے۔

کَرْنَبْ: (ک مفتوح، ر ساکن، ن مفتوح، ب موقوف) کرم کلا، ایک قسم کی ترکاری جسے کلم رومی کہتے ہیں، گوبھی۔

کَرْب: (ک مفتوح، ر ساکن، ب موقوف) جان کھانے والا غم، رسی، ڈول، رنج و غم کا کسی کو بے چین و پریشان کرنا، سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا، آگ کا بجھنے کے قریب ہونا، بھاری بوجھ ڈالنا، رسی بٹنا، قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا، سخت بیڑی لگانا، وہ سرزمین جو کھیتی کے قابل نہ ہو۔

کَرَبْ: (ک مفتوح، ر مفتوح، ب موقوف) بے آرام اور غمگین ہونا، کھجور کے درخت کی شاخیں، مفرد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

کَسْب: (ک مفتوح، س ساکن، ب موقوف) ورزش کرنا، کوشش کرنا، اکٹھا کرنا، روزی وغیرہ طلب کرنا۔

کُسْب: (ک مضموم، س ساکن، ب موقوف) تیل کی کھلی۔

کَسَاب: (ک مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک کتے کا نام۔

کَعْب: (ک مفتوح، ع ساکن، ب موقوف) وہ ہڈی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہوتی ہے، ٹخنہ جسے قاب پا کہتے ہیں، گھی کا ٹکڑا، پوروں کی گرہ، ہڈیوں کا جوڑ، کُعُوب جمع ہے، دو قبیلوں کے مورث اعلیٰ کا نام، ایک کو کعب بن کلاب اور دوسرے کو کعب بن ربیعہ کہتے ہیں۔

کَاعِبْ: (ک مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ب موقوف) ابھرا ہوا پستان، پستان والی لڑکی، کواعِب جمع ہے، کعَاب بھی اس معنی میں ہے۔

کُعُوب: (ک مضموم، ع مضموم، و ساکن، ب موقوف) لڑکی کا ابھرے ہوئے پستان والی ہونا، ٹخنے، کعب کی جمع ہے۔

کَلْب: (ک مفتوح، ل ساکن، ب موقوف) مشک پر تسمہ سینا، کتا، جو کا ایک دانہ، تلوار کا بند، کجاوے کے کنارے کی میخ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکاتے ہیں، ایک ستارہ جسے کلب الجبار کہتے ہیں، توشہ دان کے دونوں کناروں کا تسمہ، ایک قبیلے کا نام۔

کَلْبُ الفَرَس: (ک مفتوح، ل ساکن، ب مضموم، ل ساکن، ف مفتوح، ر ساکن، س موقوف) گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری جسے خط ارہ پشت کہتے ہیں۔

کَلَبْ: (ک مفتوح، ل مفتوح، ب موقوف) ٹھنڈک کا سخت ہونا، کتے کا پاگل ہونا، سخت ٹھنڈک، چوپایوں کا پاگل پن، برائی، جنگ کی لالچ۔

کَلِبْ: (ک مفتوح، ل مکسور، ب موقوف) پاگل کتے وغیرہ جانور۔

کِلَاب: (ک مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) کتے، کَلْب کی جمع ہے، قریش کے ایک قبیلے کے مورث اعلیٰ کا نام جسے

کلاب بن مرہ کہتے ہیں، ہوازن کے ایک قبیلے کے مورث اعلیٰ کا نام جسے کلاب بن ربیعہ کہتے ہیں۔

کُلَاب: (ک مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک چشمے کا نام ہے۔

کُلَّاب: (ک مضموم، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) لوہا جو موزے کی ایڑ پر گھوڑا دوڑانے کے لیے لگاتے ہیں اور اسے مہماز (مہمیز) کہتے ہیں۔

کَلَّاب: (ک مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) کتے والا، کتے کو سدھانے والا۔

کُلُّوب: (ک مضموم، ل مشدد مضموم، و ساکن، ب موقوف) سنداسی، لوہار کی سنسی جس سے وہ گرم لوہا پکڑتا ہے، کُلَّاب بھی اس معنی میں ہے، کَلَالِیب جمع ہے۔

کُلَیب: (ک مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، ب موقوف) کلب کی تصغیر ہے، ایک مرد کا نام جسے کلیب بن وائل کہتے ہیں۔

کَنَب: (ک مفتوح، ن مفتوح، ب موقوف) ہاتھ کا سخت ہونا، ہاتھ کا چھالا جو کام کرنے کی وجہ سے پڑ جائے، ایک مشہور گھاس جس سے رسی بنتے ہیں۔

کِنَاب: (ک مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) کھجور کا خوشہ۔

کُوب: (ک مضموم، و ساکن، ب موقوف) بے دستے اور ٹونٹی کا لوٹا، اَکْوَاب جمع ہے۔

کَوکَب: (ک مفتوح، و ساکن، ک مفتوح، ب موقوف) روشن ستارہ، ہر بڑی چیز، باغ کی کلی، لوہے کی چمک دمک، وہ لڑکا جو بلوغت کے قریب پہنچ گیا ہو، بہت پانی۔

کَوَاسِب: (ک مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ب موقوف) اعضا، جسم کے وہ اعضا جن سے کوئی چیز حاصل کریں۔

کُوَاکَب: (ک مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ک مفتوح، ب موقوف) ایک مشہور پہاڑ ہے۔

کَہَب: (ک مفتوح، ہ مفتوح، ب موقوف) اونٹ کا خالص سرخ رنگ والا ہونا۔

فصل الکاف مع التاء

کَبِیَّۃ: (ک مفتوح، ب مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سال کا کم ہونا۔

کُبْکُبَۃ: (ک مضموم، ب ساکن، ک مضموم، ب مفتوح، ۃ موقوف) گھوڑوں کا ریوڑ۔

کَبْکَبَۃ: (ک مفتوح، ب ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) الٹنا، پچھاڑنا، اوندھا کرنا۔

کَبَابَۃ: (ک مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ایک دوا کا نام ہے جسے کباب چینی بھی کہتے ہیں اور کھانے میں خوشبو کے لیے ڈالتے ہیں۔

کَآبَۃ: (ک مفتوح، ا ممدودہ، ب مفتوح، ۃ موقوف) بدحال ہونا، پریشان حال ہونا۔

کِبْرِیت: (ک مکسور، ب ساکن، ر مکسور، ی ساکن، ت موقوف) گندھک، خالص سونا چاندی۔

کِتَابَۃ: (ک مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) لکھنا۔

کَتِیبَۃ: (ک مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) صحیفہ کے وزن پر، لشکر، خیبر کے قلعوں میں ایک قلعے کا نام ہے۔

کَثَافَۃ۔ کَثَاثَۃ: (ک مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) (ک مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) موٹا ہونا، بھدا ہونا، جمع ہونا۔

کَثْرَۃ: (ک مفتوح، ث ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) زیادہ ہونا۔

کَاذِبَۃ: (ک مفتوح، ا ساکن، ذ مکسور، ب مفتوح، ۃ موقوف) جھوٹ، جھوٹ بولنے والی عورت۔

کِدْنَۃ: (ک مکسور، د ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) چربی، گوشت، گوشت کی فربہی اور زیادتی جس کے سبب تعریف کریں۔

کُرَّاسَۃ: (ک مضموم، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف)

کتاب کا ایک حصہ، کلام اللہ کا ایک پارہ۔

کَرَامَتْ: (ک مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ت موقوف) وہ طبق جو کنویں کے سر پر رکھتے ہیں، سرپوش جس سے سر کو چھپاتے ہیں، نوازش، بزرگی، کَرَامات جمع ہے۔

کُرْبَۃٌ: (ک مضموم، ر ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) غم، رنج۔

کُرَّۃٌ: (ک مضموم، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) پہاڑ۔

کَرَّۃٌ: (ک مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) مرتبہ، دولت، لوٹنا۔

کُزْبُرَۃٌ: (ک مضموم، ز ساکن، ب مضموم، ر مفتوح، ۃ موقوف) دھنیا۔

کِسْوَۃٌ: (ک مکسور، س ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) کپڑا پہنانا، کپڑا، پہننے والی چیز۔

کُسَیْرَۃٌ: (ک مضموم، س مفتوح، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) روٹی کا ٹکڑا۔

کَسَالَۃٌ: (ک مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کاہل ہونا، سست ہونا۔

کِظَامَۃٌ: (ک مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) ترازو کی لکڑی کے سر کا حلقہ جس میں ڈورا باندھتے ہیں، تیر کے سرے پر لپٹی ہوئی تانت، زمین کے اندر پانی کی نالی، دو قریب قریب کنووں کے درمیان نالی۔

کَاظِمَۃٌ: (ک مفتوح، ا ساکن، ظ مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) بصرہ سے دو فرسخ کی دوری پر ایک جگہ کا نام ہے۔

کَعْت: (ک مفتوح، ع ساکن، ت موقوف) چھوٹا، پست قد۔

کُعَیْت: (ک مضموم، ع مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) بلبل۔

کِفَایَۃٌ: (ک مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) بس ہونا، کافی ہونا،

کَفَالَۃٌ: (ک مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) ضامن ہونا، ذمہ دار ہونا۔

کَفَّارَۃٌ: (ک مفتوح، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گناہوں کو چھپانے والا، وہ چیز جو گناہوں کے عوض دیتے ہیں۔

کَافَّۃٌ: (ک مفتوح، ا ساکن، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کل، سب، تمام، روکنے والا، باز رکھنے والا۔

کِفَّۃٌ: (ک مکسور، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) حال، دانت کی جڑ کا گوشت، ترازو کا پلڑا، اس دائرہ کی مانند گول لکیر جو ہاتھ پر نقش کرتے ہیں، ہر گول چیز، گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔

کُفَّۃٌ: (ک مضموم، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) لمبی چیز، پیراہن کا کنارہ، گوٹ۔

کِفَات: (ک مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) جمع کرنے کی جگہ، جمع کرنے کی جگہیں، اس معنی میں کِفت کی جمع ہے۔

کَلَالَۃٌ: (ک مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) تھکنا، عاجز ہونا، کند ہونا، بے باپ کا ہونا، بے ماں کا ہونا، لاولد ہونا، وہ شخص جو اس حال میں مرے کہ اس نے باپ اور بیٹا نہ چھوڑا ہو۔

کَلَاءَۃٌ: (ک مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) حفاظت کرنا۔

کُلْفَۃٌ: (ک مضموم، ل ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) تکلیف، رنج، مصیبت، پریشانی، لال رنگ۔

کَلِمَۃٌ: (ک مفتوح، ل ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بات، گفتگو، قصیدہ، کہانی، اسلامی کلمہ، کلمۂ شہادت، نحویوں کی اصطلاح میں کلمہ وہ لفظ مفرد ہے جو بامعنی ہو (معنی رکھتا ہو) اور مناطقہ کی اصطلاح میں کلمہ فعل کو کہتے ہیں۔

کِلَّۃٌ: (ک مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) حالت، کیفیت، باریک کپڑا جس کے ذریعہ خود کو مچھر سے محفوظ رکھیں، مچھر دانی، ہودج کے سرے پر سرخ اون۔

کَلَّۃٌ: (ک مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کند چاقو، خراب دھار والی چھری۔

کُلَّۃٌ: (ک مضموم، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تاخیر کرنا، دیر کرنا، بہت سی عورتیں، کل کا مونث۔

کُلْیَۃٌ: (ک مضموم، ل ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) گروہ، بادلوں

میں سے سب سے نیچے کا بادل، بادل کا نچلا حصہ، کمان کے قبضے اور دستے کا بیچ، وہ چمڑا جو پانی کھینچنے کی مشک کے دستے کے نیچے ہوتا ہے۔

کُلِّیَۃٌ: (ک مضموم، ل مشدد مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) تمام و کمال۔

کَمِّیَّۃٌ: (ک مفتوح، م مشدد مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) چندگی، مقدار۔

کُمَیْت: (ک مضموم، م مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) لال گھوڑا، لال شراب، ایک شاعر کا نام ہے۔

کَمْأَۃٌ: (ک مفتوح، م ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) کگرمتا۔

کَنِیْسَۃٌ: (ک مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) عیسائیوں کا گرجا گھر۔

کُنَاسَۃٌ: (ک مضموم، ن مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جو جھاڑو سے جھاڑی جائے۔

کُنِّیَۃٌ: (ک مضموم، ن مشدد مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ نام جس کے شروع میں اب، ام یا ابن لگا ہو، جیسے ابن معالی، ام کلثوم، ابن حاجب۔

کَنَّۃٌ: (ک مفتوح، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بیٹے کی بیوی، بہو۔

کُنَّۃٌ: (ک مضموم، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دالان جو گھر کے سامنے ہو، چھجا۔

کِنَایَۃٌ: (ک مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) چھپی ہوئی بات، چھپی ہوئی بات کرنا، پوشیدہ گفتگو کرنا۔

کِنَانَۃٌ: (ک مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ترکش جس میں تیر رکھتے ہیں، ایک قبیلے کا نام ہے۔

کُوْبَۃٌ: (ک مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) شطرنج، چھوٹا ڈھول۔

کُوْرَۃٌ: (ک مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) گوشہ، کنارہ، شہر، آگ کی جگہ۔

کُوْفَۃٌ: (ک مضموم، و ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) سرخ ریت، ایک معروف شہر ہے۔

کَوْکَبَۃٌ: (ک مفتوح، و ساکن، ک مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) چمک، بزرگی، شگوفہ، ستارہ۔

کُوَّۃٌ: (ک مفتوح / مضموم، و مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دیوار کا سوراخ خواہ اس طرف دیوار ہو یا نہ ہو، بعض لوگوں نے کہا گھر کی کھڑکی۔

کُھُوْلَۃٌ: (ک مضموم، ہ مضموم، و ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) دو مو ہونا یعنی بالوں کا سفید اور سیاہ ہونا، ادھیڑ ہونا،

کَہَانَۃٌ: (ک مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) غیب کی بات بتانا، فال نکالنا۔

کِیَاسَۃٌ: (ک مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ۃ موقوف) چالاکی، چالاک ہونا۔

کَیْفِیَّۃٌ: (ک مفتوح، ی ساکن، ف مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) صفت، حالت، چگونگی۔

کَیْنُوْنَۃٌ: (ک مفتوح، ی ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ہونا، کون کا مرادف ہے۔

﴿فصل الکاف مع الثاء﴾

کَبَاث: (ک مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) پیلو کا میوہ جو خوب پک چکا ہو، پیلو کا وہ میوہ جو پکا نہ ہو اسے بربر کہتے ہیں۔

کَبْث: (ک مفتوح، ب ساکن، ث موقوف) گوشت کی بدبو، گوشت کا خراب ہونا۔

کَثّ: (ک مفتوح، ث مشدد موقوف) گھنی داڑھی والا آدمی۔

کُثّ: (ک مضموم، ث مشدد موقوف) بہت بڑی جماعت۔

کَرْث: (ک مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) کسی کو دشواری اور غم و الم میں ڈالنا۔

کُرَاث: (ک مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) طائف کے پہاڑ میں ایک بڑا درخت ہے، ایک ترکاری ہے جسے مارچوبہ اور ہلیون کہتے ہیں اور قلیہ میں ڈالتے ہیں، قلیہ اس گوشت کو

کہتے ہیں جو گھی اور مسالہ وغیرہ کے ساتھ پتیلی میں شوربہ دار پکاتے ہیں۔

گُرّاث: (ک مفتوح رمضموم، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) لہسن کی طرح ایک مشہور سبزی۔

کُشُوث: (ک مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ث موقوف) بغیر جڑ کی گھاس جو درخت پر لپٹی رہتی ہے۔

﴿فصل الکاف مع الجیم﴾

کَاکَنج: (ک مفتوح، ا ساکن، ک مفتوح، ن ساکن، ج موقوف) ایک قسم کی گھاس ہے جسے عروسک در پردہ کہتے ہیں، بیر بہوٹی، صاحب قاموس کہتے ہیں کہ ایک درخت کا گوند ہے جو ہرات کے پہاڑوں پر اگتا ہے۔

کَجّ: (ک مفتوح، ج مشدد موقوف) گیند سے کھیلنا، گیند۔

کُجّ: (ک مضموم، ج مشدد موقوف) ایک گول چیز جسے لڑکے کپڑوں کے ٹکڑے سے بناتے ہیں اور کھیلتے ہیں۔

کَرَج: (ک مفتوح، ر مفتوح، ج موقوف) ایک شہر ہے، دینور میں ایک درخت ہے۔

کُرّیج: (ک مضموم، ر مشدد مفتوح، ج موقوف) کُرہ کا معرب ہے، بچھڑا۔

کُستَج: (ک مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ج موقوف) موٹا دھاگا جسے اہل کتاب کپڑے کے اوپر اور زنار کے نیچے باندھتے ہیں، کستی کا معرب ہے۔

کَلَج: (ک مفتوح، ل مفتوح، ج موقوف) جوان مرد، بہادر، دلیر۔

کَوسَج: (ک مفتوح، و ساکن، س مفتوح، ج موقوف) کوسہ کا معرب ہے، جس کی داڑھی کے بال نہ نکلے ہوں، ایک مچھلی جس کی ناک آرہ سے کاٹتے ہیں، ناقص دانت اور بدصورت چہرے والا جانور۔

﴿فصل الکاف مع الحاء﴾

کَبح: (ک مفتوح، ب ساکن، ح موقوف) چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا، تلوار مارنا، کسی کو کام سے روکنا، ضرورت سے باز رکھنا۔

کُبح: (ک مضموم، ب ساکن، ح موقوف) سیاہ پنیر جو ہریسہ کو نچوڑنے کے وقت نکلتی ہے اور یہ سب سے گھٹیا پنیر ہوتی ہے۔

کَتح: (ک مفتوح، ت ساکن، ح موقوف) کھانا، آسودہ ہونا، ہوا کا مٹی اڑا کر کسی چیز پر ڈالنا، ہوا کا کسی سے کپڑا کھینچنا۔

کُحّ: (ک مضموم، ح مشدد موقوف) گودا، خالص۔

کَادِح: (ک مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ح موقوف) کام کرنے والا، کوشش کرنے والا۔

کُدح: (ک مضموم، د ساکن، ح موقوف) محنت کرنا، مشق کرنا، اپنے لیے کام کرنا، خواہ برا ہو یا بھلا، کوشش کرنا، رنج کرنا، چہرہ وغیرہ کھرچنا، چہرے کو خراب کرنا، اپنے چہرے کے ساتھ ایسا کام کرنا (ایسا چہرہ بنانا) جس سے وہ خراب اور معیوب نظر آئے، اپنے لیے کمانا۔

کَسح: (ک مفتوح، س ساکن، ح موقوف) گھر میں جھاڑو دینا، ہوا کا زمین سے مٹی جھاڑنا، ہوا کا مٹی اڑانا، عاجزی۔

کَسَح: (ک مفتوح، س مفتوح، ح موقوف) وہ شخص جو ہاتھ پیر سے اپاہج ہو اور چل پھر نہ سکے، لنگڑا ہونا، ہاتھ اور پیر کا کام کرنے سے تھکنا۔

کُسَاح: (ک مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ایک بیماری ہے جو اونٹ کو ہوتی ہے۔

کَسِیح: (ک مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ح موقوف) تاجر، ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

کَشح: (ک مفتوح، ش ساکن، ح موقوف) کمر سے لے کر پہلو کی ہڈی تک کا حصہ، کوکھ جسے فارسی میں تہی گاہ کہتے ہیں، دشمنی چھپانا، گروہ کو بکھیرنا، چوپائے کا دونوں پیروں کے درمیان پونچھ ڈالنا، گھر کو جھاڑو دینا، عورت سے جماع کرنا، پانی سے دور کرنا۔

کَشَح: (ک مفتوح، ش مفتوح، ح موقوف) پہلو کا درد۔

کِشَاح: (ک مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) پہلو کا داغ۔

کَاشِح: (ک مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ح موقوف) وہ دشمن جو دل میں دشمنی رکھتا ہے، ظاہر نہیں کرتا۔

کَشُوح: (ک مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ح موقوف) ان سات تلواروں میں سے ایک تلوار کا نام جو بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو بھیجی تھی۔

کَفْح: (ک مفتوح، ف ساکن، ح موقوف) روبرو تلوار چلانا، بوسہ دینا، لاٹھی سے مارنا، چوپائے کا لگام کھینچنا، کسی چیز سے پردہ ہٹانا، شرمندہ ہونا، بے دل ہونا۔

کَفِیح: (ک مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ح موقوف) کفو، برابر، شوہر، ہم خواب، اچانک آنے والا مہمان۔

کُلُوح: (ک مضموم، ل مضموم، و ساکن، ح موقوف) چہرہ بگاڑنا، ترش رو ہونا، چہرے پر شکن ڈالنا۔

کَالِح: (ک مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ح موقوف) ترش رو، چہرہ بگاڑنے والا، بدخلق۔

کُلَاح: (ک مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) ترش رو ہونا، بدخلق ہونا، تیوری چڑھانا، قحط سالی، سخت زمانہ۔

کَمْح: (ک مفتوح، م ساکن، ح موقوف) چوپائے کی لگام کھینچنا۔

﴿فصل الکاف مع الخاء﴾

کَامَخ: (ک مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، خ موقوف) ایک کھٹی چیز جسے فارسی میں آبکامہ کہتے ہیں، کامہ کا معرب ہے، صاحب کنز کہتے ہیں اسے ریچار (اچار) بھی کہتے ہیں۔

کَمْخ: (ک مفتوح، م ساکن، خ موقوف) چھلکا اتارنا، تکبر کرنا۔

کُمَاخ: (ک مضموم، م مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) تکبر، بڑائی۔

کَمَاخ: (ک مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) روم میں ایک شہر ہے۔

کُوخ: (ک مضموم، و ساکن، خ موقوف) بانس کا گھر جس میں کھڑکی نہ ہو، اَکْوَاخ جمع ہے۔

﴿فصل الکاف مع الدال﴾

کُؤُود: (ک مضموم، ء مضموم، و ساکن، د موقوف) دشوار گزار گھاٹی۔

کَبْد: (ک مفتوح، ب ساکن، د موقوف) کسی چیز کا جگر تک پہنچنا، جگر پر مارنا، تین انگلیوں سے دوہنا، کسی چیز کو دانت سے توڑنا۔

کِبْد: (ک مکسور، ب ساکن، د موقوف) جگر، اَکْبَاد جمع ہے، کِبْدُ السَّمَا آسمان کا بیچ، کِبْدُ القَوْس کمان کا بیچ، کمان کا قبضہ۔

کَبَد: (ک مفتوح، ب مفتوح، د موقوف) سختی۔

کُبَاد: (ک مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، د موقوف) درد جگر۔

کَتَد: (ک مفتوح، ت مفتوح، د موقوف) ایک ستارے کا نام، پیٹھ اور شانے کا درمیانی حصہ، کِبَاد اسی معنی میں آیا ہے۔

کَدّ: (ک مفتوح، د مشدد موقوف) تکلیف، کام کی سختی، انگلی سے اشارہ کرنا، رنج پہنچانا، تھکانا۔

کَدِید: (ک مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) کھودی ہوئی زمین۔

کَدُود: (ک مفتوح، د مضموم، و ساکن، د موقوف) کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے، رنجیدہ آدمی۔

کُدَاد: (ک مضموم، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) ایک درخت کا نام۔

کَرْد: (ک مفتوح، ر ساکن، د موقوف) کرنا، یہ لفظ اصل میں فارسی ہے، ہانکنا۔

کُرْد: (ک مضموم، ر ساکن، د موقوف) ایک قوم کا نام، اَکْرَاد جمع ہے۔

کِرْدِید: (ک مکسور، ر ساکن، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) کھجور کی ڈھیری کے کنارے کی کھجوریں، کَرَادِید جمع ہے۔

کَسَاد: (ک مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، د موقوف) سامان وغیرہ جو رائج نہ ہو، بازار کا مندا ہونا۔

کَاسِد۔ کَسِید: (ک مفتوح، ا ساکن، س مکسور، د موقوف) (ک مفتوح، س مکسور، ی ساکن، د موقوف) وہ سامان جو رائج نہ ہو، نہ چلنے والا بازار۔

کَلَد: (ک مفتوح، ل مفتوح، د موقوف) بغیر پتھر کی سخت زمین۔

کَمْد: (ک مفتوح، م ساکن، د موقوف) اندرونی درد، پوشیدہ درد۔

کَمَدْ: (ک مفتوح، م مفتوح، د موقوف) غمگین ہونا۔

کَمِدْ: (ک مفتوح، م مکسور، د موقوف) غمگین، کَمِید کا بھی یہی معنی ہے۔

کِمَاد: (ک مکسور، م مفتوح، ا ساکن، د موقوف) گرم کپڑے، دانے اور گرم بھوسے سے جسم کو گرم کرنا۔

کُنُوْد: (ک مضموم، ن مضموم، و ساکن، د موقوف) ناشکری کرنا۔

کَنُوْد: (ک مفتوح، ن مضموم، و ساکن، د موقوف) وہ زمین جس سے کچھ نہ اگے، ناشکرا آدمی نعمت کا انکار کرنے والا۔

کَنْد: (ک مفتوح، ن ساکن، د موقوف) کاٹنا۔

کَنْعَدْ: (ک مفتوح، ن ساکن، ع مفتوح، د موقوف) ایک قسم کی دریائی مچھلی۔

کَوْد: (ک مفتوح، و ساکن، د موقوف) کام ہونے کے قریب ہونا، باز رکھنا، روکنا۔

کَیْد: (ک مفتوح، ی ساکن، د موقوف) فریب کرنا، قے کرنا، دوا علاج کرنا، کوے کا آواز کرنا، کوے کا دوڑنا، عورت کا حیض والی ہونا، جنگ کرنا۔

﴿فصل الکاف مع الراء﴾

کِبْر: (ک مکسور، ب ساکن، ر موقوف) بزرگی، بزرگ ہونا، کبریا بھی اسی معنی میں ہے۔

کِبَرْ: (ک مکسور، ب مفتوح، ر موقوف) عمر دراز ہونا، عمر درازی، بڑھاپا۔

کَبَرْ: (ک مفتوح، ب مفتوح، ر موقوف) ایک مشہور میوہ ہے جس سے اچار بناتے ہیں۔

کُبَرْ: (ک مضموم، ب مفتوح، ر موقوف) کبریٰ کی جمع، ہر بڑی چیز۔

کَابِرْ ۔ کَبِیْر: (ک مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ر موقوف) (ک مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ر موقوف) بڑا۔

کَبَار: (ک مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بڑا ہونا۔

کِبَار: (ک مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بڑے لوگ، کَبِیر کی جمع۔

کُبَار: (ک مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بڑا۔

کُبَّار: (ک مضموم، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) بہت بڑا۔

کَتْر ۔ کِتْر: (ک مفتوح، ت ساکن، ر موقوف) (ک مکسور، ت ساکن، ر موقوف) کوہان۔

کُثْر: (ک مضموم، ث ساکن، ر موقوف) کسی چیز کا زیادہ ہونے کی وجہ سے غالب ہونا۔

کِثْر ۔ کُثْر: (ک مکسور، ث ساکن، ر موقوف) (ک مضموم، ث ساکن، ر موقوف) بہت، بہتات، زیادتی۔

کَثَرْ: (ک مفتوح، ث مفتوح، ر ساکن) کھجور کے درخت کی سفید رطوبت۔

کَثِیْر ۔ کَاثِرْ: (ک مفتوح، ث مکسور، ی ساکن، ر موقوف) (ک مفتوح، ا ساکن، ث مکسور، ر موقوف) بہت، کُثَار اسی معنی میں ہے۔

کَدَرْ: (ک مفتوح، د مفتوح، ر موقوف) تاریکی، تاریک ہونا، ایک خوشبو دار درخت ہے ہندی میں جسے کیوڑا کہتے ہیں، اس کا شربت کوزہ چیچک اور دوسرے سوداوی امراض کے لیے نفع بخش ہے، اس شربت کو شراب کدر کہتے ہیں انوری کہتا ہے

ع باحرقش آتش چو شراب کدر آمد

کَدِرْ ۔ کَدْر: (ک مفتوح، د مکسور، ر موقوف) (ک مفتوح، د ساکن، ر موقوف) تاریک۔

کَرّ: (ک مفتوح، ر مشدد موقوف) پھرنا، پھرانا، وہ رسی جو درخت سے لٹکا کر اس پر چڑھتے ہیں، پالان کی رسی، بادبان کی رسی، کُرُوْر جمع ہے، ریگستان کا کنواں جس نے سارا پانی جذب کرلیا ہو۔

کُرّ: (ک مضموم، ر مشدد موقوف) بارہ وسق کا ایک پیمانہ، ہر وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے، سات ہزار ایک سو رطل کو بھی کہا جاتا ہے۔

کُرُوْر: (ک مضموم، ر مضموم، و ساکن، ر موقوف) لوٹانا، کَرّ کی جمع بھی ہے۔

کَرِیْر: (ک مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ر موقوف) گلے کی آواز گھٹنا،

گلے کا آواز کرنا۔

کَرّار: (ک مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) واپس لوٹانے والا، بار بار پھرنے والا، چکر لگانے والا، بار بار حملہ کرنے والا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب۔

کَسْر: (ک مفتوح، س ساکن، ر موقوف) توڑنا، پرندے کا اترنے کے لیے پروں کو سمیٹنا۔

کِسْر: (ک مکسور، س ساکن، ر موقوف) خیمے کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو، ہڈی جس پر گوشت کم ہو، کہنی کی جانب بازو کی ہڈی، کَسر بھی آیا ہے، زیر کی حرکت، زیر کی حرکت دینا، شکستگی، توڑنا۔

کِسَر: (ک مکسور، س مفتوح، ر موقوف) ٹکڑے، کِسرَۃ کی جمع۔

کَسُوْر: (ک مفتوح، س مضموم، و ساکن، ر موقوف) اونچی نیچی زمین۔

کُسُوْر: (ک مضموم، س مضموم، و ساکن، ر موقوف) کَسر کی جمع۔

کُسَار: (ک مضموم، س مفتوح، ا ساکن، ر موقوف) لکڑی کا برادا۔

کَسِیْر: (ک مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ر موقوف) ٹوٹا ہوا۔

کَاسِر: (ک مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ر موقوف) توڑنے والا، عقاب۔

کَشْر: (ک مفتوح، ش ساکن، ر موقوف) اونٹ کا دانت نکالنا، آدمیوں کا مسکرانا۔

کَظْر: (ک مفتوح، ظ ساکن، ر موقوف) کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ، گردن کی ہڈی کا پیچ۔

کُفْر: (ک مضموم، ف ساکن، ر موقوف) انکار کرنا، ناشکری کرنا۔

کَفْر: (ک مفتوح، ف ساکن، ر موقوف) چھپانا، بڑا کوزہ۔

کُفُوْر: (ک مضموم، ف مضموم، و ساکن، ر موقوف) ناشکری کرنا، کُفرَان بھی اسی معنی میں ہے۔

کَفُوْر: (ک مفتوح، ف مضموم، و ساکن، ر موقوف) بہت ناشکرا، رغبت نہ کرنے والا۔

کَافُوْر: (ک مفتوح، ا ساکن، ف مضموم، و ساکن، ر موقوف) کھجور کے شگوفے کا غلاف، کھجور کا وہ شگوفہ جو سب سے پہلے درخت پر آئے، ایک مشہور خوشبودار دوا ہے، جنت میں ایک چشمے کا نام۔

کَافِر: (ک مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ر موقوف) چھپانے والا، انکار کرنے والا، ناشکر گزار، وہ شخص جس نے بالائی لباس پہنا ہو، بڑا دریا، بڑی نہر، بزرگ شخص، تاریک رات، کُفّار جمع ہے۔

کَمْر: (ک مفتوح، م ساکن، ر موقوف) سر قضیب کے بڑے ہونے کی وجہ سے کسی پر غلبہ پانا۔

کُنْدُر: (ک مضموم، ن ساکن، د مضموم، ر موقوف) ایک مشہور دوا ہے اور وہ ایک درخت کا شیرہ ہے، پست قد بدشکل مرد، بڑا گدھا۔

کَوْر: (ک مفتوح، و ساکن، ر موقوف) پھرنا، زیادتی، عمامے کا پیچ، عمامہ باندھنا، اونٹوں یا گایوں کا گلہ، بعض لوگ کہتے ہیں کہ ایک سو پچاس گایوں یا اونٹوں کا ریوڑ، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الحُوْرِ بَعْدَ الکَوْر ہم زیادتی کے بعد کمی سے اور خوش حالی کے بعد تنگی سے اللہ کی پناہ طلب کرتے ہیں۔

کُوْر: (ک مضموم، و ساکن، ر موقوف) لوہار کی بھٹی، بھڑوں کا چھتا، سامان سے لدا ہوا کجاوہ، واحد کُوْرَۃ۔

کَوْثَر: (ک مفتوح، و ساکن، ث مفتوح، ر موقوف) بہت بھلائی والا، بہت زیادہ گرد و غبار، بخشش کرنے والا آدمی، جنت میں ایک نہر ہے، حوض کوثر جنت کے باہر موقف میں واقع ہے جو کوثر کا منبع ہے۔

کَہْر: (ک مفتوح، ہ ساکن، ر موقوف) دن کا نکلنا، آواز لگانا، قہر کرنا۔

کِیْر: (ک مکسور، ی ساکن، ر موقوف) لوہاروں کی بھٹی کی دھونکی جسے منفخ کہتے ہیں، ایک پہاڑ کا نام۔

﴿فصل الکاف مع الزاء﴾

کُرْز: (ک مضموم، ر ساکن، ز موقوف) چھوٹی بوری، کُرَزَۃ کی جمع ہے، ایک شخص کا نام۔

کُرَّز: (ک مضموم، ر مشدد مفتوح، ز موقوف) حقیر، نالائق، بخیل، استاد

مرد، ماہر آدمی، باز کے پر باندھنا تا کہ پرانے پر گرا دے، باز کو سدھانے کے لیے اس کی آنکھیں سینا اور اسے کھلانا، وہ شکرہ یا باز جس نے دوسرے سال میں قدم رکھا ہو۔

گَرَاز: (ک مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) ٹھنڈک کی سختی کی وجہ سے گردن کا خشک ہونا، تنگ سر کی شیشی، تنگ منہ کا کوزہ، گُزاز بھی ان دونوں معنوں کے لیے آیا ہے۔

کِرّاز: (ک مکسور، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) بڑی بکری جو چرواہوں کی تھیلی اٹھاتی ہے، کُزاز بھی اسی معنی میں ہے۔

کَزّ: (ک مفتوح، ز مشدد موقوف) تنگ کرنا، کام کا کسی پر مشکل ہونا، ٹھنڈک سے خشک ہونا، تندخو آدمی، سخت کھردرا، کسیلا، کَزُّ الیَدَیْن بخیل۔

کُزّ: (ک مضموم، ز مشدد موقوف) تندخو لوگ۔

کَنْز: (ک مفتوح، ن ساکن، ز موقوف) خزانہ رکھنا، رکھا ہوا خزانہ، کُنُوز جمع ہے۔

کَنَاز: (ک مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔

کِنَاز: (ک مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) ٹھوس اور مضبوط گوشت والا، موٹی لڑکی۔

کُوز: (ک مضموم، و ساکن، ز موقوف) کوزہ، کِیْزَان و اَکْوَاز جمع ہے، ایک شخص کا نام ہے۔

کَوز: (ک مفتوح، و ساکن، ز موقوف) جمع کرنا، کوزے سے پانی پینا۔

﴿فصل الکاف مع السین﴾

کَاس: (ک مفتوح، ا ساکن، س موقوف) سور، یہ فصیح عربی نہیں ہے بلکہ فارسی ہے جسے بعض عربی حضرات نے اپنے کلام میں استعمال کیا ہے۔

کَأس: (ک مفتوح، أ ساکن، س موقوف) شراب، شراب کا پیالہ، مطلق پیالہ، کُؤوس جمع ہے۔

کِبْس: (ک مکسور، ب ساکن، س موقوف) کنویں اور نہر کو مٹی سے پاٹنا، سر کو گریبان میں داخل کرنا۔

کَابُوس: (ک مفتوح، ا ساکن، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا ہے، یہ مرگی کا مقدمہ ہے۔

کُبَاس: (ک مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، س موقوف) بڑے سر والا۔

کَدْس: (ک مفتوح، د ساکن، س موقوف) گرانبار چوپائے کا دوڑنا۔

کُدْس: (ک مضموم، د ساکن، س موقوف) خرمن، کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر، کھلیان۔

کُدَاس: (ک مضموم، د مفتوح، ا ساکن، س موقوف) جانور کا چھینکنا۔

کَادِس: (ک مفتوح، ا ساکن، د مکسور، س موقوف) چھینک سے فال لینا، ہرن جو پہاڑ سے نیچے اترے اسے منحوس جانتے ہیں۔

کِرْس: (ک مکسور، ر ساکن، س موقوف) تہہ بہ تہہ گوبر، ہر چیز کی اصل۔

کِرْبَاس: (ک مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، س موقوف) سفید دھاگے سے بنا ہوا کپڑا، کرپاس کا معرب ہے، کرابیسی اسی کی طرف منسوب ہے۔

کِرْیَاس: (ک مکسور، ر ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، س موقوف) بالا خانہ، گھر کا دروازہ۔

کُرْدُوس: (ک مضموم، ر ساکن، د مضموم، و ساکن، س موقوف) گھوڑوں کا بڑا ریوڑ، جوڑوں کی ہڈیاں جو دو دو عدد ہوں جیسے دوشانہ، زانو، لشکر کا گروہ، کندھے کی ہڈی۔

کُرْفُس: (ک مضموم، ر ساکن، ف مضموم، س موقوف) روئی۔

کَرَفْس: (ک مفتوح، ر مفتوح، ف ساکن، س موقوف) اجوائن کی مانند ایک ترکاری ہے جسے ہندی میں اجمود کہتے ہیں اس کا ایک خاصہ یہ ہے کہ جس کو بچھو نے کاٹ لیا ہو وہ اگر اسے کھائے تو فوراً مر جائے۔

کَسِیْس: (ک مفتوح، س مکسور، ی ساکن، س موقوف) کھجور کی نبیذ، گوشت جو گرم پتھر پر خشک کرتے ہیں اور زادِ سفر کے لیے اسے کوٹتے ہیں۔

کِلْس: (ک مکسور، ل ساکن، س موقوف) راکھ ملا ہوا چونا۔

کِنَاس: (ک مکسور، ن مفتوح، ا ساکن، س موقوف) ہرن کی خوابگاہ، ہرن کا اپنی خوابگاہ میں چھپنا۔

کَنَّاس: (ک مفتوح، ن مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) بھنگی، جھاڑو دینے والا۔

کُنْدُس: (ک مضموم، ن ساکن، د مضموم، س موقوف) ایک گھاس کا ریشہ جس کا اندرونی حصہ زرد اور بیرونی حصہ سیاہ ہوتا ہے جو قے لانے والا دست آور اور سفید داغ کو دور کرنے والا ہے جب اسے گھستے ہیں اور ناک میں ڈالتے ہیں تو چھینک آتی ہے، آنکھ کی روشنی کو بڑھاتا ہے، کندش بھی اسی معنی میں ہے لیکن زیادہ فصیح کندس ہے۔

کَنْس: (ک مفتوح، ن ساکن، س موقوف) گھر کو جھاڑو دینا۔

کُنَّس: (ک مضموم، ن مشدد مفتوح، س موقوف) سات ستارے، پانچ چلنے والے ستارے، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل۔

کَنَائِس: (ک مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، س موقوف) مجوسیوں کا عبادت گھر، کَنِیْسَۃ کی جمع ہے۔

کَوْس: (ک مفتوح، و ساکن، س موقوف) سر نیچے کرنا، چوپائے کا تین پاؤں پر چلنا۔

کُوْس: (ک مضموم، و ساکن، س موقوف) ڈھول، نقارہ۔

کَہْمَس: (ک مفتوح، ہ ساکن، م مفتوح، س موقوف) پست قد، چھوٹا، عرب کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

کَیْس: (ک مفتوح، ی ساکن، س موقوف) ہوشیاری، دانائی، ہوشیار ہونا۔

کَیِّس: (ک مفتوح، ی مشدد مکسور، س موقوف) ہوشیار، دانا۔

﴿فصل الکاف مع الشین﴾

کَبْش: (ک مفتوح، ب ساکن، ش موقوف) بکرا، سردار، لشکر کا قائد، کِبَاش جمع ہے۔

کَدْش: (ک مفتوح، د ساکن، ش موقوف) چھیلنا، اہل وعیال کے لیے روزی طلب کرنے میں محنت کرنا، کسی سے بخشش پانا، جانور کو تیز ہانکنا۔

کَرْش۔ کَرِش: (ک مفتوح، ر ساکن، ش موقوف) (ک مفتوح، ر مکسور، ش موقوف) جانوروں کا وہ معدہ جس سے جگالی کرتے ہیں جیسے انسانوں کا معدہ، چھوٹے بچے، لوگوں کے عیال۔

کَشِیْش: (ک مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ش موقوف) سانپ کی کھال کی آواز جیسے فحیح اس کے سانس لینے کی آواز، اونٹ کی پہلی آواز۔

کَمْش: (ک مفتوح، م ساکن، ش موقوف) کفایت کرنے والا، کافی۔

کُنْدُش: (ک مضموم، ن ساکن، د مضموم، ش موقوف) عقعق پرندہ، ایک پرندہ ہے سیاہ رنگ تیز اڑنے والا، ایک دوا ہے جسے کندر کہتے ہیں۔

کَنْش: (ک مفتوح، ن ساکن، ش موقوف) کپڑے کے کنارے کو بٹنا، سخت مسواک کو نرم کرنا۔

﴿فصل الکاف مع الصاد﴾

کُرَیْص: (ک مضموم، ر مفتوح، ی ساکن، ص موقوف) پنیر، صاحب قاموس کہتے ہیں وہ پنیر جسے سبزیوں کے ساتھ کھاتے ہیں، مطلق پنیر جیسا کہ جوہری کا گمان ہے۔

کَصِیْص: (ک مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ص موقوف) لرزہ، پیچ و تاب کھانا، خوف۔

﴿فصل الکاف مع الضاد﴾

کَرَاض: (ک مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) نر کی منی جو مادہ رحم سے نکالتی ہے، رحم کی پیچیدگیاں، کُرْضَۃ بالضم واحد ہے۔

﴿فصل الکاف مع الطاء﴾

کَشْط: (ک مفتوح، ش ساکن، ط موقوف) کھال ادھیڑنا، جھول گھوڑے کی پیٹھ سے اتارنا، ننگا کرنا، پردہ اٹھانا۔

﴿فصل الکاف مع الظاء﴾

کَظّ: (ک مفتوح، ظ مشدد موقوف) رنجیدہ کرنا، غم میں ڈالنا، بدہضمی پیدا کرنا۔

کِظَاظ: (ک مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) ایک دوسرے کی عداوت و دشمنی کو حد سے زیادہ بڑھا دینا، رَجُل کَظ لَظ سخت آدمی۔

کَنْظ: (ک مفتوح، ن ساکن، ظ موقوف) کام کا کسی پر دشوار ہونا۔

﴿فصل الکاف مع العین﴾

کَتِیْع: (ک مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ع موقوف) کمینہ، سال وغیرہ جو پورا ہو۔

کُتَع: (ک مضموم، ت مفتوح، ع موقوف) لومڑی کا بچہ، کمینہ آدمی، کِتْعَان جمع ہے۔

کُثُوع: (ک مضموم، ث مضموم، و ساکن، ع موقوف) چوپائے کا چلنا، دودھ اور دہی سے بالائی لینا۔

کَرَع: (ک مفتوح، ر مفتوح، ع موقوف) بارش کا ٹھہرا ہوا پانی، پتلی پنڈلی والا ہونا، منہ لگا کر پانی پینا۔

کُرُوع: (ک مضموم، ر مضموم، و ساکن، ع موقوف) نہر وغیرہ سے منہ لگا کر پانی پینا۔

کُرَاع: (ک مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) گائے اور بکری وغیرہ کے پارچے، کنارہ، پہاڑ کی چوٹی، گھوڑوں کا گروہ، ایک لفظ ہے جسے بول کر گھوڑوں کو اکٹھا کرتے ہیں۔

کُرْسُوع: (ک مضموم، ر ساکن، س مضموم، و ساکن، ع موقوف) چھنگلی کی طرف گٹے کا حصہ جسے زند اسفل کہتے ہیں۔

کَسْع: (ک مفتوح، س ساکن، ع موقوف) گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے اردگرد کی سفیدی، وہ گھوڑے اور گدھے جن کے اگلے پیروں پر سم کے اوپر لٹکے ہوئے بال ہوتے ہیں، اونٹنی کے تھن پر ٹھنڈا پانی مارنا تا کہ وہ دوبارہ دودھ دے۔

کَسَع: (ک مفتوح، س مفتوح، ع موقوف) یمن کا ایک گروہ ہے۔

کَلَع: (ک مفتوح، ل مفتوح، ع موقوف) پیر کی پھٹن، مشک کی پھٹن، وہ برتن جس کی پھٹن بند کر دی گئی ہو۔

کِمْع: (ک مکسور، م ساکن، ع موقوف) ہم خواب، ہم سر، کَمِیْع بھی اسی معنی میں ہے۔

کُنُوع: (ک مضموم، ن مضموم، و ساکن، ع موقوف) پکڑنا، قبضہ کرنا، کام کا قریب ہونا، ستارے کا ڈوبنے کے لیے جھکنا، نرمی کرنا، عاجزی کرنا۔

کَنَع: (ک مفتوح، ن مفتوح، ع موقوف) انگلیوں کو خشک کرنا۔

کُوع: (ک مفتوح، و ساکن، ع موقوف) انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ جسے زند اعلیٰ کہتے ہیں، کَاع بھی اسی معنی میں ہے، کتے کا گرمی کی وجہ سے ہاتھ کی پنڈلی پر چلنا۔

کَیْع: (ک مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) کسی چیز سے ڈرنا۔

﴿فصل الکاف مع الفاء﴾

کَاف: (ک مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) حرف تہجی۔

کَافّ: (ک مفتوح، ا ساکن، ف مشدد موقوف) باز رکھنے والا، بڑھاپے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانتوں والا اونٹ۔

کَتْف: (ک مفتوح، ت ساکن، ف موقوف) آہستہ چلنا، پالان کے دو کناروں کو ایک دوسرے پر باندھنا، دونوں ہاتھوں کو پیچھے کی طرف باندھنا، شانے کے سرے کا بلند ہونا، راستہ چلنے کی ایک قسم۔

کِتْف: (ک مکسور، ت ساکن، ف موقوف) شانہ، کَتِف بھی اسی معنی میں ہے۔

کَتَف: (ک مفتوح، ت مفتوح، ف موقوف) شانے کا چوڑا ہونا، شانے کی چوڑائی، ایک قسم کی بیماری جو شانہ میں پیدا ہوتی ہے، کندھے کے درد کی وجہ سے چوپائے کا لنگڑانا۔

کِتَاف: (ک مکسور، ت مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ رسی جس سے ہاتھ کو پیچھے باندھیں۔

کَثِیف: (ک مفتوح، ث مکسور، ی ساکن، ف موقوف) بھدا، موٹا۔

کُرْسُف: (ک مضموم، ر ساکن، س مضموم، ف موقوف) روئی، دوات کا صوف۔

کَسْف: (ک مفتوح، س ساکن، ف موقوف) اونٹ کی کوچ کاٹنا اور اسے پیچھے کرنا، کپڑے کے ٹکڑے کرنا، ستارے وغیرہ کا چھپنا۔

کِسْف: (ک مکسور، س ساکن، ف موقوف) ٹکڑا، ٹکڑے، مفرد و جمع دونوں ہے۔

کِسَف: (ک مکسور، س مفتوح، ف موقوف) کِسْفَہ کی جمع ہے، ٹکڑے۔

کُسُوْف: (ک مضموم، س مضموم، و ساکن، ف موقوف) سورج گہن اور چاند گہن لگنا، بدحال ہونا، ترش رو ہونا، بخیل ہونا، عرف میں کُسُوْف سورج گہن اور خُسُوْف چاند گہن کو کہتے ہیں۔

کَاسِف: (ک مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ف موقوف) چھپنے والا، بدحال، ترش رو، بدمزہ۔

کَشْف: (ک مفتوح، ش ساکن، ف موقوف) کشادہ کرنا، کھولنا، ننگا کرنا۔

کَشَف: (ک مفتوح، ش مفتوح، ف موقوف) دائرے کی مانند کھلے ہوئے بال، گھوڑوں کی پونچھ کے بالوں کا پیچیدہ ہونا۔

کَاشِف: (ک مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ف موقوف) ظاہر کرنے والا، ننگا کرنے والا۔

کَشُوْف: (ک مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ف موقوف) حاملہ اونٹنی۔

کِشَاف: (ک مکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) اونٹنی کا حاملہ ہونا۔

کَشَّاف: (ک مفتوح، ش مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ایک مشہور تفسیر کا نام۔

کَفّ: (ک مفتوح، ف مشدد موقوف) ہتھیلی، باز رہنا، کسی کو باز رکھنا، لنگر ڈالنے کے بعد کپڑے کو دوبارہ سینا، اندھا ہونا، پرانا کپڑا، نعت، کلمہ سے ساتویں حرف ساکن کا ساقط کر دینا، جیسے فاعلاتن، مفاعیلن، کَفُّ الـذَّنْـب، کَفُّ الاَسَـد، کَفّ مَـرْیَم گھاسوں کے نام ہیں، کَفُّ الـخَضِیْب ایک سرخ ستارے کا نام جو اتر کی طرف آسمان پر ہوتا ہے۔

کُفُوْف: (ک مضموم، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) اونٹ کے دانت کا بڑھاپے کی وجہ سے گھس کر چھوٹا ہونا۔

کَفَاف: (ک مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) مانند، اندازہ، گزارہ کے لائق روزی، لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی، ہر وہ چیز جو کافی ہو اور دوسروں سے طلب کرنے سے بے نیاز کر دے، حدیث میں ہے اَللّٰھُمَّ ارْزُقْ آلَ مُحَمَّدٍ کَفَافاً اے اللہ آل محمد کو بقدر کفایت رزق عطا فرما۔

کِفَاف: (ک مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) ہر چیز کا قرار پانا۔

کَلْف: (ک مفتوح، ل ساکن، ف موقوف) حریص اور شیفتہ ہونا، عاشق زار ہونا۔

کَلَف: (ک مفتوح، ل مفتوح، ف موقوف) چہرے پر چھائیں ہونا، سرخی و سیاہی کا درمیانی رنگ جو چہرے پر ظاہر ہو، چاند کے چہرے کی سیاہی۔

کَنْف: (ک مفتوح، ن ساکن، ف موقوف) کسی چیز کا قرار پانا، حفاظت کرنا، مدد کرنا، علاحدہ ہونا، اونٹوں کے لیے درخت یا شاخ سے باڑھ بنانا۔

کِنْف: (ک مکسور، ن ساکن، ف موقوف) چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن۔

کَنَف: (ک مفتوح، ن مفتوح، ف موقوف) جانب، پناہ، پرندے کا پر، اَکْنَاف جمع ہے۔

کَنِیْف: (ک مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ف موقوف) تہہ خانہ، چھپا ہوا، ڈھال، بیت الخلا، طہارت خانہ، اونٹ کا باڑہ جو درخت یا شاخ سے بنائیں۔

کُنَیْف: (ک مضموم، ن مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) چھوٹا برتن جس میں کوئی چیز محفوظ رکھیں، کِنْف کی تصغیر ہے، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا لقب جنہیں حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اس سے ملقب کیا تھا حدیث میں ہے کُنَیْف مَلَاءُ عُلَمَاء کنیف علما کے سردار ہیں۔

کَہْف: (ک مفتوح، ہ ساکن، ف موقوف) غار، پناہ، کُہُوف جمع ہے۔
کَیْف: (ک مفتوح، ی ساکن، ف موقوف) کیسے۔

﴿فصل الکاف مع الکاف﴾

کَرَک: (ک مفتوح، ر مفتوح، ک موقوف) کوہ لبنان سے متصل ایک گاؤں، بلقا کے نواح میں ایک قلعے کا نام۔
کَرِک: (ک مفتوح، ر مکسور، ک موقوف) سرخ چیز، صاحب قاموس کہتے ہیں کرک دہ کے معنی میں را کے سکون کے ساتھ ہے لیکن یہ غلط ہے، کَرمَازَک کز کے درخت کا بیج جسے حب الاصل کہتے ہیں۔
کَشْک: (ک مفتوح، ش ساکن، ک موقوف) آش جو، جو کا پانی، ہریسہ۔
کَعْک: (ک مفتوح، ع ساکن، ک موقوف) کیک، کاک کا معرب ہے۔

﴿فصل الکاف مع اللام﴾

کَبْل: (ک مفتوح، ب ساکن، ل موقوف) موٹی بیڑی، گردن بند، قید کرنا۔
کَبَل: (ک مفتوح، ب مفتوح، ل موقوف) کھال کو چھوٹا کرنا۔
کَحَّال: (ک مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) وہ شخص جو آنکھ کے علاج میں ماہر ہو۔
کَحْل: (ک مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) قحط کا سال، قحط سالی کی سختی کا کسی کو پہنچنا، آنکھ میں سرمہ لگانا۔
کُحْل: (ک مضموم، ح ساکن، ل موقوف) سرمہ، بہت مال۔
کَحَل: (ک مفتوح، ح مفتوح، ل موقوف) کالا رنگ، آنکھ کا سرگیں ہونا۔
کِرْبَال: (ک مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) روئی دھننے کی کمان۔
کَسَل: (ک مفتوح، س مفتوح، ل موقوف) کاہلی۔
کِفْل: (ک مکسور، ف ساکن، ل موقوف) نصیبہ، حصہ، وہ شخص جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے، کمبل جو اونٹ کے کوہان پر لپیٹیں تا کہ اس پر سوار ہو سکیں اور وہ نہ کاٹ سکے۔
کَفْل: (ک مفتوح، ف ساکن، ل موقوف) ملا ہوا، روزہ رکھنا، ضامن ہونا۔
کَفَل: (ک مفتوح، ف مفتوح، ل موقوف) چوتڑ، سرین۔
کَافِل: (ک مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ل موقوف) ضامن، کَافِلُ الصَّوْم وَدَائِمُ الصَّوْم۔
کَفِیْل: (ک مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ل موقوف) ضامن، اپنے ذمے کام لینے والا۔
کَلّ: (ک مفتوح، ل مشدد موقوف) گرانی، بوجھل، بھاری، بوجھ، مرد کے بال بچے، کُلُول جمع ہے، یتیم، وہ شخص جس کا نہ باپ ہو نہ بیٹا، تھکنا، آنکھ کا چندھیانا، زبان کا کند ہونا۔
کُلّ: (ک مضموم، ل مشدد موقوف) تمام، سب۔
کَلَال: (ک مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تھکن، آنکھ کی خیرگی۔
کُلُوْل: (ک مضموم، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) تلوار کا کند ہونا، زبان کا کند ہونا، آنکھ کا چندھیانا،
کَلِیْل: (ک مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل موقوف) کند زبان، کند چشم، کند شمشیر۔
کَمَال: (ک مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تمام، تمام ہونا، پورا ہونا۔
کَامِل: (ک مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ل موقوف) پوری چیز، ایک گھوڑے کا نام۔
کَہْل: (ک مفتوح، ہ ساکن، ل موقوف) ادھیڑ آدمی، کَہْلَۃ، ادھیڑ عورت۔
کَاہِل: (ک مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ل موقوف) سست، جانور کے دونوں شانوں کا بیچ، قبیلۂ بنی اسد کا مورث اعلیٰ۔
کَیْل: (ک مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) ناپنا، ناپنے کا پیمانہ۔
کَیَّال: (ک مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ناپنے والا، ایک بے وقوف شخص کا نام جو ہمیشہ مٹی ناپتا تھا۔

کَیُّول: (ک مفتوح، ی مشدد مضموم، و ساکن، ل موقوف) میدان جنگ کی آخری صف۔

﴿فصل الکاف مع المیم﴾

کَتْم: (ک مفتوح، ت ساکن، م موقوف) چھپانا، پوشیدہ رکھنا، راز چھپانا۔

کَتَم: (ک مفتوح، ت مفتوح، م موقوف) ایک گھاس ہے جس سے خضاب بناتے ہیں۔

کَتُوم: (ک مفتوح، ت مضموم، و ساکن، م موقوف) ثابت اور درست کمان، وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے، وہ اونٹ جو بیٹھتے وقت آواز نہ کرے۔

کَثْم: (ک مفتوح، ث ساکن، م موقوف) کسی کام سے روکنا۔

کَثَم: (ک مفتوح، ث مفتوح، م موقوف) کشادہ پیٹ، شکم سیر ہونا،

کَدْم: (ک مفتوح، د ساکن، م موقوف) کاٹنا، اگلے دانتوں سے کاٹنا۔

کَرْم: (ک مفتوح، ر ساکن، م موقوف) سخاوت میں غالب ہونا، انگور کی بیل، گلے کا پٹا۔

کَرَم: (ک مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) جوانمردی، بہادری، عزیزی، بزرگوار، بیش قیمت ہونا، بخشش والا ہونا۔

کَرِیم: (ک مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، م موقوف) بخشنے والا، سخی، بہادر، گناہ معاف کرنے والا۔

کَرَام: (ک مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کریم، سخی۔

کِرَام: (ک مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کَرِیم کی جمع ہے، ابو عبداللہ کا لقب ہے جس نے سلطان محمود کے زمانے میں ایک مذہب ایجاد کیا اور ہر مذہب سے چند چیزیں اخذ کیں، فرقہ کرامیہ اسی کی طرف منسوب ہے۔

کَرَّام: (ک مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت کرم کرنے والا، بڑا کریم۔

کَزْم: (ک مفتوح، ز ساکن، م موقوف) دانت سے توڑنا۔

کَزَم: (ک مفتوح، ز مفتوح، م موقوف) گھوڑے اور گدھے کے ہونٹ کا چھوٹا اور موٹا ہونا، ناک کا چھوٹا ہونا، انگلیوں کا چھوٹا ہونا۔

کَزُوم: (ک مفتوح، ز مضموم، و ساکن، م موقوف) وہ اونٹنی جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔

کَسْم: (ک مفتوح، س ساکن، م موقوف) ہاتھ سے ملنا، خشک چیز کو صاف کرنا۔

کَشْم: (ک مفتوح، ش ساکن، م موقوف) ناک کو بدن سے کاٹنا۔

کَشَم: (ک مفتوح، ش مفتوح، م موقوف) نقصان۔

کَظْم: (ک مفتوح، ظ ساکن، م موقوف) غصہ پی جانا۔

کَظِیم: (ک مفتوح، ظ مکسور، ی ساکن، م موقوف) غصہ پینے والا، غصہ پیا ہوا۔

کُظُوم: (ک مضموم، ظ مضموم، و ساکن، م موقوف) خاموش رہنا، اونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔

کَاظِم: (ک مفتوح، ا ساکن، ظ مکسور، م موقوف) غصہ پینے والا، امام موسیٰ بن جعفر کا لقب ہے۔

کَعْم: (ک مفتوح، ع ساکن، م موقوف) اونٹ کو تھوتھنی لگانا، برتن کا منہ باندھنا، بوسہ دینا۔

کِعَام: (ک مکسور، ع مفتوح، ا ساکن، م موقوف) تھوتھنی جس سے اونٹ کے منہ کو باندھتے ہیں تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

کَلْم: (ک مفتوح، ل ساکن، م موقوف) زخمی کرنا۔

کَلِم: (ک مفتوح، ل مکسور، م موقوف) باتیں، کَلِمَۃ کی جمع ہے۔

کَلَام: (ک مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بات کہنا، بات۔

کِلَّام: (ک مکسور، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بات کرنا۔

کُلُوم۔ کِلَام: (ک مضموم، ل مضموم، و ساکن، م موقوف) (ک مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زخم۔

کُلْثُوم: (ک مضموم، ل ساکن، ث مضموم، و ساکن، م موقوف) چہرے اور رخساروں پر زیادہ گوشت ہونا۔

کَلِیم: (ک مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، م موقوف) ہمکلام، کسی کے

ساتھ گفتگو کرنے والا، مجروح، زخمی۔

کَم: (ک مفتوح، م موقوف) چند، بہت۔

کُم: (ک مضموم، م موقوف) گنتی۔

کُمّ: (ک مضموم، م مشدد موقوف) آستین، اَکمام جمع ہے۔

کِم: (ک مکسور، م موقوف) شگوفے کا غلاف۔

کَمّ: (ک مفتوح، م مشدد موقوف) کسی چیز کی مقدار، کپڑے میں آستین لگانا، اونٹ کا منہ باندھنا تا کہ کاٹ نہ سکے، مٹکے کا منہ باندھنا۔

کِمَام: (ک مکسور، م مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کسی چیز سے اونٹ کا منہ اس لیے باندھیں تا کہ وہ نہ کاٹے۔

کَمْکَام: (ک مفتوح، م ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گٹھے بدن کا آدمی۔

کَوْم: (ک مفتوح، و ساکن، م موقوف) گھوڑے وغیرہ کا گھوڑی سے جفتی کرنا۔

کُوْم: (ک مضموم، و ساکن، م موقوف) اونٹ کا ریوڑ۔

کَہَام: (ک مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) خراب تلوار، کندزبان، بودا گھوڑا۔

کَہِیْم: (ک مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، م موقوف) عمر دراز، کہام بھی اسی معنی میں ہے۔

﴿فصل الکاف مع النون﴾

کَبْن: (ک مفتوح، ب ساکن، ن موقوف) ڈول کے منہ کو موڑنا، دوبارہ مضبوط سلنا، ڈول کا منہ سلنا، ڈول کا منہ موڑنا، کسی چیز سے باز رہنا، کسی چیز کو ناپید کرنا، فربہ ہونا۔

کُبَان: (ک مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اونٹ کی بیماری۔

کَبَّان: (ک مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بیمار اونٹ۔

کَتْن: (ک مفتوح، ت ساکن، ن موقوف) گھاس کی سبزی کا اونٹ کی تھوتھنی سے چپکنا۔

کَتَن: (ک مفتوح، ت مفتوح، ن موقوف) میل، میل کا چپکنا، دھوئیں کی وجہ سے دیوار کا سیاہ ہونا۔

کَتَّان: (ک مفتوح، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مشہور کپڑا جو گرمی اور ٹھنڈی میں معتدل ہوتا ہے۔

کُتَّان: (ک مضموم، ت مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک کیڑا ہے۔

کِدْن: (ک مکسور، د ساکن، ن موقوف) وہ کپڑا جسے عورتیں ہودج میں بچھا کر بیٹھتی ہیں، کُدُون جمع ہے، ہاون چہ مین، جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں۔ (م)

کِرَان: (ک مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک باجے کا نام، بعض لوگ کہتے ہیں چنگ ایک مشہور باجے کا نام ہے، جنگل میں ایک مقام کا نام۔

کُرَان: (ک مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) دراہجرد یا سیراف کے قریب ایک شہر کا نام۔

کَرَّان: (ک مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اصفہان میں ایک محلہ، تبت کے قریب ایک شہر کا نام، مغرب میں ایک قلعے کا نام۔

کَرَوَان: (ک مفتوح، ر مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) طوس میں ایک گاؤں کا نام، چکور، صاحب صراح کہتے ہیں کہ ایک پرندہ ہے جسے حباریٰ بھی کہتے ہیں اور فارسی میں شواد کہتے ہیں، کِرْاوِین اور کِرْاوَان جمع ہے۔

کَفْن: (ک مفتوح، ف ساکن، ن موقوف) اون کاتنا۔

کَفَن: (ک مفتوح، ف مفتوح، ن موقوف) مردے کا کپڑا۔

کُفْرَان: (ک مضموم، ف ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ناشکری۔

کُمُوْن: (ک مضموم، م مضموم، و ساکن، ن موقوف) چھپنا۔

کَمُوْن: (ک مفتوح، م مضموم، و ساکن، ن موقوف) وہ اونٹنی جس نے حمل کو چھپا رکھا ہو۔

کَمُّوْن: (ک مفتوح، م مشدد مضموم، و ساکن، ن موقوف) زیرہ۔

کَامِن: (ک مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ن موقوف) چھپا ہوا، پوشیدہ۔

کَمِیْن: (ک مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) میدان جنگ

میں چھپنے والا۔

کِنّ : (ک مکسور، ن مشدد موقوف) لباس، اَکنان اور اَکِنّہ جمع ہے۔

کَنّ : (ک مفتوح، ن مشدد موقوف) چھپانا، کسی چیز کو پوشیدہ رکھنا، چھپنا۔

کَانُون : (ک مفتوح، ا ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) آتشدان، سردی مہینوں میں سے دو مہینہ ایک کو کانون الاول اور دوسرے کو کانون الآخر کہتے ہیں۔

کَوْدَن : (ک مضموم، و ساکن، د مفتوح، ن موقوف) بوجھ لادنے کا ٹٹو یا خچر، احمق اور بے وقوف شخص۔

کُوقَان : (ک مضموم، و ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پناہ، شہر کوفہ کا نام۔

کَوْن : (ک مفتوح، و ساکن، ن موقوف) ہونا، موجود ہونا، کینُونہ بھی اسی معنی میں ہے۔

کَاہِن : (ک مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ن موقوف) فال نکالنے والا، کہّان اور کَہَنَہ جمع ہے، دو قبیلوں کا نام۔

کَیْن : (ک مفتوح، ی ساکن، ن موقوف) عورت کی شرمگاہ کا اندرونی گوشت۔

کَیَان : (ک مفتوح، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بری چال چلنا، ایک شخص کا نام ہے۔

کِیَان : (ک مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کائن کی جمع ہے، سمع الکیان علم طبعی میں ایک کتاب کا نام ہے اور اس کا معنی موجودات کے احوال کا سننا ہے۔

کَائِن : (ک مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ن موقوف) موجود، ہونے والا۔

﴿فصل الکاف مع الواو﴾

کَبْو : (ک مفتوح، ب ساکن، و موقوف) کوزے سے پانی بہانا، ٹھنڈا کرنا، گھوڑا دوڑانا، کوڑا کرکٹ جھاڑنا، راکھ میں آگ چھپانا۔

کَنْو : (ک مفتوح، ن ساکن، و موقوف) کنایہ میں بات کہنا، کسی کی کنیت رکھنا۔

﴿فصل الکاف مع الہاء﴾

کَرْہ : (ک مفتوح، ر ساکن، ہ موقوف) رنج، تکلیف، بات۔

کُرْہ : (ک مضموم، ر ساکن، ہ موقوف) ناخوشی، ناملائمی۔

کَمَہ : (ک مفتوح، م مفتوح، ہ موقوف) مادرزاد اندھا ہونا۔

کُنْہ : (ک مضموم، ن ساکن، ہ موقوف) کسی چیز کی انتہا، کام کا وقت۔

﴿فصل الکاف مع الیاء﴾

کَاذِی : (ک مفتوح، ا ساکن، ذ مکسور، ی موقوف) ایک خوشبودار درخت جسے کدر بھی کہتے ہیں، ہندوستان میں بہت پیدا ہوتا ہے، ہندی میں اسے کیوڑا کہتے ہیں، کاذی کا شربت جو کوڑھ اور چیچک جیسی بیماریوں میں بہت مفید ہے، اس شربت کو شراب کدر بھی کہتے ہیں۔

کُرْکِی : (ک مضموم، ر ساکن، ک مکسور، ی موقوف) ایک مشہور پرندے کا نام جو سارس کے مشابہ ہے، جس کو کونج بھی کہتے ہیں۔

کَرُّوْبِی : (ک مفتوح، ر مشدد مضموم، و ساکن، ب مکسور، ی موقوف) مقرب فرشتہ، اس کی تخفیف زیادہ صحیح ہے۔

کُرْسِیّ : (ک مضموم، ر ساکن، س مکسور، ی مشدد موقوف) چھوٹا تخت جسے فارسی میں صندلی کہتے ہیں۔

کَرَابِیْسِیّ : (ک مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ی ساکن، س مکسور، ی مشدد موقوف) روئی بیچنے والا، سوتی کپڑا بیچنے والا۔

کَسَائِی : (ک مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ی موقوف) ایک مشہور نحوی عالم جو اکثر چادر اوڑھتا تھا۔

کَافِی : (ک مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ی موقوف) بس ہونے والا، کفایت کرنے والا، ضامن، ضمانت دار۔

کَمِیّ : (ک مفتوح، م مکسور، ی مشدد موقوف) دلیر، بہادر۔

کَاوِی : (ک مفتوح، ا ساکن، و مکسور، ی موقوف) داغ کرنے والا، داغ لگانے والا۔

کَیّ : (ک مفتوح، ی مشدد موقوف) داغ، داغ کرنا، کاٹنا، گہری نظر سے دیکھنا، تیز دیکھنا۔

﴿ باب اللام ﴾

﴿فصل اللام مع الالف﴾

لِبَأ: (ل مکسور، ب مفتوح، ء موقوف) پیوی، کھیس، کھیچ، حیوان کا وہ گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے کے بعد (تین دن تک) نکلتا ہے۔

لَظَیٰ: (ل مفتوح، ظ مفتوح، ا مقصورہ موقوف) دوزخ، شعلہ مارنے والی آگ۔

لِقَاء: (ل مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دیکھنا، پہنچنا، جنگ کرنا۔

لُؤلُؤ: (ل مضموم، ؤ ساکن، ل مضموم، ؤ موقوف) بڑا موتی، بڑے موتی اسم جنس ہے، لُؤلُؤۃ مفرد، ابُو لُؤلُؤ مغیرہ بن شعبہ کا غلام جس نے حضرت عمر کو قتل کیا۔

لِوَاء: (ل مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) جھنڈا، اَلْوِیَۃ جمع، اَلْوِیَات جمع الجمع۔

لُوبِیَاء: (ل مضموم، و ساکن، ب مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) تقریباً باقلا کے برابر ایک چھوٹا دانہ جسے سیاہ چشمک کہتے ہیں۔

لَاوَیٰ: (ل مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ا مقصورہ موقوف) سختی، مصیبت، حضرت یعقوب کے لڑکے کا نام۔

﴿فصل اللام مع الباء﴾

لَبْلَاب: (ل مفتوح، ب ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ایک بیل ہے جو درختوں سے لپٹی رہتی ہے اور اسے عشق پیچان کہتے ہیں (ایک پھول والی بیل جو جھاڑیوں پر پھیلتی ہے اس کے پتے لوبیا کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں)۔

لُبَاب: (ل مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) ہر خالص چیز۔

لُبّ: (ل مضموم، ب مشدد موقوف) عقلمند ہونا، درخت کا تنہ، ہر خالص چیز، مغز بادام وغیرہ، لُبُوب جمع ہے، عقل، دل، اَلْبَاب جمع ہے۔

لَبّ: (ل مفتوح، ب مشدد موقوف) برابر ہونا، گردن پر مقتل کی جگہ تلوار مارنا۔

لِبّ: (ل مکسور، ب مشدد موقوف) کسی کام کو لازم پکڑنے والا شخص۔

لَبِیْب: (ل مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ب موقوف) عقلمند۔

لَبَب: (ل مفتوح، ب مفتوح، ب موقوف) حالت، گھوڑے کے پیٹ کے نیچے کا تسمہ جس کا ایک سرا تنگ اور دوسرا سینے سے باندھتے ہیں، سینے پر ہار پڑنے کی جگہ، باریک ریت، ریت کی کثرت۔

لَتْب۔ لُتُوب: (ل مفتوح، ت ساکن، ب موقوف) (ل مضموم، ت مضموم، و ساکن، ب موقوف) استوار، مضبوط، ثابت قدم رہنا، چپکنا۔

لَاتِب: (ل مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ب موقوف) ثابت قدم، مضبوط، چپکنے والا۔

لَجْب: (ل مفتوح، ج ساکن، ب موقوف) آواز، فریاد، کشادہ راستہ، لَاجِب بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

لَزُوب: (ل مفتوح، ز مضموم، و ساکن، ب موقوف) ثابت ہونا، کھڑا ہونا، کسی چیز سے چپکنا۔

لَازِب: (ل مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ب موقوف) لازم، ثابت، چپکنے والی چیز۔

لَسْب: (ل مفتوح، س ساکن، ب موقوف) مارنا، کاٹنا، اکٹھا کرنا، کسی چیز سے چپکنا، شہد چاٹنا۔

لَصْب: (ل مفتوح، ص ساکن، ب موقوف) تلوار کا نیام میں اس طرح پیوست ہونا کہ کھینچی نہ جا سکے، کمزوری کے سبب جلد کا ہڈی سے چپکنا۔

لِصْب: (ل مکسور، ص ساکن، ب موقوف) پہاڑ کی تنگ جگہ، وہ شخص جو کسی کو کوئی چیز نہ دے۔

لَعْب: (ل مفتوح، ع ساکن، ب موقوف) رال ٹپکانا۔

لَعِب: (ل مفتوح، ع مکسور، ب موقوف) کھیلنا،

لَاعِب: (ل مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ب موقوف) کھیلنے والا۔

لُعَاب: (ل مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) تھوک، رال، گاڑھا پانی جو دوا بھگونے سے نکلتا ہے، تخم قطونہ کے لعاب کی طرح، لُعابُ النَّحل شہد، لُعَابُ الشَّمس وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی ہوئی دھوپ میں مکڑی کے جالے کے مانند فضا میں اوپر سے نیچے اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

لُغُوب: (ل مضموم، غ مضموم، و ساکن، ب موقوف) تھکنا، ملول ہونا، اکتانا۔

لَغْب: (ل مفتوح، غ ساکن، ب موقوف) فساد ڈالنا، قوم کے درمیان تباہی پھیلانا، جھوٹی بات کہنا، پرندے کا چھوٹا خراب پر۔

لَقَبْ: (ل مفتوح، ق مفتوح، ب موقوف) وہ نام جو تعریف یا مذمت پر دلالت کرے، فارسی میں اسے باز نامہ کہتے ہیں۔

لَوْب: (ل مفتوح، و ساکن، ب موقوف) پتھریلی زمین، لوبۃ واحد ہے، لاب اور لابہ اسی معنی میں ہے۔

لَهَبْ: (ل مفتوح، ہ مفتوح، ب موقوف) پیاسا ہونا، آگ کی بھڑک، بے دھوئیں کا شعلہ، بلند غبار۔

لِہْب: (ل مکسور، ہ ساکن، ب موقوف) پہاڑ کی دراڑ، دو پہاڑوں کے درمیان کی کشادگی، درہ۔

لُہَاب۔ لَہِیب: (ل مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) (ل مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ب موقوف) آگ کا شعلہ مارنا، آگ کا روشن ہونا۔

﴿فصل اللام مع التاء﴾

لَبَابَۃ: (ل مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) عقلمند ہونا۔

لَبِیَّۃ: (ل مفتوح، ب مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک کپڑے کا نام، عقلمند عورت۔

لَبَّۃ: (ل مفتوح، ب مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گردن کا کنارہ جو کاٹنے کی جگہ ہے۔

لِبْنَۃ: (ل مکسور، ب ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) اینٹ، اونٹ، دودھ والی بکری۔

لِبْدَۃ: (ل مکسور، ب ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) اکٹھا کیا ہوا بال یا اون، پیٹھ کا بال، درندہ شیر کا مونڈھا۔

لَابَۃ۔ لُوْبَۃ: (ل مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) (ل مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پتھریلی زمین۔

لَتّ: (ل مفتوح، ت مشدد موقوف) ستو وغیرہ تر کرنا، مضبوط باندھنا، کس کر باندھنا، چپکانا۔

لِثَّۃ: (ل مکسور، ث مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دانت کے اردگرد کا گوشت۔

لَجَاجَۃ: (ل مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) لڑائی کرنا، جھگڑنا۔

لَجْلَجَۃ: (ل مفتوح، ج ساکن، ل مفتوح، ج مفتوح، ۃ موقوف) لقمہ چبائے بغیر منہ میں پھرانا، تتلانا، منہ میں بات کو اس طرح پھرانا کہ ظاہر ہو۔

لُجَّۃ: (ل مضموم، ج مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دریا کا بیچ، دریا کا دور ترین مقام، گہرا دریا۔

لَجَّۃ: (ل مفتوح، ج مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آواز، شور وغل، غوغا۔

لَحْظَۃ: (ل مفتوح، ح ساکن، ظ مفتوح، ۃ موقوف) ایک نظر دیکھنا، آنکھ کے کنارے سے ایک بار دیکھنا۔

لِحْیَۃ: (ل مکسور، ح ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) داڑھی کا بال، لحیۃ التیس ایک گھاس کا نام ہے۔

لَحْمَۃ: (ل مفتوح / مضموم، ح ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) وہ حصہ جو باز کو اس کے شکار سے کھلایا جائے، کپڑے کا بانا، قرابت۔

لَخْلَخَۃ: (ل مفتوح، خ ساکن، ل مفتوح، خ مفتوح، ۃ موقوف) چند خوشبودار چیزیں جنہیں ملا کر سونگھتے ہیں۔

لَذَّۃ: (ل مفتوح، ذ مشدد مفتوح، ۃ موقوف) مزہ، شراب۔

لَذَاذَۃ: (ل مفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ذ مفتوح، ۃ موقوف) اچھا مزہ پانا۔

لَزُوْجَۃ: (ل مفتوح، ز مضموم، و ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) چکناہٹ،

چمکنا۔

لُصُوْصِيَّةٌ: (ل مضموم، ص مضموم، و ساکن، ص مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) چوری کرنا۔

لَطَافَتْ: (ل مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ت موقوف) باریک ہونا، نیک ہونا، اچھا ہونا، نازک ہونا، چھوٹا ہونا۔

لَطِيْفَةٌ: (ل مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) اچھائی، اچھی چیز، عمدہ۔

لَاعِيَةٌ: (ل مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) زقوم کی قسم کا ایک درخت جو دودھ جلانے والا ہوتا ہے، قتال، آنا، تقصیر۔

لَعْبَةٌ: (ل مفتوح، ع ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار کھیلنا۔

لِعْبَةٌ: (ل مکسور، ع ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) ایک قسم کا کھیل کھیلنا۔

لُعْبَةٌ: (ل مضموم، ع ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) کھیل جیسے شطرنج وغیرہ۔

لَعْنَةٌ: (ل مفتوح، ع ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) نفرت۔

لُعْنَةٌ: (ل مضموم، ع ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) وہ شخص جس سے لوگ نفرت کریں۔

لُعَنَةٌ: (ل مضموم، ع مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) جو لوگوں سے نفرت کرے۔

لُغَةٌ: (ل مضموم، غ مفتوح، ۃ موقوف) آوازیں اور کلمے جس سے لوگ اپنے مقاصد کی تعبیر کرتے ہیں، لُغات جمع ہے۔

لَاغِيَةٌ: (ل مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) بیہودہ بات، بیہودہ بولنے والی عورت۔

لَافِظَةٌ: (ل مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ظ مفتوح، ۃ موقوف) دریا، بکری، چکی، مرغا۔

لُفَاظَةٌ: (ل مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ظ مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جو منہ سے پھینکی جائے۔

لَفْت: (ل مفتوح، ف ساکن، ت موقوف) پھیرنا، لپیٹنا۔

لِفْت: (ل مکسور، ف ساکن، ت موقوف) نگاہ کرنا، جھکنا، شلغم، چیز کی ایک جانب۔

لُقَّاعَةٌ: (ل مضموم، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) بہت بولنے والا، حاضر جواب آدی۔

لَقْلَقَةٌ: (ل مفتوح، ق ساکن، ل مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) ایک آبی پرندے کا سخت آواز کرنا، فارسی میں اس پرندہ کو لکلک کہتے ہیں۔

لَقْوَةٌ: (ل مفتوح، ق ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) ایک بیماری ہے جو آدی کے چہرے کو ٹیڑھا کر دیتی ہے، لقوہ کی بیماری میں مبتلا ہونا، اونٹنی کا جلد حاملہ ہونا، مادہ عقاب۔

لِقْحَةٌ: (ل مکسور، ق ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) وہ اونٹنی جس کا دودھ دوہا جائے۔

لُقْطَةٌ: (ل مضموم، ق ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) کسی کی گمشدہ چیز جو راستے میں پڑی ہوئی ملے اٹھالینا تاکہ ضائع نہ ہو اور جب اس کا مالک ظاہر ہو اس کے حوالے کر دی جائے۔

لَقِيْطَةٌ: (ل مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) راستے میں کسی کا پھینکا ہوا بچہ جسے اٹھا کر اس کی پرورش کریں۔

لُقَاطَةٌ: (ل مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) گھٹیا چیز، بے قیمت چیز۔

لَمْحَةٌ: (ل مفتوح، م ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) بجلی کا چمکنا، ایک بار کسی چیز کو تھوڑا دیکھنا۔

لُمَزَةٌ: (ل مضموم، م مفتوح، ز مفتوح، ۃ موقوف) عیب لگانے والا۔

لَمْعَةٌ: (ل مفتوح، م ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) روشنی۔

لُمْعَةٌ: (ل مضموم، م ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) لوگوں کی جماعت، سر کی سفیدی، گھاس کا ٹکڑا جو سوکھ کر سفید ہو جائے، جسم کا وہ حصہ جو وضو یا غسل میں سوکھ جائے۔

لَمَّةٌ: (ل مفتوح، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) تھوڑی چیز، پاگل پن، زمانہ۔

لِمَّةٌ: (ل مکسور، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) وہ بال جو کان کی جڑ میں چھوڑ دیا جائے۔

لَامَةٌ: (ل مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) زرہ۔

لَوت: (ل مفتوح، ومفتوح، ت موقوف) پوچھے بغیر کوئی بات کہنا، پھرانا، باز رکھنا، روکنا۔

لَوعَۃ: (ل مفتوح، وساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) جلانا، کسی کی دوستی۔

لِوَاطَۃ: (ل مکسور، ومفتوح، اساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) اغلام بازی کرنا، لونڈے بازی، مرد یا عورت کے پیچھے کے مقام سے آنا۔

لَومَۃ: (ل مفتوح، وساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) ملامت کرنا۔

لَوَّامَۃ: (ل مفتوح، ومشدد مفتوح، اساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) بہت ملامت کرنے والا۔

لَوَّاحَۃ: (ل مفتوح، ومشدد مفتوح، اساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) چہرے کا رنگ سخت ہونا، کالا کرنے والا۔

لُوحَۃ: (ل مضموم، وساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) تازہ تیل۔

لَوزَۃ: (ل مفتوح، وساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) گوشت کا وہ ٹکڑا جو منہ کے اندر حلق کے سرے پر کھانے کے گزرنے کی جگہ ہوتا ہے۔

لَیت: (ل مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) پھیرنا، باز رکھنا۔

لِیت: (ل مکسور، ی ساکن، ت موقوف) چہرے کی لکیر، دونوں طرف کو لیتان کہتے ہیں، نقصان کرنا۔

لَیت: (ل مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) ایک ایسا کلمہ ہے جو کسی چیز کی خواہش کے وقت کہتے ہیں، فارسی میں کاشکہ ہوتا ہے۔

لِیفَۃ: (ل مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف)

لِفَافَۃ: (ل مکسور، ف مفتوح، اساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جسے کسی چیز پر لپیٹتے ہیں۔

لِیقَۃ: (ل مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) اون وغیرہ جو دوات میں ڈالتے ہیں، کالی چیز جو سر میں ڈالتے ہیں۔

لَیقَۃ: (ل مفتوح، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) دوات میں ڈالنا، لَیق بھی اسی معنی میں ہے۔

﴿فصل اللام مع الثاء﴾

لَبث۔لَبَاث: (ل مفتوح، ب ساکن، ث موقوف) (ل مفتوح، ب مفتوح، اساکن، ث موقوف) دیر کرنا۔

لَابِث: (ل مفتوح، اساکن، ب مکسور، ث موقوف) دیر کرنے والا۔

لَوث: (ل مفتوح، وساکن، ث موقوف) دستار لپیٹنا، آلودہ کرنا، تھیڑنا، طاقتور اور توانا ہونا، پناہ لینا، ارد گرد پھرنا۔

لَوَث: (ل مفتوح، ومفتوح، ث موقوف) سستی۔

لَہث: (ل مفتوح، ہ ساکن، ث موقوف) پیاسا ہونا، لَہَاث بھی اسی معنی میں ہے، کتے کا پیاس سے زبان باہر لانا۔

لَیث: (ل مفتوح، ی ساکن، ث موقوف) درندہ شیر، مکڑی جو مکھی کو پکڑ لیتی ہے۔

لِیث: (ل مکسور، ی ساکن، ث موقوف) گھاس کی کثرت۔

﴿فصل اللام مع الجیم﴾

لَجَاج: (ل مفتوح، ج مفتوح، اساکن، ج موقوف) جنگ کرنا۔

لَجّ: (ل مفتوح، ج مشدد موقوف) آواز کرنا، کشتی کا بیچ دریا میں چلنا، جنگ کرنا۔

لُجّ: (ل مضموم، ج مشدد موقوف) زیادہ پانی، دریا میں بہت گہری جگہ، تلوار۔

لَجَاج: (ل مفتوح، ج مفتوح، اساکن، ج موقوف) وہ شخص جس کی زبان بولنے میں لکنت کھائے اور وہ صحیح بات نہ کر سکے، مشہور شطرنجی (شطرنج کھیلنے والا) علم شطرنج میں جس کی مثال دیتے ہیں، یہ قول بھی مشہور ہے کہ خلفائے عباسیہ کے بڑے ہم نشینوں میں تھا اور عام لوگ اسے لیلاج کہتے ہیں۔

لَحج: (ل مفتوح، ح ساکن، ج موقوف) تلوار کا نیام میں چمٹنا، کسی چیز میں بندھا ہونا، چپکنا، چھری وغیرہ غلاف میں رکھنا، تنگ جگہ، ہر تنگ چیز۔

لَزج: (ل مفتوح، ز ساکن، ج موقوف) چپکنا،

لَزِج: (ل مفتوح، ز مکسور، ج موقوف) چپکنے والی چیز جیسے سریش وغیرہ۔

لَعج: (ل مفتوح، ع ساکن، ج موقوف) کسی چیز کا دل میں کھٹکنا اور

سوزش پیدا کرنا اور درد میں مبتلا کرنا۔

لَمْج: (ل مفتوح، م ساکن، ج موقوف) منہ کے گوشے سے کھانا۔

لَمَاج: (ل مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) تھوڑی چیز جو کھائی جائے۔

لَہَج: (ل مفتوح، ہ مفتوح، ج موقوف) شیفتہ ہونا، لالچی ہونا، ورغلانا۔

فصل اللام مع الحاء

لَتَح: (ل مفتوح، ت مفتوح، ح موقوف) بھوک۔

لَطْح: (ل مفتوح، ط ساکن، ح موقوف) آہستہ آہستہ کسی کی پیٹھ پر ہتھیلی سے مارنا، کسی چیز کو زمین پر پٹخنا۔

لَفْح: (ل مفتوح، ف ساکن، ح موقوف) گرمی کا جھلسانا، آگ کا جلانا، گرم ہوا کا جھلسانا، تلوار سے مارنا۔

لُفَّاح: (ل مضموم، ف مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بیگن کی طرح ایک قسم کا تیز بو پودا جو زرد (پیلا) ہوتا ہے۔

لَقَح: (ل مفتوح، ق مفتوح، ح موقوف) حاملہ ہونا، لِقاح بھی اسی معنی میں آیا ہے۔

لَاقِح: (ل مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ح موقوف) حاملہ، وہ چیز جس سے کھجور کو گابھا دیتے ہیں۔

لَقُوح: (ل مفتوح، ق مضموم، و ساکن، ح موقوف) وہ اونٹنی جس کو بچہ جنے ہوئے ابھی دو یا تین مہینہ گذرا ہو، اس کے بعد اسے لَبُون کہتے ہیں، لِقاح جمع ہے۔

لَوَاقِح: (ل مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ح موقوف) لَاقِح کی جمع، حاملہ کرنے والے، اسی معنی میں مُلْقِح کی جمع ہے۔

لَمْح: (ل مفتوح، م ساکن، ح موقوف) دیکھنا، گھورنا، تیز نظر سے دیکھنا۔

لُوح: (ل مضموم، و ساکن، ح موقوف) زمین اور آسمان کے درمیان کی فضا۔

لَوح: (ل مفتوح، و ساکن، ح موقوف) آدمی کا کاندھا، ہر چوڑی ہڈی لکڑی اور تختہ، دوڑنا، سفر کا لوگوں کے چہرے کا رنگ بدل دینا، پیاس کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا، بجلی کا چمکنا، ستارے کا ظاہر ہونا۔

لِيَاح: (ل مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) سفید جنگلی گائے۔

فصل اللام مع الخاء

لَطْخ: (ل مفتوح، ط ساکن، خ موقوف) آلودہ ہونا، لتھڑنا، برائی میں ڈالنا، برائی کا الزام لگانا۔

لَطُوخ: (ل مفتوح، ط مضموم، و ساکن، خ موقوف) دوا جسے کسی چیز پر ملتے ہیں۔

فصل اللام مع الدال

لُبَد: (ل مضموم، ب ساکن، د موقوف) بہت مال وغیرہ، لوگوں کی بھرمار، وہ شخص جو سفر میں نہیں جاتا اور اپنی جگہ سے دور نہیں ہوتا، لقمان عاد کے گدھوں میں سے آخری گدھ۔

لِبْد: (ل مکسور، ب ساکن، د موقوف) نمدہ، دونوں کندھوں کے درمیان بالوں کا گچھا۔

لَبَد: (ل مفتوح، ب مفتوح، د موقوف) اون، بہت زیادہ گھاس کھانے کی وجہ سے اونٹ کی حلق یا سینے میں پھنسنا۔

لَبِيد: (ل مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، د موقوف) چھوٹا بورا، ایک مشہور شاعر کا نام۔

لَحْد: (ل مفتوح، ح ساکن، د موقوف) قبر کی بغل کا گڈھا، قبر کے ایک کنارے گڈھا کھودنا، لُحد ضمہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

لَدَد: •ل مفتوح، د مفتوح، د موقوف) سخت دشمنی والا ہونا، شام میں ایک جگہ کا نام۔

لَدّ: (ل مفتوح، د مشدد موقوف) دشمنی اور جنگ کرنا۔

لُدّ: (ل مضموم، د مشدد موقوف) جنگ کرنے والا۔

لَدُود: (ل مفتوح، د مضموم، و ساکن، د موقوف) جنگ کرنے والا، اَلَدّ بھی اسی معنی میں ہے۔

لَدِيد: (ل مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) وادی کا کنارہ، گردن کا کنارہ، وہ دوا جو منہ کے کنارے سے پلاتے ہیں، لَدُود اسی معنی میں ہے۔

لَسْد: (ل مفتوح، س ساکن، د موقوف) شکار کیے ہوئے جانور کے بچے کا دودھ چوسنا، شہد چاٹنا، لَسْذ اسی معنی میں ہے۔

لُغْد: (ل مضموم، غ ساکن، د موقوف) گردن کے کنارے کا گوشت۔

لَغْد: (ل مفتوح، غ ساکن، د موقوف) جانور وغیرہ کو سیدھے راستے پر لانا۔

لَكَدْ: (ل مفتوح، ک مفتوح، د موقوف) کسی جگہ میل جمنا۔

لَهِيْد: (ل مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، د موقوف) تھکا ہوا جانور۔

لَهْد: (ل مفتوح، ہ ساکن، د موقوف) بھاری بوجھ، دور کرنا، چوپائے کو کمزور کرنا، کسی چیز کے بوجھ کا بھاری ہونا، رسوائی کے ساتھ جلانا۔

﴿فصل اللام مع الذال﴾

لَحْذ: (ل مفتوح، ح ساکن، ذ موقوف) ایک بار دینے کے بعد کوئی چیز مانگ لینا، کتے کا برتن چاٹنا، چوپایے کا گھاس کو چھوٹی کرنا۔

لَذِيْذ: (ل مفتوح، ذ مکسور، ی ساکن، ذ موقوف) ذائقہ دار، خوش مزہ۔

لِوَاذ: (ل مکسور، و مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف) ایک دوسرے سے پناہ لینا، وادی کا کنارہ، اَلْوَاذ جمع ہے۔

لِيَاذ: (ل مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ذ موقوف) پناہ لینا۔

﴿فصل اللام مع الزاء﴾

لَبْز: (ل مفتوح، ب ساکن، ز موقوف) اونٹ کا لات مارنا، لتی چلانا۔

لَجْز: (ل مفتوح، ج ساکن، ز موقوف) چپکنا، پھسلنا۔

لَحْز: (ل مفتوح، خ ساکن، ز موقوف) بخیل آدمی، تندخو۔

لَزّ: (ل مفتوح، ز مشدد موقوف) سخت کرنا، چپکانا۔

لُغَز: (ل مضموم، غ مفتوح، ز موقوف) پہیلیاں، جنگلی چوہے کا بل۔

لَكْز: (ل مفتوح، ک ساکن، ز موقوف) سینے پر لات مارنا۔

لَمْز: (ل مفتوح، م ساکن، ز موقوف) عیب لگانا، آنکھ سے اشارہ کرنا، مارنا، جلانا،

لَمَّاز: (ل مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، ز موقوف) عیب لگانے والا، آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔

لَهْز: (ل مفتوح، ہ ساکن، ز موقوف) ملانا، قوم کے بیچ ہونا، بال کی سفیدی کا سیاہی سے ملنا، سینے پر نیزہ یا مکا مارنا، اونٹ کے بچے کا دودھ پیتے وقت سر سے ماں کی پستان پر مارنا۔

لَوْز: (ل مفتوح، و ساکن، ز موقوف) بادام، لَوْزَۃ واحد ہے۔

﴿فصل اللام مع السین﴾

لُبْس: (ل مضموم، ب ساکن، س موقوف) کپڑا پہننا۔

لَبْس: (ل مفتوح، ب ساکن، س موقوف) چھپانا، کام کسی پر مشتبہ کرنا، تاریکی کو روشنی سے ملانا۔

لِبْس: (ل مکسور، ب ساکن، س موقوف) کپڑا، پوشش، لباس۔

لِبَاس: (ل مکسور، ب مفتوح، ا ساکن، س موقوف) کپڑا، پوشش، لِبَاسُ الرَّجُل عورت، لِبَاسُ الْمَرْأَۃ مرد، لِبَاسُ التَّقْوىٰ شرم، موٹا کپڑا۔

لَبُوْس: (ل مفتوح، ب مضموم، و ساکن، س موقوف) زرہ، پوشش، چھپانے والی چیز۔

لَحْس: (ل مفتو، ح ساکن، س موقوف) چاٹنا۔

لَدِيْس: (ل مفتوح، د مکسور، ی ساکن، س موقوف) موٹی تازی اونٹنی۔

لَسّ: (ل مفتوح، س مشدد موقوف) جانور کا چارا کھانا۔

لُسَاس: (ل مضموم، س مفتوح، ا ساکن، س موقوف) نئی اگی ہوئی گھاس۔

لَطْس: (ل مفتوح، ط ساکن، س موقوف) کوٹنا، پیروں سے بہت روند دینا۔

لُعْس: (ل مضموم، ع ساکن، س موقوف) کالے ہونٹ والے جن کے ہونٹ انتہائی لال ہونے کی وجہ سے سیاہ معلوم ہوتے ہیں، اَلْعَس واحد ہے۔

لَعَس: (ل مفتوح، ع مفتوح، س موقوف) ہونٹ کی سرخی جو سیاہی معلوم ہو۔

لَقْس: (ل مفتوح، ق ساکن، س موقوف) عیب لگانا۔

لَقَس: (ل مفتوح، ق مفتوح، س موقوف) دل کھنچنا، تباہ ہونا۔

لَقِس: (ل مفتوح، ق مکسور، س موقوف) لوگوں کو برے القاب دینے والا، افسوس کرنے والا، لوگوں کے درمیان برائی پھیلانے والا۔

لَاقِس: (ل مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، س موقوف) عیب لگانے والا۔

لَمْس: (ل مفتوح، م ساکن، س موقوف) گھسنا، چھونا، جماع کرنا۔

لُمَاس: (ل مضموم، م مفتوح، ا ساکن، س موقوف) ضرورت۔

لَوْس: (ل مفتوح، و ساکن، س موقوف) چکھنا۔

لَوَاس: (ل مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، س موقوف) چکھنے کی چیز۔

لَوُوْس: (ل مفتوح، و مضموم، و ساکن، س موقوف) چکھا ہوا۔

لَہْس: (ل مفتوح، ہ ساکن، س موقوف) چاٹنا۔

لَیْس: (ل مفتوح، ی ساکن، س موقوف) فعل ماضی ہے یعنی نہیں ہے۔

لِیَاس: (ل مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، س موقوف) بے غیرت، دلیر، بہادر۔

﴿فصل اللام مع الصاد﴾

لَحَاص: (ل مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) سختی اور بلا کا کسی چیز میں الجھا دینا۔

لَحِیْص: (ل مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ص موقوف) تنگ۔

لَخَص: (ل مفتوح، خ مفتوح، ص موقوف) آنکھ کا موجنا، آنکھ کے اردگرد کا زیادہ گوشت والا ہونا، زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے، خا کے کسرے کے ساتھ لَخِص بھی آیا ہے۔

لِصّ: (ل مکسور، ص مشدد موقوف) چور، لُصُوص جمع ہے۔

لَصَص: (ل مفتوح، ص مفتوح، ص موقوف) مونڈھوں کا یا دانتوں کا قریب قریب ہونا۔

لَوْص: (ل مفتوح، و ساکن، ص موقوف) کسی چیز کو کسی ارادہ سے گھمانا۔

﴿فصل اللام مع الضاد﴾

لَضْلَاض: (ل مفتوح، ض ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) چالاک۔

﴿فصل اللام مع الطاء﴾

لَطّ: (ل مفتوح، ط مشدد موقوف) حائل، لِطَاط جمع ہے، کسی چیز پر چپکنا، کسی کام کے ساتھ لازم ہونا، کسی کے حق کا انکار کرنا، پردہ ڈالنا، اونٹ کا پونچھ کو رانوں کے بیچ میں لانا۔

لَطَط: (ل مفتوح، ط مفتوح، ط موقوف) دانتوں کا گرنا، دانت اور دانت کی جڑوں کا کھدر جانا۔

لَعْط: (ل مفتوح، ع ساکن، ط موقوف) کسی چیز کو کسی چیز سے برابر کرنا، کسی چیز کے ساتھ برابری کرنا۔

لَغَط: (ل مفتوح، غ مفتوح، ط موقوف) آواز، شوروغل۔

لُغَاط: (ل مضموم، غ مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) ایک پہاڑ۔

لَقْط: (ل مفتوح، ق ساکن، ط موقوف) زمین سے اٹھانا، دانہ چگنا، منتخب بات کہنا۔

لَقَط: (ل مفتوح، ق مفتوح، ط موقوف) اٹھائی ہوئی چیز، چنا ہوا، لَقط المَعْدن سونے وغیرہ کے ٹکڑے جو کان میں پائے جائیں۔

لَقِیْط: (ل مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ط موقوف) نومولود بچہ جو پھینک دیا جائے اور کوئی اسے اٹھا لے۔

لَوْط: (ل مفتوح، و ساکن، ط موقوف) چگنا، حوض کو مٹی سے لیپنا، قومِ لوط کا عمل کرنا، وہ چادر جو کاندھے پر ڈالتے ہیں۔

لُوْط: (ل مضموم، و ساکن، ط موقوف) ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام۔

لَیْط: (ل مفتوح، ی ساکن، ط موقوف) چپکانا۔

لِیْط: (ل مکسور، ی ساکن، ط موقوف) بانس کا چھلکا، واحد لِیطَۃ۔

﴿فصل اللام مع الظاء﴾

لَحْظ: (ل مفتوح، ح ساکن، ظ موقوف) گوشۂ چشم سے دیکھنا۔

لَحَاظ: (ل مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) گوشۂ چشم، آنکھ کا کنارہ۔

لَفْظ: (ل مفتوح، ف ساکن، ظ موقوف) منہ سے باہر نکالنا، بات کرنا۔

لَمْظ: (ل مفتوح، م ساکن، ظ موقوف) کھانے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا، زبان کی نوک سے پانی چکھنا۔

لُمَاظ: (ل مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ظ موقوف) تھوڑی چیز۔

﴿فصل اللام مع العین﴾

لَذْع: (ل مفتوح، ذ ساکن، ع موقوف) آگ کا کسی کو جلانا، کسی کو سوزش دینا۔

لَسْع: (ل مفتوح، س ساکن، ع موقوف) سانپ یا بچھو کا ڈسنا،

لَطْع: (ل مفتوح، ط ساکن، ع موقوف) زبان سے چاٹنا، پیچھے سے لات مارنا۔

لَطَع: (ل مفتوح، ط مفتوح، ع موقوف) ہونٹوں کے اندر کی سفیدی اور یہ زیادہ تر کالے آدمیوں میں ہوتی ہے، دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔

لُعَاع: (ل مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) اگنے کی ابتدا میں گھاس کا نازک ہونا۔

لَعْلَع: (ل مفتوح، ع ساکن، ل مفتوح، ع موقوف) ایک پہاڑ کا نام ہے، شراب۔

لِفَاع: (ل مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) چادر۔

لَقْع: (ل مفتوح، ق ساکن، ع موقوف) پلکوں کو جھپکانا۔

لَکْع: (ل مفتوح، ک ساکن، ع موقوف) جسم پر میل کا بیٹھنا، سانپ اور بچھو کا کاٹنا، (دودھ) پینے کے وقت بچے کا ماں کے تھن کو سر سے مارنا۔

لُکَع: (ل مضموم، ک مفتوح، ع موقوف) کمینہ، ذلیل، نفس کا غلام، لُکاع کا یہی معنی ہے۔

لَمْع: (ل مفتوح، م ساکن، ع موقوف) روشن ہونا، چمکنا۔

لَوْع: (ل مفتوح، و ساکن، ع موقوف) عشق کی سوزش۔

لَیْع: (ل مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) ڈرنا، بددل ہونا۔

﴿فصل اللام مع الغین﴾

لَثْغ: (ل مفتوح، ث ساکن، غ موقوف) را کے حرف کو لام اور سین کے حرف کو ثا کہنا۔

لَدْغ: (ل مفتوح، د ساکن، غ موقوف) سانپ اور بچھو کا ڈسنا، طعنہ دینا۔

لَدِیْغ: (ل مفتوح، د مکسور، ی ساکن، غ موقوف) سانپ کا کاٹا ہوا شخص، جسے سانپ ڈس دے۔

لَادِغ: (ل مفتوح، ا ساکن، د مکسور، غ موقوف) ڈسا ہوا، ایک بیماری کا نام۔

﴿فصل اللام مع الفاء﴾

لَجَف: (ل مفتوح، ج مفتوح، ف موقوف) وادی کے بیچ کا حصہ، کنویں کے کنارے کی کھدائی۔

لِحَاف: (ل مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ کپڑا جس میں روئی اور کچا ریشم بھرا ہوا ہو، رضائی، لحاف سفید باریک پتھر۔

لَخْف: (ل مفتوح، خ ساکن، ف موقوف) تھوڑا مکھن، بہت مارنا۔

لَصْف: (ل مفتوح، ص ساکن، ف موقوف) اختیار، ایک ترش میوہ جس کا اچار بنتا ہے، ایک قسم کی کھجور۔

لَصَاف: (ل مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) بنی تمیم کا ایک موضع ہے۔

لُطْف: (ل مضموم، ط ساکن، ف موقوف) نرمی، نازکی، عمدگی، کردار، ہدیہ، مہربانی کرنا، مدد کرنا، حفاظت کرنا، حمایت کرنا۔

لَطَف: (ل مفتوح، ط مفتوح، ف موقوف) ہدیہ، بھلائی، احسان، عمدگی، خوبی۔

لَطِیْف: (ل مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ف موقوف) انتہائی نیکوکار، مدد کرنے والا، انتہائی نازک۔

لَطَائِف: (ل مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ف موقوف) خوبیاں، نازک اور باریک چیزیں، لَطِیْفَۃ کی جمع ہے۔

لَفّ: (ل مفتوح، ف مشدد موقوف) لپیٹنا۔

لِفّ: (ل مکسور، ف مشدد موقوف) وہ درخت جسے دوسرے درخت سے لپیٹیں، اَلْفَاف جمع، جمع کیا ہوا، اکٹھا کیا ہوا، بات کرنے میں عاجز، بولنے میں تاخیر کرنے والا۔

لَفِیْف: (ل مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ف موقوف) مختلف جگہوں کے لوگوں کی جماعت، لپٹی ہوئی چیز، دوست، وہ کلمہ جس میں

دوحروف علت ہوں (حروف علت تین ہیں، و۔ا۔ی)

لِفَاف: (ل مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) مردے کا کفن، اوپر کا خول۔

لَقْف: (ل مفتوح، ق ساکن، ف موقوف) تیزی سے لینا، ہلکی چیز۔

لَقَف: (ل مفتوح، ق مفتوح، ف موقوف) دیوار کا گرنا، حوض کا منہدم ہونا، حوض کے کناروں کا کشادہ ہونا۔

لَہَف: (ل مفتوح، ہ مفتوح، ف موقوف) افسوس کرنا، غمگین ہونا۔

لَہِیف: (ل مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ف موقوف) بیچارہ، افسوس کرنے والا۔

لِیف: (ل مکسور، ی ساکن، ف موقوف) کھجور کے درخت کی چھال، لیفۃ واحد ہے۔

﴿فصل اللام مع القاف﴾

لَبْق۔لَبِیق: (ل مفتوح، ب ساکن، ق موقوف) (ل مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ق موقوف) چالاک و ہوشیار آدمی، چرب زبان۔

لَثَق: (ل مفتوح، ث مفتوح، ق موقوف) تری، تر ہونا۔

لَحَاق: (ل مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) پہنچنا، پانا۔

لُحُوق: (ل مضموم، ح مضموم، و ساکن، ق موقوف) دو یا زیادہ چیزوں کا اکٹھا ہونا، کسی چیز کو پیچھے لگانا۔

لَحَق: (ل مفتوح، ح مفتوح، ق موقوف) جو اپنے سابق (پہلے) کے ساتھ ملے، انجیر، کھجور کا پھل جو پہلے کے بعد ہو، وہ چیز جو منہ سے اٹھاتے ہیں، وہ چیز جس کے پیچھے کوئی چیز لگی ہو۔

لَاحِق: (ل مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ق موقوف) پیچھے لگنے والا، معاویہ بن ابی سفیان کا گھوڑا۔

لُزُوق: (ل مضموم، ز مضموم، و ساکن، ق موقوف) چپکنا، لُسُوق اور لُصُوق کا یہی معنی ہے۔

لَصْق: (ل مفتوح، ص ساکن، ق موقوف) بھوک کی وجہ سے پھیپھڑے کا کوکھ سے چپکنا، لَسق بھی اسی معنی میں ہے۔

لَعْق: (ل مفتوح، ع ساکن، ق موقوف) چاٹنا، لَعْقُ الاَصْبَع موت سے کنایہ ہے۔

لَعُوق: (ل مفتوح، ع مضموم، و ساکن، ق موقوف) چاٹی جانے والی دوا۔

لَفْق: (ل مفتوح، ف ساکن، ق موقوف) اکٹھا کرنا، کپڑے کی پھٹن کو سلنا۔

لِفْق: (ل مکسور، ف ساکن، ق موقوف) پھٹن کو سلنا۔

لَقّ: (ل مفتوح، ق مشدد موقوف) آنکھ پر ہاتھ سے مارنا۔

لَقْلَق: (ل مفتوح، ف ساکن، ل مفتوح، ق موقوف) زبان، لکلک ایک آبی پرندہ جو سانپ اور مچھلی کا شکار کرتا ہے۔

لَقْلَاق: (ل مفتوح، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) لکلک پرندہ، لکلک کی آواز۔

لَمْق: (ل مفتوح، م ساکن، ق موقوف) پاک کرنا، آنکھ ملنا۔

لَمَاق: (ل مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) تھوڑی چیز۔

لَوَاحِق: (ل مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ق موقوف) کسی چیز کے پیچھے لگنے والی چیزیں۔

لَوَاق: (ل مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) تھوڑی چیز۔

لَہْق: (ل مفتوح، ہ ساکن، ق موقوف) سفید ہونا۔

لَہَق: (ل مفتوح، ہ مفتوح، ق موقوف) سفید، سفید ہونا۔

لَہِق: (ل مفتوح، ہ مکسور، ق موقوف) سفید۔

لَہَاق: (ل مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) سفید، سفید گائے۔

لَیْق: (ل مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) سیاہی کا دوات پر چپکنا، چپکانا، عمدہ کرنا، سیاہی وغیرہ درست کرنا۔

﴿فصل اللام مع الکاف﴾

لَبْک: (ل مفتوح، ب ساکن، ک موقوف) ملانا، مشتبہ کام، گڑبڑ ہونا، شہد کے ساتھ ستو کو ملانا۔

لَحْک: (ل مفتوح، ح ساکن، ک موقوف) کسی چیز کا کسی دوسری چیز میں ملانا، باہم ملانا۔

لَکّ: (ل مفتوح، ک مشدد موقوف) مارنا، کوٹنا، سرخ رنگ کی ایک چیز

جس سے کھال رنگتے ہیں۔

لِکّ: (ل مکسور، ک مشدد موقوف) لاکھ اور گوند سے کسی چیز کا دستہ جوڑنا۔

لَوْک: (ل مفتوح، و ساکن، ک موقوف) چبانا۔

﴿فصل اللام مع اللام﴾

لَعَلّ: (ل مفتوح، ع مفتوح، ل مشدد مفتوح) امید، شاید۔

لَیْل: (ل مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) رات، ایک چڑیے کا بچہ جسے کروان کہتے ہیں۔

﴿فصل اللام مع المیم﴾

لَاجَرَم: (ل مفتوح، ا ساکن، ج مفتوح، ر مفتوح، م موقوف) ناچار، یقینی۔

لَأْم: (ل مفتوح، ء ساکن، م موقوف) تیر میں پر لگانا، زخم باندھنا، زرہیں، لَأمَۃ مفرد ہے، لم بغیر الف کے بھی پڑھا گیا ہے، آٹے کے پیڑے کو ہاتھ سے مار کر چوڑا کرنا۔

لُأْم: (ل مضموم، أ ساکن، م موقوف) حقیر، کنجوس ہونا۔

لِأْم: (ل مکسور، أ ساکن، م موقوف) صلح، دو شخصوں کے درمیان اتفاق، بددل۔

لَئِیم: (ل مفتوح، ء مکسور، ی ساکن، م موقوف) کمینہ، کنجوس۔

لُؤَام: (ل مضموم، و ساکن، آ ممدودہ، م موقوف) تیر کے سیدھے پر۔

لَتْم: (ل مفتوح، ت ساکن، م موقوف) سینے پر مارنا۔

لَثْم: (ل مفتوح، ث ساکن، م موقوف) بوسہ دینا، منہ پر دہان بند باندھنا، اونٹ کا پتھر کو کھر سے کریدنا، توڑنا، پتھر کا اونٹ کے کھر کو خون آلود کرنا۔

لَاثِم: (ل مفتوح، ا ساکن، ث مکسور، م موقوف) بوسہ دینے والا، وہ شخص جو دہان بند رکھتا ہے، لُثّم جمع ہے۔

لِثَام: (ل مکسور، ث مفتوح، ا ساکن، م موقوف) دہان بند۔

لِجَام: (ل مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، م موقوف) لگام کا معرب ہے، وہ کپڑا جو عورتیں حیض کے وقت باندھتی ہیں۔

لَحْم: (ل مفتوح، ح ساکن، م موقوف) گوشت، لَحْمَۃ گوشت کا ٹکڑا، لِحَام لُحُوم لُحْمان جمع ہے، گوشت کھلانا، گوشت کو ہڈی سے چھڑانا، گوشت کا آرزومند ہونا، شیشہ اور چینی کے برتن کو جوڑنا، قتل کرنا۔

لَحِم: (ل مفتوح، ح مکسور، م موقوف) گوشت کا آرزومند۔

لَاحِم: (ل مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، م موقوف) گوشت کھلانے والا، گوشت کا مالک۔

لَحَّام: (ل مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) گوشت بیچنے والا۔

لَحِیم: (ل مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، م موقوف) قتل کیا ہوا، زیادہ گوشت والا۔

لَخْم: (ل مفتوح، خ ساکن، م موقوف) یمن کا ایک گروہ۔

لُخْم: (ل مضموم، خ ساکن، م موقوف) ایک قسم کی مچھلی۔

لَدْم: (ل مفتوح، د ساکن، م موقوف) پتھر وغیرہ کے زمین پر گرنے کی آواز، موزے میں پیوند لگانا، چوڑا کرنے کے لیے کوماج (لوئی) کو ہاتھ سے مارنا، مضطرب ہونا، بے چین کرنا، عورتوں کا نوحہ کرتے وقت سینے پر ہاتھ مارنا۔

لِدَام: (ل مکسور، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کپڑے اور موزے میں پیوند لگانا۔

لَدِیم: (ل مفتوح، د مکسور، ی ساکن، م موقوف) پیوند لگا ہوا کپڑا۔

لَادِم: (ل مفتوح، ا ساکن، د مکسور، م موقوف) پیوند لگانے والا۔

لَدَم: (ل مفتوح، د مفتوح، م موقوف) لَادِم کی جمع ہے، رشتہ دار، رازدار۔

لَزَم: (ل مفتوح، ز مفتوح، م موقوف) کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا، کسی چیز سے تعجب کرنا۔

لُزُوم: (ل مضموم، ز مضموم، و ساکن، م موقوف) کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔

لَزَاز: (ل مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وہ عورت جو کسی کے ساتھ ہمیشہ رہے۔

لَازِم: (ل مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، م موقوف) ہمیشہ وابستہ رہنے والا، چمٹا رہنے والا۔

لَطْم: (ل مفتوح، ط ساکن، م موقوف) طمانچہ مارنا۔

لِطَام: (ل مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

لَطِيْم: (ل مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، م موقوف) سفید چہرے والا گھوڑا، وہ شخص جس کے چہرے کا ایک طرف سفید ہو، وہ آدمی جس کے والدین مرجائیں، اونٹ کا بچہ جس نے ستارۂ سہیل دیکھا ہو، گھڑ دوڑ کے میدان کا نواں گھوڑا۔

لُغَام: (ل مضموم، غ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) اونٹ کے منہ کی جھاگ۔

لِغَام: (ل مکسور، غ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) روبند، نقاب، برقع۔

لَغْم: (ل مفتوح، غ ساکن، م موقوف) کسی کو ایسی خبر دینا جس کا اسے یقین نہ ہو۔

لَقْم: (ل مفتوح، ق ساکن، م موقوف) راستے کا سرا بند کرنا۔

لَقَم: (ل مفتوح، ق مفتوح، م موقوف) راستے کا بیچ۔

لَكْم: (ل مفتوح، ک ساکن، م موقوف) مکا مارنا۔

لُكَام: (ل مضموم، ک مفتوح، ا ساکن، م موقوف) شام میں ایک پہاڑ کا نام جہاں اولیاء اللہ جمع ہوتے تھے۔

لَمْ: (ل مفتوح، م موقوف) حرف نفی (بمعنی نہیں)۔

لِمَ: (ل مکسور، م مفتوح) کیوں۔

لَمّ: (ل مفتوح، م مشدد موقوف) اکٹھا کرنا، عمدہ بنانا، درست کرنا، عرب والے کہتے ہیں لَمَّ اللّٰہُ شَعْثَہٗ اللہ تعالیٰ پراگندہ امور کو درست کردے، اپنا اور دوستوں کا حصہ کھانا، گناہ صغیرہ۔

لَمَم: (ل مفتوح، م مفتوح، م موقوف) رسوائی، گناہ کے قریب ہونا، گناہ صغیرہ، ایک قسم کا جنون۔

لَوْم: (ل مفتوح، و ساکن، م موقوف) ملامت کرنا، سرزنش کرنا۔

لَہْم: (ل مفتوح، ہ ساکن، م موقوف) نیچے لے جانا، کھانا، اِلْتِہَام، تَلَہُّم اسی معنی میں ہے۔

لَہِیْم: (ل مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، م موقوف) سختی۔

لَہُوْم۔لُہَام: (ل مفتوح، ہ مضموم، و ساکن، م موقوف) (ل مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) زیادہ لشکر۔

لَہَازِم: (ل مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، م موقوف) کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی، لَہْزَمَۃ کی جمع ہے۔

لَائِم: (ل مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، م موقوف) ملامت کرنے والا۔

﴿فصل اللام مع نون﴾

لَبْن: (ل مفتوح، ب ساکن، ن موقوف) دودھ پلانا، لاٹھی سے مارنا، ڈالنا۔

لِبْن: (ل مکسور، ب ساکن، ن موقوف) کچی اینٹیں، لِبْنَۃ واحد ہے۔

لَبَن: (ل مفتوح، ب مفتوح، ن موقوف) دودھ، لِبَان جمع ہے، گردن کا تکیے کی وجہ سے درد کرنا، بھیڑ اور اونٹنی کا دودھاری ہونا۔

لَبِن: (ل مفتوح، ب مکسور، ن موقوف) اینٹیں، لَبِنَۃ واحد ہے جیسے کَلِمَۃ اور کَلِم۔

لُبْنَان: (ل مضموم، ب ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک مشہور پہاڑ کا نام ہے جو جبل عامل کے قریب ہے۔

لَبِیْن: (ل مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ن موقوف) پالا ہوا، جس کو پالا جائے۔

مِرْآۃ: (م مکسور، ر ساکن، ا ممدودہ، ۃ موقوف) آئینہ۔

مِرْمَاۃ: (م مکسور، ر ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) تیر یا برچھی کا پھل، گائے کا کھر، بکری کا کھر، تیر، نشانہ۔

مُسْتَشْزِرَات: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ش ساکن، ز مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) بلند کرنے والی چیزیں، بلند کی ہوئی چیزیں، فاعل و مفعول دونوں کے لیے ہے، وہ چیزیں جن کا اوپری سرا اینٹھا ہوا ہو خواہ وہ بال ہو یا رسی وغیرہ لیکن امرؤالقیس کے شعر۔

غَدَائِرُہٗ مُسْتَشْزِرَاتٌ اِلَی الْعُلٰی

میں مراد بال ہے، اس شعر میں مستشزرات کو فاعل و مفعول دونوں پڑھتے ہیں یعنی اِسْتَشْزَرَ اَیْ اِرْتَفَعَ وَ اسْتَشْزَرَہٗ اَیْ رَفَعَہٗ تَعَدّٰی وَ لَا یَتَعَدّٰی استشزر بمعنی بلند ہوا اور استشزرہ اس نے اسے بلند کیا یعنی متعدی اور لازم دونوں ہے۔

مِسْحَاۃ: (م مکسور، س ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) پھاوڑا جس کے ذریعہ زمین سے مٹی کھودتے ہیں۔

مِشْکَات: (م مکسور، ش ساکن، ک مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) بڑا طاق جس میں قندیل اور چراغ رکھیں۔

مِصْلَات: (م مکسور، ص ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) چالاک آدمی۔

مِصْحَاۃ: (م مکسور، ص ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) ایک برتن کا نام ہے۔

مِصْفَاۃ: (م مکسور، ص ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) وہ چیز جس سے کسی چیز کو صاف کریں، کفگیر، ناک کے بالائی حصے میں کفگیر کی مانند ایک ہڈی ہے، اسے بھی مصفاۃ کہتے ہیں۔

مُصَرَّاۃ: (م مضموم، ص مفتوح، ر مشدد مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) وہ

بکری جسے کچھ دنوں تک نہ دوہیں تاکہ اس کے تھن میں زیادہ دودھ جمع ہو جائے، وہ بکری جس کے تھن کا سرا باندھ دیں تاکہ دودھ جمع ہو جائے۔

مُعْصِرَات: (م مضموم، ع ساکن، ص مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) وہ بادل جو برسنے کے قریب ہوں۔

مَعْرُوْشَات: (م مفتوح، ع ساکن، ر مضموم، و ساکن، ش مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) عمارتیں، اوپر اٹھائی ہوئی چیزیں، چھت لگائے ہوئے مکانات، ٹکڑے کیے ہوئے۔

مُعَقِّبَات: (م مضموم، ع مفتوح، ق مشدد مفتوح، ب مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) رات اور دن کے فرشتے جو یکے بعد دیگرے آتے ہیں، وہ اونٹنیاں جو دوسروں کے پانی پینے کے انتظار میں اونٹوں کے پیچھے جمع ہوں۔

مُعْضِلَات: (م مضموم، ع ساکن، ض مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) مشکلات، مشکلیں۔

مُفْضَاة: (م مضموم، ف ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) وہ عورت جس کی دونوں شرمگاہیں کثرت جماع و مباشرت کی وجہ سے ایک ہو گئی ہوں۔

مَمَات: (م مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) موت، موتیں۔

مُنْشَآت: (م مضموم، ن ساکن، ش مفتوح، ا ممدودہ، ت موقوف) اوپر اٹھائی ہوئی چیزیں، کشتیاں جن کے بادبان بلند کیے گئے ہوں۔

مَنَاة: (م مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) ایک بت کا نام۔

مِنْسَاة ـ مَنْسَاة: (م مکسور، ن ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) (م مفتوح، ن ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) عصا، لاٹھی۔

مَوَات: (م مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) غیر جاندار چیز جس میں جان نہ ہو، وہ زمین جس کا مالک نہ ہو۔

مُوْرِيَات: (م مضموم، و ساکن، ر مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) آگ جلانے والے، پتھر سے آگ نکالنے والے، گھوڑے جب پتھر پر اپنے کھر مارتے ہیں تو آگ نکلتی ہے۔

مَہَاة: (م مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) وحشی گائے، نیل گائے، بلور (ایک صاف شفاف پتھر)، سورج۔

مُہَاة: (م مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، ۃ موقوف) اونٹنی کے رحم میں منی کا ٹھہرا ہوا پانی۔

مَاہِیَات ـ مَائِیَات: (م مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) (م مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) ماہیۃ اور مائیۃ کی جمع ہے، جوہر، اصلیت، حقیقت۔

مَتْرَبَۃ: (م مفتوح، ت ساکن، ر مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) فقیری، فقیر ہونا، محتاج ہونا۔

مَثْلُبَۃ: (م مفتوح، ث ساکن، ل مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) عیب، منقبت (ہنر، خوبی) کی ضد۔

مَثُوبَۃ: (م مفتوح، ث مضموم، و ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) مزدوری، خدمت کا بدلہ۔

مَثَابَۃ: (م مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) پھرنے کی جگہ، منزل، جال پھینک کر شکاری کے چھپنے کی جگہ۔

مُثْبَت ـ مُثْبِت: (م مضموم، ث ساکن، ب مفتوح، ت موقوف) (م مضموم، ث ساکن، ب مکسور، ت موقوف) ثابت کیا ہوا، لکھنے والا، روکنے والا، ثابت کرنے والا۔

مُثَبِّت: (م مضموم، ث مفتوح، ب مشدد مکسور، ت موقوف) کسی جگہ رکھنے والا۔

مُجْدِبَۃ: (م مضموم، ج ساکن، د مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) قحط کا سال، وہ سال جس میں معیشت کی تنگی ہو۔

مَرْتَبَۃ: (م مفتوح، ر ساکن، ت مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) پاؤں رکھنے کی جگہ، کھڑے ہونے کی جگہ، پہاڑ کی چوٹی، وہ نشان جو پہاڑ اور میدان میں بناتے ہیں۔

مِرْزَبَۃ: (م مکسور، ر ساکن، ز مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) ڈھیلا پھوڑنے کا آلہ، موگری، مِرْزَبّۃ (ب مشدد) بھی کہا گیا ہے اس لیے کہ اِرْزَبّۃ (ب مشدد) ہے جب ہمزہ کو میم سے بدلا تو مخفف ہو گیا۔

مَسْرُبَۃٌ: (م مفتوح، س ساکن، ر مضموم، ب مفتوح، ۃ موقوف) سینے سے ناف تک کے بال۔

مَسْرَبَۃٌ: (م مفتوح، س ساکن، ر مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) چراگاہ۔

مَسْغَبَۃٌ: (م مفتوح، س ساکن، غ مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) بھوک، بھوکا ہونا۔

مُسْبِتٌ: (م مضموم، س ساکن، ب مکسور، ت موقوف) سنیچر کے دن آنے والا، وہ چیز جو حرکت نہ کرے۔

مَسْبُوْت: (م مفتوح، س ساکن، ب مضموم، و ساکن، ت موقوف) مردہ، بیہوش، وہ آدمی جو سبات کی بیماری میں مبتلا ہو (سبات ایک مرض ہے جس میں نیند کثرت سے آتی ہے)

مَسْطَبَۃٌ ـ مَصْطَبَۃٌ: (م مفتوح رمکسور، س ساکن، ط مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) (م مفتوح رمکسور، ص ساکن، ط مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) چبوترہ، میخانے کا وہ چبوترہ جس پر بیٹھ کر شراب پیتے ہیں، سین اور صاد دونوں کے ساتھ آیا ہے۔

مِشْرَبَۃٌ: (م مکسور، ش ساکن، ر مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) وہ برتن جس سے پانی پیتے ہیں۔

مَشْرَبَۃٌ: (م مفتوح، ش ساکن، ر مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) ایک چلو پانی، چھت، چشمے کا کنارہ، پانی پینے کی جگہ۔

مَصَابَۃٌ ـ مُصِیْبَۃٌ: (م مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) (م مضموم، ص مکسور، ی ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) وہ پریشانی جو آدمی کو لاحق ہوتی ہے۔

مَقْرَبَۃٌ: (م مفتوح، ق ساکن، ر مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) رشتہ داری۔

مَنْقَبَۃٌ: (م مفتوح، ن ساکن، ق مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) ہنر، وہ جگہ جہاں بیطار (جانوروں کا علاج کرنے والا) جانور کا عضو کاٹے، تنگ راستہ۔

مِنْقَبَۃٌ: (م مکسور، ن ساکن، ق مفتوح، ب مفتوح، ۃ موقوف) پہاڑ کا راستہ۔

مُوْتَۃٌ: (م مضموم، و ساکن، ت مفتوح، ۃ موقوف) وہ جگہ جہاں حضرت جعفر طیار اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما شہید ہوئے، غزوہ موتہ مشہور ہے۔

مِأَۃٌ: (م مکسور، أ مفتوح، ۃ موقوف) سو۔

مَیِّتٌ: (م مکسور، ی مشدد مکسور، ت موقوف) مردہ، ویران زمین۔

مَبْثُوْثَۃٌ: (م مفتوح، ب ساکن، ث مضموم، و ساکن، ث مفتوح، ۃ موقوف) بکھرا ہوا۔

مَجْمَجَۃٌ: (م مفتوح، ج مفتوح، م ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) مبہم بات کہنا جو ظاہر نہ ہو، بے نقطہ اور بے اعراب حرف لکھنا، بات منہ میں پھرانا، بُدبُدانا۔

مَحَجَّۃٌ: (م مفتوح، ح مفتوح، ج مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سیدھا راستہ۔

مَسْرَجَۃٌ: (م مفتوح، س ساکن، ر مفتوح، ج مفتوح، ۃ موقوف) چراغدان۔

مُهْجَۃٌ: (م مضموم، ہ ساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) جان، دل، خون۔

مِرْوَحَۃٌ: (م مکسور، ر ساکن، و مفتوح، ح مفتوح، ۃ موقوف) پنکھا۔

مَرْوَحَۃٌ: (م مفتوح، ر ساکن، و مفتوح، ح مفتوح، ۃ موقوف) ہوا کے چلنے کی جگہ۔

مَسْلَحَۃٌ: (م مفتوح، س ساکن، ل مفتوح، ح مفتوح، ۃ موقوف) ڈر کی جگہ، دشمن کی گزرگاہ، ہتھیار والے لوگ۔

مِسَاحَۃٌ: (م مکسور، س مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) زمین ناپنا۔

مَصْلِحَۃٌ: (م مفتوح، س ساکن، ل مکسور، ح مفتوح، ۃ موقوف) کام کی اصلاح، مَفْسَدَۃ کی ضد۔

مَنْدُوْحَۃٌ: (م مفتوح، ن ساکن، د مضموم، و ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) وسعت، کشادگی۔

مَنَاحَۃٌ: (م مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) ماتم، کہا جاتا ہے کُنَّا فِیْ مَنَاحَۃِ فُلَانٍ ہم فلاں کے ماتم میں تھے۔

مِنْحَتٌ: (م مکسور، ن ساکن، ح مفتوح، ت موقوف) لکڑی تراشنے کا آلہ، رندہ۔

مِنْحَۃٌ: (م مکسور، ن ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) بخشش۔

مَشْیَخَۃٌ: (م مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، خ مفتوح، ۃ موقوف) بوڑھے، شَیْخ کی جمع ہے، مَشَائِخ جمع الجمع ہے، صاحب قاموس کہتے ہیں کہ

مَشَائِخ بھی شَیخ کی جمع ہے۔

مَائِدَۃ: (م مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) دسترخوان جس پر کھانا رکھتے ہیں، ہر وہ چیز جس پر کھانا رکھتے ہیں اسے مائدہ کہتے ہیں۔

مُؤصَدَۃ: (م مضموم، و ساکن، ص مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) سر پر رکھا ہوا طبق، بند دروازہ۔

مَوءُدَۃ: (م مفتوح، و ساکن، ء مضموم، د مفتوح، ۃ موقوف) وہ لڑکی جسے زندہ دفن کر دیا گیا ہو۔

مَحمِدَۃ: (م مفتوح، ح ساکن، م مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) اچھی عادت، تعریف۔

مُدَّۃ: (م مضموم، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) عرصہ، دیر، زمانہ کا ایک ٹکڑا، قلم پر لگی ہوئی سیاہی۔

مِدَّۃ: (م مکسور، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) میل، زخم کا پیپ۔

مَدَّۃ: (م مفتوح، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار مد کرنا۔

مَادَّۃ: (م مفتوح، ا ساکن، د مشدد مفتوح، ۃ موقوف) اصل، ہر چیز کی ترکیب، کسی چیز سے ملی ہوئی زیادتی۔

مَرَدَۃ: (م مفتوح، ر مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) سرکش شیاطین۔

مَردُودَۃ: (م مفتوح، ر ساکن، د مضموم، و ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) طلاق دی ہوئی عورت، استرہ جس سے سر مونڈتے ہیں۔

مَزَادَۃ: (م مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) مشک، توشہ دان۔

مِعْدَۃ۔مَعِدَۃ: (م مکسور، ع ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) (م مفتوح، ع مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) آدمی کا وہ عضو جس میں کھانا ٹھہر کر ہضم ہوتا ہے۔

مَفْسَدَۃ: (م مفتوح، ف ساکن، س مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) کام کی تباہی۔

مُوقَدَۃ: (م مضموم، و ساکن، ق مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) روشن کی گئی آگ۔

مَوجِدَۃ: (م مفتوح، و ساکن، ج مکسور، د مفتوح، ۃ موقوف) غصہ ہونا۔

مُسَنَّدَۃ: (م مضموم، س مفتوح، ن مشدد مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) بلند کی ہوئی دیوار۔

مُشَیَّدَۃ: (م مضموم، ش مفتوح، ی مشدد مفتوح، د مفتوح، ۃ موقوف) گچ کی ہوئی، بلند کی ہوئی۔

مِجرَۃ: (م مکسور، ج ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) کہکشاں۔

مَجرَۃ: (م مفتوح، ج ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) دوات جس میں روشنائی رکھیں۔

مَرَارَۃ: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پتہ، تلخی، کہتے ہیں کہ اونٹ اور شتر مرغ کے علاوہ ہر ذی روح پتہ رکھتا ہے۔

مِرَّۃ: (م مکسور، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) صفرا، پت، قوت، کمال، عقل۔

مَرَّۃ: (م مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک بار۔

مُرَّۃ: (م مضموم ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ایک شخص کا نام، ابو مرہ شیطان کی کنیت ہے۔

مَسَرَّۃ: (م مفتوح، س مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خوشی، وہ کاغذ جس پر اپنا بھید اور راز لکھیں جیسے خط۔

مِسَرَّۃ: (م مکسور، س مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آلۂ راز جو ٹیڑھا ہوتا ہے جس کا ایک سرا بولنے والے کے منہ میں اور دوسرا سرا سننے والے کے کان میں ہوتا ہے۔

مَشُورَۃ: (م مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) مشورہ کرنا، کسی کام کی صلاح (اچھائی) دریافت کرنا، شین کے سکون کے ساتھ بھی ہے۔

مَضَرَّۃ: (م مفتوح، ض مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) نقصان۔

مَضِیرَۃ: (م مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) شوربا جس میں دہی ڈالتے ہیں۔

مَعَرَّۃ: (م مفتوح، ع مفتوح، ر مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گناہ، برا کام، مکروہ، شر، نقصان، ایک شہر کا نام۔

مَغَارَۃ: (م مفتوح، غ مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) پہاڑ کا غار۔

مَغْرَۃ۔مَغَرَۃ: (م مفتوح، غ ساکن، ر مفتوح، ۃ موقوف) (م مفتوح،

غ مفتوح، رمفتوح، ۃ موقوف) ایک سرخ مٹی جس سے درویش اپنے کپڑے رنگتے ہیں، کیرو۔

مُغْرَۃٌ: (م مضموم، غ ساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) وہ رنگ جو کیرو کی طرح ہلکا سرخ ہو۔

مَغَرَۃٌ: (م مفتوح، غ مفتوح، رمفتوح، ۃ موقوف) اچھی بارش، نرم اور ہلکی بارش، شام میں ایک جگہ کا نام۔

مِقْطَرَۃٌ: (م مکسور، ق ساکن، ط مفتوح، رمفتوح، ۃ موقوف) قیدیوں کے پیر میں ڈالنے کی لکڑی، دھونی دینے کی انگیٹھی، اگر دان جس میں خوشبو جلاتے ہیں۔

مُقَنْطَرَۃٌ: (م مضموم، ق مفتوح، ن ساکن، ط مفتوح، رمفتوح، ۃ موقوف) بہت زیادہ ڈھیر کیا ہوا، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے الْقَنَاطِيْرُ الْمُقَنْطَرَةُ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ سونے اور چاندی کے بہت زیادہ ڈھیر۔

مَنَارَۃٌ: (م مفتوح، ن مفتوح، اساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) بلند جگہ جہاں سے موذن اذان دیتا ہے، جس چیز پر چراغ رکھیں اس کو منارہ بھی کہتے ہیں، تانبے وغیرہ کا اونچا کلس جو گنبد پر لگاتے ہیں، اس لیے کہ وہ راستہ کی علامت ہوتا ہے۔

مَیْسَرَۃٌ: (م مفتوح، ی ساکن، س مفتوح، رمفتوح، ۃ موقوف) بائیں ہاتھ کی سمت، مالداری، قرض، سین کے ضمہ کے ساتھ بھی آیا ہے۔

مِیْرَۃٌ: (م مکسور، ی ساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) کھانا جو عیال کے لیے یا بیچنے کے لیے کسی جگہ سے لائیں۔

مَفَازَۃٌ: (م مفتوح، ف مفتوح، اساکن، زمفتوح، ۃ موقوف) بیابان، رہائی پانے کی جگہ، کامیابی پانے کی جگہ۔

مَلَازَۃٌ: (م مفتوح، ل مفتوح، اساکن، زمفتوح، ۃ موقوف) بادام والی سرزمین۔

مِحَسَّۃٌ: (م مکسور، ح مکسور، س مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کھریرا جس سے گھوڑے کی پونچھ کے لٹکے ہوئے بال جھاڑتے ہیں۔

مَدْرَسَۃٌ: (م مفتوح، د ساکن، رمفتوح، س مفتوح، ۃ موقوف) سبق پڑھانے کی جگہ۔

مَحَشَّۃٌ: (م مفتوح، ح مفتوح، ش مشدد مفتوح، ۃ موقوف) آدمی کا چوتڑ۔

مَعِیْشَۃٌ: (م مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ش مفتوح، ۃ موقوف) زندگی، وہ چیز جس کے ذریعہ زندگی گزارتے ہیں۔

مَخْمَصَۃٌ: (م مفتوح، خ ساکن، م مفتوح، ص مفتوح، ۃ موقوف) بھوک، بھوکا ہونا۔

مَصْمَصَۃٌ: (م مفتوح، ص ساکن، م مفتوح، ص مفتوح، ۃ موقوف) وہ پانی جو منہ کی ایک طرف حرکت دیں۔

مَضْمَضَۃٌ: (م مفتوح، ض ساکن، م مفتوح، ض مفتوح، ۃ موقوف) پانی کی وہ کلی جو پورے منہ میں پھرائیں۔

مَنَصَّۃٌ: (م مفتوح، ن مفتوح، ص مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دلہن کا آراستہ کمرہ۔

مِنَصَّۃٌ: (م مکسور، ن مفتوح، ص مشدد مفتوح، ۃ موقوف) بلند چیز جس پر دلہن کو بٹھا کر لوگوں کو دکھائیں۔

مُشَاطَۃٌ: (م مضموم، ش مفتوح، اساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔

مَشَّاطَۃٌ: (م مفتوح، ش مشدد مفتوح، اساکن، ط مفتوح، ۃ موقوف) وہ عورت جو کسی کے بالوں میں کنگھی کرے، دلہن کو سوارنے والی عورت، مَاشِطَۃ کا یہی معنی ہے۔

مُتْعَۃٌ: (م مضموم، ت ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جس سے فائدہ حاصل کریں، عورت کا مہر۔

مَجَاعَۃٌ: (م مفتوح، ج مفتوح، اساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) بھوک، بھوکا ہونا، دل لگی کرنا، بمعنی اول اجوف اور بمعنی ثانی صحیح ہے۔

مَرْبَعَۃٌ: (م مفتوح، رساکن، ب مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) وہ لکڑی جو بوجھ کے نیچے رکھتے ہیں جسے دو شخص اٹھا کر چوپائے کی پیٹھ پر لادتے ہیں۔

مِقْنَعَۃٌ: (م مکسور، ق ساکن، ن مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) اوڑھنی۔

مَنْعَۃٌ ۔ مَنَعَۃٌ: (م مفتوح، ن ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) (م مفتوح، ن مفتوح، ع مفتوح، ۃ موقوف) باز رکھنا، صاحب قدر ہونا،

عزیزی، باز رکھنے والے منافع کی جمع ہے۔

مِیْعَۃٌ: (م مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) خوشی، گھوڑے کی پہلی رفتار، دن کا پہلا حصہ، ایک درخت کی گوند کا نام جو روم میں ہوتا ہے، وہ دو قسم کا ہوتا ہے یابسہ اور سائلہ، میعۂ سائلہ کو ہندی میں سیلارس کہتے ہیں۔

مَرَاغَۃٌ: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) آذربائیجان میں ایک دیہات ہے، بنی یربوع کا ایک شہر ہے، اونٹوں کے لوٹنے کی جگہ، جریر شاعر کی ماں کا لقب اس لیے کہ اس کی پیدائش اونٹوں کے مراغہ میں ہوئی تھی یا فرزدق نے اسے اس لقب سے ملقب کیا تھا یعنی مردوں کا مراغہ۔

مُضْغَۃٌ: (م مضموم، ض ساکن، غ مفتوح، ۃ موقوف) گوشت کا لوتھڑا۔

مِجْرَفَۃٌ: (م مکسور، ج ساکن، ر مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) کدال جس کے ذریعہ زمین سے کوئی چیز کھودیں۔

مِحَفَّۃٌ: (م مکسور، ح مفتوح، ف مشدد مفتوح، ۃ موقوف) ہودج کی مانند ایک چیز جس میں بیمار اور بوڑھے لوگ بیٹھتے ہیں۔

مَخْرَفَۃٌ: (م مفتوح، خ ساکن، ر مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) راستہ، میوہ دار باغ۔

مَخَافَۃٌ: (م مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) ڈرنا۔

مَسَافَۃٌ: (م مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) دوری، بیابان، یہ سوف سے ماخوذ ہے بمعنی سونگھنا اس لیے کہ راہبر جب بیابان میں پہنچتا ہے مٹی لے کر سونگھتا ہے تاکہ سیدھا راستہ یا گم کردہ راستہ معلوم کرے پس کثرت استعمال کے سبب منزلوں کے درمیان دوری کا نام مسافت ہو گیا۔

مُضَاعَفَۃٌ: (م مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) زرہ جس کے دو حلقے باہم بٹے ہوں۔

مِغْرَفَۃٌ: (م مکسور، غ ساکن، ر مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) کفگیر۔

مِلْحَفَۃٌ: (م مکسور، ل ساکن، ح مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) بستر پر بچھانے کی چادر۔

مُہَفْہَفَۃٌ: (م مضموم، ہ مفتوح، ف ساکن، ہ مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) پتلی کمر والی عورت۔

مِنْسَفَۃٌ: (م مکسور، ن ساکن، س مفتوح، ف مفتوح، ۃ موقوف) مِکْنَسَۃٌ کے وزن پر عمارت ڈھانے کا ایک آلہ، مِنْسَف بغیر تاء کے بھی آتا ہے۔

مِخْنَقَۃٌ: (م مکسور، خ ساکن، ن مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) گلے کا پٹا، گردن بند۔

مِدَقَّۃٌ: (م مکسور، د مفتوح، ق مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جامہ کوب (وہ لکڑی جس سے دھوبی کپڑا کوٹتے ہیں)، کوٹنے کا آلہ، اوکھلی، وہ پتھر جس سے چیزوں کو گھسیں، وہ پتھر جس سے کوئی چیز گھسی جائے۔

مِرْفَقَۃٌ: (م مکسور، ر ساکن، ف مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) کہنی۔

مِطْرَقَۃٌ: (م مکسور، ط ساکن، ر مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) روئی اور اون دھننے کا ڈنڈا، ہتوڑا، لوہاروں کا ہتوڑا۔

مِلْعَقَۃٌ: (م مکسور، ل ساکن، ع مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) چمچہ۔

مِنْطَقَۃٌ: (م مکسور، ن ساکن، ط مفتوح، ق مفتوح، ۃ موقوف) کمر بند۔

مَاسَکَۃٌ: (م مفتوح، ا ساکن، س مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) وہ قوت جو غذا کو معدے میں ٹھہراتی ہے۔

مُسْکَۃٌ: (م مضموم، س ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جس سے تمسک حاصل کریں، بقیہ حصہ، قطع، سخت مٹی والا کنواں۔

مَسْکَۃٌ: (م مفتوح، س ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) تازہ تیل۔

مَسَکَۃٌ: (م مفتوح، س مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) کنگن جو چاندی کا نہ ہو۔

مُسَکَۃٌ: (م مضموم، س مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) بخیل۔

مُسْکِتٌ: (م مضموم، س ساکن، ک مکسور، ت موقوف) خاموش کرنے والا۔

مَضْحَکَۃٌ: (م مفتوح، ض ساکن، ح مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) وہ چیز جس پر ہنسیں، ہنسی کی چیز۔

مُلْکَۃٌ: (م مضموم، ل ساکن، ک مفتوح، ۃ موقوف) بادشاہی۔

مَلَکَۃٌ: (م مفتوح، ل مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) ملکیت، حصول شئی کی قوت جو انسان کے دل و دماغ میں حاصل ہوتی ہے، ہستی، کردار، طور طریقے، مملوک، وہ چیز جو کسی کی طبیعت میں راسخ و

متمکن ہو جائے، حالت کی ضد ہے۔

مَمْلَکَۃْ: (م مفتوح، م ساکن، ل مفتوح، ک مفتوح، ۃ موقوف) بادشاہی کے قیام کی جگہ، بادشاہی۔

مُثْلَۃْ: (م مضموم، ث ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کان اور ناک وغیرہ کاٹنا، سزا دینا۔

مَجَلَّۃْ: (م مفتوح، ج مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) خط، کتاب، رسالہ۔

مَحَلَّۃْ: (م مفتوح، ح مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) لوگوں کے ٹھہرنے اور رہنے کی جگہ۔

مَحَالَۃْ: (م مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بڑی چرخی جس کے ذریعہ کنویں سے پانی نکالتے ہیں، رہٹ، ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ، مکروفریب، تدبیر، علاج، لَا محالہ ناگزیر، لاعلاج، ناچار۔

مَرْحَلَۃْ: (م مفتوح، ر ساکن، ح مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) منزل۔

مُزِیْلَۃْ: (م مضموم، ز مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) ٹونٹی۔

مَسْئَلَۃْ: (م مفتوح، س ساکن، ء مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) درخواست کرنا، پوچھنا، وہ چیز جس کے بارے میں پوچھا جائے۔

مِسَلَّۃْ: (م مکسور، س مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گون (غلہ بھر کر گدھے پر رکھی جانے والی تھیلی) سلنے والا۔

مَشْعَلَۃْ: (م مفتوح، ش ساکن، ع مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) مشعل۔

مَشْغَلَۃْ: (م مفتوح، ش ساکن، غ مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) کاروبار۔

مِصْلَتْ ۔ مُنْصَلِتْ: (م مکسور، ص ساکن، ل مفتوح، ت موقوف) (م مضموم، ن ساکن، ص مفتوح، ل مکسور، ت موقوف) چست و چالاک مرد۔

مِصْقَلَۃْ: (م مکسور، ص ساکن، ق مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) تلوار اور چھری صاف کرنے کا آلہ۔

مَصْقَلَۃْ: (م مفتوح، ص ساکن، ق مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) ایک مرد کا نام۔

مِعْبَلَۃْ: (م مکسور، ع ساکن، ب مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) تیر یا برچھی کا پھل، پیکان۔

مَقْلَۃْ: (م مفتوح، ق ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) وہ پتھر جس سے پانی تقسیم کریں، وہ سنگریزہ ہوتا ہے جس کو برتن میں ڈال کر پانی گراتے ہیں یہاں تک کہ وہ پتھر ڈوب جائے پھر ہر ایک کو اسی اندازے سے پانی دیتے ہیں، ایسا پانی کی کمی کے وقت کیا جاتا ہے۔

مُقْلَۃْ: (م مضموم، ق ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) پوری آنکھ کا سیاہ و سفید کاسہ، ابن مقلہ ایک خوشنویس کا نام ہے جس نے 310ھ میں خط معقلی وکوفی وغیرہ چھ خط ایجاد کیے تھے ہر حرف کے لیے ایک خاص طرز مقرر کیا ان خطوں کے نام یہ ہیں ثلث، توقیع، محقق، نسخ، ریحان، رقاع، پھر گردش ایام کے بعد استادوں نے دوسرے دو خط مستنبط کیے (1) رقاع و توقیع سے تعلیق (2) نسخ و تعلیق سے نستعلیق۔

محقق است کہ گر ابن مقلہ زندہ شود
تراشۂ قلمش را بہ مقلہ بردارد

مَقَالَۃْ: (م مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) گفتار، کہنا۔

مَکْحَلَۃْ: (م مفتوح، ک ساکن، ح مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) سرمہ دانی۔

مِلَّۃْ: (م مکسور، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دین۔

مَلَّۃْ: (م مفتوح، ل مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گرم راکھ، گرم مٹی۔

مَلِیْلَۃْ: (م مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) بخار کی گرمی۔

مَنْزِلَۃْ: (م مفتوح، ن ساکن، ز مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) اترنے کی جگہ، پاؤں رکھنے کی جگہ، درجہ۔

مُہْلَۃْ: (م مضموم ہ ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) تاخیر، دیر، آہستگی۔

مِحْجَمَۃْ: (م مکسور، ح ساکن، ج مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) پچھنا لگانے کا آلہ۔

مَحْکَمَۃْ: (م مفتوح، ح ساکن، ک مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) حکم کرنے کی جگہ، فیصلے کی جگہ۔

مُسْتَوْشِمَۃْ: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، و ساکن، ش مکسور، م مفتوح،

ۃ موقوف) وہ عورت جو اپنے ہاتھ پر گودنا لگاتی ہے۔

مُسَوَّمَۃ: (م مضموم، س مفتوح، و مشدد مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) چرایا ہوا، نشان کیا ہوا۔

مُسَیلَمَۃ: (م مضموم، س مفتوح، ی ساکن، ل مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) ایک جھوٹے شخص کا نام جس نے پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا۔

مَشِیمَۃ: (م مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) وہ جھلی جس میں بچہ ہوتا ہے یا جس میں لپٹا ہوا بچہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے۔

مُصْمَت: (م مضموم، ص ساکن، م مفتوح، ت موقوف) ٹھوس جو بھرا ہوا ہو کھوکھلا نہ ہو، ایک رنگ کا گھوڑا، بند دروازہ۔

مُصَمَّت: (م مضموم، ص مفتوح، م مشدد مفتوح، ت موقوف) خاموش کیا ہوا۔

مُقَدِّمَۃ: (م مضموم، ق مفتوح، د مشدد مکسور، م مفتوح، ۃ موقوف) آگے چلنے والا، آگے کرنے والا، مقدمۃ الجیش وہ لشکر جسے آگے بھیجا جائے۔

مُقَدَّمَۃ: (م مضموم، ق مفتوح، د مشدد مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) جس کو آگے کیا گیا ہو، جسے پہلے لایا گیا ہو۔

مَلْحَمَۃ: (م مفتوح، ل ساکن، ح مفتوح، م مفتوح، ۃ موقوف) جنگ عظیم میدان جنگ۔

مَلَامَت: (م مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، م مفتوح، ت موقوف) سزا، رسوائی۔

مُلِمَّۃ: (م مضموم، ل مکسور، م مشدد مفتوح، ۃ موقوف) دنیاوی حادثہ، سخت محنت۔

مُؤنَۃ: (م مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) ضرریات زندگی جیسے نفقہ اور توشۂ سفر، محنت۔

مَئِنَّۃ: (م مفتوح، ا مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) یقین کی جگہ، کسی چیز کا ثبوت۔

مَتَانَۃ: (م مفتوح، ت مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) استواری، مستحکم ہونا، انجیر پھلنے کی جگہ۔

مَثَانَۃ: (م مفتوح، ث مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) آدمی اور جانوروں کے پیشاب جمع ہونے کی جگہ۔

مِحْقَنَۃ: (م مکسور، ح ساکن، ق مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) حقنہ لگانے کا آلہ۔

مِحْنَۃ: (م مکسور، ح ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) امتحان، آزمائش۔

مَدِینَۃ: (م مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) شہر، کنیز، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب کی ہجرت کی جگہ۔

مَرْلَنَۃ: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) نرمی، نرم ہونا، کسی کام کی عادت ڈالنا، سخت ہونا، ایک جگہ کا نام، ایک اونٹنی کا نام۔

مُزَینَۃ: (م مضموم، ز مفتوح، ی ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) بنی تمیم کا ایک قبیلہ۔

مِسْنَحَۃ: (م مکسور، س ساکن، ن مفتوح، ح مفتوح، ۃ موقوف) پتھر توڑنے کا آلہ۔

مِسْخَنَۃ: (م مکسور، س ساکن، خ مفتوح، ن مفتوح، ۃ موقوف) ایک قسم کی دیگچی ہے۔

مَطْبَخَۃ: (م مفتوح، ط ساکن، ب مفتوح، خ مفتوح، ۃ موقوف) وہ گوشت جسے توے پر بھنیں۔

مَظِنَّۃ: (م مفتوح، ظ مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) گمان کرنے کی جگہ۔

مَعُونَۃ: (م مفتوح، ع مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) مدد کرنا۔

مَغْنَۃ: (م مفتوح، غ ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) تھوڑی چیز، زیادہ چیز۔

مَعْرِکَۃ: (م مفتوح، ع ساکن، ر مکسور، ک مفتوح، ۃ موقوف) لشکر اور لوگوں کی بھیڑ کی جگہ۔

مَکَانَۃ: (م مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) جگہ، جاگیر ہونا، ٹھہرنا۔

مُکْنَۃ: (م مضموم، ک ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) قدرت، مالداری۔

مِکْنَۃ: (م مکسور، ک ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) سوسمار کا انڈا۔

مُنَّۃ: (م مضموم، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) قوت، طاقت۔

مِنَّۃٌ: (م مکسور، ن مشدد مفتوح، ۃ موقوف) کسی کے ساتھ بھلائی کرنا، کسی پر احسان کرنا۔

مَوْضُوْنَۃٌ: (م مفتوح، و ساکن، ض مضموم، و ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) جواہرات سے آراستہ زرہ جس کے دو حلقے بنے ہوں۔

مَرْوَۃٌ: (م مفتوح، ر ساکن، و مفتوح، ۃ موقوف) مکہ معظمہ میں ایک پہاڑ ہے، چمکنے والا سفید پتھر۔

مُرُوْءَۃٌ۔ مُرُوَّۃٌ: م مضموم، ر مضموم، و ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) (م مضموم، ر مضموم، و مشدد مفتوح، ۃ موقوف) جوانمردی، مَرْء سے ماخوذ ہے۔

مَسْبُوْت: (م مفتوح، س ساکن، ب مضموم، و ساکن، ت موقوف) سبات کے مرض میں مبتلا شخص، مردہ، بیہوش۔

مَلَکُوْت: (م مفتوح، ل مفتوح، ک مضموم، و ساکن، ت موقوف) بادشاہی، کسی چیز میں تصرف، عالم ملکوت عالم ارواح، عالم ملک عالم اجسام۔

مُوَات: (م مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) موت۔

مَوَات: (م مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ت موقوف) وہ چیز جو روح نہیں رکھتی، وہ زمین جس کا کوئی مالک نہ ہو۔

مَوْت: (م مفتوح، و ساکن، ت موقوف) مرگ۔

مَوْقُوْت: (م مفتوح، و ساکن، ق مضموم، و ساکن، ت موقوف) جس کا وقت بیان ہو یا مقرر ہو۔

مُتَرَدِّیَۃٌ: (م مضموم، ت مفتوح، ر ساکن، د مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) جو بلند جگہ سے گر کر مر جائے۔

مُدْیَۃٌ: (م مضموم، د ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) چھری۔

مِرْیَۃٌ: (م مکسور، ر ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) شک، گمان۔

مَرْثِیَۃٌ: (م مفتوح، ر ساکن، ث مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ اشعار جو مردے کے لیے کہیں اور اس کے اوصاف بیان کریں۔

مَزِیَّۃٌ: (م مفتوح، ز مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) زیادہ ہونا، زیادتی۔

مَاشِیَۃٌ: (م مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) چلنے والی، بہت بچوں والی اونٹنی، بہت بچوں والی عورت، گائے، بکری۔

مَطِیَّۃٌ: (م مفتوح، ط مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) سواری کا اونٹ۔

مُقِیْت: (م مضموم، ق مکسور، ی ساکن، ت موقوف) طاقتور، گواہ، روزی دینے والا۔

مُمِیْت: (م مضموم، م مکسور، ی ساکن، ت موقوف) مارنے والا۔

مُنْیَۃٌ: (م مضموم، ن ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) امید، آرزو، اونٹنی کے حمل کے ایام اور وہ نر کا مادہ سے جفت ہونے کا ابتدائی زمانہ ہے جو پندرہ روز رہتا ہے۔

مَنِیَّۃٌ: (م مفتوح، ن مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃ موقوف) موت، مَنَایَا جمع ہے۔

مَاہِیَۃٌ: (م مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کی حقیقت۔

مَیْت: (م مفتوح، ی ساکن، ت موقوف) مردہ۔

مَیِّت: (م مفتوح، ی مشدد مکسور، ت موقوف) مردہ، بعض لوگوں نے کہا ہے مَیْت (یاء ساکن) جو مر جائے، مَیِّت (یاء مشدد) جو مرنے کے قریب ہو۔

﴿فصل المیم مع الثاء﴾

مَبْحَث: (م مفتوح، ب ساکن، ح مفتوح، ث موقوف) کھودنا، مَبَاحِث جمع ہے۔

مَثّ: (م مفتوح، ث مشدد موقوف) رومال یا گھاس سے ہاتھ صاف کرنا، مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا، کسی چیز تک ہاتھ لے جانا، مشک کا پانی اور برتن کا تیل وغیرہ ٹپکانا۔

مَثْلَث: (م مفتوح، ث ساکن، ل مفتوح، ث موقوف) تین تین، ساز کے چار تاروں میں سے تیسرا تار۔

مُثَلَّث: (م مضموم، ث مفتوح، ل مشدد مفتوح، ث موقوف) تین کیا گیا، تین گوشہ، ایک تہائی کیا گیا، تیسرا، انگور وغیرہ کا شیرہ جس کے دو حصے

کھولنے کی وجہ سے ختم ہو گئے ہوں اور ایک حصہ باقی ہو، حضرت ادریس علیہ السلام کا لقب ہے کیوں کہ وہ حکمت، نبوت اور سلطنت تینوں کے مالک تھے، اسی لیے ان کو ہرمس مثلث کہتے ہیں۔

مُجْتَثّ: (م مضموم، ج ساکن، ت مفتوح، ث مشدد موقوف) جڑ سے اکھاڑا ہوا، جڑ سے اکھاڑنے والا، مستفعلن، فاعلاتن، مستفعلن فاعلاتن کے وزن پر ایک بحر ہے جب اس کے بعض اجزا کو بدلتے ہیں تو مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن ہو جاتا ہے۔

مَرْث: (م مفتوح، ر ساکن، ث موقوف) ملنا، گھسنا، کسی چیز کو پانی میں چھوڑ دینا تا کہ گھل جائے، بچے کا انگلی چاٹنا۔

مُسْتَغِیْث: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، غ مکسور، ی ساکن، ث موقوف) فریاد کرنے والا، مدد طلب کرنے والا۔

مَغْث: (م مفتوح، غ ساکن، ث موقوف) عیب دار کرنا، بے عزت کرنا، دوا ملنا، دوا کو پانی میں نرم کرنا، غیر تکلیف دہ مار مارنا، ہلکی مار مارنا۔

مِغْث: (م مکسور، غ ساکن، ث موقوف) اچھی طرح کشتی لڑنے والا پہلوان، کسی کو پچھاڑنے والا۔

مُغَاث: (م مضموم، غ مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) ایک دوا کا نام جو جنگلی انار کی چھال ہے۔

مُغِیْث: (م مضموم، غ مکسور، ی ساکن، ث موقوف) فریاد رس، وہ شخص جو کسی کی فریاد کو پہنچے۔

مَغِیْث: (م مفتوح، غ مکسور، ی ساکن، ث موقوف) گھاس جس پر بارش ہو اور وہ اسے زمین پر گرا دے۔

مَکْث: (م مفتوح، ک ساکن، ث موقوف) دیر کرنا، انتظار کرنا، دیر، آہستگی، مُکث (م مضموم) بھی آیا ہے۔

مَلْث: (م مفتوح، ل ساکن، ث موقوف) چرب زبانی کے ذریعہ کسی کو کام سے روکنا، زبان سے وعدہ کرنا اور اسے پورا نہ کرنا، رات کی تاریکی کا سورج کی روشنی سے ملنے کا وقت۔

مَوْث: (م مفتوح، و ساکن، ث موقوف) کسی چیز کو پانی میں گھسنا، پانی میں نرم کرنا، پانی سے تر کرنا۔

مَوْرُوْث: (م مفتوح، و ساکن، ر مضموم، و ساکن، ث موقوف) میراث میں حاصل کی ہوئی چیز۔

مِیْرَاث: (م مکسور، ی ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ث موقوف) مردے کا ترکہ۔

﴿فصل المیم مع الجیم﴾

مَاج: (م مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) نمکین اور کھارا پانی۔

مَثْلُوْج: (م مفتوح، ث ساکن، ل مضموم، و ساکن، ج موقوف) برف پڑی ہوئی چیز، مَثْلُوْجُ الفُؤَاد افسردہ دل۔

مَجّ: (م مفتوح، ج مشدد موقوف) ماش کے دانے، ارد کی دال، کلی کرنا، منہ سے تھوک اور شراب اگلنا، کوئی چیز منہ سے تھوکنا، قلم سے نقطہ لگانا۔

مَاجّ: (م مفتوح، ا ساکن، ج مشدد موقوف) وہ بوڑھا جس کی رال ٹپک رہی ہو اور بڑھاپے کی وجہ سے وہ اسے روک نہ سکے، نادان آدمی، وہ اونٹنی جس کے منہ سے تھوک نکلتا رہتا ہو۔

مُجَاج: (م مضموم، ج مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) تھوک، بارش، شہد، ہر چیز جو نچوڑی گئی ہو۔

مَحْج: (م مفتوح، ح ساکن، ج موقوف) ڈول کو بھرنے کے لیے ہلانا، جماع کرنا۔

مَدَارِج: (م مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ج موقوف) راستے۔

مَذْحِج: (م مفتوح، ذ ساکن، ح مکسور، ج موقوف) یمن کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

مَرْج: (م مفتوح، ر ساکن، ج موقوف) چراگاہ، مُرُوْج جمع ہے، چوپایوں کو چرنے کے لیے چھوڑنا، دو چیزوں کو باہم چھوڑ دینا، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ اس نے دو سمندر بہائے (رحمٰن)، اونٹنی کا بچہ کے خون بستہ ہونے کے بعد ہی جن دینا، مَرْجَ الخَطَا خراسان میں ایک جگہ ہے، مَرْجِ رَاہِط شام میں ایک جگہ ہے، یَوْمُ المَرْجِ جنگ کا دن۔

مَرَج: (م مفتوح، رمفتوح، ج موقوف) انگوٹھی کا انگلی میں حرکت کرنا یعنی ڈھیلا ہونا، ملانا، باہم پیوستہ ہونا، کام کا خراب ہونا، دین کا خراب ہونا۔

مَرِیْج: (م مفتوح، رمکسور، ی ساکن، ج موقوف) گڈمڈ، باہم ملا ہوا۔

مَارِج: (م مفتوح، ا ساکن، رمکسور، ج موقوف) بہت بھڑکنے والا شعلہ، بے دھوئیں کا انگارہ۔

مَزْج: (م مفتوح، ز ساکن، ج موقوف) شہد، شراب وغیرہ ملانا۔

مِزَجّ: (م مکسور، زمفتوح، ج مشدد موقوف) چھوٹا نیزہ۔

مِزَاج: (م مکسور، زمفتوح، ا ساکن، ج موقوف) کسی چیز کو دوسری چیز سے ملانا، وہ کیفیت جو چیزوں کے ملنے سے حاصل ہوتی ہے، وہ چیز جس میں شراب ملائیں، وہ طینت وکیفیت جو چار عناصر سے مل کر پیدا ہوتی ہے۔

مِزْوَاج: (م مکسور، م ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) بہت شوہر بنانے والی عورت۔

مِزْعَاج: (م مکسور، ز ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) وہ عورت جو ایک جگہ نہ رہ سکے۔

مَشْج: (م مفتوح، ش ساکن، ج موقوف) ملانا،

مَشِیْج: (م مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ج موقوف) ملایا ہوا، باہم ملا ہوا پانی اور خون، اَمْشَاج جمع ہے، نطفۂ امشاج عورت اور مرد کا ملا ہوا پانی (منی)۔

مِعْرَاج: (م مکسور، ع ساکن، رمفتوح، ا ساکن، ج موقوف) سیڑھی، مَعَارِج جمع ہے، لَیْلَۃُ الْمِعْرَاج اسی سے ہے۔

مَعْرِج: (م مفتوح، ع ساکن، رمکسور، ج موقوف) سیڑھی، اوپر چڑھنے کی جگہ۔

مُعَجَّرَج: (م مضموم، ع مفتوح، رمشدد مفتوح، ج موقوف) ایک قیمتی کپڑا۔

مَعْج: (م مفتوح، ع ساکن، ج موقوف) جلد جانا، دوڑنا، اونٹنی کے بچے کا ماں کے تھن کو سر سے مارنا۔

مَعُوْج: (م مفتوح، ع مضموم، و ساکن، ج موقوف) تیز رفتار گھوڑا اور گدھا، تیز چلنے والی ہوا۔

مُعْوَجّ: (م مضموم، ع ساکن، و مفتوح، ج مشدد موقوف) ٹیڑھا، نادرست۔

مُفْرِج: (م مضموم، ف ساکن، رمکسور، ج موقوف) بروزن مُحْسِن، بچے والی مرغی۔

مُفَرِّج: (م مضموم، ف مفتوح، رمشدد مکسور، ج موقوف) بروزن محدث، غم دور کرنے والا۔

مُفَرَّج: (م مضموم، ف مفتوح، رمشدد مفتوح، ج موقوف) بروزن مُحَمَّد، کنگھی، کیوں کہ اس میں فرج (سوراخ) ہوتا ہے۔

مَلْج: (م مفتوح، ل ساکن، ج موقوف) بچے کا ہونٹ سے پستان پکڑ کر دودھ چوسنا۔

مَالَج: (م مفتوح، ا ساکن، ل مفتوح، ج موقوف) وہ چیز جس سے مزدور (مستری) مٹی دیوار پر لگاتے ہیں، مالہ کا معرب ہے، کرنی۔

مُنْزَعِج: (م مضموم، ن ساکن، زمفتوح، ع مکسور، ج موقوف) چلنے والا، اپنی جگہ سے ہٹنے والا۔

مُنْدَمِج: (م مضموم، ن ساکن، دمفتوح، م مکسور، ج موقوف) باہم گھسا ہوا، باہم ملا ہوا۔

مُنْدَرِج: (م مضموم، ن ساکن، دمفتوح، رمکسور، ج موقوف) کسی چیز میں داخل کیا ہوا۔

مِنْہَاج: (م مکسور، ن ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) سیدھا راستہ۔

مَنْہَج: (م مفتوح، ن ساکن، ہ مفتوح، ج موقوف) سیدھا راستہ، ایک کتاب کا نام، مَنَاہِج جمع ہے۔

مُنْعَرِج: (م مضموم، ن ساکن، ع مفتوح، رمکسور، ج موقوف) وادی کا موڑ، وادی کے دائیں یا بائیں مڑنا۔

مُوْزَج: (م مضموم، و ساکن، زمفتوح، ج موقوف) موزہ کا معرب ہے۔

مَوْج: (م مفتوح، و ساکن، ج موقوف) حرکت کرنا، پریشان ہونا، اوپر سے پانی گرنا، پانی کا اوپر اٹھنا، پانی کا وہ حصہ جو حرکت کرے، اَمْوَاج جمع ہے۔

مَوَّاج: (م مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ج موقوف) بہت موج

مارنے والا۔

مَاہِج: (م مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ج موقوف) پتلا دودھ۔

مُہَج: (م مضموم، ہ مفتوح، ج موقوف) مُہجہ کی جمع ہے، ہر چیز کا خلاصہ۔

﴿فصل المیم مع الحاء﴾

مَتْح: (م مفتوح، ت ساکن، ح موقوف) کنویں سے پانی کھینچنا، دن کا چڑھنا، کسی چیز کا لمبا ہونا، لمبا کھینچنا، پیشاب چھڑکنا، آزاد کرنا۔

مَاتِح: (م مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ح موقوف) پانی کھینچنے والا۔

مَتُوح: (م مفتوح، ت مضموم، و ساکن، ح موقوف) پانی کھینچنے والا، وہ کنواں جس سے ڈول کے بغیر پانی نکالا جا سکے، دور دراز راستہ۔

مِجْدَح: (م مکسور، ج ساکن، د مفتوح، ح موقوف) ایک تین پہلو والی لکڑی ہے جس سے ستو گھولتے ہیں، ایک ستارے کا نام ہے۔

مُجَدَّح: (م مضموم، ج مفتوح، د مشدد مفتوح، ح موقوف) وہ شراب جو کسی چیز سے ملی ہوئی ہو۔

مِجْدَاح: (م مکسور، ج ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) دریا کا کنارہ۔

مَجْدُوح: (م مفتوح، ج ساکن، د مضموم، و ساکن، ح موقوف) اونٹ کے پچھنے کا خون جسے لوگ ایام جاہلیت کے قحط میں پیتے تھے۔

مَحّ: (م مفتوح، ح مشدد موقوف) پرانا کپڑا، کپڑے کا پرانا ہونا۔

مُحّ: (م مضموم، ح مشدد موقوف) انڈے کی زردی۔

مَحَّاح: (م مفتوح، ح مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) وہ آدمی جو بات سے لوگوں کا دل خوش کر دے۔

مَدْح: (م مفتوح، د ساکن، ح موقوف) تعریف کرنا، تعریف، مِدِیح بھی اسی معنی میں ہے۔

مَدَّاح: (م مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بہت تعریف کرنے والا۔

مَذَح: (م مفتوح، ذ مفتوح، ح موقوف) چلنے میں دونوں رانوں کا باہم رگڑنا۔

مَرَح: (م مفتوح، ر مفتوح، ح موقوف) بہت خوش ہونا۔

مِرِّیح: (م مکسور، ر مشدد مکسور، ی ساکن، ح موقوف) بہت خوش، مِرح کا بھی یہی معنی ہے۔

مِرَاح: (م مکسور، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) خوشی، بہت آنسوؤں والی آنکھ۔

مَرَاح: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) آرام و آسائش کی جگہ، مراح الارواح علم صرف میں ایک کتاب ہے۔

مَرُوح: (م مفتوح، ر مضموم، و ساکن، ح موقوف) خوش و خرم۔

مُرْتَاح: (م مضموم، ر ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) راحت پانے والا، خوشی پانے والا، دس گھوڑوں میں سے پانچواں گھوڑا۔

مِزْرَح: (م مکسور، ز ساکن، ر مفتوح، ح موقوف) ایک لکڑی ہے جسے انگور کی بیل کے نیچے رکھتے ہیں اور انگور کے درخت کو اٹھاتے ہیں۔

مَزْح: (م مفتوح، ز ساکن، ح موقوف) خوش طبعی کرنا، مذاق کرنا، ٹھٹھا کرنا۔

مُزَاح: (م مضموم، ز مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) خوش طبعی، زائل کیا ہوا، إزاحۃ کا اسم مفعول ہے۔

مَزَّاح: (م مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) بہت مذاق کرنے والا۔

مِزَاح: (م مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) آپس میں خوش طبعی کرنا، باہم ٹھٹھا کرنا۔

مُزَحْزِح: (م مضموم، ز مفتوح، ح ساکن، ز مکسور، ح موقوف) دور کرنے والا۔

مَسْح: (م مفتوح، س ساکن، ح موقوف) ہاتھ ملنا، سر اور موزے کا مسح کرنا (ہاتھ پھیرنا)، جماع کرنا، تلوار سے کاٹنا۔

مِسْح: (م مکسور، س ساکن، ح موقوف) پلاس، ٹاٹ، اَمْسَاح و مُسُوح جمع ہے۔

مَسَح: (م مفتوح، س مفتوح، ح موقوف) دونوں رانوں کا باہم رگڑنا۔

مَسُوح: (م مفتوح، س مضموم، و ساکن، ح موقوف) ملنے کی دوا۔

مَاسِح: (م مفتوح، اساکن، س مکسور، ح موقوف) کسی چیز پر ہاتھ ملنے والا، وہ اونٹ جس کا باز ورگڑ کھا کر خون آلود ہو جائے۔

مَسَّاح: (م مفتوح، س مشدد مفتوح، اساکن، ح موقوف) زمین کو بہت ناپنے والا۔

مَسِیح: (م مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ح موقوف) دوست، زمین کو بہت ناپنے والا، جھوٹ بولنے والا، چاندی سونے کا ٹکڑا، سونے چاندی کا گھسا ہوا سکہ، وہ آدمی جو ایک آنکھ اور ایک ابرو نہ رکھتا ہو، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ہے، بعض لوگوں نے کہا ہے کہ سِکّین کے وزن پر مسّیح دجال کا لقب ہے اور صحیح کے وزن پر حضرت عیسیٰ کا لقب ہے۔

مِسْطَح: (م مکسور، س ساکن، ط مفتوح، ح موقوف) خیمے کی بلیاں، برابر زمین۔

مَسْطَح: (م مفتوح، س ساکن، ط مفتوح، ح موقوف) وہ جگہ جہاں کھجور یا گیہوں رکھیں تاکہ خشک ہو جائے۔

مُسْتَرَاح: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ر مفتوح، اساکن، ح موقوف) پاخانہ، آرام کی جگہ، فراغت کی جگہ۔

مُسْتَرِیح: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ح موقوف) آرام طلب کرنے والا۔

مَسَابِح: (م مفتوح، س مفتوح، اساکن، ب مکسور، ح موقوف) گزرنے کی جگہیں، ڈر کی جگہیں، دشمن کا خوف۔

مَشْرُوح: (م مفتوح، ش ساکن، ر مضموم، و ساکن، ح موقوف) روشن کیا ہوا، کھلا ہوا۔

مُشَرِّح: (م مضموم، ش مفتوح، ر مشدد مکسور، ح موقوف) شرح کرنے والا، کھولنے والا۔

مُشَرَّح: (م مضموم، ش مفتوح، ر مشدد مفتوح، ح موقوف) شرح کیا ہوا، کھولا ہوا۔

مُصُوْح: (م مضموم، ص مضموم، و ساکن، ح موقوف) جانا، کپڑے کا پرانا ہونا، شگوفے کا رنگ بدلنا، سائے کا چھوٹا ہونا، منقطع ہونا، طے ہونا، ختم ہونا، آخر ہونا، ظاہر ہونا، مٹی میں چلنا۔

مِصْبَاح: (م مکسور، ص ساکن، ب مفتوح، اساکن، ح موقوف) چراغ، پیالہ جس میں صبح کی شراب پیتے ہیں، اونٹنی جو صبح کے وقت سوتی ہے، جب سورج بہت بلند ہو جاتا ہے تو اٹھتی ہے اور چرنے جاتی ہے۔

مَصَالِح: (م مفتوح، ص مفتوح، اساکن، ل مکسور، ح موقوف) وہ چیزیں جن سے دوسری چیزوں کی اصلاح کرتے ہیں، مفاسد کی ضد ہے۔

مَضْح: (م مفتوح، ض ساکن، ح موقوف) عیب لگانا، کسی کی عزت لوٹنا۔

مَطْرَح: (م مفتوح، ط ساکن، ر مفتوح، ح موقوف) کسی چیز کو پھینکنے کی جگہ، مطارح جمع ہے۔

مَطْمَح: (م مفتوح، ط ساکن، م مفتوح، ح موقوف) نظر پڑنے کی جگہ۔

مُفَرِّح: (م مضموم، ف مفتوح، ر مشدد مکسور، ح موقوف) خوش کرنے والا، دل کو طاقت دینے والی دوا۔

مِفْتَاح: (م مکسور، ف ساکن، ت مفتوح، اساکن، ح موقوف) چابی، کنجی، مَفَاتِیح جمع ہے۔

مِفْتَح: (م مکسور، ف ساکن، ت مفتوح، ح موقوف) کنجی۔

مَفْتَح: (م مفتوح، ف ساکن، ت مفتوح، ح موقوف) خزانہ، مَفَاتِح جمع ہے۔

مِفْرَاح: (م مکسور، ف ساکن، ر مفتوح، اساکن، ح موقوف) بہت خوشی منانے والا۔

مَقَابِح: (م مفتوح، ق مفتوح، اساکن، ب مکسور، ح موقوف) بری چیزیں۔

مِلْح: (م مکسور، ل ساکن، ح موقوف) نمک، شیر خوارگی، چربی، نمکین، اونٹنی کا دودھ جو کھانے میں ملا ہو۔

مَلْح: (م مفتوح، ل ساکن، ح موقوف) بچے کو دودھ دینا، اونٹ کو کھارا پانی پلانا، کھانے میں نمک ملانا، نمکین کرنا، پرندے کا دونوں پر پھڑپھڑانا، ملّاح اسی سے ماخوذ ہے۔

مَلَح: (م مفتوح، ل مفتوح، ح موقوف) گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔

مُلَح: (م مضموم، ل مفتوح، ح موقوف) اچھی باتیں، مزیدار باتیں، مُلحہ کی جمع ہے۔

مُلِحّ: (م مضموم، ل مکسور، ح مشدد موقوف) آہ وزاری کرنے والا، اصرار کرنے والا۔

مَلِیح: (م مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ح موقوف) نمک آلود، نمک ملا ہوا، نمکین، کھارا کنواں۔

مُلَیح: (م مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) قبیلۂ خزاعہ کی ایک جماعت ہے۔

مِلَاح: (م مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) مَلِیح کی جمع ہے۔

مُلَاح: (م مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) نمکین۔

مَلَّاح: (م مفتوح، ل مشدد مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) کھاری گھاس، نمکین گھاس۔

مُلُوح: (م مضموم، ل مضموم، و ساکن، ح موقوف) کھارا ہونا۔

مَالِح: (م مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ح موقوف) کھارا۔

مِلْوَاح: (م مکسور، ل ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) وہ چوپایہ جو جلد پیاسا ہو جائے، وہ پرندہ جسے جال میں باندھ کر دوسرے پرندوں کا شکار کریں، اسے فارسی میں پای دام کہتے ہیں۔

مِلْحَاح: (م مکسور، ل ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) اونٹ کا پالان جو اونٹ کے کندھے کو گھیرتا ہے، سخت آہ وزاری کرنے والا۔

مَنْح: (م مفتوح، ن ساکن، ح موقوف) دینا۔

مَنَاح: (م مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، ح موقوف) نوحہ کرنا۔

مِیح: (م مکسور، ی ساکن، ح موقوف) جوئے کا وہ تیر جس سے کوئی حصہ ہاتھ نہ آئے۔

مَنُوح: (م مفتوح، ن مضموم، و ساکن، ح موقوف) جاڑے کے زمانے میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ دینے والی اونٹنی، مُمانِح بھی اسی معنی میں ہے۔

مُنَقَّح: (م مضموم، ن مفتوح، ق مشدد مفتوح، ح موقوف) صاف کیا ہوا۔

مُنَقِّح: (م مضموم، ن مفتوح، ق مشدد مکسور، ح موقوف) صاف کرنے والا۔

مَانِح: (م مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ح موقوف) بخشنے والا۔

مَیْح: (م مفتوح، ی ساکن، ح موقوف) دینا، طلب کرنا، مٹک کر چلنا، مسواک کرنا، بادشاہ کے پاس کسی کی سفارش کرنا۔

﴿فصل المیم مع الخاء﴾

مُخّ: (م مضموم، خ مشدد موقوف) ہڈی کا مغز، مُخَّة ہڈی کا ٹکڑا، دماغ، خالص چیز۔

مَذْخ: (م مفتوح، ذ ساکن، خ موقوف) بڑا ہونا۔

مَرْخ: (م مفتوح، ر ساکن، خ موقوف) تیل ملنا، درخت، چقماق کے نیچے کی لکڑی جسے زند اسفل کہتے ہیں اور اوپر کی لکڑی کو عفار اور زند اعلیٰ کہتے ہیں۔

مِرِّیخ: (م مکسور، ر مشدد مکسور، ی ساکن، خ موقوف) پانچویں آسمان کے ایک مشہور ستارے کا نام جسے بہرام کہتے ہیں، چار پر والا تیر، نشانہ۔

مَسْخ: (م مفتوح، س ساکن، خ موقوف) کسی چیز کی صورت کو پہلی صورت سے بگاڑ دینا، کسی چیز کا مزہ ختم ہونا۔

مَسِیخ: (م مفتوح، س مکسور، ی ساکن، خ موقوف) خراب، بے نمک، بے مزہ گوشت، ہر بے مزہ چیز۔

مَشَائِخ: (م مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، خ موقوف) بوڑھے لوگ، شَیخ کی جمع ہے۔

مُصْرِخ: (م مضموم، ص ساکن، ر مکسور، خ موقوف) فریاد کو پہنچنے والا۔

مَطْبَخ: (م مفتوح، ط ساکن، ب مفتوح، خ موقوف) پکانے کی جگہ۔

مِطْبَخ: (م مکسور، ط ساکن، ب مفتوح، خ موقوف) پکانے کا برتن، پکانے کا آلہ۔

مُطَبِّخ: (م مضموم، ط مفتوح، ب مشدد مکسور، خ موقوف) سوسمار کا پہلا بچہ گوشت سے بھرے ہوئے جسم والا نوجوان۔

مَلْخ: (م مفتوح، ل ساکن، خ موقوف) تیز رفتار، دور جانا، تیز چلنا، سرکشی کرنا، باطل کام میں پڑنا، دانت کھینچنا۔

مَلِیخ: (م مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، خ موقوف) بے مزہ گوشت۔

مِنْفَخ ۔ مِنْفَاخ: (م مکسور، ن ساکن، ف مفتوح، خ موقوف) (م مکسور، ن ساکن، ف مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) لوہاروں کی دھونکنی۔

مِنْتَاخ: (م مکسور، ن ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، خ موقوف) وہ چیز جس سے بال اکھیڑیں، موچنا۔

فصل المیم مع الدال

مَأد: (م مفتوح، أ ساکن، د موقوف) نرم و نازک گھاس، گھاس کا ہلنا، انتہائی نازک ہونے کی وجہ سے شاخ کا ہلنا، سیرابی۔

مِبْرَد: (م مکسور، ب ساکن، ر مفتوح، د موقوف) لوہے کا اوزار، ریتی۔

مُبَرَّد: (م مضموم، ب مفتوح، ر مشدد مفتوح، د موقوف) ٹھنڈا کیا ہوا، ایک مشہور نحوی کا نام۔

مُبَرِّد: (م مضموم، ب مفتوح، ر مشدد مکسور، د موقوف) ٹھنڈا کرنے والا۔

مَجْد: (م مفتوح، ج ساکن، د موقوف) بزرگی، بزرگوار ہونا، جانور کو اتنا چارا دینا کہ وہ شکم سیر ہو جائے، بزرگی میں کسی پر غالب ہونا، ایک قبیلے کی ماں کا نام، بنو مجد اسی کی طرف منسوب ہے۔

مَجْدُود: (م مفتوح، ج ساکن، د مضموم، و ساکن، د موقوف) قسمت والا، روزی والا، سنائی غزنوی حکیم کا نام۔

مُجُود: (م مضموم، ج مضموم، د ساکن، د موقوف) اونٹ کا خوب سیراب ہونا۔

مَجِید: (م مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، د موقوف) بزرگوار، اعلیٰ مرتبہ، مَاجِد کا بھی یہی معنی ہے۔

مُجَرَّد: (م مضموم، ج مفتوح، ر مشدد مفتوح، د موقوف) ننگا، برہنہ کیا ہوا۔

مُجَرِّد: (م مضموم، ج مفتوح، ر مشدد مکسور، د موقوف) ننگا کرنے والا، برہنہ کرنے والا۔

مُجَدِّد: (م مضموم، ج مفتوح، د مشدد مکسور، د موقوف) نیا کرنے والا۔

مُجَدَّد: (م مضموم، ج مفتوح، مشدد مفتوح، د موقوف) نیا کیا ہوا۔

مَحْتِد: (م مفتوح، ح ساکن، ت مکسور، د موقوف) مقام، اصل، ٹھہرنے اور رہنے کی جگہ۔

مَحِید: (م مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، د موقوف) پھرنا، پھرنے کی جگہ۔

مَحَامِد: (م مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، م مکسور، د موقوف) تعریفیں، اچھی عادتیں۔

مَحْمُود: (م مفتوح، ح ساکن، م مضموم، و ساکن، د موقوف) تعریف کیا ہوا، اس ہاتھی کا نام جسے ابرہہ کعبہ ڈھانے کے لیے لایا تھا۔

مُحَمَّد: (م مضموم، ح مفتوح، م مشدد مفتوح، د موقوف) بہت تعریف کیا ہوا۔

مِحْصَد: (م مکسور، ح ساکن، ص مفتوح، د موقوف) ہنسیا جس سے گھاس کاٹتے ہیں۔

مَحْفُود: (م مفتوح، ح ساکن، ف مضموم، و ساکن، د موقوف) مخدوم جس کی خدمت کی جائے۔

مُحَدِّد: (م مضموم، ح مفتوح، د مشدد مکسور، د موقوف) تیز کرنے والا، حد کرنے والا۔

مُحَدَّد: (م مضموم، ح مفتوح، د مشدد مفتوح، د موقوف) تیز کیا ہوا، جس کی حد بیان کر دی گئی ہو۔

مَخْضُود: (م مفتوح، خ ساکن، ض مضموم، و ساکن، د موقوف) وہ درخت جس کے کانٹے صاف کر دیے گئے ہوں۔

مَدّ: (م مفتوح، د مشدد موقوف) کشش، کھنچاؤ، پانی کی طغیانی، سیلاب کا پانی، زیادتی، ڈھیر ہونا، پانی کی زیادتی، جذر کی ضد، کھینچنا، دوات میں سیاہی رکھنا، گمراہی میں چھوڑنا، پانی پر آٹا چھڑک کر اونٹ کو دینا، کسی چیز کا لمبا ہونا، مہلت دینا، کسی چیز کی طرف دیکھنا، خط جو الف ممدودہ پر لکھتے ہیں، وہ لمبا خط جو حساب میں لکھتے ہیں، مَدُّ النَّهَار دن کا چڑھنا، چاشت کا وقت، مَدُّ البَصَر نظر پڑنے کی جگہ۔

مُدّ: (م مضموم، د مشدد موقوف) ایک پیمانہ ہے جو دو رطل کا ہوتا ہے یا ایک رطل اور تہائی رطل کا یا مستوی الخلقہ آدمی کی دو ہتھیلیوں کی مقدار جب وہ دونوں ہتھیلیوں کو پھیلائے اور اس میں کوئی چیز بھری جائے، صاحب قاموس کہتے ہیں کہ میں نے تحقیق کے ساتھ تجربہ کیا تو دونوں ہتھیلیوں میں دو بار بھری ہوئی چیز کو ایک مُدّ کے برابر پایا، اَمْدَاد جمع ہے۔

مَدَد: (م مفتوح، د مفتوح، د موقوف) مدد، مدد کرنے والا۔
مَدِید: (م مفتوح، د مکسور، ی ساکن، د موقوف) کھینچا ہوا، لمبا، عروض کی بحروں میں سے دو بحر، پانی جس پر آٹا یا تل یا جو چھڑکیں اور اونٹ کو کھانے کے لیے دیں، مکہ کے قریب ایک جگہ ہے، ایک گھاس ہے۔
مَدْ مَدْ: (م مفتوح، د ساکن، م مفتوح، د موقوف) پانی کے لیے پہنچنا۔
مِدَاد: (م مکسور، د مفتوح، ا ساکن، د موقوف) سیاہی جس سے لکھتے ہیں، گوبر، چراغ کا تیل، نمونہ، طریقہ۔
مَرْد: (م مفتوح، ر ساکن، د موقوف) بغیر داڑھی کا ہونا، حد سے بڑھنا۔
مُرْد: (م مضموم، ر ساکن، د موقوف) بے داڑھی والے، اَمْرَد کی جمع ہے۔
مَرَد: (م مفتوح، ر مفتوح، د موقوف) ہاتھ سے ملنا، پانی میں بھگونا، کسی چیز کو تر کرنا، نرم کرنا، پیلو (اراک) کا تازہ میوہ۔
مَرَدّ: (م مفتوح، ر مفتوح، د مشدد موقوف) واپس کرنا، قبول نہ کرنا۔
مَرِید: (م مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) نافرمان، سرکش، خدائے تعالیٰ کے فرمان سے منہ پھیرنے والا، مَرَدَۃ جمع ہے، دودھ میں تر کی ہوئی کھجور، ایک تالے کا نام، ایک قلعے کا نام۔
مُرِید: (م مضموم، ر مکسور، ی ساکن، د موقوف) کسی چیز کا ارادہ کرنے والا۔
مِرِّید: (م مکسور، ر مشدد مکسور، ی ساکن، د موقوف) بہت سرکش۔
مُرَاد: (م مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) یمن کے ایک قبیلے کا مورث اعلیٰ، جس کا ارادہ کیا جائے۔
مَرَاد: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کرنا۔
مِرْوَد: (م مکسور، ر ساکن، و مفتوح، د موقوف) کھونٹی، لگام کے حلقے کا لوہا، چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے، سرمہ کی سلائی۔
مَرْشَد: (م مفتوح، ر ساکن، ش مفتوح، د موقوف) سیدھا راستہ، مَرَاشِد جمع ہے۔
مُرْشِد: (م مضموم، ر ساکن، ش مکسور، د موقوف) سیدھا راستہ دکھانے والا۔
مِرْبَد: (م مکسور، ر ساکن، ب مفتوح، د موقوف) اونٹ وغیرہ کو بیٹھانے کی جگہ، وہ جگہ جہاں کھجور خشک کریں۔
مَرْصَد: (م مفتوح، ر ساکن، ص مفتوح، د موقوف) حفاظت کی جگہ، انتظار کی گھڑی، کسی چیز کے انتظار کی جگہ، مَرَاصِد جمع ہے۔
مِرْصَاد: (م مکسور، ر ساکن، ص مفتوح، ا ساکن، د موقوف) وہ راستہ جہاں کسی کا انتظار کریں، گھات۔
مَزِید: (م مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، د موقوف) زیادہ، زیادہ کیا ہوا۔
مَزَاد: (م مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، د موقوف) زیادہ کرنا، توشہ دان، مَزَادَۃ واحد ہے۔
مِزْوَد: (م مکسور، ز ساکن، و مفتوح، د موقوف) وہ برتن جس میں توشہ رکھیں۔
مَسْد: (م مفتوح، س ساکن، د موقوف) اچھی طرح رسی بٹنا، قوی الخلقت بنانا۔
مَسَد: (م مفتوح، س مفتوح، د موقوف) کھجور کے درخت کا ریشہ، کھجور کے درخت کی چھال کا دھاگا، کھجور کا پتا، اونٹ کے اون کا دھاگا، اونٹ کی کھال۔
مِسَاد: (م مکسور، س مفتوح، ا ساکن، د موقوف) شہد کا مشکیزہ۔
مَسْجِد: (م مفتوح، س ساکن، ج مکسور، د موقوف) عبادت کی جگہ۔
مَسْجَد: (م مفتوح، س ساکن، ج مفتوح، د موقوف) پیشانی، سجدہ کی جگہ دینا۔
مُسْتَعِد: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ع مکسور، د موقوف) مہیا، بنادث، کسی چیز کے لیے آمادہ ہونے والا۔
مَسَاجِد: (م مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، د موقوف) مَسْجِد کی جمع ہے، سات اعضا (پیشانی، دونوں ہتھیلی، دونوں گھٹنے، دونوں قدم جو سجدہ میں زمین سے لگتے ہیں)
مَسْنَد: (م مفتوح، س ساکن، ن مفتوح، د موقوف) ٹیک لگانے کی جگہ۔
مُسْنَد: (م مضموم، س ساکن، ن مفتوح، د موقوف) زمانہ، منہ بولا بیٹا، ایک خط جو قبیلہ حمیر والے لکھتے تھے۔
مُسَنَّد: (م مضموم، س مفتوح، ن مشدد مفتوح، د موقوف) بلند کیا گیا، جسے بلند کیا گیا ہو۔
مَشْہَد: (م مفتوح، ش ساکن، ہ مفتوح، د موقوف) فرشتوں کے حاضر ہونے کی جگہ، شہادت کی جگہ۔

مَشْهُوْد: (م مفتوح، ش ساکن، ہ مضموم، و ساکن، د موقوف) وہ چیز جس پر گواہ ہوں، عرفہ کا دن۔

مَشِیْد: (م مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، د موقوف) گچ کیا ہوا، استوار، مستحکم کیا ہوا۔

مُشَیَّد: (م مضموم، ش مفتوح، ی مشدد مفتوح، د موقوف) گچ کیا ہوا، بلند کیا ہوا۔

مَصَاد: (م مفتوح، ص مفتوح، ا ساکن، د موقوف) پہاڑ کی چوٹی۔

مَصْد: (م مفتوح، ص ساکن، د موقوف) چوسنا، رال چپنا، پستان کا دودھ، جماع کرنا۔

مِطْرَد: (م مکسور، ط ساکن، ر مفتوح، د موقوف) چھوٹا نیزہ جس سے شکار کریں۔

مُطَّرِد: (م مضموم، ط مفتوح، ر مشدد مکسور، د موقوف) مستقیم، سیدھا، ایک طرح ہونے والا، ایک دوسرے کے پیچھے ہونے والا۔

مَطْرُوْد: (م مفتوح، ط ساکن، ر مضموم، و ساکن، د موقوف) بھگایا ہوا۔

مَعْهَد: (م مفتوح، ع ساکن، ہ مفتوح، د موقوف) وعدہ کی جگہ، منزل، لوگوں کی جائے پناہ۔

مَعْهُوْد: (م مفتوح، ع ساکن، ہ مضموم، و ساکن، د موقوف) مقرر کیا ہوا، جو معلوم ہو۔

مَعْبَد: (م مفتوح، ع ساکن، ب مفتوح، د موقوف) عبادت کی جگہ۔

مِعْبَد: (م مکسور، ع ساکن، ب مفتوح، د موقوف) بیلچہ جس سے مٹی اٹھاتے ہیں۔

مُعَبَّد: (م مضموم، ع مفتوح، ب مشدد مفتوح، د موقوف) نرم و ہموار راستہ، تابعدار، حقیر شخص، وہ شخص جس کی عزت کی جائے۔

مَعَاد: (م مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، د موقوف) پھرنے کی جگہ، پھرنا، عالم آخرت۔

مَعْد: (م مفتوح، ع ساکن، د موقوف) چلنا، سیر کرنا، تیزی کے ساتھ کوئی چیز لے بھاگنا، تازہ، تر، نازک، دوڑنے والا، چست و چالاک، جنگ، جلدی۔

مَعَدّ: (م مفتوح، ع مفتوح، د مشدد موقوف) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ایک کا نام، کندھے کے نیچے کا گوشت، سوار کے پاؤں رکھنے کی جگہ۔

مُعِدّ: (م مضموم، ع مکسور، د مشدد موقوف) آمادہ۔

مُعَدّ: (م مضموم، ع مفتوح، د مشدد موقوف) آمادہ کیا ہوا۔

مَعْدُوْد: (م مفتوح، ع ساکن، د مضموم، و ساکن، د موقوف) شمار کیا ہوا، تھوڑی چیز۔

مُعَرْبِد: (م مضموم، ع مفتوح، ر ساکن، ب مکسور، د موقوف) جنگجو، بدخو، بری عادت والا۔

مِعْضَد: (م مکسور، ع ساکن، ض مفتوح، د موقوف) بازو بند، ہنسیا جس سے گھاس اور درخت کاٹتے ہیں۔

مُعَضَّد: (م مضموم، ع مفتوح، ض مشدد مفتوح، د موقوف) وہ کپڑا جو بازو پر باندھیں، وہ اونٹ جس کے بازو کو داغا گیا ہو۔

مُعَضِّد: (م مضموم، ع مفتوح، ض مشدد مکسور، د موقوف) پکی کھجور جو ایک طرف پکی ہو۔

مِعْضَاد: (م مکسور، ع ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، د موقوف) بازو بند، وہ چھری جس سے قصائی ہڈیوں کو توڑتا ہے، تسمہ وغیرہ جو بازو میں باندھتے ہیں، کلہاڑی جس سے درخت کاٹتے ہیں۔

مَعْقَد: (م مفتوح، ع ساکن، ق مفتوح، د موقوف) باندھنے کی جگہ، پیوند لگانا۔

مُعَقَّد: (م مضموم، ع مفتوح، ق مشدد مفتوح، د موقوف) بہت باندھا ہوا، کس کر باندھا ہوا، پیچیدہ بات، سربستہ گفتگو۔

مُعَاہِد: (م مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، د موقوف) ذمی یعنی وہ کفار یا اہل کتاب جن کو مسلمانوں کے ملک میں پناہ دی گئی ہو اور وہ جزیہ دیتے ہوں، عہد کرنے والا، پیمان باندھنے والا، مُعَاقِد کا بھی یہی معنی ہے۔

مَعَاہِد: (م مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، د موقوف) عہد کی جگہیں۔

مُعَاقِد: (م مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، د موقوف) مُعَاہِد کا ہم معنی۔

مَغد : (م مفتوح، غ ساکن، د موقوف) ناز کے ساتھ پالنا، نازک بنانا، بہت پانی پینا، بچے کو دودھ پلانا، اونٹ کے بچے کا دودھ پینا، گھوڑے کی پیشانی کا بال اکھیڑنا تا کہ سفید بال اگے، کھٹا دودھ، سرخ گوند، بہت نازک، مشہور ترکاری بیگن، گھوڑے کی پیشانی کے سفید بال جو بال اکھاڑنے کے سبب پیدا ہوتے ہیں۔

مَفْقُوْد : (م مفتوح، ف ساکن، ق مضموم، و ساکن، د موقوف) نہ پایا جانے والا، گم شدہ۔

مُقْتَصِدْ : (م مضموم، ق ساکن، ت مفتوح، ص مکسور، د موقوف) درمیانی چال چلنے والا، متوسط نظر رکھنے والا۔

مِقْوَدْ : (م مکسور، ق ساکن، و مفتوح، د موقوف) وہ دھاگا جو لگام اور مہار میں باندھتے ہیں، اسے فارسی میں پالہنگ اور کوتل کش کہتے ہیں اور ہندی میں باگ ڈور کہتے ہیں۔

مَقْعَدْ : (م مفتوح، ق ساکن، ع مفتوح، د موقوف) بیٹھنا، نشستگاہ، بیٹھنے کی جگہ، پیچھے کا مقام، پاخانے کا مقام۔

مُقْعَدْ : (م مضموم، ق ساکن، ع مفتوح، د موقوف) اپاہج، لڑکی کی ابھری ہوئی چھاتی۔

مِقْلِیْد ۔ مِقْلَاد : (م مکسور، ق ساکن، ل مکسور، ی ساکن، د موقوف) (م مکسور، ق ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، د موقوف) کنجی، مقالید جمع ہے۔

مَقْلِدْ : (م مفتوح، ق ساکن، ل مکسور، د موقوف) کندھے سے تلوار لٹکانے کا مقام، مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔

مُقَلِّدْ : (م مضموم، ق مفتوح، ل مشدد مکسور، د موقوف) پیروی کرنے والا۔

مُقَلَّدْ : (م مضموم، ق مفتوح، ل مشدد مفتوح، د موقوف) وہ اونٹ جس کی گردن پر قربانی کا نشان باندھا گیا ہو۔

مَقَدْ : (م مفتوح، ق ساکن، د موقوف) شام میں ایک گاؤں کا نام، مقدی شراب جو شہد سے بناتے ہیں اسی کی طرف منسوب ہے۔

مُقَنَّدْ : (م مضموم، ق مفتوح، ن مشدد مفتوح، د موقوف) شکر ملا ہوا ستو، مَقْنُود کا بھی یہی معنی ہے۔

مُکُوْد : (م مضموم، ک مضموم، و ساکن، د موقوف) کسی جگہ کھڑا ہونا اور مقیم ہونا۔

مَکُوْد : (م مفتوح، ک مضموم، و ساکن، د موقوف) اونٹنی جس کا دودھ کم نہ ہو۔

مَکَاد : (م مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، د موقوف) برا چاہنا۔

مَلَدْ : (م مفتوح، ل مفتوح، د موقوف) چہرے کی تابندگی اور تازگی۔

مُلْتَحَدْ : (م مضموم، ل ساکن، ت مفتوح، ح مفتوح، د موقوف) پناہ کی جگہ۔

مُلْحِدْ : (م مضموم، ل ساکن، ح مکسور، د موقوف) راہ حق سے پھرنے والا، بے دین فاسق۔

مُلَبَّدْ : (م مضموم، ل مفتوح، ب مشدد مفتوح، د موقوف) ایک دوسرے پر بیٹھا ہوا تہہ بہ تہہ۔

مُمَرَّدْ : (م مضموم، م مفتوح، ر مشدد مفتوح، د موقوف) ہموار اور چکنی عمارت، سادہ، بلند، ہموار۔

مُمَهَّدْ : (م مضموم، م مفتوح، ہ مشدد مفتوح، د موقوف) بچھایا گیا، آراستہ کیا گیا، ہموار، عمدہ بنایا ہوا۔

مَمْدُوْد : (م مفتوح، م ساکن، د مضموم، و ساکن، د موقوف) کھینچا ہوا۔

مُمْتَدّ : (م مضموم، م ساکن، ت مفتوح، د مشدد موقوف) کھینچا ہوا، لمبا کیا ہوا۔

مُمِدّ : (م مضموم، م مکسور، د مشدد موقوف) مدد کرنے والا۔

مُوَاقِع: (م مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ع موقوف) گرانے والے۔

مَوَاقِع: (م مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ع موقوف) گرنے کی جگہیں۔

مُوْجِع: (م مضموم، و ساکن، ج مکسور، ع موقوف) درد پیدا کرنے والا۔

مَہْرُوْع: (م مفتوح، ہ ساکن، ر مضموم، و ساکن، ع موقوف) دیوانہ، مَصْرُوْع کا ہم معنی۔

مُہْطِع: (م مضموم، ہ ساکن، ط مکسور، ع موقوف) جلدی چلنے والا، گردن

جھکانے والا اونٹ۔

مِہْزَع: (م مکسور، ہ ساکن، ز مفتوح، ع موقوف) جس سے کوئی چیز کوٹیں۔

مَیْع: (م مفتوح، ی ساکن، ع موقوف) جاری ہونا، پگھلایا ہوا ہونا۔

مَائِع: (م مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) جاری، بہنے والا۔

﴿فصل المیم مع الغین﴾

مِبْزَغ: (م مکسور، ب ساکن، ز مفتوح، غ موقوف) نشتر۔

مَرْغ: (م مفتوح، ر ساکن، غ موقوف) چوپایوں کا چارا وغیرہ میں لوٹنا۔

مَرَغ: (م مفتوح، ر مفتوح، غ موقوف) جھاگ، رال۔

مَرَاغ: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) مَرَاغَۃ لوٹنے کی جگہ، مُتَمَرَّغ کا بھی یہی معنی ہے۔

مَرَادِغ: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، د مکسور، غ موقوف) گردن کے بیچ سے حلق تک کا حصہ۔

مَشْغ: (م مفتوح، ش ساکن، غ موقوف) کسی چیز کو کھانے کی ایک قسم جیسے ککڑی وغیرہ کھانا۔

مَضْغ: (م مفتوح، ض ساکن، غ موقوف) چبانا۔

مَضَاغ: (م مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، غ موقوف) اس چیز کو چبانا جس میں چپک ہو جیسے علک (ہر گوند جو چبائی جائے)

مَضُوغ: (م مفتوح، ض مضموم، و ساکن، غ موقوف) چبایا ہوا، وہ چیز جسے چبائیں۔

مِلْغ: (م مکسور، ل ساکن، غ موقوف) بیوقوف، بدزبان۔

﴿فصل المیم مع الفاء﴾

مَاؤُف: (م مفتوح، ا ساکن، ؤ مضموم، ف موقوف) آفت رسیدہ، وہ چیز جس پر آفت آئی ہو۔

مُؤَلِّف: (م مضموم، ؤ مفتوح، ل مشدد مکسور، ف موقوف) الفت پیدا کرنے والا، کسی چیز کو جمع کرنے والا۔

مُؤَلَّف: (م مضموم، ؤ مفتوح، ل مشدد مفتوح، ف موقوف) جمع کیا ہوا، ہزار کیا ہوا۔

مُتْلِف: (م مضموم، ت ساکن، ل مکسور، ف موقوف) ضائع کرنے والا۔

مُتْرَف: (م مضموم، ت ساکن، ر مفتوح، ف موقوف) نعمت دیا ہوا، بہت زیادہ نعمت سے گمراہ کیا ہوا۔

مُتَحَانِف: (م مضموم، ت مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ن مکسور، ف موقوف) مائل ہونے والا۔

مُتَکَاثِف: (م مضموم، ت مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ث مکسور، ف موقوف) غلیظ اور بھدا مُتَخَلْخِل کی ضد ہے۔

مُتَکَلِّف: (م مضموم، ت مفتوح، ک مفتوح، ل مشدد مکسور، ف موقوف) رنج و مشقت کرنے والا۔

مِجْدَاف: (م مکسور، ج ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) پرندے کا پر، وہ لکڑی جو کشتی کے پہلو پر باندھتے ہیں اور کشتی کو اس سے چلاتے ہیں، چوار، چپو۔

مَحْلُوف: (م مفتوح، ح ساکن، ل مضموم، و ساکن، ف موقوف) قسم کھانا، یہ مفعول کے وزن پر مصدر ہے۔

مَحْفُوف: (م مفتوح، ح ساکن، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) احاطہ کیا ہوا۔

مِحْرَاف: (م مکسور، ح ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) جراحوں کی سلائی جس سے زخم کی گہرائی معلوم کرتے ہیں۔

مَخُوف: (م مفتوح، خ مضموم، و ساکن، ف موقوف) ڈرایا ہوا۔

مِخْرَف: (م مکسور، خ ساکن، ر مفتوح، ف موقوف) چھوٹی تھیلی جس میں تر کھجوریں چنیں۔

مِخْلَاف: (م مکسور، خ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) وہ آدمی جو بہت وعدہ خلافی کرے، قصبہ، شہر۔

مِخْصَف: (م مکسور، خ ساکن، ص مفتوح، ف موقوف) جھنڈا۔

مَخَاوِف: (م مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، و مکسور، ف موقوف) ڈرنے کی جگہیں۔

مُرْدِف: (م مضموم، ر ساکن، د مکسور، ف موقوف) پیچھے سے آنے والا،

پیچھے سے لانے والا۔

مُرْدَف: (م مضموم، ر ساکن، د مفتوح، ف موقوف) پیچھے سے لایا ہوا، پیچھے سے آیا ہوا۔

مُرَدَّف: (م مضموم، ر مفتوح، د مشدد مفتوح، ف موقوف) سوار کے پیچھے بیٹھایا ہوا۔

مُزَخْرَف: (م مضموم، ز مفتوح، خ ساکن، ر مفتوح، ف موقوف) باطل، جھوٹی بات جو سچی بات کی طرح آراستہ کی گئی ہو۔

مُسْرِف: (م مضموم، س ساکن، ر مکسور، ف موقوف) فضول خرچی کرنے والا، بے اندازہ خرچ کرنے والا۔

مُشْرِف: (م مضموم، ش ساکن، ر مکسور، ف موقوف) دیدہ ور ہونے والا، اوپر سے دیکھنے والا، بلند۔

مَشْرَف: (م مفتوح، ش ساکن، ر مفتوح، ف موقوف) بلند جگہ، مَشَارِفُ الاَرْض زمین کی بلند جگہیں، مَشَارِفُ الشّام عرب میں شام کے قریب چند دیہاتوں کا نام، شمشیر مشرفی اسی سے منسوب ہے۔

مُشَرَّف: (م مضموم، ش مفتوح، ر مشدد مفتوح، ف موقوف) شرف دیا ہوا، بزرگی دیا ہوا۔

مَشْعُوف: (م مفتوح، ش ساکن، ع مضموم، د ساکن، ف موقوف) دیوانہ، فریفتہ۔

مُصْحَف: (م مضموم رمکسور، ص ساکن، ح مفتوح، ف موقوف) وہ چیزیں جن میں صحیفے اور رسالے جمع کیے جائیں۔

مَصَفّ: (م مفتوح، ص مفتوح، ف مشدد موقوف) میدان جنگ میں صف باندھنے کی جگہ، مَصَافّ جمع ہے۔

مَصْرَف: (م مفتوح، ص ساکن، ر مفتوح، ف موقوف) خرچ کرنے کی جگہ۔

مُصَنِّف: (م مضموم، ص مفتوح، ن مشدد مکسور، ف موقوف) تصنیف کرنے والا، کتاب لکھنے والا۔

مُصَنَّف: (م مضموم، ص مفتوح، ن مشدد مفتوح، ف موقوف) کتاب۔

مُضَاعَف: (م مضموم، ض مفتوح، ا ساکن، ع مفتوح، ف موقوف) دونا کیا ہوا، زیادہ کیا ہوا۔

مُضِیف: (م مضموم، ض مکسور، ی ساکن، ف موقوف) مہمانی کرنے والا، رغبت دلانے والا، نسبت کرنے والا۔

مُطْرِف: (م مضموم، ط ساکن، ر مکسور، ف موقوف) ریشمی چادر، نقش و نگار والی ریشمی چادر۔

مَطْرِف: (م مفتوح، ط ساکن، ر مکسور، ف موقوف) وہ گھوڑا جس کا سر اور پونچھ سفید یا کالے رنگ کے ہوں اور دیگر اعضا دوسرے رنگ کے، وہ بکری جس کی پونچھ کالی اور دوسرے اعضا سفید ہوں۔

مَطَاف: (م مفتوح، ط مفتوح، ا ساکن، ف مشدد موقوف) چکر لگانے کی جگہ، طواف کی جگہ۔

مَظْرُوف: (م مفتوح، ظ ساکن، ر مضموم، و ساکن، ف موقوف) جو کچھ برتن میں رکھا جائے۔

مَعَارِف: (م مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ف موقوف) آشنا لوگ، جان پہچان والے۔

مُعَرِّف: (م مضموم، ع مفتوح، ر مشدد مکسور، ف موقوف) پہچاننے والا، تعریف کرنے والا۔

مُعَرَّف: (م مضموم، ع مفتوح، ر مشدد مفتوح، ف موقوف) پہچانا ہوا، تعریف کیا ہوا۔

مَعَازِف: (م مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ف موقوف) لہو و لعب کے اوزار جیسے رباب وغیرہ۔

مُعَافّ: (م مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ف مشدد موقوف) وہ چیز جو حرام نہ ہو مگر اس سے پرہیز کیا جائے تو بہتر ہے۔

مُعَاف: (م مضموم، ع مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) بخشا ہوا، در گزر کیا ہوا۔

مُعْتَرِف: (م مضموم، ع ساکن، ت مفتوح، ر مکسور، ف موقوف) حق کو پہچاننے والا، حق قبول کرنے والا۔

مُغْتَرِف: (م مضموم، غ ساکن، ت مفتوح، ر مکسور، ف موقوف) چلو میں

پانی لینے والا۔

مَکْفُوْف: (م مفتوح، ک ساکن، ف مضموم، و ساکن، ف موقوف) روکا ہوا، نابینا، اندھا۔

مِقْرِف: (م مکسور، ق ساکن، ر مکسور، ف موقوف) وہ شخص جس کا باپ غلام اور ماں آزاد ہو، وہ آدمی جس کا باپ غیر عرب اور ماں عربی ہو۔

مُقْتَرِف: (م مضموم، ق ساکن، ت مفتوح، ر مکسور، ف موقوف) کمانے والا۔

مَلَاحِف: (م مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ف موقوف) چادریں، مِلْحَفَة کی جمع ہے۔

مَلْهُوْف: (م مفتوح، ل ساکن، ہ مضموم، و ساکن، ف موقوف) مظلوم۔

مُنِيْف: (م مضموم، ن مکسور، ی ساکن، ف موقوف) بلند، زیادہ۔

مِنْقَاف: (م مکسور، ن ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) پرندے کی چونچ، سیپ کی طرح ایک چیز جو دریا سے نکالتے ہیں، اسے گوش ماہی بھی کہتے ہیں۔

مِنْسَف: (م مکسور، ن ساکن، س مفتوح، ف موقوف) سوپ، چھاج جس سے غلہ صاف کرتے ہیں، چوب پنجشاخہ جس سے غلے کا کھلیان درست کرتے ہیں (م)۔

مُنْعَطِف: (م مضموم، ن ساکن، ع مفتوح، ط مکسور، ف موقوف) مڑا ہوا، خم کھانے والا، مُنْعَطِفُ الْوَادِی وادی کا موڑ، وہ زمین جس پر سیلاب کا پانی جاری ہو۔

مَنْصَف: (م مفتوح، ن ساکن، ص مفتوح، ف موقوف) آدھا راستہ۔

مِنْصَف: (م مکسور، ن ساکن، ص مفتوح، ف موقوف) خادم، مَنَاصِف جمع ہے۔

مُنْصِف: (م مضموم، ن ساکن، ص مکسور، ف موقوف) انصاف دینے والا۔

مُوَظَّف: (م مضموم، و مفتوح، ظ مشدد مفتوح، ف موقوف) وظیفہ دیا ہوا۔

﴿فصل المیم مع القاف﴾

مَأْق: (م مفتوح، أ ساکن، ق موقوف) رونا، رونے میں ہچکی لینا جیسا کہ لڑکے کرتے ہیں، آنکھ کا کونہ (گوشہ) جو ناک کی طرف ہو۔

مُوْق: (م مفتوح، و ساکن، ق موقوف) آنکھ کا کونہ (گوشہ) جو ناک کی طرف نہ ہو۔

مَاحِق: (م مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ق موقوف) سخت گرم۔

مُتَصَدِّق: (م مضموم، ت مفتوح، ص مفتوح، د مشدد مکسور، ق موقوف) صدقہ کرنے والا، صدقہ دینے والا۔

مَحْق: (م مفتوح، ح ساکن، ق موقوف) گھٹنا، گھٹانا، مٹانا، جلانا، دھوپ کا جلانا، بہت گرم ہونا، بے برکت کرنا۔

مُحَاق: (م مفتوح ر مکسور ر مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) مہینے کے آخر کی تین راتیں جن میں چاند غائب رہتا ہے۔

مُحِيْق: (م مضموم، ح مکسور، ی ساکن، ق موقوف) تیز دھار کیا ہوا بھالا، باریک دھار والی برچھی۔

مِخْرَاق: (م مکسور، خ ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) کوڑا جس پر کپڑا یا روئی لپیٹ کر کسی کو ماریں۔

مَذَاق: (م مفتوح، ذ مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) چکھنا، چکھنے کی جگہ، ذوق سے مشتق ہے۔

مَذَّاق: (م مفتوح، ذ مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) وہ شخص جو محبت میں مخلص نہ ہو۔

مَذْق: (م مفتوح، ذ ساکن، ق موقوف) دودھ کو پانی سے ملانا، لالچ یا کسی غرض سے دوستی کرنا۔

مُذِيْق: (م مضموم، ذ مکسور، ی ساکن، ق موقوف) پانی ملا ہوا دودھ۔

مَرْق: (م مفتوح، ر ساکن، ق موقوف) دیگچی میں شوربا بنانا، کھال کا بدبو کرنا، لونڈیوں کا گانا، کھال سے بال جدا کرنا، دین سے نکلنا۔

مَرَق: (م مفتوح، ر مفتوح، ق موقوف) شوربا، وہ آفت (مصیبت) جو خربوزہ اور کھیت پر نازل ہو۔

مُرُوْق: (م مضموم، ر مضموم، و ساکن، ق موقوف) تیر کا نشانے سے باہر جانا۔

مَارِق: (م مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ق موقوف) دین سے نکلنے والا، ناک کا کنارہ، نرم کوڑا، مَرَّاق جمع ہے۔

مُرْتَفَق: (م مضموم، ر ساکن، ت مفتوح، ف مفتوح، ق موقوف) تکیہ لگانے کی جگہ۔

مُرْتَفِق: (م مضموم، ر ساکن، ت مفتوح، ف مکسور، ق موقوف) تکیہ لگانے والا۔

مِرْفَق: (م مکسور، ر ساکن، ف مفتوح، ق موقوف) کہنی۔

مُرَوَّق: (م مضموم، ر مفتوح، و مشدد مفتوح، ق موقوف) صاف شراب جس میں ذرا بھی تلچھٹ نہ ہو۔

مَرْفِق: (م مفتوح، ر ساکن، ف مکسور، ق موقوف) وہ چیز جس پر کہنی سے ٹیک لگائیں، وہ کام جس سے فائدہ حاصل ہو، گھر کا پرنالہ جس سے بارش کا پانی نکلے۔

مُرَاہِق: (م مضموم، ر مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ق موقوف) وہ لڑکا جو بلوغ کے قریب پہنچا ہو۔

مَزْق: (م مفتوح، ز ساکن، ق موقوف) کپڑا پھاڑنا، ٹکڑا کرنا، پرندے کا بیٹ کرنا۔

مَزِق: (م مفتوح، ز مکسور، ق موقوف) کپڑے کے پھاڑے ہوئے ٹکڑے، مَزِقَۃ واحد ہے۔

مِزَاق: (م مفتوح رمکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) تیز چلنے والا۔

مَزِیق: (م مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ق موقوف) پھسلنے کی جگہ۔

مُسْتَغْرَق: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، غ ساکن، ر مفتوح، ق موقوف) ڈوبا ہوا، جو سب پر حاوی ہو۔

مِشْق: (م مکسور، ش ساکن، ق موقوف) سرخ مٹی، گیرو۔

مَشْق: (م مفتوح، ش ساکن، ق موقوف) تیز مارنا، تیزی کے ساتھ کھانا، لکھنا، کپڑا اپھاڑنا، بال میں کنگھا کرنا، چست سینا، تسمہ وغیرہ کھینچنا تاکہ دراز اور چوڑا ہو۔

مَشَق: (م مفتوح، ش مفتوح، ق موقوف) دونوں سرینوں کا ملنا، دامن کا دامن سے ملنا۔

مِصْدَاق: (م مکسور، ص ساکن، د مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) کسی چیز کی تصدیق کرنے والا، جو کسی چیز کی سچائی کے موافق ہو۔

مِصْدَق: (م مکسور، ص ساکن، د مفتوح، ق موقوف) سیدھی چال چلنے والا۔

مُصَدِّق: (م مضموم، ص مفتوح، د مشدد مکسور، ق موقوف) باور کرانے والا، مائل ہونے والا، صدقہ کرنے والا۔

مَضِیق: (م مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ق موقوف) تنگ جگہ۔

مُطْلَق: (م مضموم، ط ساکن، ل مفتوح، ق موقوف) قید سے آزاد کیا ہوا، جاری کیا ہوا۔

مُطْلِق: (م مضموم، ط ساکن، ل مکسور، ق موقوف) آزاد کرنے والا۔

مُطَلَّق: (م مضموم، ط مفتوح، ل مشدد مفتوح، ق موقوف) طلاق شدہ، وہ عورت جسے طلاق دے دی گئی ہو۔

مِطْلَاق: (م مکسور، ط ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) بہت زیادہ طلاق دینے والا شخص۔

مَعِیق: (م مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ق موقوف) دور، گہرا، عمیق۔

مُعُوق: (م مضموم، ع مضموم، و ساکن، ق موقوف) دور ہونا۔

مِعْلَاق: (م مکسور، ع ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو لٹکایا جائے مَعَالِیق جمع ہے، رَجُلٌ ذُوْ مِعْلَاق بہت جھگڑالو اور کینہ رکھنے والا شخص۔

مِغْلَاق۔ مُغْلُوق: (م مکسور، غ ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) (م مضموم، غ ساکن، ل مضموم، و ساکن، ق موقوف) تالا، دروازے کا حلقہ جس سے دروازہ بند کریں، زنجیر۔

مِغْلَق: (م مکسور، غ ساکن، ل مفتوح، ق موقوف) وہ حصہ جو جوئے میں مقرر کریں، جوئے کے نفع بخش تیروں میں سے ایک تیر۔

مُغْلَق: (م مضموم، غ ساکن، ل مفتوح، ق موقوف) بند کیا ہوا، مشکل۔

مَفْق: (م مفتوح، ف ساکن، ق موقوف) سخت ہونا، لمبا ہونا۔

مُفْلِق: (م مضموم، ف ساکن، ل مکسور، ق موقوف) عجیب وغریب شعر کہنے والا شاعر۔

مَفْرِق: (م مفتوح، ف ساکن، ر مفتوح رمکسور، ق موقوف) مانگ، راستے کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔

مَقّ: (م مفتوح، ق مشدد موقوف) کھجور کے درخت کو گابھا دینے کے لیے پھاڑنا۔

مَلِق: (م مفتوح، ل مکسور، ق موقوف) وہ شخص جو زبان سے چاپلوسی

کرے اور دل میں اخلاص نہ رکھے۔

مَلَاعِقْ: (م مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ق موقوف) چمچے، مِلْعَقَہ کی جمع ہے۔

مُلْحَقْ: (م مضموم، ل ساکن، ح مفتوح، ق موقوف) کسی چیز سے ملا ہوا، حرام زادہ۔

مُلْصَقْ: : (م مضموم، ل ساکن، ص مفتوح، ق موقوف) ملایا ہوا، حرام زادہ۔

مَشْوُق: (م مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ق موقوف) پتلی کمر والا گھوڑا، دراز قد لڑکی، مَشِیْق کا بھی یہی معنی ہے۔

مُمَشَّقْ: (م مضموم، م مفتوح، ش مشدد مفتوح، ق موقوف) گیرو (ایک قسم کی لال مٹی) سے رنگا ہوا کپڑا۔

مُمَزَّق: (م مضموم، م مفتوح، ز مشدد مفتوح، ق موقوف) پھٹا ہوا، بکھیرنا، پھاڑنا، اس تقدیر پر مصدر ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ہم نے اسے پورا پورا پھاڑ دیا، ایک شاعر کا نام۔

مِنْطِیْق: (م مکسور، ن ساکن، ط مکسور، ی ساکن، ق موقوف) اچھی بات کرنے والا، بلیغ گفتگو۔

مَنْطِقْ: (م مفتوح، ن ساکن، ط مکسور، ق موقوف) بات، بات کرنا۔

مِنْطَقْ: (م مکسور، ن ساکن، ط مفتوح، ق موقوف) کمر، کمر بند۔

مَنْجَنِیْق: (م مکسور، ن ساکن، ج مفتوح، ن مکسور، ی ساکن، ق موقوف) بڑا گوپھن، وہ رسی کا پھندا جس میں پتھر رکھ کر پھینکتے ہیں۔

مُنَافِقْ: (م مضموم، ن مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ق موقوف) دورخا، وہ شخص جس کی زبان پر کچھ ہو دل میں کچھ، ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔

مَوْثِقْ: (م مفتوح، و ساکن، ث مکسور، ق موقوف) میثاق، عہد، پیمان، وعدہ۔

مُوْق: (م مضموم، و ساکن، ق موقوف) بیوقوفی، نادانی، موٹا موزہ جو باریک موزے پر پہنا جائے۔

مَوْق: (م مفتوح، و ساکن، ق موقوف) کسی چیز کا سستا ہونا۔

مَوْبِقْ: (م مفتوح، و ساکن، ب مکسور، ق موقوف) ہلاک ہونے کی جگہ۔

مُوَافِقْ: (م مضموم، و مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ق موقوف) سازگار ہونے والا۔

مَہَقْ: (م مفتوح، ہ مفتوح، ق موقوف) وہ سفیدی جو دوسرے رنگ سے نہ ملائی گئی ہو، پانی کے اوپر کی سبزی۔

﴿فصل المیم مع الکاف﴾

مُبَارَکْ: (م مضموم، ب مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ک موقوف) خجستہ، برکت والا، سعادت مند۔

مُتْکْ: (م مضموم، ت ساکن، ک موقوف) عورت کے ختنے کا بچا ہوا حصہ، نوالہ، لیمو۔

مُحَرِّکْ: (م مضموم، ح مفتوح، ر مشدد مکسور، ک موقوف) ہلانے والا۔

مَحْکْ: (م مفتوح، ح ساکن، ک موقوف) جنگ کرنا۔

مَحِکْ: (م مفتوح، ح مکسور، ک موقوف) جنگ کرنے والا، مُمَاحِک کا بھی یہی معنی ہے۔

مِحَکّ: (م مکسور، ح مفتوح، ک مشدد موقوف) رگڑنے کا آلہ، خط تراشنے والا، کسوٹی، وہ پتھر جس پر سونا اور چاندی پرکھتے ہیں۔

مُرْتَکْ: (م مضموم، ر ساکن، ت مفتوح، ک موقوف) مردار سنگ ایک دوا جو پتھر کی مانند ہوتی ہے۔

مَسْلَکْ: (م مفتوح، س ساکن، ل مفتوح، ک موقوف) راستہ۔

مِسْکْ: (م مکسور، س ساکن، ک موقوف) مشک۔

مَسْکْ: (م مفتوح، س ساکن، ک موقوف) کھال۔

مَسَکْ: (م مفتوح، س مفتوح، ک موقوف) ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب، کچھوے کی کھال۔

مَسِیْکْ: (م مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ک موقوف) بخیل، کنجوس۔

مَسَاکْ: (م مفتوح، س مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) بخیل ہونا، کنجوس ہونا، وہ جگہ جہاں پانی ٹھہرتا ہے۔

مِضْحَاکْ: (م مکسور، ض ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ک موقوف)

بہت ہنسنے والی عورت۔

مَعْک: (م مفتوح، ع ساکن، ک موقوف) لوٹانا، مَلنا، دور دراز پھینکنا، پیچھے ڈالنا۔

مَعْرَک: (م مفتوح، ع ساکن، ر مفتوح، ک موقوف) جنگ کی جگہ۔

مُعْتَرَک: (م مضموم، ع ساکن، ت مفتوح، ر مفتوح، ک موقوف) جنگ کی جگہ۔

مَکّ: (م مفتوح، ک مشدد موقوف) چوسنا۔

مَکُّوک: (م مفتوح، ک مشدد مضموم، و ساکن، ک موقوف) ایک پیمانہ ہے جو تین کیلچہ کا ہوتا ہے اور ایک کیلچہ 1 — من ہوتا ہے، من دو رطل کا، رطل بارہ اوقیہ کا، اوقیہ 1 — استار کا اور استار ساڑھے چار مثقال کا، مثقال 1 — درہم کا اور درہم چھ دانق کا، دانق دو قیراط کا، قیراط دو طسوج کا، ایک طسوج دو حبہ کا اور حبہ درہم کے آٹھویں حصہ کا چھٹا حصہ یعنی درہم کا اڑتالیسواں حصہ۔

مُلْک: (م مضموم، ل ساکن، ک موقوف) بادشاہ ہونا۔

مَلْک: (م مفتوح، ل ساکن، ک موقوف) خمیر کو اچھی طرح گوندھنا، نکاح کرنا۔

مِلْک: (م مکسور، ل ساکن، ک موقوف) کسی چیز کا مالک ہونا، وہ چیز جو کسی کا حق ہو، سیدھا راستہ۔

مَلَک: (م مفتوح، ل مفتوح، ک موقوف) فرشتہ، پانی، وہ چیز جس پر کسی چیز کا دارومدار ہو۔

مَلِک: (م مفتوح، ل مکسور، ک موقوف) بادشاہ، مُلوک جمع ہے۔

مَلِیْک: (م مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، ک موقوف) مالک، مَلِیْکُ النَّحْل شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔

مَالِک: (م مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ک موقوف) وہ آدمی جس کی ملکیت میں کوئی چیز ہو، کسی چیز کا حقدار، مُلّاک جمع ہے۔

مِلَاک: (م مکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) کسی چیز کی اصل، وہ چیز جس پر کسی چیز کا دارومدار ہو۔

مَمْلُوْک: (م مفتوح، م ساکن، ل مضموم، و ساکن، ک موقوف) غلام، ممالیک جمع ہے۔

مَمَالِک: (م مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ل مکسور، ک موقوف) بادشاہی کی جگہیں، سلطنتیں۔

مَنْسِک: (م مفتوح، ن ساکن، س مکسور، ک موقوف) عبادت کی جگہ، حاجیوں کی قربانی کی جگہ، حج کا رکن، مَنَاسِک جمع ہے۔

﴿فصل المیم مع اللام﴾

مَاْکُوْل: (م مفتوح، ا ساکن، ک مضموم، و ساکن، ل موقوف) کھانے کے لائق، کھایا ہوا، رعایا، دنیا کے لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں۔

مُؤَجَّل: (م مضموم، و مفتوح، ج مشدد مفتوح، ل موقوف) مہلت دیا ہوا، وقت مقرر کیا ہوا۔

مُؤَمَّل: (م مضموم، و مفتوح، م مشدد مفتوح، ل موقوف) معظم کے وزن پر، دس گھوڑوں میں سے آٹھواں گھوڑا، صاحب نصاب نے ضرورت شعری کی وجہ سے بکسر میم (مؤمِّل) ذکر کیا ہے۔

مَال: (م مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) دولت، دھن، روپیہ، پیسہ۔

مَبْذُوْل: (م مفتوح، ب ساکن، ذ مضموم، و ساکن، ل موقوف) عطا کیا ہوا، قبول کیا ہوا۔

مُبْتَذِل: (م مضموم، ب ساکن، ت مفتوح، ذ مکسور، ل موقوف) وہ چیز جو نزاکت و غرابت سے خالی ہو، گھٹیا کلام۔

مُتَمَاحِل: (م مضموم، ت مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ل موقوف) لمبا چوڑا، ناپید اکنار بیابان۔

مُتَوَسِّل: (م مضموم، ت مفتوح، و مفتوح، س مشدد مکسور، ل موقوف) قربت طلب کرنے والا۔

مُتَفَضِّل: (م مضموم، ت مفتوح، ف مفتوح، ض مشدد مکسور، ل موقوف) بھلائی کرنے والا، اپنے ہمعصروں پر فضیلت ڈھونڈنے والا۔

مُتَدَاوَل: (م مضموم، ت مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، و مفتوح، ل موقوف) دست بدست لی ہوئی چیز۔

مَثْل: (م مفتوح، ث ساکن، ل موقوف) مثلہ کرنا یعنی کان ناک

وغیرہ کاٹنا، ایک چیز کا دوسری چیز کی طرح ہونا۔

مِثْل: (م مکسور، ث ساکن، ل موقوف) مانند، مشابہ۔

مَثَل: (م مفتوح، ث مفتوح، ل موقوف) مانند، مشابہ، صفت، حال، وہ داستان یا قصہ جو مشہور ہو۔

مِثَال: (م مکسور، ث مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مانند، قالب، ہر چیز کا سانچہ، فرمان، اَمثِلَہ اور مُثُل جمع ہے۔

مُثُول: (م مضموم، ث مضموم، و ساکن، ل موقوف) پیر پر کھڑا ہونا، زمین سے چمٹنا۔

مِثْقَال: (م مکسور، ث ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) پیلا پتھر، دینار جو ۱— درہم کے برابر ہوتا ہے۔

مَجْل: (م مفتوح، ج ساکن، ل موقوف) ہاتھ پاؤں میں پیپ پڑنا، کام کی وجہ سے آبلہ (چھالا) پڑنا، آبلہ، ہاتھ پاؤں پر میل جمنا۔

مَجَال: (م مفتوح، ج مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) جولانگاہ، کھیل کا میدان۔

مِجْوَل: (م مکسور، ج ساکن، و مفتوح، ل موقوف) ایک کپڑا جو عموماً کرتے کے اوپر پہنتے ہیں جسے صدری بھی کہتے ہیں، ڈھال۔

مُجْمَل: (م مضموم، ج ساکن، م مفتوح، ل موقوف) اکٹھا کیا ہوا، باہم لپیٹا ہوا۔

مُجَلْجَل: (م مضموم، ج مفتوح، ل ساکن، ج مفتوح، ل موقوف) گرجنے والا بادل۔

مَحْل: (م مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) دھوکا، برائی، خشک سالی۔ تنگی، بارش کا رک جانا، لوگوں کا قحط کا شکار ہو جانا، بادشاہ کے سامنے چغلی کرنا، بے بارش زمین۔

مَحُول۔مَاحِل: (م مفتوح، ح مضموم، و ساکن، ل موقوف) (م مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ل موقوف) قحط زدہ زمین، قحط رسیدہ شہر۔

مَحَال: (م مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بڑا پہیا، بڑا ڈول، بڑی چرخی۔

مُحَال: (م مضموم، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ناممکن۔

مِحَال: (م مکسور، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) دھوکا کرنا، فریب دینا، گھاس کا کھڑا ہونا، بادشاہ کے سامنے چغلی کرنا۔

مُحْتَال: (م مضموم، ح ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مکرو فریب کرنے والا، دھوکہ باز۔

مُحْثَل: (م مضموم، ح ساکن، ث مفتوح، ل موقوف) ایک شاعر کا نام جسے محثل بن الحوسا کہتے ہیں۔

مَحْفِل: (م مفتوح، ح ساکن، ف مکسور، ل موقوف) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ، جمع ہونے کا وقت۔

مُحَصِّل: (م مضموم، ح مفتوح، ص مشدد مکسور، ل موقوف) حاصل کرنے والا۔

مَحْصُول: (م مفتوح، ح ساکن، ص مضموم، و ساکن، ل موقوف) حاصل کیا ہوا۔

مَحْمِل: (م مفتوح، ح ساکن، م مکسور، ل موقوف) بارگیر، بوجھ رکھنے کی جگہ، ہودج، مَحَامِل جمع ہے، معتمد۔

مِحْمَل: (م مکسور، ح ساکن، م مفتوح، ل موقوف) تلوار لٹکانے کا تسمہ۔

مُحَوِّل: (م مضموم، ح مفتوح، و مشدد مکسور، ل موقوف) پھیرنے والا۔

مُحَجَّل: (م مضموم، ح مفتوح، ج مشدد مفتوح، ل موقوف) وہ گھوڑا جس کے چاروں پیر سفید ہوں۔

مُحِيل: (م مضموم، ح مکسور، ی ساکن، ل موقوف) مکروفریب کرنے والا، حوالہ دینے والا۔

مَحَلّ: (م مفتوح، ح مفتوح، ل مشدد موقوف) اترنے کی جگہ۔

مَحِلّ: (م مفتوح، ح مکسور، ل مشدد موقوف) حج میں اونٹ کو ذبح کرنا، قرض ادا کرنے کا وقت۔

مَخَائِل: (م مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ل موقوف) آثار و علامات، وہم وخیال لے جانے کی جگہیں۔

مَخْذُول: (م مفتوح، خ ساکن، ذ مضموم، و ساکن، ل موقوف) ذلیل کیا ہوا، کمینہ، کم رتبہ۔

مُخْتَال: (م مضموم، خ ساکن، ت مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مغرور، متکبر۔

مِذْل: (م مکسور، ذ ساکن، ل موقوف) کم گوشت والا، چھوٹا آدمی، نذل(ذ) کے ساتھ بھی آیا ہے۔

مَدْخَل: (م مفتوح، د ساکن، خ مفتوح، ل موقوف) داخل ہونا، داخل ہونے کی جگہ۔

مُدْخَل: (م مضموم، د ساکن، خ مفتوح، ل موقوف) داخل کرنا، داخل کرنے کی جگہ۔

مُدْخِل: (م مضموم، د ساکن، خ مکسور، ل موقوف) بخیل۔

مَذْل: (م مفتوح، ذ ساکن، ل موقوف) جانوروں کی نگہداشت سے عاجز ہونا، کسی کی بات سے ملول ہونا۔

مَذَل: (م مفتوح، ذ مفتوح، ل موقوف) راز چھپانے یا راز محفوظ رکھنے سے عاجز ہونا، عاجز ہو کر بھید ظاہر کر دینا، پاؤں کا سن ہونا، ست ہونا۔

مَرَاحِل: (م مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ل موقوف) منزلیں، مَرْحَلَة کی جمع ہے۔

مُرْسِل: (م مضموم، ر ساکن، س مکسور، ل موقوف) بھیجنے والا۔

مُرْسَل: (م مضموم، ر ساکن، س مفتوح، ل موقوف) بھیجا گیا، جس کو بھیجا جائے، لٹکایا ہوا۔

مِرْجَل: (م مکسور، ر ساکن، ج مفتوح، ل موقوف) تانبے کی بڑی دیگ۔

مُرْتَجَل: (م مضموم، ر ساکن، ت مفتوح، ج مفتوح، ل موقوف) فی البدیہہ تقریر، فی البدیہہ شعر، وہ لفظ جو ایک معنی سے دوسرے معنی کی طرف بغیر کسی مناسبت کے منتقل کیا جائے۔

مُرَحَّل: (م مضموم، ر مفتوح، ح مشدد مفتوح، ل موقوف) کجاوے کے مانند نقش و نگار والا کپڑا۔

مُزَمِّل: (م مضموم، ز مفتوح، م مشدد مکسور، ل موقوف) کپڑوں میں لپٹنے والا۔

مَسْئَل: (م مفتوح، س ساکن، ء مفتوح، ل موقوف) راستہ۔

مُسْتَغَل: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، غ مفتوح، ل مشدد موقوف) غلہ رکھنے کی جگہ۔

مُسَجَّل: (م مضموم، س مفتوح، ج مشدد مفتوح، ل موقوف) کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مہر ثبت ہو، رجسٹرڈ۔

مِسْحَل: (م مکسور، س ساکن، ح مفتوح، ل موقوف) ریتی، تیز زبان، بلیغ خطیب، ایک شخص کا نام، گدھے کا بچہ، وہ حلقہ جو لگام میں ہوتا ہے اس کے دونوں طرف کو مسحلان کہتے ہیں۔

مَسْلُوْل: (م مفتوح، س ساکن، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) نیام سے باہر کھنچی ہوئی تلوار، سل کی بیماری والا مرد۔

مَسَّال: (م مفتوح، س مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ٹاٹ وغیرہ سینے کے لیے بڑے سوجے، مِسَلَّة (م مکسور) کی جمع ہے۔

مَسِيْل: (م مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ل موقوف) پانی بہنے کی جگہ۔

مُسْبِل: (م مضموم، س ساکن، ب مکسور، ل موقوف) پاجامہ زمین پر گھسیٹ کر چلنے والا۔

مَشَاعِل: (م مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ل موقوف) مشعل کی جمع، چراغدان۔

مَشَاغِل: (م مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، غ مکسور، ل موقوف) اشغال، کام۔

مَصْل: (م مفتوح، ص ساکن، ل موقوف) دہی سے پانی ٹپکانا، زخم سے پیپ بہنا، ماٹھا جسے چمڑے کی تھیلی میں رکھیں، ہریشہ، آش جو۔

مِصْقَل: (م مکسور، ص ساکن، ق مفتوح، ل موقوف) وہ آلہ جس سے چھری اور تلوار وغیرہ صاف کرتے ہیں، صیقل کرنے کا آلہ۔

مُصَقَّل: (م مضموم، ص مفتوح، ق مشدد مفتوح، ل موقوف) چمکایا ہوا، صیقل کیا ہوا، زنگ چھڑایا ہوا۔

مُضْمَحِل: (م مضموم، ض ساکن، م مفتوح، ح مکسور، ل مشدد موقوف) فنا، نہ ہونا۔

مَطَل: (م مفتوح، ط مفتوح، ل موقوف) دیر کرنا، قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا، کام میں ٹال مٹول کرنا۔

مَطْحُول: (م مفتوح، ط ساکن، ح مضموم، و ساکن، ل موقوف) وہ شخص جس کو تلی کا عارضہ ہو یعنی جس کی تلی میں کوئی مرض ہو۔

مُظَلِّل: (م مضموم، ظ مفتوح، ل مشدد مکسور، ل موقوف) سائبان لگانے والا، سائے میں آنے والا۔

مُظَلَّل: (م مضموم، ظ مفتوح، ل مشدد مفتوح، ل موقوف) سائے میں کیا ہوا۔

مَعْمَل: (م مفتوح، ع ساکن، م مفتوح، ل موقوف) زبردستی، کسی سے کچھ لے بھاگنا، گدھے وغیرہ کا خصیہ نکالنا، تیز چلنا، کام میں جلدی کرنا، کاٹنا، برباد کرنا۔

مُعْيِل: (م مضموم، ع مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بہت عیال والا۔

مُعَلِّل: (م مضموم، ع مفتوح، ل مشدد مکسور، ل موقوف) سبب بیان کرنے والا، بیماری دور کرنے والا۔

مُعَلَّل: (م مضموم، ع مفتوح، ل مشدد مفتوح، ل موقوف) سیراب کیا ہوا، سبب بیان کیا ہوا۔

مَعْلُوْل: (م مفتوح، ع ساکن، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) بیمار، سبب، (علت) بیان کیا ہوا، یہ کلمہ زبان پر شائع اور مستعمل ہے، عربی کلام میں معلول نہیں بلکہ اس کی جگہ علیل استعمال کرتے ہیں۔

مُعْضِل۔ مُشْكِل: (م مضموم، ع ساکن، ض مکسور، ل موقوف) (م مضموم، ش ساکن، ک مکسور، ل موقوف) دشوار کام، چھپا ہوا۔

مَعْزَل: (م مفتوح، ع ساکن، ز مفتوح، ل موقوف) دوری، دور ہونے کی جگہ۔

مُعَجَّل: (م مضموم، ع مفتوح، ج مشدد مفتوح، ل موقوف) جلدی کیا ہوا۔

مِعْوَل: (م مکسور، ع ساکن، و مفتوح، ل موقوف) آہنی پھاوڑا جس سے پتھر توڑتے ہیں۔

مُعَوَّل: (م مضموم، ع مفتوح، و مشدد مفتوح، ل موقوف) جس پر بھروسا کیا جائے۔

مُعَوِّل: (م مضموم، ع مفتوح، و مشدد مکسور، ل موقوف) بھروسا کرنے والا۔

مِغْزَل: (م مکسور، غ ساکن، ز مفتوح، ل موقوف) تکلا۔

مَغَل: (م مفتوح، غ مفتوح، ل موقوف) مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے چوپائے کے پیٹ میں درد ہونا اور اس کے پیٹ کا پھولنا۔

مُغْتَسَل (م مضموم، غ ساکن، ت مفتوح، س مفتوح، ل موقوف) غسل کی جگہ، غسل خانہ، جس میں کوئی چیز دھوتے ہیں، وہ پانی جس سے کچھ دھوئیں۔

مَغْسِل: (م مفتوح، غ ساکن، س مکسور، ل موقوف) مردے کو نہلانے کی جگہ۔

مَغْسُوْل: (م مفتوح، غ ساکن، س مضموم، و ساکن، ل موقوف) دھویا ہوا، گھٹیا اور معمولی کلام جو نزاکت و ملاحت سے خالی ہو۔

مَفْصِل: (م مفتوح، ف ساکن، ص مکسور، ل موقوف) جسم کا جوڑ، جدا ہونے کی جگہ، پہاڑ کا بیچ۔

مُفَصَّل: (م مضموم، ف مفتوح، ص مشدد مفتوح، ل موقوف) جدا کیا ہوا، کھولا ہوا، تفصیل سے بیان کیا ہوا۔

مَفَاصِل: (م مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ل موقوف) جوڑ، جدا ہونے کی جگہیں۔

مِفْضَال: (م مکسور، ف ساکن، ض مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بہت بھلائی، فضل اور بخشش والا آدمی۔

مِفْضَل: (م مکسور، ف ساکن، ض مفتوح، ل موقوف) بے آستین گھٹیا کپڑا جو مرد اور عورتیں کام کے لیے گھروں میں پہنیں، بہت فضل والا۔

مُفَضَّل: (م مضموم، ف مفتوح، ض مشدد مفتوح، ل موقوف) جس کے متعلق فضل کا حکم لگایا گیا ہو۔

مَقْل: (م مفتوح، ق ساکن، ل موقوف) چغلی کرنا، کسی کے سامنے کسی کی برائی کرنا، کسی چیز کو دیکھنا، پانی وغیرہ نیچے گرانا۔

مُقْل: (م مضموم، ق ساکن، ل موقوف) ایک مشہور گوند ہے، بیر کے مانند ایک درخت کا پھل۔

مُقِلّ: (م مضموم، ق مکسور، ل مشدد موقوف) درویش، تھوڑا کرنے والا، کسی چیز کو اٹھانے والا۔

مِقْوَال: (م مکسور، ق ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) زبان آور بہت بولنے والا، خطیب، بلیغ۔

مِقْوَل: (م مکسور، ق ساکن، و مفتوح، ل موقوف) زبان، یمن کی زبان میں سردار کو کہتے ہیں، حمیر کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ۔

مَقِیل: (م مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ل موقوف) دوپہر میں آرام کرنے کی جگہ، دوپہر کے وقت آرام کرنا خواہ نیند آئے یا نہ آئے۔

مَقْتَل: (م مفتوح، ق ساکن، ت مفتوح، ل موقوف) قتل کرنا، قتل کرنے کی جگہ، قتل کرنے کا وقت، مَقْتَلِ حَیْوَان وہ جگہ جہاں ضرب لگنے سے فوراً مر جائے بِقِتَالٍ وَ مَقْتَلُ الرَّجُلِ کنپٹی جس پر ضرب لگنے سے آدمی نہ بچے۔

مَکْل: (م مفتوح، ک ساکن، ل موقوف) کنویں کا پانی کم ہونا، پانی کا کنویں کے بیچ میں جمع ہونا۔

مَکْحَل: (م مفتوح، ک ساکن، ح مفتوح، ل موقوف) سرمہ دانی۔

مِکْحَل: (م مکسور، ک ساکن، ح مفتوح، ل موقوف) سرمے کی سلائی۔

مُکَحَّل: (م مضموم، ک مفتوح، ح مشدد مفتوح، ل موقوف) نکلا ہوا سرمہ۔

مِکْحَال: (م مکسور، ک ساکن، ح مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) سرمے کی سلائی، ہاتھ کی ہڈی۔

مُکَلَّل: (م مضموم، ک مفتوح، ل مشدد مفتوح، ل موقوف) سر پر تاج رکھا ہوا، ملمع کیا ہوا۔

مَلّ: (م مفتوح، ل مشدد موقوف) آگ میں خمیر ڈالنا، کپڑا سلنا، سیراب ہونا۔

مَلَال: (م مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) غمگین ہونا، کسی چیز سے عاجز ہونا۔

مُلَال: (م مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بخار کی گرمی۔

مَلَل: (م مفتوح، ل مفتوح، ل موقوف) غم، تنگی، ایک جگہ کا نام ہے۔

مَلُوْل: (م مفتوح، ل مضموم، و ساکن، ل موقوف) راکھ میں پکائی ہوئی روٹی، غمناک۔

مِنْحَل: (م مکسور، ن ساکن، ح مفتوح، ل موقوف) ہنسیا، غلہ کاٹنے کا اوزار۔

مِنْخَل: (م مکسور، ن ساکن، خ مفتوح، ل موقوف) آٹا چھاننے کی چھلنی، مُنْخُل زیادہ فصیح ہے۔

مِنْوَال: (م مکسور، ن ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تُو روہ لکڑی بننے کے وقت کپڑا جس پر لپیٹتے ہیں، عرب والے کہتے ہیں هُمْ عَلٰی مِنْوَالٍ وَاحِد ان کے اخلاق یکساں ہیں۔

مَنْخُول: (م مفتوح، ن ساکن، خ مضموم، و ساکن، ل موقوف) چھانا ہوا، شافعی اصول فقہ کی ایک کتاب ہے۔

مَنْهَل: (م مفتوح، ن ساکن، ہ مفتوح، ل موقوف) میدان یا چراگاہ میں پانی کا وہ چشمہ جس سے پانی پیتے ہیں، پلانا، منزل جو بیابان میں ہو، وہ جگہ جہاں پانی کا چشمہ ہو۔

مِنْهَال: (م مکسور، ن ساکن، ہ مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) وہ شخص جو پہلی ہی بار اونٹوں کو بہت پانی پلائے، کسی کو غصہ دلانے والا، ریت کا بلند ٹیلا جس کی ریت ہر طرف بکھری ہو، زیادتی، بڑھوتری، بہت فیاض، مِنْہَل بھی ان دونوں معنوں میں آیا ہے۔

مِنْدِیْل: (م مکسور، ن ساکن، د مکسور، ی ساکن، ل موقوف) تولیہ، رومال، چھوٹا رومال، بعض نے کہا ہے دسترخوان، کمر پر باندھنے کا رومال۔

مُنْحَلّ: (م مضموم، ن ساکن، ح مفتوح، ل مشدد موقوف) کشادہ۔

مَوْل: (م مفتوح، و ساکن، ل موقوف) پامال ہونا، مُؤَوِّل کا بھی یہی معنی ہے۔

مُوْل: (م مضموم، و ساکن، ل موقوف) مکڑی، مُوْلَۃ واحد ہے۔

مُہْل: (م مضموم، ہ ساکن، ل موقوف) پگھلایا ہوا تانبا، زیتون کا پتلا تیل، پیلا پیپ، پانی۔

مَہَل: (م مفتوح، ہ مفتوح، ل موقوف) نرمی، آہستگی، دیر۔

مِہْبَل: (م مکسور، ہ ساکن، ب مفتوح، ل موقوف) رحم، رحم کا منہ، ولادت کی جگہ۔

مُہَبَّل: (م مضموم، ہ مفتوح، ب مشدد مفتوح، ل موقوف) جس کو بددعا دی جائے کہ تیری ماں تجھے گم کردے، سوجے ہوئے چہرے والا، پُرگوشت آدمی۔

مَہْزُوْل: (م مفتوح، ہ ساکن، ز مضموم، و ساکن، ل موقوف) کمزور کیا ہوا۔

مَہِیْل: (م مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بہایا ہوا، جاری، ان دونوں معنوں میں ہَیْل سے مشتق ہے، ڈرنے کی جگہ، اس معنی

میں ہَوْل سے مشتق ہے، ہَبَال کا مرادف ہے۔

مَیْل: (م مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) جھکنا، ہلنا، ظلم کرنا۔

مِیْل: (م مکسور، ی ساکن، ل موقوف) زمین کا وہ حصہ جہاں تک نظر جائے، منتہائے نظر زمین، قلم، مٹی کا تختہ، سرمے کی سلائی، جراحوں کی لوہے کی سلائی، سرمہ بنانے والے کی آہنی سلائی، فرسنگ کا تہائی حصہ، وہ پتھر جو فرسنگ کی نشانی کے طور پر راستے میں گاڑتے ہیں، فرسنگ ساز۔

مَیَلْ: (م مفتوح، ی مفتوح، ل موقوف) جھکاؤ، ٹیڑھاپن، کجی، پیدائشی ٹیڑھاپن۔

﴿فصل المیم مع المیم﴾

مَأْثَم: (م مفتوح، اَ ساکن، ث مفتوح، م موقوف) گناہ۔

مَاتَم: (م مفتوح، ا ساکن، ت مفتوح، م موقوف) مصیبت، وہ عورتیں جو باہم کسی اچھے کام یا برے کام کے لیے جمع ہوں، رونا پیٹنا۔

مُبْرَم: (م مضموم، ب ساکن، ر مفتوح، م موقوف) استوار، مستحکم، وہ کپڑا جس کا تانا بانا مضبوط ہو۔

مُبْرِم: (م مضموم، ب ساکن، ر مکسور، م موقوف) زچ کرنے والا، افسردہ کرنے والا۔

مُبْہَم: (م مضموم، ب ساکن، ہ مفتوح، م موقوف) چھپا ہوا، پوشیدہ، باندھا ہوا۔

مِبْسَام: (م مکسور، ب ساکن، س مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت تبسم کرنے والا، بہت مسکرانے والا۔

مِبْسَم: (م مکسور، ب ساکن، س مفتوح، م موقوف) دانت۔

مُتَنَعِّم: (م مضموم، ت مفتوح، ن مفتوح، ع مشدد مکسور، م موقوف) ناز و نعم میں پلا ہوا، ناز و نعم میں زندگی بسر کرنے والا۔

مُتَعَلِّم: (م مضموم، ت مفتوح، ع مفتوح، ل مشدد مکسور، م موقوف) سیکھنے والا۔

مُتَلَاحِم: (م مضموم، ت مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، م موقوف) مضبوط بٹی ہوئی رسی۔

مُتَرَاکِم: (م مضموم، ت مفتوح، ر مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، م موقوف) تہہ بہ تہہ بیٹھا ہوا۔

مُجَسِّم: (م مضموم، ج مفتوح، س مشدد مکسور، م موقوف) کسی چیز سے جسم کی نسبت کرنے والا۔

مُجَسَّم: (م مضموم، ج مفتوح، س مشدد مفتوح، م موقوف) بڑا کیا ہوا، جسم بنایا ہوا، ہر وہ چیز جس میں طول، عمق عرض ہو، جس کو بڑا سمجھا جائے۔

مَحْرَم: (م مفتوح، ح ساکن، ر مفتوح، م موقوف) لوگوں کے پاس آنے جانے والا آدمی، جو لوگوں سے راہ و رسم رکھے، راز دار، حرام چیز، رات کے خطرات کا وقت، مَحَارِم جمع ہے۔

مُحْرِم: (م مضموم، ح ساکن، ر مکسور، م موقوف) حرم میں جانے والا، حرمت والے مہینے میں جانے والا، وہ شخص جس نے حج کا احرام باندھا ہو۔

مُحَرَّم: (م مضموم، ح مفتوح، ر مشدد مفتوح، م موقوف) حرام کیا ہوا، حرام رکھا گیا، مسلمانوں کے پہلے مہینے کا نام۔

مَحْرُوم: (م مفتوح، ح ساکن، ر مضموم، و ساکن، م موقوف) حرام کیا گیا، بد بخت، بے روزی، چہرہ پھیرا ہوا، روکا ہوا۔

مُخْیَم: (م مضموم، خ ساکن، ی مفتوح، م موقوف) خیمہ گاڑنے کی جگہ، مَقَام کے وزن پر مُخَام بھی آتا ہے۔

مُخَیَّم: (م مضموم، خ مفتوح، ی مشدد مفتوح، م موقوف) ٹھہرنے کی جگہ۔

مُخَضْرَم: (م مضموم، خ مفتوح، ض ساکن، ر مفتوح، م موقوف) گوشت جو معلوم نہ ہو کہ مادہ جانور کا ہے یا نر کا، وہ شخص جس نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانہ پایا ہو، حرام زادہ، وہ شخص جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہو، اسی وجہ سے کہتے ہیں فلاں مخضرم النسب ہے۔

مُخَضْرِم: (م مضموم، خ مفتوح، ض ساکن، ر مکسور، م موقوف) کنجوس شخص جو تھوڑی چیز پر صبر نہ کرے۔

مُدَام: (م مضموم، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) شراب، ہمیشہ۔

مَدَام: (م مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ہیشگی کی جگہ۔

مَدْمُوْم: (م مفتوح، دساکن، م مضموم، وساکن، م موقوف) سرخ، چربی سے بھرا ہوا عضو، خون میں لتھڑی ہوئی چیز، جس کا بوجھ بھاری کیا گیا ہو، کسی بھی رنگ سے رنگا ہوا، بھری ہوئی دیگ۔

مَذْمُوْم۔مَذْؤُم: (م مفتوح، ذساکن، م مضموم، وساکن، م موقوف) م مفتوح، ذمضموم، وساکن، م موقوف) وہ آدمی جس کو برا کہا گیا ہو، جس کی برائی بیان کی جائے۔

مَرَاسِم: (م مفتوح، رمفتوح، اساکن، س مکسور، م موقوف) نشانات۔

مَرْکُوْم: (م مفتوح، رساکن، ک مضموم، وساکن، م موقوف) تہہ بہ تہہ رکھا ہوا، جمع کیا ہوا۔

مَرَام: (م مفتوح، رمفتوح، اساکن، م موقوف) مقصد، مراد۔

مُرَاغَم: (م مضموم، رمفتوح، اساکن، غ مفتوح، م موقوف) جانے کی جگہ، بھاگنے کی جگہ۔

مَرْہَم: (م مفتوح، رساکن، ہ مفتوح، م موقوف) دوا جو زخم پر رکھیں، مرہم۔

مَزْکُوْم: (م مفتوح، زساکن، ک مضموم، وساکن، م موقوف) زکام والا۔

مُسْلِم: (م مضموم، س ساکن، ل مکسور، م موقوف) جو مذہب اسلام رکھتا ہو۔

مُسَلَّم: (م مضموم، س مفتوح، ل مشدد مفتوح، م موقوف) قبول کیا ہوا، جس کو مانا گیا ہو، محفوظ رکھا ہوا۔

مِسْقَام: (م مکسور، س ساکن، ق مفتوح، اساکن، م موقوف) وہ شخص جو بہت بیمار ہوتا ہو۔

مُسْتَہَام: (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ہ مفتوح، اساکن، م موقوف) پریشان، حیران۔

مُسَنَّم: (م مضموم، س مفتوح، ن مشدد مفتوح، م موقوف) وہ گھر جس کی چھت اونچے ٹیلے کی طرح بنائی جائے، وہ قبر جو ٹیلے کی طرح ہو۔

مَسَامّ: (م مفتوح، س مفتوح، اساکن، م مشدد موقوف) جسم کے بال کی جڑ کے سوراخ، جسم کے سوراخ جن سے پسینہ نکلتا ہے۔

مَشْمُوْم: (م مفتوح، ش ساکن، م مضموم، وساکن، م موقوف) مشک، خوشبو، وہ چیز جو سونگھی جائے۔

مَشْہُوْم: (م مفتوح، ش ساکن، ہ مضموم، وساکن، م موقوف) جس کو ڈرایا گیا ہو۔

مَشَامّ: (م مفتوح، ش مفتوح، اساکن، م مشدد موقوف) ناکیں، سونگھنے کی جگہیں۔

مَشْؤُم۔مَشْئُوْم: (م مفتوح، ش مضموم، وساکن، م موقوف) (م مفتوح، ش ساکن، ء مضموم، وساکن، م موقوف) نامبارک، منحوس۔

مِضْرَم: (م مکسور، ض ساکن، ر مفتوح، م موقوف) ہنسیا جس سے کھیت کاٹتے ہیں۔

مِطْعَم: (م مکسور، ط ساکن، ع مفتوح، م موقوف) زیادہ کھانے والا۔

مُطْعِم: (م مضموم، ط ساکن، ع مکسور، م موقوف) کھلانے والا۔

مِطْعَام: (م مکسور، ط ساکن، ع مفتوح، اساکن، م موقوف) لوگوں کو زیادہ کھلانے والا آدمی۔

مُظْلِم: (م مضموم، ظ ساکن، ل مکسور، م موقوف) اندھیرا۔

مُعْظَم: (م مضموم، ع ساکن، ظ مفتوح، م موقوف) بہت بڑی چیز، بہترین چیز۔

مُعَظَّم: (م مضموم، ع مفتوح، ظ مشدد مفتوح، م موقوف) جس کی تعظیم کی جائے، جس کو بڑا خیال کیا جائے۔

مَعْلَم: (م مفتوح، ع ساکن، ل مفتوح، م موقوف) کسی چیز کا نشان، مَعَالِم جمع ہے۔

مُعْلَم: (م مضموم، ع ساکن، ل مفتوح، م موقوف) نقش ونگار روالا کپڑا۔

مُعَلِّم: (م مضموم، ع مفتوح، ل مشدد مکسور، م موقوف) سکھانے والا۔

مُعَلَّم: (م مضموم، ع مفتوح، ل مشدد مفتوح، م موقوف) سکھایا ہوا، شکاری کتا جسے شکار کے آداب سکھا دیے گئے ہوں۔

مُعَزِّم: (م مضموم، ع مفتوح، ز مشدد مکسور، م موقوف) تعویذ بیچنے والا، منتر پڑھنے والا۔

مُعْتَصِم۔مُسْتَعْصِم: (م مضموم، ع ساکن، ت مفتوح، ص مکسور، م موقوف) (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ع ساکن، ص مکسور، م موقوف) چنگل مارنے والا، گناہ سے بچنے والا۔

مِعْصَم: (م مکسور، ع ساکن، ص مفتوح، م موقوف) ہاتھ میں کنگن پہننے کی جگہ، کلائی۔

مَغْرَم: (م مفتوح، غ ساکن، ر مفتوح، م موقوف) تاوان، وہ چیز جس کا

ادا کرنا واجب ہو۔

مُغْرَم: (م مضموم، غ ساکن، ر مفتوح، م موقوف) کسی چیز کی لالچ رکھنے والا، کسی کی دوستی میں گرفتار۔

مَغْمُوم: (م مفتوح، غ ساکن، م مضموم، و ساکن، م موقوف) غمگین کیا ہوا، اندوہناک، چھپایا ہوا۔

مَغْنَم: (م مفتوح، غ ساکن، ن مفتوح، م موقوف) مال غنیمت، وہ مال جو کفار سے جنگ میں حاصل کریں، مَغَانِم جمع ہے۔

مُفَخَّم: (م مضموم، ف مفتوح، خ مشدد مفتوح، م موقوف) معظم کے وزن پر اور اس کا ہم معنی ہے۔

مَقَام: (م مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) کھڑا ہونا، کھڑے ہونے کی جگہ۔

مُقَام: (م مضموم، ق مفتوح، ا ساکن، م موقوف) اقامت کرنا، ٹھہرنا، اقامت کی جگہ۔

مَقْدَم: (م مفتوح، ق ساکن، د مفتوح، م موقوف) سفر یا کسی جگہ سے واپس آنا، قدم رکھنے کی جگہ، آنے کا وقت۔

مُقْدِم: (م مضموم، ق ساکن، د مکسور، م موقوف) آگے جانے والا، دلیر، ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ۔

مُقَدِّم: (م مضموم، ق مفتوح، د مشدد مکسور، م موقوف) کسی کو آگے کرنے والا، آگے ہونے والا۔

مُقَدَّم: (م مضموم، ق مفتوح، د مشدد مفتوح، م موقوف) آگے کیا ہوا، چاند کی ایک منزل۔

مِقْدَام: (م مکسور، ق ساکن، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت بہادر و دلیر۔

مُقَوِّم: (م مضموم، ق مفتوح، و مشدد مکسور، م موقوف) سیدھا کرنے والا، قیمت لگانے والا۔

مَقْسِم: (م مفتوح، ق ساکن، س مکسور، م موقوف) حصہ کرنے کی جگہ۔

مُقْسِم: (م مضموم، ق ساکن، س مکسور، م موقوف) قسم کھانے والا۔

مُقَسِّم: (م مضموم، ق مفتوح، س مشدد مکسور، م موقوف) عمدہ بنانے والا۔

مُقَسَّم: (م مضموم، ق مفتوح، س مشدد مفتوح، م موقوف) عمدہ بنایا ہوا، حصہ کیا ہوا، مَقْسُوم کا بھی یہی معنی ہے۔

مُکْرِم: (م مضموم، ک ساکن، ر مکسور، م موقوف) بزرگ سمجھنے والا، نوازنے والا۔

مُکْرَم: (م مضموم، ک ساکن، ر مفتوح، م موقوف) جس کو بزرگ سمجھا جائے، جس کو نوازیں۔

مُکَرَّم: (م مضموم، ک مفتوح، ر مشدد مفتوح، م موقوف) باعزت شخص۔

مَکْعُوم: (م مفتوح، ک ساکن، ع مضموم، و ساکن، م موقوف) تھوتھنی (جس سے اونٹ کا منہ باندھتے ہیں تاکہ کچھ کھا یا کاٹ نہ سکے) چڑھایا ہوا اونٹ تاکہ وہ نہ کاٹے۔

مَکْتُوم: (م مفتوح، ک ساکن، ت مضموم، و ساکن، م موقوف) چھپایا ہوا۔

مَکْظُوم: (م مفتوح، ک ساکن، ظ مضموم، و ساکن، م موقوف) غم والم میں گرفتار آدمی، غصہ پی جانے والا۔

مُلْتَزِم: (م مضموم، ل ساکن، ت مفتوح، ز مکسور، م موقوف) کسی چیز کو اپنے اوپر واجب کرنے والا، کعبہ اور حجر اسود کے درمیان ایک مقام جہاں دعا قبول ہوتی ہے، خاقانی کہتا ہے۔

ع موضع بوسہ حجر جائے دعا ملتزم

مُلْتَزَم: (م مضموم، ل ساکن، ت مفتوح، ز مفتوح، م موقوف) واجب کیا ہوا۔

مُلِمّ: (م مضموم، ل مکسور، م مشدد موقوف) نیچے آنے والا، گناہ صغیرہ کرنے والا، وہ بچہ جو بلوغ کے قریب پہنچا ہو۔

مَلُوم: (م مفتوح، ل مضموم، و ساکن، م موقوف) ملامت کیا ہوا، جس کو برا بھلا کہا جائے۔

مُلَیَّم: (م مضموم، ل مفتوح، ی ساکن، م موقوف) لائق ملامت۔

مِلْدَم: (م مکسور، ل ساکن، د مفتوح، م موقوف) موٹا بھدا بیوقوف آدمی، وہ پتھر جس سے کھجور کی گٹھلی توڑتے ہیں، اُمّ مِلْدَم بخار کی کنیت ہے۔

مِلْدَام: (م مکسور، ل ساکن، د مفتوح، ا ساکن، م موقوف) وہ پتھر جس سے کھجور کوٹتے ہیں۔

مَلَاحِم: (م مفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، م موقوف) میدان جنگ،

مَلْحَمَۃ کی جمع ہے۔

مُلْحَم: (م مضموم، ل ساکن، ح مفتوح، م موقوف) وہ شخص جس کی روزی شکار کا گوشت ہو، وہ شخص جو کسی قوم سے وابستہ ہو، ایک قسم کا کپڑا۔

مَمُوْم: (م مفتوح، م مضموم، و ساکن، م موقوف) برسام کی بیماری والا، برسام چھاتی کی سوجن، سینے کا درد، پھیپھڑے میں پانی بھرنا۔

مُنْہَزِم ۔ مَہْزُوْم: (م مضموم، ن ساکن، ہ مفتوح، ز مکسور، م موقوف) (م مفتوح، ہ ساکن، ز مضموم، و ساکن، م موقوف) جنگ میں شکست کھا کر بھاگنے والا۔

مُنْعِم: (م مضموم، ن ساکن، ع مکسور، م موقوف) مالدار، نعمت دینے والا۔

مَنْسِم: (م مفتوح، ن ساکن، س مکسور، م موقوف) اونٹ کا کھر، راستے کا نشان۔

مُنْضَمّ: (م مضموم، ن ساکن، ض مفتوح، م مشدد موقوف) باہم ملائی ہوئی چیز۔

مَنْظُوْم: (م مفتوح، ن ساکن، ظ مضموم، و ساکن، م موقوف) پرویا ہوا، وہ بات جس کو نظم میں بیان کیا جائے۔

مَنَام: (م مفتوح، ن مفتوح، ا ساکن، م موقوف) سونا، سونے کی جگہ۔

مِنْجَم: (م مکسور، ن ساکن، ج مفتوح، م موقوف) ترازو کے لوہے کی ڈنڈی۔

مَنْجَم: (م مفتوح، ن ساکن، ج مفتوح، م موقوف) معدن، کسی چیز کا منبع، نکلنے کی جگہ۔

مُنَجِّم: (م مضموم، ن مفتوح، ج مشدد مکسور، م موقوف) ستارہ شناس، نجومی، ستارہ دیکھ کر حکم (وقت وغیرہ) بتانے والا۔

مُنَجَّم: (م مضموم، ن مفتوح، ج مشدد مفتوح، م موقوف) وہ چیز جو چند بار میں ادا کی جائے، ستاروں کے ذریعہ حکم لگایا ہوا۔

مَنْہُوْم: (م مفتوح، ن ساکن، ہ مضموم، و ساکن، م موقوف) لالچی، کھانے سے شکم سیر نہ ہونے والا۔

مِنْعَام: (م مکسور، ن ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، م موقوف) بہت بخشش کرنے والا مرد۔

مَوْم: (م مفتوح، و ساکن، م موقوف) برسام کی بیماری لاحق ہونا۔

مُوْم: (م مضموم، و ساکن، م موقوف) شہد، برسام کی بیماری۔

مَوْسِم: (م مفتوح، و ساکن، س مکسور، م موقوف) کسی چیز کا وقت، جمع ہونے کی جگہ۔

مَوْسُوْم: (م مفتوح، و ساکن، س مضموم، و ساکن، م موقوف) نشان کیا ہوا، داغ لگایا ہوا۔

مُہَمّ: (م مضموم، ہ مفتوح، م مشدد موقوف) جس کی تیمارداری کی جائے۔

مُہِمّ: (م مضموم، ہ مکسور، م مشدد موقوف) غم و الم میں ڈالنے والا، اَمْرٌ مُہِمٌّ سخت اور شدید کام۔

مِیْسَم: (م مکسور، ی ساکن، س مفتوح، م موقوف) خوبی، نشان، اونٹ داغنے کا آلہ۔

﴿فصل المیم مع النون﴾

مَارِنْ: (م مفتوح، ا ساکن، ر مکسور، ن موقوف) ناک کا نرم حصہ، ٹھوس چمکدار نیزہ، مُرُن جمع ہے۔

مَازِنْ: (م مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ن موقوف) چیونٹی کا انڈا، بنی تمیم کے قبیلے کا مورث اعلیٰ۔

مَاعُوْن: (م مفتوح، ا ساکن، ع مضموم، و ساکن، ن موقوف) پانی، گھر کی ضروریات جیسے تیر، پھاوڑا اور کام کاج کے اوزار، وہ آدمی جس سے مدد طلب کی جائے۔

مَأن: (م مفتوح، أ ساکن، ن موقوف) کسی کا بوجھ اپنے اوپر لینا، نان ونفقہ برداشت کرنا، جاننا، اچھا گمان کرنا، اکٹھا کرنا، کدال یا پھاوڑا جس کے ذریعہ مٹی زمین سے کھودتے ہیں، کوکھ پر کسی چیز کا لگنا۔

مَازَرْیُوْن: (م مفتوح، ا ساکن، ز مفتوح، ر ساکن، ی مضموم، و ساکن، ن موقوف) ایک دست آور خشک گھاس۔

مَاہِنْ: (م مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ن موقوف) خدمت گزار۔

مَاہِنْ ۔ مُہُوْن: (م مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ن موقوف) (م مضموم،

ی مضموم، و ساکن، ن موقوف) جھوٹ بولنے والا۔

مُبِیْن: (م مضموم، ب مکسور، ی ساکن، ن موقوف) ظاہر کرنے والا، ظاہر۔

مُبَیَّن: (م مضموم، ب مفتوح، ی مشدد مفتوح، ن موقوف) ظاہر کیا ہوا۔

مِبْطَان: (م مکسور، ب ساکن، ط مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) وہ شخص جس کا شکم پیٹ بھر کھانے کی وجہ سے ہمیشہ بڑا رہے۔

مَبْطُوْن: (م مفتوح، ب ساکن، ط مضموم، و ساکن، ن موقوف) وہ شخص جو پیٹ کی بیماری میں مبتلا ہو۔

مُتَدَیِّن: (م مضموم، ت مفتوح، د مفتوح، ی مشدد مکسور، ن موقوف) دیندار۔

مُتْقِن۔ مَتِیْن: (م مضموم، ت ساکن، ق مکسور، ن موقوف) (م مفتوح، ت مکسور، ی ساکن، ن موقوف) محکم، استوار، مضبوط۔

مُتَمَکِّن: (م مضموم، ت مفتوح، م مفتوح، ک مشدد مکسور، ن موقوف) قادر ہونے والا، مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا، وہ اسم جس پر تینوں حرکتیں آتی ہیں۔

مَتْن: (م مفتوح، ت ساکن، ن موقوف) پیٹھ پر مارنا، کپڑا کھینچنا، جانا، مضبوط پیٹھ والا آدمی، سخت و بلند زمین، تیر کے پر سے لے کر درمیان تک کا فاصلہ، مُتُون و مِتَان جمع ہے۔

مَثْن: (م مفتوح، ث ساکن، ن موقوف) مثانہ پر مارنا۔

مَثَن: (م مفتوح، ث مفتوح، ن موقوف) مسلسل قطرہ قطرہ پیشاب آنا۔

مُجُوْن: (م مضموم، ج مضموم، و ساکن، ن موقوف) بیباکی اور شوخی دکھانا، بیباکی۔

مَاجِن: (م مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ن موقوف) بیباک، نڈر، مسخرہ، مُجَّان (ج مشدد) جمع ہے۔

مَجَّان: (م مفتوح، ج مشدد مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مفت، رائگاں۔

مَحْن: (م مفتوح، ح ساکن، ن موقوف) کنویں سے مٹی اور ریت باہر نکالنا، صاف کرنا۔

مِحَن: (م مکسور، ح مفتوح، ن موقوف) محنت کی جمع، آزمائش، بلا، دکھ، رنج، مشقت۔

مَحْبُوْن: (م مفتوح، ح ساکن، ب مضموم، و ساکن، ن موقوف) وہ آدمی جو استسقا کی بیماری میں مبتلا ہو۔

مَحْزُوْن: (م مفتوح، ح ساکن، ز مضموم، و ساکن، ن موقوف) غمناک۔

مِحْزَان: (م مکسور، ح ساکن، ز مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) وہ شخص جو بہت غمگین ہو۔

مُحْصِن: (م مضموم، ح ساکن، ص مکسور، ن موقوف) وہ شخص جس کی شادی ہو چکی ہو، پرہیزگار، مُحْصِنِیْن جمع ہے۔

مِحْجَن: (م مکسور، ح ساکن، ج مفتوح، ن موقوف) چوگان کی طرح ایک لاٹھی ہے۔

مَحَاسِن: (م مفتوح، ح مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ن موقوف) اچھائیاں، خلاف قیاس حُسن کی جمع ہے۔

مَخْن: (م مفتوح، خ ساکن، ن موقوف) جماع کرنا، رونا، کنویں سے کوئی چیز اوپر کھینچنا، لمبا آدمی۔

مَخْبُوْن: (م مفتوح، خ ساکن، ب مضموم، و ساکن، ن موقوف) گود لیا ہوا، گود میں اٹھایا ہوا، ذخیرہ کیا ہوا، شعر کا ایک جز جس کا حرف ساکن گر گیا ہو۔

مَخْزُوْن: (م مفتوح، خ ساکن، ز مضموم، و ساکن، ن موقوف) خزانہ میں رکھا ہوا۔

مَخْزَن: (م مفتوح، خ ساکن، ز مفتوح، ن موقوف) خزانہ۔

مَدْن: (م مفتوح، د ساکن، ن موقوف) ٹھہرنا۔

مُدُن: (م مضموم، د مفتوح، ن موقوف) مَدِیْنَہ کی جمع ہے۔

مَدَائِن: (م مفتوح، د مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ن موقوف) شہر، ایک شہر کا نام جو نوشیرواں کا پایہ تخت (راجدھانی) تھا۔

مُدُوْن: (م مضموم، د مضموم، و ساکن، ن موقوف) کسی جگہ پر ہمیشہ رہنا۔

مَدْیَن: (م مفتوح، د ساکن، ی مفتوح، ن موقوف) ایک بستی ہے جس میں حضرت شعیب علیہ السلام رہتے تھے۔

مَدِیْن: (م مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ن موقوف) غلام و قرضدار جس

کومزدوری دی گئی ہو، رسوا کیا ہوا۔

مَدْیُوْن: (م مفتوح، دساکن، ی مضموم، وساکن، ن موقوف) قرضدار۔

مِدْیَان: (م مکسور، دساکن، ی مفتوح، اساکن، ن موقوف) بہت قرض لینے والا آدمی۔

مُدْہَامَّتَان: (م مضموم، دساکن، ہ مفتوح، اساکن، م مشدد مفتوح، ت مفتوح، اساکن، ن موقوف) وہ سرسبز وشاداب اور سیراب باغ جو انتہائی سبزی سے سیاہی مائل ہوں۔

مُدْہَن: (م مضموم، دساکن، ہ مفتوح، ن موقوف) تیل رکھنے کا برتن، شیشی، وہ گڈھا جو پہاڑ کے بیچ میں ہو اور اس میں پانی جمع ہو۔

مِذْرَوَان: (م مکسور، ذساکن، ر مفتوح، و مفتوح، اساکن، ن موقوف) مقعد کے دونوں کنارے، گوشۂ کمان کے دونوں کنارے۔

مُرْجُوْن: (م مفتوح رمکسور رمضموم، رساکن، ج مضموم، وساکن، ن موقوف) مہلت دیے گئے، دیر کیے گئے۔

مِرْغَان: (م مکسور، رساکن، غ مفتوح، اساکن، ن موقوف) سخت کمان۔

مَرَّان: (م مفتوح، ر مشدد مفتوح، اساکن، ن موقوف) ایک مقام کا نام ہے۔

مُرَّان: (م مضموم، ر مشدد مفتوح، اساکن، ن موقوف) نیزے۔

مَرْزَبَان: (م مفتوح، رساکن، ز مفتوح، ب مفتوح، اساکن، ن موقوف) مَرزُبان (زساکن) کا معرب، زمین کا مالک، حاکم، نگہبان۔

مُرُوْن: (م مضموم، ر مضموم، وساکن، ن موقوف) نرم ہونا، کام میں سخت ہونا، عادت بنانا۔

مَرْن: (م مفتوح، رساکن، ن موقوف) تھکن کی وجہ سے چوپائے کے پیروں پر تیل ملنا، پوستین۔

مَرِن: (م مفتوح، ر مکسور، ن موقوف) حالت، عادت۔

مَرْجَان: (م مفتوح، رساکن، ج مفتوح، اساکن، ن موقوف) چھوٹا موتی، مونگا کے معنی میں بھی آیا ہے اور ظاہراً اس معنی میں یہ لفظ فارسی ہے کیوں کہ عربی میں نہیں پایا جاتا۔

مِرْگَن: (م مکسور، رساکن، ک مفتوح، ن موقوف) مٹی یا پتھر کا برتن جس میں چیزوں کو دھلتے ہیں۔

مُرْدِن: (م مضموم، رساکن، د مکسور، ن موقوف) تاریک۔

مِرْدَن: (م مکسور، رساکن، د مفتوح، ن موقوف) اون اور روئی کاتنے کا تکلا۔

مُزْن: (م مضموم، زساکن، ن موقوف) بارش، سفید بادل، مُزْنَۃ واحد ہے، حَبُّ المُزْنَۃ اولے۔

مُزُوْن: (م مضموم، ز مضموم، وساکن، ن موقوف) روشن چہرے والا ہونا، جانا، مشک کو کسی چیز سے بھرنا۔

مَزُوْن: (م مفتوح، ز مضموم، وساکن، ن موقوف) عمان کی زمین۔

مُسَخَّرِیْن (م مضموم، س مفتوح، خ مشدد مفتوح، ر مکسور، ی ساکن، ن موقوف) مجبور کیے گئے محتاج کیے گئے لوگ۔

مِسْفَن: (م مکسور، س ساکن، ف مفتوح، ن موقوف) ریتی۔

مُسَوِّمِیْن: (م مضموم، س مفتوح، و مشدد مکسور، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) نشان لگانے والے۔

مُسَوَّمِیْن: (م مضموم، س مفتوح، و مشدد مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) نشان لگائے ہوئے۔

مَسْجُوْن: (م مفتوح، س ساکن، ج مضموم، وساکن، ن موقوف) قیدی۔

مِسْکِیْن: (م مکسور، س ساکن، ک مکسور، ی ساکن، ن موقوف) وہ آدمی جس کے پاس کچھ نہ ہو، وہ آدمی جس کے پاس اتنا مال نہ ہو جو اس کے گزر اوقات کے لیے کافی ہو، وہ شخص جس کی محتاجی نے اسے بے حرکت وقوت بنا کر رکھ دیا ہو، خوار، ذلیل، کمزور، مَسَاکِیْن جمع ہے۔

مَسْکِن: (م مفتوح، س ساکن، ک مکسور، ن موقوف) کوفہ میں ایک مقام کا نام ہے۔

مَسْکَن: (م مفتوح، س ساکن، ک مفتوح، ن موقوف) ٹھہرنے کی جگہ، جائے اقامت، منزل۔

مُسْمِن: (م مضموم، س ساکن، م مکسور، ن موقوف) مُحْسِن کے وزن پر، پیدائشی موٹا۔

مُسَمَّن : (م مضموم، س مفتوح، م مشدد مفتوح، ن موقوف) جس کو موٹا کیا جائے۔

مُسَمِّن : (م مضموم، س مفتوح، م مشدد مکسور، ن موقوف) موٹا کرنے والا۔

مَسْنُوْن : (م مفتوح، س ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) بدبودار، سڑا ہوا، جس کی شکل بنائی گئی ہو، روشن کیا ہوا، مَسْنُوْنُ الْوَجْه چمکدار کتابی چہرے والا، وہ آدمی جس کا چہرہ اور ناک لمبی ہو۔

مِسَنّ : (م مکسور، س مفتوح، ن مشدد موقوف) سان جس پر چھری وغیرہ تیز کی جائے۔

مُسِنّ : (م مضموم، س مکسور، ن مشدد موقوف) بڑی عمر والا آدمی۔

مُسْلَان : (م مضموم، س ساکن، ل مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پانی بہنے کی جگہیں، مَسِیْل کی جمع ہے۔

مُسْتَهَان : (م مضموم، س ساکن، ت مفتوح، ہ مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) خوار و ذلیل، حقیر۔

مَشْحُوْن : (م مفتوح، ش ساکن، ح مضموم، و ساکن، ن موقوف) بھرا ہوا، دور کیا ہوا۔

مَشْن : (م مفتوح، ش ساکن، ن موقوف) بٹا ہوا ہونا، کوڑے سے مارنا، تلوار سے مارنا، کھال ادھیڑنا، ہانکنا، کاٹنا۔

مُشْدِن : (م مضموم، ش ساکن، د مکسور، ن موقوف) وہ ہرنی جو بچے کو دودھ پلانے سے بے نیاز ہو گئی ہو، مَشَادِن جمع ہے۔

مِصْرَان : (م مکسور، ص ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بصرہ اور کوفہ۔

مُصْرَان : (م مضموم، ص ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ندی، مَصَارِیْن جمع ہے، انتڑیاں، آنتیں، مَصِیْر کی جمع ہے۔

مَضَامِیْن : (م مفتوح، ض مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ی ساکن، ن موقوف) معانی، مطالب، مقاصد، اونٹ اور گھوڑے وغیرہ کے بچے جو ابھی باپ کی پشت (پیٹھ) میں ہوں جب ماں کے شکم میں آتے ہیں تو ان کو مَلَاقِیْح کہتے ہیں۔

مَضْنُوْن : (م مفتوح، ض ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) غالیہ مشہور خوشبو جو عنبر، مشک اور کافور وغیرہ کو ملا کر بناتے ہیں، بخل کیا گیا۔

مِطْعَان : (م مکسور، ط ساکن، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بہت نیزہ مارنے والا، مَطَاعِیْن جمع ہے۔

مَطْعُوْن : (م مفتوح، ط ساکن، ع مضموم، و ساکن، ن موقوف) نیزہ مارا ہوا۔

مُطَجَّن : (م مضموم، ط مفتوح، ج مشدد مفتوح، ن موقوف) کڑھائی یا توا میں بھنی ہوئی چیز۔

مُطْمَئِن : (م مضموم، ط ساکن، م مفتوح، ء مکسور، ن مشدد موقوف) آرام پانے والا، اَرْضٌ مُطْمَئِن پست زمین، محفوظ۔

مَظَانّ : (م مفتوح، ظ مفتوح، ا ساکن، ن مشدد موقوف) گمان کرنے کی جگہیں۔

مَعْن : (م مفتوح، ع ساکن، ن موقوف) پانی بہنے کی جگہ، تھوڑا، آسان، ایک سخی شخص کا نام ہے۔

مَعِیْن : (م مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ن موقوف) بہنے والا پانی۔

مَعَان ـ مَکَان : (م مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) (م مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) جگہ۔

مُعِیْن : (م مضموم، ع مکسور، ی ساکن، ن موقوف) مدد کرنے والا۔

مِعْدَن : (م مکسور، ع ساکن، د مفتوح، ن موقوف) وہ کلہاڑی جس سے پتھر توڑتے ہیں۔

مَعْدِن : (م مفتوح، ع ساکن، د مکسور، ن موقوف) سونے جواہر کی کان، مکان، اصل، ہر چیز کا مرکز۔

مَعْمَعَان : (م مفتوح، ع ساکن، م مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) سخت گرم، گرمی کی شدت۔

مَغْبُوْن : (م مفتوح، غ ساکن، ب مضموم، و ساکن، ن موقوف) نقصان پہنچایا ہوا۔

مَفْتُوْن : (م مفتوح، ف ساکن، ت مضموم، و ساکن، ن موقوف) فتنے میں ڈالا ہوا، آزمایا ہوا، جلایا ہوا، فتنہ کے معنی میں بھی آیا ہے۔

مَقْرُوْن : (م مفتوح، ق ساکن، ر مضموم، و ساکن، ن موقوف) قریب کیا ہوا، ملا ہوا۔

مُقْتَرَنْ: (م مضموم، ق ساکن، ت مفتوح، ر مفتوح، ن موقوف) ملایا ہوا۔

مُقْمَحُوْن: (م مضموم، ق ساکن، م مفتوح، ح مضموم، و ساکن، ن موقوف) سر اٹھائے ہوئے لوگ۔

مُقْرِنْ: (م مضموم، ق ساکن، ر مکسور، ن موقوف) طاقت رکھنے والا، مُقْرِنِیْن جمع ہے۔

مُقْرَطُوْن: (م مضموم، ق ساکن، ر مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ن موقوف) چھوڑے ہوئے، بھلائے ہوئے۔

مَکْنُوْن: (م مفتوح، ک ساکن، ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) چھپایا ہوا۔

مَکْمِنْ: (م مضموم، ک ساکن، م مکسور، ن موقوف) چھپنے والا، چھپنے کی جگہ، کمین گاہ مَکَامِنْ جمع ہے۔

مَکْن: (م مفتوح، ک ساکن، ن موقوف) ٹڈی اور سوسمار وغیرہ کا انڈا۔

مَکِیْن: (م مفتوح، ک مکسور، ی ساکن، ن موقوف) صاحب مرتبہ۔

مَلَوَان: (م مفتوح، ل مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) رات اور دن۔

مِلْبَنْ: (م مکسور، ل ساکن، ب مفتوح، ن موقوف) دو سینگ والی گائے، اینٹ بنانے کا قالب (سانچہ)

مِلْبِنْ: (م مکسور، ل ساکن، ب مکسور، ن موقوف) بہت دودھ رکھنے والا۔

نِکْس: (ن مکسور، ک ساکن، س موقوف) سوفار، شکستہ تیر جس کے نچلے حصہ کو اوپری حصہ بنالیں، کمزور آدمی۔

نَامُوس: (ن مفتوح، ا ساکن، م مضموم، و ساکن، س موقوف) ہمراز، جبریل، وہ گڑھا جس میں شکاری شکار کرنے کے لیے چھپ کر بیٹھتا ہے، مکروفریب، پوشیدہ راز۔

نَمْس: (ن مفتوح، م ساکن، س موقوف) راز چھپانا، راز کی بات کرنا۔

نِمْس: (ن مکسور، م ساکن، س موقوف) ایک جانور جو اژدہے کا شکار کرتا ہے جو مصر کی سرزمین میں ہوتا ہے۔

نَمَس: (ن مفتوح، م مفتوح، س موقوف) تیل کا خراب ہونا۔

نَوْس: (ن مفتوح، و ساکن، س موقوف) زیور اور بال وغیرہ لٹکانا، ہانکنا۔

نَوَّاس: (ن مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، س موقوف) بے چین اور سست آدمی۔

نَہس: (ن مفتوح، ہ ساکن، س موقوف) آگے کے دانت سے کاٹنا، سانپ کا کاٹنا۔

نَہَس: (ن مفتوح، ہ مفتوح، س موقوف) ایک قسم کا پرندہ۔

﴿فصل النون مع الشین﴾

نَأش: (ن مفتوح، أ ساکن، ش موقوف) دیر کرنا۔

نَبش: (ن مفتوح، ب ساکن، ش موقوف) کفن چرانا، حشفہ کے سرے کو کریدنا، کھودنا۔

نَبّاش: (ن مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ش موقوف) کفن چور۔

نَتش: (ن مفتوح، ت ساکن، ش موقوف) کانٹا وغیرہ کہیں سے نکالنا۔

نَاجِش: (ن مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ش موقوف) شکار کو بھڑکانے والا۔

نَجش: (ن مفتوح، ج ساکن، ش موقوف) شکار کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کے لیے بھڑکانا، جو چیز خریدنے کی خواہش نہ ہو اس کی زیادہ قیمت لگانا تاکہ دوسرا خرید نہ سکے، بکھرے ہوئے جانوروں کو اکٹھا کرنا، جلد جانا۔

نَشِیش: (ن مفتوح، ش مفتوح، ی ساکن، ش موقوف) پانی کا زمین کے اندر اترنا، پانی کے جوش مارنے کی آواز۔

نَش: (ن مفتوح، ش مشدد و موقوف) بیس درم کا وزن (باٹ) جو آدھا اوقیہ ہوتا ہے اور اوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہے پانچ درم کو نواۃ کہتے ہیں۔

نَطِیش: (ن مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ش موقوف) حرکت، جنبش، ہلنا۔

نَعش: (ن مفتوح، ع ساکن، ش موقوف) اٹھانا، جنازہ اٹھانا، مردے کا جنازہ، غیر مردہ کی چار پائی کو سریر کہتے ہیں، بَنَاتُ النَّعش شمال میں سات ستارے ہیں چار کو نعش اور تین کو بنات کہتے ہیں وہ دو ہیں صغریٰ اور کبریٰ۔

نَفش: (ن مفتوح، ف ساکن، ش موقوف) روئی یا اون دھنا۔

نُفُوش: (ن مضموم، ف مضموم، و ساکن، ش موقوف) رات میں اونٹ چرانا اور رات میں بکریاں چرانا۔

نَقش: (ن مفتوح، ق ساکن، ش موقوف) حفاظت کرنا، پیر سے کانٹا نکالنا، موچنہ سے بال اکھیڑنا، کھجور کے خوشہ کو پکانے کے لیے کانٹے سے مارنا۔

نَکش: (ن مفتوح، ک ساکن، ش موقوف) کنویں کی گہرائی میں جانا، کسی چیز کو ختم کرنا۔

نَمَش: (ن مفتوح، م مفتوح، ش موقوف) کالے اور سفید نقطے۔

نَمِش: (ن مفتوح، م مکسور، ش موقوف) کالے اور سفید نقطے والی گائے۔

نَہش: (ن مفتوح، ہ ساکن، ش موقوف) سانپ کا ڈسنا، آگے کے دانتوں سے پکڑنا، نَہِشُ الیَدَین تیز رفتار گھوڑا۔

نَوش: (ن مفتوح، و ساکن، ش موقوف) کسی کو دھوکہ دینا، کسی کے ساتھ بھلائی کرنا، ہاتھ سے کسی چیز کو پکڑنا۔

نُوُوش: (ن مضموم، وٗ مضموم، و ساکن، ش موقوف) سخت پکڑنے والا۔

﴿فصل النون مع الصاد﴾

نَحُوص: (ن مفتوح، ح مضموم، و ساکن، ص موقوف) گدھی کا حاملہ ہونا۔

نُحص: (ن مضموم، ح ساکن، ص موقوف) پہاڑ کی انتہا۔

نُخُوص: (ن مضموم، خ مضموم، و ساکن، ص موقوف) بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا۔

نَاخِص: (ن مفتوح، ا ساکن، خ مکسور، ص موقوف) بڑھاپے کی وجہ سے کمزور عورت۔

نُشُوص: (ن مضموم، ش مضموم، و ساکن، ص موقوف) کسی چیز کا سرنگوں ہونا۔

نَشَاص: (ن مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) تہہ بہ تہہ بلند بادل، پانی سے بھری مشک۔

نَص: (ن مفتوح، ص مشدد موقوف) تیز بھگانا، اونٹ کا چلنا، حدیث کی سند بیان کرنا، کسی کی خبر پانا اور پوری طرح دریافت کرنا تاکہ غایت معلوم ہو جائے، اٹھانا، بلند کرنا۔

نَعص: (ن مفتوح، ع ساکن، ص موقوف) ٹڈی کا کھیتی کو چٹ کر جانا۔

نَاعِص: (ن مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ص موقوف) ایک شخص کا نام ہے،

صاحب قاموس کہتے ہیں کہ یہ غلطی ہے جو جوہری سے سرزد ہوئی ہے ان کے علاوہ کسی اور اہل لغت نے نقل نہیں کیا ہے۔

نَغَص: (ن مفتوح، غ مفتوح، ص موقوف) مراد پوری نہ ہونا، اونٹ کا آسودہ (سیراب) نہ ہونا، زندگی کا ناخوشگوار ہونا، کام پورا نہ ہونا۔

نُفَاص: (ن مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ص موقوف) بہت ہنسنا۔

نَقص: (ن مفتوح، ق ساکن، ص موقوف) کم کرنا، کم ہونا۔

نُکُوص: (ن مضموم، ک مضموم، و ساکن، ص موقوف) پھرنا، کام سے رکنا، پیچھے جانا۔

نَمص: (ن مفتوح، م ساکن، ص موقوف) بال اکھیڑنا۔

نِمص: (ن مکسور، م ساکن، ص موقوف) ایک قسم کی گھاس۔

نَمِیص: (ن مفتوح، م مکسور، ی ساکن، ص موقوف) وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر اگ آئے۔

نَوص: (ن مفتوح، و ساکن، ص موقوف) پیچھے ہٹنا، بھاگنا، اپنی ضرورت کے لیے لے جانا، مناص کا بھی یہی معنی ہے، گورخر۔

نَوِیص: (ن مفتوح، و مکسور، ی ساکن، ص موقوف) طاقت، حرکت۔

﴿فصل النون مع الضاد﴾

نَبض: (ن مفتوح، ب ساکن، ض موقوف) رگ کا حرکت کرنا۔

نَحض: (ن مفتوح، ح ساکن، ض موقوف) موٹا ہونا، زیادہ گوشت والا ہونا، گوشت کا ہڈی کو چھوڑنا۔

نَضِیض: (ن مفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ض موقوف) پانی کا تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔

نَضّ ـ نَاضّ: (ن مفتوح، ض مشدد موقوف) (ن مفتوح، ا ساکن، ض مشدد موقوف) پرکھے ہوئے درہم و دینار۔

نَغض ـ نُغُوض: (ن مفتوح، غ ساکن، ض موقوف) (ن مضموم، غ مضموم، و ساکن، ض موقوف) سر ہلانا، اونٹ کے پالان کا ہلنا، بچے کا ہلتا ہوا دانت، تہہ بہ تہہ بادل کی حرکت۔

نَفض: (ن مفتوح، ف ساکن، ض موقوف) کپڑا جھاڑنا، پھل گرانے کے لیے درخت ہلانا، بہت بچوں والی ہونا، بہت سارے بچے جننا، بخار اور لرزہ کا کسی کو ہلا دینا، گرے ہوئے پتے اور میوے۔

نُفَاض: (ن مضموم، ف مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) بے توشہ ہونا، تنگدستی۔

نِفَاض: (ن مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ض موقوف) بچوں کی تکلیف۔

نَقض: (ن مفتوح، ق ساکن، ض موقوف) رسی کھولنا، پکا وعدہ کرنے کے بعد وعدہ خلافی کرنا۔

نِقض: (ن مکسور، ق ساکن، ض موقوف) زیادہ سفر کی وجہ سے کمزور اونٹنی، کگر متا گنے کی وجہ سے زمین کا پھٹنا۔

نُقَیض: (ن مضموم، ق مفتوح، ی ساکن، ض موقوف) ضد، مخالف، کجاوے کی آواز، پالان کی آواز۔

نَہض ـ نُہُوض: (ن مفتوح، ہ ساکن، ض موقوف) (ن مضموم، ہ مضموم، و ساکن، ض موقوف) اٹھنا، سیدھا ہونا، گھاس کے سرے کا پورا ہونا، اڑتے وقت پرندے کے پر کا کھلنا۔

نَاہِض: (ن مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ض موقوف) پرندے کا بچہ جس کے بال و پر پورے ہو گئے ہوں، گھوڑے کے بازو کا گوشت۔

نَوض: (ن مفتوح، و ساکن، ض موقوف) شہروں میں جانا، شاخ اکھاڑنا، جڑ اکھاڑنا، اونٹ کی سرین کے درمیان کی ہڈی۔

﴿فصل النون مع الطاء﴾

نُبُوط: (ن مضموم، ب مضموم، و ساکن، ط موقوف) کنویں اور زمین سے پانی نکلنا۔

نَبِیط: (ن مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ط موقوف) لوگوں کا ایک گروہ، پانی جو کنویں کی تہہ سے نکلے۔

نَحِیط: (ن مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ط موقوف) آواز، گدھے کی پہلی آواز۔

نَخط: (ن مفتوح، خ ساکن، ط موقوف) آدمی کا ناک جھاڑنا۔

نَشَاط: (ن مفتوح، ش مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) خوشی ظاہر کرنا۔

نَشِيط: (ن مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ط موقوف) خوش، ایک شخص کا نام۔

نَاشِطُ: (ن مفتوح، ا ساکن، ش مکسور، ط موقوف) جنگلی گائے، نیل گائے۔

نَشُوط: (ن مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ط موقوف) ایک قسم کی مچھلی، کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کھینچنے سے نکل آئے، اَنشاط کا یہی معنی ہے۔

نَشْط: (ن مفتوح، ش ساکن، ط موقوف) سانپ کا ڈسنا، غم کا کسی کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، بغیر چرخی کے کنویں سے پانی نکالنا۔

نَطْنَاط: (ن مفتوح، ط ساکن، ن مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) لمبا، نَطَانِط جمع ہے۔

نَاعِطُ: (ن مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ط موقوف) قبیلۂ ہمدان کا ایک گروہ، ایک پہاڑ کا نام۔

نَفْط: (ن مفتوح، ف ساکن، ط موقوف) ایک مشہور تیل۔

نَفَطُ: (ن مفتوح، ف مفتوح، ط موقوف) ہاتھ میں آبلہ (چھالا) پڑنا۔

نَفِيط: (ن مفتوح، ف مکسور، ی ساکن، ط موقوف) بکری کا ناک جھاڑنا، چھینکنا۔

نَقْط: (ن مفتوح، ق ساکن، ط موقوف) حرف کو نقطہ لگانا۔

نُقَطُ: (ن مضموم، ق مفتوح، ط موقوف) نُقطہ کی جمع ہے۔

نِقَاط: (ن مکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) نُقطہ کی جمع ہے۔

نَقَّاط: (ن مفتوح، ق مشدد مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) نقطہ لگانے والا۔

نَمَطُ: (ن مفتوح، م مفتوح، ط موقوف) ایک قسم کا فرش، بچھونا، اَنماط جمع ہے، وہ جماعت جو ایک طرز و طریق کا کام کرے۔

نَوْط: (ن مفتوح، و ساکن، ط موقوف) الجھنا، اونٹ کے سینے کا سوجنا، توشہ دان جس میں کھجور رکھ کر اونٹ پر لٹکائیں، ہر چیز جو کسی جگہ لٹکائی جائے، پیٹھ اور سرین کا درمیانی حصہ۔

نَيط: (ن مفتوح، ی ساکن، ط موقوف) دل کی رگ، موت۔

نَائِطُ: (ن مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ط موقوف) پیٹھ کی رگ۔

نِيَاط: (ن مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ط موقوف) دل کی رگ، کمان لٹکانے کی جگہ، بیابان، دروازہ کھولنے والا۔

﴿فصل النون مع الظاء﴾

نُعُوظ: (ن مضموم، ع مضموم، و ساکن، ظ موقوف) عضو تناسل کا اٹھنا۔

نَكَظُ: (ن مفتوح، ک مفتوح، ظ موقوف) جلدی کرنا۔

﴿فصل النون مع العین﴾

نُبُوع: (ن مضموم، ب مضموم، و ساکن، ع موقوف) چشمہ وغیرہ سے پانی پھوٹنا۔

نَبْع: (ن مفتوح، ب ساکن، ع موقوف) ایک درخت ہے جس سے کمان بناتے ہیں اور اس کی شاخوں سے تیر بناتے ہیں۔

نُجُوع: (ن مضموم، ج مضموم، و ساکن، ع موقوف) کھانے کا ہضم ہونا، بھلائی، پانی اور گھاس کی تلاش میں جانا، آسودہ ہو کر کھانا، کپڑے کا رنگ کو قبول کرنا، بات، نصیحت اور دوا کا اثر کرنا۔

نَجُوع: (ن مفتوح، ج مضموم، و ساکن، ع موقوف) بچے کا عمدہ کھانا پانی اور دودھ، ملیدے کی طرح جو کا آٹا ملا ہوا پانی جو جانوروں کو کھلاتے ہیں تاکہ وہ جلد موٹا تازہ ہو جائے۔

نَجْع: (ن مفتوح، ج ساکن، ع موقوف) جانوروں کو موٹا کرنے کے لیے آٹا اور جو دینا۔

نَجِيع: (ن مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ع موقوف) کالا خون، اندرونی خون، جو کا آٹا جو اونٹوں کو کھلاتے ہیں۔

نَخْع: (ن مفتوح، خ ساکن، ع موقوف) یمن کا ایک قبیلہ، ابراہیم نخعی جس سے تعلق رکھتے ہیں، اونٹ کا مالک، شتربان، ناک جھاڑنا، ذبح کرنے میں چھری کو حرام مغز تک پہنچانا، سچی دوستی کرنا، خیر خواہی کرنا۔

نُخَاع۔ نَخَاع (ن مضموم، خ مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) (ن مفتوح، خ مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) ریڑھ کا مغز جسے حرام مغز کہتے ہیں۔

نَزْع: (ن مفتوح، ز ساکن، ع موقوف) اپنی جگہ سے کوئی چیز ہٹانا، اکھاڑنا، باپ کے مشابہ ہونا، کمان کھینچنا، جان نکالنا۔

نَزَع: (ن مفتوح، ز مفتوح، ع موقوف) کنپٹیوں کے بال کا جھڑ جانا۔

نَازِع: (ن مفتوح، ا ساکن، ز مکسور، ع موقوف) وہ اونٹ جو چراگاہ کا خواہش مند ہو۔

نُزُوْع: (ن مضموم، ز مضموم، و ساکن، ع موقوف) کام سے فارغ ہونا۔

نَزُوْع: (ن مفتوح، ز مضموم، و ساکن، ع موقوف) کم گہرا کنواں۔

نَزِیْع: (ن مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ع موقوف) مسافرت، کم گہرا کنواں۔

نَزَائِع: (ن مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) وہ عورتیں جو اجنبیوں کو دی گئی ہوں، کسی قوم سے چھینے ہوئے اونٹ اور گھوڑے۔

نِزَاع: (ن مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کسی سے کسی چیز میں جھگڑنا، کھینچنا، آرزومند ہونا۔

نَزَّاع: (ن مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ع موقوف) کھینچنے والا، جھگڑنے والا، ایک رگ جو آبا و اجداد کی طرف کھینچنے والی ہے، مثل ہے اَلعِرْقُ نَزَّاعٌ رگ کھینچنے والی ہے۔

نِسْع: (ن مکسور، س ساکن، ع موقوف) رسی جس سے پلنگ بنتے ہیں، جانوروں کا پکھا، نِسْعَۃ واحد ہے۔

نُسُوْع: (ن مضموم، س مضموم، و ساکن، ع موقوف) دانت کی جڑ کے گوشت کا ختم ہونا۔

نُشُوْع: (ن مضموم، ش مضموم، و ساکن، ع موقوف) ناک اور منہ میں ڈالنے کی دوا۔

نَشُوْع: (ن مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ع موقوف) دوا جو ناک اور منہ میں ڈالیں۔

نُصُوْع: (ن مضموم، ص مضموم، و ساکن، ع موقوف) رنگ کا خالص ہونا، بہت سفید ہونا، کام کا واضح اور ظاہر ہونا۔

نَاصِع: (ن مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ع موقوف) ہر خالص چیز، خالص سفید، پیلا یا لال کپڑا۔

نِصْع: (ن مکسور، ص ساکن، ع موقوف) ایک قسم کا سفید کپڑا۔

نِطْع ۔ نَطْع ۔ نِطَع ۔ نَطَع: (ن مفتوح / مکسور، ط ساکن / مکسور / مفتوح، ع موقوف) بچھونا، بستر، تالو، تالو کی شکن۔

نَفْع: (ن مفتوح، ف ساکن، ع موقوف) فائدہ، فائدہ حاصل کرنا۔

نَقْع: (ن مفتوح، ق ساکن، ع موقوف) نِقَاع جمع ہے، گرد و غبار۔

نَقَع: (ن مفتوح، ق مفتوح، ع موقوف) پیاس بجھانا، ایک جگہ پانی جمع ہونا، کنویں میں جمع شدہ پانی، خوشبودار اچھی مٹی والی زمین جہاں سے پانی رسے۔

نَقُوْع: (ن مفتوح، ق مضموم، و ساکن، ع موقوف) ہر وہ چیز جو پانی میں بھگوئیں جیسے کھجور، چھوہارا وغیرہ۔

نُقُوْع: (ن مضموم، ق مضموم، و ساکن، ع موقوف) کسی جگہ پانی جمع ہونا، آواز کا بلند ہونا، فریاد کا بلند ہونا، مہمان کا سفر سے آنا اور اس کے لیے بکری یا اونٹ ذبح کرنا، سیراب ہونا، خبر کو تسلیم کرنا۔

نَاقِع: (ن مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ع موقوف) زہر قاتل، تازہ خون۔

نَقِیْع: (ن مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ع موقوف) بہت پانی والا کنواں، پانی جس میں میوے تر کیے گئے ہوں، ٹھہرا ہوا پانی، آواز، فریاد، خالص دودھ جسے ٹھنڈا کر کے پییں۔

نَقَائِع: (ن مفتوح، ق مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) مہمانی، مسافروں کی ضیافت، جانور جو مہمانوں یا مسافروں کے لیے ذبح کریں۔

نَکْع: (ن مفتوح، ک ساکن، ع موقوف) کام میں جلدی کرنا۔

نَکَع: (ن مفتوح، ک مفتوح، ع موقوف) چھلی ہوئی ناک والا۔

نَوْع: (ن مفتوح، و ساکن، ع موقوف) قسم۔

نُوْع: (ن مضموم، و ساکن، ع موقوف) پیاس۔

نَائِع: (ن مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، ع موقوف) پیاسا۔

﴿فصل النون مع الغین﴾

نَبْغ: (ن مفتوح، ب ساکن، غ موقوف) ظاہر ہونا، کسی کا عمدہ

اشعار کہنا جب کہ وہ اصلاً شاعر نہ ہو، نُغُرِفُ کا بھی یہی معنی ہے۔

نَدْرغ: (ن مفتوح، د ساکن، غ موقوف) انگلی اور زبان چبھونا، نیزہ مارنا۔

نَدِرغ: (ن مفتوح، دمکسور، غ موقوف) سُغُرِ دَشتی وہ گھاس ہے جس کو معشوقوں کی زلف سے تشبیہ دیتے ہیں اور فقیر لوگ اس کو پکا کر کھاتے ہیں۔

نَزْغ: (ن مفتوح، ز ساکن، غ موقوف) فساد اور بربادی پیدا کرنا، لوگوں کے درمیان جھگڑا پھیلانا، زبان سے طعن کرنا۔

نَسْغ: (ن مفتوح، س ساکن، غ موقوف) کوڑا چبھونا، طعن کرنا، بات سکھانا، ہاتھ پر نشان لگانے کے لیے سوئی چبھونا، کسی کو اتنی زور سے آواز دینا کہ وہ بیہوش ہو جائے، تلقین کرنا۔

نُشُوغ: (ن مضموم، ش مضموم، و ساکن، غ موقوف) ناک اور منہ میں دوا ڈالنا، ناک اور منہ میں ڈالنے کی دوا۔

﴿فصل النون مع الفاء﴾

نَاَف: (ن مفتوح، اَ ساکن، ف موقوف) کھانا کھانا، سیراب ہونا۔

نَتْف: (ن مفتوح، ت ساکن، ف موقوف) بال اکھیڑنا، بہتری، کسی کو چننا، منتخب کرنا۔

نَتَف: (ن مفتوح، ت مفتوح، ف موقوف) اپنے ہاتھ سے چنے ہوئے بال یا گھاس، نُتْفَہ کی جمع ہے۔

نَجْف: (ن مفتوح، ج ساکن، ف موقوف) چھیلنا، چوڑا ہونا۔

نَجَف: (ن مفتوح، ج مفتوح، ف موقوف) بلند جگہ جہاں پانی نہ پہنچے، نجاف جمع ہے، ایک شہر کا نام جہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مزار ہے۔

نِجَاف: (ن مکسور، ج مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) بکرے کا عضو تناسل باندھ دینا تا کہ جفتی نہ کر سکے۔

نَجِیف: (ن مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ف موقوف) چوڑے پھل والا تیر۔

نَحِیف: (ن مفتوح، ح مکسور، ی ساکن، ف موقوف) کمزور، لاغر۔

نَخْف: (ن مفتوح، خ ساکن، ف موقوف) چھالا پڑنا۔

نَدْف: (ن مفتوح، د ساکن، ف موقوف) روئی دھننا، برف کی بارش ہونا، جانور کا چلنے میں پیر پھرتی سے اٹھانا۔

نَدَّاف: (ن مفتوح، د مشدد مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) دھنیا، روئی دھننے والا۔

نَدِیف: (ن مفتوح، د مکسور، ی ساکن، ف موقوف) دھنی ہوئی روئی، مَنْدُوف کا بھی یہی معنی ہے۔

نَزْف: (ن مفتوح، ز ساکن، ف موقوف) کنوئیں کا تمام پانی نکالنا، کنوئیں کا تمام پانی خشک کر دینا، کسی کا خون نکلنا، تمام خون بہنا، بحث و مباحثہ میں کسی کی دلیل کاٹنا، ہوش اڑنا۔

نُزَف: (ن مضموم، ز مفتوح، ف موقوف) شرابیں، تھوڑے پانی، نُزْفَہ کی جمع ہے۔

نَسْف: (ن مفتوح، س ساکن، ف موقوف) بنیاد اکھاڑنا، گھاس اکھیڑنا، دانہ چھڑکنا، غلے کے انبار کو چھاج سے پھٹکنا۔

نَسَف: (ن مفتوح، س مفتوح، ف موقوف) ایک مشہور شہر جسے نخشب بھی کہتے ہیں۔

نَسُوف: (ن مفتوح، س مضموم، و ساکن، ف موقوف) اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھاڑ کھائے، وہ گھوڑا جو دوڑنے میں اپنے کھروں کو قریب قریب رکھے۔

نَسِیف: (ن مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ف موقوف) راز، پوشیدہ بات، گدھے کے دانت کے نشان، پہلو پر لتی کا نشان، جانوروں کا جسم جہاں سے بال چھل گیا ہو۔

نَشْف: (ن مفتوح، ش ساکن، ف موقوف) کپڑے کا پسینہ سوکھنا، کاغذ کا سیاہی سوکھنا، حوض کا پانی جذب کرنا، پانی کھینچنا، جلے ہوئے کالے پتھر، خاردار پتھر، شین کے فتحے کے ساتھ بھی ہے۔

نِصْف: (ن مکسور، ص ساکن، ف موقوف) آدھا، سچائی، نُصْف بھی ہے۔

نَصْف: (ن مفتوح، ص ساکن، ف موقوف) ہر چیز کا آدھا ہونا،

آدھا دن ہونا۔

نَصَف: (ن مفتوح، ص مفتوح، ف موقوف) ادھیڑ عمر، درمیانی عمر والے مرد اور عورت، خدمت کرنے والے، ناصِف کی جمع ہے۔

نَصِیف: (ن مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ف موقوف) اوڑھنی، آدھی چیز، ایک پیانہ ہے اور وہ آدھا مد ہے۔

نِصَاف: (ن مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ف موقوف) خدمت کرنا۔

نَاصِف: (ن مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ف موقوف) محراب، نَواصِف جمع ہے۔

نَضْف: (ن مفتوح، ض ساکن، ف موقوف) اونٹ کے بچے کا تھن سے پورا دودھ پی جانا۔

نَطْف: (ن مفتوح، ط ساکن، ف موقوف) عیب دار ہونا، برباد ہونا، تہمت لگانا، سر کا اتنا ٹوٹنا کہ زخم مغز تک پہنچ جائے۔

نَطَف: (ن مفتوح، ط مفتوح، ف موقوف) عیب دار ہونا، گوشوارہ (بالی)، نطفۃ کی جمع ہے۔

نُطَف: (ن مضموم، ط مفتوح، ف موقوف) نُطفۃ کی جمع ہے۔

نِطْف: (ن مکسور، ط ساکن، ف موقوف) ایک شخص کا نام۔

نَاطِف: (ن مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ف موقوف) ایک شیرینی کا نام۔

نَطُوف: (ن مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ف موقوف) وہ رات جس میں صبح تک بارش ہو۔

نَطِیف: (ن مفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ف موقوف) پاک۔

﴿فصل النون مع القاف﴾

نَبْق: (ن مفتوح، ب ساکن، ق موقوف) لکھنا، بیری کے درخت کا پھل، بیری کا پھل، نَبِقَہ واحد ہے۔

نَتْق: (ن مفتوح، ت ساکن، ق موقوف) جھاڑنا، ہلانا، اکھیڑنا، عورت کا بہت بچوں والی ہونا، جلد حاملہ ہونا، آگ کا چقماق سے نکلنا۔

نَاتِق: (ن مفتوح، ا ساکن، ت مکسور، ق موقوف) بہت بچوں والی عورت، وہ اونٹنی جو جلد حاملہ ہو، چقماق سے آگ نکالنے والا، گھوڑا جیسا کہ سوار کو تھکا دے اور ہلا دے۔

نَزَق: (ن مفتوح، ز مفتوح، ق موقوف) تیزی، چستی، کودنا، اچھلنا، جلد بازی کرنا۔

نَزِیق: (ن مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ق موقوف) تیز رفتار۔

نَسْق: (ن مفتوح، س ساکن، ق موقوف) کلام کو منظم و مرتب کرنا، مزین بات۔

نَسَق: (ن مفتوح، س مفتوح، ق موقوف) دانت وغیرہ کی لڑی جو ہموار اور برابر ہو، آراستہ بات، دھاگے میں پروئے ہوئے موتی۔

نَشْق: (ن مفتوح، ش ساکن، ق موقوف) سونگھنا، ہرن کا جال میں پھنسنا۔

نَشَق: (ن مفتوح، ش مفتوح، ق موقوف) بو، مہک۔

نَشِق: (ن مفتوح، ش مکسور، ق موقوف) وہ آدمی جو ایسے کام میں پھنس جائے جس سے چھٹکارا نہ پائے۔

نَشُوق: (ن مفتوح، ش مضموم، و ساکن، ق موقوف) ناک میں ڈالنے کی دوا۔

نُطْق: (ن مضموم، ط ساکن، ق موقوف) بات کرنا۔

نَاطِق: (ن مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ق موقوف) بات کرنے والا، مالدار، جاندار مال مثلاً جانور وغیرہ، صامت کے برخلاف۔

نِطَاق: (ن مکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) کمر، کمر بند، ایک کپڑا جسے عورتیں پہنتی ہیں، نُطُق جمع ہے، نطاق ریاضی دانوں کی اصطلاح میں آسمان کی ایک کمان، انوری کہتا ہے ؎

نہ از اں دائرہ کہ ورتہ وی

تو اندر ز نطق ز نطاق

نَعِیق: (ن مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، ق موقوف) کوؤں اور گھوڑوں کا آواز کرنا، چرواہوں کا بکریوں کو آواز دینا، نُعاق کا بھی یہی معنی ہے۔

نَغِیق: (ن مفتوح، غ مکسور، ی ساکن، ق موقوف) کوے کا کائیں کائیں کرنا۔

نُفُوق: (ن مضموم، ف مضموم، و ساکن، ق موقوف) جانوروں کا مرنا۔

نَفَاق: (ن مفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) جاری ہونا، رواج پانا، کساد کی ضد ہے۔

نِفَاق: (ن مکسور، ف مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) دورخی دکھانا، نفقہ کی جمع بھی ہے، منافقت کرنا۔

نَفَق: (ن مفتوح، ف مفتوح، ق موقوف) گزری ہوئی چیز، خرچ کا ختم ہونا، نیست ہونا، پانی جاری ہونا، پتلا راستہ، نقب کا سوراخ۔

نَمق: (ن مفتوح، م ساکن، ق موقوف) لکھنا۔

نُمرُق۔ نُمرِق۔ نُمرُقَۃ۔ نُمرِقَۃ: (ن مکسور مضموم، م ساکن، ر مکسور مضموم، ق موقوف) (ن مکسور مضموم، م ساکن، ر مکسور مضموم، ق موقوف) چھوٹا تکیہ، پالان کا غلاف، نَمارِق جمع ہے۔

نُوق: (ن مضموم، و ساکن، ق موقوف) اونٹنیاں، نَاقَہ کی جمع ہے۔

نَوَّاق: (ن مفتوح، و مشدد مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) اونٹ سوار، وہ شخص جو کام کی اصلاح کرے۔

نَوَاہِق: (ن مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ق موقوف) گدھے کی حلق میں آواز نکلنے کے مخارج، نَاہِقَہ کی جمع ہے۔

نَاہِق: (ن مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ق موقوف) گدھا، گھوڑے کے چہرے کی ہڈی۔

نَہِیق۔ نُہَاق: (ن مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ق موقوف) (ن مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) گدھے کی آواز، گدھے کا آواز کرنا۔

نَیفَق: (ن مفتوح، ی ساکن، ف مفتوح، ق موقوف) ازار بند ڈالنے کی جگہ، نیفہ، ایک جانور جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں، دونوں معنی میں نیفہ کا معرب ہے۔

نِیَاق: (ن مکسور، ی مفتوح، ا ساکن، ق موقوف) نَاقَہ کی جمع ہے، پہاڑ کی چوٹیاں۔

نَیق: (ن مفتوح، ی ساکن، ق موقوف) پہاڑ کی بلند جگہ۔

﴿فصل النون مع الکاف﴾

نَابِک: (ن مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ک موقوف) بلند جگہ، نُوَابِک جمع ہے۔

نَبک: (ن مفتوح، ب ساکن، ک موقوف) بلند ہونا۔

نَبَک: (ن مفتوح، ب مفتوح، ک موقوف) چھوٹے ٹیلوں والی زمین، نُبَاک کا بھی یہی معنی ہے۔

نِزک: (ن مکسور، ز ساکن، ک موقوف) گوہ کا عضو تناسل۔

نَزک: (ن مفتوح، ز ساکن، ک موقوف) طعن کرنا، عیب دار کرنا، نیزہ مارنا۔

نَزَّاک: (ن مفتوح، ز مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) عیب دار کرنے والا، طعنہ دینے والا۔

نَسک: (ن مفتوح، س ساکن، ک موقوف) دھونا، صاف کرنا۔

نُسک: (ن مضموم، س ساکن، ک موقوف) عبادت کرنا، قربانی کرنا۔

نُسُک: (ن مضموم، س مضموم، ک موقوف) قربانیاں، نَسَائِک کا بھی یہی معنی ہے، دونوں نَسِیکَہ کی جمع ہیں۔

نَاسِک: (ن مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ک موقوف) عبادت کرنے والا، خدا کی راہ میں قربانی کرنے والا۔

نُوک: (ن مضموم، و ساکن، ک موقوف) نادانی، نادان، اَنوَک کی جمع ہے۔

نَہک: (ن مفتوح، ہ ساکن، ک موقوف) کپڑے کا پہننے سے پرانا اور فرسودہ ہونا، کھانے میں مبالغہ کرنا، ہر چیز میں مبالغہ کرنا، بخار کا کمزور اور ضعیف کرنا، بیماری کا کسی کو کمزور کرنا۔

نَہِیک: (ن مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، ک موقوف) شیر، بہادر، تیز کاٹنے والی تلوار۔

نَیک: (ن مفتوح، ی ساکن، ک موقوف) جماع کرنا۔

نَایِک: (ن مفتوح، ا ساکن، ی مکسور، ک موقوف) جماع کرنے والا۔

نَیَّاک: (ن مفتوح، ی مشدد مفتوح، ا ساکن، ک موقوف) بہت جماع کرنے والا۔

نِیزَک: (ن مکسور، ی ساکن، ز مفتوح، ک موقوف) چھوٹا نیزہ، نَیَازِک جمع ہے۔

﴿فصل النون مع اللام﴾

نَارَجِیل: (ن مفتوح، ا ساکن، ر مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ل موقوف) نارگیل کا معرب ہے جس کو جوز ہندی بھی کہتے ہیں، ناریل، کھوپرا۔

نَال: (ن مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) ریشہ جو قلم کے درمیان ہوتا

ہے، بہت بخی آدمی۔

نَبْل: (ن مفتوح، ب ساکن، ل موقوف) تیر، نِبَال جمع ہے، واقفیت، تیر کا پھل، استنجا، تیر چلانا، تیر اندازی میں غالب آنا، اونٹ کی اصلاح کے لیے قیام کرنا، جانوروں کو تیز ہانکنا۔

نَابِل: (ن مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ل موقوف) تیر بنانے والا۔

نَبَّال: (ن مفتوح، ب مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) تیر انداز، تیر والا، سپاہیوں کا ایک لباس (چلتہ) جو جنگ کے دن پہنتے ہیں۔

نَبِیْل: (ن مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ل موقوف) موٹا تازہ، بڑا، قوم کے بڑے لوگ، قوم کے سربرآوردہ لوگ، نُبَل جمع ہے۔

نَتْل: (ن مفتوح، ت ساکن، ل موقوف) آگے کھینچنا، پیش قدمی کرنا، شترمرغ کا انڈا جو پانی بھر کر جاڑوں میں میدانوں میں گاڑ دیا جاتا ہے تاکہ گرمی کے زمانہ میں پانی کی ضرورت کے وقت کام آئے، تا کے فتحہ کے ساتھ بھی ہے۔

نَثْل: (ن مفتوح، ث ساکن، ل موقوف) کنویں سے مٹی نکالنا۔

نَثِیْل: (ن مفتوح، ث مکسور، ی ساکن، ل موقوف) گوبر، جانوروں کا گوہ۔

نَجْل: (ن مفتوح، ج ساکن، ل موقوف) نسل، اولاد، لڑکے، پھینکنا، چوڑے نیزے سے زخم لگانا، کھال ادھیڑنا۔

نَجَل: (ن مفتوح، ج مفتوح، ل موقوف) چوڑی آنکھ والا ہونا۔

نَحْل: (ن مفتوح، ح ساکن، ل موقوف) شہد کی مکھی۔

نُحْل: (ن مضموم، ح ساکن، ل موقوف) عطیہ۔

نِحْل: (ن مکسور، ح ساکن، ل موقوف) بے معاوضہ اور بے طلب عورت کا مہر دینا، ظاہر کرنا، مہر مقرر کرنا، دعویٰ کرنا، کسی کی بات دوسرے پر ڈالنا۔

نِحَل: (ن مکسور، ح مفتوح، ل موقوف) باطل مذاہب، بخششیں، نِحْلَۃ کی جمع ہے۔

نَخْل: (ن مفتوح، خ ساکن، ل موقوف) چھاننا، کھجور کا درخت، نَخِیْل کا بھی یہی معنی ہے، نَخْلَۃ واحد ہے۔

نَدْل: (ن مفتوح، د ساکن، ل موقوف) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، لے بھاگنا۔

نَذْل۔ نَذِیْل: (ن مفتوح، ذ ساکن، ل موقوف) (ن مفتوح، ذ مکسور، ی ساکن، ل موقوف) کمتر، حقیر۔

نُزْل: (ن مضموم، ز ساکن، ل موقوف) وہ چیز جو کھانے سے پہلے مہمان کے سامنے لائیں، داخل ہونا، اندر آنا۔

نَزِیْل: (ن مفتوح، ز مکسور، ی ساکن، ل موقوف) اترنے والا۔

نُزَال: (ن مضموم، ز مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) مرد کی منی۔

نَزَالِ: (ن مفتوح، ز مفتوح، ا ساکن، ل مکسور) امر کے معنی میں ہے یعنی اتر۔

نِزَال: (ن مکسور، ز مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) اترنا، دو جماعتوں کا جنگ کے لیے میدان جنگ میں اترنا۔

نَسْل: (ن مفتوح، س ساکن، ل موقوف) فرزند، اولاد، چننا، پرندے کا پر گرانا، اون جھاڑنا، جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا، آگے بڑھنا، کندھے سے کپڑا الگنا، تیز دوڑنا۔

نَسَل: (ن مفتوح، س مفتوح، ل موقوف) دودھ جو بغیر دوہے پستان سے نکلے۔

نَسِیْل: (ن مفتوح، س مکسور، ی ساکن، ل موقوف) گرے ہوئے پر یا بال یا اون، موم سے جدا شدہ شہد، نُسَال کا بھی یہی معنی ہے۔

نَشْل: (ن مفتوح، ش ساکن، ل موقوف) دیگ سے گوشت نکالنا۔

نَشِیْل: (ن مفتوح، ش مکسور، ی ساکن، ل موقوف) بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

نَصْل: (ن مفتوح، ص ساکن، ل موقوف) پیکان، خنجر، چھری، نیزہ، نُصُوْل اور نِصَال جمع ہے۔

نُصُوْل: (ن مضموم، ص مضموم، و ساکن، ل موقوف) ہاتھ سے مہندی کا رنگ چھوٹنا، داڑھی سے خضاب چھوٹنا، جانور کا بال گرنا، خضاب لگانے کی وجہ سے بال جھڑنا، پیکان نکلنا۔

نَصِیْل: (ن مفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ل موقوف) سر اور گردن کے درمیان کا جوڑ۔

نِصَال: (ن مکسور، ص مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) باہم تیر اندازی کرنا، بات اور دودھ کے معاملہ میں برابری کرنا۔

نُطُوْل: (ن مضموم، ط مضموم، و ساکن، ل موقوف) پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو ماؤف کو اس سے دھوئیں۔

نَطُوْل: (ن مفتوح، ط مضموم، و ساکن، ل موقوف) پانی جس میں دوا کو جوش دیں اور جسم پر ملیں۔

نَاطِل: (ن مفتوح، ا ساکن، ط مکسور، ل موقوف) شراب ناپنے کا پیالا۔

نَعْل: (ن مفتوح، ع ساکن، ل موقوف) جوتی، پاپوش، سخت زمین جس میں سنگریزے چمکتے ہیں، تانت جسے کمان کے گوشے پر لگاتے ہیں، نَعْلُ السَّیْف نیام کی جڑ کا لوہا۔

نَاعِل: (ن مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، ل موقوف) جوتی کا مالک، جوتے والا۔

نَعَّال: (ن مفتوح، ع مشدد مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) نعل بند۔

نَعْثَل: (ن مفتوح، ع ساکن، ث مفتوح، ل موقوف) نر ہنڈار، بیوقوف بڈھا، ایک یہودی کا نام جو مدینے میں تھا، ایک لمبی داڑھی والا آدمی جسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تشبیہ دیتے تھے۔

نَغَل: (ن مفتوح، غ مفتوح، ل موقوف) کھال کا خراب ہونا، نسب بگڑنا۔

نَغِل: (ن مفتوح، غ مکسور، ل موقوف) بدنسب، حرامی بچہ، خراب کھال، ضائع شدہ، کینہ ور ہونا، چغلخوری کرنا، لوگوں کے درمیان فساد ڈالنا۔

نَفْل: (ن مفتوح، ف ساکن، ل موقوف) عطیہ، وہ عبادت جو واجب نہ ہو۔

نَفَل: (ن مفتوح، ف مفتوح، ل موقوف) غنیمت، ایک گھاس۔

نُفَل: (ن مضموم، ف مفتوح، ل موقوف) قمری مہینہ کی چوتھی پانچویں چھٹی راتیں۔

نَقْل: (ن مفتوح، ق ساکن، ل موقوف) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، موزہ، پرانے جوتے اور کپڑے میں پیوند لگانا، سینا۔

نُقْل: (ن مضموم، ق ساکن، ل موقوف) وہ چیز جو شراب کے ساتھ کھائی جائے۔

نَقَل: (ن مفتوح، ق مفتوح، ل موقوف) تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے تیر میں لگایا جائے، درختوں والی پتھریلی زمین، اونٹ کی ایک بیماری جو اس کے کھر میں ہوتی ہے، حاضر جوابی۔

نِقْل: (ن مکسور، ق ساکن، ل موقوف) حاضر جواب۔

نَقِیْل: (ن مفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ل موقوف) راستہ، ایک قسم کی چال۔

نَکَال: (ن مفتوح، ک مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) سزا۔

نِکْل: (ن مکسور، ک ساکن، ل موقوف) بیڑی، لگام کا لوہا، راہب آدمی، قوی آدمی، ہمسر پر غالب آنے والا۔

نَکَل: (ن مفتوح، ک مفتوح، ل موقوف) بہادر آدمی، سچا، قوی، تجربہ کار۔

نُکُوْل: (ن مضموم، ک مضموم، و ساکن، ل موقوف) دشمن کے مقابلے سے پیچھے ہٹنا، قسم سے باز رہنا،

نَاکِل: (ن مفتوح، ا ساکن، ک مکسور، ل موقوف) ڈرنے والا، کمزور دل والا، قسم سے رکنے والا۔

نَمْل: (ن مفتوح، م ساکن، ل موقوف) چیونٹی، جسم کے چھوٹے چھوٹے دانے جسے اطبا ذباب کہتے ہیں۔

نَمِل: (ن مفتوح، م مکسور، ل موقوف) بے چین، بے آرام، عیب لگانے والا، چغلخور۔

نَوْل: (ن مفتوح، و ساکن، ل موقوف) لپیٹنا، عطیہ دینا، کشتی کی اجرت، بہنے والی وادی، بنکروں کے کپڑا لپیٹنے کی لکڑی، منوال کا مرادف ہے، تور۔

نُوْل: (ن مضموم، و ساکن، ل موقوف) کالوں کی ایک جماعت۔

نَوَال: (ن مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ل موقوف) بخشش، نائل کا بھی یہی معنی ہے، درست۔

نَوفَل: (ن مفتوح، و ساکن، ف مفتوح، ل موقوف) دریا، بہت بخشش کرنے والا، عرب کا ایک بادشاہ۔

نَہشَل: (ن مفتوح، ہ ساکن، ث مفتوح، ل موقوف) بھیڑیا، شکرے کے مانند ایک جانور جسے چرغ کہتے ہیں، ایک آدمی کا نام ہے۔

نَہل ۔ نَہَل: (ن مفتوح، ہ ساکن، ل موقوف) (ن مفتوح، ہ مفتوح، ل موقوف) پہلی بار کھانا، پیاسا ہونا، سیراب ہونا۔

نَاہِل: (ن مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ل موقوف) پیاسا، سیراب، نُہّل جمع ہے۔

نَیل: (ن مفتوح، ی ساکن، ل موقوف) پانا۔

نِیل: (ن مکسور، ی ساکن، ل موقوف) مصر کا ایک دریا۔

﴿فصل النون مع المیم﴾

نَہم: (ن مفتوح، ہ ساکن، م موقوف) آہستہ فریاد کرنا، کمان اور شیر کا آواز کرنا۔

نُجُوم: (ن مضموم، ج مضموم، و ساکن، م موقوف) ستارے، گھاس کا اُگنا، ستارہ، دانت، شاخ، ظاہر ہونا، بد مذہب لوگ۔

نَجم: (ن مفتوح، ج ساکن، م موقوف) ستارہ، بغیر تنے کی گھاس، پروین ستارے کا نام، اس معنی کے لیے النجم کا الف اور لام ضروری ہوتا ہے، اصل، وقت مقرر، وظیفہ۔

نَجِیم: (ن مفتوح، ج مکسور، ی ساکن، م موقوف) رونا، کھکھارنا۔

نَادِم: (ن مفتوح، ا ساکن، د مکسور، م موقوف) شرمندہ۔

نَدَم: (ن مفتوح، د مفتوح، م موقوف) شرمندگی، شرمندہ ہونا۔

نَدِیم: (ن مفتوح، د مکسور، ی ساکن، م موقوف) شرمندہ، حریف، شراب، بزرگوں کی صحبت میں رہنے والا۔

نَسِیم: (ن مفتوح، س مکسور، ی ساکن، م موقوف) ہلکی ہوا، پہلی ہوا جو چلے۔

نَسَم: (ن مفتوح، س مفتوح، م موقوف) لوگ۔

نَشَم: (ن مفتوح، ش مفتوح، م موقوف) ایک درخت جس سے کمان بناتے ہیں، گائے وغیرہ کی کھال پر سیاہ نقطے، لوگوں کا کسی کے ساتھ کام میں برا ہونا۔

نِشم: (ن مکسور، ش ساکن، م موقوف) وہ چیز جس پر سیاہ و سفید نقطے ہوں۔

نَظم: (ن مفتوح، ظ ساکن، م موقوف) دھاگے میں موتی پرونا، مرتب گفتگو کرنا، موزوں گفتگو اور شعر کہنا، موتیوں کا ہار بنانا، ٹڈی کا جھنڈ، جوزا کے تین ستاروں کا نام۔

نِظَام: (ن مکسور، ظ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) موتیوں کا ہار، دھاگا جس میں کچھ پروئیں۔

نَاظِم: (ن مفتوح، ا ساکن، ظ مکسور، م موقوف) شعر کہنے والا، ڈورے میں موتی پرونے والا، پالتو پرندہ جو پیٹ میں انڈا رکھتا ہو۔

نَعِیم: (ن مفتوح، ع مکسور، ی ساکن، م موقوف) قابو، دسترس (پہنچ قدرت)، نیکی، ناز، مال۔

نُعم: (ن مضموم، ع ساکن، م موقوف) ایک عورت کا نام، نازکی، نرمی، نیکی، بؤس کی ضد۔

نِعمَ: (ن مکسور، ع ساکن، م مفتوح) اچھا، عمدہ۔

نَعَم: (ن مفتوح، ع مفتوح، م موقوف) حرف ہے جس کا معنی ہاں۔

نَعَم: (ن مفتوح، ع مفتوح، م موقوف) چوپائے، اَنعَام جمع ہے۔

نِعَم: (ن مکسور، ع مفتوح، م موقوف) نِعمَت کی جمع ہے، نعمت کا معنی گزر چکا ہے۔

نَعَام: (ن مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، م موقوف) شتر مرغ، لکڑی جو کنویں کی چوڑائی میں رکھتے ہیں، نکوا، نشان جو راستے میں نصب کرتے ہیں، ایک جگہ کا نام ہے۔

نَعَائِم: (ن مفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م موقوف) چاند کی ایک منزل۔

نَاعِم: (ن مفتوح، ا ساکن، ع مکسور، م موقوف) نازک، ناز و نعم میں پلا ہوا، خیبر کا ایک قلعہ۔

نَغم: (ن مفتوح، غ ساکن، م موقوف) آہستہ بات کرنا۔

نَغَم: (ن مفتوح، غ مفتوح، م موقوف) آوازیں، نَغمَۃ کی جمع ہے۔

نَقم: (ن مفتوح، ق ساکن، م موقوف) کسی پر عتاب کرنا، کام کو

ناپسند کرنا، عیب لگانا، تعریف کرنا، کینہ رکھنا۔

نِقَم: (ن مکسور، ق مفتوح، م موقوف) سزائیں، نِقْمَۃ کی جمع ہے۔

نَمّ: (ن مفتوح، م مشدد موقوف) چغلخوری کرنا، نقش کرنا، حرکت کرنا، چغلخوری۔

نَمَّام: (ن مفتوح، م مشدد مفتوح، ا ساکن، م موقوف) چغلخور، ایک سبز گھاس جسے فارسی میں سیسمر کہتے ہیں۔

نَمَائِم: (ن مفتوح، م مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م موقوف) چغلخوریاں، نَمِیْمَۃ کی جمع ہے۔

نَوْم: (ن مفتوح، و ساکن، م موقوف) سونا، نیند۔

نَائِم: (ن مفتوح، ا ساکن، ء مکسور، م موقوف) سونے والا، نِیَام جمع ہے، لَیْلٌ نَائِمٌ وہ رات جس میں بہت نیند آئے۔

نَہْم: (ن مفتوح، ہ ساکن، م موقوف) لالچ کرنا، جانور کو تیز دوڑانے کے لیے ڈانٹنا اور لاٹھی سے مارنا، ڈالنا، شیر درندہ کا چنگھاڑنا، ہاتھی کا چنگھاڑنا۔

نَہَم: (ن مفتوح، ہ مفتوح، م موقوف) کھانے کی خواہش ہونا، کھانے کا بہت لالچی ہونا۔

نِہْم: (ن مکسور، ہ ساکن، م موقوف) کھانے کا لالچی۔

نَہِیْم: (ن مفتوح، ہ مکسور، ی ساکن، م موقوف) لالچی، شیر اور ہاتھی کی چنگھاڑ۔

نُہَام: (ن مضموم، ہ مفتوح، ا ساکن، م موقوف) ایک پرندے کا نام۔

نِیْم: (ن مکسور، ی ساکن، م موقوف) ریت کے پیچ و تاب جو ہوا چلنے کی وجہ سے ہوتے ہیں، پرانا پوستین، ایک درخت کا نام۔

﴿فصل النون مع النون﴾

نَتْن: (ن مفتوح، ت ساکن، ن موقوف) گندا ہونا، گندگی، بدبو۔

نَجْرَان: (ن مفتوح، ج ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) پیاسا، چوکھٹ کے وہ سوراخ جن میں دروازے کے پٹ گردش کرتے ہیں، یمن کا ایک شہر۔

نَدْمَان: (ن مفتوح، د ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شرمندہ۔

نَزَوَان: (ن مفتوح، ز مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کودنا، اچھلنا۔

نِسْیَان: (ن مکسور، س ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بھولنا، چھوڑنا۔

نَسْیَان: (ن مفتوح، س ساکن، ی مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) بہت بھولنے والا آدمی۔

نِسْوَان: (ن مکسور، س ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) عورتیں۔

نَشْوَان: (ن مفتوح، ش ساکن، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) مست۔

نَصْرَان: (ن مفتوح، ص ساکن، ر مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) شام کا ایک گاؤں جہاں نصرانی رہتے تھے، نَصْرَانِی کی جمع ہے جیسے رُوْم رُوْمِی کی جمع ہے اور زَنْج زَنْجِی کی، اسی وجہ سے صاحب صحاح کہتے ہیں نَصَارٰی نَصْرَان کی جمع ہے۔

نَطْرُوْن: (ن مفتوح، ط ساکن، ر مضموم، و ساکن، ن موقوف) بورۂ ارمنی، (بورہ نمک کے مانند ایک دوا ہے)

نُعْمَان: (ن مضموم، ع ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) چوپائے نَعَم کی جمع ہے، عرب کے ایک بادشاہ کا نام جسے نعمان بن منذر کہتے ہیں، امام اعظم کوفی علیہ الرحمہ کا نام۔

نَعْمَان: (ن مفتوح، ع ساکن، م مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) ایک دریا ہے جو طائف کی طرف بہتا ہے جسے نعمانُ الاراک کہتے ہیں۔

نُوْن: (ن مضموم، و ساکن، ن موقوف) مچھلی، دوات، خنجر کی تیزی، ایک تلوار کا نام، حرف تہجی، ذُوْ النُّوْن حضرت یونس پیغمبر علیہ السلام کا لقب ہے۔

نَبْدُلَان: (ن مفتوح، ب ساکن، د مضموم، ل مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) کابوس۔

نَہْرَوَان: (ن مفتوح، ہ ساکن، ر مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ن موقوف) اعلٰی، اوسط، اسفل، بغداد اور واسط کے درمیان ایک مقام۔

﴿فصل النون مع الواو﴾

نَبْو۔نُبُوّ: (ن مفتوح، ب ساکن، وموقوف)(ن مضموم، ب مضموم، ومشدد موقوف) دور ہونا، تلوار کا زخم سے نکلنا، کسی ایک جگہ چین نہ پانا، ناموافق ہونا، کام نہ کرنا۔

نَجْو: (ن مفتوح، ج ساکن، وموقوف) راز کی بات کہنا، منہ کی مہک سونگھنا، چاہنا، پاخانہ کرنا، درخت کی شاخ کاٹنا، گوشت سے کھال الگ کرنا، راز، گوبر، ہر وہ چیز جو پیٹ سے نکلے۔

نَحْو: (ن مفتوح، ح ساکن، وموقوف) سوا، راستہ، مانند، ایک علم جس سے کسی عربی لفظ کے آخری حرف کی حرکت معلوم ہوتی ہے، ارادہ، ارادہ کرنا، واپس کرنا، پھرانا، ایک شخص کا نام، بنونحو ایک عربی قوم اسی کی طرف منسوب ہے۔

نَدْو: (ن مفتوح، د ساکن، وموقوف) لوگوں کو مجلس میں اکٹھا کرنا، لوگوں کی مجلس میں جانا، بخشش کرنا، اونٹ کا پانی پی کر چرنا پھر پانی پینا۔

نَزْو: (ن مفتوح، ز ساکن، وموقوف) کودنا۔

نَصْو: (ن مفتوح، ص ساکن، وموقوف) پیشانی کا بال موڑنا۔

نِضْو: (ن مکسور، ض ساکن، وموقوف) کمزور اونٹ، پیکان تک تیر کی لکڑی، پرانا کپڑا۔

نَضْو۔نُضُوّ: (ن مفتوح، ض ساکن، وموقوف)(ن مضموم، ض مضموم، ومشدد موقوف) خضاب کا رنگ اتر جانا۔

نَطْو: (ن مفتوح، ط ساکن، وموقوف) دور ہونا۔

نَقْو: (ن مفتوح، ق ساکن، وموقوف) ہڈی کا مغز نکالنا۔

نِقْو: (ن مکسور، ق ساکن، وموقوف) مغز دار ہڈی۔

نُقُوّ: (ن مضموم، ق مضموم، ومشدد موقوف) بڑھانا، گھاس کا اگنا، گھاس کا زمین سے نکلنا۔

نُمُوّ: (ن مضموم، م مضموم، ومشدد موقوف) بڑھانا، زمین سے گھاس کا اُگنا اور اس کا بڑھنا۔

نُهُوّ: (ن مضموم، ہ مضموم، ومشدد موقوف) روکنے والا۔

﴿فصل النون مع الہاء﴾

نَبْہ: (ن مفتوح، ب ساکن، ہ موقوف) واقف ہونا، خبردار ہونا۔

نَبَہْ: (ن مفتوح، ب مفتوح، ہ موقوف) مشہور، شہرت یافتہ، غائب شے جس کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ کب غائب ہوئی پھر اچانک مل جائے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک غلام کا نام۔

نَابِہْ: (ن مفتوح، ا ساکن، ب مکسور، ہ موقوف) بزرگوار، بزرگی میں مشہور شخص۔

نَبِیْہ: (ن مفتوح، ب مکسور، ی ساکن، ہ موقوف) بزرگوار، بزرگی میں مشہور شخص۔

نَدْہ: (ن مفتوح، د ساکن، ہ موقوف) چوپائے کو ہانکنا، روکنا۔

نَزْہ۔نِزْہ: (ن مفتوح، ز ساکن، ہ موقوف)(ن مکسور، ز ساکن، ہ موقوف) پاک، خالی، دور، بزرگوار، بلند ہمت۔

نَفَہْ: (ن مفتوح، ف مفتوح، ہ موقوف) رفتار اور ادراک میں سست ہونا، بددل ہونا۔

نَافِہْ: (ن مفتوح، ا ساکن، ف مکسور، ہ موقوف) سست رفتار، سست ادراک، تھکا ہوا، کند فہم، بے وقوف۔

نَقَہْ۔نُقُوہ: (ن مفتوح، ق مفتوح، ہ موقوف)(ن مضموم، ق مضموم، و ساکن، ہ موقوف) معلوم کرنا، بات سننا، بیماری سے شفا پانا۔

نَاقِہْ: (ن مفتوح، ا ساکن، ق مکسور، ہ موقوف) بیماری سے شفا پانے والا۔

نَوْہ: (ن مفتوح، و ساکن، ہ موقوف) بزرگوار ہونا، موٹا، طاقت ور اور بلند ہونا۔

﴿فصل النون مع الیاء﴾

نَأْی: (ن مفتوح، ء ساکن، ی موقوف) دور ہونا، اصلاح کرنا۔

نَبِیّ: (ن مفتوح، ب مکسور، ی مشدد موقوف) خبر دینے والا، مخلوق پر شرف پانے والا، پیغمبر۔

نَجِیّ: (ن مفتوح، ج مکسور، ی مشدد موقوف) راز کی بات کہنا، ہمراز۔

نَاجِیْ: (ن مفتوح، ا ساکن، ج مکسور، ی موقوف) تیز رفتار اونٹ، رہائی پانے والا۔

نِحْی: (ن مکسور، ح ساکن، ی موقوف) تیل کا کپہ۔

نَاحِیْ: (ن مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ی موقوف) ارادہ کرنے والا، پھیرنے والا۔

نَادِی۔ نَدِیّ: (ن مفتوح، ا ساکن، د مکسور، ی موقوف) (ن مفتوح، د مکسور، ی مشدد موقوف) مجلس، لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ، خاندان۔

نَاسِیْ: (ن مفتوح، ا ساکن، س مکسور، ی موقوف) بھولنے والا۔

نَسْی: (ن مفتوح، س ساکن، ی موقوف) بھولی ہوئی چیز، معمولی چیز جسے سفر کی منزل میں چھوڑ دیں اور اس کی طرف متوجہ نہ ہوں، عورتوں کا حیض صاف کرنے کا کپڑا۔

نُضِیّ: (ن مضموم، ض مکسور، ی مشدد موقوف) تلوار کھینچنا، جانور کا دوسرے جانوروں سے آگے بڑھنا، کپڑا ادھیڑنا، تیر کا نشانے سے گزرنا۔

نَضِیّ: (ن مفتوح، ض مکسور، ی مشدد موقوف) تیر کے پیکان کی جگہ یا پیکان کی جگہ سے تیر کے پر کی جگہ تک، گردن کا وہ حصہ جو شانہ اور سر کے درمیان ہے، نیا تراشا ہوا تیر جس پر ابھی پیکان نہ لگایا گیا ہو۔

نَعْی: (ن مفتوح، ع ساکن، ی موقوف) کسی کو موت کی خبر دینا، اظہار کرنا، کسی کی برائی کو مشہور کرنا، موت کی خبر۔

نَعِیّ: (ن مفتوح، ع مکسور، ی مشدد موقوف) موت کی خبر دینے والا، نَاعِی کا بھی یہی معنی ہے۔

نَفْی: (ن مفتوح، ف ساکن، ی موقوف) ہانکنا، ہانکا جانا، ست کرنا، مٹانا، فنا کرنا۔

نَفِیّ: (ن مفتوح، ف مکسور، ی مشدد موقوف) جھاگ جس کو ہانڈی جوش کے وقت پھینکتی ہے، ڈول سے بہتا ہوا پانی، گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی کنکری اور مٹی وغیرہ، درختوں کی جڑیں، ہوا سے جمع شدہ مٹی، نَفَیَان کا مرادف ہے، ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو، بڑے لشکر کا وہ حصہ جو میدان جنگ میں نہ آئے، عہد، تہدید۔

نِقْی: (ن مکسور، ق ساکن، ی موقوف) ہڈی کا گودا، آنکھ کی چربی۔

نَقِیّ: (ن مفتوح، ق مکسور، ی مشدد موقوف) پاک و صاف، خالص۔

نَمْی: (ن مفتوح، م ساکن، ی موقوف) کوئی چیز کسی دوسری چیز پر رکھنا، کسی چیز کو کسی کی طرف منسوب کرنا، ایک چیز کو دوسری چیز سے سہارا دینا، اٹھانا، اصلاح کی غرض سے بات پہنچانا۔

نُمِیّ: (ن مضموم، م مکسور، ی مشدد موقوف) خیانت، عیب، عداوت، طبیعت، پیسہ، کھوٹے درہم جن میں تانبا اور رانگا ملا ہوا ہو۔

نَامِیْ: (ن مفتوح، ا ساکن، م مکسور، ی موقوف) بڑھنے والا۔

نَوَاصِیْ: (ن مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ص مکسور، ی موقوف) پیشانی کے بال، قوم کے بڑے لوگ، نَاصِیَۃ کی جمع ہے۔

نَوَاحِیْ: (ن مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ح مکسور، ی موقوف) کنارے، گوشے۔

نَہْی: (ن مفتوح، ہ ساکن، ی موقوف) روکنا، منع کرنا۔

نِہِیّ: (ن مکسور، ہ مکسور، ی مشدد موقوف) سیلاب کا تھوڑا پانی جو کہیں ٹھہرا ہوا ہو۔

نَاہِیْ: (ن مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ی موقوف) روکنے والا۔

نَوَاہِیْ: (ن مفتوح، و مفتوح، ا ساکن، ہ مکسور، ی موقوف) روکنے والے، نَاہِیَۃ کی جمع ہے۔

نِیّ: (ن مکسور، ی مشدد موقوف) کچا، ناپختہ۔

نَیّ: (ن مفتوح، ی مشدد موقوف) چربی۔

﴿ باب الواو ﴾

﴿فصل الواو مع الالف﴾

وَبَاء: (ومفتوح، ب مفتوح، اساکن، ء موقوف) زمین کا وبا سے بھر جانا، ہوا کے فاسد ہونے کی وجہ سے عام موت ہونا۔

وُثْقیٰ: (ومضموم، ث ساکن، ق مفتوح، ا مقصورہ موقوف) مضبوط۔

وَجْعیٰ: (ومفتوح، ج ساکن، ع مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بیمار لوگ، دردمند لوگ۔

وَحیٰ: (ومفتوح، ح مفتوح، ا مقصورہ موقوف) گھوڑے کے کھر کا گھسنا، گھوڑے کے کھر میں درد ہونا۔

وَذَأ: (ومفتوح، ذ مفتوح، ا موقوف) روکنا، عیب دار کرنا۔

وَرَیٰ: (ومفتوح، ر مفتوح، ا مقصورہ موقوف) چقماق سے آگ نکالنا، ایک بیماری، مخلوقات عالم۔

وَرْقَاء: (ومفتوح، ر ساکن، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کبوتر۔

وُسْطیٰ: (ومضموم، س ساکن، ط مفتوح، ا مقصورہ موقوف) بہت بڑا فاضل، درمیان کا حصہ، بیچ کی انگلی۔

وِشَاء: (ومکسور، ش مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) رنگین کپڑے، وشی کی جمع ہے۔

وُضُوء: (ومضموم، ض مضموم، و ساکن، ء موقوف) نماز کے لیے ہاتھ منہ دھونا۔

وَضُو: (ومفتوح، ض مضموم، و موقوف) وہ پانی جس سے ہاتھ منہ دھوئیں۔

وَضَیٰ: (ومفتوح، ض مفتوح، ا مقصورہ موقوف) اچھا، پاک وصاف۔

وَطْأ: (ومفتوح، ط ساکن، ء موقوف) جانا، پاؤں زمین پر رکھنا، روندنا۔

وِطَاء: (ومکسور، ط مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) کسی سے موافقت کرنا، کپڑا جو ہودج وغیرہ پر رکھتے ہیں یا کسی جگہ بچھاتے ہیں۔

وَعَاء: (ومفتوح، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) فریاد کرنا، شور کرنا، بغل میں لینا، آواز، غوغا، شور۔

وِعَاء: (ومکسور، ع مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) بارش، برتن۔

وَعْثَاء: (ومفتوح، ع ساکن، ث مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) سفر کی سختی۔

وَعْسَاء: (ومفتوح، ع ساکن، س مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) ریگستان کی نرم زمین۔

وَغیٰ: (ومفتوح، غ مفتوح، ا مقصورہ موقوف) جنگ، آواز، غوغا، شور۔

وَفَاء: (ومفتوح، ف مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وعدہ پورا کرنا۔

وِقَاء: (ومفتوح رمکسور، ق مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) وہ چیز جس کے ذریعہ حفاظت کریں، ڈھال۔

وِکَاء: (ومکسور، ک مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) مشک کا سر بند، کوزے کا سر بند، مطلق سر بند۔

وِلَاء: (ومکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) دوستی رکھنا، پے در پے کام کرنا، دوستی۔

وَلَاء: (ومفتوح، ل مفتوح، ا ساکن، ء موقوف) آزاد کردہ غلام کا ترکہ، دوست، دوستوں کے دوست۔

وَنیٰ: (ومفتوح، ن مفتوح، ا مقصورہ موقوف) سست ہونا، تھکنا۔

﴿فصل الواو مع الباء﴾

وَأب: (ومفتوح، ا ساکن، ب موقوف) شرمندہ ہونا، شرم کی وجہ سے سر جھکانا، شرم کے مارے جھجکنا، بڑا اونٹ، کھر جس میں گڑھا ہو۔

وَثْب۔ وُثُوب: (ومفتوح، ث ساکن، ب موقوف) (ومضموم ث مضموم و ساکن، ب موقوف) کودنا، اچھلنا۔

وَجُوب: (ومفتوح، ج مضموم، و ساکن، ب موقوف) لازم ہونا، سزاوار ہونا، گرنا، مرنا، سورج کا ڈوبنا، بیع کا مقرر ہونا۔

وَجِیب: (ومفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ب موقوف) دل کانپنا، بزدل ہونا۔

وَجْب: (ومفتوح، ج ساکن، ب موقوف) بزدل آدمی۔

وَرَبْ: (ومفتوح، رمفتوح، ب موقوف) اصل کا تباہ ہونا۔

وَسْب: (ومفتوح، ساکن، ب موقوف) گھاس کا زمین میں زیادہ ہونا۔

وِسْب: (وکسور، س ساکن، ب موقوف) گھاس کا انبار۔

وَصَبْ: (ومفتوح، ص مفتوح، ب موقوف) بیماری۔

وُصُوْب: (ومضموم، ص مضموم، وساکن، ب موقوف) ہمیشہ ہونا۔

وَاصِبْ: (ومفتوح، اساکن، ص مکسور، ب موقوف) ہمیشہ، دائم، شدید۔

وَطْب: (ومفتوح، ط ساکن، ب موقوف) دودھ کی مشک جو شیر خوار بچوں کے لیے کھال سے بنائیں، سخت دل بدعہد آدمی۔

وُطُوْب: (ومضموم، ط مضموم، وساکن، ب موقوف) کسی کام پر مداومت کرنا۔

وَغْب: (ومفتوح، غ ساکن، ب موقوف) گری پڑی چیز، بیوقوف لوگ، ردی سامان، موٹا تازہ اونٹ، اَوْغَابُ الْبَيْت گھر کے سامان اور برتن۔

وَقْب: (ومفتوح، ق ساکن، ب موقوف) پتھر کا گڈھا جس میں پانی جمع ہو، نابدان، چھوٹی نالی، داخل ہونا، سورج وغیرہ کا ڈوبنا۔

وَکْب: (ومفتوح، ک ساکن، ب موقوف) ہیشگی چاہنا۔

وَکُوْب: (ومفتوح، ک مضموم، وساکن، ب موقوف) ہرن، کشادہ قدم والی اونٹنی۔

وُلُوْب: (ومضموم، ل مضموم، وساکن، ب موقوف) ملنا، پہنچنا۔

وَهْب: (ومفتوح، ہ ساکن، ب موقوف) بخشنا، عطا کرنا۔

وَهَّاب: (ومفتوح، ہ مشدد مفتوح، ا ساکن، ب موقوف) بہت بخشنے والا، وَهَّابَة کا بھی یہی معنی ہے، ۃ مبالغہ کے لیے ہے۔

وَيْب: (ومفتوح، ی ساکن، ب موقوف) افسوس، وَيْل کا مرادف۔

﴿فصل الواو مع التاء﴾

وَتِيْرَةٌ: (ومفتوح، ت مکسور، ی ساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) راستہ، سستی، وہ حلقہ جس میں نیزہ مارنا سیکھیں، گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی، ناک کے دونوں سوراخوں کے درمیان کا پردہ۔

وَتَرَةٌ: (ومفتوح، ت ساکن، رمفتوح، ۃ موقوف) وہ رگ جو عضو تناسل کے سرے کے اندر ہوتی ہے، وہ پردہ جو ناک کے دونوں سوراخوں کے درمیان ہوتا ہے، کسی چیز کا اردگرد۔

وَثَاجَةٌ: (ومفتوح، ث مفتوح، اساکن، ج مفتوح، ۃ موقوف) سخت، بھرے ہوئے گوشت والا ہونا۔

وَثِيْقَةٌ: (ومفتوح، ث مکسور، ی ساکن، ق مفتوح، ۃ موقوف) عہد و پیمان۔

وَجْبَةٌ: (ومفتوح، ج ساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) گرنا، رات دن میں ایک بار کھانا، ایک بار دوہنا۔

وُجُوْبَةٌ: (ومضموم، ج مضموم، وساکن، ب مفتوح، ۃ موقوف) بزدل ہونا۔

وَجَازَةٌ: (ومفتوح، ج مفتوح، اساکن، ز مفتوح، ۃ موقوف) گفتگو کا مختصر ہونا۔

وَجَاهَةٌ: (ومفتوح، ج مفتوح، اساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) واقف ہونا، اچھا ہونا، عزت و عظمت والا اور بزرگ ہونا۔

وَجْنَةٌ: (ومفتوح، ج ساکن، ن مفتوح، ۃ موقوف) آدمی کے چہرے کا ابھرا ہوا اوپری حصہ، وَجَنَات جمع ہے۔

وَجِنَةٌ: (ومفتوح، ج مکسور، ن مفتوح، ۃ موقوف) ٹڈی جس کا کوفتہ بنا کر تیل میں تلتے اور کھاتے ہیں۔

وِجْهَةٌ: (وکسور، ج ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) قبلہ، وہ جگہ جس کی طرف چہرہ کریں۔

وَجِيْهَةٌ: (ومفتوح، ج مکسور، ی ساکن، ہ مفتوح، ۃ موقوف) روشناس عورت، مرتبہ والا، خوبصورت عورت۔

وَاجِفَةٌ: (ومفتوح، اساکن، ج مکسور، ف مفتوح، ۃ موقوف) کانپنے والا، ڈرنے والا، لرزنے والا۔

وَحِدَةٌ: (ومفتوح، ح مکسور، دمفتوح، ۃ موقوف) ایک ہونا، یکتا ہونا، یگانہ ہونا، اکیلا ہونا۔

وَحْشَةٌ: (ومفتوح، ح ساکن، ش مفتوح، ۃ موقوف) خالی، غم، تنہائی، بھاگنا۔

وَخَامَةٌ: (ومفتوح، خ مفتوح، اساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) دشوار ہونا،

بھاری ہونا، ناگوار اور ناسازگار ہونا۔

وَدَادَةٌ : (ومفتوح، دمفتوح، اساکن، دمفتوح، ۃموقوف) خواہش کرنا۔

وَرُوْدَةٌ : (ومفتوح، رمضموم، وساکن، دمفتوح، ۃموقوف) گلگوں ہونا، پھول کے رنگ کا ہونا۔

وَدْعَةٌ : (ومفتوح، د ساکن، ع مفتوح، ۃموقوف) ایک سفید مہرہ (موتی)۔

وَدِيْعَةٌ : (ومفتوح، دمکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃموقوف) امانت۔

وَرَاثَةٌ : (ومفتوح، رمفتوح، اساکن، ث مفتوح، ۃموقوف) میراث پانا، میراث حاصل کرنا، وارث بنانا۔

وُرْدَةٌ : (ومضموم، رساکن، دمفتوح، ۃموقوف) پھول جیسے رنگ والا ہونا۔

وَرْدَةٌ : (ومفتوح، رساکن، دمفتوح، ۃموقوف) پھول، گلاب کا پھول۔

وَرْطَةٌ : (ومفتوح، رساکن، طمفتوح، ۃموقوف) وہ زمین جس میں راستہ نہ ہو، ہلاکت کی جگہ۔

وِرَاطَةٌ : (ومکسور، رمفتوح، اساکن، طمفتوح، ۃموقوف) مکر، دھوکا۔

وَرَثَةٌ : (ومفتوح، رمفتوح، ث مفتوح، ۃموقوف) میراث پانے والے۔

وَازِرَةٌ : (ومفتوح، اساکن، زمکسور، رمفتوح، ۃموقوف) گناہ اٹھانے والی۔

وَزَغَةٌ : (ومفتوح، زمفتوح، غ مفتوح، ۃموقوف) سورج کی پوجا کرنے والا۔

وَسْمَةٌ : (ومفتوح، س ساکن، م مفتوح، ۃموقوف) نیل کی پتی جس سے بال رنگتے ہیں۔

وِسَادَةٌ : (ومکسور، س مفتوح، اساکن، دمفتوح، ۃموقوف) تکیہ۔

وَسَاطَةٌ : (ومفتوح، س مفتوح، اساکن، طمفتوح، ۃموقوف) بزرگ ہونا۔

وَسَامَةٌ : (ومفتوح، س مفتوح، اساکن، م مفتوح، ۃموقوف) خوبرو ہونا۔

وَسْوَسَةٌ : (ومفتوح، س ساکن، ومفتوح، س مفتوح، ۃموقوف) برائی اور غلط کام کا خیال دل میں ڈالنا، زیور کی آواز، برا اندیشہ۔

وَاسِطَةٌ : (ومفتوح، اساکن، س مکسور، طمفتوح، ۃموقوف) بیچ میں رہنے والا، بیچ کا حصہ، قاصد، وَاسِطَةُ الْقِلَادَةِ ایک بہترین جوہر کا مہرہ جسے ہار کے بیچ میں پروتے ہیں اور اسے گردن میں پہنتے ہیں۔

وَسِيْلَةٌ : (ومفتوح، س مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃموقوف) نزدیکی، ذریعہ، واسطہ، ہر وہ چیز جس کے ذریعہ نزدیکی طلب کریں۔

وُسْعَةٌ : (ومضموم، س ساکن، ع مفتوح، ۃموقوف) کشادگی۔

وَشْمَةٌ : (ومفتوح، ش ساکن، م مفتوح، ۃموقوف) بارش کا قطرہ، ایک بات۔

وَاشِمَةٌ : (ومفتوح، اساکن، ش مکسور، م مفتوح، ۃموقوف) وہ عورت جو دوسری عورت کے ہاتھ پر سوئی سے گودے، مُسْتَوْشِمَة وہ عورت جس کے ہاتھ پر سوئی سے نقش بنائیں، گودھنا، حدیث میں ہے لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ اللہ نے وشمہ لگانے والی اور وشمہ لگوانے والی عورت پر لعنت کی۔

وَشَايَةٌ : (ومفتوح، ش مفتوح، اساکن، ی مفتوح، ۃموقوف) جھوٹ بولنا، چغلخوری کرنا، بہت اولاد والا ہونا، بہت اولاد جننا۔

وَصَافَةٌ : (ومفتوح، ص مفتوح، اساکن، ف مفتوح، ۃموقوف) خدمت کرنا، بچوں کا خدمت کرنے کے لائق ہونا۔

وَصْوَصَةٌ : (ومفتوح، ص ساکن، ومفتوح، ص مفتوح، ۃموقوف) نقاب کا آنکھ کے قریب کرنا، برقع۔

وِصَايَةٌ : (ومفتوح رمکسور، ص مفتوح، اساکن، ی مفتوح، ۃموقوف) وصی ہونا، ایک چیز کا دوسری چیز سے ملنا، زمین کی گھاس کا تہ بہ تہ پیوست ہونا، باہم پیوست گھاس والی زمین۔

وَصِيَّةٌ : (ومفتوح، ص مکسور، ی مشدد مفتوح، ۃموقوف) نصیحت۔

وَصِيْلَةٌ : (ومفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ل مفتوح، ۃموقوف) کشادہ زمین، کشادگی، وہ بکری جس نے سات مرتبہ مادہ بچہ جنا ہو اور آٹھویں دفعہ نر اور مادہ دونوں بچے جنے ہوں اسی لیے کہتے ہیں قَدْ وَصَلَتْ اَخَاهَا یعنی اس بکری نے نر بچہ کو مادہ بچہ سے ملا دیا اور زمانۂ جاہلیت میں ایسی بکری کو آزاد کر دیتے تھے، اسلام میں یہ فعل منع ہے۔

وَصِيْفَةٌ : (ومفتوح، ص مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃموقوف) لونڈی۔

وَاصِلَۃٌ: (ومفتوح، اساکن، ص مکسور، ل مفتوح، ۃ موقوف) اپنے بال میں دوسرے کا بال لگانے والی عورت، مستوصلۃ اپنے بال میں دوسرے کا بال لگوانے والی عورت، حدیث میں ہے لَعَنَ اللّٰہُ الوَاصِلَۃَ وَ المُسْتَوْصِلَۃَ اپنے بال میں دوسرے کا بال جوڑنے اور جڑوانے والی دونوں عورتوں پر اللہ کی لعنت ہے۔

وُصْمَۃٌ: (ومضموم، ص ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) عیب۔

وُصْلَۃٌ: (ومضموم، ص ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) پیوند، قرابت، رشتہ داری،

وَصْلَۃٌ: (ومفتوح، ص ساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) کسی چیز کا ٹکڑا۔

وَاصِیَۃٌ: (ومفتوح، اساکن، ص مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) وہ زمین جس کی گھاس باہم ملی ہوئی ہو۔

وَضَاعَۃٌ: (ومفتوح، ض مفتوح، اساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) گھٹیا ہونا، کمینہ ہونا۔

وَضِیعَۃٌ: (ومفتوح، ض مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) نقصان کرنا، درخت کا پھل، صدقے کا مال جو لوگوں پر لازم کرتے ہیں، گھاس، تجارت کا نقصان۔

وَضْعَۃٌ: (ومفتوح، ض ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) رکھنا۔

وَضَاءَۃٌ: (ومفتوح، ض مفتوح، اساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) لطافۃ کے وزن پر خوبرو ہونا، روشن چہرے والا ہونا، پاک و صاف، خالص اور بے عیب ہونا۔

وَاضِحَۃٌ: (ومفتوح، اساکن، ض مکسور، ح مفتوح، ۃ موقوف) وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔

وَضِیمَۃٌ: (ومفتوح، ض مکسور، ی ساکن، م مفتوح، ۃ موقوف) آدمیوں کا گروہ، میت کا کھانا، گھاس کا گٹھر۔

وَطْأَۃٌ: (ومفتوح، ط ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) بچھونے کا نرم ہونا، نشستگاہ کا نرم ہونا، جگہ کا پامال ہونا، پکڑنا، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَللّٰھُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَکَ عَلٰی مُضَر اے اللہ مضر پر اپنی گرفت سخت فرما۔

وَطِیئَۃٌ: (ومفتوح، ط مکسور، ی ساکن، ء مفتوح، ۃ موقوف) روئی کی گون، ایک قسم کا کھانا۔

وَظِیفَۃٌ: (ومفتوح، ظ مکسور، ی ساکن، ف مفتوح، ۃ موقوف) کسی کے لیے مقرر کی ہوئی چیز۔

وَاعِیَۃٌ: (ومفتوح، اساکن، ع مکسور، ی مفتوح، ۃ موقوف) فریاد کرنے والی عورت، یاد رکھنے والی عورت، حفاظت کرنے والی عورت، باری تعالیٰ کے قول کا یہی معنی ہے اُذُنٌ وَاعِیَۃ وہ کان کہ سن کر محفوظ رکھتا ہے (سورۂ حاقہ)

وِفَادَۃٌ: (ومکسور، ف مفتوح، اساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) پیغام رسانی کے لیے بادشاہ کے پاس جانا۔

وَفَات: (ومفتوح، ف مفتوح، اساکن، ت موقوف) مرنا، موت۔

وَقْت: (ومفتوح، ق ساکن، ت موقوف) زمانہ، کسی چیز کا وقت، کسی چیز کا زمانہ۔

وِقَایَۃٌ: (ومکسور، ق مفتوح، اساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) محفوظ رکھنا، حفاظت کرنا۔

وَقَاحَۃٌ ۔ وَقُوْحَۃٌ: (ومفتوح، ق مفتوح، اساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) (ومفتوح، ق مضموم، و ساکن، ح مفتوح، ۃ موقوف) کھر کا سخت ہونا، سخت رو ہونا، بے شرم ہونا۔

وَقِیعَۃٌ: (ومفتوح، ق مکسور، ی ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) پیٹھ پیچھے کسی کو برا کہنا، لوگوں کی پس پشت برائی کرنا، میدان جنگ، چھوٹا چشمہ جو پتھر میں ہو۔

وَاقِعَۃٌ: (ومفتوح، اساکن، ق مکسور، ع مفتوح، ۃ موقوف) خواب، حالت، کام، جنگ کی سختی، زمانے کا حادثہ، قیامت۔

وَقْعَۃٌ: (ومفتوح، ق ساکن، ع مفتوح، ۃ موقوف) جنگ کی سختی۔

وَکَالَۃٌ: (ومفتوح، ک مفتوح، اساکن، ل مفتوح، ۃ موقوف) وکیل ہونا،، ضامن ہونا، وِکَالَۃ بھی اسی معنی میں ہے۔

وِلَادَۃٌ: (ومکسور، ل مفتوح، اساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) جننا۔

وَلَایَۃٌ: (ومفتوح، ل مفتوح، اساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) مدد کرنا۔

وِلَایَۃٌ: (وکسور، ل مفتوح، ا ساکن، ی مفتوح، ۃ موقوف) حاکم ہونا، کسی کا ولی ہونا، مددگار ہونا، دوست ہونا، مدد، دوستی، بادشاہی مدد کرنے کے لیے جمع ہونے والے، واحد اور جمع دونوں ہے۔

وَلْوَلَۃٌ: (و مفتوح، ل ساکن، و مفتوح، ل مفتوح، ۃ موقوف) واویلا کرنا، شور وغل، جوش وخروش۔

وَلِیْدَۃٌ: (و مفتوح، ل مکسور، ی ساکن، د مفتوح، ۃ موقوف) چھوٹی لڑکی، چھوٹی لونڈی۔

